صحیفۂ زرین

نولکشور پریس لکھنؤ
سنہ ۱۹۰۲ع

صحیفۂ زرین

بیادگار جشن جلوس میمنت مانوس و دربار دربار تاجپوشی اعلیٰحضرت قوی شوکت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند خلد اللہ ملکہم و دام دولتہم

جسمین

قلمرو ہندوستان کے تمام صوبجات مضافات وملحقات کے والیان ملک روسا و کبار خطاب یافتگان عالی تبار مشاہیر نامدار و بزرگان ذی اقتدار کے خاندانی اور ذاتی سوانح و حالات اور تصاویر مرقعجات مندرج و مندمج ہین

مرتبہ

خاکسار پراگ نرائن بھارگو خادم کارخانۂ اودھ اخبار

مطبع منشی نول کشور سی آئی ای واقع لکھنؤ مین طبع ہوا

سنہ ۱۹۰۲ع

tain the alphabetical order but an index has been added to each provincial section to enable the reader to find out any name belonging to that particular section.

In spite of every pains I have taken in preparing this book, it is not, I freely own, free from defects, which will be more apparent to other eyes than they are to mine ; but even such as it is I would not have been able to produce it, without the generous encouragement and the active assistance which from the very beginning I have received from many of the native chiefs and princes, no less than from the public at large. To all my supporters and patrons my most grateful thanks are due for having enabled me to execute a work which I was prompted to undertake by my feelings of loyal devotion to the British Crown and of abiding regard for all that is great and noble in my own country. If it serves to gratify in however humble a degree, the same feelings in my countrymen and to make them feel proud of the high position they occupy under the British rule, I shall feel myself amply rewarded.

MUBARIK MUNZIL :
25th December 1902. } PRAG NARAIN BHARGAVA.

Kishore, C. I. E., and my humble self. I am deeply thankful to them for this suggestion but while I am unable to avail myself of it in regard to myself for the simple reason that I do not consider myself worthy to stand beside the distinguished men who figure in the book, in the case of my father I have gladly adopted it. The readers will find a short sketch of his career and his portrait in the concluding pages of the book. Munshi Newul Kishore's name is one of the most eminent in the history of the Vernacular publishing enterprise in this country. In his life-time he published more than four thousand books including such important work as Todd's Rajastan, Life of Lord Lawrence, History of Egypt, Wallace's Russia of which he published not only the Urdu version but also Persian, Hindi, Bengali and Gurmukhi versions. He published translations of the speeches of the Viceroys and the Lieutenant-Governors and of an important work on surgery Ilaj-i-Barmahal, Urdu translation of Dr. Osborne's. *First aid to the injured*, for which he obtained the gracious permission of the late lamented Queen-Empress Victoria. He also published an Urdu translation from the Arabic of Avecina's great work on medicine. The Fisana Azad the first and greatest Urdu novel yet written was produced under his patronage.

I have divided the book into three parts which again are sub-divided into sections dealing separately with each province. Although I have devoted the first two parts to ruling princes and chiefs and the third part to other eminent personages, yet for obvious reasons I have been unable to main-

the undertaking besides being expensive was beset with numerous difficulties. The biographical accounts received from various quarters were in almost all the dialects spoken in India. These had to be translated and put into proper shape and for this a numerous staff of competent men had to be employed. The extent of the work may be judged from the fact that the book as it now stands deals with 113 ruling states which are entitled to salutes and no less than 337 other states of more or less importance. Although the number of biographies is more than two thousand, every care has been taken to bring them up-to-date. In compiling the biographies of chiefs and princes I have had to refer to histories, pamphlets, Government records, newspapers, and numerous bits of information gathered from responsible persons. The family history of each native chief is given and the earliest connection of his State with the British Government is traced. The artistic portion of the book had to be executed under considerable difficulty as a good many of the photographs received besides being of various sizes and positions were faded and could not be easily reproduced and all the portraits had to be printed separately from plates and inserted as close to the biography to which they belonged as was possible.

It was suggested to me by some of my friends and patrons that I should insert in the book the biographies and portraits of my lamented father, Munshi Newul

due to His Excellency Lord Curzon, Viceroy and Governor-General of India, for his gracious permission to make use of his photograph and to His Excellency Lord Northcote, Governor of Bombay, His Excellency Lord Ampthill, Governor of Madras, His Honour Sir James John Digges LaTouche, Lieutenant-Governor of the United Provinces of Agra and Oudh, His Honor Sir Charles Rivaz, Lieutenant-Governor of the Punjab, the Honourable Mr. J. B. Fuller, Chief Commissioner of Assam, the Honourable Colonel Yates, Agent to the Governor-General in Baluchistan, for the gracious gift of their photographs for inclusion in the *Sahifa-i-Zarrin.* The obligations of the Political Agents and the Native Chiefs upon me in connection with the undertaking are deep and I can not be sufficiently grateful to them. The lamented death of Sir John Woodburn has aroused feelings of universal grief throughout India, but in Oudh where the best part of his life was spent and which he visited only a few months ago to witness the ceremony of the unveiling of the Statue of the late Sir Man Singh of Ajoodhya, at Lucknow, (on which occasion he was pleased to express his appreciation of my scheme and promise to favour me with his photograph) his loss has been felt as a personal sorrow. I have included in the book the portrait of the late Lieutenant-Governor of Bengal, invested as it is with feelings of deepest grief for the death of a true friend of our country, and of undying gratitude for the great services he rendered to us when alive.

In preparing the book I have spared no pains, although

order to secure for it a larger public, I have compiled it in Urdu which is admittedly the *lingua franca* of India.

In June 1902, I issued a prospectus of the "Sahifa-i-Zarrin," to most of the distinguished personages whose lives adorn its pages, and the response with which it met was most encouraging. Among the very first to encourage me in my enterprise I am bound to mention the names of Prince Mirza Sulaiman Qadr Bahadur of the Oudh Royal family, their Highnesses the Nawab Sahib of Junagarh, and Sir Sher Mohammed Khanji, K.C.S.I., of Palanpur, (himself a great Urdu scholar and patron of learning), who honored me by writing to me most appreciative letters about my undertaking. Thus encouraged, I issued another more detailed prospectus in July which was most favourably received in every part of India and letters and biographical notices, and portraits began to pour in from such far distant places, as Kashmere and Peshawar in the North, Trivandrum and Malabar in the South, Parikud and Talcher in the East, and Jasdan and Limri in the West. Even outside India, the enterprise met with a most hearty reception among the British subject and allies who did me the honor of sending their biographies and portraits. I have been the recipient of this favour from Baluchistan, Dir, and Swat on the frontier, from Berbera in Africa, from Shihir and Makalla in Arabia, from Tehran in Persia. I have been equally fortunate in securing the patronage of the most eminent representatives of the British Government, among whom my most respectful thanks are

fitting that the Coronation of His Most Gracious Majesty should be celebrated in this country too and Lord Curzon will carry out this universal wish of the Indian people in a manner that is sure to win the admiration of the whole world. To commemorate in my own humble way this most auspicious occasion, I have in this book attempted to emphasise the benevolent and enlightened character of the British Government, by giving short biographical sketches, accompanied (as far as possible), with the portraits, of all the ruling chiefs and princes, and distinguished personages who have received from Government titles or other marks of distinction, and of men famous in literature, science, art and other spheres of public utility, living in the reign of His Most Gracious Majesty, and representing in their respective spheres, all that is good and great in the Indian Empire, which we with pardonable pride look upon as "the mightiest gem in the British Crown." There is no single book in the whole Vernacular Literature of the country which gives the sort of information that has been here collected and although there are one or two books in English that have a similar aim, yet the accounts of chiefs and princes given in them are too summary, and beyond genealogical, possess little biographical interest. Besides which on the one hand, they can not be called quite up-to-date, they are on the other, much narrower in their scope, inasmuch as they take no account of a considerable number of eminent men who by their ability or public service, deserved notice. In this book I have tried to avoid such shortcomings, and in-

SAHIFA-I-ZARRIN.

—:o:—

PREFACE.

Now that the Coronation Durbar will soon be an accomplished fact, everybody is able to perceive and appreciate the deep moral, political and historical significance of the grand idea which it is one of the happiest inspirations of genius on the part of His Excellency the Viceroy to have conceived and which will find its most magnificent expression at Delhi on the 1st January 1903. In our national life the event will always be memorable as a symbol and pledge of our vital and enduring connection with the mightiest Empire known to history. It will bring home to our minds the immense progress which India has made both in material resources and in science and art during the last hundred and fifty years of British rule. Most of the progress doubtless belongs to the reign of Queen-Empress Victoria, whose great Proclamation is the *magna charta* of our rights and liberties, and whose memory will abide with us as long as our race endures. In her worthy son and successor we have, we rejoice to think, a sure pledge and promise that the same policy of benign justice and generous regard for our welfare which has made her name immortal, will be continued, and that in his glorious reign India will rise even to higher eminence of progress than any she has yet attained. It is only



اعلیٰ حضرت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند خلد اللہ ملکہ



علیا حضرت ملکہ معظمہ الگزنڈرا قیصرۂ ہند

نذر محقر

بہ خدام ذوی الاحترام خسروِ عالیجناب فریدون فر دارا دربان اعلیٰحضرت جم مرتبت ایڈورڈ ہفتم ملک معظم قیصر ہند خلد اللہ ملکہم و دولتہم

چونکہ اب چار دانگ ہند پر سلطنت برطانیۂ عظمیٰ کا ظل عاطفت و سایۂ مرحمت مبذول و مبسوط ہے اور اعلیٰحضرت ملکِ معظم قیصر ہند کو اپنی ہندوستانی رعایا و برایا کی رفاہ و فلاح و بہبود و صلاح کا خیال ہمیشہ منظور نظر انور اور مرکوز خاطر قدسی مظاہر رہتا ہے لہذا اصوب اور قرین مصلحت معلوم ہوتا ہے کہ یہ صحیفۂ زرین جسمین ہندوستان کے تمام والیان ملک۔ رؤسا۔ عمائد۔ مشاہیر اور خطاب یافتہ بزرگوارون کے تذکرے اور تصویرین مندرج ہین اپنے عالیجاہ اور محتشم تاجدار انگلستان و شہنشاہ ہندوستان کے حاشیہ بوسان بارگاہ کی خدمت ہمایون مین بکمال ادب بطور نذر ناچیز و ہدیۂ محقر پیش کیا جائے۔ ہر چند قیصر ہند کی ہندوستانی رعایا اپنی قدامت سکونت۔ تہذیب۔ اطوار۔ اوضاع اور مذاہب و ملل کے اعتبار و لحاظ سے ایک دوسرے سے کم و بیش علیحدہ اور متفاوت

ہے لیکن فی الواقع تاج و تخت انگلستان کے ساتھ اُس کو جو جوش عقیدت اور حسن ارادت ہے وہ نہایت مربوط۔ مستحکم اور لاثانی ہے اور اعلیحضرت کی خسروانہ قبولیت اور استحسان سے اس کتاب کو جو اعزاز اور شرف حاصل ہوگا وہ حضور اقدس و اعلیٰ کی بے شمار رعایا و برایا اور آیندہ نسلون مین برٹش تاج کے ساتھ خیرسگالی و روفاداری کے جوش اور عقیدے کو مسلسل اور مستدام ترقی دیگا اور اسطرح محبت و الفت کا وہ تخم جو اعلیحضرت کی والدۂ معظمہ مرحومہ اور خود اعلیحضرت نے اپنے الطاف شاہانہ اور اعطاف خسروانہ سے ہندوستانی رعایا و برایا اور والیان ملک کے قلوب مین بویا ہے ترقی کرکے ایک بارآور درخت ہو جائیگا اور اُسکے اثمار شیرین گوارسے ہندوستان اور انگلستان دونون ملکون کے ساکنین اور باشندے بہرہ ور اور مستفید ہون گے۔ اللہ جل شانہ کی بارگاہ عالی مین بصد خلوص دعا ہے کہ اعلیحضرت کی حکومت اِس وسیع براعظم کے لیئے ہمیشہ باعث خیر و برکت ہو اور ہمارے قیصر ہند کا آفتاب جاہ و جلال و دولت و اقبال مشارق و مغارب مین ہمیشہ اور مدام تابان و درخشان رہے۔ آمین یارب العالمین۔

فدوی عبودیت شعار

پراگ نراین بھارگو



ہزاکسلنسی دی رایٹ آنریبل جارج نتھنیل بیرن کرزن آف کیڈلسٹن

ویسرائے وگورنر جنرل کشور ہند

تمہید

اعلیٰ حضرت ملک معظم اڈیورڈ ہفتم کی تقریب تاجپوشی مین ہر شخص کو اظہار مسرت کی آرزو تھی مجھے بھی بہ حیثیت ایک وفادار رعایا کے خیال ہوا کہ اس جلیل الشان جشن کی خوشی اور یادگار مین کوئی ایسی کتاب شائع کرنی چاہیے جس سے ظاہر ہو کہ اہل ہند نے عہد برطانیہ خصوصًا اُس نامور ملکہ کی مبارک طولانی حکومت مین جسکے لائق فرزند اور وارث کی تاجپوشی کا جشن ہونے والا ہے ملکی ترقی مین کیسے کیسے برکات و فیوض حاصل کیے ہین اور کس امن و عافیت کے ساتھ اپنی زندگی بسر کی ہے - مین نے سوچا کہ ایک ایسی کتاب جسمین اُن اکابر و عظما کی سوانح عمریان اور تصویرین ہون جنھون نے ہندوستان کو برٹش گورنمنٹ کے پھریرے کے نیچے ایک متحد ملک بنانے مین مدد دی ہو اور اپنے جدید شہنشاہ کے جشن تاجپوشی کے زمانہ مین حی القائم ہون اس تقریب سعید اور موقع عظیم کے شایان شان ہوگی - اس سے یہ بھی واضح ہوگا کہ ہمارے ہموطنون نے کیا کیا کام کیے اور گورنمنٹ برطانیہ نے ہماری خدمات کی قدر افزائی مین کیسا فیاضانہ سلوک کیا - اور اُسکے عہد معدلت مہد اور ظل عاطفت مین اہل ہند کی قابلیتین کیسی شگفتہ و شاداب ہوئین اس سے تاج برطانیہ کے ساتھ ہمارا رشتۂ وفاداری مستحکم اور ہمارے اعقاب و اخلاف کے دلون مین خیر خواہی -

وفاداری اور عقیدت کا جوش پیدا ہوگا۔ نظر بران مین نے اس کتاب مین ہندوستان کے تمام حکمران والیان ریاست اور خطاب یافتہ روسا، وعمائد اور اہل کمال ومشاہیر ملک کی سوانح عمریون اور تصویرون کے شایع کرنے کا عزم بالجزم کیا۔ جہان تک خیال ہو سکتا ہے ملک کے تمام دیسی لٹریچر مین ایک کتاب بھی ایسی نہین ہے انگریزی مین جو چند کتابین ہین وہ محض تقویم پارینہ ہین بعض کتب مین خاص مقام یا صوبہ کے خاص خاص خاندانون کے تذکرہ ہین مگر وہ بھی ممتاز افراد کی سوانح عمریون سے بالکل مُبّرا ہین البتہ سر روپر لیتھرج صاحب کی گولڈن بک آف انڈیا اس قسم کی ایک کتاب ہے مگر اُس مین بھی خطاب یافتہ لوگون کے مفصل اور کافی حالات نہین ہین حکمران والیان ملک اور روسا، وعمائد کے تذکرے ناکافی اور ذاتی حالات تو بالکل برائے نام ہین۔ صحیفۂ زرین مین مین نے یہ کوشش کی ہے کہ جہان تک براہ راست یا معتبر ذرایع سے سوانح عمریان مل سکین درج کین اِس مین صرف والیان ملک اور روسا، خود مختار اور خاندانہاے عظام کے مفصل اور تازہ ترین حالات ہی نہین ہین بلکہ اُن مشہور اور ممتاز لوگون کے بھی تذکرہ بالتصریح مندرج ہین جنکو برٹش گورنمنٹ نے عطاے تمغہ جات یا خطابات سے معزز وممتاز کیا ہے یا جو اپنی علمی فضیلت وقابلیت یا امور رفاہ عام کے لیے مشہور ومعروف ہین اس کتاب کو اور زیادہ مفید اور اس عظیم الشان تقریب کے مناسب اور موزون بنانے کے لیے مین نے اُن نامی گرامی بزرگوارون کی تصاویر و مرقعجات بھی جمع کرنے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا جنکی سوانح عمریان زیب صحیفہ ہوئی ہین۔ ہندوستان مین اپنی قسم کی یہ پہلی کوشش ہے۔ یہ امر بھی تصفیہ طلب تھا کہ آیا اس کتاب کی زبان اُردو ہو یا انگریزی۔ بہت بڑے غور وفکر اور صلاح ومشورہ کے بعد یہ امر طے پلیا کہ اُردو چونکہ ملک کی خاص زبان ہے اور بالعموم اسکو ملک کے ہر حصہ مین سمجھتے ہین لہذا یہ اہم مقصد کو نہایت عمدہ طور سے پورا کریگی گزشتہ جون مین مین نے مجوزہ کتاب کا ایک پراسپکٹس شائع کیا۔ اور میری درخواست کے جو جوابات موصول ہوے وہ نہایت

طمانینت بخش اور حوصلہ افزا تھے۔ میرے پاس ہندوستان کے تمام اطراف سے مبارکباد اور قلمی امداد کے وعدون کے بہت سے خطوط آئے جس سے مجھکو حوصلہ ہوا کہ بدون خیال مصارف و تکلیف اس کام کو فوراً شروع کرنا چاہیے۔ اول جن بزرگوار نے میرا اولڑھایا وہ شہزادہ مرزا سلیمان قدر بہادر یادگار خاندان شاہ اودھ ہین آپنے بہ نفس نفیس مطبع مین قدم رنجہ فرماکر مجھ خاکسار کی عزت افزائی کی اور اپنی زبان فیض ترجمان سے حوصلہ افزا الفاظ ارشاد فرمائے۔ مین ہز ہائینس نواب صاحب جوناگڈھ اور دیوان صاحب پالن پور کی قدردانی کا شکریہ ادا کیے بغیر نہین رہ سکتا۔ ہز ہائینس سر شیر محمد خان جی نے جو خود بھی اُردو کے ایک گرانپایہ اُستاد اور علم و ہنر کے بہت بڑے قدردان و حامی و مربی ہین تحریر فرمایا کہ آپ نے اس بے نظیر کتاب کے ذریعہ سے ہمارے ملک کی ایک بہت بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے اور آپ کی اس امداد سے اُردو زبان مدتون تک احسانمند رہیگی اُن اور دیگر بے شمار خطوط نے اس کتاب کی کامیابی کا میرے دل پر ایسا زبردست اثر ڈالا کہ مین نے جولائی مین ایک دوسرا اور تفصیلی پراسپکٹس جاری کیا جس سے سوانح عمریون اور تصویرون کی ایک بہت بڑی تعداد روزمرہ آنے لگی۔ اور ان کاغذات مین بہت سے اُن بزرگان والاشان کے بھیجے ہوے الطاف نامے ہوتے تھے جو ایک دوسرے سے نہ صرف زبان بلکہ فاصلہ کے اعتبار سے اسقدر بعید تھے جیسے شمال مین کشمیر اور پشاور جنوب مین ٹریونڈرم اور ملیبار اور شرق مین پرگنڈ اور تالیچر اور مغرب مین جبدان اور ملٹری ہین فی الاصل یہ کاغذات اُس عظیم الشان سلطنت کے ہر قوم اور ہر حصہ سے آتے تھے جسکی حفاظت مین ہم اس امن و عافیت کے ساتھ اپنی زندگی بسر کر رہے ہین۔ مضافات و توابع ہندوستان کے دیگر خودمختار والیان ملک اور برٹش رعایا جو غیر ملکون مین رہتی ہے مجھے اسکام مین مدد دینے کے لیے ویسی ہی تیار تھی جسطرح خود باشندگان ہندوستان نے ترسیل سوانح عمری و تصاویر سے میرے کام مین آسانی و سہولت پیدا کی۔ میرے پاس بلوچستان۔ دیرو

صوات اور دیگر سرحدی مقامات بربر (افریقہ) - شحر ومکلا و (عرب) اور طہران سے تصاویر
اور حالات آئے ہین اُن خطوط و کاغذات مین صدہا سوانح عمریان انگریزی - فارسی -
اُردو - ہندی - اُڑیا - گجراتی - مرہٹی - ٹیلیگو اور بنگالی وغیرہ زبانون مین ہین جو ہندوستان
کے مختلف حصص مین بولی جاتی ہین - قبل اسکے کہ مین اور کچھ بیان کرون مجھے ہز اکسلنسی
لارڈ کرزن ویسرائے و گورنر جنرل کشور ہند کا صدق دل سے شکریہ ادا کرنا چاہیئے جنھون نے
کمال الطاف خسروانہ سے صحیفۂ زرین مین اپنی تصویر درج کرنے کی اجازت عطا فرمائی -
مین ہز اکسلنسی لارڈ نارتھ کوٹ صاحب گورنر بمبئی - ہز اکسلنسی لارڈ ایمپٹ ہل صاحب
گورنر مدراس ہز آنر سر جے جے ڈی لاٹوش صاحب لفٹنٹ گورنر ممالک متحدۂ
آگرہ و اودھ ہز آنر سر چارلس ریواز صاحب لفٹنٹ گورنر پنجاب - آنریبل مسٹر جے بی
فلر صاحب چیف کمشنر آسام و آنریبل سٹرایٹ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان کا بھی
کمال مشکور وممنون ہون جنھون نے صحیفۂ زرین کے لیے اپنے مرقعے عطا فرمائے -
مین بغیر احساس اندوہ وغم سر جان اوڈبرن سابق لفٹنٹ گورنر بنگال کی افسوسناک
وفات کا اظہار نہین کر سکتا جسکے وقوع کو ابھی صرف چند مہینے ہوے ہین سر جان مہاراجہ
سر مان سنگھ کے اسٹیچو کے افتتاح کی رسم مین شریک ہونے کے لیے لکھنؤ تشریف
لائے تھے اور جسوقت مین نے صحیفۂ زرین کی تجویز ہز آنر کی خدمت مبارک مین پیش
کی تو حضور ممدوح نہایت محظوظ ہوے اور چند کلمات حوصلہ افزا کے ساتھ اپنا مرقع
عنایت فرمانے کا وعدہ فرمایا - افسوس ظالم موت نے آپکو ہمسے جدا کر دیا مگر آپکی یادگار
ہمارے دلون مین ہمیشہ تازہ رہیگی مین نہایت ادب اور تعظیم کے ساتھ ہز آنر مرحوم
کی تصویر پرتنویر بھی صحیفۂ زرین مین شایع کرتا ہون - مین اُن تمام والیان خود مختار اور
روساء والاتبار کی خدمت بابرکت مین اپنا دلی امتنان وتشکر ظاہر کرتا ہون جنھون نے
اپنی سوانح عمریان عنایت فرما کر اس کار اہم کی تکمیل مین اسقدر سہولت پیدا کرادی

کہ برسون کا کام علاؤہ تین مہینے مین ختم ہوگیا اُنکی خسروانہ توجہ کے بغیر یہ کتاب ادھوری اور ناتمام رہتی۔ مین اُن حکام والا مقام کا بھی دلی شکریہ ادا کرتا ہون جنکو پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ سے تعلق ہے اور جنھون نے مختلف رؤسا اور ریاستون کے متعلق نہایت قیمتی اطلاع واگاہی بخشی بالآخر مین اُن تمام دیگر خطاب یافتہ اصحاب کا احسانمند ہون جنھون نے ازراہ کرم میری درخواست کا جواب باصواب عنایت فرمایا۔ ہرچند احسانمندی کا یہ اظہار ناکافی ہے تاہم مجھے امید قوی ہے کہ مقبول ومنظور ہو گا۔

ترتیب وتہذیب

خاندانی حالات وسوانح عمریون کی ترتیب وتلخیص کے کام مین بیشمار دقتین حائل تھین قطع نظر اسکے کہ بہت سے مسودات مختلف زبانون مین موصول ہوے اور مختلف اصحاب نے مختلف مقامات سے ارسال کیے اُنکا طرز تحریر اور طریقۂ ترتیب اسقدر متخالف ومتغائر تھا کہ کل سوانح عمریون کے طرز انشا مین حسن تساوی پیدا کرنا نہایت دشوار تھا۔ حکام ان والیان ملک کی سوانح عمریون کا حصہ اور بھی دقت طلب تھا۔ ہندوستان اور اُسکے مضافات مین ایکسو تیرہ والیان ملک ایسے ہین جنکے لیے سلامیان مقرر ہین تین سو سینتیس اور ریاستین ہین جنکو کم وبیش خودمختارانہ اختیارات حکومت حاصل ہین جو صرف بعض شرائط مقررۂ گورنمنٹ برطانیہ کے تابع وماتحت ہین ایسی مختلف ریاستون کی موجودہ تاریخون اور حالات کے جمع کرنے کی مشکلات کا اندازہ غیر ممکن ہے لیکن جن صورتون مین مجھکو بالواسطہ آگاہی حاصل نہین ہوئی تو مین نے جدید الطبع کتب اخبارات اور رسل ورسائل کے ذریعہ سے اُسکے حاصل کرنے مین کوشش بلیغ کی اور جن چند صورتون مین مجھکو تفصیلی حالات اور واقعات معلوم یا دستیاب نہین ہوسے تو وہان مین نے صرف اُسی قدر معلومات پر قناعت کی جو بہ حالت موجودہ ضروری

سمجھی گئی - لیکن سوا چند ریاستون کے باقی تمام ریاستون کے متعلق کم وبیش تفصیلی اور تازہ ترین حالات و واقعات درج کیے گئے ہین - ان کل سوانح عمریون مین نے ہر ریاست کی گذشتہ تاریخ مثلاً بانی ریاست کا نام - تاریخ بناے ریاست تاریخ خاندان - برٹش سلطنت کے ساتھ ریاست کا پہلا تعلق اور اُس زمانہ سے آج تک جتنے والیان ملک ہوے ہین اُنکے نام اور تاریخ سند نشینی اور وفات - والی حال کا پورا پورا نام اور القاب اور ریاست کی موجودہ کیفیت و حالت قلمبند کی ہے - البتہ جو حالات براہ راست یا معتبر ذرایع سے حاصل نہین ہوے اُنکے اندراج سے اجتناب کیا گیا - ہرچند اس کتاب کو شروع اور ختم ہوے صرف چند مہینے ہوے ہین لیکن اگر اختتام کتاب کے وقت مجھے کوئی مفید امر معلوم ہوا ہے تو مین نے اُسکو بھی درج کر دیا ہے اُس پراسپکٹس مین جو مین نے گذشتہ جولائی مین جاری کیا تھا اس امر کا وعدہ کیا گیا تھا کہ یہ کتاب دربار تاج پوشی دہلی سے قبل شایع ہو جائیگی اور اس وعدہ کا ایفا ضرور تھا - لیکن درحقیقت - وقت نہایت ہی تنگ تھا - جو سوانح عمریان قابل اندراج تھین اُنکی تعداد کئی ہزار تھی کیونکہ سوا برہما کے تمام ہندوستان کے ہر صوبہ اور صوبہ کے کل خطاب یافتہ اصحاب کی سوانح عمریون کا انتظام کیا گیا تھا - جو سوانح عمریان اوائل ستمبر تک آئی تھین ہرچند وہ بھی بہت زیادہ تھین مگر مجوزہ تعداد کے مقابلہ مین اتنی نہ تھین کہ کسی باقاعدہ ترتیب کے ساتھ درج کیجا سکتین - اگر بلا کسی ترتیب کے کل صوبون کی سوانح عمریان مسلسل لکھوا دیجاتین تو اُنکی تلاش ہی مین وقت نہ ہوتی بلکہ ایسی ضروری کتاب مین سخت بدنمائی پیدا ہو جاتی - پس یہی مصلحت سمجھی گئی کہ کتاب کی دو جلدین کر دیجائین - ایک جلد مین والیان ملک کے اور دوسری جلد مین خطاب یافتہ اصحاب کے تذکرے اور تصویرین ہون - اور کتابت کی سہولت کے لیے اول جلد کے دو حصے کر دیے جائین اور دوسری جلد مین ہر صوبہ الگ الگ ہو اور جو صوبے نہایت ہی مختصر ہون وہ قریب کے صوبہ مین شامل کر دیے جائین - مثلاً پنجاب مین بلوچستان بنگال

مین اڑیسہ و آسام شامل کردیا گیا ہے - اس انتظام سے صرف یہی نہین ہوا کہ ایک وقت محدود کے اندر کئی خوشنویس ایک ساتھ کتابت کر سکے جس سے کتاب وقت پر تیار ہو گئی بلکہ ہر صوبہ جدا جدا ہو گیا - ان صوبون کے ہندسے تو لامحالہ الگ کرنے پڑے مگر سہولت کی غرض سے ہر صوبہ کے قبل اُسکے خطاب یافتہ اصحاب کے اسمار کی فہرست لگا دی گئی ہے جس سے اب نامون یا تصویرون کی تلاش مین کسی قسم کی دقت نہو گی - چند ماہ مین اتنی ضخیم کتاب کا تیار ہو جانا اس لیے اور بھی دشوار تھا کہ تمام و کمال سوانح عمریان موصول نہین ہوئی تھین - صدہا اصحاب نے اپنی تصویرین پہلے بھیجدین - سیکڑون نے صرف اپنے حالات ہی ارسال کیے تھے - ایک جماعت کثیر نے وعدہ کیا تھا - بہتونکے پاس سے سوانح عمریون کی زود یا بدیر آنے کی قوی امید تھی اور چونکہ ایک ایک صوبہ بجاے خود اتنا بڑا تھا کہ ایک خوشنویس وقت مقررہ کے اندر ختم نہین کر سکتا تھا لہذا یہ التزام کرنا پڑا کہ ہر صوبہ کے وسط سے کتابت شروع کی گئی اور جن لوگون نے تصویرین اور سوانح عمریان بھیجنے کا وعدہ کیا تھا یا جہان سے اُنکے آنے کی کامل امید تھی اُنکے لیے پہلے سے جگہ محفوظ کر دی گئی - چھاپہ کے پتھر مین اس التزام سے جو دقتین واقع ہوتی ہین وہ ظاہر ہین مگر خداتعالی کا شکر ہے کہ کوئی پیچیدگی واقع نہین ہوئی حتی کہ نہ کوئی نام مکرر ہونے پایا اور نہ کوئی نام چھپنے سے باقی رہا -

تصاویر

ٹیپ کے چھاپہ مین جس مین متحرک حروف ہوتے ہین تصاویر کے بلاک جسقدر قریب چاہین منتقل کر سکتے ہین مگر پتھر کے چھاپہ مین جہان حروف اپنی مقررہ جگہ سے ہل نہین سکتے یہ بات نہین ممکن ہے - اگر دستی تصویرین کتاب مین لگائی جاتین تو وہ غلط ہی نہ ہوتین بلکہ کتاب اور صاحب تصویر کو اور بدنما کر دیتین - پس اس صورت مین یہی مناسب سمجھا گیا کہ فوٹو کے ذریعہ

سے تصویرون کے پلیٹ علٰحدہ تیار کیے جائین اور جس ترتیب سے سوانح عمریان ایک اٹھ صفحے مین درج ہوئی ہین اُسی ترتیب سے یہ تصویرین بھی ایک صفحہ مین علٰحدہ چھاپ کر سوانح عمریون کے صفحات کے قبل چسپان کردی جائین - اس کتاب کی تصویرونکا کام اور بھی دقت طلب تھا - بہت سی تصویرین اسقدر باریک اور ہلکی چھپی ہوئی تھین کہ بمشکل اُنکا عکس پلیٹ پر آتا تھا تاہم اس خیال سے کہ صاحب تصویر کو مایوسی نہو مین نے یہی مناسب سمجھا کہ جسطرح ہوسکے اُنکو درج کردیا جاے غرض جس ممکن تدبیر سے صحیفۂ زرین کی ترتیب وتہذیب اور طبع اور تزئین مین عمدگی پیدا کرنا ممکن تھا اُسمین مین نے کوئی امر اُٹھا نہین رکھا اور مجھے امید ہے کہ ناظرین صحیفۂ زرین میری اس حقیر کوشش کو نظر قبولیت سے ملاحظہ فرمائینگے - اختتام تمہید سے پہلے مین اپنے اُن تمام دوستون اور مہربانون اور سرپرستون کا شکریہ ادا کرتا ہون جنھون نے مجھ سے چاہا ہے کہ مین اپنی اور اپنے والد مرحوم منشی نولکشور سی آئی ای کی سوانح عمری اور تصویر صحیفۂ زرین مین شامل کرون - مجھے اپنے والد کی سوانح عمری اور تصویر کے درج کرنے مین کوئی تامل نہین ہے اور مین نہایت خوشی کے ساتھ منشی صاحب مرحوم کی مختصر سوانح عمری اور تصویر کتاب کے خاتمہ مین درج کرتا ہون - رہی میری سوانح عمری مین نہین سمجھتا کہ مین اس اعزاز کے قابل ہون لیکن میری کوشش ہے کہ مین اپنے والد مرحوم کے قدم بہ قدم چلون اور خود کو اُس عزت کا مستحق ثابت کرون جو میرے دوست اور کرم فرما مجھے عطا کرنا چاہتے ہین - ناظرین والا تمکین میری تصویر منشی صاحب کی تصویر کے بعد ملاحظہ فرمائینگے - مین اخیر مین اُن تمام والیان ذی شان اور بزرگان والا خطاب کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرتا ہون جنھون نے اس کتاب کو کامیاب بنانے مین مجھے مدد دی ہے -

خاکسار پراگ نرائن بھارگو

مبارک منزل ۲۵ - دسمبر ۱۹۰۲ء

سپاسگزاری

ہم نہایت سپاسگزاری اور امتنان کے ساتھ اُن والیان ریاست و بزرگان ملک کے نام نامی اور اسم گرامی شایع کرتے ہین جنھون نے ازراہ قدردانی اور علم دوستی صحیفۂ زرین کی پچاس روپیہ والی جلد یا اُس سے زیادہ کی متعدد اجلاد قسم اعلیٰ اور اول خرید کی ہین یا اُنکی خریداری کا وعدہ فرمایا ہے۔ جن اصحاب نے اس کتاب کی ایک یا دو جلدین خرید کی ہین اُنکی فہرست نہایت طول وطویل ہے جو اس موقع پر عدم گنجائش کی وجہ سے درج نہین ہوسکتی لیکن اُنکی عنایت اور لطف وکرم کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ اگر ملک مین اس مہتم بالشان کام کی کماحقہ قدر ومنزلت کی گئی تو ہمکو قوی امید ہے کہ آیندہ یہ کتاب ہندوستان کی نہ صرف خاص خاص دیسی زبانون مین ہی شایع کیجائیگی بلکہ انگریزی زبان مین بھی اسکے طبع کا انتظام کیا جائیگا اور اسطرح ہم بلاد ہند کے علاوہ ممالک یورپ کی علمی جماعتونکی خدمت مین بھی یہ کتاب پیش کرسکینگے۔ ہمارا یہ بھی قصد ہے کہ اگر ملک نے ہماری ان کوششون کو حوصلہ افزائی کی نگاہ سے دیکھا تو ہم مستقل طور پر صحیفۂ زرین کا دفتر کھلا رکھینگے اور ہر سال اُسکی ایک جلد شایع کرتے رہینگے جس مین نہ صرف جدید خطاب یافتہ اصحاب و مشاہیر اور اکابر ملک کے حالات اور مرقع ہونگے بلکہ جن بزرگوارون کی سوانح عمریان اور تصویرین چھپ چکی ہین اُنکے متعلق بھی جو نئے ذاتی واقعات دریافت ہونگے وہ بھی اُسمین وقتاً فوقتاً اضافہ کرتے رہینگے تاکہ بقاے یادگار اور آگاہی کا یہ سلسلہ جو ملک معظم کے جشن تاجپوشی کے مبارک سال سے شروع ہوا ہے مدام جاری رہے اور ہماری آیندہ نسلون کو اس ضروری کتاب مین اپنے اسلاف کرام کے ذاتی حالات اور واقعات معلوم ہون اور اُنکو بھی اُنکی طرح ملک کی خدمت اور اپنی ترقی کا خیال اور جوش پیدا ہو۔

فہرست اسمائے اصحاب معاونین صحیفۂ زرین

نواب محمد شریف خان بہادر والی دیر وصوات	سار
ہز ہائینس نواب محمد رسول خان بہادر کے سی-آئی-ای- والی جوناگڈھ	مار
ہز ہائنس زبدۃ الملک دیوان سر شیر محمد خان جی بہادر جی-سی-آئی-ای- والی پالنپور-	ص
ہز ہائنس سلطان عوض بن عمر القعیطی سلطان نواز جنگ شمشیر الملک شمشیر الدولہ بہادر سلطان شحر و مکلا-	ماعہ
مہاراجہ ہر بلبھ نرائن سنگھ بہادر آف سونبرسا بنگال-	سا
ہز ہائنس مہاراجہ رنجور سنگھ بہادر والی اجے گڈھ-	ص
شہزادہ مرزا محمد حسن علی سلیمان قدر بہادر رئیس لکھنؤ-	ماص
نواب سر سید حسن علیخان بہادر احتشام الملک رئیس الدولہ امیر الامرا مہابت جنگ جی-سی-آئی-ای- نواب بہادر مرشد آباد-	ص
راجہ رنجیت سنگھ بہادر والی باگلی-	ص
امیر الامرا صدر الاعیان شیخ محمد بہار الدین خان بہادر سی-آئی-ای- نواب اسب مدار المہام ریاست جوناگڈھ-	ص
ٹھاکر سورج بخش سنگھ تعلقدار کسمنڈا کماپور ضلع سیتاپور-	مار
راجہ کاظم حسین خان صاحب تعلقدار بلہرہ-	مار
نواب عزیز جنگ بہادر رئیس حیدر آباد دکن-	ص
رانا شیوراج سنگھ تعلقدار کھجور گانؤن ضلع رائے بریلی-	ص
رائے مہتا نیالال سی-آئی-ای- رئیس اودے پور-	ص

مسٹر عبداللہ بن خان بہادر شیخ یوسف علی ایم اے سی-ایس-سہارنپور	صہ
مخدوم حسن بخش قریشی-آنریری مجسٹریٹ ملتان-	معہ
آنریبل راجہ محمد تصدق رسول خان صاحب تعلقدار جہانگیر آباد ضلع بارہ بنکی	صہ
مرزا محمد عباس علیخان بہادر رئیس لکھنؤ-	صہ
چودھری مہندر سنگھ تعلقدار محمود آباد بانگر مؤ-	وصہ
راجہ فتح سنگھ راجہ پوایان -	سہ
خان بہادر سید محمد حسین صاحب وزیر ریاست کھیراگڈھ-	صہ
راجہ بنس پت سنگھ رئیس باڑہ ضلع الہ آباد-	صہ
مولوی ظل الرحمٰن رئیس طالب پور-	لعہ
راجہ نرپت سنگھ دیو راجہ پوراہاٹ سنگھ بھوم-	صہ
خان بہادر دلاور حسین احمد رئیس کلکتہ -	صہ
رائے برج نرائن رائے رئیس پڈرونہ گورکھپور-	صہ
خان بہادر مولوی سید زین العابدین رئیس علی گڈھ-	صہ
رائے بہادر سردار گھیل سنگھ رئیس وڈالہ سندھوان سیالکوٹ-	صہ
بابو پرمیشر نرائن مہتا رائے بہادر رئیس مظفرپور-	صہ
رائے بدھ سنگھ بہادر دودھریا عظیم گنج مرشد آباد-	مار
راؤ صاحب واداتھاجی تیلکے رئیس کولھاپور بمبئی-	صہ
نواب محمد حیدر علیخان تحصیلدار پرگنہ منڈار سروہی راجپوتانہ -	صہ

ریاستہاے ہندوستان

حصۂ اول

NATIVE STATES OF INDIA

PART I.

نولکشور پریس لکھنؤ

انڈکس

ریاستہائے ہندوستان

حصۂ اول

نام ریاست	صفحہ
ریاستہائے سرحد و پنجاب	
انفغانستان	۱
قلات	۴
کشمیر	۶
پٹیالہ	۹
بہاولپور	۱۱
نابھہ	۱۳
جھیند	۱۵
کپورتھلہ	۱۷
چمبہ	۲۰
سرمور ناہن	۲۱
مالیر کوٹلہ	۲۳
فریدکوٹ	۲۴

نام ریاست	صفحہ
منڈی	۲۵
سکیت	۲۷
کھلور یا بلاسپور	۲۸
ریاستہائے ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ	
رامپور	۲۹
بنارس	۳۲
ٹہری گرمھوال	۳۴
ریاستہائے ملک متوسط	
کروند یا کالاہانڈی	۳۶
ریاستہائے راجپوتانہ	
میواڑ اودے پور۔	۳۷

نام ریاست	صفحہ	نام ریاست	صفحہ
جے پور	۴۰	اندور	۷۳
جودھپور	۴۳	بھوپال	۷۵
ٹونک	۴۶	ریوان	۷۹
بونڈی	۴۸	اورچھہ	۸۳
بھرت پور	۴۹	دھار	۸۵
بیکانیر	۵۱	دتیا	۸۷
قرولی	۵۳	دیواس (پانتی کلان)	۸۸
کوٹہ	۵۶	دیواس (پانتی خرد)	۸۹
کشن گڈھ	۵۸	جاوڑہ	۹۰
ڈونگرپور	۵۹	رتلام	۹۲
سروہی	۶۰	چھترپور	۹۳
پرتاب گڈھ	۶۱	نرسنگھ گڈھ	۹۵
بانسواڑہ	۶۲	اجے گڈھ	۹۷
الور	۶۳	سیتامئو	۹۹
جیسلمیر	۶۴	بجاور	۱۰۰
دھولپور	۶۵	جھابوا	۱۰۱
جھالاوار	۶۷	پنا	۱۰۲
ریاستہاے وسط ہند		راج گڈھ	۱۰۳
		سمتھر	۱۰۴
گوالیار	۶۹	چرکھاری	۱۰۵

نام ریاست	صفحہ	نام ریاست	صفحہ
سیلانہ	۱۰۷	بھاؤنگر	۱۳۷
باؤنی	۱۰۸	دھرنگدرہ	۱۳۹
کھلچی پور	۱۰۹	کھمبایت	۱۴۱
میہر	۱۱۱	نوانگر	۱۴۲
علی راج پور	۱۱۲	موردی	۱۴۳
ناگود	۱۱۲ (الف)	رادھن پور	۱۴۴
برونڈھ	۱۱۲ (ب)	راج پیپلا	۱۴۵
بروانی	۱۱۲ (پ)	پوربندر	۱۴۶
ریاست حیدرآباد		پالن پور	۱۴۷
		پالیتانہ	۱۴۹
حیدرآباد	۱۱۳	دھرول	۱۵۰
ریاستہاے مغربی ہند		سونٹھ	۱۵۱
		سچین	۱۵۲
بڑودہ	۱۱۷	راجکوٹ	۱۵۳
کولھاپور	۱۲۲	لمڑی	۱۵۴
کچھ	۱۲۵	شہر ومکلا	۱۵۷
ایدر	۱۲۷	جنجیرہ	۱۵۹
خیرپور	۱۲۹	بالاسنور	۱۶۲
جوناگڈھ	۱۳۰	بانسدہ	۱۶۳
گونڈل	۱۳۳	دھرم پور	۱۶۴

نام ریاست	صفحہ
ودھوان	۱۶۵
ونکانیر	۱۶۷
لوناواڑہ	۱۶۸
بریہ	۱۶۹
چھوٹا اودے پور	۱۷۰
سادنت واڑی	۱۷۱
فضلی	۱۷۲
لاہج	۱۷۳
قشن وسقوطرا	۱۷۵
ریاستہائے صوبۂ مدراس	
میسور	۱۷۷
ٹراونکور	۱۸۰
کوچین	۱۸۳
پڈوکوٹہ	۱۸۴
ریاست نیپال	
نیپال	۱۸۵
ریاست سکم	
سکم	۱۸۹
ریاست کوچ بہار	
کوچ بہار	۱۹۰
ریاست ٹپرہ	
ٹپرہ	۱۹۳
ریاست منی پور	
منی پور	۱۹۵

غلط نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲۸	۱۲	سلامی اکیس ضرب	سلامی پندرہ ضرب
۱۶۸	۲	کلاش کھارا	کلاشیکھرا
۴	۹-۱۱-۱۵-۱۷	ناصر خان	نصیر خان



دی آنریبل سر چارلس منٹگمری ریواز کے-سی-ایس-آئی-ای-سی-ایس لفٹننٹ گورنر پنجاب

ریاستہاے سرحد و پنجاب

حصۂ اوّل

افغانستان

ہز ہائینس ضیاء الملت والدین امیر حبیب اللہ خان بہادر والی افغانستان

ولادت ۱۸۷۲ء مسند نشینی ۴۔ اکتوبر ۱۹۰۱ء۔ آپ ہز ہائینس امیر عبد الرحمن خان۔ جی سی بی۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی کے فرزند اکبر ہین۔ قدیم زمانے مین اس ملک کے مختلف حصون پر مختلف قومین اور نسلین حکمران اور قابض رہی ہین لیکن اوائل گذشتہ صدی مین احمد شاہ ابدالی نے افغانستان مین سلطنت درانی کی بنیاد ڈالی جو ہرات سے کشمیر تک اور بلخ سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔ اُنکے پوتے شاہ زمان کو اُنکے چھوٹے بھائی شاہ محمود نے تخت سے اُتار دیا لیکن ۱۸۰۳ء مین شاہ محمود یعنی شاہ زمان کے چھوٹے بھائی شجاع الملک نے اُنکو نکالکر تخت لے لیا۔ ۱۸۰۸ء مین جب ایرانی فرانس کی سازش سے افغانستان اور ہندوستان پر حملہ کی دھمکی دے رہے تھے تو برٹش گورنمنٹ نے مسٹر الفنسٹن صاحب کو ایک سفارت لیکر شاہ شجاع کے پاس روانہ کیا اور ۱۷۔ جون ۱۸۰۹ء کو دونون گورنمنٹون کے مابین ایک دوستانہ معاہدہ ہوا۔ سب سے اوّل شجاع الملک ہی کے عہد مین افغانستان کے ساتھ انگریزون کے تعلقات قائم ہوے۔ اِسکے بعد افغانستان مین امیر دوست محمد افضل خان۔ شیر علی خان اور یعقوب خان نے یکے بعد دیگرے حکومت کی مگر تخت کے لیے آپس مین ہمیشہ سخت لڑائیان

ہوتی رہین۔ ۱۸۷۹ء تک افغانستان مین بہت سے انقلابات واقع ہوے اور برٹش گورنمنٹ سے بھی بارہا جنگ ہوئی۔ امیر یعقوب خان کی معزولی پر ۱۸۸۰ء مین امیر عبدالرحمن خان امیر تسلیم کیے گئے۔ امیر عبدالرحمن خان بہت بڑے مدبر اور روشن ضمیر فرمانروا تھے۔ اُنکے عہد حکومت مین برٹش گورنمنٹ کے دوستانہ تعلقات و روابط اور افغانستان کی تہذیب و شائستگی مین نمایان ترقی ہوئی تعلیمات اور تعمیرات عامہ کے صیغے قائم ہوے سلاح سازی کا کارخانہ جاری ہوا۔ افغانستان جو آب سے پہلے کرۂ ارضی کا صرف ایک خارزار اور کوہستانی قطعہ تھا جس مین وحشی اقوام سکونت گزین تھین اُسمین اُنھون نے ایک ایسی انقلابی حالت پیدا کی جس سے ایک اسلامی مملکت کی شان پیدا ہوئی اور وہ صنعت و حرفت کا ایک مرکز بن گیا جو امیر عبدالرحمن خان کی تعجب خیز کامیابی کی ایک روشن دلیل اور اُنکی حیرت انگیز طباعی کا نتیجہ ہے۔ امیر کی زندگی مین جو انقلابات ہوے تھے وہ نہایت حیرت انگیز ہین۔ اُنھون نے اپنی ایک مبسوط سوانح عمری لکھی ہے اور اُسمین اُنھون نے اپنے اصلی واقعات اور حالات بیان کیے ہین اور اُنسے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کبھی پابجولان تھے اور کسی وقت اُنکو باورچی کا کام کرنا پڑتا تھا کبھی وہ سپاہی اور کبھی رعایا اور کسیوقت جنرل اور کبھی خود جنرل کے ماتحت بعض اوقات انجنیر اور لوہار اور پھر حکمران۔ ایک مقام پر وہ اپنے آپکو باغبان اور کسان کے بھیس مین ظاہر کرتے تھے دوسرے مقام پر وہ اُس عظیم الشان استقبال کا تذکرہ فرماتے تھے جو گورنمنٹ روس۔ برطانیۂ عظمے۔ ایران اور بخارا مین اُنکا ہوا تھا۔ ایک وقت وہ تھا کہ اُنھون نے اپنے چچا امیر اعظم کو کابل مین تخت نشین کیا اور دوسرا وہ زمانہ تھا جب وہ زبردستی کابل سے نکالے گئے کبھی حکمرانی کرتے تھے اور کبھی ایک ادنی کے محتاج۔ امیر عبدالرحمن خان کو بچپنے ہی سے سیر و شکار اور لڑائی بھڑائی کا شوق تھا۔ اُنھون نے جنگ اور سپہ گری کے فن کو ایک انگریز سے سیکھا تھا جو اُنکے باپ کی فوج مین ایک اعلیٰ افسر تھا۔ اس انگریز نے اپنا مذہب تبدیل کر دیا تھا۔ اسکا اصلی نام کمبل تھا مگر اسلام قبول کرنے پر وہ جنرل شیر محمد خان کے نام سے موسوم ہوا۔ کمبل صاحب کو امیر دوست محمد خان نے قندھار کی

جنگ مین گرفتار کیا تھا جو شاہ شجاع کے مقابلہ مین ہوئی تھی۔ امیر عبدالرحمن خان جنرل شیر محمد خان کی وفات پر بلخ کی کمان پر مقرر ہوے جسکی تعداد تیس ہزار پانسو تھی۔ اُنھون نے امیر شیر علیخان کے مقابلہ مین کئی جنگین لڑی تھین اور بالآخر ہزیمت اُٹھا کر روس کی عملداری مین چلے گئے۔ امیر کو اپنے جنرلونکی سہل انگاری اور غفلت کبھی پسند نہ تھی۔ اُنھون نے اپنی سوانح عمری مین ایک جنرل کو جا بجا کاہل کے لقب سے یاد کیا ہے۔ جب امیر شیر علیخان سے جنگ ہو رہی تھی تو اُنھون نے ایک لڑائی کے واقعات اور حالات مین جنرل ناظر کا تذکرہ کیا ہے جو شدت سرما کے سبب سے زیادہ شراب پیکر سو رہا تھا جب شیر علیخان کی فوج کی چڑھائی کی خبر معلوم ہوئی تو امیر عبدالرحمن خان جنرل ناظر کے کیمپ مین گئے، جہان اُسکو خواب مدہوشی مین پڑا پایا اور جب اُسکو جگا کر کیفیت دریافت کی گئی تو اُسنے کہا کہ مین شیر علی کا مُنھ نوچ لونگا۔ امیر لکھتے ہین کہ باوصف غصہ اور مایوسی کے مین اُسکو مدہوش دیکھ کر اپنی ہنسی ضبط نہ کر سکا۔ امیر عبدالرحمن خان ۱۸۴۴ء مین پیدا ہوے اور ۱۹۰۱ء مین قضا کی اور موجودہ امیر حبیب اللہ خان اُنکے جانشین ہین۔ آپ اپنے والد بزرگوار کے قدم بقدم ہین ہز ہائینس کے عہد مین اُن کامون مین اور بھی اصلاحین ہوئین جو آپکے والد ماجد کے زمانے مین جاری ہوے تھے۔ آپ کو تعلیم سے بہت دلچسپی ہے اور حال مین آپنے حبیبیہ کالج کے نام سے ایک دار العلوم قائم کیا ہے جسمین مشرقی علوم کے ساتھ مغربی علوم کی بھی تعلیم دیجائے گی۔ گورنمنٹ ہند امیر کابل کو اٹھارہ لاکھ روپیہ سالانہ مدد خرچ دیتی ہے۔ ریاست کا رقبہ دو لاکھ ستر ہزار مربع میل اور آبادی تقریباً اُنچاس لاکھ ہے آپ کی فوج مین تقریباً بیس ہزار سوار اور چالیس ہزار پیدل اور دو سو سے زیادہ توپین ہین اور سلامی اکیس ضرب توپ ہے۔

قلات

ہز ہائینس سر میر محمود خان - جی - سی - آئی - ای - خان قلات

ولادت سنہ ۱۸۶۴ء - ہز ہائینس اپنے والد میر خداداد خان کی کنارہ کشی کے بعد نومبر سنہ ۱۸۹۳ء مین مسند آراے ریاست ہوے - خان قلات قوم عرب قبیلہ میرواری سے ہین - اِس قبیلہ نے قدیم الایام مین اِس ملک کو بزور شمشیر فتح کیا تھا - خان قلات کا خاص نسبی تعلق فرقۂ احمد زئی سے ہے جو فرقۂ قنبرانی کی ایک شاخ ہے - فرقۂ قنبرانی کی وجہ تسمیہ مین دو احتمال ہین - اوّل یہ کہ یہ قبیلہ حضرت قنبر سے منسوب ہے جو امیر المومنین علی بن ابیطالب ؑ کے موالے آزاد تھے یا یہ کہ کوئی بزرگ اِس نام کے تھے جو اُنسے چند پشت بعد عالم ظہور مین آئے - فرقۂ میرواری نے قلات مین پندرھوین صدی کے اواسط مین سکونت اختیار کی آپ کے بزرگون مین سے ناصر خان کو نادر شاہ نے سنہ ۱۷۳۹ء مین خطاب بیگلربیگی عنایت کیا تھا - بعدہ خان موصوف نے احمد شاہ ابدالی کے ساتھ محاربات مین اکثر صعوبات اُٹھائے اور اُنکے نہایت معتمد علیہ سپہ سالار فوج تھے - ناصر خان نے نہایت معمر ہو کر سنہ ۱۷۹۵ء مین انتقال کیا اور بجاے اُنکے اُنکے بڑے بیٹے محمود خان مسند آراے حکومت ہوے -

محاربۂ اول افغانستان کے زمانے مین محراب خان والی قلات اپنے وزیر کے بیجا اتہام اور بیہودہ فتنہ پردازی کی وجہ سے ناکردہ گناہ مقتول ہوے - سنہ ۱۸۴۱ء مین اُنکے فرزند ناصر خان کو سرکار برطانیہ عظمیٰ نے مسند ریاست پر متمکن کیا - سنہ ۱۸۵۴ء مین گورنمنٹ ہند اور خان قلات کے مابین ایک عہدنامہ منعقد ہوا اُس زمانے سے والیان ریاست ہذا سلطنت برطانیہ کے مطیع اور مورد مراحم خسروانہ ہین - ناصر خان نے سنہ ۱۸۵۶ء مین انتقال کیا اور بجاے اُنکے اُنکے بھائی میر محمد خداداد خان وسادہ آراے ولایت ہوے - سر محمد خداداد خان نے حضور ویسراے لارڈ لٹن سے بمقام جیکب آباد شرف ملاقات حاصل کیا اور اِس موقع پر



دی آنریبل کرنل۔ سی۔ ای۔ ایٹ۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ ایم۔ جی ایجنٹ گورنر جنرل
وچیف کمشنر بلوچستان



ہز ہائنیس سر میر محمود خان - جی - سی - آئی - ای - خان قلات

عہد نامہ ۱۸۵۴ء کی تجدید اور توسیع عمل مین آئی۔ بعدہ دربار قیصری ۱۸۷۷ء مین مع اپنے
معاونین کے دہلی مین تشریف لائے اور خطاب جی۔ سی۔ ایس۔ آئی طبقۂ اعلےٰ سے
مفتخر اور ممتاز ہوکر واپس گئے۔ جنگ افغانستان ۱۸۷۸-۷۹ء مین سرکار عظمیٰ کے ساتھ
حق وفاداری ادا کیا اور حتی الوسع جان و مال سے امداد کی اور اپنے فرزند اور ولیعہد کو جنرل صاحب
کی خدمت مین روانہ کیا۔ والی حال ۱۰۔ اگست ۱۸۹۴ء مین خطاب جی۔ سی۔ آئی۔
ای سے معزز و ممتاز ہوے۔ رقبہ نوے ہزار مربع میل۔ مردم شماری چھ لاکھ سات ہزار
چار سو بہتر۔ محاصل سات لاکھ نو ہزار دو سو پچاس روپیہ۔ فوجی قوت اُنتیس توپ۔ دو سو
بچاس سوار۔ پانچ سو پیادے۔ سلامی اُنیس ضرب توپ۔

کشمیر

میجر جنرل ہز ہائینس مہاراجہ سر پرتاب سنگھ اندر مہندر بہادر سپر سلطنت - جی - سی - ایس - آئی - والی جمون و کشمیر

ولادت ۱۸۵۰ء - مسند نشینی ۱۲ - ستمبر ۱۸۸۵ء - علاقۂ جمون و کشمیر کے مشہور و معروف حصہ جمون - لداخ - بالستان - کشمیر - گلگٹ اور اسکردو ہین - جمون ایک زمانۂ نامعلوم سے ڈوگرا راجپوتون کے خاندان کا دار السلطنت رہا ہے - اٹھارھوین صدی کے آخر یعنی راجہ رنجیت دیو کے عہد مین جمون نے کسیقدر نمود اور شہرت حاصل کی - گرد و نواح کا ملک مختلف چھوٹی چھوٹی ریاستون مین منقسم تھا جو آپس مین ایک دوسرے سے لڑا کرتی تھین لیکن گذشتہ صدی کے آغاز مین مہاراجہ رنجیت سنگھ کی گورنمنٹ کی کم و بیش مطیع ہو گئین - اُس زمانے مین راجہ رنجیت دیو کے پروتے یعنی گلاب سنگھ - دھیان سنگھ اور سوچیت سنگھ اُنکے شریک ہوے - اُنھون نے بہت جلد اوج و عروج حاصل کیا - مہاراجہ رنجیت سنگھ نے گلاب سنگھ کو راجہ کے خطاب کے ساتھ یہ ریاست عطا کی - اسیطرح دھیان سنگھ اور سوچیت سنگھ نے قرب و جوار کے علاقے حاصل کیے - غرض پندرہ برس کے عرصہ مین تینون بھائیون خصوصًا راجہ گلاب سنگھ نے قرب و جوار کی تمام کوہستانی ریاستون کو مطیع کر لیا - دھیان سنگھ و سوچیت سنگھ نے ۱۸۴۳ء مین قضا کی - اُنکا کل علاقہ باستثناے پونچھ کے جو راجہ دھیان سنگھ کے فرزند راجہ جواہر سنگھ کے قبضے مین رہا راجہ گلاب سنگھ کو ملا - ۱۸۴۴ء کے قریب قریب راجہ گلاب سنگھ نے اِس تمام ملک پر جو موجودہ ریاست مین شامل ہے اپنی حکومت قائم کر لی تھی - ۱۸۴۶ء مین جب برٹش گورنمنٹ نے لاہور پر قبضہ کر لیا اور سکھ مطیع ہوے تو راجہ گلاب سنگھ مصالحت کے کام پر مقرر ہوے اور اُسکا انجام



میجر جنرل ہز ہائنیس سر پرتاب سنگھ اندر مہندر بہادر-جی-سی-ایس-آئی-والی کشمیر

ہوا کہ لاہور کے ساتھ پہلا معاہدہ ہوا۔ ان خدمات کے صلہ مین راجہ گلاب سنگھ کو گورنمنٹ نے جمون و کشمیر کا کوہستانی علاقہ عنایت فرمایا اور اُن علاقون مین اُنکی آزادی تسلیم کی اور اُنسے ایک جُداگانہ معاہدہ منعقد کیا جسپر ۸ - مارچ ۱۸۴۶ء کو دستخط ہوے۔ اِس عہد و پیمان کی رو سے یہ قرار پایا کہ وہ پچھتر لاکھ روپیہ نذر کر کے اُس حصۂ ملک پر قابض و متصرف رہین جسپر سکھون کے عہد مین قابض تھے۔ راجہ گلاب سنگھ نے انگریزون کی حکومت اعلیٰ تسلیم کر لی اور یہ اقرار کیا کہ ہمسایہ ریاستون سے اگر کوئی نزاع پیش آئیگی تو اُسکا فیصلہ برٹش گورنمنٹ کرے گی اور وہ ہنگام ضرورت انگریزی فوج کی اعانت کرینگے۔ اِسطرح جمون و کشمیر کی موجودہ ریاست قائم ہوئی اور راجہ گلاب سنگھ اِس ریاست کے مہاراجہ ہوے۔ غدر ۱۸۵۷ء مین اُنھون نے گورنمنٹ کی اعانت کے واسطے اپنی فوج کا ایک کنٹنجنٹ اور توپخانہ بھیجا۔ اگست ۱۸۵۷ء مین مہاراجہ گلاب سنگھ نے قضا کی اور اُنکے بڑے بیٹے مہاراجہ رندھیر سنگھ مسند نشین ہوے۔ اُنکو گورنمنٹ نے استحقاق تبنیت کی سند عطا فرمائی اور جی - سی - ایس - آئی - کا معزز خطاب مرحمت کیا اور ایک کوہی توپخانہ بھی دیا۔ ۱۸۷۷ء مین دربار دہلی کے موقع پر وہ افواج انگلشیہ کے جنرل اور مشیر قیصر ہند کے معزز خطاب سے سرفراز کیے گئے۔ ۱۲ - ستمبر ۱۸۸۵ء کو مہاراجہ رندھیر سنگھ نے وفات پائی اور اُنکے بیٹے ہز ہائینس مہاراجہ سر پرتاب سنگھ مسند آرائے ریاست ہوے۔ آپکے عہد مین ایک رزیڈنٹ متعین ہوا۔ ۱۸۸۹ء مین مہاراجہ پرتاب سنگھ نے ریاست کی انتظامی حالت درست کرنے کی غرض سے انتظامی امور سے کنارہ کشی کی۔ ہز ہائینس کا استعفا قبول کیا گیا۔ اور گورنمنٹ نے نظم و نسق ریاست ایک کونسل کے سپرد کیا جسمین مہاراجہ صاحب کے دونون بھائی اور کچھ چیدہ انگریزی افسر شریک کیے گئے اور یہ قرار پایا کہ اگرچہ کونسل کو کامل اختیارات ہین لیکن کوئی اہم کام بلا مشورہ رزیڈنٹ کے نہ کیا جاے اور صاحب رزیڈنٹ کونسل کی کارروائیون کے صلاح کار رہین۔ نومبر ۱۸۹۱ء مین مہاراجہ صاحب کی

خواہش پر اقتدارات اُنکو حاصل ہو گئے اور سابقہ کونسل مہاراجہ صاحب کے زیر صدارت ہو گئی لیکن رزیڈینٹ کے صلاح و مشورے کی شرط قائم رہی جسکو مہاراجہ صاحب نے بھی بخوشی خاطر منظور کیا - ہزہائینس کو ۱۸۹۲ء مین جی - سی - ایس - آئی کا خطاب عطا ہوا اور آپ برٹش فوج کے آنریری میجر جنرل بھی ہین - جموں و کشمیر کا رقبہ تقریبًا اسی ہزار میل مربع ہے - آبادی بشمول گلگٹ وغیرہ تخمینًا پچیس لاکھ ہے - محاصل سینتالیس لاکھ - فوج تخمینًا دس ہزار ہے - سلامی اُنیس ضرب توپ مگر حدود ریاست مین اکیس شلک ہے -

پٹیالہ

ہز ہائینس فرزند خاص دولت انگلشیہ منصور زمان امیر الامرا مہاراجہ دھراج راجیشر سری مہاراجۂ راجگان مہاراجہ بھوپالندر سنگھ بہادر

ولادت ۱۲-اکتوبر ۱۸۹۱ء-جانشینی ۲۲-اکتوبر ۱۹۰۱ء-پنجاب مین یہ سب سے بڑی سکھ ریاست ہے-ہز ہائینس سکھون کے فرقہ سدھو جاٹ سے تعلق رکھتے ہین-ریاست کی بنیاد ۱۷۵۲ء مین سردار آلا سنگھ نے ڈالی تھی-وہ چودھری پھول کے دوسرے بیٹے رام کی اولاد سے تھے-چودھری پھول کے بڑے بیٹے کی اولاد مین راجگان نابھہ و جھیند ہین-آلا سنگھ احمد شاہ درانی کے ہمعصر تھے جنکے جانشینون نے بہت کچھ فتوحات حاصل کین اور ریاست کی شان قائم کردی-۱۸۱۴ء مین مہاراجہ کرم سنگھ نے (جو آلا سنگھ کی چوتھی پشت مین تھے) جنگ گورکھا مین جنرل اکٹر لونی صاحب کو مدد دی اور کیونتھل اور بگھاٹ کے کچھ قطعات اُنکو صلۂ خدمت مین دیے گئے-گورنمنٹ نے ۱۸۳۰ء مین شملہ کا کوہی علاقہ پرگنۂ بھرولی کے تین مواضع کے عوض مین حاصل کیا اور سکھون کی اوّل جنگ مین مہاراجہ کے حُسن خدمات کے صلہ مین ایک دوسرے راجہ کا منضبطہ علاقہ گورنمنٹ نے مرحمت کیا-۱۸۴۷ء مین ایک سند کے ذریعہ سے اُنکے قدیم اور جدید علاقہ کی مع اُسکے تمام حقوق کے توثیق کی گئی-مہاراجہ کرم سنگھ کے بعد اُنکے بیٹے مہاراجہ نریندر سنگھ گدی نشین ہوے-اُنھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین سرکار انگلشیہ کی خدمات انجام کین جسکے صلہ مین اُنکو علاوہ دیگر اعزاز و اکرام کے علاقہ جھجر کا حصہ نارنول عطا ہوا جسکی سالانہ آمدنی دو لاکھ روپیہ تھی-۱۸۶۰ء مین اُنکو اور اُنکے وارثون کو اُنکے موروثی اور جدید مقبوضات پر فرمانروایانہ اختیارات ملے اور ۱۸۶۲ء مین سند اختیار تبنیت عطا ہوئی-اُنھون نے ۱۸۶۲ء مین

وفعتاً قضا کی اور مہاراجہ مہندر سنگھ کو گورنمنٹ نے اُنکا جانشین تسلیم کیا - اُنکے زمانۂ نابالغی مین چھ برس تک ریاست کا انتظام کونسل آف ریجنسی نے کیا اور ۱۸۷۰ع مین وہ باختیارات کامل مسند پر متمکن اور دوسرے سال جی - سی - ایس - آئی کے خطاب سے سرفراز ہوے مہاراجہ صاحب موصوف نے ۱۴ - اپریل ۱۸۷۶ع کو قضا کی - ہزہائینس بڑے اولوالعزم اور فیاض رئیس تھے - اُنھون نے صرف نہر سرہند کی تعمیر مین ایک کروڑ تئیس لاکھ روپیہ دیا - مہاراجہ مہندر سنگھ کی وفات کے بعد مہاراجہ راجندر سنگھ مالک ریاست ہوے اور ۱۸۹۰ع مین مہاراجہ صاحب کو اختیارات حکومت عطا ہوے اور ۲۳ - اکتوبر ۱۸۹۰ع کو اٹھارہ برس کی عمر حاصل کرنے پر اُن اختیارات کی توثیق عمل مین آئی ۱۸۷۹ع عیسوی مین جنگ افغانستان مین ریاست نے اپنی فوج گورنمنٹ کو دی جو پنجاب کی بعض دیگر ریاستون کے کنٹنجنٹ کے ساتھ وادی قرم مین کام مین لائی گئی - ہزہائینس مہاراجہ راجندر سنگھ نے ۲۲ - اکتوبر ۱۹۰۰ع کو عین عالم شباب مین انتقال فرمایا اور ہزہائینس مہاراجہ بھوپ اندر سنگھ بہادر جو ابھی نابالغ ہین جانشین تسلیم کیے گئے - ریاست کا رقبہ پانچ ہزار چارسو بارہ مربع میل - آبادی پندرہ لاکھ چھیاسی ہزار تیس - فوج بشمول پولیس چھ ہزار نواسی اور محاصل چھیاسٹھ لاکھ روپیہ ہے - سلامی سترہ ضرب توپ ہے -



ہز ہائینس نواب محمد بہاول خان بہادر والی بہاولپور

بہاولپور

ہز ہائینس نواب محمد بہاول خان عباسی رُکن الدولہ نصرت جنگ مخلص الدولہ - حافظ الملک والی بہاول پور

ولادت ۲۳ - اکتوبر ۱۸۸۳ء - جانشینی ۱۰ - مارچ ۱۸۹۹ء - اِس ریاست کے حکمران داؤد پوترہ کے لقب سے مشہور ہین اِس نام کے ماخذ داؤد خان ثانی ہین جو سلطان احمد دوم عباسی کی نسل سے تھے - موجودہ حکمران کے مورث اعلیٰ امیر صادق محمد خان نے اِس مقام کو آباد کیا اور ریاست قائم کی - اُنھون نے ۱۷۴۶ء مین رحلت کی اُنکے جانشین اُنکے فرزند محمد بہاول خان اوّل ہوے جنھون نے بہاول پور کو ۱۷۴۸ء مین آباد کیا تھا - ۱۷۴۹ء مین اُنکی وفات پر اُنکے بھائی مبارک خان گدی نشین ہوے - اُس زمانے مین سکھون کا بہت بڑا زور تھا مگر بہاول پور کو کوئی گزند نہین پہونچا - مبارک خان نے ۱۷۷۲ء مین قضا کی - اُنکے جانشین اُنکے بھتیجے بہاول خان ثانی ہوے اُنکو شاہ عالم دہلی کے دربار سے "رکن الدولہ نصرت جنگ مخلص الدولہ حافظ الملک" کا خطاب عطا ہوا اور یہ خطاب ابتک اس خاندان مین چلا آتا ہے ۱۸۰۸ء مین گورنمنٹ انگلشیہ سے رسم وراہ شروع ہوئی - ۱۸۰۹ء مین بہاول خان ثانی نے رحلت کی اور صادق محمد خان اُنکے بیٹے مسند نشین ہوے لیکن اُنکے عہد مین سوا خانہ جنگیون کے کوئی یادگار واقعہ نہوا اور ۱۸۲۵ء مین انھین خانہ جنگیونکی بدولت اُنکی جان بھی گئی - اُنکے جانشین بہاول خان ثالث ہوے - انکے عہد حکومت مین جب سکھون کے حملہ و یورش کی خبر گرم ہوئی تو اُنھون نے لارڈ ولیم بنٹنگ سے مدد چاہی - لارڈ صاحب موصوف نے سکھونکی یورش روک دی اور گورنمنٹ انگلشیہ سے عہد و میثاق بھی ہو گئے - چنانچہ انھین مراسم کے سبب سے

ریاست نے ضرورت کے وقت گورنمنٹ کو فوج اور سامان حرب سے مدد دی اور گورنمنٹ نے اُسکے صلہ مین قطعات ملک عطا فرمائے۔ ایک مرتبہ نواب بہاول خان نے جنگ ملتان مین گورنمنٹ انگلشیہ کو بڑی بیش قیمت مدد دی جس کے صلہ مین اُس زمانے سے جب گورنمنٹ نے پنجاب کی حکومت اختیار کی ایک لاکھ روپیہ سالانہ کی پنشن بھی نواب صاحب کے نام تا حین حیات جاری کی گئی۔ نواب صاحب نے سنہ ۱۸۵۲ء مین وفات پائی اور اُن کے خلف اصغر سعادت یار خان حسب وصیت جانشین ہوے۔ اُنکا خطاب صادق محمد خان ثالث ہوا۔ لیکن نواب فتح خان اُنکے بڑے بھائی نے اُن کو داؤد پوترون کی مدد سے بیدخل کر دیا اور گورنمنٹ نے نواب فتح خان کی جانشینی تسلیم کی نواب فتح خان نے زمانۂ غدر مین گورنمنٹ کو فوج سے بہت بڑی مدد دی لیکن سنہ ۱۸۵۸ء ہی مین اُنکا انتقال ہوگیا۔ اُنکی جگہ اُنکے فرزند نواب بہاول خان رابع مسند نشین ہوے مگر اُنھون نے آٹھ برس بسلامت روی حکومت کر کے سنہ ۱۸۶۶ء مین عالم بقا کی راہ لی۔ اُنکے بیٹے نواب صادق محمد خان رابع اُسوقت چار برس پانچ مہینے کے تھے سنہ ۱۸۷۹ء مین نواب صادق محمد خان رابع باختیارات کامل مسند نشین کیے گئے۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۹۹ء مین رحلت کی اور اُنکے فرزند نواب بہاول خان خامس اُنکے قائم مقام ہوے سنہ ۱۸۹۶ء مین آپ لاہور چیفس کالج مین تعلیم کے واسطے بھیجے گئے۔ وہان آپ نے نہایت مستعدی۔ محنت اور قابلیت سے تعلیم حاصل کی اور سنہ ۱۹۰۰ء مین آپ نے مڈل اسکول اسٹینڈرڈ اور سنہ ۱۹۰۱ء مین انٹرنس کا امتحان پاس کیا۔ ریاست مین تنتیس ابتدائی سات اینگلو ورنیکلر مدرسے ایک ہائی اسکول۔ ایک صنعتی کالج ہے۔ نواب صاحب بہاولپور کا درجہ روساء پنجاب مین تیسرا ہے۔ ریاست کا رقبہ پندرہ ہزار نوسو اٹھارہ۔ آبادی تقریباً سات لاکھ بیس ہزار۔ مجموعی محاصل بائیس لاکھ۔ فوج بشمول پولیس پانچ سو سولہ ہے۔ سلامی سترہ ضرب توپ ہے۔

نابھہ

ہز ہائینس راجۂ راجگان فرزند ارجمند عقیدت پیوند دولت انگلشیہ

راجہ سر ہیرا سنگھ مہندر بہادر۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی والی نابھہ

ولادت ۱۸۴۳ء مسند نشینی ۱۔ اگست ۱۸۷۱ء۔ ہز ہائینس سدھو جاٹ کے خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو اپنے بانی پھول کے نام سے پھولکیان مشہور ہے۔ اِسی خاندان سے والیان پٹیالہ اور جھیند ہین۔ سردار ہمیر سنگھ نے اسکی بنیاد ڈالی تھی جو اٹھاروین صدی کے اواخر مین اپنے بھائی بندون کے ساتھ سرہند پر قابض تھے۔ اِسکے صلہ مین انکو پرگنہ املوہ ملا۔ مگر انھون نے متروکہ جدی جائداد مین بھی بہت سے گانؤن اضافہ کیے اور کچھ عرصہ تک خود مختاری کے ساتھ بسر کی ۱۸۰۹ء مین یہ ریاست انگریزون کے ظل عاطفت و حمایت مین آئی۔ اُس زمانے مین نابھہ کا محاصل صرف ڈیڑھ لاکھ روپیہ سالانہ تھا۔ جنگ گورکھا مین والی نابھہ نے اکٹرلونی صاحب کو رسد پہونچائی اور ۱۸۳۹ء کی مہم کابل کے اخراجات مین چھ لاکھ روپیہ دیے ۱۸۴۰ء مین راجہ جسونت سنگھ کے بیٹے دیوندر سنگھ مسند نشین ہوے مگر زمانے نے اُنکے ساتھ موافقت نہ کی اور اُنکے بجاے اُنکے بیٹے بھرپور سنگھ جو اُسوقت نابالغ تھے مسند نشین ہوے۔ غدر ۱۸۵۷ء مین اُنھون نے گورنمنٹ کے ساتھ رفاقت کی اور سپاہ و رسد سے قابل قدر مدد دی جسکے صلہ مین سرکار انگلشیہ نے اُن کو جھجر کے ضلع مین ایک وسیع علاقہ مرحمت فرمایا جسکی آمدنی ایک لاکھ روپیہ سالانہ سے زیادہ تھی۔ اِسکے علاوہ ایک سند بھی دی جس سے اُنکو تبنیت کا اختیار حاصل ہوا۔ ۱۸۶۳ء مین اُنکی وفات پر اُنکے بھائی راجہ بھگوان سنگھ مسند آرا ہوئے اُنھون نے ۱۸۷۱ء مین وفات پائی چونکہ اُنکے کوئی اولاد نہ تھی لہذا ۱۸۶۰ء کی سند کے بموجب راجہ صاحب حال جو اُنکے

یک جدی رشتہ دارین جانشین منتخب ہوے۔ ۱۰۔اگست ۱۸۷۱ء کو آپ مسند ریاست پر متمکن ہوے۔ آپ نے ۱۸۷۸-۷۹ء کی جنگ افغانستان مین اپنی فوج سرحد پر بھیجی جسنے وادی قرم مین کارہاے نمایان کیے۔ پھر امپریل سروس کے واسطے ڈیڑھ سو سوار اور چھ سو پیدل فوج تیار کی۔ ۱۸۷۹ء مین آپکو رئیس دلاور اعظم طبقہ اعلاے ستارۂ ہند کا خطاب عطا ہوا۔ اور سلامی مین بھی اضافہ ہوا۔ ریاست کا رقبہ نو سو اٹھائیس مربع میل۔ آبادی دو لاکھ ستانوے ہزار نو سو اُنچاس۔ فوجی قوت بشمول پولیس ایک ہزار پانسو بارہ اور محاصل ساڑھے تیرہ لاکھ ہے۔ ہز ہائینس کے صاحبزادے اور ولیعہد کا نام ٹیکہ رپ دمن سنگھ بہادر ہے جو مارچ ۱۸۸۳ء کو پیدا ہوے تھے۔ سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

جھیند

ہز ہائینس راجۂ راجگان فرزند دلبند راسخ الاعتقاد دولت انگلشیہ راجہ رنبھیر سنگھ بہادر

ولادت ۱۸۹۰ء - جانشینی ۱۸۸۷ء - ہز ہائینس بھی اُسی خاندان سے ہین جسمین مہاراجگان پٹیالہ و نابھ ہین مگر آپ کا تعلق شاخ کلان سے ہے - اِس خاندان کے بانی راجہ گجپت سنگھ تھے جنکے نواسے مہاراجہ رنجیت سنگھ صاحب والی لاہور تھے - ۱۷۷۲ء مین شاہ عالم کے دربار سے اُنکو راجہ کا خطاب مرحمت ہوا تھا اور وہ ایک خود مختار رئیس ہوگئے اُنکے مرنے پر اُنکے بیٹے راجہ بھاگ سنگھ مسند نشین ہوے جنکو لارڈ لیک صاحب نے بصلۂ خیر خواہی ریاست گوہنا پر بحال رکھا اور دیگر عطایا سے بھی سرفراز کیا - ۱۸۱۹ء مین بھاگ سنگھ نے اور ۱۸۲۲ء مین اُنکے جانشین فتح سنگھ نے قضا کی - اُنکے قائم مقام راجہ سنگت سنگھ ہوے مگر وہ بھی ۱۸۳۴ء مین لاولد فوت ہوگئے - اِنکے بجاے راجہ بھاگ سنگھ کے بھائی بھوپ سنگھ کے پوتے سروپ سنگھ مسند نشین ہوے لیکن اس انتظام مین صرف دو لاکھ چھتیس ہزار کے محاصل کا ملک راجہ گجپت سنگھ کی میراث قرار پایا اور رئیس کو ملا اور ایک لاکھ بیاسی ہزار روپیہ سالانہ کا ملک گورنمنٹ نے لے لیا - سکھونکی اول جنگ مین راجہ سروپ سنگھ نے گورنمنٹ ہند کی خیرسگالی مین بڑی ہمت اور استقلال سے کام لیا اور رسد اور بار برداری کی مدد پہونچائی - اِس خدمت کے صلہ مین گورنمنٹ نے اُنکو تین ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر عطا کی اور ایکہزار روپیہ سالانہ کی ایک رقم واجب یافتنی معاف کر دی - ۱۸۴۷ء مین ایک سند مرحمت ہوئی جسکے ذریعے سے گورنمنٹ نے یہ وعدہ کیا کہ خراج یا نذرانہ یا فوجی اخراجات کے نام سے کوئی رقم کبھی نہ لیجائے گی اور راجہ صاحب نے یہ عہد کیا کہ ہنگام جنگ جان و مال سے مدد کرینگے جب ۱۸۵۷ء مین غدر ہوا تو راجہ صاحب نے سرکار انگلشیہ کی مدد و اعانت کی - کرنال کی چھاؤنی مین آٹھ سو بہادرون کے ساتھ وہ میدان جنگ مین رہے اور علی پور کی لڑائی مین

بھی بالذات شریک رہے اور صاحب کمانڈر انچیف نے اُنکو ایک توپ مرحمت کی اِسطرح وہ اور اُنکی فوج ہر موقع پر سامان رسد اور بار برداری کی بہم رسانی مین مصروف اور سلسلۂ آمد و رفت کی حفاظت مین سینہ سپر رہی ۔ اِن مساعی جمیلہ کے صلہ مین سرکار انگلشیہ نے اُنکو داوری کا علاقہ عطا فرمایا جسکا رقبہ چھ سو مربع میل ہے اور گیارہ ضرب سلامی معتبر ہوئی اور سند تہنیت ملی اور بعد چندے رئیس دلاور اعظم طبقۂ اعلاے ستارۂ ہند کا خطاب مرحمت ہوا۔ انھون نے ۱۸۶۴ء مین وفات پائی۔ اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے راجہ رگھبیر سنگھ مسند نشین ہوے۔ اُنھون نے اپنی ریاست کی شورشون کے فرو کرنے مین بڑی جوانمردی سے کام لیا اور آخری جنگ افغانستان مین سات سو بہادر سپاہی سرکار انگلشیہ کی مدد کو بھیجے۔ ۱۸۸۰ء مین اُنھون نے وفات پائی اور چونکہ اُنکے بیٹے بلبیر سنگھ اُن کی حین حیات قضا کر چکے تھے لہذا اُنکے پوتے راجہ صاحب حال جانشین مقرر ہوے۔ آپکے زمانۂ نابالغی مین ریاست کا انتظام ایک کونسل کے زیر نگرانی رہا۔ ۱۰ نومبر ۱۸۹۹ء کو اختیارات کامل آپ کو عطا ہوے۔ ریاست کا رقبہ بارہ سو اٹھتر مربع میل۔ آبادی دو لاکھ بیاسی ہزار اکاون۔ محاصل سوا تیرہ لاکھ۔ فوج بشمول پولیس ایک ہزار سات سو چھبیس اور سلامی گیارہ ضرب ہے۔



ہز ہائینس مہاراجہ جگت جیت سنگھ بہادر کے سی ایس-آئی والی کپورتھلہ

کپورتھلہ

ہزہائینس راجۂ راجگان فرزند دلبند راسخ الاعتقاد دولت انگلشیہ

مہاراجہ سر جگت جیت سنگھ صاحب بہادر کے-سی-ایس-آئی-والی کپورتھلہ

ولادت نومبر سنہ ۱۸۷۲ء - مسند نشینی سنہ ۱۸۹۰ء - ریاست کپورتھلہ کی بنیاد نواب جسا سنگھ صاحب نے ڈالی تھی جنکی ساتوین پشت مین مہاراجہ صاحب حال ہین - نواب جسا سنگھ صاحب موضع ہلووال ضلع لاہور کے اصلی باشندے تھے - اسی وجہ سے اِس خاندان کا نام اہلووالیہ مشہور ہوا آپ کا سلسلۂ نسب راجگان چندر بنسی بھٹی راجپوت والیان جیسلمیر سے ملتا ہے - زوال سلطنت مغلیہ کے وقت جب سکھون نے ملک گیری شروع کی تو اِنھون نے دریاے راوی سے جمنا تک بہت سا حصۂ ملک فتح کر کے دوآبۂ جالندھر مین قصبۂ کپورتھلہ کو اپنا مستقر حکومت بنایا - وہ بہت شجاع اور عدل گستر تھے اور خالصہ قوم کے پیشوا اور گرو مانے جاتے تھے - انکے بعد سردار بھاگ سنگھ سنہ ۱۷۸۴ء سے سنہ ۱۸۰۱ء تک - انکے بعد مہاراجہ فتح سنگھ صاحب بہادر ۳۶ سال تک بعدل و انصاف حکومت کرتے رہے - مہاراجہ رنجیت سنگھ والی پنجاب اِن کو اپنا رفیق اور برادر کلان سمجھتے تھے - سنہ ۱۸۰۶ عیسوی مین گورنمنٹ انگلشیہ نے جو پہلا عہدنامہ سکھون سے کیا تھا وہ لارڈ لیک صاحب اور سردار رنجیت سنگھ و فتح سنگھ اہلووالیہ کے مابین ہوا تھا - سنہ ۱۸۳۷ء مین راجہ نہال سنگھ مسند آرا ہوے، انکو گورنمنٹ انگلشیہ سے جنگ ملتان کی امداد کے صلہ مین ۵ دسمبر سنہ ۱۸۴۹ء کو خطاب راجگی و بہادری کی سند مرحمت ہوئی تھی - اُنکے بیٹے مہاراجہ رندھیر سنگھ جو سنہ ۱۸۳۱ء مین پیدا ہوے تھے - اُنکے رستمانہ کارنامون کی بہت بڑی شہرت ہے - انھون نے غدر سنہ ۱۸۵۷ء کے

نازک موقع پر بسر کردگی اپنی فوج کے ملک پنجاب سے اودھ تک گورنمنٹ کی خدمات انجام دین - اس جانفشانی کے صلہ مین اُنکو جی - سی - ایس - آئی - کا خطاب عطا ہوا تھا اور ایک وسیع علاقہ بونڈی بھٹولی بطور استمراری جاگیر و علاقہ جات اکونہ و درگاپور بطور زمینداری دوام مرحمت ہوے تھے سنہ ۱۸۷۰ع مین وہ بعزم شرف حضوری حضرت قیصرۂ ہند مرحومہ روانہ انگلستان ہوئے لیکن اثناء راہ مین بمقام عدن اُنکا پیمانۂ حیات لبریز ہوگیا - اُنکی یادگار مین بمقام ناسک ایک سمادہ بصرف زر کثیر اور کپورتھلہ مین رندھیر کالج و رندھیر ہسپتال قائم کیا گیا - اُنکے بعد اُنکے فرزند اکبر مہاراجہ کھڑک سنگھ بہادر سنہ ۱۸۷۰ع مین مسند نشین ہوے اور اپنے والد بزرگوار کے قدم بہ قدم رہے سنہ ۱۸۷۷ع مین مہاراجہ کھڑک سنگھ نے وفات پائی اور ہز ہائینس حال انکے جانشین ہوے اور سنہ ۱۸۹۰ع مین بحصول اختیارات مسند نشین ریاست ہوے - آپنے مختلف السنہ و علوم مین زیر نگرانی صاحبان یوروپین تعلیم پائی ہے چنانچہ علاوہ فارسی و اُردو و ہندی کے آپ زبان انگریزی و فرانسیسی مین نہایت بے تکلفی سے گفتگو کرتے ہین - آپ اپنی ریاست کا انتظام نہایت دانشمندی اور فراست و بیدار مغزی سے سرانجام دیتے ہین آپنے عالیشان عمارتین بنوائی ہین اور رعایا کی آسایش و ریاست کی آرایش پر آپ ہمہ تن مصروف رہتے ہین تعلیم اطفال و تعلیم نسوان کے مدرسہ اور کالج غربا کے واسطے مردانہ و زنانہ شفاخانہ آپنے قائم کیے ہین اور شہرون مین روشنی اور صفائی کے لیے خاص انتظام کیا ہے - آپکو سیاحت کا ازبس شوق ہے چنانچہ آپ نے تین مرتبہ بلاد یورپ کے طول طویل سفر کیے ہین پہلی مرتبہ سنہ ۱۸۹۳ع مین آپ نے قاہرہ - اٹلی - لندن - امریکہ - پیرس وغیرہ کی سیر کی - اس سفر مین بمقام فلارنس آپکو حضرت ملکہ قیصرۂ ہند مرحومہ کی حضوری حاصل ہوئی - امپیریل انسٹیٹیوٹ کی رسم افتتاح مین آپ نے شرکت کی - نمائشگاہ شکاگو ملاحظہ کی - شاہ اٹلی - شاہ بلجیم اور شہنشاہ آسٹریا سے ملاقاتین ہوئین - دوسری بار سنہ ۱۸۹۷ع مین آپ حضرت ملکۂ وکٹوریہ مرحومہ کی ڈائمنڈ جوبلی مین شریک ہوے اور اس موقع پر علیا حضرت مرحومہ نے آپکو اپنے دست مبارک سے تمغۂ

کے۔سی۔ایس۔آئی۔اور ایک طلائی تمغۂ جوبلی مرحمت فرمایا۔روم مین بادشاہ اٹلی نے ہزہائینس کو کھانے پر مدعو فرمایا۔ہزہائینس برسلز۔اسٹنڈ۔برلن ہوتے ہوے سنٹ پٹرسبرگ تشریف لیگئے اور شہنشاہ روس سے ملاقات کی۔پھر ماسکو اڈیسہ۔قسطنطنیہ۔ویانا اور میونک کو دیکھتے ہوے واپس تشریف لائے۔تیسری بار بغرض تبدیل آب و ہوا آپ نے ۱۸۹۰ء مین یورپ کا سفر کیا۔ڈیڑھ مہینہ پیرس مین قیام کیا۔پھر انگلستان آئے۔یہان بمقام قلعۂ ونڈسر حضرت ملکہ قیصرۂ ہند مرحومہ کی ملازمت سے امتیاز حاصل کیا۔علیا حضرت کے ارشاد کے بموجب انکے مصوّر خاص نے آپکی رنگین تصویر دستی تیار کی جو بطور یادگار ڈائمنڈ جوبلی وہان آویزان کی گئی۔اس سفر مین آپ نے سوئٹزرلینڈ اور شوموکی سیر کی اور پیرس ہوتے ہوے مراجعت فرما ہوے۔۱۸۸۰ء کے ہنگامۂ کابل مین آپکی ریاست کی فوج چیدہ افسرونکی ماتحتی مین بھیجی گئی اور کامیاب و نیک نام واپس آئی۔مہم تیراہ مین آفریدیون کی جنگجو قوم کے مقابلہ کے واسطے بھی ریاست کی فوج گئی۔اس مہم مین بہادر سپاہیان کپورتھلہ کنٹنجنٹ کا ایک دستہ مع ایک صوبہ دار کے ایک جمعیت کثیر کے نرغہ مین آگیا اور دست بدست لڑتا ہوا میدان جنگ مین کام آیا۔اس موقع پر علیا حضرت مرحومہ نے بذریعہ تار برقی اپنے تاسف وہمدردی کا اظہار فرمایا۔ان جانباز سپاہیون کی سرفروشی کی یادگار مین بمقام کپورتھلہ ایک سنگین مینار تعمیر کیا گیا ہے۔گورنمنٹ نے ان دونون موقعون پر فوج کو تمغے عطا فرمائے اور افسران ریاست کی تعریف کرکے ریاست کی اس دوستانہ اعانت پر شکرگزاری کا اظہار فرمایا۔جنگ جنوبی افریقہ کے موقع پر بھی ریاست نے پچاس گھوڑے نذر کیے اور گورنمنٹ نے شکرگزاری سے یہ نذر قبول کی۔ہزہائینس کی مشکوے معلّے مین ۱۸ مئی ۱۸۹۲ء کو ایک فرزند ولیعہد ریاست پیدا ہوا۔کل ریاست پنجاب و ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کا رقبہ ۶۵۲ مربع میل۔آبادی تقریباً پانچ لاکھ اور محاصل بیس لاکھ ہے۔فوج بشمول پولیس پندرہ سو بیالیس ہے۔ہزہائینس کی سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

چمبہ

ہز ہائینس راجہ شام سنگھ والی چمبہ

ولادت ۱۸۶۶ء۔ جانشینی ۱۸۷۹ء۔ مسند نشینی ۷ جولائی ۱۸۸۴ء۔ والیان چمبہ راجپوت ہین جو ابتدا ئً اِس ملک مین مارواڑ سے آئے تھے۔ ریاست کی بنیاد راجہ ادگر سنگھ نے ڈالی تھی جنھون نے ۱۷۳۵ء مین وفات پائی۔ ۱۸۴۶ء مین ملک کا کچھ حصہ غلطی سے مہاراجہ گلاب سنگھ والی کشمیر کے ہاتھ مین چلا گیا تھا لیکن ایک سال بعد راجہ سری سنگھ کو جو حقدار تھے دیدیا گیا۔ اُنھون نے ۱۸۷۰ء مین لاولد وفات پائی اور اُنکے بھائی گوپال سنگھ مسند نشین کیے گئے۔ اسوقت اُنکے چھوٹے بھائی سوچیت سنگھ نے ریاست کا دعویٰ کیا لیکن صاحب سکرٹری آف اسٹیٹ نے اُنکا دعویٰ باطل گردانا ۱۸۷۳ء مین راجہ گوپال سنگھ نے کنارہ کشی اختیار کی اور مہاراجہ حال اُنکے جانشین ہوے۔ ۷ جولائی ۱۸۸۴ء مین راجہ صاحب سن بلوغ کو پہونچے اور ۱۰ نومبر ۱۸۸۴ء کو اختیارات کامل عطا ہوے۔ ریاست کا رقبہ تین ہزار ایک سو چھبیس مربع میل۔ آبادی ایک لاکھ اٹھائیس ہزار محاصل تین لاکھ پچاس ہزار۔ اور فوج بشمول پولیس تین سو چھیاسی ہے۔ اتواپ سلامی گیارہ ضرب ہے۔



ہز ہائنس راجہ شام سنگھ والی چمبہ



ہز ہائنیس مہاراجہ سر سریندر بکرم پرکاش بہادر کے سی-آئی-ای والی سرمور ناہن

سرمور ناہن

مہاراجہ سر سریندر بکرم پرکاش بہادر کے سی-ایس-آئی

ولادت ۱۴-۱-نومبر ۱۸۶۷ء-مسند نشینی ۲-۱۰-اکتوبر ۱۸۹۸ء-ہز ہائینس ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین-سلطنت اسلامیہ کے پہلے یہ ریاست خود مختار تھی مگر اسوقت کا کوئی مفصل اور معتبر حال معلوم نہین ہے-شاہجہان کے زمانہ سے اِس ریاست کا تعلق سلطنت مغلیہ سے ہوا-اُسوقت یہان کے رئیس راجہ کے خطاب سے مخاطب کیے جاتے اور قدوۃ الامثال لکھے جاتے تھے-۱۸۱۵ء مین راجہ کرم پرکاش کے وقت مین گورکھے اِس حصۂ ملک سے باہر نکالے گئے اور ۲۱-ستمبر ۱۸۱۵ء کو گورنمنٹ انگلشیہ نے اُنکے فرزند اکبر فتح پرکاش کو مسند نشین کیا اور سند عطا فرمائی-۱۸۵۶ء مین اُنکے خلف اکبر راجہ شمشیر پرکاش صاحب جانشین ہوے-اُنکے عہد مین ریاست نے بہت بڑی ترقی کی-دیوانی فوجداری اور مال کی عدالتین قائم ہوئین-سڑکین بنین-محکمۂ جنگلات باضابطہ قائم ہوا-فوج کی ترتیب و تعلیم کی گئی-ایک لوہے کا کارخانہ قائم ہوا-گزشتہ جنگ افغانستان کے موقع پر اِنھون نے دوسو پیدل فوج روانہ کی-اِس حسن خدمت کے صلہ مین گورنمنٹ نے انکو رئیس دلاور اعظم طبقہ اعلاے ستارۂ ہند کے خطاب سے ممتاز و سرفراز فرمایا اور بطور ذاتی اعزاز کے سلامی مین اضافہ فرماکر ۱۳ ضرب توپ مقرر کی-۱۸۹۸ء مین اُنکے خلف اکبر مہاراجہ صاحب حال جانشین ہوے-آپ علمی اور عملی قابلیت مین اپنے والد بزرگوار کے قدم بہ قدم ہین-آپ انگریزی مین معقول دستگاہ رکھتے ہین-آپ نے معدلت گستری کے واسطے عدالتون کے انتظام مین نہایت ترقی دی ہے-مرافعہ آخری آپکے اجلاس مین ہوتا ہے-آپنے عہدہ دارونکی تنخواہین بڑھادی ہین اور رشوت ستانی کا سدباب کردیا ہے-آپ ریاست کی صنعت و حرفت کو ترقی دینے

اور اُسکے سلسلۂ تجارت کو بڑھانے کے واسطے ہر ایک کوشش کرتے رہتے ہین - آپکو پابندی اوقات کا خاص التزام ہے - آپ ہفتہ مین دو بار دربار فرماتے ہین - ایک مین اعلیٰ وادنےٰ افسران و ملازمان ریاست باریاب ہوتے اور عرض معروض کرتے ہین اور دوسرے مین غیر ملازم اشخاص شرف ملازمت حاصل کرتے ہین - سکرٹری صاحبان آپکے سامنے کاغذات پیش کرتے ہین اور آپ ہر کاغذ پر اپنے دست خاص سے حکم ثبت فرماتے ہین - ریاست مین مینوسپلٹی قائم ہے اور مینوسپلٹی مین انتخابی اصول جاری ہین - مردانہ اور زنانہ شفاخانہ قائم ہین اور دایہ گری کی بھی تعلیم دیجاتی ہے - خاص ناہن مین ایک ہائی اسکول کھُلا ہوا ہے اور مفصلات مین دیہاتی مدارس کے ذریعہ سے تعلیم عوام کا بند وبست کردیا گیا ہے - فوج مین ایک پلٹن اور دو کمپنیان سائپرس مائنرس (سفر مینا) باڈی گارڈ - ایک توپخانہ اور ایک پورا بینڈ بہ ماتحتی ایک یورپین بینڈ ماسٹر ہے آپ نے مہم چین وجنوبی افریقہ مین اپنی خدمات پیش کین جبکا گورنمنٹ نے شکریہ ادا کیا - سفر مینا کی پلٹن - امپیریل سروس مین داخل ہے - یہ کمپنیان سنہ ۱۹۰۱ء مین خوشحال گڑھ بھیجی گئین جہان وہ سال بھر سے زیادہ خوشحال گڑھ کوہاٹ ریلوے کے بنانے مین سرگرمی سے مشغول ومصروف رہین اور گورنمنٹ عالیہ کی خوشنودی کی مستحسن ٹھہرین - اسیطرح ہز ہائینس نے نظم ونسق ریاست کے تمام امور مین اپنی ذاتی دلچسپی سے ایک نئی صورت اور اصلاح پیدا کردی ہے - گورنمنٹ عالیہ نے نومبر سنہ ۱۹۰۱ء مین راجہ صاحب کو خطاب کے - سی - ایس - آئی سے سرفراز فرمایا اور آپکے چھوٹے بھائی میجر بیر بکرم سنگھ صاحب بہادر کو (جو افواج سرمور کے کمانڈر انچیف اور بنگال سائپرس مین آنریری کرنل ہین) خطاب سی - آئی - ای سے ممتاز کیا - مہاراجہ صاحب کی شادی سابق راجہ صاحب سکیت کی دختر نیک اختر سے ہوئی ہے جنکے بطن سے ایک صاحبزادی اور ایک صاحبزادے پیدا ہوے جنکا نام ٹیکہ امر سنگھ اور عمر پندرہ سال ہے - ریاست کا رقبہ ایک ہزار سینتالیس مربع میل - آبادی ایک لاکھ چھتیس ہزار چھ سو اڑسٹھ محاصل پانچ لاکھ بارہ ہزار اور فوج بشمول پولیس پانچسو ستاون ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -



ہزہائنس صاحبزادہ احمد علی خان ولیعہد مالیرکوٹلہ

مالیرکوٹلہ

ہز ہائینس نواب محمد ابراہیم علی خان بہادر والی مالیرکوٹلہ

اِس ریاست کا فرمانروا خاندان شیروانی افغان ہے جو کابل سے ۱۴۶۷ء مین داخل ہندوستان ہوا تھا۔ اِس خاندان کے مورث اعلیٰ شیخ صدرالدین کو ارسٹھ مواضع لُدھیانہ کے متصل اُسوقت مرحمت ہوے تھے جب اُنھون نے سلطان بہلول لودی کی بیٹی سے عقد کیا تھا۔ ۱۶۵۷ء مین بایزید خان کو شاہ عالمگیر نے خطاب نوابی عطا کیا۔ یہ شیخ ممدوح کی پانچوین پشت مین تھے اور انھین کے عہد مین مالیرکوٹلہ کی بنیاد پڑی۔ شروع اُنیسوین صدی مین نواب مالیرکوٹلہ مع اپنے ہمراہیون کے لارڈ لیک کے شریک ہوے اور اس زمانہ مین برٹش کی حفاظت مین آئے جب گورنمنٹ نے اور ریاستون کو برٹش عاطفت مین لیا۔ نواب سکندر علیخان ۱۸۵۷ء مین اپنے والد محبوب علی خان کے جانشین ہوے اور شرع اسلام کے موافق سند وراثت اِنکو عطا کی گئی۔ نواب سکندر علی خان نے ۱۸۷۱ء مین قضا کی۔ اِنھون نے نواب محمد ابراہیم خان کو اپنا جانشین منتخب کیا جنکو گورنمنٹ نے بھی رئیس تسلیم کیا۔ ہز ہائینس دماغی امراض مین مبتلا ہین جسکی وجہ سے گورنمنٹ نے ریاست کے انتظام کے لیے ایک سپرنٹنڈنٹ مقرر کردیا ہے۔ ریاست کا رقبہ ایک سو پینسٹھ مربع میل۔ آبادی ستر ہزار پانچسو چھ۔ محاصل ایک لاکھ اکاون ہزار اور فوج بشمول پولیس تین سو ارسٹھ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

فریدکوٹ

ہز ہائینس مہاراجہ بلبیر سنگھ بہادر فرزند سعادت نشان حضرت قیصرۂ ہند برار بنس والی فریدکوٹ

ولادت ۱۸۶۹ء مسند نشینی ۱۶ - دسمبر ۱۸۹۸ء - والیان فریدکوٹ فرقۂ برار جاٹ سے تعلق رکھتے ہین - انمین ایک صاحب بھلن نامے نے شہنشاہ اکبر کے زمانہ مین بہت بڑا عروج حاصل کیا تھا سولھوین صدی کے وسط مین چودھری کپور فریدکوٹ کے حکمران خاندان کے بانی ہوے - اُنکا مسکن کوٹ کپور تھا جو انکے نام سے موسوم ہے - ایک صدی بعد اُنکے پوتے سردار سمیر سنگھ نے خودمختاری حاصل کرلی اور فریدکوٹ بسا کر اپنا مستقر حکومت قرار دیا ۱۸۲۷ء مین سردار پہاڑ سنگھ کے عہد مین ریاست کو بہت بڑی ترقی حاصل ہوئی اور اُنھون نے رفاہ رعایا کے بہت سے کام جاری کیے - جب ۱۸۴۶ء مین دربار لاہور سے جنگ چھڑی تو اُنھون نے سرکار انگلشیہ کی جنبہ داری کی - رسد اور باربرداری کا سامان جمع کیا اور اسکے صلہ مین راجہ کا خطاب اور کچھ حصۂ ملک بطور انعام حاصل کیا - اسی کے ساتھ کوٹ کپور کی ریاست بھی واپس پائی ۱۸۴۹ء مین راجہ پہاڑ سنگھ کے جانشین اُنکے بیٹے وزیر سنگھ ہوے - انھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ کو مدد دی اور اسکے صلہ مین شلک سلامی مین اضافہ کیا گیا اور خراج بھی موقوف کیا گیا - راجہ کی وفات کے بعد انکے فرزند راجہ بکرم سنگھ مسند نشین ہوے اور اُنھون نے بھی جنگ ثانی افغانستان مین ڈھائی سو سوارون اور پیدلونکی ایک جمعیت سے گورنمنٹ کو مدد دی جسکے صلہ مین اُنکو فرزند سعادت نشان حضرت قیصرۂ ہند کا خطاب عطا ہوا - ہز ہائینس والی حال ۱۶ - دسمبر ۱۸۹۸ء کو مسند نشین ہوے - آپ نے میو کالج اجمیر مین تعلیم پائی ہے اور نہایت خوبی سے ریاست کا انتظام فرماتے ہین - ریاست کا رقبہ چھ سو تینتالیس مربع میل - آبادی ایک لاکھ پندرہ ہزار - محاصل چار لاکھ پچیس ہزار اور فوج بشمول پولیس پانچسو آٹھ ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ ہے

منڈی

ہز ہائینس راجہ صاحب منڈی

ہز ہائینس چندربنسی منڈیال راجپوت ہین - تیرھوین صدی کے آغاز مین سرداران منڈی موجودہ حکمرانان سکیت کے گھرانے سے الگ ہوے اور گیارہ نسلون کے بعد بالآخر دریاے بیاس کے ساحل پر منڈی کے متصل ایک مقام پر اقامت گزین ہوے۔ ۱۵۲۷ء مین اجبر سین نے موجودہ دارالریاست کی بنیاد ڈالی منڈی کے اول راجہ یہی تھے۔ ۱۷۷۹ء مین ایشری سین اپنے باپ راجہ شب مان سین کے جانشین ہوے - انکے عہد حکومت مین یہ ریاست گورکھون اور سکھون وغیرہ کی جولانگاہ رہی - بالآخر معاہدۂ لاہور منعقدۂ ۱۸۴۶ء کی روسے یہ ریاست انگریزونکے قبضہ مین آئی اور ۲۴ - اکتوبر ۱۸۴۶ء کو گورنمنٹ عالیہ نے راجہ بلبیر سین کو مسند حکومت اور اختیارات کامل مرحمت فرمائے - ریاست کی جانب سے ایک لاکھ سالانہ خراج اور ہنگام جنگ سامان حرب وضرب اور معافی محصول راہداری کا اقرار کیا گیا - انفصال مقدمات مین صرف یہ شرط کی گئی کہ سزاے موت کا نفاذ بمنظوری صاحب کمشنر قسمت جالندھر ہوگا ۔ ۱۸۵۱ء مین بعد وفات راجہ بلبیر سین اُنکے بیٹے راجہ بجے سین مسند نشین ہوے جنکی عمر اُسوقت صرف چار برس کی تھی - اُس زمانہ مین ایک طوائف الملوکی کا عالم تھا اور مختلف قسم کے نزاعات وخصومات پیدا ہوگئے تھے - آخرکار ۱۸۵۳ء مین ایک کونسل مقرر ہوئی اور اصلاح حالت کی تدابیر عمل مین آئین جنسے فی الجملہ شورش فرو ہوئی ۱۸۶۶ء مین راجہ نے زمام حکومت اپنے ہاتھ مین لی - لیکن مصلحتاً گورنمنٹ نے انکو نظم ونسق ریاست مین مدد دینے کے لیے ایک انگریز عہدہ دار مقرر کردیا جس سے راجہ صاحب مین بہت جلد

اپنی ریاست کے سنبھالنے اور حکومت کرنے کی صلاحیت پیدا ہو گئی۔ شروع ۱۸۸۹ء مین پھر راجہ صاحب نے گورنمنٹ سے ایک انگریزی عہدہ دار کے تقرر کی درخواست کی اور گورنمنٹ نے کمال عطوفت سے چند روز کے لیے ایک تجربہ کار سویلین مامور فرمایا۔ ۱۸۷۰ء مین اُنھون نے دریاے بیاس پر منڈی کے قریب ایک جھولے کا پل بنوایا اور کئی سڑکین تعمیر کرائین اور اب منڈی سے برٹش انڈیا تک تار و ریلوے کا سلسلہ جاری ہے۔ راجہ بجے سین نے ۱۰ دسمبر ۱۹۰۲ء مین انتقال کیا۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایکسو اکتس مربع میل۔ آبادی ایک لاکھ چوہتر ہزار پینتالیس۔ محاصل چار لاکھ اٹھائیس ہزار ایک سو نتانوے اور فوج بشمول پولیس چھ سو سرسٹھ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

سُکیت

ہز ہائینس راجہ دشٹ نکندن سین والی سکیت

ولادت سنہ ۱۸۶۵ء۔ جانشینی سنہ ۱۸۷۹ء حصول اختیارات سنہ ۱۸۸۴ء۔ ریاستہاے منڈی و سکیت موجودہ حکمرانون کے مشترک مورث اعلیٰ کی ملکیت تھین۔ شروع تیرھوین صدی سے راجۂ منڈی کے مورث اعلیٰ نے جنگلی اولاد اکبر کی نسل مین والیان سکیت مین علیحدگی اختیار کرلی اور اُسوقت سے دونون ریاستین ایک دوسرے سے جدا ہوگئین۔ یہ قدیم ریاست بھی معاہدۂ لاہور کی رو سے برٹش گورنمنٹ کے قبضہ مین آئی اور سنہ ۱۸۴۶ء مین ایک سند کے ذریعہ سے راجہ اُگھر سین کو کامل اختیارات حکومت عطا ہوے۔ اِس سند کے شرائط بجنسہ وہی تھے جو ریاست منڈی کے ساتھ کیے گئے تھے۔ پھر سنہ ۱۸۶۲ء مین تہنیت وجانشینی کے بارہ مین ایک اور سند مرحمت ہوئی۔ سنہ ۱۸۷۵ء مین راجہ نے وفات پائی اور اُنکے بیٹے راجہ رودر سین مسند نشین ہوے۔ لیکن سنہ ۱۸۷۸ء مین بدنظمی کے سبب سے راجہ صاحب معزول ہوے اور کاروبار ریاست ایک کونسل کے ہاتھ مین دے دیا گیا۔ چونکہ اِس معزولی کے بعد ہی بڑے بیٹے میان اری مردن سین نے وفات پائی لہذا چھوٹے بیٹے راجہ دشٹ نکندن وارث وجانشین قرار پائے اور ۲۹۔ مارچ سنہ ۱۸۷۹ء کو مسند نشین کیے گئے۔ اسوقت انکی عمر صرف تیرہ برس کی تھی اسیلیے ریاست کا نظم ونسق تجربہ کار افسر چلاتے رہے سنہ ۱۸۸۴ء مین آپکو اختیارات عطا ہوے۔ سابق راجہ رودر سین نے نومبر سنہ ۱۸۸۶ء مین قضا کی۔ ریاست کا رقبہ چارسو بیس مربع میل۔ آبادی چوّن ہزار چھ سو چھہتر۔ محاصل ایک لاکھ بتیس ہزار چھ سو ستانوے اور فوج بشمول پولیس چالیس ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

کھلور یا بلاسپور

ہز ہائینس راجہ بجے چند والی کھلور یا بلاسپور

ولادت ۱۸۷۲ء۔ مسند نشینی جون ۱۸۸۹ء۔ ہز ہائینس ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو مالک دکن سے آیا تھا۔ ہری ہرچند کے بیٹون مین سے ایک نے بانی خاندان کی چودھوین پشت مین چمبہ کا علاقہ فتح کیا اور دوسرے بیٹے بیرچند نے بلاسپور کی بنیاد ڈالی۔ بیرچند کی بارھوین پشت مین اجیت سنگھ ریاست نالاگڈھ کے بانی ہوے۔ اُنھون نے اپنی ریاست اپنے بھائی رجے چند کو دیدی۔ راجہ صاحب کھلور کا علاقہ ستلج کے دونون جانب تھا لیکن ۱۸۱۵ء مین راجہ مہاچند کو جو سند دی گئی۔ اسمین وہ صرف مشرقی حصّہ کے قابض ومالک قرار دیے گئے۔ راجہ کھرک چند نے ۱۸۳۹ء مین قضا کی اور انکے ایک یکجدی عزیز جگت چند وارث ہوے۔ ۱۸۵۰ء مین راجہ جگت چند کی درخواست پر ریاست اُنکے پوتے راجہ ہیراچند کے حوالہ کی گئی۔ غدر ۱۸۵۷ء کی خدمات کے صلہ مین راجہ ہیراچند کو پانچہزار روپیہ کا ایک خلعت اور سات ضرب اتواپ کی سلامی عطا ہوئی جو ۱۸۶۷ء مین گیارہ ضرب کردی گئی۔ ۱۸۸۳ء مین راجہ امرچند راجہ ہیراچند کے جانشین ہوے۔ انکے انتقال پر جو ۲۔ فروری ۱۸۸۹ء کو واقع ہوا اُنکے بیٹے بجے چند یعنے راجۂ صاحب حال مسند ریاست پر متمکن ہوے۔ انتظام ریاست کیلیے ایک کونسل قائم ہے۔ ریاست کا رقبہ چارسو اکاون مربع میل۔ آبادی نوے ہزار آٹھ سو تہتّر۔ محاصل ایک لاکھ ستاون ہزار خراج آٹھ ہزار اور جنگی فوج مع پولیس ایک ہزار اکیس ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



ہز ہائینس راجہ بجے چند والی کھلور یا بلاسپور



ہزآنریبل سرجیمس جان ڈگس لاٹوش۔کے۔سی۔ایس۔آئی لفٹننٹ گورنر ممالک متحدہ اگرہ واودھ



میجر ہز ہائنیس نواب محمد حامد علی خان بہادر والی رامپور

ریاستہاے ممالک متحدۂ آگرہ واودھ

حصۂ اول

رامپور

ہزہائنیس فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ نواب آنریری میجر محمد حامد علی خان بہادر والی رامپور

تاریخ ولادت ۳۱-اگست ۱۸۷۵ء مسند نشینی ۲۷-فروری ۱۸۸۹ء-ہزہائنیس پٹھان خاندان سے ہین-سترھوین صدی کے آخرمین دو افغان بھائی شاہ عالم اور حسین خان ہندوستان مین وارد ہوے-شاہ عالم برادر اکبر کے دو فرزند تھے-داؤد خان اور رحمت خان-داؤد خان نے محاربات مرہٹہ مین بہت بڑی ناموری حاصل کی جنکو بدایون کے متصل ایک سیر حاصل جاگیر ملی-اُنکے متبنیٰ فرزند علی محمد خان نے بارہہ کے سیدون کے خلاف شاہی خدمات انجام دین جسکے صلہ مین اُنکو نواب کا خطاب مرحمت ہوا اور جاگیر کی توثیق ہوئی-انتزاع سلطنت مغلیہ کے کچھ زمانہ قبل اُنکی زندگی راجہ کمایون-نواب وزیر اودھ اور کبھی کبھی شاہی افواج کے مقابلہ و مقاتلہ مین بسر ہوئی آخر اُنکو اپنے علاقہ سے دستکش ہونا پڑا-لیکن جب شہنشاہ دہلی اور نواب وزیر کی تمام تدبیرین احمد شاہ درانی کے حملہ کو

روکنے پر مصروف تھین تو علی محمد نے اپنے سابقہ علاقہ پر پھر قبضہ کر لیا اور چند برس کے عرصہ مین اپنی قوت کو اس درجہ پر پہونچا دیا کہ اپنی وفات کے بعد اپنے دونون فرزندون کے لیے جو اُس زمانہ مین شہنشاہ دہلی کے یرغمال تھے روہیلکھنڈ کا تمام علاقہ چھوڑا - ورثا کی عدم موجودگی مین روہیلکھنڈ کا انتظام علی محمد خان کے چچا حافظ رحمت خان کے سپرد تھا اور کچھ دنون بعد جب ورثا رہا ہو کر آئے تو اُنکے اور اُنکے محافظون کے درمیان علاقہ تقسیم ہوگیا - چھوٹے فرزند فیض اللہ خان کو رامپور کٹھر کی جاگیر ملی جسکی آمدنی چھ لاکھ روپیہ سالانہ تھی - لیکن اس خاندان کے مسلمہ سرغنہ حافظ رحمت خان ہی تھے جنکی نگرانی اور ہدایت کے بموجب روہیلہ سردارون نے بیس برس تک اپنی جائداد پر قبضہ رکھا - جب انگریزون اور نواب وزیر اودھ سے جنگ ہوئی تو وہ نواب وزیر کے شریک نہین ہوے اور صرف مرہٹون کے حملون کی مدافعت پر قناعت کی اور اپنا باقی وقت مشترکہ علاقہ کی اصلاح مین صرف کیا - پیلی بھیت کی عالیشان مسجد اور قصبۂ حافظ گنج واقع بریلی اُنکی حکومت کی یادگار ہین - بالآخر مرہٹے مغربی سرحد مین گھس پڑے اور سرداران روہیلکھنڈ کو اودھ کی مدد تلاش کرنی پڑی - انگریزون کی رضامندی سے سردارون اور نواب وزیر مین ایک حفاظتی اتحاد ہوا اور مرہٹون کو چالیس لاکھ روپیہ کے وعدہ پر روہیلکھنڈ خالی کر دینے کی ترغیب دی گئی - حافظ رحمت خان بالآخر کٹہرہ کی جنگ مین ہلاک ہوے اور ۱۷۸۳ء مین فیض اللہ خان فرزند اصغر علی محمد خان انگریزون کے بیچ بچاؤ سے اپنے علاقۂ رامپور پر اس شرط سے قابض کر دیے گئے کہ وہ بوقت ضرورت نواب وزیر کو فوجی امداد دین جو بعد کو پندرہ لاکھ روپیہ کی نقد ادائی مین منتقل ہوئی - تقریباً بیس برس بعد فیض اللہ خان نے انتقال کیا اور اُنکے دو بیٹون مین سے بڑے بیٹے محمد علیخان کو چھوٹے بیٹے غلام محمد خان نے ہلاک کر ڈالا اور اس کے بعد ریاست پر قبضہ کر لیا لیکن نواب وزیر نے انگریزون کی مدد سے اُنکو نکالکر مقتول کے خردسال بیٹے احمد علیخان کے حقوق تسلیم کیے - سنہ ۱۸۰۱ء مین نواب وزیر نے روہیلکھنڈ کو مع جاگیر


رامپور کے انگریزون کے حوالہ کیا اور نواب احمد علی خان انگریزون کے باجگزار قرار پائے اُنھون نے سنہ ۱۸۴۰ع مین قضا کی اور اُنکے بھائی یعنے غلام محمد خان کے فرزند محمد سعید خان وارث ہوے - نواب محمد سعید خان نے ۱۸۵۵ع مین انتقال کیا اور اُنکے فرزند اکبر نواب سر محمد یوسف علیخان - کے - سی - ایس - آئی جو ابتداے غدر ۱۸۵۷ع سے اختتام غدر تک انگریزون کے خیر خواہ رہے سریر آراے ریاست ہوے - اُنکو ان خدمات کے صلہ مین ایک خلعت فاخرہ مع خطاب کے - سی - ایس - آئی - اور ایک جاگیر مواضع عطا ہوے - اسکے علاوہ اُنکی سلامی کی تعداد مین بھی اضافہ کیا گیا - اُنھون نے ۱۸۶۵ع مین قضا کی اور نواب سر کلب علیخان بہادر - جی - سی - ایس - آئی - سی - آئی ای - اُنکے جانشین ہوے - نواب سر کلب علیخان بہادر فارسی اور عربی کے ایک عالم اور اُردو کے زبردست شاعر تھے اُنھون نے ۲۳ - مارچ ۱۸۸۷ع کو وفات پائی اور ۱۸ - اپریل ۱۸۸۷ع کو اُنکے بیٹے نواب مشتاق علیخان مسند نشین ہوے - اُنھون نے بھی ۲۵ - فروری ۱۸۸۹ع کو رحلت کی اور اُنکے فرزند نواب صاحب حال ۲۷ - فروری ۱۸۸۹ع کو نواب مشتہر ہوے اور ۴ - اپریل ۱۸۹۴ع کو مسند نشین کیے گئے - یکم جون ۱۸۹۶ع کو نوابصاحب کو حکومت کے پورے اختیارات تفویض ہوے اور ۴ - فروری ۱۸۹۵ع کو ہز مجسٹی کی بری افواج کے آنریری کپتان مقرر ہوے اور ۲۲ - جون ۱۸۹۷ع کو ترقی پا کر آنریری میجر کے لقب سے مخاطب ہوے - ریاست کا رقبہ نو سو اکتالیس مربع میل ہے - آبادی تقریباً چھ لاکھ اور آمدنی تقریباً تیس لاکھ ہے - برٹش گورنمنٹ کو کوئی خراج نہین دیا جاتا ہے - نوابصاحب کی فوجی قوت مین دو سو سات توپچی - چار سو ستر سوار اور ایکہزار نو سو پیدل ہین - ہز ہائینس کی سلامی تیرہ ضرب توپ مقرر ہے -

بنارس

ہز ہائینس مہاراجہ سر پربھو نرائن سنگھ بہادر۔

جی۔سی۔آئی۔ای۔مہاراجہ کاشی نریس دویجراج۔

ولادت ۲۶۔نومبر ۱۸۵۵ء۔مسند نشینی ۱۳۔جون ۱۸۸۹ء۔مہاراجہ صاحب بھونہار برہمن ہین اس خاندان کے بانی راجہ منسارام شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ کے زمانہ مین بنارس کے ناظم تھے۔اُنھون نے ۱۷۳۹ء مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے بلونت سنگھ اُنکے جانشین ہوے۔بلونت سنگھ نے بہت بڑا علاقہ فتح کیا جسکو جنگ بکسر کے بعد لارڈ کلایو صاحب نے قائم رکھا۔راجہ صاحب موصوف نے انگریزون کو فوجی مدد دی تھی۔بلونت سنگھ کو شہنشاہ دہلی نے بھی ایک فرمان عطا کیا تھا۔۱۷۷۰ء مین راجہ بلونت سنگھ کی وفات پر اُنکے فرزند چیت سنگھ اُنکے جانشین ہوے مگر اُنھون نے ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت سے انحراف کیا اسوجہ سے وارن ہسٹنگز صاحب گورنر جنرل نے راجہ بلونت سنگھ کے نواسے راجہ مہیپ نرائن کو برسر حکومت کردیا۔لیکن صوبہ کا انتظام فوجداری اور شہر بنارس کا انتظام دیوانی و فوجداری اور اختیار ضرب سکہ اُنسے لے لیا گیا اور ۱۷۹۴ء مین اُنھون نے اپنے علاقہ کا بیشتر حصہ برٹش گورنمنٹ کو باین شرط حوالہ کردیا کہ وہ توفیر اُنکو دیدیا کرے۔مفوضہ علاقہ مین اضلاع بنارس مرزاپور۔غازی پور۔بلیا اور جونپور شامل ہین۔باقی ماندہ علاقہ راجہ صاحب کے انتظام مین رہا اور خاندانی علاقہ کے نام سے موسوم رہا اور اب بھی مہاراجہ بنارس کے قبضہ مین ہے۔راجہ مہیپ نرائن سنگھ نے ۱۷۹۵ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے راجہ اودت نرائن سنگھ اُنکے جانشین ہوے۔راجہ اودت نرائن سنگھ نے ۱۸۳۵ء مین رحلت کی اور اُنکے بھتیجے و متبنیٰ فرزند راجہ ایشری پرشاد نرائن سنگھ بہادر مسند نشین ہوے۔راجہ ایشری پرشاد نرائن سنگھ کو اُنکی



ہز ہائنس مہاراجہ سر پربھو نراین سنگھ بہادر-جی-سی-آئی-ای مہاراجہ بنارس

غدر کی خیر خواہانہ خدمات کے صلہ مین مہاراجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا اور اُنکی سلامی مین
بطور موروثی اعزاز کے دو اتواپ کا اضافہ کیا گیا - یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو وہ جی - سی - ایس
آئی کے خطاب سے ممتاز ہوے - اُنھون نے ۱۸۸۹ء مین وفات پائی اور اُنکے بھتیجے
اور متبنیٰ فرزند مہاراجہ حال مسند ریاست پر متمکن ہوے - "ہز ہائینس" کا لقب جو مہاراجہ
ایشری پرشاد نرائن سنگھ بہادر کو حاصل تھا اُس سے آپ کو بھی سرفرازی بخشی گئی اور ہنگام
مسند نشینی مہاراجہ بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا - ۱۸۹۷ء کے قحط مین
مہاراجہ بہادر نے اپنی ریاست کی رعایا کے ساتھ نہایت فیاضانہ سلوک کیا جسکے صلہ مین
آپ کو جی - سی - آئی - ای - کا خطاب مرحمت ہوا - آپ کی پبلک خدمات کی گورنمنٹ نے اکثر
مواقع پر قدردانی کی ہے - تعلیم اور رفاہ عام کے کامون سے آپ کو بہت بڑی دلچسپی ہے -
ولیعہد ریاست کنور ادت نرائن سنگھ نے جنکی ولادت ۶ - نومبر ۱۸۷۵ء کو واقع ہوئی الہ آباد
یونیورسٹی کا انٹرنس پاس کیا ہے اور ایک ہونہار نوجوان ہین - ہز ہائینس مہاراجہ بہادر کی
سلامی تیرہ شلک اتواپ ہے - مہاراجہ صاحب اور اُنکے ورثا کو سند تبنیت حاصل ہے -
ریاست کا رقبہ نوسو پچاسی مربع میل - آبادی پانچ لاکھ اور آمدنی تقریباً پندرہ لاکھ روپیہ ہے -
فوجی قوت مین ایک سو پچاس سوار - پانچسو پیادہ اور پچاس توپچی ہین -

ٹہری گڑھوال

ہز ہائینس راجہ کرتی ساہ - سی - ایس - آئی -
والی ٹہری گڑھوال

ولادت ۱۹ - جنوری ۱۸۷۴ع - جانشینی ۶ - فروری ۱۸۸۶ع - اس راجپوت خاندان کے پہلے سردار کنک پال تھے جو گجرات سے آئے تھے اور دھارانگر واقع گجرات کے پنوار خاندان کے ملازم تھے - وہ اُن پہاڑون کو زیارت کے لیے آئے تھے - راستہ مین ایک گڑھوالی سردار سے جسکا نام بہانو پرتاب تھا ملاقات ہوئی - بہانو پرتاب کے کوئی اولاد نرینہ نہ تھی وہ اس شہزادہ سے اسقدر خوش ہوے کہ اُنھون نے اپنی لڑکی سے شادی کردی اور پرگنۂ چاندپور لڑکی کے جہیز مین دیدیا - کنک پال کی جو بیسوین پشت مین سون پال تھے اُنکی اولاد اجے پال نے گڑھوال کو فتح کرنے کی پہلی بار کوشش کی اس سے پہلے گڑھوال مختلف چھوٹے چھوٹے راجاؤن مین منقسم تھا - اجے پال نے اپنا خاندانی مسکن چاندپور چھوڑ کر دیول گڈھ کو اپنا دارالریاست قرار دیا مگر مہیپت ساہ نے اسکو وہانسے سری نگر کو منتقل کردیا - گڑھوال کی قوت بتدریج دیرہ دون بسہر اور ٹہری تک پہونچ گئی اور دیپ چند راجہ کمایون سے اکثر جنگ و جدل ہوا کی - سنہ ۱۷۹۰ع مین گورکھون نے کمایون پر حملہ کیا اور الموڑہ پر قبضہ کرلیا اور راجہ پردمن ساہ والی گڑھوال پر اُنکی قوت کا ایسا زبردست اثر پڑا کہ وہ گورنمنٹ نیپال کو پچیس ہزار روپیہ سالانہ خراج دینے پر مجبور ہوے - سنہ ۱۸۰۳ع مین نیپالیون نے گڑھوال تک اپنی فتوحات بڑھالین اور پردمن ساہ کو نکال دیا پردمن ساہ نے بارہ ہزار آدمیون کی جمعیت سے ایکمرتبہ پھر اپنی سلطنت پر قبضہ کرنے کی کوشش کی لیکن اسمین اُنکو ناکامی ہوئی اور وہ کھوربرہ کی جنگ مین مع اپنے گڑھوالی ہمراہیون کے ہلاک ہوے -

اُنکے بیٹے سودرشن ساہ نے گورکھون کے پنجہ سے بچکر میدان مین پناہ لی اور انگریزون کے شریک ہوے - جنگ گورکھا مین انگریزون کے ہاتھ سے گورکھون کی شکست اور کمایون کے الحاق کے بعد سنہ ۱۸۱۴-۱۶ء مین مغربی گڑھوال راجہ سودرشن ساہ کو دیدیا گیا - سودرشن ساہ نے ٹھہری کو اپنا مستقر بنایا - اُنھون نے سنہ ۱۸۵۹ء مین قضا کی - اُنکے کوئی اولاد نہ تھی اُنکی شرائط کے بموجب اُنکا ملک گورنمنٹ کے قبضہ مین آیا لیکن گورنمنٹ ہند نے راجہ سودرشن ساہ کی وفادارانہ خدمات سنہ ۱۸۵۷ء کے صلہ مین علاقۂ مذکور بھوانی ساہ کو دیدیا اور آیندہ کے لیے سند تبنیت عطا فرمائی - بھوانی ساہ نے سنہ ۱۸۷۲ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے پرتاب ساہ وارث ہوے - راجہ پرتاب ساہ کے بعد موجودہ راجہ اُنکے جانشین ہوے اور آپکی نابالغی کے زمانہ مین کونسل آف ریجنسی بصدارت رانی گلیری قائم کی گئی - ۱۶ - مارچ سنہ ۱۸۹۲ عیسوی کو ہز ہائینس راجہ صاحب مسند نشین ہوے - ۳۱ - دسمبر سنہ ۱۸۹۸ء کو آپ کو سی - ایس - آئی - کا خطاب عطا کیا گیا - سنہ ۱۹۰۰ء مین راجہ کرتی ساہ یورپ کی سیاحت کو تشریف لے گئے - راجہ صاحب کی سلامی گیارہ شلک اتواپ ہے - ٹھہری کا رقبہ چار ہزار ایکسو اسی مربع میل - آبادی تقریباً ڈھائی لاکھ اور کل آمدنی تخمیناً ایک لاکھ پچاس ہزار ہے - راجگان ٹھہری کوئی خراج نہین دیتے مگر شرط یہ ہے کہ برٹش رعایا کو اپنے علاقہ سے مفت گزرنے دین اور بہنگام ضرورت گورنمنٹ ہند کو مدد دین - ریاست مین کوئی جنگی فوج نہین ہے ؎

ریاستہاے ملک متوسط

حصۂ اول

گروندیا کالاہانڈی

راجۂ گروند

آپ کی عمر ابھی صرف پانچ سال کی ہے - آپ ایک قدیم ناگ بنسی راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو مادری جانب گروند کے اصلی گنگا بنسی اور پدری جانب ستر نگڈھ واقع چھوٹا ناگپور کے راجگان کی نسل سے ہین - سابق راجہ اودت پرتاب دیو کو اُنکی عمدہ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے نو ضرب توپ کی سلامی مقرر کی تھی جو آپ کو بھی حاصل ہے - آپسے پہلے راجہ رگھو کیشر دیو راجہ اودت پرتاب دیو کے متبنّیٰ مالک تھے اُنھون نے جبلپور راجکمار کالج مین تعلیم پائی تھی اور اپنی ریاست کا انتظام نہایت قابلیت سے انجام کرتے تھے - ریاست کا رقبہ تین ہزار سات سو پینتالیس مربع میل - آبادی تین لاکھ سے زیادہ اور آمدنی تقریباً سوا لاکھ روپیہ ہے - آپ کو سند تبنیت حاصل ہے -



ہزہائنیس مہارانا دھراج سر فتح سنگھ جی بہادر - جی - سی - ایس - آئی - والی اودے پور

ریاستہاے راجپوتانہ

حصۂ اول

میواڑ اودے پور

ہز ہائنس مہارانا دھیراج سر فتح سنگھ بہادر جی۔سی ایس آئی
مہارانا اودے پور

ولادت ۱۸۴۹ء مسند نشینی ۴ مارچ ۱۸۸۵ء خاندان اودے پور راجپوتون کے چھتیس فرقون کا سرغنہ ہے اور فرمانروایان ریاست راجہ رام چندر کے جانشین سمجھے جاتے ہین جنکی اولاد مین کنک سین نے ۱۴۴ء مین اس خاندان کی بنیاد ڈالی تھی۔ ۱۴۵ء مین کنک سین نے لوہ کوٹ (لاہور) سے ترک وطن کرکے سوراشٹر (سورت) مین سکونت اختیار کی۔ اُنکی اولاد مدتون تک بڑی شان و شوکت اور جاہ و جلال کے ساتھ بلبھی پور مین حکومت کرتی رہی۔ ۵۲۴ء مین وہ شہر تاخت و تاراج ہوگیا اور راجہ سلادت اور اُنکے تمام آدمی ہلاک کر ڈالے گئے صرف ایک حاملہ رانی پسوپتی زندہ بچی جو اُس زمانہ مین بھوانی جی کے مندر کی زیارت کو گئی تھی یہ رانی راجپوتون کے پرمار فرقہ کی شہزادی تھی۔ ملیا کے پہاڑون مین اِسکے ایک لڑکا پیدا ہوا رانی نے

اپنے بچے کو ایک برہمن کی دختر کملاوتی کے سپرد کیا اور یہ ہدایت کی کہ جب بچہ بڑا ہو تو کسی راجپوتنی سے اسکی شادی کردے۔ اسکے بعد رانی اپنے شوہر کی چتا پر جل گئی۔ اسی طرح چندربنسی نسل قائم رہی اس ہی لڑکے نے جسکا نام گوہا تھا ایدر کی نہایت قدیم ریاست کی بنیاد ڈالی۔ اسکی آٹھوین پشت مین ناگ دت تھے جسکو بھیلون نے مارڈالا اور راج ایدر درہم برہم کردیا لیکن اُنکے خرد سال بچے باپا کو وفادار کملاوتی کی ایک اولاد نے بچالیا یہ لڑکا ایک بھیل خاندان مین پلا اور بعد کو چتور کا فرمانروا ہوا۔ چنانچہ آج تک جب اودے پور مین مسند نشینی کی رسم ادا کی جاتی ہے تو رانا او گونا پور راجو ایک بہو بیا بھیل ہے اپنے انگوٹھے سے شہزادے کی پیشانی پر خون کا ٹیکا لگاتا ہے اور اُسکا ہاتھ پکڑکر گدی پر بٹھاتا ہے چتور مین باپا راول کے قبضہ اور تسلط کی تاریخ سنہ ۷۲۸ عیسوی ہے۔ شہاب الدین غوری کے حملہ کے وقت باپا کے جانشین سمرسی چتور کے راول تھے اُنھون نے پرتھی راج آخری ہندو راجہ دہلی کی ہمشیر سے شادی کی تھی اور اُنکے خاص معین اور مددگار تھے۔ چند شاعر کے بیان کے بموجب چوہانون۔ نورون اور گہلوٹ راجپوتون کی متفقہ افواج نے شہاب الدین کو شکست دی لیکن سنہ ۱۱۹۲ء مین شہاب الدین نے سمرسی اور اُنکے بیٹے کلیان اور پرتھی راج اور تمام بہادر راجپوتون کو ہلاک کیا۔ رانی پرتھا سمرسی کی چتا پر جل گئین۔ لیکن سمرسی کی ایک دوسری رانی کرم دیوی نے جو پٹن کے سولنکی راجپوتون کی شہزادی تھین اپنے بیٹے کرن کی نابالغی مین ریاست چتور کا انتظام کیا اور سمرسی کے بڑے بیٹے نے ترک وطن کرکے ڈونگر پور کی ریاست قائم کی۔ راول کرن سنہ ۱۱۹۳ مین گدی پر بیٹھے مگر اُنکے بیٹے مہوپ چتور چھوڑکر اپنے ننھیال مین رہنے لگے اور کرن کے چچازاد بھائی رہوپ چتور کے حکمران ہوے۔ اُنھون نے مندور کے پرہار رانا موکل کو زیر کیا اور رانا یا مہارانا کا لقب اختیار کیا جو اس زمانہ سے ابتک چلا جاتا ہے۔ رہوپ کی نوین پشت مین رانا لکو بنسی ہوے جو سنہ ۱۲۷۵ء مین مسند نشین ہوے۔ انکے عہد حکومت مین چتور پر

علاؤالدین کا مشہور حملہ ہوا تھا بیان ہوا ہے کہ بھیم سنگھ کی چوہان رانی پدمنی کا دلفریب حسن وجمال اس جنگ کا باعث ہوا اور پدمنی اور چتور کی کل عورتین ایک عظیم الشان آگ کے کنڈ مین جلکر مرگیین اور اُنکے شوہر اور بھائیون نے لڑکر جان دی - اس قتل عظیم مین صرف رانا اجے سنگھ زندہ رہے ۱۳۰۳ء مین انکے بھتیجے رانا ہمیر اُنکے جانشین ہوے ہمیر نے چتور پر پھر قبضہ کرلیا اور ساٹھ سال کی طولانی حکومت سے اپنے خاندان کی جاہ وثروت کو پھر بحال کردیا - اسکے بعد ریاست وقتاً فوقتاً بیرونی جنگون اور اندرونی تنازعون مین مبتلا رہی - آخر ۱۸۱۷ء مین برٹش گورنمنٹ کے ساتھ ایک معاہدہ ہوا جس نے ان تمام جھگڑون کا خاتمہ کردیا - مہارانا بھیم سنگھ کے زمانہ سے اودے پور مین کامل امن وامان ہے - مہارانا سبھو سنگھ نے ۱۸۷۴ء مین انتقال کیا اور اُنکے چچازاد بھائی مہارانا سجن سنگھ گدی نشین ہوے اور اُنکی وفات پر جو ۱۸۸۴ء مین واقع ہوئی اُنکے متبنیٰ فرزند مہارانا حال جو حکمران خاندان کی شیوراتری شاخ سے تعلق رکھتے ہین سریرآراے ریاست ہوے - گورنمنٹ نے ۴ مارچ ۱۸۸۵ء کو اس تہنیت وانتخاب کو منظور کیا اور اگست ۱۸۸۵ء مین مہارانا صاحب کو پورے اختیارات عطا فرماے ہزہائنس مہارانا کو فروری ۱۸۸۷ء مین جی سی - ایس - آئی کا خطاب مرحمت ہوا - اسی سال ہزہائنس مہارانی کو تمغہ آرڈر آف دی کرون آف انڈیا عطا کیا گیا - ریاست ہاے ڈونگرپور - بانسواڑہ پرتاگڈھ اور سروہی اسی خاندان کی شاخین ہین اور بھونسلہ اور سیواجی بانی حکومت مرہٹہ بھی خاندان اودے پور کی نسل مین ہین - اس ریاست کا رقبہ بارہ ہزار سات سو ترپن مربع میل ہے - آبادی دس لاکھ تیس ہزار اور آمدنی تخمیناً اٹھتیس لاکھ ہے - اودے پور کی فوجی قوت پانچ ہزار پانسو ساٹھ سوار اُنتیس ہزار تین سو چوالیس پیدل اور ۵۶۴ توپ ہین ہزہائنس کی سلامی ۲۱ ضرب توپ ہے جنمین دو ذاتی ہین -

جیپور

ہز ہائنس سر آمد راجۂ ہندوستان راج راجندر سری مہاراجہ دھراج سوائی سر مادھو سنگھ بہادر جی-سی-ایس-آئی-جی-سی-آئی-ای

ولادت سنہ ۱۸۶۱ء مسند نشینی سنہ ۱۸۸۰ء ہز ہائنس راجپوتون کے فرقہ کچھواہہ کے سردار ہین جو راجہ رامچندر جی والی اجودھیا کے بیٹے کُش کی اولاد سے ہین آپ کے بزرگون نے اجودھیا سے نقل و حرکت کر کے اول گوالیار مین حکومت کی بنیاد ڈالی اور تقریباً ساڑھے آٹھ سو برس تک اس ملک مین حکمرانی کی-من بعد اس ملک کے اس حصہ سے نکلکر امبر پر قبضہ کر لیا جو مینو کا ایک زبردست مقام تھا اور اُسکو اپنا دار الحکومت قرار دیا-سنہ ۱۷۲۸ء تک امبر جے پور کا دار الریاست رہا جبکہ راجہ جے سنگھ نے شہر جے پور اپنے نام پر آباد کیا-مہاراجگان جے پور اپنی مدبری اور سپہ گری کے لیے مشہور ہین راجہ جے سنگھ جنکا اوپر ذکر ہو چکا ہے بڑے ذی علم اور اہل علم کے بڑے مربی اور حامی تھے علم ہیئت مین اُنکا نام نہ صرف ہندوستان بلکہ دیگر ممالک ایشیا اور یورپ مین بھی علما کی زبانون پر ہے-قاآنی مشہور شاعر ایرانی اپنے ایک قصیدہ مین معشوق کی زلف کو جداول رصد خانۂ جے سنگھ سے تشبیہ دیتا ہے ع

چون خطّ جداول برصد خانۂ جے سنگ-


ہز ہائنس مہاراجہ فرمانرواے حال مہاراجہ متوفی سابق مہاراجہ رام سنگھ کے عزیز قریب اور متبنّیٰ ہین-ریاست کا نظم و نسق ایک کونسل کے ذریعہ سے ہوتا ہے جس مین دس ارکان ہین-آپ کے زمانہ مین ریاست نے نمایان ترقی کی ہے-آپ کے حسن انتظام کا اکثر مدبرین امور سیاستی نے اعتراف کیا ہے آپکو سنہ ۱۸۸۸ء مین منجانب سرکار دولت مدار خطاب جی-سی-ایس-آئی-اور سنہ ۱۹۰۱ء



ہز ہائنیس سری مہاراجہ دھراج سوائی سر مادھو سنگھ بہادر جی-سی-ایس-آئی والی جے پور

مین خطاب جی-سی-آئی-ای مرحمت ہوا جسطرح آپ کو اپنے ملک کی ترقی کا بہت بڑا خیال ہے اُسی طرح سرکار عظمت مدار کی خیرسگالی اور عقیدتمندی سے بھی انکو کمال دلچسپی اور دلاویزی ہے جنگ جنوبی افریقہ کے فنڈ مین آپ نے ایک معتدبہ رقم مرحمت کی-
سنہ ۱۸۹۹-۱۹۰۰ع کے قحط مین آپ نے بکمال ہمدردی اپنی رعایا کو کافی ووافی مدد دی اور اُنکو اس بلا سے نجات دینے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا اور ہنگام ضرورت اس مصیبت سے مقابلہ کرنے کے لیے ایک مستقل فنڈ قائم کرنے کی تجویز فرمائی اور اپنے ارادہ سے حضور والیسراے کو مطلع کیا جسکو حضور ممدوح نے بھی نہایت پسند فرمایا اور آپ نے بطور ابتدائی اور افتتاحی امداد کے سولہ لاکھ روپیہ مرحمت فرماے اس فنڈ کے منافع سے زمانۂ قحط مین نہ صرف خاص ریاست جیپور بلکہ تمامی ہندوستان مستفید ہوسکتا ہے سلطنت عظمیٰ کی اعانت کے لیے آپ نے ٹرینسپورٹ کور جسمین ایک سپرنٹنڈنٹ آٹھ افسر چھ سو پچانوے نان کمیشنڈ افسر اور جوان ایکہزار ایک سو چھبیس ٹٹو چارسو نوے گاڑیان اور نو تانگہ شامل ہین قائم کیا- رسالہ ایک انگریز افسیر کی زیرنگرانی ہے اور ہمیشہ اپنے کام کے لیے آمادہ رہتا ہے- چنانچہ دو مرتبہ اسکو میدان جنگ مین جانے کا بھی اتفاق ہوا- آپ کی ریاست مین انتظام تعمیرات عام جسکے افسر اعلیٰ اکزیکٹیو انجنیر کرنل ایس ایس- جیکب صاحب سی-آئی-ای- آئی-ایس-سی- ہین نہایت ترقی پر ہے آپ کی مسندآرائی کے زمانہ سے خاص اس صیغہ مین ایک کرور تراسی لاکھ بانوے ہزار نوسو تیس روپیہ صرف ہوچکے ہین جس سے ملک مین جابجا پختہ و خام سڑکین نکالی گئی ہین- آبپاشی کا انتظام نہایت وسعت کے ساتھ کیا گیا ہے- ریاست کی تعمیرات مین ایک قابل دید عمارت البرٹ ہال ہے جسکا بنیادی پتھر پرنس آف ویلز نے جواب شہنشاہ معظم ہین اُس زمانہ مین اپنے دست مبارک سے رکھا تھا جب وہ ہندوستان کی سیر و سیاحت کے لیے تشریف لائے تھے

یہ ہال اس ریاست کا عجائب خانہ ہے۔ اس کے علاوہ رام نواس واٹر ورکس وغیرہ اور ہر شے بجاے خود حسن اور منفعت کا عمدہ نمونہ دکھا رہی ہے آبرسانی کے انتظام کے علاوہ گیس کی روشنی کا انتظام بھی نہایت عمدہ ہے جے پور سوائی مادھوپور ریلوے کی شاخ زیر تعمیر ہے جبکا طول تہتر میل ہے۔ تعلیمات کا انتظام بھی قابل تعریف ہے۔ خاص جیپور مین تین کالج ہین۔ مہاراجہ کالج مین ایم اے تک پڑھائی ہوتی ہے۔ سنسکرت کالج مین بنارس کے مطابق امتحان پاس کرائے جاتے ہین۔ اورنٹیل کالج مین امتحانات عربی وفارسی پنجاب یونیورسٹی کے لیے طلبہ تیار کیے جاتے ہین۔ تعلیم نسوان کی غرض سے تین اسکول ہین۔ سنٹرل اسکول انڈسٹیریل اسکول۔ نارمل اسکول۔ سالانہ خرچ تعلیمات ترانوے ہزار آٹھ سواسی روپیہ ہے انتظام بھی نہایت عمدہ اور وسعت کے ساتھ ہے علاوہ میئو ہسپتال کے جو مہاراجہ سابق کے عہد مین تعمیر ہوا تھا ملک مین جابجا متعدد شفاخانہ ہین اس مین چھیاسی ہزار سات سو اکتالیس روپیہ سالانہ صرف ہوتے ہین۔ رقبہ پندرہ ہزار پانچ سو اُناسی مربع میل۔ آبادی اٹھائیس لاکھ پچیس ہزار چھ سو چپن۔ سلامی اکیس ضرب توپ ہے جنمین دو ذاتی ہین۔



ہزہائنیس مہاراجہ دھراج سری سردار سنگھ بہادر جی-سی-ایس-آئی والی جودھپور

جودھپور

ہز ہائنس راج راجیشور مہاراجۂ دھراج سر آمد راجگان ہندوستان سری سردار سنگھ صاحب بہادر جی سی ایس آئی فرمانرواے ریاست جودھپور مارواڑ

ولادت ۱۱- فروری سنہ ۱۸۸۰ع- مسند نشینی ۲۱- اکتوبر سنہ ۱۸۹۵ع- فرمانروایان ریاست ہذا قوم راجپوت فرقہ راٹھور سے ہین جنکا نسب بواسطۂ مستقیم راجہ رام چندر جی سے ملتا ہے- یہ خاندان مثل سیسودیہ اودے پور و کچھواہہ جے پور کے سورج بنسی ہے- اس خاندان کے مورث اعلیٰ جودھ راجہ فرمانروایان قنوج سے تھے- انھون نے سنہ ۱۴۵۹ع مین اس ریاست کی بنیاد ڈالی- پہلے پہل سنہ ۱۸۰۳ع مین ریاست ہذا اور سلطنت برطانیۂ عظمی مین دوستانہ تعلقات پیدا ہوے جو آج تک باقی ہین بلکہ روز افزون ترقی پر ہین- ہز ہائنس مہاراجہ سردار سنگھ نے حالت طفولیت مین زیر نگرانی اپنے عم نامدار میجر جنرل مہاراجہ سر پرتاب سنگھ صاحب بہادر جی- سی- ایس- آئی- سی بی کے تعلیم و تربیت پائی اور تھوڑے ہی عرصہ مین فنون سپہ گری خصوصًا شہسواری مین کمال حاصل کیا- جسوقت آپکی عمر صرف نو برس کی تھی آپنے بوقت تشریف آوری لارڈ رابرٹس صاحب سردار رسالہ کی جو آپ کے والد مہاراجہ بیکنٹھ باشی کے عہد دولت مین آپکے نام نامی پر قائم ہوا تھا اس خوبصورتی سے کمان کی کہ تمام حضار کو حیرت ہوگئی- آپ کے والد سر جسونت سنگھ بہادر نے سنہ ۱۸۹۵ع مین رحلت کی ہرچند آپ اُسوقت نابالغ تھے مگر امور ریاست مین ذہن خداداد کی رسائی سے ایسی قابلیت پیدا کرلی کہ اٹھارہ ہی برس کی عمر (سنہ ۱۸۹۸ع) مین حکمرانی کے اختیارات کامل حاصل کیے

آپ کے عہد دولت مین اعلیٰ درجہ کی تعلیم کو اس درجہ ترقی ہوئی کہ جسونت کالج جو اس سے پہلے ایف اے تک تھا درجہ بی - اے - کے لیے کھولا گیا- ۱۸۹۹ء مین مارواڑ مین قحط کی ایک بلاے عظیم نازل ہوئی - آپ نے جابجا رفع تکالیف کے کام کھول کر اپنی رعایا کو بلاے فاقہ کشی سے نجات بخشی - اس کار خیر مین نہ صرف اپنے خزانہ کی توفیر پر اکتفا کی بلکہ سرکار عظمت مدار سے تیئس لاکھ روپیہ قرض لیکر اسمین صرف فرمایا - کاشتکاران خالصہ کا لگان یک قلم معاف فرمادیا - فوجی کام سے جو آپ کا آبائی فن ہے آپ کو کمال دلچسپی ہے چنانچہ آپ نے گورنمنٹ سے درخواست کرکے امپیریل سروس ٹروپس کا رسالہ مہم چین پر بھجوایا اور ۱۸۹۷ء مین ایک رسالہ شمالی مغربی سرحد پر مہم مہمند و تیراہ کی شرکت کے لیے روانہ کیا - رفاہ عام کے کامون مین آپ اپنے والد کے قدم بقدم ہین مہاراجہ بیکنٹھ باشی کے زمانہ مین ایک بند پانی کے ذخیرہ کے لیے بہ صرف کثیر بمقام لچیاک تیار ہوا تھا آپ نے ویساہی ایک اور بند بمقام دھولے راؤ تعمیر کرایا - مہاراجہ متوفی کے عہد حکومت مین قدیم سکہ بجے شاہی سرکاری ٹکسال مین مسکوک ہوتا تھا اور اُس سے ایک معتدبہ رقم خزانہ مین آتی تھی مگر اس کی قیمت مین کمی بیشی رہنے کی وجہ سے تجارت کو نقصان پہونچتا تھا لہذا اپنے نفع عام اور فائدہ انام کے لحاظ سے سکہ رواج موقوف کرکے کلدار روپیہ جاری فرمایا - ریاست مین قاعدہ تھا کہ حسب تعداد مقررہ جاگیردارون سے راج کی خدمت کے لیے گھوڑے متعین رہتے تھے مگر چونکہ گھوڑون کا ساز و سامان اور سوارون کی وردیان عمدہ حالت مین نہین رہتی تھین اور اکثر غیر حاضری کی شکایت رہا کرتی تھی لہذا آپنے سوارون کی تعیناتی کے بجاے زر نقد وصول کرنا تجویز فرمایا - ریلوے لائن کو بھی آپکے زمانہ مین وسعت دیگئی - اوائل ۱۹۰۱ء مین آپ نے یوروپ کی سیاحت کا عزم کیا - اور ممالک فرانس - جرمنی - اٹلی - اسٹریا وغیرہ کی سیر کرکے وسیع تجربہ حاصل کیا رؤساے

راجپوتانہ مین سب سے پہلے آپ کو شہنشاہ معظم حضور ایڈورڈ ہفتم کی حکومت مین حضوری
کا شرف حاصل ہوا۔ پولو کے کھیل مین آپ کو کمال حاصل ہے چنانچہ بمقام کرسٹل پلیس
آپ نے اور آپکے ہمراہیون نے بمقابلہ لندن ٹیم نمایان کامیابی حاصل کی ریاست کا
رقبہ چونتیس ہزار نوسو تریسٹھ مربع میل محاصل پینتالیس لاکھ پچاسی ہزار روپیہ سالانہ ہے
مردم شماری ۱۹۰۱ء انیس لاکھ پینتیس ہزار پانچ سو پینسٹھ فوجی قوت مین پچھتر توپ دو سو چھبین توپچی
تین ہزار ایک سو باسٹھ سوار۔ تین ہزار چھ سو ترین پیادہ ہین منجملہ اس فوج کے جنمین باقاعدہ
اور بے قاعدہ دونون شامل ہین امپیریل سروس کے لیے چھ سو سوار کار آزمودہ منتخب ہوے ہین
سلامی سترہ ضرب توپ ہے۔



ٹونک

ہز ہائنس امین الدولہ وزیر الملک نواب سر محمد ابراہیم علیخان بہادر صولت جنگ جی۔سی۔آئی۔ای نواب ٹونک

ولادت سنہ ۱۸۴۹ء مسند نشینی ۲۰۔ دسمبر سنہ ۱۸۶۷ء ہز ہائنس قوم افغان فرقہ بنیر سے تعلق رکھتے ہین اور امیر خان کی اولاد مین ہین جنکے دادا طالع خان نے ملک بنیر سے اگر شہنشاہ محمد شاہ غازی کے عہد مین روہیلکھنڈ مین فوجی ملازمت اختیار کی تھی طالع خان کے بیٹے حیات خان نے مراد آباد مین ایک زمینداری پیدا کی اور اُنکے بیٹے امیر خان افواج ہلکر کے سپہ سالار مقرر ہوے اور سنہ ۱۸۰۶ء مین مہاراجہ ہلکر سے ریاست ٹونک حاصل کی جب مالوہ مین سطوت انگریزی قائم ہوئی تو امیر خان نے گورنمنٹ انگلشیہ سے حمایت کی درخواست کی اور گورنمنٹ نے صرف اُن مقبوضات پر جو ریاست ہلکر سے حاصل کیے تھے حق فرمانروائی تسلیم کر لیا اور زائد افواج کے برخاست کردینے کی ہدایت کی نومبر سنہ ۱۸۱۷ء مین ایک عہدنامہ منعقد ہوا اور گورنمنٹ انگریزی کی جانب سے ضلع رامپورہ مع قلعہ کے ریاست کے مقبوضات مین اضافہ کیا گیا۔ بعدہ اُنکے بیٹے کو ضلع پلول بطور جاگیر حین حیاتی عنایت ہوا۔ امیر خان نے سنہ ۱۸۳۴ء مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے وزیر محمد خان جانشین ہوے اُنھون نے ایام غدر مین حق وفاداری ادا کیا۔ مئی سنہ ۱۸۶۲ء مین اُنکو سند تقرر جانشینی حاصل ہوئی۔ وزیر محمد خان نے سنہ ۱۸۶۴ء کو انتقال کیا۔ اور اُنکے بیٹے نواب محمد علی خان جانشین ہوے مگر بعض ناشدنی وجوہ سے سنہ ۱۸۶۷ء مین ریاست سے علیحدہ کردیے گئے۔ اور ساٹھ ہزار روپیہ سالانہ پنشن مقرر ہوئی نواب سر محمد ابراہیم علی خان فرزند نواب محمد علی خان کی مسند نشینی سے تین برس بعد تک ایک کونسل آف ریجنسی کے ذریعہ سے جسکے صدر نشین نواب عبید اللہ خان فرزند نواب امیر خان

تھے ریاست کا انتظام ہوا سنہ ۱۸۷۱ء مین ہز ہائنس کو فرمانروائی کے کامل اختیارات عطا ہوے۔ دربار قیصری سنہ ۱۸۷۷ء مین آپ موجود تھے سنہ ۱۸۹۰ء مین آپکو خطاب جی۔سی۔آئی۔ای مرحمت ہوا آپکے عہد مین پبلک تعمیرات مین نمایان ترقی ہوئی ہے اسکول اور شفاخانہ جاری ہوے ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایکسو چودہ مربع میل آبادی تخمیناً ایک لاکھ تینتالیس ہزار آمدنی تقریباً پندرہ لاکھ روپیہ ہے۔ یہ ریاست برٹش گورنمنٹ کو کوئی خراج نہین دیتی اور نہ اسکے روپیہ سے کوئی مقامی کنٹنجنٹ فوج قائم ہے۔ سلامی سترہ ضرب توپ۔


بوندی

ہز ہائنس مہاراؤ راجہ سر رگھبیر سنگھ بہادر کے سی ایس آئی جی سی آئی ای۔ والی بوندی

ولادت سنہ ۱۸۶۸ء مسند نشینی ۲۸ مارچ سنہ ۱۸۸۹ء ہز ہائنس مہاراؤ راجہ چوہان راجپوت کے فرقہ ہاڑا سے تعلق رکھتے اور راؤ دیو سنگھ کی نسل مین ہین۔ سنہ ۱۲۴۲ء مین راؤ بجنت سنگھ دیو خلف راؤ دیو سنگھ نے اس ریاست کی بناڈالی تھی سنہ ۱۸۰۴ء مین گورنمنٹ برطانیہ اور ریاست کے مابین تعلقات قائم ہوے۔ اس زمانہ مین مہاراؤ امید سنگھ فرمانروا تھے جنھون نے کرنل مالسن صاحب کی فوج کو قابل قدر مدد دی۔ ہز ہائنس مہاراؤ راجہ سر رگھبیر سنگھ ۲۸ مارچ سنہ ۱۸۸۹ء کو مسند ریاست پر متمکن ہوے اور آپکے حسن انتظام کی قدرافزائی مین گورنمنٹ عالیہ نے آپکو کے سی۔ آئی۔ ای۔ کے سی ایس آئی۔ اور جی سی آئی ای۔ کے خطابات عطا فرمائے ہین ہز ہائنس کو تبنیت کا اختیار بھی حاصل ہے۔ ریاست کا رقبہ تقریباً دو ہزار تین سو مربع میل ہے آبادی ایک لاکھ اکہتر ہزار دو سو ستائیس آمدنی تخمیناً آٹھ لاکھ روپیہ ہے سلامی سترہ ضرب توپ۔



ہز ہائنیس مہاراو راجہ سر رگھبیر سنگھ بہادر۔ جی۔سی۔آئی۔ای۔ والی بوندی



ہز ہائنس مہاراجہ سوائی کشن سنگھ بہادر مہاراجہ بھرتپور

بھرت پور

ہز ہائنس مہاراجہ شری برجندر سوائی کشن سنگھ بہادر - بہادر جنگ مہاراجہ بھرت پور

ولادت ۴ - اکتوبر سنہ ۱۸۹۹ء مسند نشینی ۲۷ - اگست سنہ ۱۹۰۰ء ہز ہائنس جاٹ قوم سے ہین - اس خاندان کے بانی برج تھے جو موضع سنسنی پرگنہ ڈیگ کے مالک تھے - خاندان مغلیہ کے زوال کے زمانہ مین اس خاندان نے خاصکر ترقی کی اور بانی خاندان کے پرپوتے سورج مل نے اراضی مقبوضہ کو وسعت دی - سورج مل سنہ ۱۷۶۳ء مین مقتول ہوے - اُنکے پانچ لڑکے تھے جنمین سے تین نے یکے بعد دیگرے حکمرانی کی تیسرے بیٹے نول سنگھ کے عہد ریاست مین رنجیت سنگھ چوتھے بیٹے نے بغاوت کی اور نجف خان سے مدد طلب کی - نجف خان تمام مقبوضات پر خود متصرف ہو گئے اور صرف قلعہ بھرت پور رنجیت سنگھ کے قبضہ مین رہگیا - لیکن سورج مل کی بیوہ رانی کی کوشش سے نجف خان نے نو لاکھ روپیہ کی آمدنی کا علاقہ واپس دیا - نجف خان کی وفات کے بعد مہاراجہ سیندھیا تمام علاقہ پر جسمین بھرتپور بھی شامل تھا قابض ہو گئے مگر سورج مل کی بیوہ کی سعی و سفارش سے دس لاکھ روپیہ کی آمدنی کے گیارہ پرگنے رنجیت سنگھ کو واپس دیے گئے اور بعد کو بجلدوے اُن خدمات کے جو اُنھون نے جنرل پیرن کے حق مین انجام دین چار لاکھ کا ملک اور اضافہ ہوا اور جملہ چودہ پرگنون پر والی ریاست ہذا کا مالکانہ قبضہ ہوا وہی چودہ پرگنہ تا حال اس ریاست مین شامل ہین سنہ ۱۸۰۳ء سے اس ریاست کا تعلق سرکار عظمت مدار کے ساتھ پیدا ہوا اور اسی سال اضلاع کشن گڈھ - کٹاوہ - ریواڑی - گوکل اور ساہر اُنکو عطا ہوے ڈیگ کی لڑائی کے بعد مہاراجہ ہولکر نے بھرتپور مین پناہ لی جہان لارڈ لیک صاحب نے انکا تعاقب کیا - لارڈ لیک صاحب نے مہاراجہ ہولکر کی حوالگی چاہی لیکن رنجیت سنگھ نے دینے

سے انکار کیا قلعہ کا محاصرہ کیا گیا رنجیت سنگھ نے قابل تعریف محافظت کی اور چار حلون کو رد کیا جنسے محاصرین کے تین ہزار آدمی کام آئے بالآخر اُنھون نے قلعہ حوالہ کر دیا۔ سنہ ۱۸۰۵ء مین ایک جدید معاہدہ ہوا جسکی رو سے مہاراجہ رنجیت سنگھ نے بیس لاکھ روپیہ ہرجانہ دینا منظور کیا جنمین سات لاکھ بعد کو معاف ہو گئے اور ان علاقون پر اُنکو قبضہ دیدیا گیا جنپر آپ سابق مین قابض تھے مگر ان تعلقات کا استحکام اسوقت سے ہوا جبکہ سرکار نے رنجیت سنگھ کے پوتے بلونت سنگھ کو بزمانہ نابالغی مسند نشین کر کے انتظام ریاست زیر نگرانی پولیٹکل ایجنٹ انکی والدہ کے سپرد کیا۔ سنہ ۱۸۳۵ء مین مہاراجہ بلونت سنگھ کو کامل اختیارات مرحمت ہوئے اُنھون نے سنہ ۱۸۵۳ء مین وفات پائی اور اُنکے اکلوتے فرزند مہاراجہ جسونت سنگھ مسند نشین ہوے۔ مہاراجہ موصوف بزمانہ مسند نشینی نابالغ تھے۔ انتظام ریاست ایک کونسل کے سپرد تھا جسمین ایک پولیٹکل ایجنٹ کی نگرانی مین پانچ سردار شامل تھے سنہ ۱۸۷۳ء مین جب آپ سن بلوغ کو پہونچے تو کامل اختیارات حاصل کیے۔ مگر سنہ ۱۹۰۰ء مین بعض ناشدنی امور سے ہز ہائنس معزول کیے گئے اور اُنکے خورد سال فرزند مہاراجہ حال مسند نشین ہوے ریاست کا انتظام گورنمنٹ کرتی ہے۔ رقبہ ایک ہزار نو سو بیاسی مربع میل۔ مردم شماری چھ لاکھ چھبیس ہزار چھ سو پینسٹھ۔ محاصل چھتیس لاکھ چون ہزار تین سو ستائیس روپیہ ہے۔ بھرت پور سے کوئی رقم بطور خراج یا مصارف مقامی کوریا کنٹنجنٹ نہین لی جاتی۔ سلامی سترہ ضرب توپ۔

بیکانیر

میجر ہز ہائنس مہاراجہ راج راجیشور نرندر شرومنی سری مہاراجہ دھراج سر گنگا سنگھ جی بہادر کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ والی بیکانیر

ولادت ۱۸۸۰ع۔ مسند نشینی ۱۹۔ اگست ۱۸۸۷ع ہز ہائنس راٹھور راجپوت ہین اس ریاست کے بانی بیکا سنگھ فرزند راجہ جودھ سنگھ والی جودھپور تھے جنھون نے اس ملک کو فتح کیا تھا اُنھون نے اس قطعۂ ملک مین قدم جانے کے بعد باگڑ کو جیسلمیر کے بھاٹیون سے فتح کر کے بیکانیر کی بنیاد ڈالی بیکا سنگھ نے ۱۵۰۵ع مین انتقال کیا۔ اُنکی چوتھی پشت مین راے سنگھ ۱۵۷۳ع مین مسند نشین ہوے۔ اس زمانہ مین شہنشاہان دہلی سے بیکانیر کا تعلق قائم ہوا وہ اکبر بادشاہ کے رسالہ کے افسر مقرر ہوئے اور دربار شاہنشاہی سے باون پرگنون کی معافی عطا ہوئی جسمین ہانسی حصار بھی داخل تھا ۱۸۰۱ع مین جب جودھپور اور دیگر ریاستون نے بیکانیر پر حملہ کیا تو مہاراجۂ صورت سنگھ نے جو اس زمانہ مین برسر حکومت تھے گورنمنٹ کی امداد چاہی اور ۱۸۱۸ عیسوی مین ایک معاہدہ کے ذریعہ سے گورنمنٹ برطانیہ سے ریاست کے تعلقات قائم ہوے یہ ریاست نہ پیشوا کو کسی قسم کا خراج دیتی تھی اور نہ برٹش گورنمنٹ نے حمایت کے عوض مین کوئی معاوضہ طلب کیا۔ صرف باہمی معاونت کا اقرار ریاست کی طرف سے اور حمایت کا معاہدہ سرکار کی طرف سے تھا۔ صورت سنگھ نے ۱۸۲۸ع مین انتقال کیا اور اُنکے فرزند رتن سنگھ مسند نشین ہوے مہاراجہ رتن سنگھ کے بعد ۱۸۵۲ع مین اُنکے فرزند سردار سنگھ جانشین ہوئے اُنھون نے غدر کے زمانہ مین عمدہ خدمات انجام دین اور باغیان ہانسی حصار کے استیصال کے

لیے فوجی اعانت کی اور بجلدوے حسن خدمت اکتالیس مواضع بطور معافی مرحمت ہوے۔ مہاراجہ سردار سنگھ نے مئی سنہ ۱۸۷۲ع مین لاولد وفات پائی مگر سند اختیار تبنیت کے موافق جو سنہ ۱۸۶۲ع مین عطا ہوچکی تھی مہارانی اور دیگر اراکین ریاست نے ڈونگر سنگھ کو جو مہاراجہ صورت سنگھ کے بھائی چھتر سنگھ کی اولاد مین تھے جانشینی کے لیے منتخب کیا اور گورنمنٹ نے بھی اس انتخاب کو تسلیم کیا۔ مہاراجہ ڈونگر سنگھ نے اگست سنہ ۱۸۸۷ع کو لاولد انتقال کیا۔ مگر اُنھون نے قبل وفات اپنے برادر حقیقی گنگا سنگھ کو متبنیٰ کیا تھا۔ اس تبنیت کو سرکار انگریزی نے تسلیم کیا اور مہاراجہ بزمانۂ نابالغی مسند نشین ہوے۔ ہز ہائنس نے میو کالج اجمیر مین تعلیم حاصل کی ہے آپ ایک تعلیم یافتہ والی ملک ہین۔ ریاست کا انتظام ایک کونسل کرتی ہے جسکے آپ پریسیڈنٹ ہین چین کی فوج کشی مین آپ بھی اپنی فوج لیکر شریک ہوے تھے حال مین آپ کو لندن مین جشن تاجپوشی شہنشاہ اڈورڈ ہفتم کی شرکت کا شرف حاصل ہوچکا ہے۔ ریاست کا رقبہ تیئیس ہزار تین سو گیارہ مربع میل آبادی (سنہ ۱۹۰۱ع) پانچ لاکھ چوراسی ہزار چھ سو ستائیس اور سلامی سترہ ضرب توپ۔

قرولی

ہز ہائنس مہاراجہ سر بھنور پال دیو بہادر جادوکل چندر ابھال

جی-سی-آئی-ای-والی قرولی

ولادت ۲۴ فروری سنہ ۱۸۶۴ء مسند نشینی ۱۴-اگست سنہ ۱۸۸۶ء-ہز ہائنس چندر بنسی جادون کے فرقۂ جادون کے راس الرئیس ہین اس خاندان مین مدت مدید سے مہاراجہ کا لقب چلا آتا ہے خاندان کے مورث اعلیٰ مہاراجہ بجے پال تھے جنھون نے سنہ ۹۹۵ء مین قلعۂ بیانہ تعمیر کیا تھا-مہاراجہ ارجن دیو نے سنہ ۱۳۴۸ء مین ریاست قائم کی اور قرولی کو اپنا دار الحکومت بنایا-مہاراجہ دھرم پال سنہ ۱۶۴۴ء مین فرمانروا ہوے پہلے یہ ریاست پیشوا کی خراج گزار تھی اور پچیس ہزار روپیہ سالانہ رقم مقرر تھی جب عہدنامۂ سنہ ۱۸۱۷ء کے موافق حقوق باج ستانی گورنمنٹ انگلشیہ کی طرف منتقل ہوے تو وہ مواضع جو بالعوض رقم خراج پیشوا کے انتظام مین دے دیے گئے تھے سرکار انگریزی نے واگزار کر کے ریاست کو اپنے ظل حمایت مین لیا-مگر بالعوض رقم خراج یہ امر قرار پایا کہ مہاراجہ حسب استطاعت گورنمنٹ کو عند الحاجت فوج سے مدد دین -

اُسوقت مہاراجہ ہربخش پال فرمان روا تھے-مہاراجہ ہربخش پال نے سنہ ۱۸۳۸ء مین وفات کی اور اُنکے متبنیٰ پرتاب پال مسند نشین ہوے اُنھون نے سنہ ۱۸۴۸ء مین انتقال کیا یہ لاولد تھے وراثت کی نسبت تنازعات پیدا ہوے آخر الامر خاندانی انتخاب سے نرسنگھ پال (بزمانۂ نابالغی) مسند نشینی کے لیے نامزد ہوے اگرچہ تولیت کی نسبت باہم بہت اختلاف تھا لیکن بالآخر نرسنگھ پال کی جانشینی تسلیم کی گئی-اُنھون نے سنہ ۱۸۵۲ء مین وفات پائی اور صرف ایک روز قبل وفات

دور کے ایک رشتہ دار بھرت پال کو متبنیٰ کیا - اولاً تجویز ہوئی کہ ریاست منقضی سمجھی جاے
مگر ایک قریب تر رشتہ دار مدن پال کے حقوق کی ایک بڑی ذی اثر جماعت نے تائید
کی - آمین مہاراجگان بھرتپور - دھولپور - الور اور جیپور کی آرا بھی شامل تھین - اس معاملہ
کی تحقیقات کی گئی تو ظاہر ہوا کہ بعض ضروری مراسم کے فروگذاشت کی وجہ سے یہ تبنیت
بیقاعدہ تھی چونکہ مدن پال زیادہ قریبی رشتہ دار تھے اور رانیون اور دیگر اراکین عظام ریاست
نے بھی اُنکو قبول کیا لہذا ۱۸۵۴ء مین وہ قرولی کے فرمانروا تسلیم کیے گئے - مہاراجہ
مدن پال نے غدر کے زمانہ مین گورنمنٹ کی عمدہ خدمات انجام دین جنکے جلدو مین وہ قرضہ
معاف کردیا گیا جو ایک عرصۂ دراز سے اُن کے ذمہ باقی چلا آتا تھا اُسکے علاوہ ایک
خلعت گرانبہا مرحمت ہوا اور سلامی مین دو ضرب توپ کا اضافہ ہوا اور وہ پندرہ
سے سترہ ضرب کردی گئی - ۱۸۶۲ء مین سند اختیار تبنیت عطا ہوئی - مہاراجہ موصوف نے
۱۸۶۹ء مین انتقال کیا اور اُنکے متبنیٰ بھتیجے مہاراجہ لچھمن پال وارث ہوے لیکن وہ
قبل مسند نشینی فوت ہوے اور جے سنگھ پال جو مہاراجہ دھرم پال کی اولاد مین تھے
نامزد اور مسند نشین کیے گئے - مہاراجہ جے سنگھ پال نے ۱۸۷۵ء مین وفات کی -
اور ارجن پال راؤ ہاروٹی کی جانشینی سرکار انگریزی نے تسلیم کی مہاراجہ جے سنگھ کے
دوسرے عم زاد برادر سجن پال نے پہلے قرولی کی حکومت اور بعد کو ہاروٹی کی ریاست پر اپنا
استحقاق ظاہر کیا مگر بالآخر حسب راے ٹھاکران ریاست بھیم پال برادرزادہ راؤ ارجن پال
ریاست ہاروٹی کے راؤ مقرر ہوے - مہاراجہ ارجن پال نے ۱۸۸۶ء مین رحلت
فرمائی اور اُنکے بھتیجے ہز ہائنس مہاراجہ بھنور پال راؤ ہاروٹی مسند نشین ریاست قرولی
ہوے ۱۸۸۹ء تک پولیٹکل ایجنٹ کی نگرانی مین اسٹیٹ کونسل نے ریاست کا
انتظام کیا اور ریاست ہذا تمام قرضون سے بیباق ہوگئی اُسوقت مہاراجہ کو کامل اختیارات
مرحمت ہوے اور ۱۸۹۴ء مین خطاب کے سی - آئی - ای سے ممتاز ہوے - اور

سنہ ۱۸۹۷ء مین باضافۂ خطاب جی۔سی۔ایس۔آئی مفتخر و معزز ہوے۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار دو سو بیالیس مربع میل۔ آبادی سنہ ۱۹۰۱ء ایک لاکھ چھپن ہزار سات سو چھیاسی محاصل چار لاکھ پینسٹھ ہزار ہے۔ سلامی سترہ ضرب توپ ہے۔

کوٹہ

ہز ہائنس مہاراؤ امید سنگھ بہادر کے سی ایس آئی والی کوٹہ

ولادت سنہ ۱۸۷۳ء مسند نشینی ۱۱- جون سنہ ۱۸۸۹ء- ہز ہائنس چوہان راجپوت فرقہ ہاڑا سے تعلق رکھتے ہین- اس ریاست کو قائم ہوے تقریباً دو سو پچاس سال گزرے- خاندان کوٹہ کے مورث اعلیٰ مادھو سنگھ راؤ رتن فرمانرواے بوندی کے دوسرے فرزند تھے اُنھون نے سنہ ۱۶۲۵ء کے قریب دربار جہانگیری سے حسن خدمات کے صلہ مین یہ ریاست بطور جاگیر حاصل کی تھی اٹھارہوین صدی کے اوائل مین ریاست ہذا کی حالت عمدہ نہ تھی مگر وزیر ریاست ظالم سنگھ کی غیر معمولی قابلیت نے سنبھال لیا- ظالم سنگھ نے اپنے عہد وزارت مین جو پینتالیس برس تک رہا ریاست کو بہت بڑی ترقی دی- ظالم سنگھ کی اولاد کو ایک علیحدہ ریاست عطا ہوئی اور اسطرح ریاست جھالاوار کی بنیاد قائم ہوئی سنہ ۱۸۱۷ء مین ریاست کوٹہ اور گورنمنٹ کے مابین ایک ضمنی معاہدہ ہوا جسکی روسے انتظام حکومت ظالم سنگھ اور اُنکی اولاد کے اور سرداری والی کوٹہ یا اور انکے جانشینون کے سپرد کی گئی- مہاراؤ امید سنگھ کے بعد اُنکے بیٹے مہاراؤ کشور سنگھ اور اُنکے بعد اُنکے بھتیجے مہاراو رام سنگھ فرمانروا ہوے- اُنکے زمانہ مین مدن سنگھ وزیر تھے جو ظالم سنگھ کے پوتے تھے- مدن سنگھ اور مہاراؤ رام سنگھ مین اتفاق نہ تھا اور اسلیے منظوری والی کوٹہ یہ تجویز ہوئی کہ ریاست جھالاوار کوٹہ سے علیحدہ قائم کیجاے- مہاراؤ رام سنگھ کو سنہ ۱۸۶۳ء مین سند اختیار تبنیت عطا ہوئی اُنھون نے سنہ ۱۸۶۶ء مین انتقال کیا اور اُنکے اکلوتے فرزند بھیم سنگھ (جنھون نے خاندانی نام چھتر سال سنگھ اختیار کیا تھا) جانشین ہوے- مہاراؤ چھتر سال نے ۱۱ جون سنہ ۱۸۸۹ء کو انتقال کیا اور اُنکے

متبنیٰ فرزند او دے سنگھ جنھون نے خاندانی نام امید سنگھ اختیار کیا جانشین ہوے
ہزہائنس مہاراو نے میو کالج اجمیر مین تعلیم پائی ہے اور ایک روشن ضمیر رئیس ہین آپکے
عہد مین توسیع ریلوے کو جو ترقی ہوئی اُسکا ہز اکسلنسی لارڈ کرزن نے اپنے دورہ
راجپوتانہ مین نہایت مسرت سے اعتراف کیا ہے۔ ریاست کا رقبہ ۵۶۸۴
مربع میل مردم شماری تقریباً ۵۴۴۸۷۹ کل محاصل ساڑھے چونتیس لاکھ اور سلامی سترہ ضرب
توپ ہے۔



کشن گڈھ

ہز ہائنس مہاراجہ دھراج مہاراجہ مدن سنگھ بہادر والی کشن گڈھ

ولادت ۲ نومبر سنہ ۱۸۸۴ع - مسند نشینی اگست سنہ ۱۹۰۰ع کشن گڈھ خاندان جودھپور کی ایک شاخ ہے - ریاست کے بانی مہاراجہ کشن سنگھ فرزند ثانی مہاراجہ اودے سنگھ والی جودھپور تھے جنھون نے اپنے وطن مالوف سے نکلکر اس قطعہ ملک کو فتح کیا جو فی الحال کشن گڈھ سے مشتمل ہے سنہ ۱۵۹۴ع مین شہنشاہ اکبر نے اُسکے متعلق ایک فرمان عطا فرمایا سنہ ۱۸۱۸ع مین مہاراجہ کلیان سنگھ اور برٹش گورنمنٹ کے مابین معاہدہ ہوا ازان بعد محکم سنگھ اور پھر مہاراجہ پرتھی سنگھ یکے بعد دیگرے حکمران ہوے انکے بعد مہاراجہ سردول سنگھ بہادر اُنکے جانشین ہوے اور جنوری سنہ ۱۸۹۲ع مین انکو جی سی ایس آئی کا خطاب مرحمت ہوا - مہاراجہ سردول سنگھ نے ۱۸ - اگست سنہ ۱۹۰۰ع کو رحلت فرمائی اور اُنکے اکلوتے فرزند رشید ہز ہائنیس مہاراجہ دھراج مہاراجہ مدن سنگھ بہادر فرمانرواے ریاست ہوے ہز ہائنیس نے مکان پر اپنے والد ماجد کی نگرانی مین تعلیم پائی ہے - جنوری سنہ ۱۹۰۲ع مین آپ کو لارڈ کرزن نے امپیریل کیڈٹ کور مین شریک ہونے کی اجازت دی - آپکے اسلاف کرام شجاعت بسالت تقویٰ اور پرہیزگاری مین مشہور اور معروف تھے اور آپ ایک جوان صالح اور اُنھین کے قدم بہ قدم ہین اس ریاست مین عقیق کی نہایت عمدہ کانین ہین آبپاشی کے تالاب اور بند بصرف کثیر تیار کراے گئے ہین اور ان تالابون سے تقریباً دو ثلث اراضی کی آبپاشی ہوتی ہے - ریاست کا رقبہ ۸۵۸ مربع میل آبادی ایک لاکھ اور سلامی پندرہ ضرب توپ -



ہز ہائنیس مہاراجہ دھراج مدن سنگھ بہادر والی کشن گڈھ

ڈونگرپور

ہزہائینس مہاراول بجے سنگھ بہادر والی ڈونگرپور

یہ خاندان فرمانروا خاندان اودے پور کی ایک شاخ ہے زوال سلطنت مغلیہ کے بعد ریاست ڈونگرپور بھی راجپوتانہ کی اور ریاستون کی طرح مرہٹون کی باجگزار تھی۔عہدنامہ ۱۸۱۹ء کے بموجب حقوق باج ستانی برٹش گورنمنٹ کی جانب منتقل ہوے -اس زمانہ مین راول جسونت سنگھ بر سر حکومت تھے جو ۱۸۲۵ء مین ریاست سے علیحدہ کیے گئے اور اُنکے متبنی دلپت سنگھ والی ریاست قرار پائے -راول دلپت سنگھ فرمانرواے پرتاب گڈھ کے پوتے تھے جب ریاست پرتاب گڈھ پر اُنکی فرمانروائی کا زمانہ آیا تو یہ مسئلہ درپیش ہوا کہ آیا ریاست ہذا اور ریاست پرتابگڈھ متحد کردیجائین یا ریاست ڈونگرپور کے لیے ایک جدید تبنیت عمل مین آئے یا ریاست پرتابگڈھ برٹش گورنمنٹ کے قبضہ مین دیدیجاے -آخر یہ تصفیہ ہوا کہ دلپت سنگھ ریاست ڈونگرپور کی مسندنشینی کے لیے اودے سنگھ فرزند ٹھاکر سبلی کو متبنی کرین راول اودے سنگھ اُس زمانہ مین نابالغ تھے لہٰذا یہ قرار پایا کہ راول دلپت سنگھ فرمانرواے پرتابگڈھ اور طفولیت راول موصوف کی حالت مین ولی رہین مگر چونکہ دلپت سنگھ پرتابگڈھ مین رہتے تھے اور یہان بدعملی ظہور مین آئی اسلیے ۱۸۵۲ء مین جملہ حقوق فرمانروائی دلپت سنگھ سے لے لیے گئے اور ریاست تا زمانہ بلوغ راول صاحب ہندوستانی ایجنٹ مقررہٗ برٹش گورنمنٹ کے زیر انتظام رہی اُنکی وفات کے بعد ہزہائنس مہاراول بجے سنگھ مسندنشین ہوے۔ ہزہائینس مہاراول میو کالج اجمیر مین زیر تعلیم ہین -ریاست کا رقبہ ۱۴۴۷ مربع میل اور آبادی ۱۰۰۱۰۳ اور سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

سروہی

ہز ہائینس مہاراؤ سر کیسری سنگھ بہادر کے سی-ایس آئی-
مہاراؤ سروہی

ولادت ۲۰ جون سنہ ۱۸۵۷ع مسند نشینی ۱۶ استمبر سنہ ۱۸۷۵ع-آپ راجپوت چوہان فرقۂ دیورہ سے ہین-اس خاندان کے مورث اعلیٰ دیوراج پرتھی راج دہلی کی نسل سے تھے-کوہ آبو جسکو راجپوت نہایت مقدس خیال کرتے ہین اسی ریاست مین واقع ہے اس پہاڑی پر سابق مین کسی راجہ کو جانے کی اجازت نہ تھی مگر سنہ ۱۸۳۶ع مین برٹش پولیٹکل ایجنٹ کی درخوست پر مہارانا اودے پور کو متبرک منادر کی زیارت کی اجازت دیگئی اسکے بعد اور فرمانرواؤن نے اُنکی زیارت کی سنہ ۱۸۴۵ع مین اس پہاڑ کا ایک حصہ اغراض دار الصحت کے لیے سرکار انگریزی کو دیا گیا سنہ ۱۸۱۳ع مین اس ریاست کے تعلقات سرکار انگریزی کے ساتھ پیدا ہوے تھے-اُس زمانہ مین راؤ شیو سنگھ فرمانروا تھے-راؤ موصوف نے ایام غدر مین سرکار انگریزی کے ساتھ حق رفاقت ادا کیا اور اُسکے جلدو مین نصف خراج معاف کردیا گیا جسکی مقدار تقریباً تیرہ ہزار سات سو باسٹھ تھی اب صرف چھ ہزار آٹھ سو اکاسی روپیہ دینا پڑتا ہے سنہ ۱۸۶۲ع مین راؤ موصوف کو اختیار تبنیت عطا ہوا-اور سنہ ۱۸۶۵ع مین مہاراؤ شیو سنگھ کے بعد مہاراؤ امید سنگھ فرمانروا ہوے مہاراؤ امید سنگھ نے سنہ ۱۸۷۵ع مین انتقال کیا اور ہز ہائنس مہاراؤ کیسری سنگھ مسند آراے ریاست ہوے سنہ ۱۸۸۹ع مین والی ریاست کو خطاب مہاراؤ بطور موروثی اعزاز کے عطا ہوا-ہز ہائنس مہاراؤ کو یکم جنوری سنہ ۱۸۹۵ع کو خطاب کے سی ایس-آئی مرحمت ہوا ریاست کا رقبہ سنہ ۱۹۰۱ع ۱۹۶۴ مربع میل-آبادی ۱۵۴۵۴۴ اور محاصل سوا دو لاکھ ہے-سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے-

پرتاب گڈھ

ہز ہائینس مہاراوت رگھناتھ سنگھ بہادر والی پرتابگڈھ

جانشینی ۱۵ فروری سنہ ۱۸۹۰ عیسوی حصول اختیارات ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۹۱ء مہاراوت پرتاب گڈھ کا خاندان سیسودیہ راجپوت اودے پور کی ایک چھوٹی شاخ ہے ملک مالوہ مین حکومت پیشوا کے قائم ہونے کے زمانہ سے فرمانروایان پرتاب گڈھ ریاست ہلکر کے باجگزار تھے - سرکار انگریزی سے سنہ ۱۸۰۴ء مین تعلقات پیدا ہوے اُس زمانہ مین مہاراوت ساونت سنگھ مسند آراے ریاست تھے - ساونت سنگھ نے سنہ ۱۸۴۴ء مین وفات پائی اور اُنکے بجاے اُنکے پوتے دلپت سنگھ وارث ریاست ہوئے مہاراوت دلپت سنگھ نے سنہ ۱۸۶۴ء مین وفات پائی اور اُنکے بیٹے مہاراوت اودے سنگھ مسند نشین ہوے - مہاراوت اودے سنگھ نے ۱۵ - فروری سنہ ۱۸۹۰ء کو لاولد انتقال کیا اور ہز ہائینس مہاراوت رگھناتھ سنگھ جو سابق فرمانرواے پرتابگڈھ کے سب سے قریبی اعزہ مین تھے اُنکے جانشین منتخب ہوے اور اُنکو ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۹۱ء کو کامل اختیارات عطا کیے گئے ریاست کا رقبہ تقریباً آٹھ سو چھیاسی مربع میل - آبادی سنہ ۱۹۰۱ء باون ہزار چھبیس اور آمدنی تین لاکھ روپیہ سے زائد ہے - سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے -

بانسواڑہ

ہز ہائینس راے رایان مہاراول سری لچھمن سنگھ بہادر والی بانسواڑہ

ولادت سنہ ۱۸۳۸ء مسند نشینی سنہ ۱۸۴۴ عیسوی یہ ریاست ابتداءً ریاست میواڑ کا ایک جزو تھی لیکن سلطنت برطانیہ کے تعلقات سے پہلے خود مختار ہو چکی تھی۔ سنہ ۱۸۱۲ء مین فرمانرواے ریاست نے اس شرط پر برٹش گورنمنٹ کا باجگزار ہونا منظور کیا کہ مرہٹونکو اس ملک سے خارج کردیا جاے۔ مگر سنہ ۱۸۱۸ء تک کوئی معین تعلقات قائم نہین ہوے تھے۔ باالآخر ۱۳۔ فروری سنہ ۱۸۱۹ء سے یہ ریاست باضابطہ سلطنت عظمیٰ کے ظل حمایت مین داخل ہوئی۔ ہز ہائینس مہاراول متوفی بہادر سنگھ کے متبنیٰ ہین جو سابق مہاراول بھوانی سنگھ کے متبنیٰ تھے۔ مہاراول سوائی سنگھ مہاراول امید سنگھ کے بیٹے اور جانشین تھے جنکے ساتھ عہدنامہ سنہ ۱۸۱۸ء منعقد ہوا تھا۔ مہاراول لچھمن سنگھ کو سنہ ۱۸۶۶ء مین اختیار تبنیت عطا ہوا۔ رقبہ ایک ہزار چھ سو چھ مربع میل آبادی تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار اور سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

الور

ہز ہائینس مہاراجہ سوائی جے سنگھ بہادر والی الور

ولادت . . . . . مسند نشینی بزمانہ نابالغی سنہ ۱۸۹۲ع یہ خاندان فرقہ نروکہ قوم راجپوت سے ہے۔ اس خاندان کے بانی راو پرتاب سنگھ تھے راو پرتاب سنگھ کے بعد اُنکے متبنیٰ راو بختاور سنگھ مسند نشین ہوے اور اُنھون نے گورنمنٹ انگلشیہ سے توسل پیدا کیا مہاراو راجہ بختاور سنگھ سنہ ۱۸۰۳ع مین انگریزی حمایت مین آئے اور ریاست اور گورنمنٹ کے مابین ایک معاہدہ ہوا۔ راجہ مذکور نے سنہ ۱۸۱۵ع مین انتقال کیا۔ مہاراو راجہ کے انتقال کے بعد وراثت اور جانشینی کی نسبت تنازع پیدا ہوا راجپوت سابق مہاراو کے برادرزادہ اور متبنیٰ بنے سنگھ کے طرفدار تھے اور مسلمان ارکان ریاست بہ سرغنائی نواب احمد بخش خان رئیس لوہارو بلونت سنگھ کے جانب تھے آخر یہ فیصلہ ہوا کہ بنے سنگھ کو خطاب راجگی اور بلونت سنگھ کو انتظام ریاست سپرد ہو۔ دونون وارث نابالغ تھے۔ آخر باہمی تنازع اس حد تک پہونچا کہ ریاست تقسیم ہوگئی مگر چونکہ بلونت سنگھ نے لاولد انتقال کیا لہذا ریاست اولاد بنے سنگھ کی طرف منتقل ہوئی۔ مہاراو بنے سنگھ نے سنہ ۱۸۵۷ع مین انتقال کیا اور شیودان سنگھ اُنکے بیٹے مسند نشین ہوے۔ شیودان سنگھ نے سنہ ۱۸۷۴ع مین انتقال کیا انکو حق تبنیت حاصل تھا مگر اُنکے کوئی اولاد نہ تھی نہ اُنھون نے کسی کو متبنیٰ کیا تھا پس باتفاق ارکین خاندان مہاراو راجہ سر منگل سنگھ منتخب ہوے۔ اُنھون نے ۲۲ مئی سنہ ۱۸۹۲ع کو انتقال کیا اور انکے اکلوتے فرزند ہز ہائینس مہاراجہ سوائی جے سنگھ مسند نشین ہوے۔ بزمانہ نابالغی انتظام ریاست کونسل کی سپردگی مین ہے ریاست کا رقبہ ۳۱۴۱ مربع میل آبادی ۸۲۸۴۸۷ - اور محاصل تقریباً تیس لاکھ روپیہ ہے۔ سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے۔

جیسلمیر

ہز ہائینس مہاراول سالباہن بہادر والی جیسلمیر

ولادت سنہ ۱۸۸۶ء مسند نشینی ۱۲-اپریل سنہ ۱۸۹۱ء یہ خاندان جدو بہٹی راجپوت اور براہ راست سری کرشن جی کی نسل تک منجر ہوتا ہے یہ خاندان بھی خانوادہ اودے پور کی طرح نہایت قدیم ہے۔اس خاندان مین سب سے پہلے دیوراج نے جو سنہ ۸۳۶ء مین پیدا ہوے تھے راول کا لقب اختیار کیا اور شہر دیوراول کی بنیاد ڈالی ۔ اُنکی اولاد مین راول جیسل نے شہر جیسلمیر کو آباد کیا اور سنہ ۱۱۵۶ء مین ایک مستحکم قلعہ بنوایا۔ سنہ ۱۲۹۴ء مین سلطان علاؤالدین کی خونریز جنگ کے وقت راول مولراج اور اُنکے جری سپاہی اپنے بیوی بچون کو قتل کرکے مخالفین کی صف پر جا پڑے اور بے شمار آدمیون کو قتل کر کے خود بھی میدان جنگ مین کام آئے بالآخر راول سبل سنگھ کے عہد مین بہادر بہٹیون کو شاہجہان کا خراج گذار ہونا پڑا۔ سنہ ۱۸۱۸ء مین یہ ریاست سلطنت برطانیہ عظمیٰ کے ظل حمایت مین داخل ہوئی ۔فتح سندھ کے بعد سنہ ۱۸۴۷ء مین قلعجات شاہ گڈھ وگرسیہ وگھوٹرو جو اس ریاست کے قبضہ سے نکل گئے تھے بحکم گورنمنٹ عالیہ واپس دیے گئے۔راول گج سنگھ کی وفات پر بیوہ رانی نے رنجیت سنگھ کو متبنیٰ کیا جنھون نے سنہ ۱۸۶۴ء مین انتقال کیا اور اُنکے چھوٹے بھائی اُسی سال مسند نشین ہوے جنھون نے سنہ ۱۸۹۱ء مین انتقال کیا اور اُنکی رانیون نے حسب صوابدید سلطنت عظمیٰ راول شام سنگھ کو متبنیٰ کیا اور خاندانی نام سالباہن سے موسوم کیا۔ہز ہائینس مہاراول میو کالج مین تعلیم پارہے ہین اور ریاست کے دیوان راؤ بہادر جگجیون جیون ہین۔ ریاست کا رقبہ ۱٦٠٦۲ مربع میل آبادی سنہ ۱۹۰۱ء تہتر ہزار تین سو ستر ہے۔سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے۔



ہز ہائنس مہاراول سالباہن بہادر۔ والی جیسلمیر

دھولپور

ہزہائینس رئیس الدولہ سپہدار الملک مہاراجہ دھراج سری سوائی مہاراج رانا رام سنگھ لوکندر بہادر دلیر جنگ جے دیو والی دھولپور

ولادت ۲۶ مئی سنہ ۱۸۸۳ع جانشینی ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۰۱ع- ہزہائنس خاندان جاٹ سے تعلق رکھتے ہین- آپکے مورث اعلیٰ گیارھوین صدی مین دہلی کے پنوار راجاؤن کے ماتحت تھے- بعد ازان اُنھون نے چمبل کے کنارے ایک قطعۂ ملک حاصل کیا دھولپور کے اول رئیس رانا لوکندر سنگھ معروف بہ رانا گوہڈ تھے جن سے برٹش گورنمنٹ نے پولٹیکل تعلقات پیدا کیے- رانا کا لقب موروثی ہے اور قدیم الایام سے چلا آتا ہے سنہ ۱۷۷۹ع مین برٹش گورنمنٹ نے بجاے رانا کے مہاراج رانا کا لقب تسلیم کیا ہے پانی پت مین مرہٹون کی شکست کے بعد رانا لوکندر سنگھ کے چچا نے قلعہ گوالیار پر قبضہ کرلیا اور جنگ مرہٹہ مین جسکا انجام صلح نامہ سلبئی تھا برٹش گورنمنٹ نے رانا لوکندر سنگھ کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جسکا مقصد برٹش عملداری پر بیرونی حملون کا سدباب تھا- مہاراج رانا نے اس جنگ مین برٹش افواج کی شرکت کی معاہدہ سنہ ۱۸۰۵ع کے مطابق لارڈ کارنواس نے گوہڈ اور گوالیار مہاراجہ دولت راو سیندھیا کو منتقل کردیا اور دھولپور باڑی اور راج کھیڑا مہاراج رانا کیرت سنگھ کو عنایت کیے اور اسطرح دریاے چمبل سیندھیا اور دھولپور کی ریاستون کے مابین سرحد فاصل ہوگیا- مہاراج رانا کیرت سنگھ نے سنہ ۱۸۳۶ع مین قضا کی- اُنکے جانشین مہاراج رانا بھگونت سنگھ ہوے- ان مہاراجہ نے غدر سنہ ۱۸۵۷ع مین برٹش گورنمنٹ کو بخوبی مدد دی مگر اُنکے وزیر دیوہنس ضلع آگرہ کے مواضع مین لوٹ مار

کرنے کے باعث گورنمنٹ کے عتاب مین آئے مہاراج رانا بھگونت سنگھ کو سنہ ۱۸۶۲ء مین حق تبنیت حاصل ہوا اور خطاب جی سی۔ ایس۔ آئی سے ممتاز ہوے اُنھون نے فروری سنہ ۱۸۷۳ء مین قضا کی اور اُنکے پوتے مہاراج رانا نہال سنگھ جنکے والد سنہ ۱۸۷۰ء مین فوت ہو چکے تھے اُنکے جانشین ہوے۔ مہاراج رانا نہال سنگھ کی نابالغی کے زمانہ مین راجہ سر ڈنکر راؤ اُنکے ولی مقرر ہوے اور نظم ونسق ریاست مین اُنکو پورے اختیارات عطا ہوے مگر سوء تندرستی کی وجہ سے اُنھون نے اُسی سال اپنے عہدہ سے کنارہ کشی کی اور ایک برٹش افسر دھولپور کا منتظم اور کم سن رانا کی تعلیم کا نگران مقرر ہوا۔ مہاراج رانا نہال سنگھ کو ۱۹ فروری سنہ ۱۸۹۳ء مین اختیارات حکومت عطا ہوے۔ اُنھون نے جولائی سنہ ۱۹۰۱ء مین رحلت کی اور اُنکے خورد سال فرزند مہاراج رانا رام سنگھ والی حال جانشین مقرر ہوے زمانہ نابالغی مین ریاست کا انتظام برٹش گورنمنٹ کرتی ہے۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایک سو پچپن مربع میل۔ آبادی دو لاکھ ستر ہزار نو سو تہتّر۔ محاصل نو لاکھ ترانوے ہزار چھ سو ترسٹھ اور فوجی قوت پندرہ سو تیئیس ہے۔ سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے۔



ہز ہائنس راج رانا بھوانی سنگھ والی جھالاواڑ

جھالاوار

ہزہائینس راج رانا بھوانی سنگھ والی جھالاوار

ولادت ۲ ستمبر ۱۸۷۴ء مسند نشینی ۶ فروری ۱۸۹۹ء جھالاوار کا فرمانروا خاندان راجپوت فرقہ جھالا سے تعلق رکھتا ہے۔ آپکے مورث اعلیٰ مقام ہلواڈ واقع جھالاوار (کاٹھیاوار) کے حکمران تھے سرغنہ خاندان کے ایک چھوٹے فرزند بھاؤ سنگھ اپنے وطن سے کوٹہ مین آئے جہان اُنکے بیٹے مادھو سنگھ نے ترقی کر کے عہدۂ فوجداری حاصل کیا جسمین نہ صرف افواج کی کمان بلکہ قلعہ اور محلات مہاراؤ کوٹہ کا انتظام بھی شامل تھا۔ مادھو سنگھ کے فرزند مدن سنگھ اور اُنکے جانشین مشہور و معروف ظالم سنگھ ہوے اس زمانہ مین اُنکی عمر صرف اٹھارہ سال کی تھی۔ کچھ دنون بعد مہاراؤ کوٹہ اور ظالم سنگھ کے تعلقات مین کچھ ایسی کشیدگی پیدا ہوئی کہ ظالم سنگھ کوٹہ سے اودے پور چلے آئے لیکن جسوقت مہاراؤ بستر مرگ پر تھے تو اُنھون نے ظالم سنگھ کو طلب کیا اور اپنے فرزند امید سنگھ اور علاقہ کوٹہ کو اُنکے سپرد کیا۔ رانا ظالم سنگھ نے تینتالیس برس ریاست کا انتظام کیا اور اس خوبی اور خوش اسلوبی سے وزارت کی کہ ریاست کوٹہ اعلیٰ درجہ کی سرسبزی کو پہونچ گئی۔ راج رانا ظالم سنگھ کی وفات پر اُنکے بیٹے مادھو سنگھ وزیر مقرر ہوے مگر آیندہ یہ انتظام قائم نرہا۔ ۱۸۳۸ء مین کوٹہ سے جھالاوار کا ملک علیٰحدہ کر کے راج رانا ظالم سنگھ کی اولاد کے لیے ایک جداگانہ ریاست قرار دی گئی اور راج رانا ظالم سنگھ کے پوتے مہاراج رانا مدن سنگھ اُسکے اول فرمانروا ہوے۔ اُنکے جانشین مہاراج رانا پرتھی سنگھ تھے جنھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین نمایان خدمات انجام دین۔ اُنکے بعد ۱۸۷۶ء مین اُنکے متبنیٰ فرزند بخت سنگھ مسند نشین ہوے اُنھون نے خاندانی رواج کے موافق اپنی گدی نشینی کے وقت ظالم سنگھ نام اختیار کیا۔ چونکہ

مہاراج رانا ظالم سنگھ گورنمنٹ ہند کی مرضی کے موافق انتظامی امور کے انجام دہی مین ناکام رہے لہذا ۱۲ مارچ ۱۸۹۶ء کو معزول ہوے اور اب انکا قیام بنارس مین ہے سابق مہاراج رانا ظالم سنگھ کی معزولی پر گورنمنٹ ہند نے حکم دیا کہ ۱۸۳۸ء مین ریاست کوٹہ نے جھالاوار کی ریاست قایم کرنے کے لیے جو علاقہ دیا تھا وہ کوٹہ کو مسترد کیا جاے اور ما بقی اضلاع سے ایک جدید ریاست قائم کی جاے جس سے اول راج رانا ظالم سنگھ کے خاندان کی پرورش و پرداخت ہو۔ چنانچہ ۱۰ نومبر ۱۸۹۷ء کو اسی خاندان کے ٹھاکر چھتر سال کے فرزند کنور بھوانی سنگھ جدید ریاست جھالاوار کے فرمانروا نامزد کیے گئے۔ اُسی سال یعنے ۶ فروری ۱۸۹۹ء کو آنریبل ایجنٹ گورنر جنرل صاحب بہادر نے ہز ہائنیس راج رانا بھوانی سنگھ کو مسند نشین کیا اور ساتھ ہی اسکے اختیارات کامل عطا کیے۔ مسند نشینی کے بعد ہی ہز ہائنس نے سب سے پہلے اپنی ریاست کی تحصیلون کا دورہ کیا اور کاشتکارون کی اصلاح حالت کی غرض سے تمام بقایا لگان جو ایک کثیر رقم تھی معاف اور مرفوع القلم کر دی ہز ہائنس نے ایام قحط ۱۸۹۹و ۱۹۰۰ء مین اپنی رعایا کو مہا امکن مدد دی ہز ہائنیس جھالرا پاٹن مین ایک پبلک لائبریری (کتبخانہ) تعمیر کرا رہے ہین جو پولیٹکل ایجنٹ جھالاوار کپتان کیمبل کے نام سے موسوم ہوگی۔ اطفال رعایا کی تعلیم کے لیے ہز ہائنس نے اپنے ولیعہد کے نام سے مقام ڈوک مین راجندر سوندھیا اسکول جاری اور رکرافٹ صاحب کے نام سے ایک زنانہ شفاخانہ قائم کیا ہے۔ ریاست مین امپیریل پوشل سسٹم کھُل گیا ہے اور مختلف مقامی سکہ جات کے بجاے گورنمنٹ ہند کا نقرئی سکہ جاری ہو گیا ہے ہز ہائنس کو کتب بینی کا نہایت شوق ہے اور آپ کا کتبخانہ انواع و اقسام کی علمی کتابون سے معمور ہے۔ ریاست کا رقبہ آٹھ سو دس مربع میل۔ آبادی نوے ہزار ایکسو چھہتر اور سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



ہز ہائنس مہاراجہ دھراج سرمادھوراو سیندھیا بہادر جی-سی-ایس-آئی- والی گوالیار

ریاستہاے وسط ہند

حصۂ اوّل

گوالیار

ہزہائینس مختار الملک عظیم الاقتدار رفیع الشان و الاشکوہ محتشم دوران عمدة الامرا مہاراجہ دھراج عالیجاہ حسام السلطنت مہاراجہ سر مادھوراؤ سیندھیا بہادر سری ناتھ منصور زمان فدوی حضرت ملکۂ معظمۂ رفیع الدرجہ انگلستان

جی - سی - ایس - آئی

ولادت ۱۸۷۶ء - مسند نشینی ۳ - جولائی ۱۸۸۶ء - آپ سیندھیا مرہٹہ خاندان کے رئیس ہین - آپ کے آباے کرام کا اصلی وطن مضافات پونا مین تھا - اس ریاست کے بانی رانوجی جو قدیم الایام مین پیشوا کے باڈی گارڈ کے جنرل تھے اٹھارھوین صدی عیسوی کے اوائل مین وسط ہند مین آئے اور ملک مالوہ کے ایک حصہ پر بحیثیت جاگیرداری قابض اور متصرف ہوے کے مشہور شہر اوجین کو اپنا دار الریاست مقرر کیا - رانوجی کے فرزند مادھوجی عرف مادھوراؤ نے ریاست کو بہت بڑی ترقی دی - اس مشہور مدبر

اور بہادر جنرل نے جنگ پانی پت کے بعد پیشوا سے اپنی آبائی جاگیر حاصل کی۔ اُسوقت سے ترقیات کے مراحل جلد جلد طے کرکے تھوڑے ہی عرصہ مین ایک مستقل وسیع ریاست قائم کردی۔ غیر منتظم طریقۂ جنگ کو جسکا رواج مرہٹہ کی سرکار مین تھا ترک کرکے باقاعدہ رسالے اور پلٹنین تیار کین اور ریاست کے استحکام اور توسیع کی طرف توجہ مبذول کی اگرچہ ابھی تک پیشوا کی نیابت براے نام باقی تھی مگر درحقیقت ایک وسیع قطعہ ملک مین اُنکی حکومت قائم ہوچکی تھی جسمین ملک وسط ہند کا بہت بڑا حصّہ اور دریاے چمبل کے شمالی مغربی اضلاع شامل تھے جو دہلی تک پھیلے ہوے تھے مادھوراو کو اُمور شناسی مین قدرتی ملکہ حاصل تھا ادھر تو اُنھون نے بادشاہ دہلی کو اپنے قبضہ مین کرلیا اُدھر سلطنت برطانیہ سے وہ طریقہ سلوک اختیار کیا جسمین ضرر کا کوئی پہلو نہ پیدا ہوسکے اس دانشمندانہ مسلک کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اپنی وفات کے وقت (سنہ ۱۷۹۴ع) ایک وسیع ریاست کے مالک تھے اُنکے انتقال کے بعد دولت راؤ اُنکے جانشین ہوے اُنکے زمانہ مین بعض وجوہ سے وہ قطعات ملک جو دریاے چمبل کے شمال اور کوہستان اجانتی کے جنوب مین واقع تھے ہاتھ سے نکل گئے اور صرف اُس حصۂ ملک پر قبضہ رہا جو آج تک باقی ہے سنہ ۱۸۱۷ع یہ ریاست سلطنت برطانیہ عظمٰی کے ظل حمایت مین آئی اور اُس زمانہ سے آجتک موردالطاف خسروانہ رہی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب پیشوا کی حکومت کا خاتمہ ہوچکا تھا۔ پنڈاریون کا زور گھٹ چکا تھا حکومت انگریزی نہایت عظمت و جلال کے ساتھ قدم جما چکی تھی سلطنت مغلیہ ٹھکانے لگ چکی تھی۔ مرہٹون کے باہمی تنازعات نے وسط ہند مین بدعملی پھیلا رکھی تھی۔ ایسے پُرشور ہنگامے مین سیندھیا اور ہولکر کا اطاعت انگریزی مین داخل ہوجانا وسط ہند کے لیے ازحد مفید ہوا۔ مہاراجہ دولت راؤ سیندھیا نے سنہ ۱۸۲۷ع مین لاولد قضا کی۔ اُنکی آخری وصیت کے موافق ایک یازدہ سالہ لڑکا تبنیت مین لیا گیا اور وہ عالیجاہ جنکوجی راؤ سیندھیا کے لقب سے مسند نشین ہوے۔ جنکوجی سیندھیا نے ۷۔ فروری سنہ ۱۸۴۳ع مین رحلت کی انکے بھی کوئی اولاد

نہ تھی نہ اُنھون نے کسی کو تبنی کیا۔ مگر مہاراجہ کی بیوہ رانی تارا بائی نے سرداران ریاست اور فوج کی رضامندی اور گورنمنٹ کی منظوری سے ایک ہشت سالہ لڑکے بھاگیرتہ راؤ کو گود لیا۔ جو اختیارات حکومت حاصل ہونے پر عالی جاہ جیاجی راؤ سیندھیا کے لقب سے حکمران ہوے۔ مہاراجہ جیاجی راؤ متوفی نے غدر کے آشوبناک زمانہ مین اُس مفسدہ کے فرو کرنے مین بالواسطہ اور بلاواسطہ نہایت گرمجوشی ظاہر کی اور اُسی کے صلہ مین اضلاع نیمچ اور انجھیرا حاصل کیا اور ایک عالیشان ریاست اپنے فرزند فرمانرواے حال کے لیے چھوڑکر اس دنیا سے رحلت کی۔ ہز ہائینس کرنل سر مادھو راؤ فرمانرواے حال جب سے سن بلوغ کو پہونچے اور عنان اقتدار اپنے ہاتھ مین لی ہے طریقہ نظم ونسق کو اس ڈھنگ پر لانے کے لیے جو متاخرین کے نزدیک فرمانروائی کا مفہوم ہے کوشش بلیغ فرماتے ہین چنانچہ ملک مین تعمیرات عامہ کو ترقی دیکر ریلوے اور پختہ وخام سڑکین نکالین سال بسال ملک کی حالت پر ہر حیثیت سے نظر کرتے اور ترقی کی رفتارون مین سرعت او ربطوء کے وجوہ پر غور فرماتے ہین اگرچہ گذشتہ قحطون سے ریاست کی ترقی مین مزاحمت ہوئی مگر مدبرانہ تدبیرون سے اُنکا پورا مقابلہ کیا گیا۔ ملک کی تعلیمی حالت نے آپکے زمانہ مین بہت بڑی ترقی کی ہے اس ریاست مین دو کالج ہین۔ وکٹوریہ کالج لشکر اور مادھو کالج اوجین انمین سے ہر کالج کے ساتھ ہائی اسکول ہین اور انکے علاوہ ریاست مین جابجا متعدد اسکول ہین جنمین دو لاکھ ستائیس ہزار چھ سو اکسٹھ روپیہ سالانہ خرچ کیا جاتا ہے۔ ان درسگاہون کے علاوہ مہاراجہ نے مختلف مقاصد کے لیئے چند تربیت گاہین قائم کی ہین مثلاً سروس اسکول جسکا افتتاح ۱۸۹۵ء مین ہوا اسمین نوجوان طلبہ ریاست کی ملازمت کے لیے تعلیم دیے جاتے ہین ایک چھوٹا سا صوبہ (ضلع) لشکر کے قریب خاص اس مقصد کے لیے دیگر صوبہ جات سے علیحدہ کیا گیا ہے کہ امیدواران ملازمت کو اُس صوبہ مین عملی طور سے صیغۂ مال اور پولس کے کام سکھائے جائین۔ ایک اسکول راجکمار کالج

کے طرز پر ۱۸۹۰ء مین خاص رؤساے ماتحت اور دیگر سرداروں کے لڑکون کے لیے قائم کیا گیا ہے - اسکے مادرا ایک فوجی مدرسہ کی تجویز درپیش ہے تعلیم نسوان کی ترویج کے لیے اجین مین ایک گرل اسکول کھولا گیا ہے - پھر اور ایک مہارانی گرل اسکول لشکر مین موجود ہے - سردارون کی لڑکیون کے لیے ایک علیحدہ گرل اسکول قائم ہے مہاراجہ جیاجی راؤ متوفی فوج انگریزی مین جنرل تھے اور مہاراجہ مادھوراؤ ابھی کرنل ہین اور محاربہ چین مین بہ نفس نفیس موجود تھے - آپ نے اس موقع پر آپنے پندرہ لاکھ روپیہ کی لاگت کا ایک اسپتالی جہاز گورنمنٹ کی نذر کیا - آپ اپنی فوج کی ترقی مین مساعی بلیغ فرماتے ہین فوج باقاعدہ مین تین رسالہ (لالنسرز) ہین انمین پہلا اور دوسرا رسالہ امپیریل سروس کے لیے مختص ہے - ہر ایک مین چھ سو دس مسلح جوان ہین تیسرا رسالہ اگرچہ امپیریل سروس کے لیے نامزد نہین ہوا ہے مگر مہاراجہ نے اُسکو اسی مقصود کے لیے تیار کیا ہے توپخانہ مین دو اسپ باٹری ہین ہر ایک مین دو سو چالیس سوار ہین اور تین بیل باٹریان اور ایک ہاتھی باٹری ہے ان باٹریون مین جوانون کی تعداد چھ سو اکھتر ہے - پیادون کی سات پلٹنین ہین جنمین سے چار مین فی ایک ہزار بارہ اور باقی تین مین فی پانچ سو دو جوان ہین - مادرا اسکے امپیریل سروس کے لیے سامان رسد رسانی اور باربرداری کے لیے پانچ سو ٹٹو اور دو سو گاڑیان اور تین سو چوہتر جوان ہین اور خاص ریاست کے لیے ایک سو سینتالیس جوان مختص ہین - امپیریل سروس ٹرنیسپورٹ کور نے جنگ چترال اور تراہ مین سرکاری فوجی خدمت کر کے تجربہ حاصل کیا ہے مجموعی فوج مین تخمیناً گیارہ ہزار چالیس پیادہ اور پانچ ہزار پانچ سو چار سوار ہین - ریاست کا رقبہ پچیس ہزار مربع میل اور آبادی تقریباً اٹھیس لاکھ ہے ہز ہائینس کی سلامی اکیس ضرب اور اپنے علاقہ مین اکیس



ہز ہائینس مہاراجہ دھراج سری شیواجی راؤ ہلکر بہادر جی-سی-ایس-آئی والی اندور

اندور

ہز ہائینس مہاراجہ دہراج راج راجیشور سوائی سری سر شیواجی راؤ ہلکر بہادر جی-سی-ایس-آئی-مہاراجہ اندور

ولادت سنہ ۱۸۶۰ء - مسند نشینی ۱۲ - جولائی سنہ ۱۸۸۶ء - اس ریاست کے بانی ملہر راؤ ہلکر سنہ ۱۶۹۳ء موضع ہول مین جو ملک دکن مین دریاے نیرا کے کنارے واقع ہے پیدا ہوے تھے جنھون نے اول اول مرہٹون کی سرکار مین فوجی ملازمت اختیار کی اور ایسے کارہاے نمایان انجام کیے کہ چندہی روز مین پانچ سو سوار دن کے افسر ہو گئے - اسکے بعد جلد جلد ترقی کر کے اُس قطعہ اراضی کو بطور انعام حاصل کیا جو زمانہ حال کی دار الریاست کے گرد و نواح مین ہے - اُنھون نے سنہ ۱۷۳۲ء مین بحیثیت سپہ سالاری پیشوا صوبہ دار مالوہ کو شکست دی اور اُس قطعہ ملک کا ایک بڑا حصہ فوجی مصارف کے واسطے بطور جاگیر اُنکو دیا گیا - سنہ ۱۷۳۵ء مین وہ افواج مرہٹہ متعینہ شمالی دریاے نربدا کے کمانیر مقرر ہوے اور بارہ برس تک نہایت سرگرمی کے ساتھ مختلف فوجی خدمات مین مصروف و منہمک رہے - پانی پت کی مشہور معرکہ آرائی کے بعد ملہر راؤ وسط ہند مین واپس آئے اور اپنے متصلہ ملک کے اندرونی انتظام اور استحکام مین مصروف ہوے اور سنہ ۱۷۶۵ء مین تقریباً ایک کرور کا ملک چھوڑ کر انتقال کیا - اُنکے بعد اُنکے پوتے مالی راؤ جانشین ہوے - اُنھون نے عین عنفوان شباب مین قضا کی اور مہارانی اہلیہ بائی راؤ کے ہاتھ مین عنان اقتدار آئی جو راؤ متوفی کی والدہ تھین ان مہارانی صاحبہ نے نہایت کامیابی کے ساتھ تیس برس فرمانروائی کر کے سنہ ۱۷۹۵ء مین انتقال

کیا۔ اُنکی وفات کے بعد ٹکاجی راؤ سپہ سالار مالک ریاست ہوے مگر اُنھون نے بھی بہت جلد وفات پائی۔ اُسکے بعد خاندانی جھگڑے پیدا ہوے۔ مگر ٹکاجی کے بیٹے مہاراجہ جسونت راؤ نے اُدھر تو ریاست کی حالت سنبھالی اور ادھر رقیب ریاستون سے مقابلہ کر کے اپنی حیثیت کو قائم رکھا مہاراجہ جسونت راؤ نے سنہ ۱۸۱۱ء مین عالم فانی کو پدرود کیا چونکہ اسوقت انکے جانشین ملہر راؤ نابالغ تھے لہذا ریاست کی کار فرمائی مہارانی تلسی بائی کے دست اقتدار مین آئی۔ مہارانی تلسی بائی نے سرکار انگریزی سے درخواست کی کہ راجہ سرکار عظمت مدار کے ظل حمایت مین لیے جائین لیکن جسوقت یہ معاملہ زیر گفتگو تھا تو خبر آئی کہ ریاست کو پیشوا سے جنگ ہونے کا احتمال ہے یہ خبر سُنکر اندور نے بھی مخالفانہ پہلو اختیار کیا۔ ممکن تھا کہ تلسی بائی اور برٹش کے مابین معاہدہ ہو جاتا مگر باغی فوج نے ایک اور ہی انقلاب پیدا کر دیا مہارانی تلسی بائی مرہٹون کی فوج کے ہاتھ سے مقتول ہوئین۔ اُنکے قتل کے بعد سنہ ۱۸۱۸ء مین مندسور کا عہدنامہ ہوا جسپر آجتک عملدرآمد ہے۔ ملہر راؤ نے سنہ ۱۸۳۳ء مین عین عالم جوانی مین لاولد انتقال کیا بیوہ رانی نے مرتند راؤ کو متبنی کیا چونکہ یہ تبنیت عام راے کے خلاف تھی لہذا مرتند راؤ حکومت کے کچھ دنون بعد گدی سے علیحدہ کر دیے گئے اور رحم متوفی کے چچازاد بھائی مہاراجہ ہری راؤ بر سر حکومت ہوے۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۴۳ء مین قضا کی۔ اُنکی وفات کے ایک سال بعد اُنکے متبنی کھانڈے راؤ نے بھی نابالغی مین انتقال کیا۔ پس ہز ہائینس مہاراجہ دہراج ٹکاجی راؤ ہلکر جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ خلف ثانی بھاؤ راؤ ہلکر جانشین ہوے مسند نشینی کے وقت انکی عمر صرف گیارہ سال کی تھی سنہ ۱۸۵۲ء مین اختیارات حکومت اُنکے سپرد کیے گئے سنہ ۱۸۵۷ء مین اندور کی فوج باغی ہو گئی مگر ہز ہائینس خیر خواہ رہے۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۸۶ء مین وفات پائی موجودہ مہاراجہ فرمانرواے ریاست ایک تعلیم یافتہ رئیس ہین۔ آپنے بلاد یورپ کی بھی سیر و سیاحت فرمائی ہے۔ ہز ہائینس کی جنگی فوج مین تین ہزار دو سو تین سوار چھ ہزار ایک سو اٹھائیس پیدل اور ساٹھ توپین اور سلامی ۱۹ ضرب ہے

بھوپال

ہر ہائینس نواب سلطان جہان بیگم والیہ بھوپال

ولادت ۷، ۲۰ ذیقعدہ ۱۲۷۴ھ مسند نشینی ۱۴ جولائی سنہ ۱۹۰۱ء - بھوپال وسط ہند مین سب سے بڑی اسلامی ریاست ہے - فرمانروا خاندان دوست محمد خان افغان کی نسل سے ہے جو شہنشاہ اورنگ زیب کے عہد مین ضلع بیرسیہ کے سپرنڈنٹ مقرر ہوے تھے لیکن اورنگ زیب کی وفات کے بعد جو انقلابات وتغیرات واقع ہوے اُنسے وہ بھوپال اور قرب وجوار کے ملک کے مالک ہوگئے - اُنھون نے ۱۷۲۳ء مین انتقال کیا - انکی وفات کے بعد انکے نابالغ فرزند سلطان محمد خان کو پٹھان سردارون نے تخت پر بٹھادیا مگر نظام انکے دوسرے بیٹے یار محمد خان کے طرفدار تھے چنانچہ سلطان محمد خان کو کنارہ کشی کرنی پڑی - یار محمد خان کے چار بیٹے تھے جنمین سب سے بڑے فیض محمد خان یار محمد خان کے جانشین ہوے - اس انقلاب کے بعد سلطان محمد خان کے حقوق پیش ہوے مگر انکو ناکامی ہوئی اور تمام دعاوی ریاست ترک کرنے پڑے - اس زمانہ مین پیشوا باجی راؤ نے دہلی سے واپس آتے وقت شہنشاہ دہلی کی جانب سے افغانان بھوپال سے ریاست مقبوضہ کا قبضہ طلب کیا اور عہدنامہ کے بموجب سوا چند قصبات کے مالوہ کے تمام مقبوضات ہاتھ سے نکل گئے - نواب فیض محمد خان نے اڑتیس سال حکمرانی کی چونکہ انکے کوئی اولاد نہ تھی لہذا انکے بھائی یسین محمد خان جانشین ہوے وہ صرف چند روز زندہ رہے اُنکے بعد انکے بھائی نواب حیات محمد خان مسند نشین ہوے - اٹھارھوین صدی کے اواخر مین ایک طرف پنڈاریون نے اور دوسری طرف راگھوجی بھونسلہ نے علاقہ بھوپال کو تباہ اور پامال کرنا شروع کیا مگر اُس موقع پر وزیر محمد جو نواب صاحب کے برادر زادہ

شریف محمد خان کے بیٹے تھے اور وزیر ریاست کی مخالفت کی وجہ سے فرار ہو گئے تھے
بھوپال کو واپس آئے اور اُسکو مرہٹون کی دستبرد و غارتگری سے بچایا اور بھوپال کے موجودہ
فرمانروا خاندان کے بانی ہوے۔ وہ عرصہ تک مرہٹون کے ساتھ چھوٹی چھوٹی جنگین کرتے
رہے اور اُن کل قطعات کو جو بھوپال سے نکل گئے تھے واپس کر لیا۔ نواب وزیر محمد خان
نے ۱۸۱۶ء مین وفات پائی اور انکے دوسرے بیٹے نواب نذر محمد خان جملہ اراکین ریاست
اور جماعتون کی اتفاق راے سے اُنکے جانشین قرار پاے۔ نواب نذر محمد خان کا عقد
قدسیہ بیگم دختر نواب غوث محمد خان سے ہوا۔ ۱۸۱۷ء مین جنگ پنڈاری کے خاتمہ پر برٹش
گورنمنٹ اور فرمانرواے بھوپال کے مابین ایک قریبی اتحاد پیدا ہوا اور ۱۸۱۸ء مین باقاعدہ
معاہدہ پر دستخط ہوے۔ اس معاہدہ کے کچھ دنون بعد نذر محمد خان اپنے برادر نسبتی فوجدار خان
کے ہاتھ سے جنکی عمر صرف آٹھ سال کی تھی اتفاقیہ ایک پستول چل جانے سے ہلاک ہوے۔
نواب نذر محمد خان ایک بڑے بہادر سپاہی اور دانشمند و عقیل فرمانروا اور گورنمنٹ کے
ایک حقیقی خیرسگال اور رفیق تھے۔ اُنکے صرف ایک صاحبزادی تھین جنکا نام سکندر بیگم
تھا۔ اراکین ریاست و گورنمنٹ ہند کی منظوری سے یہ امر طے پایا کہ قدسیہ بیگم کی ریجنسی
(تولیت) مین منیر محمد خان فرزند نواب امیر محمد خان جنھون نے اپنے حقوق و دعاوی سے
دستکشی کی تھی نواب نذر محمد کے جانشین ہون اور سکندر بیگم سے عقد کرین۔ ۱۸۲۷ء مین
نواب منیر محمد خان نے اظہار حکومت کی کوشش کی مگر اس سے نواب قدسیہ بیگم نے اختلاف
کیا اور انکو بالآخر اپنا دعوی سکندر بیگم کے حق مین اور جانشینی اپنے چھوٹے بھائی جہانگیر محمد خان
کے حق مین ترک کرنی پڑی۔ یہ انتظام امراے ریاست کی مرضی کے موافق تھا جو رواجاً
اپنے فرمانروا کے انتخاب مین ایک محدود استحقاق رکھتے ہین۔ ۱۸۔ اپریل ۱۸۳۵ء کو
سکندر بیگم کا عقد نواب جہانگیر محمد خان کے ساتھ ہوا۔ نواب صاحب کو ۲۹۔ نومبر ۱۸۳۷ء
کو اختیارات عطا ہوے۔ نواب صاحب نے ۹۔ دسمبر ۱۸۴۴ء کو رحلت کی اور نواب

سکندر بیگم کے بطن سے ایک دختر چھوڑی جنکا نام شاہجہان بیگم تھا وہ بصوابدید گورنمنٹ فرمانروا اور نواب سکندر بیگم ولیہ مقرر ہوئین - نواب سکندر بیگم نے نہایت لیاقت اور متانت سے حکومت کی اور ریاست کے نظم و نسق کو بڑی عمدگی سے سنبھالا - جولائی ۱۸۵۵ء مین نواب شاہجہان بیگم کی شادی بخشی باقی محمد خان کے ساتھ ہوئی چونکہ بخشی باقی محمد خان خاندان بھوپال سے نہ تھے لہذا یہ قرار پایا کہ شاہجہان بیگم والیہ ریاست ہون اور نواب صاحب کو انتظام ریاست مین کوئی اختیار نہو چنانچہ سنہ ۱۸۵۹ء مین ہر ہائنس سکندر بیگم فرمانروا اور نواب شاہجہان بیگم اُنکی وارث قرار دی گئین اور اعلان کیا گیا کہ آیندہ اُنکی اولاد اُنکی جانشین ہوگی - نواب سکندر بیگم نے غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ کے ساتھ بہت بڑی رفاقت ظاہر کی جسکے صلہ مین اُنکو بیرسیہ کا پرگنہ عطا ہوا - ہر ہائنس نواب سلطان جہان بیگم ۲۷ - ذیقعدہ سنہ ۱۲۷۴ھ کو نواب شاہجہان بیگم کے بطن سے پیدا ہوئین سنہ ۱۸۶۷ء مین نواب امراؤ دولھا (باقی محمد خان) نے انتقال کیا سنہ ۱۸۶۸ء مین شاہجہان بیگم مسند آراے حکومت ہوئین - اُنھون نے کمال توجہ اور حسن لیاقت سے ریاست کا انتظام کیا - سنہ ۱۸۷۱ء مین اُنکا دوسرا عقد مولوی صدیق حسن خان سے ہوا - نواب شاہجہان بیگم کے دور حکومت مین ریاست مین مدرسے شفاخانے - خیرات خانے زنانے اسپتال جاری ہوے اور کئی اعلیٰ درجہ کی عمارتین اور مسجدین تعمیر ہوئین - نواب شاہجہان بیگم نے جون سنہ ۱۹۰۱ء مین انتقال کیا اور ہر ہائنس سلطان جہان بیگم مسند ریاست پر متمکن ہوئین - نواب سلطان جہان بیگم بھی اپنی مادر گرامی کی طرح نہایت منتظم بیدار مغز اور تعلیم یافتہ خاتون ہین اور مہمات ریاست کو بہ نفس نفیس انجام دیتی ہین - آپکے شوہر نظیر الدولہ احتشام الملک عالیجاہ نواب احمد علی خان نے جو نہایت دور اندیش اور مدبر و منتظم تھے سنہ ۱۹۰۲ء مین رحلت کی - آپکے تین فرزند ہین جنمین سے ولیعہد کا نام نواب نصر اللہ خان بہادر ہے - دوسرے صاحبزادے کا نام عبید اللہ خان ہے اور تیسرے صاحبزادے کا

نام حمید اللہ خان ہے جو ابھی تعلیم حاصل کر رہے ہین - اول الذکر صاحبزادون نے انگریزی اور فارسی اور اُردو مین اعلیٰ درجہ کی تعلیم پائی ہے اور ریاست کے انتظام مین بہت بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین - ریاست کا رقبہ چھ ہزار آٹھ سو اُنسٹھ مربع میل ہے آبادی چھ لاکھ پینسٹھ ہزار نوسو اَگسٹھ - سلامی ۱۹ ضرب توپ -





ہز ہائنیس سری مہاراجہ ونکٹ رمن سنگھ بہادر - جی - سی - ایس - آئی - والی ریوان

ریوان

ہز ہائینس سری مہاراجہ وِنکٹ رمن سنگھ بہادر جی - سی - ایس - آئی
والی ریوان

ولادت ۲۳ - جولائی ۱۸۷۶ء - مسند نشینی اکتوبر ۱۸۸۰ء - حصول اختیارات کامل ۱۵ - نومبر ۱۸۹۵ء - آپ چولکیا دیو کی نسل سے ہین جنکی نسبت روایت ہے کہ اُنکو برھما نے ظالم راچھسون کے ہلاک کرنے کے لیے خلق کیا تھا - اُنکی اولاد چولکیا راجپوت کے نام سے موسوم ہے - اسی نسل مین بیاگھر دیو نے جو گجرات کے سولنکی شاہی خاندان مین پیدا ہوے تھے ریاست ریوان کی بنیاد ڈالی اور باندھو گڈھ کو جو ریوان سے نوے میل ہے دار الریاست قرار دیا - سولھوین اور سترھوین صدی مین مغلیہ سلاطین کو دو مرتبہ دہلی سے فرار ہونا پڑا اور والیان ریوان نے اُن کو پناہ اور مدد دی - سنہ ۱۶۱۸ء مین بکرمادت گدی پر متمکن ہوے اور اُنھون نے دریاے بچیا اور بہار کے اتصال پر شہر ریوان کی بنیاد ڈالی اور ایک عالیشان قلعہ تعمیر کیا - اُسوقت سے ریوان علی الاتصال ریاست کا دار الریاست ہے - بکرمادت کی تیسری پشت مین بھان سنگھ ہوے جنکی یادگار جگدیش جی کا مندر موتی محل او قلعہ امر پٹن ہے - اُنکی مہارانی نے وہ تالاب بنوایا جو ابتک رانی تلاؤ مشہور ہے - اُنکے جانشین اور متبنٰی انردھ سنگھ ہوے لیکن جانشینی سے پانچ سال کے بعد ایک ناگہانی حادثہ سے اُنکا انتقال ہوگیا - اُنکی وفات کے بعد ریاست مین سخت بدنظمی پھیلی - وارث ریاست اودھوت سنگھ ایک ششماہہ بچہ تھے - راجہ پنّا نے ایک بہت بڑی فوج کے ساتھ ریوان پر یورش کی اور رانی اپنے بچہ کو لیکر اپنے میکہ چلی گئین اور وہانسے محمد بہادر شاہ عالمگیر ثانی شہنشاہ دہلی سے اعانت کی طالب ہوئین - عالمگیر نے اودھوت سنگھ کے

موروثون کے اُس حسن سلوک کی مشکورانہ قدردانی مین جو اُنھون نے شہنشاہ کے خاص بزرگون کو ضرورت کے وقت پناہ اور اعانت دینے مین ظاہر کیا تھا ایک بہت بڑی فوج پنّا کو روانہ کی اور حکم دیا کہ ریاست پنّا چھین کر اودھوت سنگھ کو دیدیجائے - تین دن کے محاصرہ کے بعد بندیلہ سردار ریوان مین ایک مختصر فوج چھوڑ کر فوراً اپنی موروثی ریاست کی حفاظت کے لیے چلے گئے اور ریوان کے سردارون نے انکی مابقی فوج کے قبضہ سے ریوان کو چھڑا لیا - آخر اودھوت سنگھ مسند نشین کیے گئے مگر اُنکی حکومت ناکام ثابت ہوئی - انکے بعد اجیت سنگھ اُنکے جانشین ہوے - سنہ ۱۷۹۶ع مین پیشوا کے ایک پوتے علی بہادر نے دست تصرف دراز کیا اور چونکہ مہاراجہ اجیت سنگھ نے اطاعت سے انکار کیا لہٰذا پیشوا نے جسونت راؤ نائک کی سرغنائی مین ایک بہت بڑی جمعیت کے ساتھ ریوان پر حملہ کیا - لیکن رانی کنول کنواری کے استقلال وہمت سے سرداران ریوان نے حملہ آورون کو ۴ - دسمبر سنہ ۱۷۹۶ع مین شکست دی جسمین جسونت راؤ نائک مارے گئے - سنہ ۱۸۰۰ع مین علی بہادر نے بذاتہ ریوان پر فوج کشی کی اور اجیت سنگھ سے نائک کی مہم کا مصارف اور خراج طلب کیا - مہاراجہ نے قلندر سنگھ کھرچولی کو تسہیل شرائط کے لیے بطور سفیر کے غنیم کے پاس روانہ کیا - سفیر نے پیشوا سے معافی خراج کے معاملہ مین کامیابی حاصل کی اور علی بہادر ایک لاکھ روپیہ تاوان جنگ پر راضی ہو گئے - سنہ ۱۸۰۹ع مین مہاراجہ اجیت سنگھ نے قضا کی اور جے سنگھ اُنکے جانشین ہوے یہ بھی ایک سخت بدامنی کا زمانہ تھا - اس زمانہ مین برٹش گورنمنٹ سے راہ و رسم پیدا ہوئی اور یہ امر طے ہو گیا کہ ریاستون کے مابین جو کچھ سرحدی نزاعات و مناقشات پیدا ہون اُنکا تصفیہ برٹش گورنمنٹ کیا کرے - بعد چندے گورنمنٹ سے کچھ معاہدے ہوے جنکے ذریعہ سے ایجنسی اور ڈاکخانہ قائم کیا گیا - سنہ ۱۸۱۳ع مین مہاراجہ نے اپنی حکومت و ریاست اپنے بیٹے لشونات سنگھ کو تفویض کر دی - اگرچہ اُسوقت خزانہ بالکل خالی تھا مگر بھوندو لال وزیر کے عمدہ انتظام نے

بہت جلد ریاست کی حالت سنبھال لی ۔ ۱۸۳۵ء مین معمر مہاراجہ نے وفات پائی اور بشونا تھ سنگھ مسند حکومت پر متمکن ہوے بے شمار تصنیفات اور چترکوٹ مین کئی دھرم سالے مہاراجہ کی سیرت قابلیت اور اعلیٰ مذاق کی یادگارین ابتک قائم ہین ۔ ۱۸۴۳ء مین ان مہاراجہ نے خلع حکومت کی اور اپنے بیٹے رگھوراج سنگھ کو ریاست سپرد کردی ۔ مہاراجہ رگھوراج سنگھ نے پشکرراج کی سیاحت کی اور وہان کے سردارون سے رسم دخترکشی کے ترک کا حلف اُٹھوالیا ۔ اسکے بعد وہ مہاراجہ جے پور سے ملنے گئے جنکو اُنکی ہمشیر منسوب تھین ۔ بعد کو مہاراجہ جے پور نے ریوان مین آکر مہاراجہ رگھوراج سنگھ کی دو بہنون سے شادی کی ۔ ۱۸۴۷ء مین مہاراجہ نے رسم ستی کو اپنی ریاست سے اُٹھادیا ۔ ان مہاراجہ نے گورنمنٹ کے ساتھ زمانہ غدر مین بڑی خیرخواہی کی اور گورنمنٹ نے اُسکے صلہ مین اضلاع سہاگ پور وامرکنٹک عطا فرمائے اور ۱۸۶۴ء مین خطاب جی ۔ سی ۔ ایس ۔ آئی مرحمت فرمایا اور ۱۸۷۷ء مین دربار دہلی کے موقع پر بجاے ۱۷ ضرب کے ۱۹ ضرب توپ کی سلامی مقرر کی ۔ مہاراجہ نے چھپن برس کی عمر مین ۱۸۸۰ء مین وفات پائی اور اُنکے بیٹے مہاراجہ حال ہزہائینس ونکٹ رمن سنگھ مسند آرا ہوے ۔ آپ کی ولادت ۳ ۔ جولائی ۱۸۷۶ء کو واقع ہوئی ہے گدی نشینی کے وقت ہزہائینس کی عمر صرف تین برس کی تھی ۔ آپ اُسی سال اکتوبر کے مہینے مین باضابطہ گدی نشین کیے گئے لیکن گورنمنٹ نے پولٹیکل ایجنٹ بندیلکھنڈ کو منتظم ریاست مقرر فرمایا اور آپکی تعلیم وتربیت سرجن میجر گولڈ سمتھ و سرجن میجر گنٹنٹ اور راے صاحب پنڈت پورن مل کے سپرد ہوئی ۔ آپنے ۱۸۸۷ء مین حضور ملکہ معظمہ مرحومہ کی یادگار مین وکٹوریہ ہسپتال تعمیر کرایا پینتالیس قیدی رہا کیے اور امپیریل انسٹیٹیوٹ کو ایک بیش قرار رقم عطا کی ۔ ۱۸۹۵ء مین آپ سن بلوغ کو پہونچے اور ۱۵ ۔ نومبر ۱۸۹۵ء کو آپ باختیارات کامل مسند نشین کیے گئے ۔ ۱۸۹۶-۹۷ء کے قحط کے اثر سے ریوان بھی محفوظ نہین رہا تھا لیکن آپ نے جو عمدہ انتظامات اپنی رعایا کی رفع تکلیف کے لیے کیے اُنسے مخلوق خدا کی جانبری ہوگئی اور گورنمنٹ نے

آپ کی عمدہ خدمات کے صلہ مین آپ کو جی-سی-ایس-آئی کے خطاب سے سرفراز فرمایا ہے- آپ کا انتظام جیسا عمدہ ویسا ہی ہمدردانہ ہے- عدالتون مین ریاست کی دیسی زبان ہندی جاری کردی ہے-آپ کو سیر و سیاحت کا نہایت شوق ہے چنانچہ آپ کل پنجاب کا سفر پشاور اور علی مسجد تک کرچکے ہین اور ممالک شمال و مغرب و اودھ کے بڑے بڑے شہرون- راجپوتانہ اور وسط ہند کے مشہور مقامون کو ملاحظہ فرماچکے ہین-

آپ نہایت عمدہ شہسوار اور قادر انداز ہین اور آپ کو ترقی علوم کا بھی کمال شوق ہے- آپ کی ریاست مین سات سو اُنسٹھ سوار اور دو ہزار ایک سو اُنچاس پیدل فوج ہے بہتر توپچی اور ستاون توپین ہین- ریاست کا رقبہ تیرہ ہزار مربع میل اور آبادی تیرہ لاکھ چھبیس ہزار چار سو چون نفوس ہے- اور آمدنی تقریباً تیئیس لاکھ ہے- ریوان مین کوئلہ کی کانین کثرت ہین ۱۸۸۵ء مین معادن واقعہ امریا برٹش گورنمنٹ کو پیدا وار پر کسی قدر حق مالکانہ لیکر تفویض کردی گئی تھین لیکن یکم جنوری ۱۹۰۰ء کو ریاست نے پھر واپس لے لین اور ریاست خود اُنسے کوئلہ برآمد کراتی ہے اور اُسکی وجہ سے محاصل ریاست مین معقول ترقی ہوگئی ہے

سلامی سترہ ضرب توپ-

اورچھہ

ہز ہائینس سرآمد راجہاے بندیلکھنڈ مہاراجہ مہندر سوائی سر پرتاپ سنگھ بہادر جی-سی-آئی-ای والی اورچھہ

ولادت ۱۸۵۴ء-مسند نشینی ۱۵-مارچ ۱۸۷۴ء-والیان ریاست ہذا خاندان گڑھوار بندیلہ راجپوتون کے راس الرئیس ہین-خاندانہاے فرمانروایان مین دتیا-باجے گڈھ-چرکھاری-وغیرہ اسی خاندان کی شاخین ہین-اگلے وقتون مین گڑھوار راجپوت بنارس کے فرمانروا تھے-جب اُس ملک پر مسلمانون کا تسلط ہوا تو خاندان کے سرگروہ ہیم کرن عرف پنچم نے مغربی سمت کی طرف نقل و حرکت کی اُنکے بیٹے بیر سنگھ نے بندیلہ کا لقب اختیار کیا-اُسوقت سے یہ ملک بندیلکھنڈ کے نام سے مشہور ہے-اُنھون نے تیرھوین صدی مین بمقام مئو مہونی دار الریاست قائم کیا-بعدہ اس خاندان نے سو برس کے اندر جنوب کیجانب اپنے علاقہ کو وسعت دی-حتیٰ کہ راجہ سنپال نے چودھوین صدی مین کرورتک قبضہ کرلیا جو جھانسی کے مشرق مین ہے-۱۵۳۲ء مین راجہ رودر پرتاب نے جو اُندنون بندیلون کے سردار تھے اورچھہ کو آباد کیا-اُنکے چھوٹے لڑکے اودوے جیت کی اولاد سے مشرقی بندیلکھنڈ کے اکثر فرمانروا پیدا ہوے-مدھکر ساہ بڑے بیٹے ریاست اورچھہ دتیا اور دیگر مغربی ریاستون کے مورث اعلیٰ تھے-اُنکے بیٹے راجہ بیر سنگھ دیو نے اکبر اعظم اور جہانگیر کے عہد مین بہت بڑی ناموری اور شہرت پیدا کی اور اکثر تعمیرات عام کے بانی ہوے-جب بندیلکھنڈ مین گورنمنٹ انگلشیہ کی عملداری ہوئی تو اُس زمانہ مین راجہ بکرماجیت مہندر اورچھہ کے فرمانروا تھے اُنھون نے گورنمنٹ سے توسل پیدا کیا اور ۱۸۱۲ء کے عہد نامہ کے مطابق مہاراجہ دولت انگلشیہ

کے باجگزار مقرر ہوے - اُنھون نے ۱۸۳۴ء مین انتقال کیا اور راجہ سجن سنگھ اُنکے جانشین ہوے - اُنکی وفات کے بعد رانی نے ہمیر سنگھ کو متبنٰی کیا جو اسی خاندان مین تھے اُنکے بعد ۱۸۷۴ء مین اُنکے چھوٹے بھائی ہز ہائینس سوائی سر پرتاب سنگھ مسند آراے ریاست ہوے - ۱۸۸۲ء مین مہاراجہ نے سوائی کا خطاب حاصل کیا اور ۱۸۸۶ء مین خطاب مین سر آمد راجہ ہاے بندیلکھنڈ کا اضافہ ہوا اور یکم جنوری ۱۸۹۴ء کو کے سی - آئی ای اور بعد کو جی - سی - آئی - ای کے خطابات سے ممتاز ہوے - ریاست کا رقبہ دو ہزار اسی آبادی تقریباً سوا تین لاکھ ہے - سلامی ۱۱ ضرب توپ جنمین دو ذاتی ہین -



ہز ہائنس مہاراجہ اوداجی راؤ - والی دھار

دھار

ہز ہائینس اوداجی راؤ پنوار والی دھار

ولادت ۳۰ ستمبر ۱۸۸۶ء مسند نشینی ۱۴ جولائی ۱۸۹۸ء ۔ ہز ہائینس اُس مشہور پنوار راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکے مورثون مین راجہ وکرمادت اور راجہ بھوج گزرے ہین ۔ اوائل حکومت مرہٹہ مین اس خاندان نے بڑی ناموری اور شہرت حاصل کی تھی ۔ سب سے پہلے اول پنوار راجہ بھوج دھار کو آئے لیکن انند راؤ پنوار علی العموم بانی ریاست سمجھے جاتے ہین جنکو باجی راؤ پیشوا نے ریاست دھار اور چند اضلاع ملحقہ کا مالک اور والی تسلیم کیا تھا ۔ راجہ انند راؤ پنوار نے ۱۷۴۹ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے جسونت راؤ پنوار اُنکے جانشین ہوے ۔ جسونت راؤ پنوار مرہٹون کی اُس جنگ مین مقتول ہوے جو پانی پت مین ہوئی تھی ۔ اُنکی وفات پر اُنکے خرد سال فرزند کھانڈے راؤ پنوار اُنکے جانشین ہوے اور اُنکی جگہ اُنکے بیٹے انند راؤ پنوار مسند ریاست پر متمکن ہوے ۔ راجہ انند راؤ پنوار نے ۱۸۰۷ء مین انتقال کیا اور اُنکے فرزند رامچندر راؤ پنوار جو اُنکی حاملہ رانی کے بطن سے اُنکی وفات کے بعد پیدا ہوے اُنکے وارث ہوے مگر انتظام ریاست رانی منیا بائی کے ہاتھ مین رہا ۔ رامچندر راؤ نے کچھ دنون بعد انتقال کیا اور رانی منیا بائی نے اپنے ہمسایہ سردارون کی رضامندی سے اپنی بہن کے بیٹے رامچند راؤ پنوار کو متبنیٰ کیا ۔ منیا بائی بڑی شجاع اور بہادر رانی تھی ۔ ۱۸۱۹ء کے معاہدہ سے ریاست دھار برٹش گورنمنٹ کی حمایت مین آئی اور بہت سے اضلاع جو سابق مین اُسکے قبضہ سے نکل گئے تھے واپس دیے گئے ۔ راجہ رامچند پنوار کے جانشین اُنکے متبنیٰ راجہ جسونت راؤ پنوار ہوے جنھون نے ۱۸۵۷ء مین قضا کی ۔

انکی وفات پر مہاراجہ سرانند راؤ پنوار عالم نابالغی مین مسند نشین ہوے ۱۸۵۷ء مین بغاوت کی علت مین یہ ریاست ضبط کر لی گئی مگر جب مہاراجہ صاحب بالغ ہوے تو ریاست اِنکو واپس دی گئی۔ ہز ہائینس مہاراجہ سرانند راؤ پنوار نے ۱۵ جولائی ۱۸۹۸ء کو رحلت فرمائی۔ مگر اِس سے ایک دن قبل وہ والی حال کو متبنّیٰ کر چکے تھے۔ ہز ہائینس کے والد شمبھاجی راؤ پنوار مہاراجہ متوفی کے سوتیلے چھوٹے بھائی تھے۔ ابتدا ہی سے ہز ہائینس کی تعلیم و تربیت مہاراجہ سرانند راؤ کی نگرانی مین ہوئی ہے جو آپ کو اپنا متبنّیٰ اور وارث بنانا چاہتے تھے۔ اصلاح تربیت اور تکمیل تعلیم کے لیے ہز ہائینس ڈیلی کالج اندور مین شریک ہوے۔ ہز ہائینس کو مردانہ کھیلون کا بہت بڑا شوق ہے اور شکار اور شہسواری مین یدطولیٰ رکھتے ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار سات سو چھہتر مربع میل۔ آبادی ایک لاکھ بیالیس ہزار ایک سو پندرہ۔ محاصل دس لاکھ اور کل فوجی قوت سات سو اٹھتر ہے۔ سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

دتیا

ہز ہائینس مہاراجہ سر لوکندر بھوانی سنگھ بہادر - کے - سی - ایس - آئی - والی دتیا

ولادت ۱۸۵۴ء - مسند نشینی - ۲۰ - نومبر ۱۸۵۷ء - ہز ہائینس بندیلہ راجپوت ہین - اِس خاندان کے مورث اعلیٰ راجہ بیر سنگھ تھے - اسی خاندان سے والیان اورچھہ اجے گدھ اور پنّا وغیرہ ہین - عہد اکبر اعظم اور جہانگیر مین مہاراجہ بیر سنگھ دیو فرمانرواے اورچھہ تھے اور اُنکے دوسرے بیٹے بھگوان راے دتیا کے اول فرمانروا ہوے - عہدنامہ بسین (۱۸۰۲ء) کے بعد یہ ریاست بھی مثل اور ریاستہاے بندیلکھنڈ کے گورنمنٹ انگلشیہ کے ظل حمایت مین داخل ہوئی - اُس زمانہ مین راجہ پریچھت فرمانروا تھے - ۱۸۰۴ء مین اُنسے اور سرکار انگریزی سے خاص معاہدہ ہوا اور اُسوقت سے والیان ریاست ہذا تمامی محاربات مرہٹہ وغیرہ مین سرکار کے طرفدار اور معاون رہے اس حسنِ خدمت کے جلدو مین راجہ پریچھت سے ۱۸۱۷ء مین ایک جدید معاہدہ ہوا اور جاگیرمین اضافہ کیا گیا - اُنکی وفات کے بعد ۱۸۳۹ء مین اُنکے متبنّیٰ راجہ بجے بہادر اور اُنکی وفات پر جو ۱۸۵۷ء من واقع ہوئی اُنکے متبنّیٰ ہز ہائینس مہاراجہ فرمانرواے حال حکمران ہوے - بتقریب دربار قیصری ۱۸۷۷ء عیسوی مین فرمانرواے ریاست ہذا کو خطاب "مہاراجہ" اور "لوکندر" مرحمت ہوا اور ۱۸۹۸ء مین ہز ہائینس کے - سی - ایس - آئی کے خطاب سے معزز و مفتخر ہوے - ریاست کا رقبہ نوسو گیارہ مربع میل - آبادی ایک لاکھہ تہتر ہزار سات سو ساٹھ اور سلامی پندرہ ضرب توپ ہے -

دیواس

(پانتی کلان)

ہزہائینس راجہ تکاجی راؤ پنوار بابا صاحب والی دیواس

یہ خاندان اور خاندان دادا صاحب فرمانرواے پانتی خُرد دونون ایک جدّی پنوار راجپوت ہین۔ راجہ دھار بھی اِسی خاندان سے ہین۔ راجہ کالوجی کے دو لڑکے تھے تکاجی اور جیواجی ۔ دونون نے ریاست ہذا کی مشترکہ سند پیشواے حاصل کی۔ تکاجی کی اولاد سے پانتی کلان کے راجہ اور جیواجی کی نسل سے پانتی خُرد کے راجہ ہوتے چلے آئے ہین۔ تکاجی کے بعد اُنکے بیٹے کرشناجی اور اُنکے بعد اُنکے بیٹے تکاجی دوم مسند نشین ہوے۔ اُنھون نے رُکمنگد راؤ کو متبنّیٰ کیا جو خاص صاحب کے لقب سے معروف تھے اور سنہ ۱۸۲۴ء مین اُنکے جانشین ہوے۔ اُنکی وفات سنہ ۱۸۶۰ء کے بعد اُنکے متبنّیٰ ہزہائینس راجہ کرشناجی راؤ پنوار وارث ہوے۔ اُنھون نے ایام غدر مین نمایان خدمات انجام دین۔ اُنکے بعد ہزہائینس راجہ تکاجی راؤ والی حال مسند آرا ہوے۔ ریاست کا رقبہ چار سو دو مربع میل۔ آبادی باسٹھ ہزار تین سو بارہ نفوس اور سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

دیواس

(پانتی خُرد)

ہزہائینس راجہ ملہر راؤ پنوار دادا صاحب والی دیواس

آپ پنوار راجپوت ہین۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ ساگوجی تھے جنکے بیٹے راجہ کالوجی کے دو بیٹے تھے تکاجی اور جیواجی۔ اِنھون نے باجی راؤ پیشوا سے ریاست دیواس بالاشتراک پائی تھی۔ تکاجی کی اولاد سے فرمانروایان پانتی کلان اور جیواجی کی اولاد سے فرمانروایان پانتی خُرد ہوے ۱۸۱۸ء سے یہ دونون ریاستین برٹش حمایت مین داخل ہوئین۔ اُس زمانہ مین تکاجی راؤ اور انند راؤ فرمانروا تھے۔ زمانۂ غدر مین دونون راجاؤن نے سرکار انگلشیہ کو کماحقہ مدد دی۔ دونون راجہ شہر دیواس مین رہتے ہین لیکن ہر راجہ کی حکومت اپنے اپنے حدود مین الگ الگ ہے۔ ریاست دیواس پانتی خُرد کا رقبہ چارسو چالیس مربع میل۔ آبادی چون ہزار نوسو چار اور سلامی پندرہ ضرب توپ ہے۔

جاوڑہ

ہز ہائینس نواب محمد شیر علیخان والی جاوڑہ

آپ ابھی نابالغ ہین۔ ۱۸۹۵ء مین اپنے والد میجر ہز ہائینس احتشام الدولہ نواب محمد اسماعیل خان بہادر فیروز جنگ کی وفات پر جانشین ہوے۔ آپ ایک پٹھان خاندان سے تعلق رکھتے ہین۔ جاوڑہ کے اول نواب امیر خان کے برادر نسبتی غفور خان تھے۔ اُنکو مہاراجہ ہولکر نے یہ قطعۂ ملک عطا کیا تھا۔ عہد نامۂ مندسور منعقدہ ۶ جنوری ۱۸۱۹ء کے مطابق برٹش گورنمنٹ نے نواب غفور خان کو مالک ریاست تسلیم کیا اور اُن کو اُنکے مقبوضہ علاقہ کی سند عطا کی۔ ۱۸۲۵ء مین غوث محمد خان اُنکے جانشین ہوے۔ اُنکی وفات کے بعد ۱۸۶۵ء مین نواب محمد اسماعیل خان بہادر مسند آرا ہوے۔ نواب موصوف نے ۱۸۹۵ء مین قضا کی اور ہز ہائینس والی حال اُنکے جانشین ہین۔ ریاست کا رقبہ پانچسو اڑسٹھ مربع میل اور آبادی چوراسی ہزار دو سو دو ہے۔ سلامی تیرہ ضرب توپ۔



ہز ہائنیس مہاراجہ سجن سنگھ بہادر والی رتلام

رتلام

ہز ہائینس راجہ سجن سنگھ بہادر والی رتلام

ولادت سنہ ۱۸۸۰ع - جانشینی ۲۸ جنوری سنہ ۱۸۹۳ع مسند نشینی ۱۵ - دسمبر سنہ ۱۸۹۸ع

راجگان رتلام سورج بنسی راٹھور راجپوت ہین - آپ کا سلسلۂ نسب سری رام چندر جی سے ملتا ہے - ہز ہائینس مشہور خاندان جودھپور کے ایک رکن کی اولاد مین ہین - جب آپ کے مورث اعلیٰ دلپت سنگھ کے برادر اکبر سورج سنگھ مارواڑ کی گدی پر متمکن ہوے تو اُنھون نے اپنے بھائی دلپت سنگھ کو ایک بہت بڑی جائداد عطا کی جسمین جالور - بلیرہ وغیرہ شامل تھے - راجہ دلپت سنگھ کے بیٹے مہیش داس سمت ۱۶۶۵ مین مسند نشین ہوے - یہ بڑے مستقل مزاج اور بہادر شخص تھے - شاہجہان شہنشاہ دہلی اُنسے نہایت خوش ہوے اور اُنکی جاگیر مین اضافہ کیا - مہیش داس نے سمت ۱۷۰۱ مین قضا کی اور اُنکے بیٹے رتن سنگھ نے دربار مین رسوخ اور رسائی حاصل کی - یہ بھی اپنے والد کی طرح بہت بڑے شجاع اور اولوالعزم بزرگ تھے - اُنھون نے ایک مرتبہ شہنشاہ دہلی کے روبرو ایک پیل دمان سے مقابلہ کیا اور اپنی شجاعت وبسالت کے جوہر دکھائے - جس کٹار سے اُنھون نے ہاتھی کو زخمی کیا تھا وہ رتلام کے سلاح خانہ مین ابتک موجود ہے - شاہجہان نے اِس دلیرانہ طرز عمل کے اعتراف مین علاوہ منصب سہ ہزاری و دیگر اعزاز و مراحم خسروانہ کے اُنکو مالوہ مین ترپن لاکھ روپیہ کی جاگیر عطا کی - راجہ رتن سنگھ نے مالوہ مین آکر رتلام کی بنیاد ڈالی - اُنکے بعد راجگان رام سنگھ - شیو سنگھ - چترسال - کیسری سنگھ - مان سنگھ - پرتھی سنگھ - پدم سنگھ - پربت سنگھ نے یکے بعد دیگرے ریاست رتلام کی فرمانروائی کی - آخرالذکر راجہ کے زمانہ مین مرہٹون کے سخت حملے

شروع ہوے۔ اُسی عہد مین برٹش گورنمنٹ سے تعلق قائم ہوا اور ۱۸۱۹ء مین ریاست اور گورنمنٹ کے مابین ایک معاہدہ منعقد ہوا۔ راجہ پربت سنگھ کے بعد بلونت سنگھ اور بھیرون سنگھ نے حکمرانی کی۔ راجہ بھیرون سنگھ نے ، ۲۔ جنوری ۱۸۶۴ء کو انتقال کیا۔ اُنکے دو سالہ فرزند راجہ رنجیت سنگھ اپنے والد کے جانشین ہوے۔ اُسوقت گورنمنٹ نے خان بہادر شہامت علی سی۔ ایس۔ آئی۔ کو رتلام کا سپرنٹنڈنٹ مقرر کیا جن کے انتظام مین ریاست کے کل اُمور مین نمایان اصلاح اور ترقی ہوئی۔ راجہ رنجیت سنگھ کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ نے ۲۸۔ جنوری ۱۸۹۳ء کو مرض نیمونیا سے قضا کی۔ وہ بڑے منتظم اور روشنضمیر رئیس تھے۔ اُنکے جانشین راجہ سجن سنگھ بہادر والی حال ہین مہاراجہ صاحب کے زمانۂ نابالغی مین ریاست کا انتظام پولٹیکل ایجنٹ کی نگرانی مین خان بہادر خورشید جی رستم جی کے سپرد ہوا۔ ہزہائینس نے ڈیلی کالج اندور مین تعلیم پائی اور بعد فراغ تعلیم خان بہادر مدار المہام ریاست نے جو علوم و فنون کے بہت بڑے حامی و مربی اور اعلیٰ درجہ کے مدبر و منتظم ہین آپ کو طرز معاشرت اور سیاست کے اصول و فروع سے ماہر و آگاہ کیا۔ ۱۵۔ دسمبر ۱۸۹۵ء کو مہاراجہ صاحب کو اختیارات حکومت عطا ہوے۔ آپ رتق و فتق ریاست مین بہت بڑا حصہ لیتے ہین اور اپنی رعایا کی بہبود و فلاح مین ہمہ تن ساعی ہین۔ ریاست کا رقبہ نو سو دو مربع میل۔ آبادی تراسی ہزار سات سو تہتر اور آمدنی تیرہ لاکھ روپیہ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ۔

چھترپور

ہز ہائینس مہاراجہ وشناتھ سنگھ بہادر والی چھترپور

ولادت ۲۹-اگست ۱۸۶۶ء-جانشینی ۳-فروری ۱۸۶۷ء-آپ پنوار راجپوت ہین آپ کنور سونی ساہ کی اولاد مین ہین-جب ملک بندیلکھنڈ پر انگریزون کا تسلط ہوا تو کنور سونی ساہ چھترپور کی ریاست پر قابض تھے-۱۸۰۶ء مین برٹش گورنمنٹ نے اُن کو سند عطا فرمائی-انکے جانشین انکے بیٹے راجہ پرتاب سنگھ ہوے جنکو ۱۸ جنوری ۱۸۲۷ء کو راجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا-۱۸۵۲ء مین اُنھون نے جگت راج کو جو راجہ پرتاب سنگھ کے چھوٹے بھائی کے پوتے تھے اپنا متبنی اور جانشین مقرر کیا-۱۸۵۴ء مین جب پرتاب سنگھ نے قضا کی تو گورنمنٹ نے جگت راج کو وارث ریاست تسلیم کیا-بعد ازان اُنکو مہاراجہ کا خطاب عطا ہوا-۱۸۶۷ء مین مہاراجہ جگت راج نے انتقال کیا-آپ ۳-فروری ۱۸۶۷ء کو بحالت نابالغی جانشین ہوے اور انتظام ریاست گورنمنٹ عالیہ نے اپنے ذمہ لیا-آپنے اول راجکمار کالج نوگانون مین تعلیم پائی بعدہ لایق معلمون کی اتالیقی مین نوشت و خواند کا سلسلہ جاری رہا اور مسٹر تھیوڈر موریسن بی-اے تکمیل علوم انگریزی کے لیے مقرر ہوے-آپنے زبان سنسکرت اور انگریزی مین عمدہ ملکہ حاصل کیا اور اُردو مین بھی کامل مہارت پیدا کی-آپ کو علم فلسفہ سے نہایت ذوق ہے اور فرصت کے وقت کتب بینی مین مشغول رہتے ہین-آپ کا ذاتی کتب خانہ نہایت عمدہ ہے-آپکی شادی سوائی مہندر مہاراجہ پرتاب سنگھ بہادر سرآمد راجہاے بوندیلکھنڈ کی بڑی بیٹی سے ہوئی ہے-ہز ہائینس کو ۲۹-اگست ۱۸۸۷ء کو اختیارات ریاست تفویض ہوے اور ۳-جنوری ۱۸۹۴ عیسوی کو اختیارات انفصال مقدمات جرائم سنگین عطا ہوے اور ۲۵-مئی ۱۸۹۵ء کو خطاب

مہاراجہ مرحمت ہوا - آپ نے اپنے عہد حکومت مین ریاست کے ہر صیغہ مین نمایان اصلاح کی - آپ نے محکمۂ صدر امینی قائم کیا ہے اور ماسٹر گور بخش راے بی - اے - دیوان ریاست ہین جنہون نے صیغہ مال کی کارروائی مین نمایان ترقی کی ہے - ریاست مین آبپاشی کے واسطے بہت سے جدید چاہات تعمیر ہوے اور ان اصلاحات سے ریاست کی مالی حالت مین بہت بڑی شادابی و سرسبزی عیان ہے - دیگر صیغہ جات کا اہتمام و انصرام بھی تعلیم یافتہ افسرون کے سپرد ہے - ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایک سو اٹھارہ مربع میل آبادی ایک لاکھ چھپین ہزار ایک سو انتالیس جسمین زیادہ تر اہل ہنود ہین - محاصل تقریباً سوا تین لاکھ اور سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -





ہزہائنس راجہ ارجن سنگھ بہادر والی نرسنگڈھ

نرسنگڈھ

ہز ہائینس راجہ ارجن سنگھ والی نرسنگڈھ

ولادت ۱۸۸۷ء۔ مسند نشینی ۶-جنوری ۱۸۹۷ء۔ یہ ریاست مالوہ (وسط ہند) مین واقع ہے حکمران خاندان پنوار نسب ہے جسکی ابتدا راجہ پُردرا سے ہے جو راجہ بکرماجیت سے چند پشت پہلے گذرے ہین۔ اس خاندان نے تین سو برس تک امٹ واڑی مین حکومت کی تھی۔ جب مسلمانون کے عہد حکومت مین چوہان راجپوتون نے غلبہ پایا تو وہ ملک ان لوگون کے ہاتھ سے نکل گیا مگر اُنکے بناے مکانات وغیرہ کے آثار ونشانات ابتک وہان باقی ہین۔ راجہ سارنگ سین اس خاندان کے پہلے راجہ تھے جنھون نے سلطان غیاث الدین محمد تغلق کے عہد مین مالوہ مین آکر دھار مین اپنی راج دھانی قائم کی اور بصلۂ حُسن خدمات سرکار شاہی سے راوت کا خطاب حاصل کیا۔ سترھوین صدی کے آخر مین اس ریاست کے دو حصہ ہو گئے اور پرسرام سنگھ نے نرسنگڈھ آباد کر کے قلعہ کی بنیاد ڈالی اور پرسرام ساگر نرسنگڈھ کا تالاب تعمیر کیا۔ اٹھارھوین صدی مین جب مغلیہ سلطنت مین ضعف پیدا ہوا اور مرہٹون کا غلبہ ہوا تو راجہ کہمان سنگھ نے ہلکر کو خراج دینا شروع کیا۔ ۱۸۰۰ء مین سوبھاگ سنگھ صدر نشین ہوے۔ انکے عہد مین جنرل سر جان میلکم صاحب کی وساطت سے روساء مالوہ کے عہد نامے موکد ہوے اور چھاونی سیہور مین وکیل ریاست رہنے لگا۔ مئی ۱۸۲۷ء مین ٹھاکر ہنونت سنگھ بھانکھڑہ حسب استرضاء گورنمنٹ عالیہ مسند نشین ہوے۔ یہ بڑے مخیر شریف پرور اور منتظم وعالی حوصلہ رئیس تھے۔ انھون نے ۴۷ برس تک نہایت بیدار مغزی سے حکمرانی کی اور قلعہ۔ محل۔ مکانات بنواے۔ سامان جلوس کو ترقی دی۔ شفاخانہ بنوایا۔ غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ کی خیر خواہی کے صلہ مین گیارہ ضلک سلامی اور خطاب راجگی

پایا - انھون نے ۳۱ - مارچ ۱۸۷۳ء کو وفات پائی اور بوجہ وفات ولیعہد اُنکے بیٹے بھنور پال پرتاب سنگھ کو گورنمنٹ نے مسند آبائی پر متمکن کیا - یہ فن سپہ گری سے کمال شوق اور ملکداری کے آئین و قوانین سے بہرہ کافی رکھتے تھے - انکے وقت مین ریاست کے ہر صیغہ مین نمایان ترقی ہوئی اور ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری مین نشان عطا فرمایا گیا - راجپوت رئیسون مین سب سے پہلے اُنھون نے ولایت کا قصد کیا اور ۱۸۸۷ء مین علیا حضرت ملکہ قیصرہ مرحومہ کی حضوری مین شرف باریابی حاصل کیا - وہان خطاب ڈی - سی - ایل مرحمت ہوا - ۲۳ - اپریل ۱۸۹۰ء کو انھون نے لاولد قضا کی اور بمنظوری گورنمنٹ راجہ مہتاب سنگھ اُنکے چچا مسند نشین ہوے یہ بھی نہایت توجہ سے نظم و نسق ریاست مین مصروف رہتے تھے - مسافرخانہ شنکر ساگر - چاہ - اسپتال تعمیر کرائے - ۶ - نومبر ۱۸۹۵ء کو لاولد وفات پائی - گورنمنٹ عالیہ نے اُنکے چچازاد بھائی راجہ صاحب حال کو جنکی عمر اُسوقت نو برس کی تھی جانشین کیا اور ۶ - جنوری ۱۸۹۶ء کو رسم مسند نشینی عمل مین آئی - آپ فی الحال ڈیلی کالج اندور مین زیر تعلیم ہین اور ریاست کا کاروبار ۲۰ - جولائی ۱۸۹۶ء سے سپرنٹنڈنٹ صاحب ریاست و زیر نگرانی پولٹیکل ایجنٹ صاحب بھوپال ہو رہا ہے اور ریاست مین بندوبست باضابطہ ہوا ہے - پٹواریون کی تعلیم اور کاغذات دیہی کی ترتیب کا محکمہ قایم ہوا جب سے آمدنی سائر و جنگلات مین ڈیوڑھی ترقی ہوگئی ہے - جشن جوبلی ۱۸۹۷ء کی یادگار مین وکٹوریا ہائی اسکول کھولا گیا - مکانات سکونت عملہ - لین سواران و مکان سائر و تار گھر و ڈاکخانہ و گواہ گھر تیار ہوے - جدید جیلخانہ تعمیر ہوا - صفائی و روشنی شہر کا عمدہ انتظام کیا گیا - نئی سڑکین پختہ بنین - قانون اسلحہ جاری کیا گیا - ہر قسم کے غلہ خوردنی پر محصول درآمد و برآمد معاف ہوا - ۱۸۹۸ء سے بھوپالی سکہ کے بدلے سکہ کلدار رایج کیا گیا - قحط ۱۹۰۰ء مین امدادی کام جاری ہوے - اسکے صلہ مین گورنمنٹ نے منشی روشن لال سپرنٹنڈنٹ ریاست کو قیصر ہند کا تمغہ مرحمت کیا - رقبہ سات سو بیس مربع میل - آبادی ایک لاکھ کے قریب - محاصل سات لاکھ روپیہ سالانہ ہے - گیارہ ضرب توپ کی سلامی مقرر ہے -



ہز ہائینس مہاراجہ سر سوائی رنجور سنگھ کے۔سی۔آئی۔ای والی اجے گڈھ

اجے گڈھ

ہزہائنیس مہاراجہ سوائی سر رنجور سنگھ بہادر کے-سی-آئی-ای-والی اجے گڈھ

ولادت ۱۸۵۹ء- مسند نشینی ۱۸۶۸ء- آپ بندیلہ راجپوت اور خاندان سورج بنسی سے تعلق رکھتے ہین- آپکا سلسلۂ نسب راجہ رام چندرجی کی جانب منجر ہوتا ہے- قدیم الایام مین اس خاندان کے لوگ بڑے شجاع اور فاتح گذرے ہین- اس ریاست کے بانی کا نام می چھتر سال تھا- پہلے اسکے فرمانروا راجہ باندہ کے لقب سے مشہور تھے- راجہ بخت سنگھ یا بخت بلی نبیرۂ جگت راج کے وقت مین علی بہادر نے اس ریاست کو تاخت و تاراج کیا- جس زمانہ مین عنان حکومت بندیلکھنڈ سرکار عظمت مدار کے دست اقتدار مین آئی تو ریاست پھر سرسبز ہونے لگی چنانچہ اولاً ۱۸۰۷ء مین سند ریاست عطا ہوئی- راجہ بخت بلی نے ۱۸۳۷ء مین انتقال کیا اور اُنکے بڑے بیٹے مادھو سنگھ جانشین ہوے- انھون نے ۱۸۴۹ء مین انتقال کیا اور اُنکے بھائی مہیپت سنگھ مسند نشین ہوے مہیپت سنگھ نے ۱۸۵۳ء مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے بجے سنگھ گیارہ سال کی عمر مین مسند نشین ہوے مگر ۱۸۵۵ء مین وہ بھی رہگراے عالم بقا ہوے- اُسوقت والی ریاست حال کی جانشینی کی نسبت گفتگو ہو رہی تھی کہ غدر ہوگیا- اُس زمانہ مین اس ریاست نے سرکار کو بمقابلہ فرزند علی اور افواج باغیہ انگریزی کماحقہ مدد دی اور حق وفاداری ادا کیا- یہ سب مہیپت سنگھ کی رانی کی عاقبت اندیشی اور وفاشعاری کا نتیجہ تھا- اس حسن خدمت کے جلدو مین سرکار نے اپنے حقوق سے دست بردار ہوکر سند ریاست مہاراجہ کو مرحمت کی زمانۂ نابالغی مین رانی موصوفہ نے بحیثیت ولیہ حکمرانی کی حتیٰ کہ ۱۸۶۸ء مین انتقال کیا اور مہاراجہ صاحب کو اختیارات فرمانروائی حاصل ہوے- دربار قیصری ۱۸۷۷ء مین خطاب سوائی

بطور اعزاز موروثی حاصل کیا۔ ۱۸۸۶ء مین آپ کو فوجداری کے اعلیٰ اختیارات عطا کیے گئے۔ آپنے اپنے عہد حکمرانی مین ریاست کو قرضہ سے سبکدوش کیا۔ سررشتۂ تعلیم کی ترقی کے لیے خاص اجے گڈھ اور دیہات مین مدارس قائم کیے رفاہ عام کے لیے سڑکین نکالین شفاخانہ بنوائے۔ باغات لگائے ۱۸۹۶ء کی قحط سالی مین آپنے رعایا کی پرورش کے لیے زر کثیر صرف فرمایا۔ اس خوش نظمی کے جلدو مین حضور قیصرۂ ہند (آنجہانی) نے خطاب کے۔سی۔آئی۔ای۔ مرحمت فرمایا۔ جسوقت کابل کی لڑائی درپیش تھی تو مہاراجہ نے اُس جنگ مین شریک ہونے کے لیے درخواست کی جسکا شکریہ سرکار کی طرف سے ادا کیا گیا۔ مہاراجہ ایک لایق تعلیم یافتہ رئیس ہین۔ آپ کے چار فرزند ہین سوائی راجہ بہادر بھوپال سنگھ سوائی منجھلے مہاراج کمار جے پال سنگھ سوائی سنجھلے مہاراج کمار کیشپال سنگھ جو علم فارسی و ہندی مین لایق اور فنون شہسواری و سپاہگری مین دستگاہ کامل رکھتے ہین۔ چوتھے صاحبزادے ابھی خردسال ہین۔ رقبہ آٹھ سو دو مربع میل۔ آبادی تقریباً اٹھتر ہزار دو سو محاصل تقریباً سوا دو لاکھ روپیہ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



سیتامؤ

ہز ہائینس راجہ رام سنگھ جی والی سیتامؤ

آپ اُس مشہور و معروف راٹھور راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو راجہ رام سنگھ والی رتلام کے چھوٹے بیٹے کشور داس کی نسل سے ہے۔ سنہ ۱۶۳۱ء مین راجہ رتن سنگھ رکن اعظم خاندان جودھپور نے شاہجہان شہنشاہ دہلی سے راجہ کا لقب اور ریاست رتلام حاصل کی جسمین اُس زمانہ مین سیلانہ اور سیتامؤ بھی شامل تھے۔ راجہ رام سنگھ والی رتلام کی وفات پر اُنکے چھوٹے بیٹے کشور داس سیندھیا کے خراجگزار ہوے۔ اسکے بعد ریاست مذکور برٹش گورنمنٹ کے تحت مین آئی۔ ہز ہائینس راجہ رام سنگھ راجہ بہادر سنگھ کے وارث اور والی ریاست ہین۔ ریاست کا رقبہ تین سو پچاس مربع میل آبادی تئیس ۲۳ ہزار آٹھ سو اور سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



بجاور

ہز ہائینس سوائی مہاراجہ بہادر بجاور

فرمانروایان ریاست بجاور مثل فرمانروایان چرکھاری واجیگڈھ کے راجہ جگت راج کی نسل مین ہین جو مہاراجہ چھترسال کے دوسرے بیٹے تھے۔ جگت راج کے دوسرے بیٹے بیر سنگھ دیو بجاور کے بانی اور فرمانروا ہوے اور اُنکے فرزند کیسری سنگھ نے اُس زمانہ مین جب بندیلکھنڈ سرکار عظمت مدار کی عملداری مین شامل ہوا سرکار سے توسل پیدا کیا۔ کیسری سنگھ نے سنہ ۱۸۱۰ء مین انتقال کیا اور اُنکے فرزند رتن سنگھ مسند نشین ہوے۔ سنہ ۱۸۱۱ء مین انکو سند عطا ہوئی۔ راجہ رتن سنگھ نے ۱۷- دسمبر سنہ ۱۸۳۳ء کو انتقال کیا اور اُنکی بیوہ کی درخواست سے اُنکے بھتیجے لچھمن سنگھ فرزند کیت سنگھ مسند آرا ہوے اور اُنکے بعد سنہ ۱۸۴۷ء مین اُنکے فرزند بھان پرتاب سنگھ جانشین ہوے۔ چونکہ زمانۂ غدر مین مہاراجہ بھان پرتاب سنگھ نے سرکار کو مدد دی تھی لہذا خلعت مرحمت ہوا اور سلامی گیارہ ضرب توپ موروثی مقرر ہوئی۔ سنہ ۱۸۶۶ء مین خطاب مہاراجہ بطور موروثی عطا ہوا۔ دربار قیصری سنہ ۱۸۷۷ء مین موروثی خطاب سوائی اضافہ ہوا۔ ریاست کا رقبہ نوسو پینسٹھ آبادی ایک لاکھ دس ہزار پانچسو آمدنی تقریبًا دو لاکھ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

جھابوا

ہزہائینس راجہ گوپال سنگھ - راجہ جھابوا

ولادت ۲۲-فروری سنہ ۱۸۴۱ء-مسند نشینی (بزمانۂ نابالغی) اکتوبر سنہ ۱۸۴۱ء - آپ راٹھور راجپوت ہین اور مہاراجہ جودھپور کے خاندان سے تعلق رکھتے ہین سلطان علاؤالدین شاہ دہلی نے اس خاندان کے مورث اعلی کشن داس کو راجہ کا خطاب مرحمت کیا تھا جنھون نے محاربات بنگالہ مین کارہاے نمایان انجام کیے تھے اور قوم بھیل کے سردارون کے استیصال اور سرکوبی مین کوشش بلیغ کی تھی- راجہ بھیم سنگھ بوجہ بدنظمی حکومت سے کنارہ کش ہوے - اسلیے اُنکے بیٹے پرتاب سنگھ اُنکے جانشین ہوے پہلے یہ ریاست اندور کی باجگزار تھی مگر اب برٹش گورمنٹ کی ماتحت ہے - ریاست کا رقبہ ایک ہزار تین سو چھتیس مربع میل اور آبادی مطابق سنہ ۱۹۰۱ء اسی ہزار آٹھ سو نواسی ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ

پنّا

ہزہائینس مہاراجہ مہندر سوائی جدوندر اسنگھ بہادر والی پنّا

ولادت سنہ ۱۸۹۳ء - جانشینی سنہ ۱۹۰۲ء - فرمانروایان ریاست ہذا بندیلہ راجپوت اور اودے جیت پسر دوم رودر پرتاب بانی ریاست اورچھہ کی نسل سے ہین اودے جیت کے پوتے چمپت راے خودمختار رئیس تھے - اُنکے بیٹے چھترسال نے شمالی اور مشرقی ملک بندیلکھنڈ مین وسیع ریاست حاصل کی - اُنکے بڑے بیٹے ہردی ساہ فرمانرواے پنّا ہوے - دوسرے بیٹے خاندانہاے اجے گڈھ چرکھاری بجاور اور سریلہ کے مورث اعلیٰ تھے - تیسرے بیٹے والی ریاست جگنی اور چوتھے بیٹے فرمانروایان جاسو کے بزرگ تھے - بندیلکھنڈ مین سلطنت برطانیہ قائم ہونے کے زمانہ مین راجہ کشور سنگھ برسرحکومت تھے - اُنھون نے سنہ ۱۸۱۰ء مین سند ریاست حاصل کی - راجہ کشور سنگھ نے سنہ ۱۸۳۴ء مین انتقال کیا اور اُنکے لڑکے راجہ ہربنس راے جو اپنے والد کے زمانہ سے حکمران تھے جانشین ہوے اُنھون نے سنہ ۱۸۴۹ء مین انتقال کیا اور لاولد مرنے کے سبب سے اُنکے بھائی راجہ نرپت سنگھ مسندنشین ہوے اُنکے عہد مین رسم ستی ممنوع ہوئی - اُنھین سنہ ۱۸۶۲ء مین سند اختیار تبنیت حاصل ہوئی سنہ ۱۸۶۹ء مین خطاب مہندر عطا ہوا اور یہ خطاب سنہ ۱۸۷۵ء مین موروثی ہوگیا - اُنھون نے جون سنہ ۱۸۷۰ء مین انتقال کیا اُنکے فرزند ہزہائینس مہاراجہ سر رودر پرتاب سنگھ مسندنشین ہوے - اُنھون نے لاولد قضا کی - اُنکے بجاے اُنکے بھائی مہاراجہ لوکھان سنگھ مسند ریاست پر متمکن ہوے - اُنکے انتقال پر مہاراجہ مادھو سنگھ مسندنشین ہوے - مگر اپنے چچا راؤ راجہ کھمان سنگھ کی زہرخورانی کی علت مین معزول ہوے اور اُنکے بجاے راؤ راجہ کھمان سنگھ کے فرزند اکبر مہاراجہ جدوندر سنگھ جانشین ہوے - رقبہ ۲۴۹۲ مربع میل - آبادی تقریباً دولاکھ اور سلامی گیارہ ضرب توپ ہے

راجگڈھ

ہز ہائینس راجہ راوت بنے سنگھ بہادر راجہ راجگڈھ

ولادت . . . . بمسند نشینی ماہ اگست سنہ ۱۹۰۲ء - ہز ہائینس اودمت راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور مشہور راجہ بھوج اور بکرماجیت کی اولاد مین ہین سلطنت مغلیہ کے زوال کے زمانہ مین ملک اودمت واڑہ کو جسمین ریاست ہاے راجگڈھ اور نرسنگڈھ شامل ہین اودمت راجپوتون نے فتح کیا تھا۔ سنہ ۱۴۴۸ء مین والی اودمت واڑہ نے خطاب راوت حاصل کیا۔ سنہ ۱۶۸۱ء مین حکمران راوت کے بیٹے نے جو اُسکے دیوان اور وزیر اعظم تھے ریاست کو دو حصون مین تقسیم کرالیا۔ چنانچہ دیوان ریاست نرسنگڈھ کے مالک ہوے جو اُسوقت سے ایک جداگانہ ریاست ہے۔ جب مرہٹون نے ملک مالوہ فتح کیا تو راجگڈھ گوالیار کی باجگزار ہوئی اور نرسنگڈھ اندور کے تحت مین آئی۔ سنہ ۱۸۱۸ء مین راوت نول سنگھ راجگڈھ پر حکمران تھے جب وسط ہند پر گورنمنٹ کا تسلط ہوا تو ایک عہد نامہ کی روسے یہ ریاست گورنمنٹ ہند کی مطیع ہوئی۔ راوت نول سنگھ نے سنہ ۱۸۳۱ء مین لاولد رحلت کی اور اُنکے بھتیجے راوت موتی سنگھ جانشین ہوے جنھون نے سنہ ۱۸۷۱ء مین مذہب اسلام قبول کیا اور باجازت گورنمنٹ نواب کا خطاب اور عبدالواسع خان نام اختیار کیا۔ سنہ ۱۸۸۰ء مین اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے راجہ راوت بل بہادر سنگھ جانشین ہوے۔ انھون نے سنہ ۱۹۰۲ء مین قضا کی چونکہ اُنکے کوئی اولاد نہ تھی لہذا اُنکے بجاے راوت بنے سنگھ جو راوت موتی سنگھ کے برادر اصغر ہین مالک ریاست ہوے۔ رقبہ آٹھ سو اسی مربع میل۔ آبادی اٹھاسی ہزار تین سو چہتر۔ سلامی گیارہ ضرب توپ۔

سمتھر

ہز ہائینس مہاراجہ بیر سنگھ دیو والی سمتھر

ولادت ۸۔ نومبر ۱۸۶۵ع۔ مسند نشینی ۱۰۔ جون ۱۸۹۶ع۔ والیان ریاست سمتھر قوم گوجر ہین۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ نونی شاہ ریاست دتیا کے دیوان تھے اُنکو دتیا سے ایک جاگیر ملی تھی اور سمتھر اُسکا ایک جزو تھا۔ جب سرکار عظمت مدار کی عملداری وسط ہند مین ہوئی تو راجہ رنجیت سنگھ ثانی فرمانروا تھے۔ ۱۸۱۷ع مین اس ریاست کے ساتھ ایک عہدنامہ منعقد ہوا۔ راجہ رنجیت سنگھ نے ۱۸۳۷ع مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے راجہ ہندوپت مسند نشین ہوے۔ ۱۸۵۸ع مین دماغی امراض کے سبب سے راجہ موصوف کی رانی صاحبہ ولیہ ریاست مقرر ہوئین۔ راجہ ہندوپت کے دو لڑکے تھے راجہ چھتر سنگھ اور راجہ ارجن سنگھ (عرف علی بہادر) ۱۸۶۴ع مین راجہ چھتر سنگھ نے ریاست کا دعوی کیا اور اُنکے جانشین تسلیم کیے گئے۔ راجہ چھتر سنگھ کو خطاب مہاراجہ بطور اعزاز ذاتی مرحمت ہوا تھا۔ ۱۸۹۰ع مین وہی خطاب مہاراجہ والی حال کو بھی عطا ہوا۔ ریاست کا رقبہ ایک سو اٹھتر مربع میل مردم شماری تینتیس ہزار چار سو بہتر۔ سلامی گیارہ ضرب توپ۔

چرکھاری

ہز ہائینس مہاراجہ دھراج سپہدار الملک ملکھان سنگھ والی چرکھاری

ولادت سنہ ۱۸۷۲ عیسوی - مسند نشینی ۱۰ جولائی سنہ ۱۸۸۰ء - فرمانروایان ریاست ہذا اُس مشہور بندیلہ راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکی بنیاد بیر سنگھ نے تیرھوین صدی مین ڈالی تھی - یہ پہلے شخص تھے جنھون نے بندیلہ کا لقب اختیار کیا - انکی نسل سے اکثر نامور والیان ملک ہوے جنکے نام وسط ہند کی تاریخ مین یادگار زمانہ ہین - فرمانروایان اورچھہ - پنا - دتیا - اجے گڈھ بجاور - سریلہ - جگنی - جاسو - لگھاسی اسی نسل سے ہین - فرمانروایان بندیلہ مین بجے بہادر نے سب سے پہلے سرکار برطانیہ کے ساتھ توسل پیدا کیا اور سنہ ۱۸۰۴ء مین سند ریاست حاصل کی - راجہ موصوف کے فرزند گوبند داس نے جنکو بہ نسبت اور فرزندون کے ترجیحی حق وراثت حاصل تھا سنہ ۱۸۲۲ء مین انتقال کیا - اُسوقت راجہ نے اپنے پوتے رتن سنگھ کو جانشینی کے لیے انتخاب کیا جو رنجیت سنگھ کے بیٹے تھے - راجہ بجے بہادر نے سنہ ۱۸۲۹ء مین انتقال کیا اور بعد کسی قدر خاندانی تنازع کے رتن سنگھ جانشین ہوے اور ہم جدی اقربا کے گزارے مقرر ہوگئے - راجہ رتن سنگھ نے غدر کے زمانہ مین سرکار عظمت مدار کو بہت بڑی مدد دی اس حسن خدمت کے جلدو مین منجانب سرکار بیس ہزار روپیہ سالانہ کی ایک جاگیر مع خلعت فاخرہ کے مرحمت ہوئی اور موروثی سلامی نو ضرب قرار دی گئی اور ان سب عطیات پر سند اختیار تبنیت بھی اضافہ ہوئی - راجہ موصوف نے سنہ ۱۸۶۰ء مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے جے سنگھ دیو جانشین ہوے اور انکی نابالغی کے سبب سے اُنکی والدہ رانی بخت کنور ولیہ مقرر ہوئین جو مولوی سراج حسین اور دیوان آنا صاحب دو وزیرون کی اعانت سے جنکو راجہ متوفی نے اپنے زمانۂ حیات مین نامزد کیا تھا ریاست کا انتظام کرتی تھین - مہاراجہ جے سنگھ دیو نے

سنہ ۱۸۸۰ء مین انتقال کیا۔ چونکہ اُنکے نہ کوئی اولاد ہوئی تھی اور نہ کسی کو متبنی کیا تھا لہذا مہاراجہ متوفی کی بیوہ رانی نے ملکھان سنگھ فرزند جوجھار سنگھ کو جو اُنکے ایک رشتہ دار تھے متبنی کیا اور اس تبنیت کو سرکار عالیہ نے تسلیم کیا۔ اُس زمانہ مین مہاراجہ صاحب کی عمر نو برس کی تھی۔ بنابران اُنکے پدر حقیقی جوجھار سنگھ منتظم مقرر ہوے۔ جنوری سنہ ۱۸۹۲ء مین مہاراجہ صاحب کو کامل اختیارات عطا ہوے۔ سنہ ۱۸۷۷ء مین گورنمنٹ ہند نے والی ریاست کے لیے خطاب سپہدار الملک تسلیم کیا۔ رقبہ سات سو تین مربع میل۔ آبادی ایک لاکھ تیئیس ہزار نو سو چون محاصل تقریبًا چھ لاکھ سالانہ اور سلامی ۱۱ ضرب توپ ہے۔



سیلانہ

ہز ہائنیس راجہ دولہ سنگھ - راجہ سیلانہ

ولادت سنہ ۱۸۴۱ء مسند نشینی سنہ ۱۸۵۰ء - آپ راجہ جے سنگھ کے سلسلہ سے جو راجہ مان سنگھ والی رتلام کے چھوٹے بھائی تھے مشہور راٹھور راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین - سنہ ۱۶۳۱ء مین راجہ رتن سنگھ نے جو شاہی خاندان جودھپور کے ایک رکن تھے شاہجہان شہنشاہ دہلی سے راجہ کا خطاب اور ریاست رتلام حاصل کی جسمین اُسوقت ریاستہاے سیلانہ اور سیتامو بھی شامل تھین - جب راجہ کیسری سنگھ والی رتلام نے سنہ ۱۷۰۹ء مین انتقال کیا تو اُنکے بڑے بیٹے مان سنگھ راجۂ رتلام اور اُنکے چھوٹے بیٹے جے سنگھ راجۂ سیلانہ ہوے - جے سنگھ کی اولاد سیندھیا کی باجگزار ہو گئی مگر بعدہ دولت برطانیہ کے تحت حمایت مین آئی - ریاست کا رقبہ پانچ سو مربع میل - آبادی پچیس ہزار سات سو اکتیس ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ -

باؤنی

ہز ہائینس اعظم الامرا فخر الدولہ معین الملک صاحب جاہ مہین سردار نواب ریاض الحسن خان ظفر جنگ - نواب بہادر باؤنی

ملک بندیلکھنڈ مین صرف یہی ایک اسلامی ریاست ہے - آپ کے جد اعلیٰ نواب غازی الدین خان نے جو آصف جاہ نظام الملک حیدر آباد کے پوتے تھے کالپی کے متصل مشتمل باون مواضع کا ایک علاقہ حاصل کیا تھا - جب بندیلکھنڈ مین سرکار عظمت مدار برطانیہ کا قبضہ ہوا تو نواب نصیر الدولہ فرزند نواب غازی الدین خان کے قبضہ مین اُنچاس مواضع تھے - سنہ ۱۸۰۶ء مین اس ریاست نے سرکار عظمت مدار سے توسل پیدا کیا - نواب نصیر الدولہ کے بعد سنہ ۱۸۱۵ء مین اُنکے بیٹے نواب امیر الملک اور اُنکے بعد سنہ ۱۸۳۸ء مین اُنکے فرزند نواب محمد حسین خان مسند نشین ہوے - نواب موصوف نے سنہ ۱۸۵۶ء مین اپنے فرزند نواب مہدی حسین خان کو اپنا قائم مقام معین کیا اور اگست سنہ ۱۸۵۹ء مین انتقال کیا - سنہ ۱۸۶۲ عیسوی مین نواب مہدی حسین خان کو سند تعین وارث عطا ہوئی - نواب موصوف نے سنہ ۱۸۸۳ء مین ریاست سے کنارہ کشی اختیار فرمائی اور حسب صوابدید سرکار عظمت مدار بجاے اپنے اپنے فرزند نواب محمد حسین خان کو جانشین کیا - انکی وفات پر نواب ریاض الحسن خان انکے جانشین ہوے ہین - ریاست کا رقبہ ایک سو بائیس مربع میل - آبادی اُنیس ہزار سات سو اسی - آمدنی تقریبًا ایک لاکھ روپیہ اور سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -



ہز ہائنیس راو راجہ سری بھوانی سنگھ بہادر والی کھلچی پور

کھلچی پور

راؤ راجہ سری بھوانی سنگھ جی بہادر راجہ کھلچی پور

ولادت سمت ۱۹۲۳ء مسند نشینی سمت ۱۹۵۶ - یہ خاندان اگنی بنس چوہان ہے - بانی خاندان چتربھج چوہان کی نسل مین راجہ کھرپربھان نے سنبھل مراد آباد سے اپنا توطن موضع اجیاپوری مین منتقل کیا اور اپنے چھوٹے بیٹے اجے گوپال کے نام سے اجمیر آباد کیا اور اُسی کو اپنا راج دھانی بنایا - اِنکی نسل مین راجہ ادگرسین شیرشاہ بادشاہ دہلی کے عہد مین کھیچرپور کی جاگیر پر تمکن دیوان کے خطاب سے مخاطب اور خلعت فاخرہ سے مخلع ہوے جسکے بعد اُنھون نے اسکا نام کھیچی پور رکھا جو اب کثرت استعمال سے کھلچی پور کے نام سے زبان زد ہے - انکے پوتے راجہ کرن سنگھ نے شاہی دربار مین رُسوخ حاصل کیا اور سمت ۱۶۹۶ مین مہم بنگالہ پر بھیجے گئے اور منصور و مظفر واپس آئے - دوسرے سال اِنکو پھر بضرورت ایصال خراج شاہی بنگالہ جانے کا حکم ہوا - راجہ بنگالہ نے انکے ساتھ اپنی بیٹی کی شادی کردی اور خراج شاہی روانہ دہلی کیا - اِنھون نے چند روز کے بعد بنگالہ مین انتقال کیا جسپر دربار شاہی نے اظہار تاسف کیا - انکے بعد انکے فرزند راجہ ہٹے سنگھ جانشین ہوے اور شہرپناہ کا کوٹ بنوا کر اِس ریاست کو کوٹ کھلچی پور کے نام سے موسوم کیا - اِنکی کئی پشتون کے بعد راجہ شیر سنگھ جی خلف راجہ درجن سال نے شہر کی آبادی اور ریاست کے رقبہ کو بہت بڑی ترقی دی - جدید پختہ شہرپناہ بنوائی اور از سرنو توپخانہ درست اور مضبوط کیا - غدر ۱۸۵۷ء مین اِنھون نے فوج پیشوا کے دست بُرد سے ریاست کی حفاظت اور گورنمنٹ انگلشیہ کی عمدہ خدمات کے صلہ مین

نیکنامی کی ایک سند حاصل کی۔ انکے فرزند راجہ امر سنگھ جی سمت ۱۹۲۶ مین مسند نشین ہوے اور گورنمنٹ نے اُنکا جدی خطاب راؤ بہادر اُنکو عطا فرمایا اور ریاست کی نو ضرب توپ مین دو ذاتی شلک سلامی کا اضافہ کیا۔ انھون نے انگریزی قواعد و قوانین کے طرز پر ریاست کے کُل صیغون کا انتظام درست کیا۔ وہ وشنو دھرم کے پابند اور مذہب مین راسخ الاعتقاد تھے۔ انھون نے ہندوستان کے اکثر معابد اور زیارتگاہون کی تیرتھ جاترا کی تھی اور نہایت فیاضی سے مستمند و نکوپُن اور دان کرتے تھے۔ علاوہ مال و منال کے نعمت اولاد سے بھی مالامال تھے۔ انکے چھ فرزند ہین بڑے فرزند راؤ راجہ سری بھوانی سنگھ بہادر راجہ حال ہین جو اپنے والد کی وفات کے بعد سمت ۱۹۵۶ مین مسند نشین ہوے۔ آپ نے اوائل عمر مین صرف سنسکرت کی تعلیم پائی تھی مگر ریاست کی عدالتی زبان اُردو ہونے کی وجہ سے آپ نے فارسی تکمیل کے ساتھ حاصل کی۔ آپ گجراتی اور انگریزی زبان مین بھی مہارت رکھتے ہین۔ فنون سپہگری۔ شہسواری۔ موسیقی وغیرہ مین آپکو دخل کامل ہے۔ آپنے بھی چھ سات مشہور تیرتھ گاہون کی زیارت کی ہے۔ امور ریاست کو آپ نہایت بیدار مغزی سے انجام دیتے ہین۔ زمانۂ قحط مین آپ نے اپنی رعایا کو نصف مالگزاری معاف کردی اور ریاست کے نرخ یعنے سات سیر فی روپیہ کے حساب سے بکثرت غلہ خرید کرکے تیرہ سیر کے حساب سے عام رعایا اور قحط زدگان بیرونجات کو دینے کا حکم دیا اور بہت سے امدادی کام ریاست مین جاری کیے اور بڈھون اور بیمارون کیلیے ایک محتاج خانہ قائم کیا جہان اُنکی آسائش کا عمدہ انتظام تھا۔ کنوؤن اور تالاب کے ذریعہ سے آبپاشی کی مدد سے علاوہ زراعت پیشہ رعایا کو آپنے تخم غلہ سے بھی مدد دی۔ آپنے تالاب بنبھے گڈھ پر سری ناتھ جی کا ایک مندر بھی تعمیر کرایا ہے اور پانچ باغ اُس سے متعلق کردیے ہین۔ آپکے فرزند اور ولیعہد راجکمار مدن سال سنگھ ہین جو سمت ۱۹۵۳ مین متولد ہوے۔ رقبۂ ریاست دوسو بہتر مربع میل آبادی اکتیس ہزار ایک سو پچیس۔ اور سلامی نو ضرب توپ ہے۔

میہر

راجہ رگھبیر سنگھ راجۂ میہر

ولادت سنہ ۱۸۴۳ع - آپ سنہ ۱۸۵۲ع مین جانشین ہوے - اس ریاست کا فرمانروا خاندان ہندوجوگی فرقہ سے تعلق رکھتا ہے - اسکے مورث اعلیٰ بینی حضوری تھے جوراجہ پنا کے یہان ایک ممتاز عہدہ پر مامور تھے - اُنکو جاگیر میہر اور رئیس کا خطاب عطا ہوا - جب عہدنامہ سنہ ۱۸۰۲ع کے موافق ملک بگھیلکھنڈ سرکار انگریزی کے قبضہ مین آیا تو اُسوقت درجن سنگھ بینی حضوری کے چھوٹے بیٹے بر سر حکومت تھے - اُنکی ریاست کو سرکار عظمت مدار نے تسلیم کیا - پہلی سند سنہ ۱۸۰۶ع مین اور دوسری سنہ ۱۸۱۴ع مین عطا ہوئی - درجن سنگھ کی وفات کے بعد اُنکے دو بیٹون مین ریاست تقسیم ہوگئی بشن سنگھ بڑے لڑکے میہر پر اور پراگ داس چھوٹے دوسرے لڑکے راگھوگڈھ پر قابض ہوے دوسرا حصہ سنہ ۱۸۵۸ع مین بوجہ بغاوت سرجو پرشاد ولد پراگ داس ضبط ہوگیا بشن سنگھ نے سنہ ۱۸۵۰ع مین وفات کی اور اُنکے بیٹے موہن پرشاد جانشین ہوے - یہ بھی سنہ ۱۸۵۲ع مین فوت ہوگئے اُسوقت اُنکے بیٹے یعنے راجۂ حال بہت خُرد سال تھے - آپ کو سنہ ۱۸۶۵ع مین اختیارات ریاست عطا ہوے اور سنہ ۱۸۶۹ع مین راجہ کے موروثی خطاب سے سرفراز ہوے مثل اور ریاستون کے اس ریاست کو بھی سنہ ۱۸۶۲ع سے سند اختیار تبنیت حاصل ہے - یکم جنوری سنہ ۱۸۷۷ع کو بطور اعزاز ذاتی کے آپ کی نو ضرب توپ کی سلامی مقرر ہوئی - ریاست کا رقبہ چارسو مربع میل - آبادی ترسٹھ ہزار سات سو دو اور محاصل تقریباً چوہتر ہزار ہے -

علی راج پور

رانا پرتاب سنگھ رانا علی راج پور

ولادت ۱۸۸۱ء ۔ مسند نشینی ۱۸۹۱ء ۔ ابتداے عہد تسلط گورنمنٹ برطانیہ مین ریاست علی راج پور مسافر مکرانی کے تحت مین تھی ۔ پرتاب سنگھ رانا علی راج پور کے انتقال کے بعد اُنکے بھتیجے کیسری سنگھ نے پرتاب سنگھ کے بیٹے جسونت سنگھ کو جو اُنکی وفات کے بعد متولد ہوے تھے محروم الارث کرنا چاہا تھا مگر مسافر مکرانی نے کیسری سنگھ کو پسپا کر دیا چونکہ پرتاب سنگھ ایک زمانۂ دراز سے علی راج پور کے منتظم تھے اور انکی خدمات قیمتی اور خیرخواہانہ ثابت ہوئی تھین اسلیے گورنمنٹ ہند نے جسونت سنگھ کی نابالغی کے زمانے مین اُن کو بدستور منتظمی کے عہدہ پر بحال و برقرار رکھا ۔ رانا جسونت سنگھ نے ۱۷ ۔ مارچ ۱۸۶۲ء کو وفات پائی اور ایک وصیت نامہ کی روسے اپنی ریاست کو اپنے دو بیٹون مین تقسیم کیا لیکن گورنمنٹ نے اِس وصیت کو منظور نہین کیا اور اُنکے بڑے بیٹے گنگا دیو کو اُنکا جانشین قرار دیا اور مسند نشینی کے وقت اُنکو ایک خلعت فاخرہ مرحمت فرمایا ۔ اُنکے انتقال کے بعد آپ گدی نشین ہوے ۔ ریاست کا رقبہ آٹھ سو چھتیس مربع میل ۔ آبادی پچاس ہزار ایکسو پچاسی اور سلامی نو ضرب توپ ہے ۔

ناگود

راجہ جدوبندر راسنگھ راجۂ ناگود

ولادت ۳۰- دسمبر ۱۸۵۵ء۔ مسند نشینی ۱۲- جون ۱۸۷۴ء۔ فرمانروایان ریاست پرہار راجپوت ہین۔ یہ خاندان گذشتہ نوسو برس سے حکمران ہے۔ عہد سابق مین یہ ریاست پنّا کی ماتحت تھی مگر ۱۸۰۹ء مین راجہ لال شیوراج سنگھ نے ایک سند سرکار برطانیہ سے حاصل کی۔ راجہ لال شیوراج سنگھ کے بعد ۱۸۱۶ء مین اُنکے بیٹے بلبھدر سنگھ مسندنشین ہوے بعدہٗ اُنکے بیٹے رگھبندرا سنگھ ۱۸۳۹ء مین اُنکے قائم مقام اور جانشین ہوے۔ راجۂ موصوف نے زمانۂ غدر مین خیرخواہی کی اور بجلدوے حُسن خدمت ۱۸۵۹ء مین جائداد منضبطۂ راگھوگڈھ سے گیارہ مواضع مرحمت ہوے۔ ۱۸۶۲ء مین مثل اور ریاستون کے سند اختیار تبنیت عطا ہوئی۔ رگھبندرا سنگھ نے ۱۸۷۴ء مین وفات کی اور بجاے اُنکے اُنکے بیٹے جدوبندرا سنگھ اُنیس برس کی عمر مین جانشین ہوے۔ آپ کو فروری ۱۸۸۲ء مین کامل اختیارات ریاست عطا ہوے۔ ریاست کا رقبہ پانچسو ایک مربع میل۔ آبادی سرسٹھ ہزار بانوے اور محاصل تقریباً ڈیڑھ لاکھ سالانہ ہے۔ منجملہ اِس کے ستر ہزار جاگیرات و معافیات مذہبی مین وضع ہوتے ہین۔ سلامی نو ضرب توپ ہے۔

برونده

راجه ٹھاکر پرشاد سنگھ راجۂ برونده

آپ سنٹرل انڈیا کے ایک نہایت قدیم رگھبنسی راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین۔ آپکے مورث اعلیٰ گوری چند برونده کے فرمانروا تھے جنھون نے ۱۵۴۹ء مین انتقال کیا۔ اُنکی اولاد مین راجه موہن سنگھ نے سرکار انگریزی سے توسل پیدا کیا اور ۱۸۰۷ء مین برٹش گورنمنٹ سے سند ریاست حاصل کی۔ اُنھون نے ۱۸۲۷ء مین قضا کی اور انکے متبنیٰ بھتیجے وارث قرار پائے۔ انھون نے ۱۸۶۷ء مین قضا کی اور راجه چھترپال سنگھ اُنکے جانشین ہوے اُنکی وفات پر جو ۱۸۷۴ء مین واقع ہوئی راجه رگھبر دیال سنگھ مسند ریاست پر متمکن ہوے۔ اُنکو راجه بہادر کا خطاب اور نو ضرب توپ کی سلامی کا اعزاز حاصل ہوا۔ دوسرے سال یه سلامی موروثی ہوگئی۔ جولائی ۱۸۸۶ء مین اُنکے انتقال کے بعد راجه بہادر حال کو گورنمنٹ نے گدی کے لیے منتخب کیا۔ جانشینی کے وقت اِنکی چالیس سال کی عمر تھی۔ اِس ریاست کی آمدنی تخمیناً سوله ہزار روپیه سالانه ہے۔ ریاست کا رقبه دو سو ستره مربع میل۔ آبادی پندره ہزار سات سو چوبیس اور سلامی نو ضرب توپ ہے۔

بروانی

ہز ہائینس رانا رنجیت سنگھ رانا بروانی

ولادت ۱۸۸۸ء۔ آپ ۱۴ دسمبر ۱۸۹۴ء کو بزمانۂ نابالغی مسند نشین ہوے آپ سیسودیہ راجپوت اور فرمانروایان اودے پور کے رشتہ دار ہین۔ آپکے مورث اعلیٰ نے تقریباً چودھوین صدی مین ریاست جودھپور سے کنارہ کشی اختیار کی۔ اِس ریاست کے قلعون۔ شہرون اور کارخانجات آبپاشی کے کھنڈر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ قدیم الایام مین یہ ریاست نہایت سرسبز و شاداب ہوگی۔ اٹھارھوین صدی کی ابتدا مین مرہٹون نے اِس ریاست کی طاقت کو کمزور اور اُسکی وسعت مین بہت کچھ کمی کردی لیکن فرمانروایان ریاست ہذا سردار مالوہ کے باجگزار نہین ہوے۔ ۱۸۶۰ء مین جسونت سنگھ حکمران تھے۔ اُنھون نے ۱۵۔ اگست ۱۸۸۰ء کو انتقال کیا اور اُنکے بھائی اندرجیت سنگھ مسند نشین ریاست ہوے جنکے انتقال کے بعد زمام حکومت حال کے رانا کے دست اقتدار مین آئی۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایک سو اٹھتر مربع میل۔ آبادی چھتر ہزار ایک سو چھتیس اور سلامی نو ضرب توپ ہے۔





ہز ہائنیس نواب سر میر محبوب علیخان بہادر فتح جنگ جی-سی-ایس-آئی-نظام حیدر آباد

ریاست حیدرآباد دکن

ہز ہائنس آصف جاہ مظفر الممالک نظام الملک نظام الدولہ نواب میر محبوب علیخان بہادر فتح جنگ۔ جی سی ایس آئی۔ نظام حیدرآباد

ولادت ۱۸۔ اگست سنہ ۱۸۶۶ع۔ مسند نشینی ۲۶۔ فروری سنہ ۱۸۶۹ع۔ ہز ہائنس کا تعلق نواب قمر الدین آصف جاہ کے مقتدر خاندان سے ہے جو اولاً شہنشاہ اورنگ زیب کی افواج مین ایک ممتاز اور سر برآوردہ افسر تھے اور جنکا سلسلۂ نسب خلیفۂ اول حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ سنہ ۱۷۱۳ع مین اُنکو دربار دہلی نے صوبہ داری دکن کے منصب جلیلہ پر مامور اور نظام الملک کے خطاب سے ممتاز کیا۔ سنہ ۱۷۴۸ع مین آصف جاہ رہگرای عالم بقا ہوے۔ اسوقت چونکہ اُنکے خلف اکبر نواب غازی الدینخان دربار دہلی مین ایک اعلیٰ عہدہ پر مشرف تھے لہذا آصف جاہ کے دوسرے فرزند مسند آرای ریاست ہوے اُنکے بعد اُنکے بھتیجے نواب مظفر جنگ نے مسٹر ڈیلے فرانسیسی گورنر کی حمایت سے صوبہ داری دکن کا دعویٰ کیا مگر اُنکو اپنے عزائم مین ناکامی ہوئی اور انگریزون کی مدد سے نواب ناصر جنگ صوبہ دار ہو گئے لیکن جب دوسرے سال نواب ناصر جنگ کو باغی پٹھانون

نے قتل کرڈالا تو نواب مظفر جنگ فرانسیسیون کی اعانت سے صوبہ دار حیدر آباد ہوے
اسکے جلد وہین اُنھون نے پانڈیچری کے قریب فرانسیسی گورنر کو ایک قطعۂ ملک اور شہر
اور ضلع مچھلی پٹن عطا کیا۔ نواب مظفر جنگ ایک فوجی بغاوت مین مقتول ہوے۔
چونکہ اُنکا اکلوتا فرزند نابالغ تھا اسلیے نواب صلابت جنگ جو آصف جاہ کے تیسرے
بیٹے تھے فرانسیسی اثر کی وجہ سے مسند نشین ہوے۔ اُنھون نے فرانسیسیون کی امدادی
فوج کی تنخواہ وغیرہ کے نام سے شمالی سرکار کے کئی اضلاع اُنکے نام لکھدیے اور اسکے
علاوہ اُنکے ساتھ بہت کچھ مراعات کی۔ ۱۷۵۶ء مین جب انگریزون اور فرانسیسیون مین
جنگ شروع ہوئی تو انگریزی فوج نے فرانسیسیونکو شمالی سرکار سے نکالدیا۔ نواب صلابت جنگ
اولاً انگریزونکی مخالفت پر آمادہ ہوے مگر ۱۷۵۹ء مین ایک معاہدہ کی روسے اُنھون نے
انگریزونکو مچھلی پٹن اور دیگر اضلاع جنکا رقبہ سات سو مربع میل تھا بطور انعام کے مرحمت
کیا۔ اور اپنے ملک سے فرانسیسون کے اخراج کا وعدہ کیا۔ ۱۷۶۱ء مین نواب صلابت جنگ
کو اُنکے بھائی نواب نظام علی نے معزول کردیا اور خود مسند آرا ہوے۔ ۱۷۶۶ء مین نواب
نظام علی اور انگریزونکے مابین ایک عہدنامہ ہوا جسکی روسے بعض اضلاع کے عوض
مین برٹش گورنمنٹ نے نظام کو عند الضرورت فوجی اعانت کا وعدہ کیا اور نظام نے بھی
انگریزون کو اسی قسم کی مدد دینا منظور کی بعد کو کچھ ایسے واقعات پیش آئے کہ یہ عہدنامہ
منسوخ ہوگیا۔ سر جان شور صاحب کے زمانہ مین جب نظام کو مرہٹون کے خلاف فوجی کمک
کی ضرورت ہوئی اور گورنمنٹ ہند نے اُس سے انکار کیا تو نواب نظام نے فرانسیسی افسرون کی
سرکردگی مین ایک فوج قائم کی اور انگریزی معاون فوج کو برخاست کردیا۔ مگر جب نواب
نظام علی کے بیٹے عالیجاہ نے بغاوت کی تو اُنھون نے گورنمنٹ انگلشیہ سے پھر واپسی
معاون فوج کی درخواست کی ۱۷۹۸ء کے عہدنامہ کی روسے امدادی فوج مستقل طور پر
قائم ہوگئی۔ ۱۸۰۳ء مین نواب نظام علی نے انتقال کیا اُسوقت اُنکے بیٹے سکندر جاہ

مسند حکومت پر متمکن ہوے چھبیس سال کی حکومت کے بعد یہ بھی رہگراے عالم جاودانی ہوے۔ اور ۱۸۲۹؁ عیسوی مین نواب نصیر الدولہ نے مسند ریاست کو زینت دی اُنکے زمانہ مین انگریزونکو معاون فوج کے مصارف کی ادائی کے لیے برار کے اضلاع دہاراسیو اور رایچور دو آب مفوض ہوے نواب نصیر الدولہ نے ۱۸۵۷؁ع مین رحلت کی اور اُنکے خلف اکبر نواب افضل الدولہ مسند نشین ہوے ۱۸۵۷؁ع مین نواب سالار جنگ مدار المہام ریاست تھے۔ بلوائیون نے رزیڈنسی پر حملہ کیا مگر سالار جنگ کی بیدار مغزی اور عالی دماغی کام آئی اور صاحب رزیڈنٹ نے اُنکی اعانت سے امن وامان کے قائم رکھنے مین کامیابی حاصل کی۔ نظام افضل الدولہ نے جنکو گورنمنٹ ہند نے جی سی ایس آئی کا خطاب عطا فرمایا تھا ۲۶ فروری ۱۸۶۹؁ع کو چند روزہ علالت کے بعد انتقال فرمایا اور آپ اُنکے اکلوتے فرزند وسادہ آراے ریاست ہوے چونکہ اُسوقت ہزہائنس کی عمر تین برس کی تھی لہذا ایک ریجنسی کے قیام کی ضرورت لاحق ہوئی۔ انتظام ریاست کے فرائض سر سالار جنگ اول وامیر کبیر شمس الامرا بہادر کے سپرد ہوے۔ لیکن شمس الامرا بہادر کی وفات پر سر سالار جنگ ہی ریجنٹ قرار پائے۔ نوجوان نظام کی تعلیم وتربیت کی نسبت ابتدا ہی سے بے انتہا توجہ ظاہر کی گئی چنانچہ سر سالار جنگ کی اتفاق راے سے پہلے کپتان جان کلارک صاحب جنکو سابق مین انگریزی شاہزادونکی تعلیمی خدمت سپرد تھی اور بعد کو اُنکے بھائی کپتان کلاڈ کلارک صاحب سی آئی ای ہزہائنس کی تعلیم کی نگرانی پر مامور ہوے علاوہ برین انگریزی عربی فارسی اور اُردو کے اتالیق اور معلم ملازم ہوے شہسواری تیراندازی نشانہ بازی کرکٹ اور دیگر مردانہ کھیلون مین ہزہائنس کو باقاعدہ مشق کرائی گئی۔ ہزہائنس نے فارسی اُردو وانگریزی مین کافی دستگاہ بہم پہونچائی ہے۔ اُردو زبان مین آپکا کلام اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے اور اُردو کے موجودہ شعرا مین آپکی شاعرانہ قابلیت اور قادر الکلامی مسلم ہے۔ ہزہائنس کو امور سیاسی کی تعلیم سر سالار جنگ سے ملی ہے سالار جنگ نے ۸ فروری ۱۸۸۳؁ع

کو دنیاے فانی کو پدرود کیا اور راجہ نرندر پرشاد اور نواب میر لائق علیخان سالار جنگ ثانی منتظم مقرر ہوے اور ایک کونسل آف ریجنسی بھی قائم ہوئی ہز ہائنس کو ۵ فروری ۱۸۸۴ء کو انتظامی اختیارات عطا ہوے اور فروری ۱۸۸۵ء مین ہز ہائنس کو جی سی ایس آئی کا خطاب مرحمت ہوا۔ ہز ہائنس کے عہد معدلت مہد مین ریاست مین بہت سی ترقیان اور اصلاحین عمل مین آئی ہین اور حیدرآباد۔ گلبرگہ اورنگ آباد مین مختلف قسم کے کارخانے جاری ہونے سے تمام ریاست مین بڑی ترقی ہوئی۔ کارہاے آبپاشی مین بہت بڑی اصلاحین ہوئین جنسے ریاست کے محاصل مین معقول اضافہ ہوا۔ چونکہ ہز ہائنس تعلیم کے بہت بڑے حامی اور سرپرست ہین اسلیے تمام ریاست مین بیشمار مدارس جاری ہوے۔ اعلیٰ روسا کی اولاد کی تعلیم کیواسطے ولایت مین تعلیم حاصل کرنے کی آسانیان پیدا کی گئین۔ عورتونکی طبی تعلیم اور شفاخانون کے قیام سے ایک اشد ضرورت بڑی فراخ حوصلگی سے پوری ہوئی۔ ہز ہائنس نے وقتاً فوقتاً اپنی اس خیرسگالی و وفاداری کے نمایان ثبوت دیے ہین جس نے ہمیشہ سے آپکے خاندان والا دودمان کو دولت برطانیہ کے ساتھ وابستہ کیا ہے۔ ۱۸۸۵ء مین حضور نظام نے مہم مصر کے لیے اپنی فوج دینے کی خواہش ظاہر کی اور ایسی قسم کی درخواست آپنے اس زمانہ مین کی جب روس افغانستان پر حملہ کی دھمکی دیرہا تھا مہاراجہ کشن پرشاد بہادر آپکے وزیر اور مدار المہام ہین جو مہاراجہ چندو لال سابق مدار المہام کی نسل مین ہین۔ حضور نظام کو شکار کا بہت بڑا شوق ہے آپکے اصطبل مین چار سو گھوڑے ہین آپکا فیاضانہ اور رحیمانہ برتاؤ مشہور انام ہے ہز ہائنس کے صاحبزادے اور ولیعہد کا نام نامی میر عثمان علیخان ہے جو ۲ مئی ۱۸۸۶ء کو متولد ہوے تھے۔ حضور نظام کی آمدنی ہندوستان کی کل محروسہ ریاستون سے زیادہ ہے۔ ذاتی جاگیرون کے علاوہ ریاست کی آمدنی تقریباً تین کرور روپیہ سالانہ ہے علاوہ اضلاع مفوضہ کے ریاست حیدرآباد کا رقبہ بیاسی ہزار چھ سو ستانوے مربع میل ہے۔ اور آبادی مطابق ۱۸۹۱ء ایک کرور پندرہ لاکھ سینتیس ہزار چالیس سلامی اکیس ضرب توپ



ہزاکسلنسی دی رایٹ آنریبل ہنری سٹفورڈ - بیرن نارتھکوٹ جی - سی - آئی - ای - گورنر بمبئی



ہز ہائنس مہاراجہ سیاجی راو گیکواڑ جی-سی-ایس-آئی والی بڑودہ

ریاستہاے مغربی ہند

حصۂ اول

بڑودہ

ہز ہائینس مہاراجہ سیاجی راؤ گیکواڑ فرزند خاص دولت انگلشیہ سینا خاص خیل شمشیر بہادر۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔

ہز ہائینس کی ولادت باسعادت ۱۷۔ مارچ ۱۸۶۳ء کو ہوئی ۲۷۔ مئی ۱۸۷۵ء کو مسند نشین ہوے اور ۱۸۸۱ء مین کامل اختیارات حاصل ہوے۔ ہز ہائینس مغربی ہندوستان کے طبقۂ والیان ملک مین رئیس اعظم ہین۔ ہز ہائینس اُس نامی گرامی مرہٹہ سردار کی نسل سے ہین جسکا نام داماجی گیکواڑ تھا اور جنھون نے سترھوین صدی کے آخر مین بلاپور کی جنگ مین بمقابلۂ افواج مغلیہ ایسی داد شجاعت و بسالت دی کہ اُسکے صلہ مین ساہو راجہ والی ستارہ نے شمشیر بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا۔ اُنھون نے ۱۷۲۱ء مین وفات پائی اور اُنکے بھتیجے اور متبنٰی پیلاجی گیکواڑ اُنکے جانشین ہوے۔ جب پیشوا کے ساتھ جنگ کا خاتمہ ہوچکا تو ساہو راجہ نے پیلاجی گیکواڑ کو سینا خاص خیل کا خطاب عنایت فرمایا۔ پیلاجی ۱۷۳۱ء مین مارے گئے اور داماجی دوم اُنکے بجاے مسند نشین ہوے۔ یہ چالیس برس تک جدال و پیکار مین مصروف رہے اور اِنھین کی پامردی اور ہمت سے گجرات کے سارے علاقہ اور مغربی ہند کے متصلہ اضلاع مین گیکواڑ کی حکومت قائم ہوئی اور بڑودہ

دار الامارت گجرات مغلیہ صوبہ دار سے فتح کر کے مستقر ریاست قرار دیا گیا۔ سنہ ۱۷۶۱ء کی عظیم جنگ مین جو بمقام پانی پت ہوئی تھی وہ ایک حصۂ فوج کے سپہ سالار تھے اُنھون نے کاٹھیاوار پر یلغار کر کے وہان کے اکثر راجاؤن کو خراج ادا کرنے پر مجبور کیا تھا اور قدیم شہر انہلواڑا او پٹن اور احمد آباد قدیم پایۂ تخت گجرات کو فتح کر لیا۔ اُنکے بعد اُنکے دو بیٹے گوبند راؤ اور فتح سنگھ یکے بعد دیگرے مسند آبائی پر متمکن ہوے اور فتح سنگھ کے بعد گوبند راؤ کے بیٹے انند سنگھ مسند نشین ہوے۔ سنہ ۱۸۰۲ء مین سلطنت انگلشیہ کے ساتھ ایک عہدنامہ ہوا جسکی رو سے ایک انگریزی رزیڈنٹ دربار بڑودہ مین مقرر کیا گیا اور یہ شرط قرار پائی کہ دربار بڑودہ ایک جرار معاون فوج قائم رکھے۔ انند سنگھ کے بعد سیاجی راؤ اول گدی نشین ہوے اور مدت تک بکامیابی و شادمانی حکومت کرتے رہے۔ اُنکے بعد اُنکے تین بیٹے گنپت راؤ کھانڈے راؤ اور ملھر راؤ یکے بعد دیگرے مسند نشین ہوے انمین سے کھانڈے راؤ گیکواڑ نے گورنمنٹ انگلشیہ کے ساتھ غدر کے پُر آشوب زمانہ مین بڑی خیر خواہی اور اعانت کی۔ لیکن ملھر راؤ کا زمانہ اچھا نہ گزرا اور انجام یہ ہوا کہ معزول ہوے۔ اُنکے بعد کچھ دنون مہاراجہ صاحب حال کی نابالغی کے زمانہ مین ریاست زیر انتظام گورنمنٹ انگلشیہ رہی اور جب ہز ہائینس سن بلوغ کو پہونچے تو باختیارات کامل مالک ریاست ہوے۔ ہز ہائینس نہایت تعلیم یافتہ اور روشن خیال رئیس ہین۔ آپ کو مبدء فیاض نے قابلیت و عالی دماغی بعدلت و انصاف گستری اور وقار و تحمل کے جوہر عطا کیے ہین۔ جب آپ مسند نشین ہوے تھے تو اُسوقت سر۔ ٹی۔ مادھو راؤ۔ خان بہادر قاضی شہاب الدین اور دیوان بہادر لکشمن راؤ جگناتھ کے ایسے مدبر و فرزانہ اعیان ریاست مین موجود تھے آپ نے اُن ارکان ریاست کو بجاے خود قائم و برقرار رکھا اور اُنکی اعانت سے نظم و نسق ریاست کرنا شروع کر دیا۔ آپ نے سب سے پہلے ریاست کے طریقۂ مالگزاری کی تحقیقات کرائی اور اس کام کو آپنے مسٹر الیٹ صاحب سی۔ آئی۔ ای کے ہاتھ مین دیا جو ایک زمانہ مین آپ کے اتالیق تھے اور بالذات بھی

اس کام مین بہت دلچسپی ظاہر فرمائی اور اسکا یہ نتیجہ ہوا کہ رعایاے ٹرودہ اب سابق سے
کہین مرفہ حال ہے - آپ کو اپنی رعایا کی آسودگی و فلاح اس درجہ مرکوز خاطر تھی کہ آپنے
انتظام مالگزاری کے ساتھ ہی اپنی رعایا کو متعدد چھوٹے چھوٹے ٹکسون کے بار سے سبکدوش کیا -
پرمٹ اور چنگی کے محصولات مین اصلاح کی - بقایاے سنین ماضیہ معاف فرمائی - حساب کتاب
کا ایک عمدہ اور آسان طریقہ جاری کیا جس سے رعایا اور ریاست دونون کو سہولت اور
آسانی ہوگئی - طریقۂ معدلت و دادرسی مین ضروری اور مناسب اصلاح کی جس سے
انفصال قضایا کا کام عجلت سے ہونے لگا - اگرچہ آپنے انگریزی قوانین کا تتبع کیا ہے
لیکن آپ نے اپنی رعایا کے دستورات - مراسم - عادات و تعصبات اور شُدآمد قدیم کا کافی طور
سے لحاظ رکھا ہے - آپ نے دیسی زبانون مین قوانین نافذ فرمائے ہین اور اپنی ریاست کے
سردارون کے حقوق سے بھی چشم پوشی نہین کی آپ کے حسن انتظام سے اُنکو مطالبات اور
دیون سے نجات حاصل ہوگئی ہے - گراسی لوگون کو آپ نے ملاطفت کے برتاؤ سے رام
کرلیا ہے اور اب اُنسے اور ریاست سے کوئی نزاع باقی نہین رہی ہے - آپ کو اپنی رعایا
کی تعلیم مین بہت بڑا شغف و انہماک ہے - ابتدائی تعلیم مین جو کچھ ترقی ہو رہی ہے اُس سے
قطع نظر کرکے اعلیٰ تعلیم کے واسطے آپ نے ایک کالج ٹرودہ مین قایم کیا ہے جس مین بمبئی
یونیورسٹی کے جملہ امتحانات کے متعلق علوم قوانین اور فنون حکمت کی تعلیم دیجاتی ہے سنہ ۱۸۸۰ء
مین ایک سو اسی دیسی مدرسہ تھے جنمین طلبا کی تعداد سترہ ہزار چار سو پینسٹھ تھی اور اب
ایک ہزار دو سو ترانوے مدرسہ اور تراسی ہزار دو سو بیاسی طلبا ہین - جن جماعتون مین تعلیم
کی کمی ہے اُنکے واسطے خاص طور سے اسباب ترغیب جمع کیے جاتے ہین اور اسکی کوشش
کی جاتی ہے کہ ایک خاص عمر تک ریاست کے ہر ہر فرد کو تعلیم جبریہ دی جائے - آپ کا
خیال ہے کہ اس ملک کی ترقی صنعت و حرفت کی تعلیم بغیر ناممکن ہے اور اسی نظر سے
آپ نے ایک مدرسہ جسکا نام کالابھون ہے ٹرودہ مین تعمیر کیا ہے جسمین مختلف صیغہ جات

صنعت وحرفت - تجارت وزراعت - رکابداری اور موسیقی کی تعلیم دیجاتی ہے -
آپ نے جدید اصول زراعت کی تعلیم کے واسطے یورپ سے خاص طور پر ایک کامل
فن کو طلب کیا ہے اور اسی غرض سے افتادہ اراضی کے قطعات کم شرح لگان پر مزارعین
کو دیے جاتے ہین اور اُنکی مدد تقاوی سے بھی کی جاتی ہے - تعلیم نسوان کی طرف بھی آپکی
توجہ مائل ہے - چنانچہ ریاست مین فی الحال باسٹھ زنانہ مدارس قائم ہین جنمین چھ ہزار چار سو
چھتیس لڑکیان تعلیم پا رہی ہین - آپ نے شہر کی آراستگی پر بھی توجہ کی ہے اور ایسی عالیشان
اور خوبصورت عمارتین تعمیر کرائی ہین جنسے ٹرودہ مین ایک نئی شان پیدا ہوگئی ہے آپنے
نہایت عمدہ عمدہ سڑکین بنوائی ہین - آب رسانی کا انتظام بھی کافی کیا ہے اور تمام ریاست
مین ہلکی ریلون کے جال سے رسل رسائل اور آمدورفت مین بہت بڑی سہولت پیدا کردی
ہے - آپ نے مقامی مینوسپلٹیان قائم کرکے حفظان صحت اور صفائی کے انتظامات کا ایک
سلسلہ قائم کردیا ہے اور اس طرح پر حکومت خود اختیاری کا تخم بھی اپنی ریاست مین
بو دیا ہے - آپ نے رعایا کے لیے علاج ومعالجہ کے سہل الوصول ذرائع فراہم کیے ہین
اور خاص دار الریاست مین ایک نہایت عمدہ لیڈی ڈفرن ہسپتال کھول دیا ہے - آپکو
۱۸۷۵ء مین بارگاہ قیصری سے خطاب فرزند خاص دولت انگلشیہ مرحمت ہوا ۱۸۸۷ء مین
آپ نے مع مہارانی صاحبہ کے یورپ کا سفر کیا اور جب آپ انگلستان مین پہونچے تو
علیا حضرت ملکہ مرحومہ کی مہمانی کا شرف آپ کو حاصل ہوا اور آپ کی مدارات بہ آئین شایستہ
عمل مین آئی اور علیا حضرت نے آپ کو جی - سی - ایس - آئی کا تمغہ دست مبارک سے
مرحمت فرمایا اور اپنی ایک شبیہہ مبارک جو مرصع بجواہر تھی عطا فرمائی - سال بھر تک
آپ مصروف سیر وسیاحت رہے اور جب مراجعت فرما ہوے تو آپ کی رعایا کے
ہر طبقہ نے مع الخیر واپسی پر خوشی منائی - پھر آپنے بوجہ سوء تندرستی تین چار مرتبہ یورپ کا
سفر کیا اور ان اسفار سے آپ کی صحت مین ترقی ہوئی اور آپ کی معلومات مین اور بھی

بلند نظری پیدا ہوگئی۔ آپ اپنے عقائد و رسوم مذہبی کے اُسی طرح گرویدہ اور مفتون ہین جس طرح ایک راسخ العقیدہ پابند مذہب کو ہونا چاہیے۔ ۱۸۸۰ء مین آپ کی شادی تانجور کی ایک شہزادی سے ہوئی تھی جنسے ایک صاحبزادے فتح سنگھ ولیعہد ریاست ہین لیکن ۱۸۸۵ء مین مہارانی صاحبہ نے رحلت کی اور آپ نے اُسی سال دوسری شادی دیوگے کے ایک مشہور خاندان مین کی جنسے دو صاحبزادے جے سنگھ راؤ و شیواجی راؤ اور ایک صاحبزادی پیدا ہوئین۔ ہز ہائینس مہارانی صاحبہ کو علیا حضرت ملکہ مرحومہ نے تمغہ کرون آف انڈیا سے سرفراز فرمایا ہے۔ آپ کی ریاست کا رقبہ آٹھ ہزار پانچ سو ستر میل مربع ہے اور مردم شماری تقریبًا چوبیس لاکھ پندرہ ہزار تین سو چھیانوے ہے جسمین زیادہ تر ہندو ہین۔ ریاست کی آمدنی تقریبًا ایک کرور ترپن لاکھ روپیہ سالانہ ہے۔ ریاست کی جنگی فوج مین تین ہزار پانچ سو باسٹھ سوار اور چار ہزار نو سو اٹھاسی پیدل اور اڑتیس توپین ہین۔ ہز ہائینس کی سلامی اکیس شلک ہے۔

کولھاپور

ہز ہائینس سر ساہو چھترپتی جی-سی-ایس-آئی-مہاراجہ کولھاپور

ولادت سنہ ۱۸۷۳ء-مسند نشینی سنہ ۱۸۸۳ء-حصول اختیارات کامل-اپریل سنہ ۱۸۹۴ء-موجودہ مہاراجہ کولھاپور راجہ رام خلف اصغر سیواجی اعظم بانی سلطنت مرہٹہ کی اولاد مین ہین راجہ رام کی وفات پر جو سنہ ۱۷۰۰ء مین واقع ہوئی اُنکی بیوہ نے اپنے بیٹے سیواجی کو کولھاپور مین تخت نشین کردیا-لیکن سنہ ۱۷۰۷ء مین جب ساہو فرزند سمبوجی خلف اکبر سیواجی قید سے رہا ہوا تو اُسنے اپنے دادا کے تمام مقبوضات پر استحقاق حکومت ظاہر کیا اور ستارہ کو اپنا دار الخلافہ بنایا ساہوجی اس خاندان کے اصلی بانی ہین-عرصہ تک خاندان کی دونون شاخون مین تنازع رہا آخر سنہ ۱۷۳۱ء مین ایک معاہدہ ہوا جسکی رو سے خاندان کولھاپور نے ساہو کی سرداری منظور کی اور ساہو نے کولھاپور کو ایک خودمختار اور جداگانہ ریاست تسلیم کیا-سنہ ۱۷۶۰ء مین راجہ رام کے بیٹون کی وفات پر سیواجی کی نسل معدوم ہوگئی اور سیواجی ثانی کے نام سے خاندان بھونسلہ کا ایک لڑکا متبنی کیا گیا آخرکار سنہ ۱۷۶۵ء اور سنہ ۱۷۹۲ء مین انگریزون کو کولھاپور پر بوجوہ چڑھائی کرنا پڑی-سنہ ۱۸۱۱ء مین دربار کولھاپور اور انگریزون کے مابین ایک عہدنامہ ہوا جسکی رو سے دربار کولھاپور نے چند قلعے دینا منظور کیے اور برٹش گورنمنٹ نے اُن کو بیرونی قوتون کے حملہ سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری کی-باجی راو پیشوا سے جو جنگ انگریزون سے ہوئی اُسمین کولھاپور نے انگریزون کو سامان حرب وغیرہ سے مدد دی-سیواجی ثانی کے بعد ملک مین بدنظمی پھیلی اور سنہ ۱۸۲۲ء اور سنہ ۱۸۲۹ء مین انگریزون کو پھر فوج کشی کرنا پڑی سیواجی ثالث کی نابالغی کے زمانے مین نظم و نسق ریاست کے لیے ایک کونسل آف ریجنسی قائم ہوئی لیکن اندرونی نااتفاقیون کے سبب یہ کونسل کامیاب نہوئی اور انگریزون نے ایک مدار المہام

ریاست مقرر کیا جسکے انتظام سے عام ناراضی اس حد تک پھیلی کہ شورش برپا ہو گئی۔ انگریزون نے یہ ہنگامہ فرو کیا۔ ریاست کے سارے قلعہ مسمار کرا ڈالے اور فوج برخاست کر کے ایک مقامی جمعیت قایم کر دی۔ سنہ ۱۸۶۲ء مین سیواجی ثالث سے پہلا عہدنامہ انگریزون سے ہوا اور ایسے مبارک وقت مین ہوا کہ اُسکے بعد سے پھر کوئی ضرورت ترمیم یا تنسیخ یا نئے عہدنامہ کی پیش نہ آئی۔ چونکہ سیواجی ثالث کے کوئی اولاد نہ تھی لہذا گورنمنٹ نے حق تبنیت منظور کر لیا۔ چنانچہ سنہ ۱۸۶۶ء مین بحالت مرض الموت اُنھون نے اپنے بھانجے مہاراجہ راجہ رام کو متبنیٰ کیا۔ مہاراجہ راجہ رام نے سنہ ۱۸۷۶ء مین سیاحت انگلستان و یورپ کا قصد کیا اور بہت کچھ سیر و سفر کرنے کے بعد جب وہ مراجعت فرماے وطن ہونے لگے تو فلارنس مین اُنکا پیمانہ عمر لبریز ہو گیا اور دنیا سے مفارقت دائمی اختیار کی۔ ایسے ہونہار رئیس کی اس جوان مرگی اور غریب الوطنی مین مرگ بے ہنگام نے ریاست مین ایک کہرام برپا کر دیا۔ مہاراجہ متوفیٰ کی مہارانی نے ایک جانشین و قائم مقام کو متبنیٰ کیا جسنے سیواجی رابع لقب اختیار کیا۔ مہاراجہ سیواجی رابع کو گورنمنٹ نے دربار قیصری مین رئیس دلاور اعظم طبقہ اعلاے ستارۂ ہند (جی-سی-ایس-آئی) کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔ مگر کچھ نقص دماغی کے سبب سے وہ نظم و نسق ریاست کے اہل اور شایان نہ سمجھے گئے اور اطبار حاذق نے اُنکو اس بار گران کے اُٹھانیکے قابل نہ تسلیم کیا۔ اُسوقت یہ طے ہوا کہ ایک کونسل آف ریجنسی قائم ہو اور جیا سنگھ راؤ اوا صاحب گھٹگے (رئیس کاگل) جو سیواجی رابع کے برادر عزاد ہین کونسل کے ریجنٹ منتخب کیے جائین۔ دسمبر سنہ ۱۸۸۳ء مین سیواجی رابع نے وفات پائی اور مہاراجہ صاحب حال اُنکے جانشین ہوے۔ آپ اوا صاحب گھٹگے کے صاحبزادہ ہین۔ چونکہ آپ اُسوقت صرف دس برس کے تھے اسوجہ سے آپکی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیا گیا۔ پہلے یہ خیال ہوا کہ آپ راجکوٹ کے راجکمار کالج مین رکھے جائین لیکن وہان کی آب و ہوا کی ناموافقت کے سبب آپ دھاڑوار کو روانہ کیے گئے۔ یہان آپ اپنے بھائی رئیس کاگل اور دیگر رئیس زادون

کے ہمراہ تعلیم پانے لگے۔ آپنے ہندوستان اور سیلون کے تین سفر کیے اور بڑے بڑے مشہور مقامات کی سیر فرمائی اور ان اسفار مین ملک ملک کے آدمی اُنکے اوضاع و اطوار زراعت و فلاحت اور آبپاشی کے نئے نئے طریقہ اور تجارت کے مختلف کرشمے آپکی نظر سے گذرے۔ آپ ایک عالی دماغ اور رعیت پرور رئیس ہین۔ مردانہ کھیلون اور جسمانی ورزشون مین آپنے بڑا نام پیدا کیا ہے۔ آپنے ایکبار نو گھنٹہ مین کولھاپور سے مہا بلیشور تک کا سفر گھوڑے کی پیٹھ پر طے کیا تھا۔ آپنے بحیثیت ایک رحمدل اور فیاض رئیس کے اپنی ریاست کا انتظام ایسی دانائی و ہوشمندی سے کیا ہے جس سے رعایا نہایت امن و آسایش کے ساتھ بفراغت گزران کرتی ہے۔ آپ کو اپنے ملک مین اشاعت علوم کا کمال شوق ہے اور اپنے غریب زراعت پیشہ لوگون کے واسطے آپنے زراعتی بنک بھی جاری کیے ہین۔ بالطبع آپ سادہ مزاج ہین۔ آپ کو گورنمنٹ نے خطاب جی۔ سی۔ ایس۔ آئی سے مفتخر فرمایا ہے۔ یکم اپریل ۱۸۹۲ء کو آپ کی شادی مہاراجہ گنپت راؤ متوفی گیکواڑ بڑودہ کی بہن کی پوتی لکشمی بائی کے ساتھ ہوئی۔ آپ کو تبنیت کا اختیار بھی حاصل ہے اور آپکی رعایا پروری مسلم ہے۔ ریاست کا رقبہ دو ہزار آٹھ سو پچیس مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً نو لاکھ تیرہ ہزار ایک سو اُنتیس اور آمدنی تینتیس لاکھ چھ ہزار نوے روپیہ ہے جسمین سے آٹھ لاکھ اُن جاگیر دارون کے ہین جو خود مختار نہین ہین۔ راجہ کولھاپور کے واسطے اُنیس توپ کی سلامی مقرر ہے ریاست کی فوجی قوت مع ریاست ہائے باجگزار (در ۱۸۹۱ء) یہ ہے۔ سٹھ توپ اکاون توپچی۔ دو سو پچپن سوار۔ پانچ سو تیس پیدل۔ ایک ہزار تین سو بہتر پولیس اسوقت تک بہت سی بڑی بڑی جاگیرین ریاست کے قدیم وزرا کے جانشینون کے قبضہ مین ہین جنکو وہ عطا ہوئی تھین۔ یہ جاگیر دار بروقت وراثت نذرانہ و تعداد زر معینہ پیش کرتے ہین۔

کچھ

ہز ہائینس مہاراو سری مرزا راجہ سوائی سر کھنگارجی بہادر جی سی آئی ای راؤ صاحب کچھ

ولادت ۱۸۶۶ء - جانشینی ۱۸۷۵ء - مسند نشینی ۱۴ - نومبر ۱۸۷۴ء - آپ اُن جاڑیجا راجپوتون کے سردار ہین جو اوائل چودھوین صدی مین سندھ سے بسر غنائی اپنے مورث جام لاکھا پھلانی کے کچھ کو آئے تھے - جام لاکھا پھلانی جارا کے فرزند تھے - بیان کیا جاتا ہے کہ جام نے ۱۳۲۰ء مین کچھ کو بخوبی فتح کر لیا تھا - اُنکی اولاد مین ایک چہاردہ سالہ لڑکے کھنگار نے شکار مین اپنی تلوار سے ایک شیر کو ہلاک کیا اُسکی اس دلیرانہ کارروائی سے شاہ احمد آباد اسقدر خوش ہوے کہ اُنھون نے نوجوان شہزادہ کو موروی کا علاقہ اور راؤ کا خطاب عطا کیا - اسکے بعد راؤ کھنگار نے تمام کچھ پر قبضہ کر لیا اور ۱۵۴۹ء مین بھوج کو اپنا دار الخلافۃ قرار دیا - کھنگار کے چچا جام راول نے کاٹھیاوار مین بھاگ کر نوانگر کی ریاست قائم کی جسکے فرمانروا جام کہلاتے ہین - اُنکے جانشین راؤ بھرمل اول کے عہد مین گجرات شاہان احمد آباد کی حکومت سے نکل کر مغلیہ شہنشاہون کے قبضہ مین آیا - ۱۸۰۹ء مین راؤ کچھ نے انگریزون کی امداد طلب کی - اس زمانہ مین راؤ راے دھن ثانی گدی پر تھے لیکن ریاست کا انتظام وزیر فتح محمد کے سپرد تھا - اِسی سال ایک معاہدہ ہوا ۱۸۱۲ء مین دوسرے معاہدہ پر دستخط ہوے ۱۸۱۳ء مین وزیر اور راؤ دونون نے قضا کی - راؤ بھرمل ساہی کے عہد مین بوجہ بدنظمی کے برٹش قوت کو مداخلت کرنی پڑی اور راؤ موصوف گدی سے اُتار دیے گئے - اُنکے بیٹے راؤ دیسل جی ثانی اُنکے جانشین ہوے - اُنھون نے چالیس سال یعنی ۱۸۶۰ء تک نہایت امن و عافیت کے ساتھ حکومت کی - راؤ دیسل جی ثانی کے جانشین ہز ہائینس مہاراؤ پراگ مل جی ہوے جو موجودہ راؤ کے والد تھے -

اُنھون نے ۱۸۷۶ء مین قضا کی اور ہز ہائنیس سر کھنگار جی مسند ریاست پر متمکن ہوے۔ ۱۱۔ اگست ۱۸۹۴ء کو جب آپ سن بلوغ کو پہونچے تو آپ کو اختیارات کامل مرحمت ہوے اور ۱۴۔ نومبر ۱۸۹۴ء کو سر جیمیس فرگسن صاحب گورنر بمبئی نے آپکو مسند نشین کیا اور دوسرے برس ایک دربار عام مین آپ کو سوائی بہادر کا خطاب گورنمنٹ سے عطا ہوا۔ ۱۸۹۷ء مین علیاحضرت مرحومہ کی جوبلی کے موقع پر آپ انگلستان تشریف لے گئے۔ وہان آپ کو علیاحضرت کے حضور مین باریابی کا افتخار حاصل ہوا اور علیاحضرت نے اپنے الطاف خسروانہ سے اس موقع پر آپکو خطاب جی۔سی۔آئی۔ای۔ سے سرفراز فرمایا۔ آپ کو تعلیم نسوان کے مسئلہ مین بہت بڑا شغف وانہماک ہے اور رعایا کی رفاہ وفلاح کا بہت بڑا خیال رکھتے ہین۔ آپ کی زیر سرپرستی بہت سی عمدہ اور مستند انگریزی کتابون کے ترجمے گجراتی زبان مین ہوے ہین۔ اسطور پر ایک تو اہل قلم حضرات کی پرورش ہوتی ہے اور دوسرے ملک مین عمدہ مذاق کی کتابین شائع ہوتی ہین۔ آپ کے عہد حکومت مین ریاست کے محکمۂ امور عامہ نے بڑے بڑے کام کیے ہین۔ عمدہ سڑکین نکلی ہین اور آبپاشی وغیرہ کی تعمیرات بنی ہین۔ انھین رفاہ عام کے کامون مین ریاست نے آپ کی مسند نشینی کے وقت سے چھیاسٹھ لاکھ چوبیس ہزار چھ سو بہتر روپیہ صرف کیا ہے۔ افتادہ قطعات اراضی کو مزروعہ بنانے کے واسطے آپنے بیدریغ روپیہ صرف فرمایا ہے اور اس سے گزشتہ اُنیس برسون مین تراسی ہزار چار سو بانوے ایکڑ افتادہ زمین مزروعہ ہوگئی ہے اور نوے گانون نئے آباد ہوگئے ہین۔ اس ریاست کا رقبہ چھ ہزار پانچسو مربع میل ہے اور آبادی پانچ لاکھ اٹھاون ہزار چار سو پندرہ ہے۔ ریاست کی فوج مین تین سو پینتالیس سوار۔ ایک ہزار چار سو پچیس پیادہ اور ایک سو چونسٹھ توپین ہین۔ آپکی سلامی سترہ شلک ہے۔



ہز ہائنیس مہاراجہ دھراج کرنل سر پرتاب سنگھ جی-سی-ایس-آئی-والی ایدر

ایدر

ہزہائینس مہاراجہ دھراج کرنل سر پرتاب سنگھ بہادر

جی ۔سی ۔ایس ۔آئی ۔کے سی ۔بی ۔ایل ۔ایل ۔ڈی ۔والی ایدر

آپ اُس مشہور راٹھور راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو راجہ رامچندر جی کی اولاد امجاد مین ہے اور اودے پور کے سسودیون اور جیپور کے کچھواہون کی طرح سورج بنسیون کی شاہی نسل کے قائم مقام ہین۔ سنہ ۱۷۲۹ء مین جب مشہور ابھے سنگھ والی جودھپور شہنشاہ محمد شاہ کے عہد مین گجرات کے صوبہ دار تھے اور اُنکے بھائی تخت سنگھ نے ناگر فتح کیا تھا تو انند سنگھ اور راے سنگھ راٹھور اُنکے دو دوسرے بھائیون نے بزور شمشیر ایدر پر اپنی حکومت قائم کی۔ پیشوا اور گیکواڑ نے ریاست کو تاخت و تاراج کر ڈالا راجہ شیو سنگھ خلف انند سنگھ کو اپنے علاقہ کے کچھ حصے سے دستکشی کرنا اور گیکواڑ بڑودہ کو خراج دینا پڑا۔ یہ خراج والی ایدر کو اب بھی دینا پڑتا ہے اور اُنکو خود دوسری چھوٹی ریاستون سے خراج ملتا ہے۔ شیو سنگھ کی جگہ اُنکے بیٹے بھون سنگھ وارث ہوے اور اُنکے قضا کرنے پر راجہ گمبھیر سنگھ نابالغی کے زمانہ مین مسند نشین کیے گئے۔ اُنکی وفات پر مہاراجہ جوان سنگھ کے ۔سی ۔ایس ۔آئی۔ جو بمبئی کی لیجسلیٹو کونسل کے ممبر تھے جانشین ہوے مگر اُنھون نے سنہ ۱۸۶۸ء مین قضا کی اور اُنکے فرزند مہاراجہ کیسری سنگھ وسادہ آراے حکومت ہوے۔ جب مہاراجہ کیسری سنگھ نے لاولد انتقال کیا تو گورنمنٹ عالیہ نے مہاراجہ سر پرتاب سنگھ کو ایدر کی ریاست مرحمت فرمائی۔

آپ مہاراجہ جودھپور کے عم مکرم ہین اس سے پہلے آپ جودھپور کے وزیر اعظم اور دستور معظم تھے۔ جس خیر خواہی اور قابلیت کے ساتھ آپ نے فرائض وزارت انجام فرمائے اُسکا نہ صرف سابق مہاراجہ بلکہ موجودہ فرمانرواے جودھپور اور گورنمنٹ ہند نے بھی

اعزاف کیا ہے۔ ہز ہائینس کو فن سپہگری مین ید طولی حاصل ہے۔ پولو اور صید افگنی مین تو آپ اپنا بہت کم ثانی رکھتے ہین۔ آپ گورنمنٹ برطانیہ کے بہت بڑے خیر سگال اور وفادار ہین آپنے اکثر موقعون پر جنگی خدمات مین مدد دی ہے۔ جنگ تراہ مین آپ نے کارہاے نمایان انجام دیے ہین۔ مہم چین مین آپ نے بہ نفس نفیس افواج خدمات شاہنشاہی کی سرغنائی کی اور مظفر و منصور واپس آئے۔ جسطرح آپ ہندوستان کے حکمران گروہ مین نہایت ہی ہر دلعزیز ہین اسی طرح انگلستان مین شاہ و اراکین سلطنت سے لیکر ادانی و اقاصی تک آپ کی قدر و منزلت کرتے ہین۔ آپ ہر مجسٹی ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند مرحومہ کی دونون جوبلیون مین موجود تھے۔ اسکی دفعہ بھی اعلی حضرت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم کی تقریب جشن تاجپوشی مین تشریف لے گئے تھے۔ حال مین ہز اکسلنسی لارڈ کرزن نے جو امپیریل کیڈٹ کور قائم فرمائی ہے اسکے آپ کمانیر مقرر ہوے ہین۔ ایدر کا رقبہ اُنیس سو مربع میل اور آبادی تقریباً تین لاکھ اور آمدنی چھ لاکھ ہے۔ فوجی قوت مین چودہ جنگی اور تین دیگر توپین چوہتر سوار اور ایک سو پندرہ پیدل ہین۔ آپ کی سلامی اکیس ضرب توپ ہے۔

خیرپور

ہز ہائینس میر سر فیض محمد خان - جی - سی - آئی - ای - میر خیرپور

آپ پانچ برس کی عمر مین ۸ - اپریل ۱۸۹۴ء کو اپنے والد ماجد ہز ہائینس سر علی مراد خان ٹالپر کی وفات پر مسند حکومت پر متمکن ہوے - آپ اُس تاریخی بلوچ خاندان کے قائم مقام ہین جسنے ۱۷۸۳ء مین سندھ فتح کیا تھا - اسی سال میر فتح علی خان ٹالپر نے اپنے آپکو رئیس سندھ قرار دیا اور بعد ازان اُنکے بھتیجے میر سہراب خان ٹالپر نے مع اپنے دو بیٹون میر رستم اور میر علی مراد کے ٹالپر کے فرمانروایان سندھ کی شاخ خیرپور کی بنیاد ڈالی - آخر الذکر خیرپور کے سابق فرمانروا تھے - میر سہراب خان نے رفتہ رفتہ مشرق مین صحراے جیسلمیر سے مغرب مین کچھ گنڈاوا واقع بلوچستان تک اپنی حکومت کو وسعت دی - ۱۸۱۳ء مین اُنھون نے افغانستان کو خراج دینا موقوف کیا اور ۱۸۳۲ء مین برٹش گورنمنٹ کے ساتھ ایک معاہدہ کے ذریعہ سے خیرپور ایک جداگانہ ریاست تسلیم کی گئی - اول جنگ افغانستان مین میر علی مراد خان برٹش پالسی کے معاون تھے - اختتام جنگ کے بعد جب میانی کی مہم سے سندھ فتح ہوا اور باقیماندہ حصہ برٹش علاقہ مین شامل کیا گیا تو ریاست خیرپور کی آزادی قائم رکھی گئی - آپ کو اپنی رعایا کے آرام کا بہت خیال ہے - تعلیم سے آپکو خاص دلچسپی ہے - ۱۸۹۸ء مین آپ کو جی - سی - آئی - ای - کا خطاب عطا ہوا - ریاست کا رقبہ چھ ہزار ایکسو نو مربع میل ہے - آبادی تخمیناً سوا لاکھ نفوس ہے - آپکی سلامی پندرہ ضرب توپ ہے -

جوناگڑھ

ہز ہائنس نواب محمد رسول خان بہادر کے سی ایس آئی فرمانرواے جوناگڑھ وسورٹھ


ولادت ۳-جولائی ۱۸۵۸ع - مسند نشینی ۲۲ جنوری ۱۸۹۲ع - آپ نواب محمد مہابت خان بہادر ثانی کے سی-ایس-آئی مرحوم کے فرزند اور نواب محمد بہادر خان ثانی مغفور کے پوتے ہین آپکے مورث اعلیٰ حضرت محمد ہمایون شہنشاہ ہند کے زمرۂ امرا مین بڑے شجاع سردار تھے اور حضرت شاہجہان شہنشاہ دہلی کے عہد سلطنت مین آپ کے اجداد امجاد مین محمد بہادر خان نے شہنشاہ کے مقرب خاص اور معتمد علیہ ہونے کا شرف اعزاز پایا جنھون نے ایکبار اپنی جان عزیز کو خطرہ مین ڈالکر بادشاہ عالیجاہ کی جان بچائی اور کسیطرح کا گزند نفس نفیس شہنشاہ پر نہ آنے دیا۔ ان بہادر خان کے تین بیٹون جعفر خان - صلابت خان اور شیر خان مین سے جو جاگیرین تخت دہلی سے صلابت خان کو عطا ہوئی تھین منجملہ اُنکے جوناگڑھ بھی جاگیر مین تھا - انھین صلابت خان کے زمانہ مین زور طلبی یعنی بحیثیت اعلیٰ حکومت کے دیگر رؤساے کاٹھیاوار سے سالانہ رقم معین لینا شروع ہوا۔ انکی وفات ۱۷۳۱ع مین ہوئی - اُنکے فرزند کلان بہادر خان عرف محمد شیر خان بہادر بانی ریاست نے جب مرہٹون کی چیرہ دستی سے تخت دہلی متزلزل ہو رہا تھا تو اُنسے نبرد آزمائی مین غالب آکر سلطنت دہلی کو استحکام دیا اور بڑا کار نمایان یہ کیا کہ بڑودہ اور اُسکے مضافات کو شامل سریر دہلی کر دیا جسکے صلہ مین بادشاہ نے خوش ہوکر نوابی کے خطاب سے سربلند فرمایا۔ ۱۷۵۸ع مین انکا انتقال ہوا۔ انکی جگہ انکے خلف اکبر نواب محمد مہابت خان اول مسند حکومت پر بیٹھے اور بعالم شباب ۱۷۷۵ع مین قضا کی اور اُنکے فرزند نواب حامد خان اول تیرہ سال کی عمر مین والی ملک موروثی ہوے جو ۱۸۱۱ع مین گزر گئے - ان دونون نوابون کے زمانہ مین مشہور دیوان اعظم امرجی نے اپنے فن جنگ



ہز ہائینس سر رسول خان جی مہابت خان جی کے۔سی۔ایس۔آئی والی جوناگڈھ

کی لیاقت اور بیدارمغزی سے ریاست کو بہت بڑی وسعت دی۔نواب حامد خان اول کے بعد اُنکے بیٹے نواب بہادر خان ثانی فرمانروا ہوے۔اُنکے اور سرکار انگریزی کے فیمابین از روے معاہدۂ سنہ ۱۸۱۶ع کے یہ قرار پایا کہ جو زورطلبی ہر سال فوجکشی کر کے لیجاتی ہے وہ بتوسط برٹش سرکار کے وصول ہوکر خزانۂ ریاست مین داخل ہوا کرے۔سنہ ۱۸۲۱ع مین دوسرا عہدنامہ ہوا کہ زورطلبی کے وصول کرنے کے مصارف کے عوض کل زورطلبی کا ایک ربع سرکار انگریزی کو ملا کرے۔سنہ ۱۸۴۰ع مین یہ راہی ملک بقا ہوے جو نواب صاحب حال کے جد امجد تھے ہز ہائنس نواب صاحب بہادر نے سنہ ۱۸۹۲ع مین مشہور مشہور نامی بلاد و امصار ہند کی سیر فرمائی۔دینی تعلیم کی وجہ سے آپ بہت بڑے پابند مذہب ہین۔فلاح رعایا ہمیشہ مدنظر رکھتے ہین۔ آپ کی فیاضی بھی بہت بڑھی ہوئی ہے چنانچہ بہت سے امور رفاہ عامہ آپ کے عہد مبارک مین ہوے از انجملہ راجکوٹ مین زنانہ اسپتال لاکھ روپیے مین بنوایا گیا جو نفع رسانی مین لیڈی ڈفرن اسپتالون کے مثل ہے جسکی اہل کاٹھیاوار بڑی قدر کرتے ہین۔دار الصدر جوناگڑھ مین بہاء الدین آرٹس کالج اور ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ جو بڑی شاندار عمارت ہے اور وزیر صاحب کے دوستون نے انکی یادگار کے لیے جو ایک بڑی رقم چندہ کی فراہم کی تھی اُسمین تقریباً دو لاکھ روپیہ شامل کر کے تیار کرایا گیا جسکا سالانہ مصارف دیا جانا بھی ہز ہائنس نے منظور فرمایا جسکو ۳۔نومبر سنہ ۱۹۰۰ع مین ہز اکسلنسی لارڈ کرزن بہادر ویسراے ہند نے افتتاح فرمایا۔نیز خاص جوناگڑھ مین واٹر ورکس کا کام آٹھ لاکھ روپیے کے تخمینے سے بصوابدید لائق اور تجربہ کار انجنیر جے۔ای۔وائیٹنگ صاحب کے سنہ ۱۸۹۶ع مین شروع ہوکر نصف سے زائد ہوگیا ہے سنہ ۱۸۹۷ع مین الینیشن سیٹلمنٹ کا محکمہ جاگیرداروں کے تعین حقوق کے لیے نکالا گیا جو کرنیل سی۔ڈبلیو۔ایچ سیلی صاحب کی سخت محنت جنکی خدمت مستعار سرکار برطانیہ سے ریاست مین لی گئی تھی اور وزیر صاحب کی معقول امداد اور نائب دیوان خصوصیت سے نگاہ مسٹر پرسوتم راے سندر جی جھالا کی عرقریزی سے حسن اختتام کو پہونچا۔عمدہ ترین نمونہ

تہذیب پر مجوزہ کلان اسپتال کی بنیاد لارڈ سینڈہرسٹ صاحب سابق گورنر کے ہاتھ سے رکھی گئی جسپر دو لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔ یہ عمارت قدیم اسپتال کی جگہ اراضی ملحقہ ملا کر تیار ہوگی۔ ریاست کے سررشتۂ تعلیم کا انتظام عمدہ ہے۔ ہز ہائنیس کے حکم سے بہترین طریقۂ تعلیم دریافت کرنے کے لیے ٹیچرون کی ایک مجلس منعقد ہوکر عمدہ تعلیمی توالیف جدیدہ کے لیے پانچہزار روپیہ منظور ہوا۔ گورنمنٹ عالیہ نے ۳۔ جنوری سنہ ۱۸۹۹ء کو ہز ہائنیس کو کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ کا خطاب عطا فرمایا۔ قانون ریاست کے مطابق زر توفیر رفاہ عام مین لگایا جاتا ہے چنانچہ جیتلسر جنکشن سے ریاست کے بندر بلاول تک سر سٹھ میل مین چالیس لاکھ روپیہ سے سنہ ۱۸۸۸ء مین ریل نکالی گئی اور جیتلسر جنکشن سے راجکوٹ تک مشترکہ ریل مین سنہ ۱۸۹۴ء مین چھ لاکھ روپیہ صرف کیا گیا۔ ہز ہائنیس کے تین صاحبزادے ہین بڑے محمد شیر زمان خان بہادر تعلیم یافتۂ راجکمار راجکوٹ ولیعہد ریاست ہین۔ ریاست کا رقبہ تین ہزار دو سو تراسی مربع میل اور آبادی تین لاکھ پچانوے ہزار چار سو اٹھائیس ہے جسمین ہندو تین لاکھ ایک ہزار سات سو تہتر اور مسلمان پچاسی ہزار چھ سو چوراسی باقی مختلف اقوام آباد ہین۔ فوجی قوت مین سوار تین سو چھ اور پیدل ایک ہزار چھ سو بیاسی کل جمعیت ایک ہزار نو سو اٹھاسی ہے کارآمد تیار توپین تیرہ ہین اور حدود ریاست کے اندر اکیس ضرب اور باقی ماندہ حصص ہندوستان مین گیارہ ضرب توپ کی سلامی کا اعزاز حاصل ہے۔



شہزادہ محمد شیر زمان خان بہادر ولیعہد ریاست جوناگڈھ



ہز ہائنس سر بھگوت سنگھ جی سگرام جی - جی - سی - آئی - ای - ٹھاکر صاحب گونڈل

گونڈل

ہزہائینس سر بھگوت سنگھ جی۔ جی سی آئی ای۔ ایم ڈی۔ ایف آر سی پی ایف۔ بی۔ یو۔ ایل ایل ڈی۔ ڈی سی ایل۔ ٹھاکر صاحب گونڈل

ولادت ۲۴۔ اکتوبر ۱۸۶۰ء۔ مسند نشینی ۱۴۔ دسمبر ۱۸۶۹ء۔ گونڈل ایک اول درجہ کی دیسی ریاست ہے جو مغربی ہند مین سوراشٹرا کے عین وسط مین واقع ہے۔ ہزہائینس سر بھگوت سنگھ جی موجودہ فرمانرواے گونڈل جاریجہ راجپوت ہین اور اسوجہ سے اُس چندر بنسی خاندان سے اُنکا تعلق ہے جسکی بنیاد سری کرشن جی نے ڈالی تھی۔ خاندان گونڈل کے بانی کمبھوجی اول تھے جنھون نے اپنے بھائی صاحب جی سردار راجکوٹ سے اپنے موروثی علاقہ کا ایک حصہ ترکہ مین پایا اور اپنی بہادری اور فوجی قابلیت سے اپنے مقبوضات کو بے انتہا وسعت دی۔ موجودہ ٹھاکر صاحب اُنکی بارھوین پشت مین ہین۔ ٹھاکر صاحب کی عمر صرف چار برس کی تھی جب انکے والد ٹھاکر سگرام جی نے انتقال کیا۔ ہزہائینس کو شروع ہی سے تحصیل علم کا بے انتہا شوق تھا۔ نو برس کی عمر مین آپ راجکمار کالج مین داخل ہوے۔ آپکی کالجی تعلیم کا پورا دور جو نو برس تک جاری رہا ایک متواتر کامیابی کا زمانہ تھا۔ آپ نے ہر درجہ مین اپنی قابلیت۔ محنت۔ مصروفیت اور خوش خلقی کا ثبوت دیا۔ ایک عرصۂ دراز تک آپ کالج مین سربرآوردہ رہے اور محنت۔ نقاشی اور لیاقت انگریزی مین برابر سالانہ انعام پاتے رہے۔ آپ اپنے ہم سبقون سے ہمیشہ آگے رہے اور علم انگریزی مین آپ نے اسقدر ملکہ حاصل کیا کہ ہر شخص آپکا مداح تھا۔ تکمیل تعلیم اور نیز اس غرض سے کہ اپنی آنکھون سے انگریزون کے عادات اور رسم ورواج

مشاہدہ کرین آپ نے میجر (اب کرنل) ہنکاک صاحب کی رہنمائی مین یورپ کا عزم کیا۔ اور تقریباً چار مہینے انگلستان اور اسکاٹلینڈ مین رہے۔ کچھ دنون تک براعظم کی بھی سیر کی۔ اِس اثنا مین آپ نے پیرس۔ بروسلس ہمبرگ۔ لیوسرن اور بہت سے اور مقامات مثلاً سوئٹزرلینڈ۔ وینس۔ فلورنس۔ روم اور نیپلس کی سیاحت کی اور ۱۳۔ نومبر ۱۸۸۳ء کو برنڈزی کی راہ ہندوستان کو واپس آئے۔ آپ نے اپنے سفرنامہ مین سفر کے تجربات و مشاہدات کو قلمبند کیا ہے۔ یہ اُن مناظر کی ایک دلچسپ اور دلفریب کتاب ہے جو ایک نوجوان شہزادے نے چند ماہ کے عالمانہ سفر مین دیکھے تھے۔ ہندوستانی اور یوروپین اخبارات نے اِس کتاب کی بڑی تعریف کی ہے۔ سفر سے واپس آکر ہز ہائینس اپنی ریاست کے کامون مین منہمک ہوے اور ۲۵۔ اگست ۱۸۸۴ء کو اپنی ریاست کا پورا انتظام و اہتمام اپنے دست اختیار مین لے لیا۔ اُسی سال آپ بمبئی یونیورسٹی کے فیلو نامزد ہوے ۱۸۸۶ء کے اوائل حصہ مین ٹھاکر صاحب دوبارہ اسکاٹلینڈ کو تشریف لے گئے جہان جانے سے آپکا قصد یہ تھا کہ کچھ دنون اڈنبرا یونیورسٹی مین قیام فرمائین۔ آپ نے وہان پندرہ مہینے سے زیادہ اقامت کی اور سائینس کے ایک دلدادہ طالبعلم کی حیثیت سے آپ نے اسقدر نمود حاصل کی کہ اِس قدیم اسکاٹش یونیورسٹی نے آپکو ایل ایل ڈی کی امتیازی ڈگری عطا کرنا مناسب خیال کیا۔ پریسیڈنسی کے دیسی باشندون مین کسی شخص کو اِس سے قبل یہ عزت حاصل نہین ہوئی تھی۔ ہز ہائینس جناب قیصرہ کی جوبلی کی تقریبات مین بطور اُس ڈپوٹیشن کے ممبر کے ولایت مین موجود تھے جو کاٹھیاوار کے سردارون کی جانب سے انگلستان کو بھیجا گیا تھا۔ اِس موقع پر آپنے ہز مجسٹی کے ہاتھ سے نائٹ کمانڈر آف دی موسٹ ایمی ننٹ آرڈر آف دی انڈین امپائر کا تمغہ حاصل کرنے کی عزت حاصل کی۔ ہز ہائینس ۱۳۔ اگست ۱۸۸۷ء کو ہندوستان کو واپس آئے۔ اسی سال ہز مجسٹی قیصرۂ وکٹوریہ نے ازراہ خوشنودی گونڈل کو "بجلدوے عمدہ انتظام ریاست" درجۂ اوّل کی ریاست

قرار دیا۔ اور باعلان فرمایا کہ آئندہ سے گونڈل کے فرمانروا گیارہ ضرب اتواپ کی سلامی کے مستحق ہونگے۔ رانی صاحبہ کی صحت کی غرض سے ۱۸۹۰ء مین آپ مع رانی صاحبہ کے ولایت تشریف لے گئے اور وہان ڈاکٹری علاج کے لیے دو برس تک رہنا پڑا۔ اس عرصہ مین اُنکی تندرستی مین ایک نمایان اصلاح پیدا ہوئی۔ ہز ہائینس کو چونکہ سائنس کا بے انتہا شوق تھا اور طبی سائنس سے تو خاصکر دلچسپی تھی اسلیے آپ بطور ایک مستعد طالبعلم کے ایڈنبرا یونیورسٹی مین شریک ہوے اور تمام نصاب پڑھکر پہلے ایم بی اور سی ایم کے امتحانات پاس کیے۔ اسکے بعد ایم ڈی کا درجہ حاصل کیا۔ آپ نے ایڈنبرا کے رائل کالج اطبا کی ممبری کا امتحان بھی پاس کیا اور اب آپ اُسکے فیلو ہین۔ جون ۱۸۹۲ء مین مشہور و معروف یونیورسٹی آف اکسفورڈ نے اپنی سالگرہ کے موقع پر ہز ہائینس ٹھاکر صاحب کو ڈی سی ایل (ڈاکٹر آف سول لاز) کی اعزازی ڈگری عطا فرمائی۔ ڈاکٹری کا درجہ پانے کے بعد ہز ہائینس ٹھاکر صاحب اپنی رو باصلاح طبع رانی کے ہمراہ ۱۸۹۳ء کے شروع مین امریکہ جاپان اور چین آسٹریلیا اور لنکا ہوتے ہوے ہندوستان کو واپس آئے۔ رانی صاحبہ کو بھی جناب قیصرۂ مرحومہ نے کرون آف انڈیا کی ممبری عطا فرمائی۔ وطن واپس آکر ٹھاکر صاحب نے اپنی ریاست کی اصلاح مین مختلف تدبیرین اختیار کین اور اپنی فرصت کا وقت علمی مشاغل مین صرف کیا۔ آپ نے ایک کتاب ہسٹری آف دی ارین میڈیکل سائنس تصنیف کی ہے جسنے آپکے ہندوستانی اور انگریز نکتہ چینون کے دلون پر ایک عمدہ اثر پیدا کیا ہے۔ جوبلی کے موقع پر ہز ہائینس کو ایک نئی عزت حاصل ہوئی یعنے آپ کو ہر مجسٹی کوئین وکٹوریہ کے ہاتھ سے جی۔ سی۔ آئی۔ ای کا اعلیٰ تمغہ حاصل ہوا ہز ہائینس اوقات مقررہ پر اپنے دفتر مین آتے ہین اور نہایت ہوشیاری اور توجہ سے اپنی رعایا کی خواہشات پر غور کرتے ہین۔ آپ نے اپنی ریاست مین ایک گرد آور ڈاکٹر کا عہدہ قائم کیا ہے جو اُن گانؤن والون کو طبی امداد پہونچاتا ہے جو اُن بڑے شہرون سے دُور رہتے ہین

جہان اسپتال یا ڈسپنسریان ہین - گرد آور ڈاکٹر کا کام یہ ہے کہ اوقات مقررہ پر گانٔون مین
دورہ کرتا ہے اور اُن دہقانیون اور غربا کو جو آسانی سے اسپتالون تک نہین پہونچ سکتے
طبی امداد دیتا ہے - اِس عجیب وغریب آزمائش مین اسقدر کامیابی حاصل ہوئی کہ لارڈ
ہیرس صاحب کی راے مین ہز ہائینس کی نظیر کی نہ صرف دیسی ریاستون بلکہ برٹش قلمرو
مین بھی تقلید کی جا سکتی ہے - رئیس گونڈل نے اپنی عقلمندی سے بہت بڑا سرمایہ اُن ریلون
کی تعمیر مین لگا رکھا ہے جو بھاؤنگر گونڈل اور گونڈل پوربندر کی ریلون کے نام سے مشہور
ہین - مڈیکل صیغۂ خاص آپ کی نگرانی مین ہے اور آپ اُسکی اصلاح مین بڑی دلچسپی ظاہر
کرتے ہین اور ریاست کی تمام مڈیکل انسٹیٹیوشنون اور اندرونی انتظام مین روز بروز مفید
اور صحت بخش اصلاحین پیدا کرتے جاتے ہین - ہز ہائینس نے بجاے حصول لگان کے جو
قدیم طریقہ کی طرح جنس مین ہوتا تھا نقد ادائی کا سلسلہ جاری کیا گیا ہے جسکو کاشتکاری
گروہ نہایت پسند کرتا ہے - زراعتی نمائشین اوقات مقررہ پر ہوتی ہین اور ریاست کی
زراعتی صورتون مین برابر اور پوری توجہ سے اصلاح ہوتی رہتی ہے - انکے علاوہ سرکاری
وظیفہ - اسکولات - معافی محصولات ضرر رسان عطیات استحقاق ومراعات وغیرہ منجملہ اُن
بہت سے کامون کے ہین جنکو ٹھاکر صاحب نے باحسن وجوہ انجام دیا ہے - غرض
ٹھاکر صاحب بڑے علم دوست بیدار مغز رعایا پرور رئیس ہین - ہز ہائینس کو بوڈاپسٹ کی
آٹھوین انٹرنیشنل کانگرس آف ہیجین اور ڈیلوگرافی کی منتظم کمپنی نے ایک مفید شاخ کا
آنریری پریسیڈنٹ مقرر کیا تھا - آپ انڈین مڈیکل اسوسی ایشن کے وائس پریسیڈنٹ بھی ہین -
ہز ہائینس کے چار بیٹے اور دو بیٹیان ہین - ولیعہد بھوجراج ایک چہاردہ سالہ صاحبزادہ
ہین جو ولایت مین تعلیم حاصل کر رہے ہین - سلامی گیارہ ضرب توپ -

بھاؤنگر

ہز ہائینس مہاراجہ سر بھاؤسنگھ جی تخت سنگھ جی کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ راول صاحب بھاؤنگر

ولادت ۲۶۔ اپریل سنہ ۱۸۷۵ء۔ مسند نشینی ۱۰۔ فروری سنہ ۱۸۹۶ء۔ ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بھاؤنگر گہیل راجپوت ہین۔ اِس خاندان کے مورث اعلیٰ سیکاجی تھے جنھون نے تقریباً سنہ ۱۲۰ء مین اِس ملک مین توطن اختیار کیا تھا۔ والیان بھاؤنگر۔ لاٹھی اور پالیتانہ اُنکے تین بیٹون کی اولاد مین ہین جنکے نام راوجی۔ سارنگ جی اور شاہ جی تھے۔ راول کا خطاب خاندان مین اُس زمانہ سے چلا آتا ہے جب علاء الدین خلجی سے چتور مین جنگ ہوئی تھی۔ اِس سے قبل آپ کے بزرگ شور استھرا (سورت) کے حکمران تھے۔ سنہ ۱۷۴۲ء مین بھاؤسنگھ نے بھاؤنگر کی بنیاد ڈالی تھی جنکے پوتے بخت سنگھ جی سنہ ۱۷۷۲ء مین حکمران تھے۔ بھاؤسنگھ اور اُنکے بیٹے اور پوتے نے اپنے ملک کی تجارت کو خوب ترقی دی تھی اور بحری لُٹیرون کو نیست ونابود کیا تھا۔ سنہ ۱۷۵۹ء مین برٹش گورنمنٹ نے بندرگاہ بھاؤنگر کی چُنگی کا چہارم حصہ سیدی سورت سے حاصل کیا تھا جنکو راول بھاؤسنگھ نے اُن خدمات کے جلدو مین عطا کیا تھا جو اُنھون نے نواب کھمبایت کی مخاصمت کے مقابلے مین کی تھین۔ سنہ ۱۷۷۱ء مین راول اکراج سنگھ جی نے گورنمنٹ بمبئی کو تلاجا اور مہوروا کے زیر کرنے مین مدد دی جسپر بحری لُٹیرے قابض تھے۔ سنہ ۱۸۱۰ء مین گورنمنٹ انگلشیہ نے ڈکیتی اور لوٹ مار کے انسداد کے متعلق کاٹھیاوار کے تمام حکمران رؤسا سے ایک عام معاہدہ کیا تھا مگر چونکہ بھاؤنگر کا دربار اِن قزاقون کا ایک مشہور مخالف تھا لہذا اِس سے کوئی معاہدہ منعقد نہین ہوا۔ بخت سنگھ نے کاٹھیاوار کے بندوبست کے قبل اس ریاست کے

حدود کو مختلف ذرایع سے بہت کچھ وسیع کر لیا تھا۔ راول بخت سنگھ نے ۱۸۱۶ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے بجے سنگھ مسند پر بیٹھے اور انکی وفات پر جو ۱۸۲۶ء مین واقع ہوئی اکھراج سنگھ جی مسند نشین ہوے۔ راول اکھراج جی نے ۱۸۵۴ء مین انتقال کیا اور اُنکے بجاے اُنکے بھائی جسونت سنگھ وارث ہوے اور گورنمنٹ عالیہ سے سند اختیار تبنیت حاصل کی۔ راول جسونت سنگھ نے اپریل ۱۸۷۰ء مین رحلت کی۔ اُنکی جگہ اُنکے فرزند مہاراجہ سر تخت سنگھ جی مسند آراے ریاست ہوے۔ دربار بھاؤنگر کی سلامی گیارہ ضرب توپ تھی مگر مہاراجہ تخت سنگھ کو بطور ذاتی اعزاز کے پندرہ ضرب کی سلامی حاصل تھی۔ یکم جنوری ۱۸۹۱ء کو خطاب مہاراجگی بھی اُنکو عطا ہوا۔ ۱۸۹۶ء مین مہاراجہ تخت سنگھ جی نے وفات پائی آپکے بزرگون نے ہر موقع پر برٹش گورنمنٹ کا ساتھ دیا ہے۔ مہاراجہ صاحب متوفی کے عہد مین اس اتحاد اور ارتباط کو مزید ترقی ہوئی۔ مہاراجہ متوفی نہایت روشن خیال اور عالی حوصلہ رئیس تھے وہ اُن رؤسا مین تھے جنھون نے سب سے پہلے راجکمار کالج مین تعلیم پائی اور بلاد یورپ کا سفر کیا۔ ریلوے کی توسیع اور رفاہ عام کے صدہا کام اُنکی نمایان یادگار ہین۔ اُنکی وفات کے بعد ہز ہائینس مہاراجہ بھاؤ سنگھ تخت سنگھ جی سریر آرا ہوے۔ آپ اپنے پدر بزرگوار کیطرح نہایت روشن ضمیر تھے۔ آپ تعلیم یافتہ اور بیدار مغز رئیس ہین۔ دسمبر ۱۸۹۶ء مین آپ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کے خطاب سے سرفراز کیے گئے۔ قحط ۱۸۹۷ء مین آپ نے غربا و مساکین کے ساتھ بہت بڑی ہمدردی ظاہر کی۔ ریاست کا رقبہ دو ہزار آٹھ سو ساٹھ مربع میل۔ آبادی چار لاکھ پینسٹھ ہزار اور محاصل تقریباً چالیس لاکھ روپیہ ہے۔ آپ برٹش گورنمنٹ کو ایک لاکھ اٹھائیس ہزار ساٹھ روپیہ اور گیکواڑ بڑودہ کو تین ہزار پانچسو اکاسی روپیہ آٹھ آنہ اور نواب جوناگڈھ کو بائیس ہزار آٹھ سو اٹھاون روپیہ سالانہ خراج دیتے ہین۔ آپ کی سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



ہز ہائینس مہاراجہ سری اجیت سنگھ جی راج صاحب دھرنگدرہ

دھرنگدرہ

ہز ہائینس مہاراجہ سری اجیت سنگھ جی راج صاحب دھرنگدرہ

ولادت ۱۸ - جنوری سنہ ۱۸۷۲ء - مسند نشینی یکم دسمبر سنہ ۱۹۰۰ء - ہز ہائینس سری اجیت سنگھ جی جھالا راجپوت ہین جنکے اسلاف کرام ابتداءً ناگر پارکر واقع سندھ مین حکمران تھے - آپ بانی خاندان ہرپال دیو جی کی نسل مین ہین جو تیرھوین صدی مین اپنے والد کیسر دیو کی ہلاکت پر جو والی سندھ کے ساتھ ایک جنگ مین واقع ہوئی پٹن واقع گجرات کے فرمانروا کرن سولنکی کے دربار مین چلے آئے - راجہ کرن نے اُنکی خدمات کے صلہ مین اُنکو اٹھارہ سو مواضع عطا کیے جو بعد کو ریاست جھالاوار کے نام سے مشہور ہوے - دار الریاست جو پہلے پاٹڑی مین تھا سنہ ۱۷۴۲ء مین دھرنگدرہ کو منتقل ہوا - کرنل واکر صاحب کے بند وبست کے زمانہ مین امر سنگھ جی دھرنگدرہ کے رئیس تھے اُنھون نے سنہ ۱۸۴۳ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے رنمل سنگھ جی اُنکے جانشین ہوے - رنمل سنگھ جی کاٹھیاوار کے اول فرمانروا تھے جنکو کے - سی - ایس - آئی کا خطاب مرحمت ہوا تھا - اُنھون نے سنہ ۱۸۶۹ء مین رحلت کی اور اُنکے فرزند مہاراجہ مان سنگھ جی مسند ریاست پر متمکن ہوے ہز ہائینس کو بھی کے - سی - ایس - آئی - کے خطاب سے امتیاز حاصل تھا اور پندرہ ضرب توپ کی اُنکی ذاتی سلامی تھی - اپنے دادا مہاراجہ سری مان سنگھ جی کی وفات پر ہز ہائینس مہاراجہ سری اجیت سنگھ جی وارث ریاست ہوے اور یکم دسمبر سنہ ۱۹۰۰ء کو آپ کی مسند نشینی کی رسم عمل مین آئی - ہز ہائینس نے ابتدائی تعلیم دھرنگدرہ مین پائی مگر بعد کو تکمیل کی غرض سے راجکمار کالج راجکوٹ مین بھیجے گئے جہان آپ تقریباً نو برس تک اکتساب علوم فرماتے رہے - وہان علاوہ اُس تعلیم کے جو کالج مین دی جاتی تھی ہز ہائینس نے اعلیٰ درجے کی فوجی تربیت بھی حاصل کی - بعد انفراغ ہز ہائینس نے

تمام ہندوستان کی سیر کی مگر بوجوہ آپ کو ابتک غیر ممالک کی سیاحت کا موقع نہین ملا۔ ہز ہائینس نے چھ شادیان کی ہین۔ آپ کے ایک صاحبزادے مہاراج کمار سری گھنشام سنگھ جی ہین جو ۳۱ مئی ۱۹۰۸ء کو پیدا ہوے تھے۔ انکے علاوہ آپ کے دو اور صاحبزادے ہین۔ ریاست دھرنگدرہ ریاستہاے کاٹھیاوار مین اول درجے کی ریاست ہے اور اسکی معدنی اور زراعتی پیداوار ین ریاست کی موجودہ اور نیز آیندہ سرسبزی اور شادابی کا پتہ دیتی ہین۔ آپ کی ذات والاصفات سے اس زمانہ حکمرانی (دو سال) مین بہت سی اصلاحین عمل مین آئی ہین جنمین بڑی فیاضی اور سیرچشمی کے ساتھ روپیہ صرف کیا گیا ہے۔ سب سے بڑا کام یہ ہے کہ آپ نے ریاست کے سول اور فوجی عہدون پر مستحق اور قابل ہندوستانی مامور فرمائے ہین۔ ریاست کے مقامی قوانین اور انتظام اراضی کی ترمیم زیر غور ہے جسکا انجام رعایا کے لیے برکت کا ایک دوامی ذریعہ ثابت ہوگا۔ ہز ہائینس نے اپنے والد متوفی کی یادگار مین ایک پبلک کتب خانہ اور ایک مکان بنوایا ہے جسمین ریاست کے اندھے۔ لولے۔ اور اپاہج رہتے ہین اور اُنکے آرام و آسائش اور کھانے پینے کا تمام سامان مہیا ہے۔ ہز ہائینس نے رفاہ عام کا ایک بڑا کام کیا ہے اور وہ ایک جسونت پارک (باغ) ہے جو عام وخاص کے لیے بالکل وقف ہے۔ قحط کے زمانہ مین آپنے قحط زدون کے لیے تعمیر کے کئی کام جاری فرمائے اور خلق اللہ کی جانین بچائین۔ مہاراجہ ایک روشن ضمیر اور جفاکش رئیس ہین اور ایک معمولی عہدہ دار کی طرح اپنا وقت امور ریاست کی تمشیت مین صرف فرماتے ہین۔ آپ کی ان کارروائیون نے آپ کو نہ صرف اپنی رعایا بلکہ گورنمنٹ عالیہ کی نگاہون مین بھی وقیع اور موقر بنا دیا ہے۔ ریاست کا رقبہ تقریباً ایک ہزار گیارہ سو سرسٹھ مربع میل اور آبادی ایک لاکھ ہے۔ محاصل ریاست سات لاکھ روپیہ سے نو لاکھ تک ہے۔ آپ کی سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔

کھمبایت

ہزہائنیس نواب جعفر علیخان نجم الدولہ ممتاز الملک مومن خان بہادر دلاور جنگ والی کھمبایت

ولادت سنہ ۱۸۴۸ع - مسند نشینی ۳۱ مئی سنہ ۱۸۸۰ع - کھمبایت کے حکمران خاندان کے بانی مرزا جعفر نظام ثانی ہین جو زیادہ تر مومن خان کے نام سے مشہور تھے اور آخری مسلمان صوبہ دار گجرات سے پہلے گزرے ہین - وہ خود گجرات کی صوبہ داری کے عہدہ پر ممتاز اور انکے داماد نظام خان کھمبایت کے حکمران تھے مومن خان نے سنہ ۱۷۴۲ع مین قضا کی اور اُنکے بیٹے مفتخر خان عرف نور الدین نے نظام خان کو ہلاک کر کے کھمبایت کی حکومت چھین لی اور اپنی وفات تک جو سنہ ۱۷۸۳ع مین واقع ہوئی اُسپر قابض رہے - نور الدین کے بجاے اُنکے داماد محمد قلی اُنکے قائم مقام ہوے - اُنھون نے چھ برس حکومت کرنے کے بعد قضا کی اور اُنکے بیٹے فتح علی والی ریاست ہوے - معاہدۂ بسین کی رو سے نواب فتح علی نے پیشوا کی چوتھ اور وہ تمام حقوق جو کھمبایت کے متعلق تھے برٹش گورنمنٹ کے حوالے کیے - یہ چوتھ بطریق خراج اب بھی گورنمنٹ ہند کو دیجاتی ہے - نواب فتح علی نے ۲۸ - اکتوبر سنہ ۱۸۲۳ع کو انتقال کیا اور اُنکے بھائی نواب بندہ علی خان نے زمام حکومت اپنے ہاتھ مین لی - اُنکی وفات پر سنہ ۱۸۴۱ع مین اُنکے بھتیجے نواب حسین یاور خان مسند نشین ہوے اور اُنکو گورنمنٹ برطانیہ سے وارث کرنیکی سند حاصل ہوئی - اپریل سنہ ۱۸۸۰ع مین نواب حسین یاور خان کی وفات پر نواب صاحب حال مسند ریاست پر متمکن ہوے - ہزہائنیس کے عہد مین علاوہ دیگر ترقیات کے تارہ پور سے کھمبایت تک ایک ریلوے تعمیر ہوئی ہے - ریاست کا رقبہ تین سو پچاس مربع میل - آبادی پچھتر ہزار دو سو پچیس - آمدنی پانچ لاکھ روپیہ ہے - فوجی قوت مین پچیس سوار اور دو سو گیارہ پیدل اور گولنداز ہین - ہزہائنیس کی تین صاحبزادیان ہین - سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -

نوانگر

ہزہائینس جام سری جسونت سنگھ جی - جام نوانگر

ولادت سنہ ۱۸۸۲ء - آپ جاریجہ راجپوت اور اُس خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسمین والیان ریاست کچھ - دھرول - گونڈل - راجکوٹ اور مغربی ہند کے کئی فرمانروا ہین - جام اول نے جو اُس زمانہ کے جام کچھ کے بڑے بھائی تھے کچھ سے آکر سنہ ۱۵۴۰ء مین نوانگر کی بنیاد ڈالی - برٹش گورنمنٹ سے سنہ ۱۸۰۷ء مین اول معاہدہ ہوا - اُس زمانہ مین جام جساجی برسر حکومت تھے - اُنھون نے سنہ ۱۸۱۴ء مین انتقال کیا اُنکے کوئی اولاد نرینہ نہ تھی - اُنھون نے جام وبھاجی سابق فرمانرواے ریاست نوانگر کے والد جام رنمل جی کو متبنی کیا - جام رنمل جی کی وفات پر جام وبھاجی مسند نشین ہوے - سنہ ۱۸۶۴ء مین اُنکو سند تبنیت حاصل ہوئی - سنہ ۱۸۷۹ء مین اُنھون نے کنور رنجیت سنگھ کو جو ولایت مین کرکٹ بازی مین یکتا اور فرد سمجھے جاتے ہین بمنظوری گورنمنٹ متبنی کیا مگر سنہ ۱۸۸۲ء مین جام جال پیدا ہوے اور گورنمنٹ نے اُنکو وارث ریاست قرار دیا - جام وبھاجی کی وفات پر ہزہائینس مسند ریاست پر متمکن ہوے - ریاست کا رقبہ تین ہزار سات سوا کانوے مربع میل - آبادی تقریباً تین لاکھ اور آمدنی تخمیناً چوبیس لاکھ ہے - ہزہائنس برٹش گورنمنٹ کو پچاس ہزار تین سو بارہ روپیہ گیکواڑ بردوہ کو چونسٹھ ہزار نوسو چوبیس روپیہ اور جوناگڑھ کو چار ہزار آٹھ سو ستاون روپیہ سالانہ خراج دیتے ہین - ہزہائنس کی سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -

موروی

ہز ہائینس ٹھاکر صاحب سر واگھ جی راوا جی۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای۔


والی موروی

ولادت ۱۴-اپریل ۱۸۵۸ء۔ مسند نشینی ۱۷-فروری ۱۸۷۰ء۔ آپ جاریچہ راجپوت اور اُس خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسمین راؤ صاحب کچھ اور جام نوانگر ہین مگر آپکا نسب اُس قوم کی بڑی شاخ سے ملتا ہے۔ علاوہ اس ریاست کے آپ علاقہ امر دی واقع کچھ کے جاگیر دار بھی ہین۔ ایک مشہور بندرگاہ موسومہ جنگی آپ کی جاگیر مین واقع ہے۔ جشن جوبلی حضور قیصرۂ انجہانی کی تقریب مین آپکی ریاست درجۂ اول کی قرار دی گئی۔ ۱۸۹۰ء مین آپکو سند اختیار تبنیت عطا ہوئی۔ آپ نے راجکمار کالج مین تعلیم پائی اور بلاد یورپ کی سیر و سیاحت کی ہے آپ اپنے ملک کا نظم و نسق بذات خود کرتے ہین۔ آپ نے ۱۸۸۶ء مین ایک ریلوے شاخ سول اسٹیشن ودھوان (جو بمبئی بڑودہ سنٹرل انڈیا ریلوے کا آخری اسٹیشن ہے) سے اپنی دار الریاست تک نکالی ہے پھر ۱۸۹۰ء مین ایک شاخ راجکوٹ تک بڑھائی۔ یہ ریاست بڑودہ اور جوناگڑھ کی خراجگزار ہے۔ اس ریاست مین ایک سو سینتالیس مواضع شامل ہین۔ رقبہ آٹھ سو اکیس مربع میل۔ مردم شماری (۱۸۹۱ء) ایک لاکھ پانچ ہزار تین سو بینتیس۔ محاصل سالانہ تقریباً دس لاکھ ہے۔ سلامی گیارہ ضرب توپ۔

رادھن پور

ہز ہائینس نواب محمد شیر خان جی بابی نواب رادھن پور

نسلاً آپ پٹھان ہین۔ حکمران خاندان رادھن پور کے بانی بہادر خان تھے جو اصفہان سے ہندوستان آئے تھے۔ مغربی ہندوستان مین جوناگڑھ۔ بالا سنور بھی بابی ہی خاندان سے ہین۔ نواب بہادر خان بابی کو شاہنشاہ شاہجہان نے تھراد کا فوجدار مقرر کیا تھا کہ انکے بیٹے نواب شیر خان بابی شاہزادہ مراد بخش کی کمک کے لیے گجرات کے گورنر مقرر ہوے۔ اُنکے بیٹے جعفر خان بابی کو ۱۶۹۳ء مین رادھن پور اور دیگر اضلاع کی فوجداری ملی اور صفدر خان کے خطاب سے ممتاز ہوے وہ ۱۷۰۴ء مین گورنر بیجاپور مقرر ہوے اور ۱۷۰۶ء مین پٹن کی گورنری پر ممتاز ہوے۔ انکے بیٹے خان جہان نے شاہنشاہ دہلی سے معزز عہدے حاصل کیے۔ انکو جوان مرد خان کا خطاب مرحمت ہوا اور رادھن پور اور دیگر اضلاع کی جاگیر ملی۔ اُنکے بعد اُنکے بیٹے کمال الدین خان بابی بھی اس خطاب اور منصب سے مستفید رہے۔ خان موصوف نے شاہنشاہ اورنگ زیب کی وفات کے بعد احمد آباد کو قبضہ کیا۔ اگرچہ حکومت مرہٹہ کے زمانہ مین یہ صوبہ قبضہ سے نکل گیا لیکن ذاتی مقبوضات بحیثیت جاگیرداری قائم رہے۔ ۱۸۲۰ء مین نواب رادھن پور برٹش گورنمنٹ کے ظل حمایت مین آئے اور با قرار امداد فوجی و ادا ے خراج باجگزار سرکار برطانیہ قرار پائے۔ نواب شیر خان کی وفات پر ۱۸۲۵ء مین نواب زور آور خان اور اُنکی وفات پر ۱۸۷۴ء مین نواب بسم اللہ خان جانشین ہوے۔ انکی وفات کے بعد آپ مالک ریاست ہوے ہین ہز ہائنس ابھی نابالغ اور راجکمار کالج راجکوٹ مین تعلیم حاصل کر رہے ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار ایک سو پچاس مربع میل۔ آبادی (۱۹۱۱ء) اٹھانوے ہزار سترہ اور محاصل تقریباً پانچ لاکھ روپیہ ہے سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



ہزہائینس نواب محمد شیر خان جی والی رادھن پور

راج پیپلا

ہز ہائینس مہارانا سری چھتر سنگھ جی والی پیپلا

ولادت ۱۸۶۲ء مسند نشینی ۲۰ مئی ۱۸۹۷ء - آپ گہیل راجپوت ہین - یہ خاندان راجہ سالباہن کی نسل مین ہے - ۱۴۷۰ء مین چھوکا رانا فرزند سیداوت راجہ اجین اپنے والد سے کسی بات پر آرزدہ ہوکر راجدھانی سے نکل آئے اور مقام پیپلا مین آکر قیام کیا اور ایک جدید راج کی بنیاد ڈوالی - اُنکی اکلوتی لڑکی کی شادی جزیرۂ پریم واقع کھمبایت کے ایک گہیل راجپوت لکھی راج سے ہوئی - اس ازدواج سے دو لڑکے ہوے ایک ڈونگر جی بانی ریاست بھاؤنگر دوسرے جیم سنگھ جی جو بانی راج پیپلا کے بعد فرمانروا ہوے - انکین کی اولاد سے اس راج کے رانا اور مہارانا ہوتے چلے آئے ہین اور اُسوقت سے ابتک وہی خاندان فرمانروا ہے - یہ ریاست زمانۂ اکبر اعظم مین سلطنت دہلی کی خراج گزار تھی سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد یہ ریاست فرمانفرمائے گیکواڑ کی معاون اور خراجگزار ہوئی ۱۸۱۳ء سے سرکار انگریزی کے ساتھ تعلقات پیدا ہوے اور مہارانا نے گورنمنٹ کے توسط سے گیکواڑ کو پینسٹھ ہزار روپیہ خراج دینا منظور کیا ۱۸۶۰ء مین گورنمنٹ ہند نے مہارانا ویریسال جی کو مسند نشین کیا - ویریسال جی نے ۱۸۶۹ء مین انتقال کیا اور انکے اکلوتے فرزند مہارانا گمبھیر سنگھ مسند نشین ہوے - اُنکی وفات کے بعد ۲۰ مئی ۱۸۹۷ء مین ہز ہائنس مہارانا سری چھتر سنگھ جی وارث اور والی ریاست قرار پائے - رقبہ ایک ہزار چھ سو مربع میل - مردم شماری (۱۸۹۱ء) ایک لاکھ سترہ ہزار ایک سو چھتر اور محاصل تقریباً آٹھ لاکھ ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -

پوربندر

ہز ہائینس رانا سری بھاؤ سنگھ جی مادھو سنگھ جی والی پوربندر

والی ریاست جٹھوا راجپوت ہین - آپ کا سلسلۂ نسب سری ہنومان جی سے ملتا ہے - اس خاندان مین پانچ ہزار ستر برس کی صحیح تاریخ موجود ہے - سنہ ۱۸۰۹ع مین پوربندر برٹش حمایت مین آیا اور ریاست اور سرکار انگریزی کے مابین پہلا معاہدہ منعقد ہوا - سنہ ۱۸۶۹ع مین والیان ریاست پوربندر کو سرکار انگلشیہ سے سند تبنیت حاصل ہوئی - ہز ہائنس رانا سری بھاؤ سنگھ جی ایک روشن ضمیر اور بلند خیال رئیس ہین - آپ کے عہد مین رعایا کی فلاح و بہبود کے بہت سے کام سرانجام ہوے ہین اور ریلوے کے اجرا اور توسیع سے تجارتی اغراض کو خاص فائدہ پہونچا ہے - ریاست کا رقبہ چھ سو چھتیس مربع میل اور آبادی (سنہ ۱۸۹۱ع) پچاس ہزار سات سو پچاسی ہے - محاصل پانچ لاکھ سے زیادہ ہے جسمین آپ کو اکیس ہزار روپیہ بطور خراج کے برٹش گورنمنٹ کو اور سات ہزار ایک سو چھیانوے روپیہ گیکواڑ بروده کو اور پانچ ہزار ایک سو چھ روپیہ جوناگڑھ کو دینا پڑتا ہے - سلامی گیارہ ضرب توپ ہے -



ہز ہائینس رانا سری بھاؤ سنگھ جی مادھو سنگھ جی والی پوربندر



ہز ہائینس سر شیر محمد خان بہادر - جی - سی - آئی - ای - والی پالن پور

پالن پور

ہز ہائینس زبدۃ الملک دیوان سر شیر محمد خان جی بہادر جی سی آئی ای والی پالن پور

ولادت ۲ جنوری سنہ ۱۸۵۲ء - مسند نشینی ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۷۸ء - ہز ہائینس لوہانی پٹھان ہین جو اپنے تئین ہٹین (پٹھان) نائے حضرت سلیمان علیہ السلام کے سپہ سالار فوج اور حضرت خالد بن ولید کی نسل سے بیان کرتے ہین - اس خاندان کے مورث اعلیٰ غور اور نواح خراسان سے صوبۂ بہار مین آئے اور سلاطین تغلق کے عہد مین اُنھون نے بہت بڑا اوج و عروج حاصل کیا مگر ملک خرم خان بانی ریاست بہار سے جالور مارواڑ مین چلے آئے اور اپنی حکمت عملی سے جالور پر مسلط ہو گئے - ملک خرم خان کی چوتھی پشت مین ملک عثمان خان نہایت شجاع اور صاحب تدبیر تھے مہم قلعہ اسیر گڑھ کی قابل قدر خدمات کے صلہ مین سلطان محمود بیگڑہ والی گجرات نے سنہ ۱۵۰۰ء مین اُنکو زبدۃ الملک کا خطاب عنایت کیا - اُنھین کے دوران حکومت مین حضرت سید محمد مہدی موعود جونپوری جالور مین تشریف لائے اور اُنھون نے مع خدم وحشم کے تصدیق مہدویت سے شرف حاصل کیا اور اُسوقت سے ابتک تمام والیان ریاست اور یہان کے کثیر التعداد مسلمان مذہب مہدویہ پر قائم ہین - زبدۃ الملک ملک عثمان خان کی آٹھوین پشت مین غزنی خان ثانی کو یلغار گجرات اور مہم کٹک کے صلہ مین شہنشاہ اکبر نے منصب چار صدی ذات کے علاوہ دیوان کا خطاب عطا فرمایا جو اب تک نسلاً بعد نسلٍ چلا آتا ہے - غزنی خان نے شہنشاہ اکبر کی رضاعی بہن مسماۃ بانو بیگم سے شادی کر کے خاندان مغلیہ کے ساتھ خاص تعلق اور رشتہ پیدا کیا - اس شادی کی تقریب مین اُنکو موروثی ریاست کے علاوہ علاقۂ پالن پور - ڈیسہ - انتی واڑہ اور چراگاہ تلواڑہ بارگاہ شاہی سے بطور جہیز کے ملے شہنشاہ اورنگ زیب کے زمانہ مین کمال خان عرف کرن کمال کو جالور کے عوض مین پالن پور کی مستقل حکومت عطا

ہوئی اور اُنھون نے جالور سے نقل وطن کر کے پالنپور کو استمراراً اپنا دارالحکومت بنایا۔ ہزہائنس کے دادا دیوان فتح خان نے ۱۸۱۸ء مین برٹش گورنمنٹ کے ساتھ افتخار تعلق حاصل کیا اور آپکے والد دیوان زورآور خان نے ۱۸۵۷ء کے پرآشوب زمانۂ غدر مین گورنمنٹ برطانیہ کے ساتھ کمال وفاداری اور خیر خواہی ظاہر کی۔ اُنکی وفات پر ۲۸۔ اگست ۱۸۷۸ء کو واقع ہوئی ہزہائنس دیوان سر شیر محمد خان مسند ریاست پر جلوہ افروز ہوے۔ دیوان زورآور خان بڑے فیاض رحمدل۔ خدا ترس اور منتظم رئیس تھے۔ اپنے والد بزرگوار کیطرح آپ کو بھی برٹش گورنمنٹ سے کمال ارادت ہے اور آپنے جنگ افغانستان ۱۸۷۹-۸۰ء اور دیگر مواقع پر برٹش گورنمنٹ کو قابل قدر مدد دی ہے ہزہائنس نے بگھوٹی سسٹم اور تقاوی فنڈ کے ذریعہ سے اپنی رعایا کو غیر مزروعہ زمین کے قابل زراعت بنانے کی بہت بڑی ترغیب دلائی ہے۔ اسیطرح اپنی عالی حوصلگی سے صیغۂ تعلیم صنعت وحرفت کو ترقی دی ہے اور محکمۂ حفظان صحت۔ عدالتہاے انصاف۔ عمل ٹیکہ اور شفاخانون وغیرہ کے قیام واجرا سے اپنی رعایا مین ایک خاص ہر دلعزیزی پیدا کی ہے۔ ہزہائنس نے ملکۂ وکٹوریہ مرحومہ کی پنجاہ سالہ جوبلی کی یادگار مین محصول راہداری یکلخت معاف کر دیا اور ۱۸۹۲ء مین بیگار کی قدیم جابرانہ رسم بالکل موقوف کر دی۔ آپ کے حسن انتظام کی قدر دانی مین گورنمنٹ عالیہ نے ۱۸۷۷ء مین علم شاہی ۱۸۸۵ء مین لقب ہزہائنس ۱۸۹۳ء مین۔ کے سی۔ آئی۔ ای۔ اور ۱۸۹۸ء مین جی۔ سی۔ آئی۔ ای۔ کا معزز خطاب عطا فرمایا۔ آپکے دو صاحبزادے ہین۔ بڑے صاحبزادہ کا نام سردار طالع محمد خان ہے جو ولیعہد ریاست اور بڑے بیدار مغز اور علم دوست رئیس ہین آپکی ولادت ۷۔ جولائی ۱۸۸۳ء کو واقع ہوئی اور ۷۔ جولائی ۱۹۰۲ء کو امپیریل کیڈٹ کور مین داخل ہوے علم تاریخ کا آپکو بڑا شوق ہے چھوٹے صاحبزادہ یاور حسین خان ۹ مئی ۱۸۸۷ء کو پیدا ہوے اور تحصیل علوم مین مصروف ہین۔ ریاست کا رقبہ تین ہزار ایک سو ستتر مربع میل مردم شماری (۱۹۰۱ء) دو لاکھ بائیس ہزار چھ سو ستائیس۔ تعداد دیہات پانچسو نو۔ آمدنی تقریباً ساڑھے چار لاکھ روپیہ اور سلامی گیارہ ضرب ہے



شہزادہ طالع محمد خان بہادر ولیعہد ریاست پالن پور



ہزہائنس سرمان سنگھ جی سورسنگھ جی۔ کے۔سی۔ایس۔آئی۔ ٹھاکر صاحب پالیتانہ

پالیتانہ

سر مان سنگھ جی سور سنگھ جی۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔

ٹھاکر صاحب پالیتانہ

ولادت سنہ ۱۸۶۲ء۔ مسند نشینی ۷۔ دسمبر سنہ ۱۸۸۵ عیسوی۔ آپ گوہیل راجپوت شہاجی کی نسل سے ہین جنکو راے جوناگڈھ نے انکی ہمشیرہ ولم کنوریہ کی شادی کی تقریب مین ماندوی کا ایک ضلع عطا کیا تھا۔ شہاجی ہی ریاست پالیتانہ کے بانی اور ٹھاکر سور سنگھ جی سابق والی پالیتانہ کے فرزند اکبر ہین۔ انکی وفات پر جو سنہ ۱۸۸۵ عیسوی مین واقع ہوئی آپ مسند نشین ہوے آپنے ایک پرایوٹ اتالیق سے تعلیم پائی ہے اور علاوہ وسیع معلومات کے انگریزی زبان مین کامل مہارت رکھتے ہین۔ آپ ایک وجیہ اور شکیل رئیس ہین آپ کو مردانہ کھیلون اور انتظامی امور سے کمال دلچسپی ہے۔ گھوڑون کا بھی آپکو خاص شوق ہے اور فن بیطاری اور فوٹوگرافی مین نہایت مشاق ہین۔ آپ کی تین شادیان ہوئی ہین اور ایک صاحبزادہ اور ایک صاحبزادی ہے۔ صاحبزادہ اور وارث ریاست کا نام کنور سری بہادر سنگھ جی ہے جو سنہ ۱۹۰۰ء مین تیسری رانی سے پیدا ہوے تھے۔ سنہ ۱۸۹۶ء مین آپ کو کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ کا خطاب عطا ہوا۔ کوہ سترنجے اسی ریاست مین واقع ہے جو جینیون کے رفیع و عالیشان مناد رکے لیے نہایت مشہور ہے اور اسمین دو روئی اوٹنے کی کلین۔ انگلش اسکول۔ مان سنگھ جی گرل اسکول۔ تعلقہ اسکول۔ شفاخانہ اور مان سنگھ جی ہاسپٹل کے علاوہ اور بہت سی خوبصورت عمارتین ہین۔ ریاست کی خاص تجارتی اشیا روئی اور رال ہین۔ ریاست کا رقبہ دو سو نواسی مربع میل ہے۔ آبادی باون ہزار آٹھ سو چھپن اور محاصل چار لاکھ بچھتر ہزار ہے۔ سلامی نو ضرب توپ مقرر ہے۔

دھرول

ٹھاکر صاحب شری ہری سنگھ جی والی ریاست دھرول

ولادت ۲۴-جون ۱۸۴۵ء-مسند نشینی ۴-نومبر ۱۸۸۶ء-قدیم روایت کے مطابق اس حکمران خاندان کو نسباً خاندان جام نگر سے تعلق ہے جسکو جام اول جی برادر ہر دھور جی نے آباد کیا تھا-یہ دونون نبرد آزما بھائی اوائل سوطھوین صدی مین قسمت آزمائی کے لیے گھر سے باہر نکلے اور اُنھون نے بزور شمشیر دو ریاستین قائم کین جنپر دونون جداگانہ طور پر حکمران ہوے-ہر دھور جی کے بعد اُنکے بیٹے جسوجی جانشین ہوے جنکی پانچوین پشت مین کالوجی گزرے ہین اور وہ اپنے شجاعانہ کارنامون کے واسطے مشہور ومعروف ہین-۱۸۴۵ء مین جے سنگھ جی گدی نشین ہوے-اُنھون نے ریاست مین بہت سی اصلاحین کین اور تعمیرات عامہ بنوائین-آپ ہر دھور جی کی سوطھوین پشت مین ہین-آپ کے دو بیٹے اور چار پوتے ہین-ولیعہد کا نام کمار شری دولت سنگھ جی ہے-دوسرے بیٹے کو سمت سنگھ جی کہتے ہین-یہ دونون فرزند صاحب اولاد ہین اور دونون صاحبون نے راجکمار کالج مین تعلیم پائی ہے. جہان آپکے دو پوتے فی الحال اکتساب علوم مین مصروف ہین-آپ نے اُن اصلاحات کو جو آپکے والد بزرگوار نے شروع کی تھین بہت بڑی وسعت دی ہے-آپنے ایک کلاک ٹاور (گھنٹہ گھر) سڑکین-تالاب-زنانہ اسکول-اسپتال-تارگھر-چاہات وغیرہ تعمیر کیے ہین-علاوہ برین آپنے اپنی بود و باش کے لیے دارالریاست مین ایک شاندار محل اور سرپداو مین ایک وسیع کچہری بنوائی ہے-بنارس اور دیگر مقدس مقامات کے تیرتھ کے وقت آپنے بالائی اور وسط ہند کے مشہور مقامات کی بھی سیر کی ہے-آپکو بحیثیت رؤساے درجۂ دوم تمام دیوانی و فوجداری کے اختیارات حاصل ہین-ریاست کا رقبہ دوسو تراسی مربع میل آبادی اکیس ہزار نوسو چھ-آمدنی پندرہ لاکھ روپیہ ہے اور سلامی نو ضرب توپ ہے-



ہز ہائینس ٹھاکر صاحب سری ہری سنگھ جی والی دھرول

سونتھ

مہارانا شری ورآور سنگھ جی والی سونتھ

ولادت ۲۴ - مارچ سنہ ۱۸۸۱ء مسند نشینی ۳۱ - اگست سنہ ۱۸۹۶ء عیسوی - آپ پنوار راجپوت ہین - آپکا اصلی وطن اُجین تھا - آپ اسی خاندان سے تعلق رکھتے ہین جنمین راجہ بکرماجیت اول صدی مین اور راجہ بھوج والیٔ اُجین گیارھوین صدی مین پیدا ہوے تھے - اس خاندان نے دسوین صدی مین اُجین سے نقل وحرکت کرکے اولاً جھالور مین سکونت اختیار کی اور پھر تیرھوین صدی مین رانا ظالم سنگھ کے بیٹے سونتھ نے اپنے نام سے اس ریاست کی بنیاد ڈالی - اس خاندان کا توسل سرکار انگریزی کے ساتھ پہلے پہل سنہ ۱۸۰۳ء مین ہوا - سنہ ۱۸۱۹ء مین سیندھیا نے سونتھ پر حملہ کیا تھا مگر برٹش گورنمنٹ نے مداخلت کی - مہارانا بھون سنگھ نے سنہ ۱۸۷۲ء مین لاولد انتقال کیا - سرکار انگریزی نے رانی صاحبہ کو ورثا مین سے کسی کے انتخاب کا اختیار دیا اُنھون نے پرتاب سنگھ کو منتخب کیا - سرکار انگریزی نے انکو والی ریاست تسلیم کیا اور ایک سال کا محاصل بطور نذرانہ تجویز ہوا - سنہ ۱۸۹۰ء مین اختیار تبنیت عطا ہوا - انکی وفات پر سنہ ۱۸۹۶ء مین مہارانا حال مسند نشین ہوے - رقبۂ ریاست تین سو چورانوے مربع میل ہے اور آبادی چوہتر ہزار دو سو اٹھتر - محاصل دو لاکھ اور سلامی نو ضرب توپ ہے -

سچین

نواب سیدی نجف علیخان نواب سچین

ولادت سنہ ۱۸۸۶ء ۔ مسند نشینی فروری سنہ ۱۸۸۷ء ۔ آپ حبشی النسل سنی مسلمان ہین ۔ یہ خاندان حبشی سیدیان ڈنڈا راجہ پورا ور جنجرہ کے نام سے مشہور ہے ۔ اس خاندان کے بزرگ شاہان احمد نگرا ور بیجاپور کے بیڑۂ جہازات کے امیر البحر تھے ۔ من بعد شہنشاہ اورنگ زیب نے بھی سنہ ۱۶۶۰ء مین انکو اسی عہدہ پر ممتاز فرمایا ۔ سنہ ۱۷۸۴ء مین بابو میان سیدی وارث ریاست جنجرہ کو اسی خاندان کی ایک چھوٹی شاخ نے ملک سے جلاوطن کردیا جنکے پاس اب بھی جنجرہ کی ریاست ہے ۔ پیشوا نے انکو حقوق ریاست جنجرہ کے عوض مین سچین عطا کیا ۔ لیکن پیشوا اُن حقوق کو کبھی کام مین نہ لا سکے اور وہ ملک ابتک سیدی خاندان مین ہے ۔ بابو میان نے سنہ ۱۸۰۲ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے ابراہیم محمد یاقوت خان وارث ہوے ۔ یاقوت خان کی وفات پر جو سنہ ۱۸۵۳ء مین واقع ہوئی اُنکے فرزند اکبر سیدی عبد الکریم خان مسند ریاست پر متمکن ہوے ۔ عبد الکریم خان نے سنہ ۱۸۶۸ء مین وفات پائی اور اُنکے بیٹے ابراہیم محمد یاقوت خان کو برٹش گورنمنٹ نے اُنکا جانشین تسلیم کیا ۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۷۳ء مین انتقال کیا اور اُنکے بیٹے نواب عبد القادر خان گدی پر بیٹھے ۔ نواب عبد القادر خان کی جگہ فروری سنہ ۱۸۸۷ء مین نواب حال فرمانروا ہوے ۔ رقبۂ ریاست بیالیس میل مربع ۔ آبادی ریاست اُنیس ہزار ایک سو پچاس جنمین اکثر ہنود ہین اور سلامی نو ضرب توپ ہے ۔



نواب سیدی نجف علیخان نواب سچین

راجکوٹ

ٹھاکر لکھاجی راج باواجی ٹھاکر صاحب راجکوٹ

ولادت سنہ ۱۸۵۶ع مسند نشینی ۱۶-اپریل سنہ ۱۸۹۰ع-آپ جاریجہ راجپوت ہین اور اپنے والد ٹھاکر صاحب باواجی کی وفات پر آپ مسند نشین ہوے-اسی سال آپ کو سند تہنیت عطا ہوئی-آپ کی تعلیم راجکمار کالج راجکوٹ مین ہوئی-آپ کا دارالریاست راجکوٹ اکثر شہزادگان مغربی ہندوستان کی تعلیمگاہ ہے-سنہ ۱۸۹۰ع مین آپ نے راجکوٹ کے سول اسٹیشن کے لیے ایک تالاب تعمیر کیا ہے جسکے معاوضہ مین کاٹھیاوار ایجنسی سے آپکو پانچ سو روپیے ملتے ہین-ریاست ہذا مین اکسٹھ مواضع شامل ہین-رقبۂ ریاست دو سو اکیاسی مربع میل ہے-آبادی (سنہ ۱۹۰۱ع) پچھتر ہزار-محاصل سالانہ دولاکھ روپیہ ہے-برٹش گورنمنٹ کو اٹھارہ ہزار نو سو اکیانوے روپیہ سالانہ اور نواب جوناگڑھ کو دو ہزار تین سو تیس روپیہ خراج دیا جاتا ہے-سلامی نو ضرب توپ ہے-

لمڑی

ٹھاکر صاحب سر جسبونت سنگھ جی۔ کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ والی لمڑی

ولادت ۲۳ مئی ۱۸۵۹ء۔ مسند نشینی یکم اگست ۱۸۷۰ عیسوی۔ آپ راجپوتون کے فرقہ جھالا سے تعلق رکھتے ہین۔ آپ کا سلسلۂ نسب منگوجی خلف ثانی ہرپال دیو سے ملتا ہے جنھون نے دسوین صدی کے آغاز مین ٹپادی مین حکومت کی تھی منگوجی۔ نے جمبو کو اپنا مستقر قرار دیا اور خاندان لمڑی کی بنیاد ڈالی۔ سر جسبونت سنگھ جی منگوجی کی چونتیسوین پشت مین ہین۔ جب آپ صرف تین برس کے تھے تو آپ کے والد ماجد نے ۱۸۶۲ء مین قضا کی۔ اسی سال گورنمنٹ نے آپکی نابالغی کے زمانہ مین ریاست کے انتظام کو اپنے ہاتھ مین لیا اور آپ کی تعلیم و تربیت کا بندوبست کیا۔ پہلے آپکو خانگی طور سے تعلیم دیگئی پھر فروری ۱۸۷۰ء مین آپ راجکمار کالج مین بھیجے گئے۔ یہان آپنے ساتوین اسٹنڈرڈ تک انگریزی پڑھی اور اسکے علاوہ سنسکرت۔ اُردو اور فارسی مین معقول لیاقت پیدا کی اور تمام تعلیمی مدارج نہایت ناموری اور تعریف کے ساتھ طے کیے۔ آپنے اپنی نیک چلنی اور ورزش جسمانی کے سبب سے متعدد انعامات بھی حاصل کیے۔ آپکو شاہزادۂ عالم و عالمیان حضور پرنس آف ویلس بہادر اور حضور ڈیوک آف کیناٹ بہادر اور متعدد ویسرایان ہند سے ملنے کا اتفاق ہوا اور یہ سب حضرات آپ کی قابلیت اور انگریزی دانی سے کمال محظوظ ہوے حضور پرنس آف ویلس بہادر نے آپ کو ایک نقرئی تمغہ عنایت کیا اور فرمایا کہ "مین اِن نوجوان مہاراجہ کو کبھی نہ بھولونگا"۔ ۱۸۷۶ء مین آپ بمعیت مسٹر میکناٹن صاحب پرنسپل انگلستان تشریف لیگئے۔ کاٹھیاوار مین سب سے پہلے آپ ہی نے ولایت کا سفر کیا تھا۔ مسٹر میکناٹن صاحب (پرنسپل راجکمار کالج) نے آپ کو ہر امپیریل مجسٹی امپرس جرمنی کے روبرو پیش کیا اور آپکو انگلستان کی نامی عمارات کی سیر کرائی۔ پھر آپ نے تجارت او صنعت و حرفت کے بڑے بڑے



ہزہائینس سرجسونت سنگھ جی۔کے۔سی۔آئی۔ای ٹھاکرصاحب لمڑی

کارخانون کو ملاحظہ کیا۔ ۱۸۷۹ء مین آپ مسند نشین ہوے اور چھ مہینے کے بعد آپکو کامل
اختیارات عطا کیے گئے اور آپ نے صیغۂ مال۔ عدالت مینوسپل اور امور عامہ سے آگہی
پیدا کی اور اٹھارہ برس کے سن مین بڑی لیاقت و فراست سے سب کام انجام دیے۔ آپکی
عمدہ تعلیم و تربیت اہم معاملات سیاست مین آپ کی دقت نظر اور فصیح انگریزی مین آپ کے
اداے خیالات کی قابلیت کو دیکھکر سر جمیس فرگسن صاحب گورنر بمبئی نے ۱۸۸۴ء مین آپکو
مجلس واضعان آئین و قوانین کا ممبر منتخب کیا۔ آپ نے اس منصب کی خدمات نہایت دانائی
و بیدار مغزی سے انجام دین حتیٰ کہ جب آپ کی میعاد ممبری ختم ہوئی تو لارڈ رے صاحب
نے آپ کی علٰحدگی پر اپنا دلی افسوس ظاہر کیا۔ جب ۱۸۸۷ء مین حضور ملکۂ قیصرۂ مرحومہ کی
پہلی جوبلی ہوئی تو آپ بھی منجملہ اُن تین رئیسون کے تھے جو رؤساے کاٹھیاوار کے
قائم مقام بنکر انگلستان گئے تھے۔ آپ کو وہان علیاحضرت مرحومہ نے بکمال مراحم خسروانہ
باریابی کا شرف بخشا اور ہنگام باریابی اپنے دست مبارک سے آپکو کے سی۔ آئی۔ ای
کا تمغہ مرحمت فرمایا اور اسی کے ساتھ اپنی ایک شبیہ خاص بھی عطا کی۔ اس سفر مین آپنے اسکاٹلینڈ
اور آئرلینڈ کے علاوہ ممالک متحدہ امریکہ کی بھی سیاحت کی۔ وہان پریسیڈنٹ کلیولینڈ صاحب
نے آپ سے ہوایٹ ہوس مین بمقام واشنگٹن ملاقات کی۔ پھر آپ نیویارک۔ بوسٹن۔ چکاگو۔
نیاگرا کو ملاحظہ فرماتے ہوے سین فرانسسکو کو تشریف لے گئے۔ اس سیر و سیاحت سے
آپ کے خیالات مین وسعت اور طبیعت مین بڑی اولوالعزمی پیدا ہوئی۔ آپ تعلیم
کے ایک نہایت پُرجوش حامی و سرپرست ہین۔ آپ نے مقامی مدرسون مین نمایشگاہون
کی بنیاد ڈالی ہے اور آپ نے غریب اور قابل طلبا کے واسطے وظائف مقرر کیے ہین۔
آپ نے انگلستان مین اپنے افسران ریاست اور ریزاخوان ریاست کے قیام کا بندوبست
کیا ہے۔ چنانچہ انمین سے ایک نے طب کی ڈگری حاصل کی ہے اور دو صاحب بیرسٹری
کی تعلیم پا رہے ہین۔ آپ تعلیم نسوان کے مؤید ہین اور اس بارہ مین آپ نے بڑی اعانت

کی ہے۔ آپ نے وسائل آبپاشی کے واسطے نہرین کُھدوائین۔ اور بند بندھوائے ہین اور اپنے زراعت پیشہ لوگون کی بہتری کے واسطے آپ نے نقدی کے بجاے جنس لینے کا بندوبست کر دیا ہے۔ آپ نے ریاست مین لوکل سلف گورنمنٹ کا بھی تخم بویا ہے اور ریاست کے جوڈیشل اور ملکی انتظام مین بڑی اصلاح کی ہے۔ ریاست کا رقبہ تین سو تینتالیس مربع میل آبادی اکتیس ہزار دو سو ستاسی اور سالانہ محاصل تقریباً پانچ لاکھ روپیہ ہے اور سلامی نو ضرب توب ہے۔





ہز ہائینس سلطان عوض بن عمر القعیطی سلطان نواز جنگ بہادر۔ والی شحر و مکلا



پرنس غالب بن عوض بن عمر القعیطی جانباز جنگ بہادر شحر و مکلاً

شحر و مکلا

ہز ہائینس سلطان عوض بن عمر القعیطی سلطان نواز جنگ شمشیر الملک شمشیر الدولہ بہادر۔ سلطان شحر و مکلا

ہز ہائینس سلطان عوض کے والد عمر بن عوض قبیلہ قعیطی کے ایک رکن تھے۔ قبیلۂ قعیطی دراصل قبیلۂ یافعی کی ایک شاخ اور عرب کے مشہور قبائل مین سے ہے۔ اُنکا وطن شبام تھا جو فی الحال ریاست شحر و مکلا کا ایک حصہ ہے۔ اوائل صدی گذشتہ مین وہ حیدر آباد مین آئے تمام عمر یہین رہے اور یہین ۱۸۶۵ء مین انتقال کیا۔ سرکار نظام نے اُنکو جانباز جنگ کا خطاب عطا کیا تھا اور ایک تُمنِ عرب (جن مین کچھ ولایتی اور کچھ مولد یعنی ہندوستان زاد تھے) اُنکی ہمراہی مین تھے۔ اُنھون نے گوتن اور حضر موت مین بہت سی جائداد پیدا کی تھی جسکو بذریعہ وصیت نامہ کے اپنے پانچ فرزندون پر تقسیم کر دیا۔ منجملہ پانچ فرزندون کے تین کو اپنا وصی قرار دیا۔ کارخانہ اور ثلث جائداد اپنے اوصیا کو دی اور باقی جائداد علی اور محمد دو بیٹون پر تقسیم ہوگئی۔ بنا در شحر و مکلا کے علاوہ بہت سا ملک قبیلۂ یافعی کے قبضہ مین تھا مگر ۱۸۵۵ء مین اُنکے دشمن قبیلہ کاثری نے اُنکو ملک مقبوضہ سے باہر نکال کر خود قبضہ کر لیا صرف گوتن قبضہ مین رہ گیا۔ آپ نے بذات خود اپنے قبیلہ کو لیکر شبام اور حورا کو فتح کیا۔ بعدہ آپ اپنے بھائی عبد اللہ کو اپنا قائم مقام کر کے خود ہندوستان چلے آئے۔ ۱۸۶۶ء مین شحر کو غالب بن حسن کاثری نے افواج ترک متعینہ مکۂ معظمہ کی مدد سے علی بن ناجی گورنر سے چھین لیا اُسوقت آپ کا وہان جانا ضرور ہوا۔ آپ خود مکلا تشریف لیگئے اور وہان سے جبل یافعی پر فوج جمع کی اور ۱۸۶۷ء مین شحر پر گولہ باری کر کے اُسے فتح کر لیا۔ اسکے بعد آپ ۱۸۶۹ء مین ہندوستان کو واپس آئے۔ اور اپنے بھائی عبد اللہ کو مثل سابق

حکومت گوتن بشام اور حورا پر بطور اپنے قائم مقام کے چھوڑا۔ سنہ ۱۸۷۷ع کے دربار دہلی مین آپ کے لیے بارہ ضرب توپ سلامی مقرر ہوئی۔ عبد اللہ نے سنہ ۱۸۸۸ع مین انتقال کیا۔ اس واقعہ پر ماتم پرسی کا ایک خط رزیڈنٹ عدن کی طرف سے آپ کے نام آیا اور آپ سے استفسار کیا گیا کہ عبد اللہ کی جگہ کس کو مقرر کیا جائے۔ آپ نے اس مراسلہ کے جواب مین جو خط تحریر کیا اُس مین ظاہر کیا کہ عبد اللہ کے بجاے آپ کے ایک فرزند حسین بمقام شحر و مکلا نائب مقرر ہون اور دوسرے فرزند مناصر بشام وغیرہ مین نائب کیے جائین۔ اسکے بعد دسمبر سنہ ۱۸۸۸ع مین ایک مراسلہ رزیڈنٹ عدن کی جانب سے آپ کے نام آیا اور دریافت کیا گیا کہ صلحنامہ سنہ ۱۸۸۲ع عیسوی کے موافق جو رقم بطور مشاہرہ عبد اللہ کو دیجاتی تھی اب کس کو دیجاے۔ آپ نے تحریر کیا کہ وہ میری جانب سے میرے نائب حسین کو دیجائے چنانچہ اسی تحریر کے موافق عمل درآمد ہوا۔ مگر بعدہٗ ثابت ہوا کہ دونون نائب سرتابی کی طرف مائل ہین اور آپ کے دشمنون سے سازش کرتے ہین لہذا آپ خود عرب تشریف لے گئے اور اُن دونون کو معزول کردیا اور اپنے بڑے فرزند غالب بن عوض کو اپنا قائم مقام مقرر کیا اور ان دونون باتونکی بھی اطلاع رزیڈنٹ عدن کو دیکر ہندوستان واپس آئے۔ جون سنہ ۱۹۰۲ع مین آپ نے ایک ایڈریس عربی زبان مین ایک طلائی صندوقچہ مین محفوف کر کے بتوسط گورنمنٹ بمبئی قیصر ہند ایڈورڈ ہفتم کی خدمت مین ارسال کیا۔ آپ اب تک جمعدار شحر و مکلا کے لقب سے مشہور تھے مگر بلحاظ آپ کی قدر و منزلت کے منجانب سرکار اعلان کیا گیا کہ آیندہ آپ بہ لقب "ہز ہائینس سلطان شحر و مکلا" مخاطب کیے جائین اور نو ضرب کی سلامی مستقل مقرر ہوئی۔ سرکار نظام نے آپ کو سلطان نواز جنگ شمشیر الملک شمشیر الدولہ بہادر کا خطاب مرحمت فرمایا ہے آپکے دو فرزند ہین اور اُنکا تذکرہ صوبۂ بمبئی مین مندرج ہے۔ سکونت حیدرآباد۔



ہز ہائینس سر سیدی احمد خان سیدی ابراہیم خان - کے - سی - آئی - ای - والی جنجیرہ

جنجیرہ

نواب سر سیدی احمد خان سیدی ابراہیم خان

کے۔سی۔آئی۔ای۔نواب صاحب جنجیرہ

ولادت ۳۱۔اگست ۱۸۶۲ء۔یہ ریاست سابق مین احمد نگر کے نظام شاہی بادشاہون کی سلطنت کا ایک جزو تھی۔ ۱۶۰۰ء مین مغل احمد نگر پر قابض ہوے اور ہرچند ملک عنبر اعظم نے بہت جلد اپنے بادشاہ کا علاقہ واپس کرلیا مگر مقامی کاغذات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۶۱۸ء تک مغلون کی جانب سے جنجیرہ کے گورنر مقرر ہوا کرتے تھے۔ ۱۶۱۸ء مین سیدی سرل خان منصب گورنری پر مامور ہوے۔ ۱۶۲۰ء مین سیدی یاقوت خان اور دوسرے سال سیدی عنبر جو سنک کے نام سے مشہور تھے جانشین ہوے۔سیدی عنبر سنک ہی نے اپنی آزادی قائم کی اور اس خاندان کے بانی تھے۔اس خاندان کے فرمانروا نواب کہلاتے ہین اور یہ خطاب شہنشاہ اورنگ زیب نے اُنکو عطا کیا تھا۔سیدی عنبر سنک نے ۱۶۴۲ء تک حکومت کی اور اُنکی وفات کے بعد سیدی یوسف خان۔سیدی فتح خان۔سیدی خیرات خان۔سیدی یعقوب خان۔سیدی سرل خان۔سیدی سنبل خان۔سیدی عبدالرحمن خان۔سیدی حسنخان۔سیدی سید خان۔سیدی ابراہیم خان۔سیدی محمد خان سیدی جوہر خان۔سیدی حمرود خان۔سیدی ابراہیم خان۔سیدی محمد خان۔سیدی ابراہیم خان یکے بعد دیگرے مسند ریاست پر متمکن ہوتے آئے۔انمین سیدی خیرات اور سیدی یعقوب اپنے زمانۂ حکمرانی مین نہایت نامور اور شجاع گذرے ہین۔بیان ہوا ہے کہ سترھوین صدی مین مرہٹے اور پیشوا جنجیرہ کے سیدی فرمانراؤن سے جنگ کیا کرتے تھے اور اُن کو اپنے مقبوضات سے محروم کرنے کی کوشش مین تھے۔لیکن وہ اس لڑائی بھڑائی اور جنگ و

جدال کے زمانہ مین بھی اپنے تئین سنبھالے رہے مگر ۱۷۳۶ء مین ایک شخص شیخ جی نامے جو جنجیرہ کا خاص صوبہ دار تھا پیشوا سے خفیہ طور پر مل گیا اور اُسنے قلعہ جنجیرہ کے بعض دیگر صوبہ دارون کو اپنی طرف کر لیا جس سے سیدی سردارون کی قوت بہت کچھ کمزور ہو گئی اور بالآخر پیشوا سے ایک معاہدہ ہوا جسکی روسے اُنکو گیارہ محالون مین سے ساڑھے چار اُنکے حوالے کر دینے پڑے - دسمبر ۱۷۳۳ء مین برٹش گورنمنٹ سے ایک معاہدہ ہوا ۱۷۵۹ء مین گورنمنٹ جنجیرہ نے جعفرآباد پر قبضہ حاصل کیا اور اپنے سردارون اور افسرون کو اُسکے انتظام کے لیے مقرر کیا - ریاست کی ایک ذاتی ٹکسال تھی جو ۱۸۳۴ء مین جب برٹش گورنمنٹ نے ریاست جنجیرہ کو اپنا ماتحت قرار دیا بند کر دی گئی - مگر یہ ریاست کسی کو خراج نہین دیتی ہے اور درحقیقت بالکل خودمختار رہے اور برٹش گورنمنٹ کے ساتھ اسکے تعلقات نہایت دوستانہ ہین - ۱۸۴۸ء مین سیدی محمد خان نے جو نواب صاحب کے دادا تھے بائیس برس تک امن وامان کے ساتھ حکومت کرکے اپنے بیٹے سیدی ابراہیم کے حق مین تخت چھوڑ دیا سیدی ابراہیم خان کی مسند نشینی کے چند سال بعد اُن مین اور جنجیرہ کے سردارون مین جھگڑا ہوا اور ۱۸۶۹ء مین گورنمنٹ نے ریاست کے انتظام مین ابتری پاکر اُنکے فوجداری کے اختیارات چھین لیے اور ایک رزیڈنٹ کو یہ اختیار عطا کیا - اُسوقت سے پولیٹیکل افسر کی معرفت گورنمنٹ سے خط وکتابت شروع ہوئی - ۱۸۷۰ء مین سیدی سردارون نے نواب کی عدم موجودگی سے استفادہ کرکے جو اُندنون بمبئی مین تھے اُنکو گدی سے اُتار کر موجودہ نواب صاحب کو بحالت نابالغی گدی پر بٹھا دیا - بالآخر نواب صاحب سابق چند شرائط کے ساتھ گدی پر بٹھا دیے گئے - ۱۸۷۳ء مین سیدی سردارون نے نواب صاحب کی اطاعت قبول کی - ۱۸۷۹ء مین نواب سیدی ابراہیم خان نے قضا کی اور تین بیٹے چھوڑے سیدی احمد خان اُنکی منکوحہ بیوی فاطمہ بی بی کے لڑکے ہین - اُنکی وفات پر جانشینی کی نسبت پھر جھگڑا ہوا - بالآخر گورنمنٹ نے سیدی احمد خان کو جائز وارث قرار دیکر بڑی دھوم دھام

سے مسند نشین کیا۔ نوجوان نواب صاحب نے راجکمار کالج مین تعلیم پائی اور اپنے یوروپین پروفیسرون کو اپنی جودت اور قابلیت سے بہت خوش کیا ہے۔ آپ ۱۸۸۱ء عیسوی تک راجکمار کالج مین پڑھتے رہے اور انگریزی۔ مرہٹی۔ گجراتی۔ فارسی اور اُردو مین معقول دستگاہ رکھتے ہین۔ تحصیل علمی سے فارغ ہونے کے بعد آپ نے کچھ دنون تک اسسٹنٹ پولیٹکل ایجنٹ کے ساتھ کام کیا اور نظم و نسق ریاست مین کماحقہ واقفیت اور آگاہی حاصل کی ۱۱۔ اکتوبر ۱۸۸۳ء کو آپ کو اپنی ریاست کے پورے اختیارات عطا ہوئے۔ آپکی رعایا آپ کے عہد حکومت مین نہایت مطمئن اور خوشحال ہے۔ ہندو اور مسلمانون مین اب کوئی جھگڑا نہین ہوتا۔ باقاعدہ عدالت گاہین قائم ہوگئی ہین اور آپ بہ نفس نفیس کُل کامونکو ملاحظہ فرماتے ہین اور اب وکٹوریہ جوبلی واٹر ورکس جاری ہوا ہے۔ پختہ سڑکین بھی بکثرت تیار ہوگئی ہین رعایا کی تعلیم کے لیے متعدد مدرسے کھولدیے گئے ہین۔ بڑے بڑے مقامات پر سرکاری شفاخانہ ہین جہان رعایا کو مفت دوا ملتی ہے تجارت کی حالت نہایت سرسبز ہے اور ریاست کے ہر صیغہ مین اصلاح کی صورت پائی جاتی ہے۔ نواب صاحب ایک قادر نشانہ باز اور شہسوار ہین اور سیر و شکار سے بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین۔ اپنے حسن اخلاق اور انصاف سے اپنی رعایا مین ایک خاص ہر دلعزیزی آپ کو حاصل ہے۔ ۱۸۹۵ء مین آپ کے حُسن انتظام کے صلہ مین آپ کو کے سی۔ آئی۔ ای۔ کا خطاب عطا ہوا۔ بمبئی کے مشہور خاندان طیب جی مین مسٹر حاجی حسن علی فیضی کی دختر نیک اختر سے آپکی شادی ہوئی ہے جو کشیدہ موسیقی اور دیگر فنون لطیفہ مین اعلیٰ درجہ کی مشاق ہین اور انگریزی فارسی اُردو و گجراتی اور مرہٹی زبانون سے بخوبی واقف ہین۔ ابھی آپ کے کوئی اولاد نہین ہے۔ ریاست کا رقبہ تین سو چھبیس مربع میل۔ آبادی (۱۹۰۱ء) پچاس ہزار تین سو بانوے اور محاصل پانچ لاکھ ہے۔ سلامی نو ضرب توپ ہے۔

بالاسنور

نواب منور خان جی بابی والی ریاست بالاسنور

ولادت سنہ ۱۸۴۴ء - آپ نومبر سنہ ۱۸۸۲ء مین اپنے والد زور آور خان جی کے بجاے مسند نشین ہوے - یہ خاندان سردار محمد خان پسر کلان بہادر خان (جو شیر خان بابی کی نوین پشت مین تھے) کی نسل مین ہے - سترھوین صدی مین آپ کے بزرگ شاہنشاہ دہلی کے دربار مین خدمت حاجب الباب پر منصوب تھے یہی وجہ اس لقب بابی کی ہے - بہادر خان جی کے چھوٹے بیٹے مہابت خان جی کی نسل سے ایک دوسری شاخ والیان ریاست جوناگڈھ کی مورث اعلیٰ تھی - سردار محمد خان کے بعد مسند ریاست بالاسنور اور بیرپور پر اُن کے بیٹے جمعیت خان متمکن ہوے اور اُنکے بعد صلابت خان اُنکے جانشین ہوے - صلابت خان نے مئی سنہ ۱۸۰۲ء مین انتقال کیا اور اُنکے چچازاد بھائی عابد خان اُنکے جانشین ہوے - ریاست بالاسنور سرکار پیشوا اور گیکواڑ کی خراجگزار تھی - جب پیشوا کے حقوق سرکار انگریزی کی طرف منتقل ہوے تو ریاست بالاسنور سرکار عظمیٰ کی پولٹیکل حمایت مین داخل ہوئی - یہ ریاست بارہ ہزار چھ سو چھیانوے روپیہ سرکار انگریزی کو ادا کرتی ہے - سنہ ۱۸۲۲ء مین عابد خان ریاست سے علیحدہ کیے گئے اور بجاے اُنکے اُنکے بھائی عیدل خان مسند نشین ہوے - اُنھون نے سنہ ۱۸۳۱ء مین انتقال کیا اور اُنکی جگہ زور آور خان مسند آراے حکومت ہوے اُنھون نے سنہ ۱۸۸۲ء مین انتقال کیا - منور خان جی والی ریاست حال نواب زور آور خان کے بڑے فرزند ہین سنہ ۱۸۹۰ء مین سند جانشینی حسب شرع محمدی آپکو عطا ہوئی - رقبہ ایک سو نواسی مربع میل - آبادی (سنہ ۱۸۹۱ء) ترپن ہزار دو سو اُنچاس محاصل ایک لاکھ بیالیس ہزار سات سو پچاس اور سلامی نو ضرب توپ ہے -

بانسدہ

مہاراول شری پرتاب سنگھ جی گلاب سنگھ جی والی بانسدہ

ولادت ۶- دسمبر ۱۸۶۳ء مسند نشینی ۶- مارچ ۱۸۷۶ء- آپ سولنکھی راجپوت اور ملدیو جی کی نسل مین ہین- ریاست بانسدہ سرکار پیشوا کو بحساب چوتھ سات ہزار روپیہ ادا کرتی تھی عہدنامہ بسین کے بعد یہ حق سرکار انگریزی کی جانب منتقل ہوا اور اُس وقت سے یہ ریاست سرکار انگریزی کی مطیع ہے اور سات ہزار تین سو اکاون روپیہ بطور خراج کے لیا جاتا ہے- مہاراول ہمیر سنگھ ۱۸۲۹ء مین مسند نشین ہوے اور اُنکو سند تبنیت بھی حاصل ہوئی تھی- مہاراول موصوف نے ۱۸۶۱ء مین انتقال کیا اور اُنکی وفات کے بعد بجاے اُنکے مہاراول گلاب سنگھ جو راول موصوف کے یک جدی رشتہ دار تھے مسند نشین ہوے اُنھون نے ۱۸۷۶ء مین انتقال کیا اور بجاے اُنکے اُنکے اکلوتے بیٹے مہاراول پرتاب سنگھ جی مسند آراے ریاست ہوے- رقبۂ ریاست دو سو پندرہ مربع میل- آبادی ۱۸۹۱ء اکتالیس ہزار تین سو تہتر اور محاصل دو لاکھ پینتالیس ہزار نو سو چھبیس اور سلامی نو ضرب توپ ہے-

دھرم پور

مہارانا سری موہن دیوجی نارائن دیوجی والی دھرم پور

ولادت ۱۸۶۳ء مسند نشینی ۱۸۹۱ء - آپ سورج بنسی سیسودیہ راجپوت ہین - اس خاندان مین مہارانا کا خطاب ایک نامعلوم مدت سے چلا آتا ہے - اس خاندان کے بزرگ ابتداے عہد انگریزی سے ضلع سورت مین حکمران تھے - مرہٹے اس ریاست سے نو ہزار روپیہ چوتھ لیتے تھے جو معاہدہ بسین کے بموجب برٹش گورنمنٹ کو منتقل ہوا - راجہ صاحب کو سند تبنیت حاصل ہے - آپکے والد راجہ نرائن دیو کو جنھون نے ۷ ستمبر ۱۸۹۱ء کو انتقال کیا ہز ہائینس کے لقب سے مخاطب کیے جانے کی عزت حاصل تھی - راجہ نرائن دیو کے بعد آپ مسند نشین ریاست ہوے - ریاست کا رقبہ سات سو چورانوے مربع میل - آبادی (۱۸۹۱ء) ایک لاکھ بیس ہزار چارسو اٹھانوے محاصل دو لاکھ اڑسٹھ ہزار اکاسی و سلامی نو ضرب توپ ہے -

ودھوان

ٹھاکر صاحب سری بل سنگھ جی والی ودھوان

ولادت ۱۸۶۵ء حصول اختیارات ۱۸۸۵ء ۔ آپ اُس جھالا راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکی نسل سے والیان دھرنگدرہ اور ونکانیر ہین ۔ آپ چند یا سنگھ جی کے خلف ثانی اور راجہ سنگھاجی کے پوتے ہین ۔ آپ نے ۱۸۷۳ء سے ۱۸۸۱ء تک راجکمار کالج راجکوٹ مین تعلیم پائی ہے ۔ جب ۱۸۸۱ء مین آپ نے کالج چھوڑا تو آپ کے برادر معظم نے مختلف خدمات ریاست آپ کو تفویض کین ۔ چنانچہ آپ نے صیغۂ مال اور پولیس اور جیلخانہ کا انتظام نہایت خوبی اور عمدگی سے کیا اور کچھ دنون بعد آپ دونون صاحب ایک ساتھ انگلستان اور براعظم یورپ کی سیاحت کو روانہ ہوے ۱۸۸۵ء مین آپ کے برادر معظم داجی راج صاحب نے لاولد انتقال کیا ۔ اور آپ مسند ریاست پر متمکن ہوے ۔ اور ۲۰ ۔ نومبر ۱۸۸۵ء کو آپ باختیارات کامل مسند نشین ہوے ۱۸۸۵ء مین آپ نے داجی راج اسکول کھولا جسمین اب دوسو چھہتر طالبعلم پڑھتے ہین ۔ اس مدرسہ کا سالانہ مصارف آٹھ ہزار روپیہ ہے ۔ آپ نے داجی راج واٹر ورکس بھی جاری فرمایا جس سے خلقت کو خفیف ٹکس دینے پر عمدہ پانی میسر آتا ہے ۔ ایک نفیس اور وسیع عمارت زنانہ مدرسہ اور ایک عمدہ بازار سول اسٹیشن ودھوان کے واسطے ٹھاکر صاحب نے تعمیر کرایا ہے صنعتی تعلیم کا بھی آپکو خیال ہے ۔ آپ نے ریاست کے صیغۂ مالگزاری مین بعض محاصل ایسے موقوف فرما دیے ہین جو مزارعین پر شاق اور گران تھے ۔ اور آپ نے دیہاتی بنکون کے کھولنے اور اُنکی حالت درست کرنے سے جاہل رعایا کو مہاجنون کے زیادہ ستانے سے نجات دلوائی ہے ۔ آپ نے اپنے حسن انتظام

سے ریاست کو جملہ دیون سے پاک کیا اور معتد بہ رقمین امورات عامہ مین صرف کی ہین۔
آپ نے سوت کاتنے اور گٹھے باندھنے کا ایک کارخانہ قائم کیا۔ اور دوھوان مین واردین
وصادرین کے واسطے ایک دھرم سالہ تعمیر کرا یا ہے۔ ریاست مین اب تقریبًا بیس اسکول ہین
اور تعلیمات کی مدمین تقریبًا بیس ہزار روپیہ سالانہ کا خرچ ہے۔ آپ نے اپنے ہمقومون کے
واسطے چار وظیفہ (فی وظیفہ اڑھائی سو روپیہ سال کے حساب سے قائم کیے ہین۔ آپ نے اپنی
دختر نیک اختر کی تعلیم کے لیے ایک انگریزی خاتون مقرر کی ہے۔ ریاست کی آمدنی صیغۂ
مال کی چار لاکھ اکتالیس ہزار سات سو چورانوے روپیہ ہین۔ ریاست کا رقبہ دو سو
چھتیس مربع میل۔ اور آبادی (۱۹۰۱ع) بیالیس ہزار چار سو اڑتیس ہے سلامی
نو ضرب توپ ہے۔

ونکانیر

راج صاحب امر سنگھ جی بینی سنگھ جی والی ونکانیر

ولادت ۱۸۷۹ء مسند نشینی ۱۲- جون ۱۸۸۱ء- آپ جھالا راجپوت ہین اور والیان ریاست دھرنگدرہ- لمڑی- ودھوان اور تھان لکھتر کے یک جدی ہین- سابق راج صاحب کا نام بینی سنگھ جی تھا جو ۱۸۴۲ء مین پیدا اور ۱۸۶۱ء مین مسند نشین ہوئے تھے- اُنکی وفات پر جو ۱۸۸۱ء مین واقع ہوئی آپ مسند نشین ہوے مگر زمانۂ نابالغی مین انتظام ریاست ایک کارباری کے سپرد رہا جو سرکار انگریزی کی طرف سے مقرر ہوا تھا- ۱۸۹۰ء مین آپ کو سند اختیارِ تنبیت عطا ہوئی- یہ ریاست درجۂ دوم مین شمار کی جاتی ہے- اس ریاست مین ستاسی مواضع شامل ہین- رقبہ چارسو چودہ مربع میل- مردم شماری (۱۸۹۱ء) اُنتالیس ہزار تین سو اُنتیس- محاصل دو لاکھ اکتیس ہزار روپیہ ہے- سلامی نو ضرب توپ ہے-

لوناواڑہ

مہارانا شری سربخت سنگھ جی دلیل سنگھ جی

کے سی۔ آئی۔ ای۔ والی لوناواڑہ

ولادت ۱۱۔ اگست سنہ ۱۸٦۰ء۔ مسند نشینی (بہ زمانۂ نابالغی) ۷۔ اکتوبر سنہ ۱۸٦۷ء۔

مہارانا سولنکھی راجپوت ہین اور سدراج جے سنگھ فرمانرواے آنہل واڑہ پٹن کی نسل سے ہین۔ مہارانا کے بزرگون نے سنہ ۱۲۲۵ء مین ریاست بیرپور کی بنیاد ڈالی تھی مگر سنہ ۱٤۳٤ء مین رانا بھیم سنگھ نے اُس دار الریاست کو ترک کر کے لوناواڑہ کو جو تاپتی کے اُس پار واقع ہے اپنا دار الریاست بنایا پہلے ریاست لوناواڑہ بڑودہ اور گوالیار کی باجگزار تھی سنہ ۱۸۰۳ء مین اس ریاست کا تعلق سرکار انگریزی سے پیدا ہوا اور سنہ ۱۸٦۱ء مین معاہدہ کے بموجب حقوق ریاست گوالیار سرکار انگریزی کی جانب منتقل ہو گئے۔ سنہ ۱۸٦٦ء مین دلیل سنگھ کو اختیار تبنیت عطا ہوا۔ دلیل سنگھ دلپت سنگھ کے ہم جدی تھے جنکو گورنمنٹ نے منتخب کیا تھا۔ مہارانا دلیل سنگھ نے سنہ ۱۸٦۷ء مین انتقال کیا۔ اُنھون نے مہارانا والی حال کو متبنّی کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی چنانچہ انکی بیوہ رانی کو اس خواہش کی تعمیل کی اجازت دی گئی اور مہارانا سربخت سنگھ جی ۷۔ اکتوبر سنہ ۱۸٦۷ء کو مسند نشین ہوے۔ اور سنہ ۱۸۸۹ء مین کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ کے خطاب سے سرفراز ہوے۔ سنہ ۱۸۹۰ء مین سند اختیار تبنیت عطا ہوئی۔ ریاست کا رقبہ تین سو اٹھاسی مربع میل۔ آبادی (سنہ ۱۸۹۱ء) نوے ہزار ایک سو ترپن محاصل دو لاکھ اکیس ہزار تین سو ہے۔ سلامی نو ضرب توپ۔

بریہ

مہاراول شری مان سنگھ جی والی بریہ

ولادت ۴ - اکتوبر ۱۸۵۵ء مسند نشینی - ۵ مارچ ۱۸۶۴ء - یہ خاندان والیان چھوٹا ناگپور کے مشترک مورث اعلی کی چھوٹی شاخ سے ہے - سرکار انگریزی سے ۱۸۰۳ء مین تعلقات پیدا ہوے - اُس زمانہ مین جسونت سنگھ جی والی ریاست تھے - یہ راجہ سرکار انگریزی کے بڑے وفادار دوست تھے - مہاراول جسونت سنگھ کے بعد اُنکے فرزند مہاراول گنگا داس حکمران ہوے - انکے عہد مین مرہٹہ فوج نے ملک کو غارت و تباہ کر دیا مگر دوامی خراج کا کوئی حق اُنھون نے قائم نہین کیا - انکی قوت ایک برہمن وزیر نے غصب کر لی جس نے اجیر فوج کے ذریعہ سے قرب و جوار کے اضلاع برباد کیے تھے کہ ۱۸۱۹ء مین برٹش گورنمنٹ سے مداخلت کی درخواست کی گئی اور ایک سمجھوتہ عمل مین آیا جس سے ریاست بریہ انکے جور و ستم سے محفوظ رہی - اُنھون نے اگست ۱۸۱۹ء مین انتقال کیا اور روپ جی دیوان ریاست نے حکومت چھین کر بھیم سنگھ کو جنھین پرتھی راج کی ولادت کے قبل ایک رانی نے متبنی کیا تھا گدی پر بٹھا دیا - آخر سرکار انگریزی کی اعانت سے بھیم سنگھ علحدہ کیے گئے اور اصلی وارث پرتھی راج ریاست موروثی پر قابض اور فرمانروا ہوے - مہاراول پرتھی راج کے بعد اُنکے بیٹے مہاراول شری مان سنگھ جی والی حال جانشین ہوے - والی ریاست کو سند اختیار تبنیت حاصل ہے - رقبہ آٹھ سو تہتر مربع میل - آبادی ۱۹۰۱ء ایک لاکھ دس ہزار چھ سو اٹھاسی محاصل دو لاکھ اُنچاس ہزار چار سو اسی ہے - سلامی نو ضرب توپ ہے -

چھوٹا اودے پور

مہاراول شری فتح سنگھ جی والی چھوٹا اودے پور

ولادت ۲۲ - اکتوبر ۱۸۸۴ء مسند نشینی ۲۹ - فروری ۱۸۹۵ء - والیان ریاست ہذا چوہان راجپوت ہین جو سابق مین پاواگڈھ کے فرمانروا تھے - والیان بر یہ ہی خاندان کی نسل مین ہین - یہ ریاست گیکواڑ کی خراج گزار تھی مگر ۱۸۲۲ء کے معاہدے کے مطابق تمام پولیٹکل حقوق سرکار انگریزی کی جانب منتقل ہو گئے ہین صرف ایک رقم معینہ گیکواڑ بڑودہ کو بطریق خراج ادا کیجاتی ہے - پرتھی راج کے بعد جنکے ساتھ معاہدہ ہوا تھا ٹھاکر لکھمان سنگھ مسند نشین ہوے اور اُنکے بعد اُنکے بھتیجے ٹھاکر جیت سنگھ ہوئے اُنھون نے جولائی ۱۸۸۱ء مین انتقال کیا۔ اُنکے بعد اُنکے بیٹے موتی سنگھ اُنکے جانشین ہوے - ۱۸۹۱ء مین انکو اختیار تبنیت عطا ہوا - انھون نے ۱۸۹۵ء مین انتقال کیا اور مہاراول شری فتح سنگھ جی والی حال مسند آراے ریاست ہوے - رقبہ آٹھ سو تہتر مربع میل - آبادی ترانوے ہزار چار سو بیس محاصل دو لاکھ پانچ ہزار پانچ سو - اور سلامی نو ضرب توپ ہے -

ساونت واڑی

سر دیسائی رگھناتھ ساونت بھونسلے راجہ بہادر

والی ساونت واڑی

ولادت ۲۰- ستمبر ۱۸۶۲ء مسند نشینی -۲۹- اگست ۱۸۷۰ء -آپ مرہٹہ خاندان بھونسلا کی ایک شاخ سے تعلق رکھتے ہین -آپ کے مورث منگ ساونت تھے جنھون نے ۱۵۵۴ء کے قریب سلطنت بیجاپور سے انحراف کرکے تاحین حیات آزادی قائم رکھی -اِنکی وفات کے بعد اِنکے جانشین پھر سلطنت بیجاپور کے باجگزار ہوگئے - مگر کھیم ساونت بھونسلے نے جو ۱۶۲۷ء سے ۱۶۴۰ء تک فرمانروا رہے ساہوجی جانشین شیواجی سے اپنے مقبوضات پر پوری فرمانروائی کی تصدیق کرالی -اُنکے بیٹے سورن ساونت نے اٹھارہ مہینے حکومت کی اور انکے جانشین انکے بھائی لکھم ساونت ہوے جنھون نے شیواجی کی اطاعت قبول کی شیواجی نے اِنکو جنوبی کونکن کا مالک قبول کیا جس مین ساونت واڑی بھی شامل تھا- لکھم ساونت کے بھائی پھوند ساونت نے ۱۷۰۹ء مین برٹش گورنمنٹ سے توسل پیدا کیا- پھوند ساونت کے بعد رامچندر ساونت کھیم ساونت پھوند ساونت کھیم ساونت یکے بعد دیگرے فرمانروا ہوے -راجہ کھیم ساونت نے اکتوبر ۱۸۶۷ء مین قضا کی اور اُنکے بیٹے پھوند ساونت عرف اناصاحب مسند نشین ہوے اناصاحب نے ۱۸۶۹ء مین قضا کی اور انکے اکلوتے فرزند فرمانرواے حال مسند آراے ریاست ہوے -ریاست کا رقبہ نوسو چھبیس مربع میل -آبادی (۱۸۹۱ء) تقریبًا دو لاکھ اور محاصل ساڑھے چار لاکھ ہے -سلامی نو ضرب توپ ہے -

فضلی

سلطان فضلی

فضلی جب سے قبضۂ عدن کے بعد ۱۸۳۹ء مین برٹش گورنمنٹ نے معاہدہ کیا تھا نواح عدن کی ایک زبردست اور جنگجو قوم ہے۔سلطان لاہج عرصہ تک قرب وجوار کی اُن قومون کو (جنمین فضلی بھی شامل ہے) جنکی عملداری مین اہل لاہج تجارت کرتے تھے کچھ روپیہ سالانہ بطور مدد کے دیا کرتے تھے۔ابتداءً برٹش گورنمنٹ بھی اُن کو یہ وظائف دیتی رہی۔لیکن جب سلطان فضلی کا برتاؤ قابل اطمینان نہ تھا تو یہ وظیفہ بند کردیا گیا تھا۔آخر احمد بن عبداللہ سلطان جانشین ہوے۔انکی وفات بر جون ۱۸۷۴ء مین واقع ہوئی انکے بیٹے حیدرا جانشین ہوے جو اگست ۱۸۷۷ء مین ہلاک کرڈالے گئے قبیلۂ فضلی نے اُنکے بیٹے احمد کو اپنا سردار مقرر کیا اور برٹش گورنمنٹ نے بھی یہ جانشینی منظور کی۔سلطان فضلی کی آمدنی مع اُس وظیفہ کے جو برٹش گورنمنٹ دیتی ہے دس ہزار ڈالر سالانہ ہے۔سلامی نو ضرب توپ ہے۔

لاہج

سلطان لاہج

لاہج عدن کا ایک ضلع ہے جسکے باشندے ابدالی کہلاتے ہین اِنکے سردار کا لقب سلطان لاہج ہے - سرداران عدن کے ساتھ اول پولیٹکل تعلقات ۱۷۹۹ء مین قائم ہوے یہ اُس زمانہ کا ذکر ہے جب برطانیہ عظمٰی نے ایک بحری فوج ہندوستانی افواج کا ایک دستہ لیکر جزیرۂ بیرم پر قبضہ کرنے اور بحیرۂ ہند مین براہ بحر قلزم مصر کے فرانسیسیون کی آمد و رفت کے روکنے کے لیے بھیجی تھی جزیرہ بیرم افواج کے لیے ناموزون ثابت ہوا اور سلطان لاہج نے کچھ دن تک فوج کو عدن مین مقیم رکھا - اُنھون نے معاہدہ کرنے کی خواہش ظاہر کی اور عدن کو بطور ایک مستقل اسٹیشن کے دینا چاہا مگر گورنمنٹ نے اسکے لینے سے انکار کیا - آخر ۱۸۰۲ء مین برٹش گورنمنٹ کے ساتھ ایک معاہدہ ہوا - اس وقت سے ۱۸۳۷ء تک عدن کے ساتھ کسی قسم کی راہ رسم نہ تھی حتی کہ گورنمنٹ کی توجہ ساحل عدن پر برٹش جہازات کے لوٹے جانے اور ملاحون کے ساتھ بدسلوکی ہونے پر مائل ہوئی - کپتان ہینس صاحب کو ہدایت کی گئی کہ وہ اسکا جواب حاصل کرین - اِسکے ساتھ ہی انسے چاہا گیا تھا کہ وہ ہندوستان اور بحیرۂ قلزم کے مابین آنے جانیوالے جہازون کے کوئلہ کا ڈیپو بنانے کے لیے عدن کو خرید لین سلطان محسن نے جو ۱۸۲۷ء مین اپنے چچا سلطان احمد کے جانشین ہوے اولاً لوٹ کی شرکت سے انکار کیا اور نقصان مال کا کچھ حصہ دینے اور باقی کا معاوضہ ادا کرنے پر راضی ہوگئے - حوالگی عدن کے بارے مین ایک مسودہ معاہدہ سلطان کے روبرو پیش کیا گیا جسکو انھون نے زبانی منظور کیا اور وعدہ کیا کہ باقاعدہ منظوری اپنے سردارون سے مشورہ لیکر دینگے - اس مسودہ مین زر معاوضہ عدن کی تعداد

غیر مشخص تھی لیکن بعد کو طے پایا کہ اسکے متعلق آٹھ ہزار سات روپیہ سالانہ ادا کیا جائے۔
۲۲ - جنوری ۱۸۳۸ء کو سلطان محسن نے ایک خط بھیجا جس مین دو مہینے بعد عدن کو انگریزون
کے حوالہ کردینے کا وعدہ کیا مگر اہل عدن پر سلطان کی حکومت قائم رہنے کی شرط کی۔
برٹش ایجنبٹ نے یہ شرط نامنظور کی - اس موقع پر سلطان کے فرزند احمد کی نازیبا
کارروائیون کی وجہ سے سلطان کو دھمکانے کی تیاریان کی گئین - آخر ۱۹ جنوری ۱۸۳۹ء
کو عدن گولون سے اُڑا کر شہر پر قبضہ کرلیا گیا اور سلطان مع خاندان کے لاہج کو چلے گئے
۲ - فروری کو سلطان کے داماد نے سلطان کے نام سے صلح کا معاہدہ کیا اور ۱۸ - جون کو سلطان
نے خود ایک دستاویز پر دستخط کیے جسکی روسے اُنھون نے برٹش گورنمنٹ کے ساتھ صلح و
دوستی رکھنے کا اقرار کیا اور گورنمنٹ نے اُنکو اور اُنکے وارثون کو چھ ہزار پانسو ڈالر
سالانہ دینے اور اسی طرح اُن وظایف کو ادا کرنے کا ذمہ لیا جو سلطان لاہج فضلی - قبائل
یافعی - حوشابی اور عمیر کو دیا کرتے تھے ۱۸۳۹ء مین چونکہ سلطان محسن نے عدن پر مکرر
قبضہ کرنے کی کوشش کی جس کی وجہ سے روپیہ کی ادائی موقوف کردی گئی - اُنھون نے
دومرتبہ اور کوشش کی مگر تیسرے حملہ کے بعد ۱۸۴۳ء مین سلطان محسن نے عدن مین آکر
صلح کی درخواست کی - ۱۱ فروری - ۱۸۴۳ء مین ایک معاہدہ ہوا جسکی روسے پانسو اکتالیس
ڈالر کا ماہواری وظیفہ بحال کیا گیا اور ایک سال کی بقایا بھی دیگئی - سلطان محسن نے ۱۸۴۷ء
مین قضا کی اور اُنکے بڑے بیٹے احمد جانشین ہوے - سلطان احمد نے ۱۰ جنوری ۱۸۴۹ء مین
وفات پائی اور اُنکے دوسرے بھائی علی بن محسن مسند نشین ہوے - انھون نے ۱۸۶۳ء مین
قضا کی اور اُنکے بیٹے فضل بن علی سلطان ہوے لیکن خاندان کے اور لوگون نے انکو تخت
سے اُتارنے کی سازش کی اور آخر سلطان محسن کے چوتھے بیٹے فضل بن محسن مسند نشین ہون۔
انکو ۱۸۶۵ء مین سرکاری اعانت کے صلہ مین پانچ ہزار ڈالر عطا ہوے - لاہج کی آبادی
بیس ہزار اور آمدنی پچاس ہزار روپیہ سال ہے - سلامی ۹ ضرب توپ ہے -

قشن و سقوطرا

سلطان علی بن عبد اللہ سلطان قشن و سقوطرا

اس جزیرہ کی فرمانروائی عربون کے قبیلۂ مہری کے خاندان اہل عفریر کو حاصل ہے جو قشن مین آباد ہین ۔ سقوطرا کے ساتھ برٹش گورنمنٹ کا تعلق ۱۸۳۴ء مین قائم ہوا اور دونون کے مابین ایک معاہدہ ہوا جسکی روسے اُنھون نے برٹش گورنمنٹ کے اس جزیرہ مین اُترنے اور کوئلہ جمع کرنے پر رضامندی ظاہر کی ۔ جنوری ۱۸۷۶ء عیسوی مین سلطان سقوطرا کے ساتھ ایک عہد نامہ ہوا جسکی روسے تین ہزار ڈالر کے معاوضہ اور تین ہزار ساٹھ ڈالر کی سالانہ ادائی پر سلطان نے اپنے اور اپنے وارثون اور جانشینون کو اس بات کا پابند کیا کہ وہ سوا برٹش گورنمنٹ کے اور کسی کو اپنے جزیرہ یا اسکے کسی ماتحت حصے پر قبضہ نہ دینگے نہ بیع و رہن کرینگے ۔ ۱۸۸۸ء مین اسی قسم کا ایک معاہدہ سلطان علی بن عبد اللہ کے ساتھ منعقد ہوا اور ایک سو بیس ڈالر کا سالانہ وظیفہ انکو بہ حیثیت سردار قبیلۂ مہری کے عطا کیا گیا تھا ۔ اس جزیرہ کا رقبہ ایک ہزار مربع میل آبادی جسمین زیادہ تر بدو ہین تقریباً پانچہزار نفوس ہے ۔ محاصل جو زیادہ تر جنس مین وصول کیا جاتا ہے علاوہ برٹش امداد کے تین سو بیس ڈالر ہے سلطان کی سلامی نو ضرب توپ ہے ۔





ہزاکسلنسی دی رائیٹ آنریبل آرتھر آلیور ولیرس - بیرن امپٹ ہل - جی - سی - آئی - ای - گورنر مدراس



ہز ہائنیس مہاراجہ سری کرشن راج ودیار بہادر والی میسور

ریاستہاے صوبۂ مدراس

حصۂ اول

میسور

ہزہائینس مہاراجہ سری کرشن راج ودیار بہادر والی میسور

ولادت ۴- جون ۱۸۸۴ع مسندنشینی ۸- اگست ۱۹۰۲ع- ہزہائینس مہاراجہ کرشن راج ودیار بہادر والی میسور راجپوت چھتریون کے خاندان سے ہین- اِنکے آباواجداد دوارکا واقع کاٹھیاوار سے آئے تھے- انین دو بھائی بجے راج اور کرشن راج چودھوین صدی کے آخر مین قلمرو میسور کے حصۂ است گرام مین توطن پذیر ہوے- انین سے ایک بھائی نے موضع ہدنارو کے رئیس کی دختر سے شادی کی اور اس ذریعہ سے حصہ جات میسور مین اپنا علاقہ قائم کیا- اُنکی اولاد مین ایک شخص جادوراؤ نے ۱۳۹۹ع سے ۱۴۲۳ع تک حکومت کی اور اسکے بعد انکے بیٹے ہربتو دچمراج گدی پر بیٹھے- ان کے پوتے راجہ ہیر (یاار بیرل) چمراج تھے- انکی چھ اُنگلیان تھین جس سے وہ ہیر موسوم ہوے اِنکے بیٹے ہیر بتو دچمراج ثانی کے زمانے مین قلعہ میسور اُس مقام پر تعمیر ہوا تھا جو سابق مین پراگر کہلاتا تھا- میسور کے مہاراجہ ودیار کہلاتے ہین- اودیار اودیا کی جمع بالفظ تعظیم ہے- اودیا کو کناری زبان مین لارڈ یعنے مالک یا آقا کہتے ہین- ہیر تو دچمراج کی گدی پر یکے بعد دیگرے انکے دو بیٹے تخت پر بیٹھے- چھوٹے بیٹے کا نام بول چمراج

تھا۔ انکے پوتے راج ودیار جو راجہ میسور تھے اپنے پیشرو راجاؤن پر اپنی حکومت اور کامیابی مین سبقت لے گئے۔ ان صاحب نے سنہ ۱۷۰۴ء سے سنہ ۱۷۲۶ عیسوی تک حکومت کی اور سنہ ۱۶۱۰ء مین قلعۂ سرنگاپٹم پر قبضہ کرلیا جو سابق مین راجگان بجے نگر کے ایک نائب کی حکومت مین تھا۔ راجہ دودا کرشن راج کی وفات کے بعد سنہ ۱۷۳۱ء مین بالواسطہ نصب ریاست کا سلسلہ جاتا رہا اور اُس زمانے سے اصلی قوت افواج کی موروثی جنرلون کے ہاتھ مین رہی جو میسور کے راجاؤن کا انتخاب کرتے تھے۔ راجہ دودا کرشن کے متبنی صاحبزادہ ہزنت نگال چمراج تھے جنھون نے سنہ ۱۷۳۳ء مین قضا کی اُنکے متبنے بیٹے چکا کرشن راج گدی پر بیٹھے۔ چکا کرشن راج نے سنہ ۱۷۳۴ عیسوی سے سنہ ۱۷۶۵ء تک حکومت کی لیکن اُنکی سلطنت براے نام تھی۔ اُن دنون حیدر علی کی دھاک بندھی ہوئی تھی جو بعد کو میسور کے فرمانروا بھی ہوگئے۔ برٹش گورنمنٹ اور میسور کے مابین پہلی راہ و رسم اُسوقت ہوئی جب کرناٹک کی حکومت کے لیے جھگڑا ہورہا تھا اور میسور ہندو فرمانرواؤن کے تحت مین تھا۔ مہاراجہ چکا کرشن راج کے دو بیٹون مین ایک بیٹے کو، جو براے نام اسکا جانشین تھا سلطان ٹیپو نے ہلاک کرڈالا۔ دوسرا بیٹا لاوارث مرا۔ اسپر حیدر علی نے ہندو نسل کا سایہ قائم رکھنے کے لیے چکا کرشن کی تیسری بیوی کو ایک کمسن رشتہ دار چمراج کو متبنے کرنے کی اجازت دی۔ جب برٹش گورنمنٹ نے ٹیپو سلطان کو شکست دی اور سنہ ۱۷۹۹ء مین سرنگاپٹم کو فتح کیا تو اُس سے چند روز پہلے مہاراجہ چمراج قید مین مرگئے تھے۔ اُسوقت برٹش گورنمنٹ نے میسور کو اُسکے قدیم فرمانروا کو واپس دینے کا قطعی عہد کرلیا۔ چنانچہ خُردسال لڑکا موسومہ کرشن راج گدی پر بٹھایا گیا۔ مہاراجہ کرشن راج کے زمانۂ نابالغی مین یعنی سنہ ۱۷۹۹ء سے سنہ ۱۸۱۰ء تک سلطنت کا انتظام نہایت خوش اسلوبی سے ہوتا رہا۔ سنہ ۱۸۶۵ء مین اُنھون نے چمراج چندر ودیار کو متبنے کیا جو چکا کرشن

اراسو کے تیسرے بیٹے تھے۔ سنہ ۱۸۶۶ء مین گورنمنٹ نے اس تبنیت کو منظور و قبول فرمایا اور مہاراجہ کرشن راج کی وفات پر سنہ ۱۸۶۸ء مین اُنکو گدی نشین کیا۔ مہاراجہ صاحب نے خود کو ایسا قابل اور لائق ثابت کیا کہ گورنمنٹ نے سنہ ۱۸۸۱ء مین اُنکو پورے اختیارات حکومت عطا فرمائے۔ انڈین گورنمنٹ کے کل معمولی فرائض مثلاً انتظام معدلت گستری۔ جمع و خرچ محاصل۔ تحفظ جان و مال۔ تعلیمات عامہ۔ حفظان صحت تعمیرات وغیرہ مین ریاست کا انتظام گورنمنٹ ہند کے انتظام سے کم نہین ہے۔ بعض صیغے مثلاً انتظام ریل۔ تعلیم نسوان۔ تدابیر انسداد قحط۔ ترغیب و تحریص کان کنی و صنعت و حرفت اور رعایا مین لوکل سلف گورنمنٹ کی عادت کی حوصلہ افزائی وغیرہ ایسی باتین ہین جسکی نسبت اکثر لوگون کا خیال اور صحیح خیال ہے کہ اِن معاملات مین میسور نہایت درجہ ممتاز ہے۔ اِن مہاراجہ صاحب نے آخر سنہ ۱۸۹۵ء مین انتقال کیا اور اُنکی وفات پر جناب مہارانی صاحبہ ریجنٹ اور مہاراجہ صاحب حال والی ملک قرار پائے۔ ریاست کے عمدہ انتظام کے لیے بصدارت سر شیشادری آئر۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ایک کونسل مقرر ہوئی جس نے مہارانی صاحبہ کے عاقلانہ مشورون اور نیز اپنی خوش تدبیری سے میسور کو ایک اعلیٰ درجہ کی سرسبز اور خوشحال ریاست بنا دیا ہے

۴۔ جون سنہ ۱۹۰۰ء کو مہاراجہ کرشن راج ودیار بہادر کی شادی کتخدائی کاٹھیاوار کی ایک شہزادی سوبھاگوتی پرتاب کماری بائی دختر رانا جھالا بانے سنگھ جی والی وانا سے ہوئی جو ایک تعلیم یافتہ۔ خوبصورت اور لائق خاتون ہین۔ مہاراجہ صاحب کی تعلیم بالکل انگریزی طرز پر ہوئی ہے۔ ۸۔ اگست سنہ ۱۹۰۲ء کو آپکو پورے اختیارات حکومت عطا ہوے اور ہز اکسلنسی لارڈ کرزن نے بنفس نفیس ہز ہائنس کو مسند نشین فرمایا۔ ریاست میسور کا رقبہ تقریباً اٹھائیس ہزار مربع میل ہے۔ آبادی چون لاکھ نفوس کی ہے اور نو سو انسٹھ سوار اور دو ہزار دو سو دو پیدل اور پچیس ارٹلری رکھنے کی اجازت ہے۔ سلامی اکیس شلک

ٹراونکور

ہزہائینس سری پدم نابھاداس ونجی سر بلرام ورما کلاش کھارا کرت پتی منے سلطان مہاراجہ راجہ رام راجہ بہادر شمشیر جنگ جی۔سی۔ایس۔آئی۔ والی ٹراونکور

ولادت ۱۸۵۷ء۔ مسند نشینی ۴۔ اگست ۱۸۸۵ء۔ ہزہائینس اُس چھتری خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکی حکومت جنوبی ہند مین غالباً اُسوقت سے شروع ہوئی ہے جب ملیبار کے راجہ چیرامن پیرومل ۳۵۲ء مین اپنا تخت چھوڑکر بنارس چلے گئے تھے اور علاقہ اپنے معاونون کو تقسیم کردیا تھا۔ انمین سے ریاست کے بانی کو وہ جنوبی حصہ ملا جسکا دارالریاست تروواں کوڈو یعنی موجودہ ٹراونکور تھا۔ ۱۶۸۴ء تک ٹراونکور مین فرمانروایون کا ایک طولانی سلسلہ حکومت کرتا رہا۔ آخر اروما ورما پیرومل کی نوبت آئی جنھون نے ۱۷۱ء تک حکومت کی۔ انکی اولاد مین راجہ ونجی مارتندا پیرومل اور راجہ ونجی بالا پیرومل نے ٹراونکور کی ریاست کو بے انتہا وسعت دی۔ ٹیپو سلطان کی جنگون مین راجہ ٹراونکور نے انگریزون ہی کا ساتھ دیا اور ۱۷۹۵ء مین راجہ ٹراونکور اور برٹش گورنمنٹ کے مابین ایک معاہدہ منعقد ہوا جس مین برٹش گورنمنٹ نے ٹراونکور کی حفاظت اپنے ذمہ لی۔ ۱۷۹۹ء مین راجہ رام ورما پیرومل ونجی بالا پیرومل کے جانشین ہوے۔ اُنھون نے ۱۸۱۱ء مین قضا کی اور خاندان ٹراونکور کے دستور کے موافق لچھمی رانی نے زمام ریاست اپنے ہاتھ مین لی۔ انھون نے ۱۸۱۴ء تک حکمرانی کی۔ لچھمی رانی کا جانشین انکا بڑا بیٹا ہوا اور انکی نابالغی کے زمانہ مین انکی ہمشیر نے بطور ریجنٹ کے ریاست کا انتظام کیا۔ ۱۸۲۹ء مین راجہ بالغ ہوکر مسند نشین ہوے۔ اُنھون نے ۱۸۴۶ء مین قضا کی اور انکے بھائی مارتند راو جنکی وفات ۱۸۶۰ء



ہز ہائنس مہاراجہ سری پدم نابھاداس ونجی سربلرام ورما کلاش کھارا کرت پتی منے سلطان والی ٹراونکور

مین واقع ہوئی انکے جانشین قرار پائے۔اسکے بعد ریاست انکے دوسرے ہمشیرزادہ راجہ رام ورما کو ملی اور انکو ۱۸۶۶ء مین جی-سی-ایس-آئی کا خطاب وتمغہ عطا ہوا اور اُسی سال گورنمنٹ ہند نے فیصلہ کیا کہ ہز ہائینس برٹش گورنمنٹ کے مراسلات مین مہاراجہ کے لقب سے مخاطب کیے جائین۔ سنہ ۱۸۶۲ء مین گورنمنٹ نے سند تبنیت عطا کی۔ ریاست ٹراونکور مین وراثت کا قانون عجیب و غریب ہے۔ساحل مغرب کے نائردن کے دستور کے مطابق بیٹی کی اولاد وارث ہوتی ہے۔مثلاً ایک راجہ کی وفات پر ریاست اُسکے بیٹون کے ہاتھ مین نجائے گی (وہ کسی حالت مین وارث ریاست نہ ہونگے) بلکہ اُنکے ایک اخیافی بھائی کو ملے گی اگر کوئی اخیافی بھائی نہوگا تو اُسکی وفات پر اُسکی بہن کے بیٹے مالک ریاست ہونگے اگر بہن کے بھی کوئی بیٹا نہوگا تو بہن کی بیٹیون کے بیٹے وارث ہونگے وقس علیٰ ہذا۔اگر بالواسطہ نسل اُناث کا سلسلہ ہی منقطع ہوجاے تو خاندان کے اُن بالواسطہ رشتہ دارون کی دو یا زیادہ عورتین منتخب اور متبنی کیجائینگی جو ٹراونکور مین ایک خاص مقام پر رہتی ہین۔جو عورتین اس طرح متبنے کیجاتی ہین وہ تبنورتی یا اٹنگا کی رانیان کہلاتی ہین اور ٹراونکور کے قوانین و دستورات کے موافق انکے لیے ممتاز درجہ مقرر کیا جاتا ہے جس سے صرف وہی ریاست کے وارث پیدا کرنے کی مستحق ہوتی ہین اور انکو بہت سے مفید حقوق اور مراعات حاصل ہوتے ہین۔اِس قسم کی ایک تبنیت ۱۸۵۷ء مین اُسوقت ہوئی تھی جب دو بہنین بطور اٹنگا کی رانیون کے منتخب اور متبنے ہوئی تھین۔چھوٹی بہن لاولد مرگئی۔ ٹراونکور کی موجودہ نسل بڑی بہن سے ہے کیونکہ مارتند ورما انکے نواسے تھے اور راجہ رام ورما اُنکی نواسی کی بیٹی کے بیٹے تھے۔ سنہ ۱۸۸۰ء مین مہاراجہ رام ورما نے قضا کی۔ انکے جانشین اُنکے ہمنام بھائی ہوے۔اُنھون نے بھی ۱۸۸۵ء مین قضا کی۔اُنکی جگہ ہز ہائنس مہاراجہ بلرام ورما مسند ریاست پر جلوس فرما ہوے اور ۱۸۸۵ء

مین خطاب جی۔سی۔ایس۔آئی کا اعزاز حاصل کیا۔ہزہائینس بہت بڑے منتظم اور روشن دماغ ورعایا پرور رئیس ہین اور آپکے عہد حکومت مین تہذیب وشائستگی کو جو ترقی حاصل ہوئی ہے وہ آپکی خوش انتظامی اور بیدارمغزی کی دلیل ہے۔ٹراونکور کا رقبہ چھ ہزار سات سو تیس مربع میل۔آبادی پچیس لاکھ پچپن ہزار چوہتر اور آمدنی اٹھتر لاکھ اڑتالیس ہزار روپیہ ہے۔فوجی قوت مین ایک ہزار چار سو بیالیس پیدل اکسٹھ سوار اور تیس گولہ انداز اور پانچ توپین ہین جو صرف سلامی کی غرض سے کام مین لائی جاتی ہین۔ہزہائینس کی سلامی اکیس ضرب توپ ہے۔

کوچن

ہز ہائینس راجہ سر سری رام ورما۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ والی کوچن


ولادت ۱۸۵۲ء۔ مسند نشینی ۱۸۹۵ء۔ راجگان کوچن چھتری الاصل اور چیرامن پیرومل کی اولاد مین ہین جو اُس حصۂ ملک کے آخری فرمانروا تھے جو گوکارو واقع شمالی کنارہ سے کیپ کمورن تک پھیلا ہوا تھا۔ ۱۷۷۶ء مین حیدر علی نے کوچن پر حملہ کرکے اُسکو اپنا باج گزار بنایا۔ ۱۷۹۱ء مین یہ ریاست برٹش گورنمنٹ کے ظل حمایت مین آئی۔ ۱۸۰۹ء مین برٹش سلطنت کے خلاف ایک بغاوت ہوگئی جسکے فرو ہونے پر ایک جدید معاہدہ ہوا جسکی رو سے علاوہ ایک لاکھ کی سالانہ رقم کے ایک بٹالین فوج کا مصارف اور اضافہ کیا گیا جس سے راجہ صاحب کوچن کو دو لاکھ چھہتر ہزار روپیہ سرکار انگلشیہ کو دینا پڑتا تھا بعد ازان یہ رقم گھٹا کر دو لاکھ چالیس ہزار روپیہ کردی گئی جو ابتک قائم ہے۔

ہز ہائینس روی ورما سابق راجہ کوچن نے جو ۱۸۵۳ء مین اپنے بھائی کی وفات پر حکمران قرار پائے تھے ۱۸۶۲ء مین حق تبنیت حاصل کیا۔ اُنھون نے ۱۸۶۴ء مین قضا کی اور بجاے اُنکے راجہ رام ورما مسند نشین ہوے۔ راجہ رام ورما نے ۱۸۸۸ء مین قضا کی اور اُنکے بھائی راجہ ویر کیرال ورما اُنکے جانشین ہوے۔ ہز ہائینس مہاراجہ صاحب حال راجہ ویر کیرال ورما کے فرزند ہین۔ ۲۲۔ جون ۱۸۹۷ء کو ہز مجسٹی ملکہ معظمہ مرحومہ کی جوبلی مین آپ کو۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کا خطاب عطا ہوا۔ ریاست کا رقبہ ایکہزار تین سو اڑسٹھ مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً سات لاکھ اور آمدنی تخمیناً سترہ لاکھ ہے۔ ہز ہائینس کی سلامی سترہ شلک توپ ہے۔

پڈوکوٹہ

ہز ہائینس راجہ مارتند بھیرو ٹونڈمین بہادر والی پڈوکوٹہ

ولادت ۱۸۷۵ء۔ مسند نشینی ۱۵۔اپریل ۱۸۸۶ء۔ ہز ہائینس ایک قدیم کلر خاندان سے تعلق رکھتے ہین جنکے مورث زمانۂ نامعلوم سے ٹونڈمین راجہ کے خطاب سے ممتاز اور پڈوکوٹہ کے فرمانروا تھے۔ راجہ پڈوکوٹہ کے ساتھ برٹش گورنمنٹ کا پہلا تعلق ۱۷۵۲ء مین محاصرہ ٹرچناپلی کے وقت ہوا۔ اِس زمانہ مین برٹش فوج انکی وفاداری و مساعی بہم رسانی رسد کے لیے بہت کچھ ممنون تھی۔ اسکے بعد انھون نے حیدر علی کے ساتھ کی جنگون مین برٹش گورنمنٹ کی بڑی رفاقت کی اور ۱۸۰۳ء مین ان خدمات کے صلہ مین برٹش گورنمنٹ نے انکو قلعہ و ضلع کیلانیلی واقع جنوبی تنجور عطا کیا۔ اِس ضلع کی آمدنی تیس ہزار روپیہ سالانہ ہے۔ عطیہ کی شرط مین ایک ہاتھی کا نذرانہ داخل ہے۔ مگر اسپر کبھی زور نہین دیا گیا اور ۱۸۳۶ء مین وہ باقاعدہ طرق سے معاف کر دیا گیا۔ پڈوکوٹہ کے ساتھ برٹش گورنمنٹ کا کوئی معاہدہ نہین ہے اور راجۂ پڈوکوٹہ خراج سے بھی معاف ہین۔ ۱۸۰۷ء مین راجہ وجے رگھوناتھ ورمانے قضا کی اور انکے بڑے فرزند راجہ وجے رگھوناتھ راے ٹونڈمین بہادر انکے جانشین ہوے۔ راجہ مذکور نے ۱۸۲۵ء مین قضا کی اور انکے چھوٹے بھائی راجہ رگھناتھ ٹونڈمین اُنکے وارث ہوے۔ انکی وفات ۱۸۳۹ء مین ہوئی اور انکے بیٹے راجہ ٹونڈمین بہادر مسند نشین ہوے۔ انھون نے ۱۸۸۶ء مین قضا کی اور راجہ صاحب حال انکے جانشین ہوے۔ ریاست کا رقبہ ایکہزار تین سو اسی مربع میل۔ آبادی تین لاکھ تہتر ہزار اور آمدنی تخمیناً سات لاکھ روپیہ ہے۔ فوجی قوت مین ۱۹۱۱ء کے نقشون کے مطابق ایک سو چھتیس پیدل۔ سولہ سوار۔ چھ توپین۔ پانچ گولنداز ہین۔ ہز ہائینس کی سلامی گیارہ ضرب توپ ہے۔



دی آنریبل سرجان اوڈبرن ۔ کے ۔سی۔ ایس ۔آئی مرحوم سابق لفٹننٹ گورنر بنگال



دی آنریبل جی-بی فیولر-سی-ایس-آئی-سی-آئی-ای-آی-سی-ایس
چیف کمشنر آسام

نیپال

ہز ہائینس مہاراجہ دھراج پرتھوی بیر بکرم جنگ بہادر ساہ رانا بہادر شمشیر جنگ والی نیپال

ولادت ۱۸۷۵ع - مسند نشینی ۱۷ - مئی ۱۸۸۱ع - ہز ہائینس سسودیہ راجپوت اور اُس خاندان سے متعلق ہین جسمین اودے پور کے فرمانروا ہین - برٹش گورنمنٹ کے ساتھ دربار نیپال کے اول تعلقات محض تجارتی نوعیت کے تھے - پولیٹکل روابط اُس زمانہ سے قائم ہوے جب راجہ پرتھی نراین نے اپنی گورکھا فوج سے کٹھمانڈو پر چڑھائی کی - ۱۷۶۷ع مین جب کٹھمانڈو کے نواڑ راجہ کو گورکھون نے بہت ستایا تو اُنھون نے برٹش گورنمنٹ سے مدد مانگی - اُسوقت کپتان کنلاک صاحب ایک مختصر فوج لیکر عین برسات مین روانہ کیے گئے مگر ترائی کی مہلک رطوبت سے اُنکو واپس آنا پڑا - گورکھا سردار نے کمزور مقابل پاکر نیپال پر قبضہ کرلیا اور خاندان نواڑ کو نیست و نابود کردیا جسکو بعد ازان برٹش گورنمنٹ نے نیپال کا راجہ تسلیم کیا - چونکہ گورکھون نے مکوان پور کا کوہستانی ملک فتح کرلیا تھا لہذا اُنھون نے فرزوعہ نشیبی ملک پر بھی اُسی ادائے خراج کے ساتھ اپنا استحقاق ظاہر کیا جو راجہ مکوان پور برٹش گورنمنٹ کو دیتے تھے - گورکھون کا یہ دعوی منظور ہوا اور وہ تیس برس تک ایک جسیم اور قد آور ہاتھی خراج کے طور پر دیتے رہے - مگر بعد معاہدہ ۱۸۰۱ع کی رو سے یہ خراج چھوڑ دیا گیا - کپتان کنلاک صاحب کی ناکامی کے بعد نیپال کے ساتھ پھر کوئی تعلق قائم نہین ہوا حتے کہ لارڈ کارنوالس صاحب کا زمانہ آیا اور گورکھون نے بنارس کے رزیڈنٹ مسٹر ڈنکن صاحب کی معرفت گفتگو کی جسکا انجام ایک تجارتی معاہدہ ہوا جسپر مارچ ۱۷۹۲ع مین دستخط ہوے اس سے کئی برس پہلے سے گورکھے اپنی حکومت تبت کی جانب بڑھا رہے تھے - ذگر کے

مقدس مندرون مین گورکھون کی لوٹ مار سے غضبناک ہوکر فغفور چین نے راجۂ نیپال کی تنبیہ و تادیب کے لیے ایک فوج روانہ کی۔ اس فوج کی مدافعت کے لیے والی نیپال نے انگریزون سے فوجی امداد کی درخواست کی۔ لارڈ کارنوالِس صاحب نے باہم مصالحت کرانے کا وعدہ کیا مگر قبل اسکے کہ میجر کرک پٹرک صاحب جو اس کام کے لیے متعین ہوے تھے سرحد نیپال پر پہونچین گورکھون نے حملہ آور چینی جنرل سے عہد و پیمان کرلیا۔ اُس زمانہ سے سنہ ۱۸۰۰ع تک نیپال کے ساتھ گورنمنٹ کے تعلقات صرف گاہ گاہ دوستانہ خطوط اور خراج لکھوان پور پر محدود رہے۔ اس سال مہاراجہ رن بہادر نوجوان والی نیپال کو جنھون نے ۱۷۹۵ع مین ریاست کی زمام اپنے دست اختیار مین لی تھی اور اپنے چچا ریجنٹ کو قتل کرکے ناقابل برداشت مظالم کے ساتھ پانچ برس تک حکمرانی کی تھی، اپنے فرزند مہاراجہ گروان جودھ بکرم کے حق مین تخت چھوڑ دینا پڑا اور وہ اپنی ایک رانی کو ریجنٹ قرار دیکر بنارس کو چلے آئے جہان ایک پولٹیکل ایجنٹ انکی حاضر باشی کے لیے مقرر ہوا۔ برٹش گورنمنٹ انکے ساتھ ہر قسم کی تعظیم و تکریم سے پیش آئی اور اُنکے اخراجات کے لیے بھی زرِ کثیر دیا۔ برٹش علاقہ مین انکی موجوگی دربار نیپال کے ساتھ زیادہ قریبی تعلقات پیدا ہونے کا ایک عمدہ موقع خیال کی گئی۔ معزول مہاراجہ کے معاملہ کے تصفیہ اور برٹش تعلقات کی ترقی کی غوض سے سنہ ۱۸۰۱ع مین ایک معاہدہ ہوا اور کپتان ناکس صاحب اول رزیڈنٹ مقرر ہوکر وہان بھیجے گئے۔ رانی ریجنٹ نے رزیڈنٹ کا بڑے تپاک سے استقبال کیا مگر مہاراجہ رن بہادر کی بڑی رانی جو اُنکے ساتھ بنارس کو آئی تھین دفعۃً کھٹمانڈو کو واپس گیئین۔ نوجوان راجہ کی ریجنسی کو توڑ کر ریاست پر قابض ہو گئے اور برٹش رزیڈنٹ کو وہان سے چلا آنا پڑا۔ ۲۴۔ جنوری سنہ ۱۸۰۴ع کو لارڈ ویسلی صاحب نے باضابطہ دربار نیپال کے تعلقات فسخ کردیے۔ اس تنسیخ تعلقات سے مہاراجۂ رن بہادر کو بنارس سے نیپال واپس جانے کی اجازت مل گئی جہان جاکر اُنھون نے اپنے مخالف جماعت کے سرغنہ کو ہلاک اور تخت پر پھر قبضہ کرلیا۔ اور بھیم سین تھاپا جو آپ کی

جلاوطنی مین آپکے ہمراہ تھے رن بہادر کی خاص رانی کے ایما سے وزیر ہوگئے ۱۸۱۴ء مین گورکھون نے برٹش سرحد عبور کرکے بٹول اور بتیا کی سرحد کی بعض اراضیات پر قبضہ کرلیا اسلیے برٹش گورنمنٹ نے یکم نومبر ۱۸۱۴ء کو جنگ کا اعلان کیا۔ اس جنگ مین گورکھے نہایت بہادری اور کامیابی سے لڑے اور انگریزون کو کالی کی مغربی پہاڑیون تک قابض چھوڑکر صلح کے خواہشمند ہوے۔ ترائی کے قبضہ سے دستکش ہونے سے دو دفعہ گورکھون نے مدافعت کی۔ لارڈ ہسٹنگس صاحب نے ترائی کی تخمینی سالانہ قیمت دینے کا وعدہ کیا۔ اسکے بعد اور چند مراعات بھی کین جیسے نیپال کے کمشنرون نے ۲۸۔ نومبر کو سگولی کے معاہدہ پر دستخط کیے اور بعدازان ۲۔ دسمبر ۱۸۱۵ء کو باقاعدہ معاہدۂ سگولی پر راجہ کے بھی دستخط ہوگئے اس معاہدہ کے بموجب نیپال مین اول رزیڈنٹ مسٹر گارڈنر صاحب مقرر ہوے۔ اُنھون نے بھیم سین تھاپا وزیر کو برسرحکومت پایا۔ مہاراجہ گردن جودھ بکرم مرچکے تھے۔ وہ ۱۸۳۰ء تک نیپال پر پورے طور سے قابض ومتصرف رہے۔ مہاراجہ رن بہادر اور وزیر کے مابین مخالفت کا جوش روزبروز بڑھتا گیا۔ ۱۸۳۷ء مین مہاراجہ رن بہادر کے سب سے چھوٹے بیٹے نے دفعتہً قضا کی اور یہ خبر مشہور ہوئی کہ بھیم سین یا اُنکے طرفدارون مین کسی نے زہر دیدیا اسلیے بھیم سین اور اُنکے بھتیجے پابزنجیر قید مین ڈال دیے گئے مگر بعد کو رہائی مل گئی۔ مقدم الذکر نے گوشہ نشینی اختیار کی اور آخرالذکر پنجاب کو روانہ ہوے اور دربار لاہور مین ملازم ہوگئے۔ دو برس بعد وزیر کے خاندان کے ساتھ پھر مخالفت بڑھی اور انجام کار اُنھون نے خودکشی کرلی۔ ۱۸۴۳ء مین معتبر سنگھ پنجاب سے بُلواکر وزیراعظم مقرر کیے گئے مگر ۱۸۴۵ء مین مہارانی کے اشارہ سے ہلاک کیے گئے۔ انکی ہلاکت نے وزارت کے لیے راجہ جنگ بہادر کی ترقی کا راستہ کھول دیا۔ رانی نے انکی ہلاکت کی بھی کوشش کی تھی لیکن اسمین ناکامی ہوئی اور مع اپنے دو فرزندون کے ملک سے نکال دی گئین اور بنارس مین آکر سکونت اختیار کی۔ مہاراجہ بھی اُنکے ہمراہ آئے اور دوسرے سال نیپال کو واپس گئے لیکن

۱۲ مئی ۱۸۴۷ء کو اپنے ولیعہد مہاراجہ بکرم شاہ کے حق مین تخت چھوڑ دینا پڑا۔ ۱۸۵۰ء مین مہاراجہ جنگ بہادر کے سفر ولایت سے انگریزون کے ساتھ زیادہ دوستانہ مراسم پیدا ہوے مہاراجہ جنگ بہادر اپنی وفات تک جو ۱۸۷۷ء مین واقع ہوئی نیپال کے وزیر اعظم رہے انکو فرمانروا ے نیپال نے مہاراجہ کا خطاب اور دو اضلاع کی حکومت بھی عطا کی تھی۔ اسکے علاوہ اُنھون نے اپنے ایک لڑکے اور دو لڑکیون کی شادیان بھی نیپال کے حکمران خاندان مین کی تھین۔ غدر ۱۸۵۷ء مین اُنھون نے برٹش گورنمنٹ کو بہت بڑی مدد دی جسکے صلہ مین اُنکو جی۔ سی۔ بی کا خطاب عطا ہوا اور یکم نومبر ۱۸۶۰ء کے ایک معاہدہ کے بموجب سرحد پیلی بھیت و مغربی اودھ کا علاقہ جو ۱۸۱۵ء مین برٹش گورنمنٹ نے لے لیا تھا نیپال کو واپس کر دیا اور علاوہ اسکے دیگر خطابات اور اعزاز بھی اُنکو عطا کیے اُنکی وفات پر اُنکے بھائی سر رندیپ سنگھ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کو فرمانروا ے نیپال نے بستۂ وزارت عنایت کیا۔ ترلوک بیر بکرم ساہ ولیعہد نے جو مہاراجہ جنگ بہادر کے داماد تھے ۱۸۷۸ء مین قضا کی۔ اُنکی وفات کے بعد ۱۸۸۱ء مین اُنکے والد مہاراجہ دھراج سر سُریندر بکرم ساہ نے وفات پائی اسی سال سابق مہاراجہ دھراج راجندر بکرم ساہ نے انتقال کیا اور ہز ہائینس مہاراجہ سر سُریندر بکرم ساہ کے پوتے موجودہ فرمانروا ہز ہائینس پرتھوی بیر بکرم ساہ جانشین ہوے اور یکم دسمبر ۱۸۸۱ء کو مسند نشین کیے گئے۔ ۲۲۔ نومبر ۱۸۸۵ء کو سر رندیپ سنگھ کو اُنکے مخالفون نے مار ڈالا اور بیر شمشیر جنگ پسر اکبر دھیر شمشیر جنگ نے وزارت اور خطابات حاصل کیے ۲۴۔ نومبر کو مہاراجہ نے انکی وزارت کا اعلان کیا۔ جب کوئی جدید ویسرا ے ہندوستان مین آتا ہے تو دربار نیپال کی جانب سے ایک اعلیٰ درجہ کا نیپالی سردار پیغام و تحائف لیکر کلکتہ کو بھیجا جاتا ہے ریاست کا رقبہ چون ہزار مربع میل ہے۔ آبادی کی کوئی صحیح تعداد نہین معلوم ہو سکتی۔ مگر تخمیناً پچاس لاکھ ہے۔ سالانہ آمدنی ایک کرور پچاس لاکھ روپیہ اور سلامی اکیس ضرب توپ ہے۔

سکم

ہز ہائینس مہاراجہ تھوتھب نام گیل والی سکم

ولادت سنہ ۱۸۶۰ء۔ مسند نشینی اپریل سنہ ۱۸۷۴ء۔ آپ کا تعلق تبت کے اُس خاندان سے ہے جو قدیم الایام مین بھاسا کے نواح سے آکر گنٹوک مین توطن پذیر ہوا تھا۔ سولھوین صدی کے اواسط مین پنچو نام گیل نے تین تبتی ساہبون کی مدد سے جو بودھون کے فرقہ دپکا (یعنی سُرخ کلاہ والے) کے پروفیسر تھے سکم کے لوگون کو بودھ مذہب کی تبلیغ کی اور خود وہان کے راجہ بن بیٹھے۔ سترھوین صدی مین نیپال کے گورکھے دو مرتبہ سکم پر حملہ آور ہوے مگر دوسرے حملہ مین تبتیون اور چینیون نے ایک بیشمار فوج کی مدد سے گورکھون کو صرف نکال ہی نہین دیا بلکہ اُنھون نے نیپال پر حملہ کیا اور عین کٹھمانڈو کے پھاٹک پر اُنسے اپنے مفید مطلب معاہدہ پر دستخط کرا لیے۔ جنگ نیپال مین راجہ سکم نے گورنمنٹ برطانیہ کو مدد دی جسکے صلہ مین سنہ ۱۸۱۶ء مین اختتام جنگ پر اُنکو نیپال کے منضبطہ علاقہ کا ایک بہت بڑا حصہ دیدیا اور برٹش گورنمنٹ نے اُنکی محافظت کی ذمہ داری کی۔ سنہ ۱۸۳۵ء مین راجہ سکم نے دارجلنگ کا پہاڑ گورنمنٹ کو دیدیا جسکے معاوضہ مین گورنمنٹ ابتدا ءً تین ہزار روپیہ سالانہ دیتی رہی لیکن سنہ ۱۸۴۶ء سے اسکی تعداد چھ ہزار روپیہ ہو گئی ہے بعض ناگوار وجوہ سے یہ معاوضہ بند ہو گیا تھا مگر سنہ ۱۸۶۲ء مین پھر جاری کر دیا گیا اور سنہ ۱۸۷۰ء مین اُسکی تعداد بارہ ہزار روپیہ کر دی گئی۔ سنہ ۱۸۷۴ء مین راجہ سکیونگ تھوتھب کی وفات پر مہاراجہ حال مسند نشین ہوے۔ ریاست کا رقبہ دو ہزار آٹھ سو اٹھارہ مربع میل آبادی (سنہ ۱۸۹۱ء) تقریبًا تیس ہزار اور سلامی ۱۵ ضرب توپ ہے۔

کوچ بہار

لفٹننٹ کرنل ہز ہائینس مہاراجہ سر نرپندر انراین بھوپ بہادر جی-سی-آئی-ای-سی-بی - مہاراجہ کوچ بہار

ولادت ۱۴ - اکتوبر ۱۸۶۲ء مسند نشینی ۸ - نومبر ۱۸۸۳ء - آپ مہاراجہ نرندر انراین بھوپ بہادر کے فرزند ہین جنکے انتقال کے بعد آپ اگست ۱۸۶۳ء مین وارث ریاست ہوے - راجگان کوچ بہار غالباً فرقۂ کوچ سے تعلق رکھتے ہین جو تبتی یا ڈراوڑی نسل کے ہین - تین صدی سے زیادہ زمانہ گذرا کہ بشوسنگھ اور سسو سنگھ دو بھائیون نے اپنی فتوحات کے ذریعہ سے ہندوستان کے شمالی مشرقی حصہ مین ایک حکومت قایم کی - بشوسنگھ راجگان و وزراے کوچ بہار کے خاص مورث ہین اور انکی اولاد اُس زمانہ سے ابتک علی الاتصال حکومت کرتی چلی آتی ہے - ۱۷۷۲ء مین اول اول کوچ بہار سے گورنمنٹ کا تعلق قائم ہوا جب راجہ کوچ بہار نے بھوٹانیون کی دست درازی سے تنگ آکر ایسٹ انڈیا کمپنی سے اعانت طلب کی جسکو کمپنی نے منظور کیا تو ۱۷۷۳ء مین دھندر نراین راجہ کوچ بہار اور گورنمنٹ کے مابین ایک معاہدہ ہوا جسمین راجہ نے برٹش گورنمنٹ کی اطاعت قبول کی اور کوچ بہار کو بنگال مین ملحق کرنے اور کوچ بہار کا نصف محاصل ہمیشہ کے لیے سرکار انگلشیہ کو دینے کی اجازت دی دوسری جانب برٹش گورنمنٹ نے اقرار کیا کہ وہ راجہ کو ہنگام ضرورت اپنے ملک کی حفاظت کے لیے فوج اور سپاہ سے مدد دے گی اور اسکا مصارف راجہ صاحب برداشت کرینگے - اپنے والد کے انتقال کے وقت ہز ہائینس صرف دو برس کے تھے ۱۸۸۰ء مین آپ کو مہاراجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا اور ۱۸۸۳ء مین آپ



لفٹننٹ کرنل سر ہز ہائنس مہاراجہ سر نرپندر نراین بھوپ بہادر جی-سی-آئی-ای-والی کوچ بہار

بالغ ہوے اور بطور ایک فرمانروا کے آپکی رسم مسند نشینی عمل مین آئی ۱۸۸۳ء مین یہ سوال پیدا ہوا کہ آیا کوچ بہار ریاست یا علاقہ یا راج سمجھا جاے - جسکا فیصلہ یہ ہوا کہ کوچ بہار ریاست سمجھی جاے - موجودہ مہاراجہ کی نابالغی کے زمانہ مین کمشنر کوچ بہار و راج شاہی منتظم ریاست تھے - ہز ہائینس نے ابتدا اگر وارڈز انسٹیٹیوٹ بنارس مین اور پھر مسٹر ایچ جے نیلر صاحب سے تعلیم پائی اور بعد کو پریسیڈنسی کالج کلکتہ مین قانون کی تحصیل کی ۱۸۷۸ء مین آپ نے کلکتہ کے مشہور رفارمر بابو کیشب چندر سین کی دختر سے شادی کی اور اُسکے چندروز بعد تکمیل تعلیم کے لیے ولایت تشریف لے گئے - جون ۱۸۸۴ء مین ہز اکسلنسی ویسراے و گورنر جنرل نے سند کے ذریعہ سے خطاب مہاراجہ بہادر موروثی قرار دیا اور ہز ہائینس اور بھوپ بہادر کے خاندانی القاب کو بھی تسلیم فرمایا - ۱۸۸۷ء کی جوبلی مین آپ مع مہارانی اور فرزندون کے ولایت تشریف لے گئے. جہان ہز مجسٹی ملکہ معظمہ اور خاندان شاہی بڑے تپاک کے ساتھ انکے ساتھ پیش آیا اور جی - سی - آئی - ای کا اعزاز آپ کو بنفس نفیس عطا ہوا - اُسی سال مہارانی صاحبہ کو بھی کرون آف انڈیا کا تمغہ اور اعزاز ملا - مہاراجہ صاحب بنگال رسالہ کی چھٹی رجمنٹ کے آنریری لفٹنٹ کرنل اور ہز امپیریل مجسٹی شاہ انگلستان کے ایڈیکانگ ہین - مہاراجہ صاحب بڑے روشن دماغ اور عالی خیال رئیس ہین ۱۸۸۸ء مین آپ نے کوچ بہار مین برہمو سماج کی بنیاد ڈالی اور اعلیٰ تعلیم کے لیے وکٹوریہ کالج قائم کیا - رعایا کے حال پر آپ کی نظر عنایت خصوصیت کے ساتھ مبذول رہتی ہے چنانچہ اسکے ساتھ آپ نے جو لگان کا بندوبست کیا ہے اُس سے آپ کی رعایا نہایت سرسبز اور مرفہ حال ہے - ریاست کے کل محکمے اعلیٰ پیمانہ پر قائم ہین اور رفاہ عام کے متعلق بہت سے کام جاری ہین - بنگال کے فری میشن لاج کے آپ ڈسٹرکٹ ماسٹر ہین - مہاراجہ صاحب کو کمپانین آف دی باتھ ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے جو ہندوستان حتی کہ ولایت مین بھی صرف معدودے چند کو ملتا ہے - امسال بھی ہز ہائینس

مہاراجہ صاحب شاہ ایڈورڈ ہفتم ادام اللہ ملکہ کے جشن تاجپوشی مین شریک ہونے کے لیے جو پایۂ تخت لندن مین ہوا تھا ولایت کو مدعو ہوے تھے جہان سے آپ حال مین واپس آئے ہین - اس مرتبہ بھی وہان آپ کا بہت بڑا اعزاز و احترام ہوا - ریاست کا رقبہ ۱۳۰۷ میل مربع ہے اور آبادی (سنہ ۱۸۹۱ع) کے مطابق تقریبًا چھ لاکھ ہے - ریاست کوچ بہار سترسٹھ ہزار سات سو روپیہ پندرہ آنہ مالگزاری ادا کرتی ہے جو سنہ ۱۷۸۰ء مین ہمیشہ کے لیے مقرر ہوئی تھی - مہاراجہ صاحب کے اعزاز مین تیرہ ضرب توپ کی سلامی مقرر ہے -

ٹپرہ

ہز ہائینس راجہ رادھا کشور دیپ برمھا مانکیا والی ٹپرہ

ولادت ۱۸۵۷ء مسند نشینی ۲- فروری ۱۸۹۷ء - ہز ہائینس راجپوت خاندان سے ہین بیان کیا جاتا ہے کہ آپ کا خاندان تاریخی زمانہ سے پہلے ٹپرہ پر حکمران تھا چندرا کی اٹھائیسوین پشت مین راجہ براج تھے جنھون نے ٹپرہ کا سمبت جاری کیا جو راج مالا یعنی راجگان ٹپرہ کی تواریخ مین استعمال ہوتا ہے - اس تاریخ کا پہلا حصہ دھرما مانکیا کے عہد مین تالیف ہوا جو سنہ ۱۴۰۷ء مین گدی نشین ہوے اور چندرا کی ایک سو اڑتالیسوین پشت مین بیان کیے جاتے ہین - ابتدائی عرصہ دراز تک ایک بہت بڑا اور وسیع رقبہ اس خاندان کے زیر نگین رہا ہے اور سولھوین صدی مین اسکی وسعت مغرب مین دریاے ہگلی سے مشرق مین برھما اور شمال مین کامروپ تک تھی - سنہ ۱۵۱۲ء مین راجہ نے چٹگانون کو فتح کیا اور اُنکے جانشینون نے اپنی آزادی اور خود مختاری قائم رکھی - سنہ ۱۶۲۰ء مین شہنشاہ جہانگیر کے عہد مین نواب فتح جنگ نے ٹپرہ پر حملہ کیا اور راجہ جسو کو گرفتار کرکے دہلی لے گئے - اسکے تھوڑے ہی دنون کے بعد افواج مغلیہ ایک عالمگیر وبا کی وجہ سے راجہ کلیان مانکیا کے زمانہ مین جو راجہ جسو کے جانشین تھے ملک چھوڑ دینے پر مجبور ہوئی اور اگرچہ مسلمانون نے آخر مین اس ریاست کے نشیبی علاقون پر جو اب برٹش ٹپرہ واقع بنگال کے نام سے موسوم ہے قبضہ کرلیا مگر پہاڑی ملک راجاؤن ہی کے تصرف مین رہا - سنہ ۱۷۶۵ء مین برٹش گورنمنٹ نے بنگالہ کی دیوانی حاصل کی اور معمولی نذر جانشینی ادا کرنے پر ان راجاؤن کو نسلاً بعد نسلٍ یہ اختیارات دیتی رہی - سنہ ۱۸۵۷ء مین چٹگانون کی باغی گریزان فوج نے اس ریاست کے دار الصدر اگرتلا پر قبضہ کرلیا مگر راجہ ایشان چندرا مانکیا نے گورنمنٹ کو مہماً امکن امداد دی - سنہ ۱۸۶۲ء مین راجہ ایشان چندرا اپنے

بھائی راجہ بیر چندر امانکیا کے جانشین ہوے - وہ اپنے بھائی کی حیات ہی مین جبراج کے لقب سے ملقب تھے - خاندانی قانون وراثت یہ ہے کہ راجہ اپنے خاندان مین جس شخص کو چاہے نامزد کر سکتا ہے - ولیعہد کا لقب جبراج ہوتا ہے - جبراج کا بھی ایک جانشین ہوتا ہے جو بڑے ٹھاکر کے لقب سے ملقب کیا جاتا ہے - راجہ کے بعد جبراج راجہ اور بڑا ٹھاکر جبراج ہوتا ہے اور اگرچہ راجہ کا اصلی وارث بھی ہو لیکن وہی حکومت پاتا ہے - اگر کوئی شخص نامزد نہین ہوتا تو بڑا بیٹا وارث ریاست ہوتا ہے - راجہ ایشان چندر کی وفات پر جو ۱۸۶۲ء مین واقع ہوئی جانشینی کی بابت تنازع ہوا مگر بالآخر ۱۸۷۰ء مین راجہ مرحوم کے بھائی راجہ بیر چندر مانک کے حق مین تصفیہ ہوا - ۱۸۷۱ء مین ایک پولیٹکل ایجنٹ ہز ہائنیس کی دارالریاست اگرتلہ مین رہنے کے لیے مقرر ہوا - ۱۸۹۷ء مین راجہ بیر چندر امانکیا کا انتقال ہو گیا اور راجہ صاحب حال مسند نشین ہوے - ٹپرہ کے ساتھ برٹش گورنمنٹ کا کوئی معاہدہ نہین ہے اور نہ وہ کوئی خراج دیتا ہے - صرف جانشینی کے وقت نذرانہ دینا پڑتا ہے - ٹپرہ کا رقبہ چار ہزار چھیاسی مربع میل - آبادی تقریباً دو لاکھ اور آمدنی دس لاکھ روپیہ ہے - سلامی ۱۳ ضرب اتواپ ہے -

منی پور

ہز ہائینس راجہ چوراچند والی منی پور آسام

ولادت سنہ ۱۸۸۶ع - مسند نشینی ۱۸ - ستمبر سنہ ۱۸۹۱ع - آپ ایک چھتری خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور راجہ چوراے رومبا کی اولاد مین ہین جنھون نے اس ریاست کو اوائل اٹھارھوین صدی مین حاصل کیا تھا - سنہ ۱۷۱۴ع مین راجہ چوراے رومبا کے متبنیٰ بیٹے راجہ غریب نواز کے لقب سے والی منی پور ہوے - اُنھون نے ملک برھما پر کئی حملہ کیے جنمین اُنھین نمایان کامیابی حاصل ہوئی - اُنکے پوتے راجہ جے سنگھ کے زمانہ مین برھمیون نے منی پور پر حملہ کیا اُسوقت اُن راجہ نے برٹش گورنمنٹ سے مدد طلب کی - ۱۴ - ستمبر سنہ ۱۷۶۲ع کو ایسٹ انڈیا کمپنی سے معاہدہ ہوا اور گورنمنٹ نے فوجی امداد دی - سنہ ۱۸۲۴ع مین گمبھیر سنگھ کے زمانہ مین برھمی پھر منی پور پر حملہ آور ہوے اور ملک کو اُنھون نے تاراج کر ڈالا مگر برٹش فوج کی مدد سے نکال دیے گئے اور سنہ ۱۸۲۶ع مین جب صلح ہو گئی تو گمبھیر سنگھ نے اپنے علاقہ کو بہت وسعت دی اور وادی کیوبو کو اپنے مقبوضات مین شامل کیا مگر یہ حصہ سنہ ۱۸۳۴ع مین اہل برھما کو واپس دے دیا گیا - اُسی سال گمبھیر سنگھ نے انتقال کیا اور اُنکے نابالغ بیٹے چندر کرتی سنگھ جانشین ہوے - اُنکے زمانہ مین خانگی جھگڑون اور ملکی فسادات مین بہت ترقی رہی جس سے ریاست کو سخت نقصان پہونچا - اُنکے بعد بہت سے ناقابل برداشت واقعات پیش آئے - گورنمنٹ نے مجبور ہو کر سنہ ۱۸۹۰ع مین اُن جھگڑون کی بیخ کنی کا قصد کر لیا - پہلی کوشش مین ناکامی ہوئی اُسمین بہت سی فوج اور اعلیٰ حکام مقتول ہوے مگر دوسری مرتبہ بلوائیون اور قاتلون کو سخت سزائین دی گئین اور مہاراجہ سورچندر سنگھ معزول ہوے اور اُنکے بجاے آپ مالک ریاست قرار پائے - گدی نشینی کے وقت آپ بہت صغیر سن تھے - اس ریاست مین گیارہ توپون کی

سلامی موروثی ہے اور اولاد اکبر کو گدی ملتی ہے ۔ ریاست کا رقبہ سات ہزار اور آٹھ ہزار میل مربع کے درمیان ہے ۔ مردم شماری کے کاغذات زمانہ غدر مین نیست و نابود ہو گئے ۔ ۱۸۸۱ء مین ریاست کی آبادی دو لاکھ اکیس ہزار ستر تھی ۔ ریاست کا خراج پچاس ہزار روپیہ سالانہ ہے ۔

صحیفۂ زرین

نولکشور پریس لکھنؤ

سنہ ۱۹۰۲ع

ریاستہاے ہندوستان

حصۂ دوم

NATIVE STATES OF INDIA

PART II.

نولکشور پریس لکھنؤ

انڈکس

ریاستہاے ہندوستان

حصہ دوم

ریاستہاے سرحد و پنجاب

نام ریاست	صفحہ
لسبیلہ -	۱
دیر و صوات -	۲
خاران -	۴
میلوگ -	۵
لوہارو -	〃
دوجانہ -	۶
باگھل -	۷
بگھاٹ -	۸
پاٹودی -	۹
بشہر -	۱۰
ہنڈور یا نالاگڈھ -	〃
کیونتھل	۱۱
کلسیہ -	۱۲

ریاستہاے سرحد و پنجاب

نام ریاست	صفحہ
جوبل -	۱۲
بھجی -	۱۳
کمھارسین -	〃
بلسن -	۱۴
کوٹھار -	〃
دھمی -	۱۵
کنھیار -	〃
مانگل -	〃
بیجہ -	۱۶
درکوٹی -	〃
دلیتی -	〃
تروچ -	۱۷
سانگری -	〃

ریاستہائے سرحد و پنجاب

نام ریاست	صفحہ
کانیتی -	۱۸
کوٹی -	〃
بھیوگ -	〃
مدہن -	〃
کھونڈ -	۱۹
رتیش -	〃
راون -	〃
دہدی -	〃
مدروت -	۲۰
ریاستہائے ملک متوسط	
کھیراگڈھ -	۲۱
رائے گڈھ -	۲۲
نندگانون -	۲۳
ریرہ کھول -	۲۴
کوندکا -	۲۵
کوردھا -	〃
بستر -	۲۶
کنکیر -	〃
مکرئی -	〃

ریاستہائے ملک متوسط

نام ریاست	صفحہ
سکتی -	۲۷
سارنگڈھ -	〃
بامرا -	〃
سونپور -	۲۸
پٹنہ -	〃
ریاستہائے وسط ہند	
(گوالیار رزیڈنسی)	
امری معروف بہ امرپور -	۲۹
گوالیار رزیڈنسی کی باقی ریاستین -	۳۰
بگھیلکھنڈ ایجنسی کی ریاستین -	〃
(بھوپال ایجنسی)	
سوٹھالیہ -	۳۱
بھوپال ایجنسی کی باقی ریاستین -	۳۲
بھوپاور ایجنسی کی ریاستین -	۳۳
(بندیلکھنڈ ایجنسی)	
علی پورہ -	۳۴
بندیلکھنڈ ایجنسی کی باقی ریاستین -	۳۵
(اندور ایجنسی)	
باگلی -	۳۶

ریاستہائے وسط ہند		ریاستہائے مغربی ہند	
نام ریاست	صفحہ	نام ریاست	صفحہ
اندور ایجنسی کی باقی ریاستیں ۔	۳۷	ویرپور ۔	۴۶
مالوہ ایجنسی کی ریاستیں ۔	″	کوٹڑا سانگنی ۔	″
ٹپاری ۔	۳۸	جیت پور ۔	″
ریاستہائے راجپوتانہ		پتری ۔	۴۷
شاہ پورہ ۔	۳۹	گدار ۔	″
لاوا ۔	″	(پالنپور ایجنسی)	
ریاستہائے مغربی ہند		تھراد و مرواڑا ۔	۴۷
(کاٹھیاوار ایجنسی)		واؤ ۔	۴۸
جعفر آباد ۔	۴۱	سوئگم ۔	″
ملیا ۔	″	دیودار ۔	۴۹
لکھتر ۔	۴۲	ترواڑہ ۔	″
سیالا ۔	″	بھابھر ۔	″
والا ۔	″	سنتال پور و چھوڑ جاٹ ۔	۵۰
چورا ۔	۴۳	ورئی یا وراہی ۔	″
بنٹوا ۔	″	کانکریج ۔	″
جسدان ۔	″	ماہی کانٹھا ایجنسی کی چھوٹی ریاستیں	۵۱
لاٹھی ۔	۴۴	(ریوا کانٹھا ایجنسی)	
مسولی ۔	۴۵	منڈوا ۔	۵۴
بجانا ۔	″	ریوا کانٹھا ایجنسی کی باقی ریاستیں	۵۵

ریاستہائے مغربی ہند

نام ریاست	صفحہ
(سورت ایجنسی)	
جوہر -	۵۸
(جاگیرداران ستارہ)	
اکلکوٹ -	۵۹
بھور -	″
اوندھ -	۶۰
جتھ -	″
پھلٹن -	۶۱
جنوبی مرہٹہ جاگیردار	
سانگلی -	۶۲
میراج شاخ کلان -	″
میراج شاخ خرد -	″
جمکھنڈی -	۶۳
کرندواڑ کلان -	″
کرندواڑ خرد -	″
رام درگ -	۶۴
مدھول -	″
انچلکرنجی -	۶۵
وشال گڈھ -	″

ریاستہائے مغربی ہند

نام ریاست	صفحہ
بوادا -	۶۵
کاگل -	″
کاپشی -	۶۶
تورگل -	″
دتواڑ -	″
کاگل خرد -	″
ساونور -	۶۷
ریاستہائے احاطۂ مدراس	
سنڈور -	۶۹
بیگن پلی -	۷۱
ریاستہائے بنگال و آسام	
(باج گزار محال اڑیسہ)	
موربھنج -	۷۳
تالچیر -	۷۴
اتھ گڈھ -	۷۵
اٹھملک -	۷۶
برمبا -	″
بوڈ -	۷۷
دس پلا -	″

ریاستہائے بنگال و آسام		ریاستہائے بنگال و آسام	
نام ریاست	صفحہ	نام ریاست	صفحہ
ڈھینکانل ۔	۷۷	چنگ بھاکر ۔	۸۳
ہنڈول ۔	۷۸	گنگ پور ۔	۸۴
کیونجھر ۔	؍؍	جشپور ۔	؍؍
کھانڈپارا ۔	۷۹	کھرسوان ۔	؍؍
نرسنگ پور ۔	۸۰	کوریا ۔	۸۵
نیاگڈھ ۔	؍؍	سرائے کالا ۔	؍؍
نیلگیری ۔	۸۱	سرگجا ۔	؍؍
پل لہارا ۔	؍؍	چھوٹا اودے پور ۔	۸۶
رنپور ۔	۸۲	(آسام)	
تگریا ۔	؍؍	کوہستان جنتیا اور خاصیہ ۔	۸۶
(باج گزار محالات چھوٹا ناگپور)		(بھوٹان)	
بونائی ۔	۸۳	بھوٹان ۔	۸۸

ریاستہاے سرحد و پنجاب

حصۂ دوم

لسبیلہ

جام میر کمال خان صاحب بہادر والی لسبیلہ۔ آپ ۱۸۶۹ء مین پیدا اور ۱۶ مئی ۱۸۹۶ء کو مسند نشین ہوے۔ خاندان لسبیلہ کا سلسلہ نسب عبد المناف سے ملتا ہے جنکی آٹھوین پشت مین بھاگیرت مکہ سے ہندوستان مین آئے اور جام نگر پر قبضہ کیا۔ بھاگیرت کی نسل مین اجپال دسرت بھرت بھیم جام ہوے ہین بھیم کے بیٹے مہران نے اسلام قبول کیا اور سندھ کو چلے آئے۔ اُنکے پوتے جام جور و نے سومرا راجپوتون سے جنگ کرکے سندھ فتح کرلیا جو کئی پشتون تک اُنکی اولاد کے قبضہ مین رہا مگر جام ارادین چوبیسوین حکمران کو نور الدین جہانگیر شہنشاہ مغلیہ نے شکست دی اور اُنھون نے بھاگ کر کنہراج واقع لسبیلہ مین سکونت اختیار کی۔ اُنکی ایک اولاد عالی کھتوریہ نوین جام نے قوم رونجہ سے انتقام لینے کے لیے جنھون نے اُنکے چھوٹے بھائی کو ہلاک کرڈالا تھا لسبیلہ پر حملہ کیا اور اُسکو فتح کرکے علاقۂ لسبیلہ قوم برفت سے چھین لیا۔ اُس زمانہ سے ریاست لسبیلہ اس خاندان کے قبضہ مین ہے اور فرمانروایان لسبیلہ جام کہلاتے ہین۔ یہ لقب غالبًا اُس زمانہ مین اختیار کیا گیا تھا جب اس خاندان کے مورث نے ہندوستان مین جاکر جام نگر پر قبضہ کیا تھا۔ جام میر کمال خان

بانی خاندان سے چوتھین پشت مین ہین۔ جام عالی خان ثانی کی وفات پر جو ۱۴ جنوری ۱۸۹۶ء کو واقع ہوئی آپ حکمران ریاست قرار پائے۔ آپ نے جب سے زمام سلطنت اپنے ہاتھ مین لی ہے ریاست مین بہت سے اسکول قائم ہوئے ہین جوڈیشل کارروائیان اور دفتر کا انتظام انگریزی طرز پر آتا جاتا ہے۔ محصول چنگی کی شرح مین مناسب تخفیف عمل مین آئی ہے۔ جملہ منازل پر آرام گاہین بنائی گئی ہین اور تھانے جو پہلے بلوچی قسم کے تھے اب جدید طرز کے پختہ بنوائے گئے ہین۔ ریاست کا رقبہ بارہ ہزار مربع میل ہے۔ آبادی چھبین ہزار ایکسو نو ہے۔ آمدنی تقریباً تین لاکھ سالانہ مقامی فوج دوسو نو نفر ہے ملیٹری پولس مین ایک سو پچاس جوان ہین اور اُنکے علاوہ چھتیس سوار رسالہ اور پانچ اتواپ ہین۔

دیر وصوات

نواب محمد شریف خان صاحب بہادر والی دیر وصوات وجنڈول

آپ ۱۲۶۶ھ مین پیدا ہوئے اور افغانستان کے سرحدی حصہ شرقی وشمالی مین ایک خود مختار وحکمران والی ملک ہین اور قوم افغان کے سربنی یوسف زئی قبیلہ سے تعلق رکھتے ہین۔ آپ کے والد بزرگوار نواب رحمت اللہ خان مرحوم محمد غلام خان بانی ریاست کی چوتھی پشت مین تھے۔ آپ کے چار حقیقی بھائی اور تھے لیکن آپ اُن سب سے بڑے ہین۔ ۱۳۰۱ھ مین جب آپ کے والد ماجد نے سفر آخرت اختیار کیا تو آپ اُنکے جانشین ہوئے ہرچند آپ اپنی لیاقت وشجاعت کے جوہر ولیعہدی ہی کے زمانہ مین دکھا چکے تھے مگر مسند نشینی کے بعد دشمنون نے چارون طرف سے نرغہ کیا جس مین خان جندول وخان نادگی وخان خار وخان پشت وخان اسمار ومہتر چترال اور آپ کے دو مخالف بھائی جمروز خان ومحمد اشرف خان بھی شریک تھے مگر آپ نہایت جوانمردی اور دلیری سے اُنکا مقابلہ کرتے رہے اور جب ۱۳۱۳ھ مین گورنمنٹ برطانیہ نے ملک چترال پر یلادیر



نواب محمد شریف خان بہادر والی دیر و صوات مع فرزند ثانی

فوج کشی کی تو آپ پھر اپنے آبائی علاقہ پر قابض ہو گئے۔ اُسوقت آپ نے گورنمنٹ ہند کو قابل قدر مدد دی۔ آپ نے چترال کو کمک روانہ کی اور سرکاری افواج کے لیے اپنے مصارف سے سامان رسد فراہم کیا اور اُسکی کوئی قیمت نہین لی۔ آپ گورنمنٹ انگلشیہ کے بہت بڑے وفادار دوست ہین۔ آپ کی اجازت سے ملکنڈ سے چترال تک ایک خام سڑک تعمیر ہوئی ہی جو آپ کے علاقہ مین ہو کر گذری ہے جسکی حفاظت اور ڈاک کا اہتمام آپکی معرفت ہوتا ہے اور آپ اُسکے نگران اور محافظ ہین۔ اسکے عوض مین گورنمنٹ ہند آپ کو پچیس ہزار روپیہ سالانہ سے مدد دیتی ہے۔ جن امور مین آپ کو سرکاری صلاح کی ضرورت ہوتی ہے وہ پولٹیکل ایجنٹ مقیم ملکنڈ کی معرفت طے ہوتے ہین۔ گورنمنٹ نے آپ کو نواب کا خطاب عنایت فرمایا ہے اور یہ خطاب آپ کو اور آپ کے والد ماجد کو دربار کابل سے ملا تھا۔ آپ کے مدار المہام مولوی محمد قریب اللہ ہین جو بیشتر آبو روڈ راجپوتانہ کے مجسٹریٹ اور سب جج تھے۔ میان بہاء الدین آپ کے سررشتہ دار خاص ہین۔ ریاست کا انتظام ہر طرح قابل تعریف ہے۔ علاقہ مین انفصال مقدمات کے لیے قاضی مقرر ہین۔ صوات کے دیوانی۔ فوجداری اور مالی انتظام معاہد خان و عبد الرحیم خان کو مفوض ہین۔ عبد الکریم خان آپ کے رضاعی بھائی منتظم امور خانگی و حاکم کوہستان ہین۔ سید احمد خان قلعہ باڑدہ جنڈول سے ازدواجی تعلقات ہین۔ سرور خان حاکم قلعۂ رباط آپ کے ماموں ہین۔ علاوہ انکے اور بہت سے معزز خوانین آپ کے زیر فرمان و احسانمند ہین۔ آپ کے علاقہ مین کل چھیالیس قلعہ ہین جنمین فوج کی ایک معتد بہ تعداد اور سامان جنگ ہمیشہ موجود رہتا ہے۔ ریاست عام زمینداروں سے شرعی عُشر لیتی ہے۔ سادات علما۔ مدرسین۔ امامان مسجد اولاد بزرگان دین اور معتبر خوانین اقوام کی اراضیات پر محصول معاف ہے۔ افغانستان کی طرح یہان بھی یہ قدیم رواج ہے کہ ہر متنفس مسلح اور فنون جنگ سے واقف ہے۔ آپ میدان جنگ مین پچیس ہزار جوان فراہم کر سکتے ہین۔ آپ علاوہ مدبر شجاع و منتظم ہونے کے نہایت اولوالعزم عالی حوصلہ

غریب پرور - شریف نواز - خوش اخلاق صالح تشرع - رحم دل فیاض رئیس ہین - آپ کے مشیر و مصاحب بھی نہایت عمدہ اوصاف سے متصف ہین - اور آپ اہل علم و اہل ہنر کی بڑی قدر کرتے ہین - آپ نے اڑسٹھ لڑائیان لڑی ہین آپ کا انصاف ضرب المثل ہے - آپکی تنخواہ دار فوج مین تین ہزار پیادہ اور آٹھ سو سوار ہین جو شاہ پسند خان کی زیر کمان ہین - آپ کے پانچ صاحبزادہ ہین - ولیعہد کا نام نامی محمد اورنگ زیب عرف بادشاہ خان ہے جو سب سے بڑے بیٹے ہین - دوسرے بیٹے شاہ روان خان ہین جو قلعہ منڈہ اور اُسکے مضافات کے حاکم ہین - یہ دونون صاحب نہایت نیک چلن اور اپنے والد بزرگوار کے بہت بڑے فرمانبردار و مطیع ہین - تین اور خرد سال صاحبزادے ہین جو مادری تعلق سے جدا ہین اُنکے لیے حسب حیثیت جاگیرین مقرر ہین -

خاران

سر نوروز خان نوشیروانی - کے - سی - آئی - ای - ولادت ۱۸۵۵ء - آپ

بعد وفات اپنے والد میر آزاد خان کے ۱۸۸۶ء مین مسند آرائے حکومت ہوے - آپ بلند بالا وجیہ امیر ہین اور سپاہیانہ طبیعت پائی ہے - قلعہ خاران کشک سے چھہتر میل سمت جنوب و مغرب مین واقع ہے اور اس ریاست کا صدر مقام ہے - والی ریاست کو سرکار انگریزی سے چھ ہزار روپیہ سالانہ ملتے ہین - قبیلۂ نوشیروانی جس کے آپ سردار ہین اپنے کو قدیم کیمان خاندان سے منسوب کرتے ہین - لیکن ابراہیم خان سے تین پشت بیشتر کا سلسلۂ نسب نہین معلوم ہوتا ہے - ابراہیم خان نے ۱۶۹۷ء مین سلطان حسین خان کی ملازمت اختیار کی - انکے پردادا کا نام نوشیروان تھا اور غالباً یہی وہ بزرگ ہین جنکے نام سے یہ قبیلہ موسوم ہے - ریاست خاران کا رقبہ پندرہ ہزار مربع میل - آبادی پینتالیس ہزار اور آمدنی تقریباً ایک لاکھ روپیہ ہے -



آنریبل نواب سرامیرالدین احمد خان بہادر- کے-سی-آئی-ای-نواب لوہارو

میلوگ

ٹھاکر رگھوناتھ چند والی ریاست - ولادت ۱۸۶۲ء - آپ راجپوت ہین - خاندان کے بانی رانا ہری چند نے بزور شمشیر ریاست کی بنیاد ڈالی تھی - آپ ریاست کے کام مین نہایت دلچسپی ظاہر کرتے ہین - ریاست کا رقبہ ترپن مربع میل اور آبادی تقریباً دس ہزار ہے

لوہارو

آنریبل نواب سر امیر الدین احمد خان بہادر فخر الدولہ کے-سی-آئی-ای - نواب لوہارو - ولادت ۱۸۶۰ء - اس خاندان کے بانی نواب احمد بخش خان تھے جو مرزا عارف جان بیگ بخاری مغل کے بیٹے تھے مرزا عارف جان بیگ شاہ عالم بادشاہ کے عہد سلطنت مین ہندوستان آئے اور شاہی ملازمت مین داخل ہوے - اُنکی شادی مرزا محمد بیگ صوبہ دار اٹک کی لڑکی سے ہوئی اور یہ بھی سُنا گیا ہے کہ وہ اپنے خسر کے قائم مقام بھی ہوگئے تھے - نواب احمد بخش خان نے چند سال تک مرہٹون کی ملازمت کرنے کے بعد راجہ الور کی رفاقت اختیار کی - راجہ موصوف نے اُنکو علاقہ لوہارو عطا کیا اور لارڈ لیک کے یہان سفیر مقرر کرکے بھیجدیا - نواب احمد بخش کمانڈران چیف موصوف کے ساتھ اکثر معرکون مین شریک رہے اور اُنکی شجاعانہ کارروائی اور اعلیٰ خدمات خصوصاً معاملہ عہد نامہ الور کے صلہ مین ضلع فیروزپور مین پانچ محال کی جاگیر مع سند اُنکو عطا ہوئی مرزا احمد بخش خان کو خطاب فخر الدولہ دلاور الملک رستم جنگ بھی عطا ہوا تھا - انھون نے ۱۸۲۷ء مین انتقال کیا اور قطب مینار دہلی کے قریب مدفون ہوے - اُنکے بعد اُنکے بیٹے نواب شمس الدین خان اُنکے جانشین ہوے مگر بدقسمتی سے فیروزپور والی جاگیر ضبط ہوگئی - صرف لوہارو جو راجہ الور کی طرف سے ملا تھا اس خاندان کے قبضہ مین رہگیا - وہ لاولد فوت ہوے - اُنکے بعد لوہارو نواب

مین الدین احمد خان و نواب ضیاء الدین احمد خان کے تحت حکومت رہا من بعد باہم نا اتفاقی ہوئی ضیاء الدین احمد خان کو اٹھارہ ہزار روپیہ سالانہ کا گذارہ دیکر سرکار نے ریاست سے علیحدہ کر دیا۔ نواب امین الدین احمد خان ۱۸۲۶ء مین اپنے والد کے جانشین ہوے اور ۱۸۶۹ء تک اُنھون نے حکومت کی۔ نواب امین احمد خان نے ۱۸۶۹ء مین انتقال کیا اُنکے بعد اُنکے بیٹے نواب علاؤ الدین احمد خان جانشین ہوے۔ اُنکو ۱۸۷۴ء مین ارل نارتھ برُوک صاحب نے خطاب نوابی عطا کیا اور اسکے ساتھ ہی خطابات فخر الدولہ دلاور ملک۔ رستم جنگ بھی تسلیم کیے گئے۔ نواب علاؤ الدین خان نے ۱۸۸۴ء مین انتقال کیا اور ۱۸۸۵ء مین آپ باضابطہ فرمانروا تسلیم کیے گئے۔ آپ کے حسن انتظام اور اعلیٰ قابلیت کی قدردانی مین گورنمنٹ نے آپ کو ۲۲- جون ۱۸۹۷ء کو کے سی۔ آئی۔ ای۔ کا خطاب مرحمت فرمایا۔ آپ نے ویسریگل کونسل اور پنجاب لیجسلیٹیو کونسل کی ممبری کی کرسی کو بھی زینت دی ہے۔ نواب صاحب بہادر دربار دہلی مین شریک ہونے کے لیے مدعو ہوے ہین اور آپ کا کمپ پنجاب کے رؤسا کے کمپ مین ہوگا۔ آبادی ریاست پندرہ ہزار اور محاصل بہتر ہزار روپیہ سالانہ ہے۔

دوجانہ

نواب ممتاز علی خان بہادر جلال الدولہ مستقل جنگ رئیس دوجانہ

ولادت ۱۸۶۴ء مسند نشینی ۱۸۷۹ء یہ خاندان نہایت قدیم ہے اس خاندان کے مورث اعلیٰ ملک رحمت قوم پٹھان باشندے بنیر امیر تیمور کے ہمراہ ہندوستان مین آئے اور بعض اتفاقات کے سبب سے موضع مبارک آباد مین جو جھجھر کے متصل ہے سکونت اختیار کی آپکے مورث اعلیٰ عبد الصمد خان دوجانہ کے پہلے نواب ہوے اُنکو اور اُنکے بیٹون کو لارڈ لیک صاحب نے جنگ بھرت پور کی نمایان خدمات کے صلہ مین بہت بڑی جاگیر عطا کی اور نوابی کا خطاب دیا ۱۸۰۶ء مین یہ جاگیر موروثی قرار دی گئی مگر وہ ریاست رعایا کی مخالفت کی وجہ سے

اُنکے قبضہ مین نہ رہ سکی - آخر کار علاقہ دھرانہ اور دوجانہ پر اکتفا کی - عبد الصمد خان کے بعد ۱۸۲۶ء مین اُنکے بیٹے محمد دوندے خان مالک ریاست ہوے - ایام غدر مین نواب دوندے خان کے بیٹے نواب حسن علی خان برسر حکومت تھے اُنکے بعد اُنکے بیٹے نواب سعادت علی خان اور اُنکے بعد اُنکے بیٹے نواب ممتاز علی خان وارث ہوے - ریاست کا رقبہ ۸۹ مربع میل ہے - آبادی تقریباً پچیس ہزار ہے اور آمدنی اٹھتر ہزار ہے -

باگھل

راجہ دھیان سنگھ بہادر راجہ باگھل - ولادت ۱۸۴۱ء آپ ۲۶ - جولائی ۱۸۷۵ء کو مسند نشین ہوے - آپ راجپوتون کے فرقہ پریار سے تعلق رکھتے ہین اور جگدیو کی نسل سے ہین جنھون نے اُجین سے آکر باگھل کو فتح کیا تھا - ۱۸۱۵ء مین ریاست باگھل پر گورکھون نے حملہ کیا لیکن دوسرے سال وہ نکال دیے گئے اور گورنمنٹ نے جگت سنگھ کو راجہ تسلیم کیا - غدر کے زمانہ مین راجہ کشن سنگھ برسر حکومت تھے اُنھون نے سرکار انگریزی کو اس نازک وقت مین نہایت قیمتی مدد دی جسکے صلہ مین اُنکو راجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - اُنھون نے ۲۳ - جولائی ۱۸۷۶ء کو انتقال کیا اور اُنکے خرد سال فرزند موتی سنگھ مسند نشین ہوے - راجہ موتی سنگھ نے ۱۲ - اکتوبر ۱۸۷۶ء کو وفات پائی اور موجودہ راجہ جو جگدیو کے ایک جدی رشتہ دار ہین جانشین ہوے - راجہ دھیان سنگھ خاندانہائے سکیت - مدھن - اور کیونٹھل سے قرابت رکھتے ہین - ریاست کا رقبہ ۱۲۴ مربع میل - آبادی پچیس ہزار چھ سو چورانوے ہے جس مین چھ ہزار باہر کے لوگ شامل نہین ہین - ریاست کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپیہ سے زیادہ ہے - راجہ صاحب کی فوجی قوت مین ۱۵۰ پیدل اور ایک توپ ہے راجہ صاحب نے شملہ کانگڑہ کی سڑک پر بہت سے دھرم سالے بنوادیے ہین اور ریاست کا انتظام بمدد اپنے بھائی میان اددھب سنگھ کے نہایت عمدگی سے سرانجام کرتے ہین - راجہ صاحب

کے چار فرزند اور چار لڑکیان ہین - ٹیکا بکرم سنگھ جنکی عمر دس برس کی ہے اور انگریزی اُردو اور سنسکرت پڑھتے ہین ولیعہد ہین - راجہ صاحب کا مستقرار کی ہے -

بگھاٹ

رانا دلیپ سنگھ سی - آئی - ای - ولادت ۱۸۶۰ء آپ راجپوت ہین اس خاندان کے مورث اعلی دھارانگری ملک دکن کے باشندے تھے - جنھون نے یہ ریاست بزور شمشیر فتح کی - چونکہ گورکھون کی جنگ کے زمانہ مین راجہ مہندر سنگھ بگھاٹ کا برتاؤ دوستانہ نہ تھا اسلیے گورکھونکے اخراج پر پہلے ریاست پٹیالہ کے ہاتھ فروخت کردیگئی اور باقی ماندہ حصہ رانا مہندر سنگھ اور اُنکے ورثا کو دیدیا گیا ایک عرصۂ دراز کی حکومت کے بعد جب رانا مہندر سنگھ نے ۱۸۳۹ء مین لاولد قضا کی تو ریاست ابتداءً منتقل قرار دی گئی لیکن ۱۸۴۲ء مین لارڈ ایلنبرا صاحب نے رانا بجے سنگھ برادر مہندر سنگھ کو واپس دیدی اُنھون نے ۱۸۴۹ء مین قضا کی اور ریاست ایک دفعہ پھر منتقل سمجھی گئی - لیکن ۱۸۶۱ء مین لارڈ کیننگ صاحب نے سابق مہارانا کے چچیرے بھائی امید سنگھ کو خیر خواہانہ برتاؤ کے صلہ مین ہمیشہ کے لیے دیدی - لیکن قبل اسکے کہ سند عطاے جاگیر تیار ہو اُنھون نے بھی انتقال کیا - اور اُنکی وصیت کے موافق رانا دلیپ سنگھ اُنکے جانشین قرار دیے گئے - آپ ایک تعلیم یافتہ رئیس ہین اور آپ کا انتظام بہت عمدہ ہے - آپ کو ۱۸۹۶ء مین سی - آئی - ای - کا خطاب مرحمت ہوا - آپ کی پہلی شادی رانا دھمی کی لڑکی سے ہوئی تھی - اُنھون نے انتقال کیا - دوسری شادی رانا مانگل کی دو پوتیون سے ہوئی ہے - ریاست کا رقبہ تینتیس ۳۳ مربع میل اور مردم شماری تقریباً نو ہزار اور آمدنی تیس ہزار روپیہ ہے - اس مین آپکو چھ سو تین روپیہ خراج دینا پڑتا ہے -

پاٹودی

نواب محمد مظفر علی خان والی پاٹودی ۔ ولادت سنہ ۱۸۶۰ عیسوی

اس خاندان کے مورث اعلیٰ شہنشاہ اکبر کے عہد دولت مین ہندوستان مین آئے تھے۔ اُنکی ساتوین پشت مین الف خان مرتضیٰ خان فوجی خدمت مین جوڑی دار تھے ۔ مرتضیٰ خان کے بیٹے نجابت علی جھجھر کے نواب ہوے ۔ الف خان چند سال تک شجاع الدولہ نواب اودھ کے ملازم رہے بعدہ شاہ عالم بادشاہ دہلی کی جانب سے اعلیٰ درجہ کی فوجی ملازمت پر ممتاز ہوے ۔ الف خان کے بیٹے فیض طلب خان کی شادی مرتضیٰ خان کی لڑکی سے ہوئی ۔ فیض طلب خان پہلے مرہٹہ کی فوج مین سردار تھے ۔ اُنکو دولت راؤ سیندھیہ نے بجلدوے حسن خدمت پرگنہ رہتک کی سند عطا کی تھی ۔ اُسی زمانہ مین اُنکے بھائی نجابت علی جھجھر کے نواب تھے جب سنہ ۱۸۰۳ع مین مرہٹون کا استیصال ہوا تو فیض طلب خان نے شاہ عالم شہنشاہ دہلی کی ملازمت اختیار کی شہنشاہ موصوف نے دربار عام مین فیض طلب خان کو لارڈ لیک صاحب کے سپرد کیا ۔ لارڈ لیک صاحب نے اُنکو مہاراجہ ہلکر کے مقابلہ کے لیے چمبل گھاٹ کو روانہ کیا ۔ فیض طلب خان اکثر معرکون مین کمال مردانگی اور جانفشانی سے لڑتے رہے اور جنگ بھان پور مین سخت زخمی ہوکر مہاراجہ ہلکر کی فوج مین مقید ہوے ۔ مہاراجہ ہلکر سردار موصوف کی شجاعت سے ایسے خوش ہوے کہ اُنکو بہت سے تحفہ و تحائف دیکر جنرل لیک صاحب کے پاس بھیج دیا ۔ جنرل لیک نے اُنکو سنہ ۱۸۰۶ع مین پاٹودی کی دوامی سند جاگیر عطا کی ۔ فیض طلب خان کے انتقال کے بعد سنہ ۱۸۲۹ع مین اُنکے بیٹے محمد اکبر علی خان جانشین ہوے اور اُنھون نے سنہ ۱۸۶۲ع تک حکومت کی ۔ غدر کے زمانہ مین سرکار انگریزی کے ساتھ وفادارانہ شرکت کی ۔ اُنکی وفات پر اُنکے بیٹے علی نقی خان جانشین ہوے اور اُنکی وفات کے بعد نواب

محمد مختار حسین علی خان مالک ریاست ہوے - نواب مختار حسین خان نے ۱۸۷۸ء مین انتقال کیا - اُنکے بعد نواب محمد ممتاز حسین علی خان جانشین ہوے اور اُنکی وفات کے بعد اب آپ والی ریاست ہین - ریاست کا رقبہ ترپن مربع میل - آبادی بائیس ہزار اور آمدنی بچاسی ہزار ہے

بشہر

راجہ شمشیر سنگھ والی بشہر - ولادت ۱۸۳۹ء - آپ خود کو سری کرشن جی کی نسل سے منسوب کرتے ہین جنسے والی حال تک ایکسو بیس پشتین گذری ہین - اوائل صدی گذشتہ مین بشہر پر گورکھون نے قبضہ کر لیا تھا - سرکار انگریزی نے دخیل ہوکر گورکھون کو ملک سے نکالدیا - یہ تنازعات ۱۸۰۳ء سے ۱۸۱۵ء تک قائم رہے - آخرکار سرکار انگریزی نے سند ریاست راجہ مہندر سنگھ پدر راجہ شمشیر سنگھ کو عطا کی راجہ شمشیر سنگھ کی دوسری رانی کے بطن سے ٹیکا رگھناتھ سنگھ ہین جو ۱۸۶۸ء مین پیدا ہوے اور ۱۸۸۶ء مین سن بلوغ کو پہونچے اور حسب صوابدید سرکار انگریزی حکومت کرتے ہین - یہ ریاست باعتبار وسعت رقبہ جملہ ریاستہاے شملہ سے بڑی ہے - رقبہ تین ہزار پانچ سو مربع میل - محاصل تقریباً پچاسی ہزار روپیہ اور آبادی تقریباً اسی ہزار ہے جس مین زیادہ تر ہندو ہین -

ہنڈور یا نالاگڈھ

راجہ ایشری سنگھ آپ چنڈیل راجپوت اور خاندان کہلور کی چھوٹی شاخ سے ہین اسکا اصلی وطن گڈھ چندیری تھا - قلعہ رام شہر جو ایک جانب سے لدھیانہ اور ہوشیارپور کے میدان اور دوسری جانب سے چمبہ کی برفستانی چوٹیون کے محاذات مین ہے اُس زمانہ کا بنا ہوا ہے جب یہ دونون خاندان متحد تھے - ریاست ہنڈور کے بانی اجے سنگھ تھے - اُنکے بیٹے راجہ رام سرن سنگھ بڑے بہادر اور سرکار انگریزی کے

بہت بڑے خیر خواہ تھے اور اُس جنگ مین جو سر ڈیوڈ آکٹرلونی اور بھگتا تھاپا کمانیر گورکھا کے مابین درہ رام شہر اور موہر گھاٹی مین ہوئی تھی شریک تھے جس مین گورکھا کمانیر مقتول ہوا مگر بعد ختم جنگ جو اضلاع راجہ موصوف نے خود فتح کیے تھے واپس دیے۔ سنہ ۱۸۱۵-۱۶ء مین سرکار انگریزی کی جانب سے سند راجگی مرحمت ہوئی۔ راجہ رام سرن سنگھ نے ساٹھ برس حکمرانی کرنیکے بعد چھیاسی برس کی عمر مین رحلت کی۔ انکے چار بیٹے تھے اولاد اکبر راجہ بجے سنگھ نے سنہ ۱۸۸۶ء مین لاولد انتقال کیا۔ اس واقعہ کے تین برس کے بعد راجہ اگر سنگھ راجہ رام سرن سنگھ کے تیسرے بیٹے گدی نشین ہوے۔ راجہ فتح سنگھ جو انسے بڑے تھے بوجہ فاتر العقل ہونے کے محروم رہے۔ راجہ ایشری سنگھ راجہ اگر سنگھ موصوف کے بیٹے ہین۔ رقبہ دو سو پچاس مربع میل۔ آبادی باون ہزار۔ محاصل تقریبًا سوا لاکھ۔ آپ سالانہ پانچہزار روپیہ بطور خراج سرکار انگلشیہ کو دیتے ہین۔

کیونتھل

راجہ بجے سین والی ریاست کیونتھل۔ ولادت سنہ ۱۸۵۴ء۔ آپ راجپوت خاندان سے ہین۔ مدت دراز سے یہ ریاست نسلاً بعد نسلٍ اس خاندان مین چلی آتی ہے۔ مورث اعلیٰ کا نام بھوپ سین تھا۔ اوائل صدی گذشتہ مین گورکھون کے حملہ کے سبب سے چند روز کے لیے ریاست ہاتھ سے نکل گئی تھی۔ چنانچہ راجہ سنسار سین والی حال کے پردادا مورث اعلیٰ کے پوتے اُسی زمانہ مین پیدا ہوے۔ مگر سنہ ۱۸۱۴ء مین سرکار انگریزی کی اعانت سے پھر موروثی راج پر قبضہ پایا۔ زمانۂ غدر مین راجہ سنسار سین نے گورنمنٹ انگریزی کے ساتھ حق وفاداری ادا کیا۔ اکثر یوروپین لوگون کو جو شملہ سے بخوف بھاگ نکلے تھے پناہ دی۔ اُسی کے جلد و مین خطاب راجگی مسلم ہوا۔ اسکے بعد راجہ مہندر سین اور بلبیر سین کے بعد دیگرے گدی نشین ہوے اب آپ والی ریاست ہین آبادی تقریبًا بائیس ہزار اور آمدنی چھیاسٹھ ہزار ہے۔ رقبہ دو سو چھیاسی مربع میل۔

کلسیہ

سردار رنجیت سنگھ والی کلسیہ - ولادت ۱۸۸۱ء - اس خاندان کے مورث اعلی سردار گُربخش سنگھ قوم جاٹ (سکھ) کلسیہ کے باشندے تھے - سردار گربخش سنگھ نے اس ریاست کو اٹھارھوین صدی عیسوی مین فتح کیا تھا - اُنکے بیٹے سردار جودھ سنگھ نے بہت سا ملک فتح کر کے اُس مین اضافہ کیا - جب سے ان ممالک پر سرکار انگریزی کا قبضہ ہوا سردار موصوف بھی انگریزی حمایت مین آئے - سردار جودھ سنگھ کے بیٹے سردار سوبھا سنگھ اپنے باپ کے بعد والی ریاست ہوے - اُنھون نے ۱۸۵۸ عیسوی مین قضا کی - سردار سوبھا سنگھ اور اُنکے بیٹے سردار لہنا سنگھ نے زمانہ غدر مین سرکار انگریزی کے ساتھ حق وفاداری اور جان نثاری ادا کیا تھا - سردار سوبھا سنگھ کے بعد سردار لہنا سنگھ گدی نشین ہوے - اُنھون نے ۱۸۶۹ء مین انتقال کیا اور اُنکی جگہ اُنکے بیٹے سردار بشن سنگھ صاحب ریاست ہوے - سردار موصوف کی شادی راجہ جھیند متوفی کی لڑکی سے ہوئی ہے - والی حال سردار رنجیت سنگھ سردار بشن سنگھ کے بیٹے ہین اور ۱۸۸۶ء مین اپنے والد کے انتقال پر گدی نشین ہوے - رقبہ ایکسو اُنھتر مربع میل - آبادی تقریبًا ستر ہزار اور محاصل تقریبًا دو لاکھ روپیہ ہے -

جوبل

رانا گیان چند والی ریاست جوبل - ولادت ۱۸۶۱ء - آپ راجپوت ہین - اس خاندان کے راجہ اپنی نسل کو قدیم والیان سرمور کی طرف منسوب کرتے ہین - یہ ریاست ایک زمانہ مین ریاست سرمور کی خراج گزار تھی - لیکن محاربہ گورکھا کے بعد برٹش گورنمنٹ نے اس ریاست کو آزاد کر دیا - ۱۸۱۵ء مین لارڈ مائرا صاحب نے رانا پورن چند کو سند

ریاست مرحمت کی - انقلابات عظیم کے بعد پورن چند نے اپنی ریاست گورنمنٹ کو دیدی سنہ ۱۸۵۸ء مین ریاست پھر واگزار ہوئی مگر راجہ کا انتقال ہو چکا تھا اسکے بعد اُنکے فرزند کرم چند سنہ ۱۸۵۴ء مین رانا مقرر ہوے - اُنکے بعد سنہ ۱۸۷۶ء مین رانا پدم چند اور اب آپ فرمانروا ہین - ریاست کا رقبہ دو سو ستاون مربع میل - آبادی تقریباً بیس ہزار اور آمدنی ایک لاکھ باون ہزار روپیہ اور خراج دو ہزار پانسو بیس روپیہ ہے -

بھجی

رانا درگا سنگھ والی ریاست بھجی - ولادت سنہ ۱۸۴۲ء - آپ راجپوت ہین سند ریاست آپ کے دادا رانا رودر مل کو منجانب سرکار انگریزی سنہ ۱۸۱۵ء مین مرحمت ہوئی تھی - خاندان کے بانی نے کانگڑہ سے آکر اس ریاست کو بزور شمشیر فتح کیا تھا - رقبہ چورانوے مربع میل آبادی تخمیناً تیرہ ہزار اور آمدنی تخمیناً پچیس ہزار ہے -

کمھارسین

رانا ہیرا سنگھ والی ریاست کمھارسین - ولادت سنہ ۱۸۵۱ء - آپ راجپوت ہین - اس خاندان کے بانی کرت سنگھ تھے جنھون نے سنہ ۱۰۰۰ء مین گیا سے آکر بزور شمشیر اسپر قبضہ کیا تھا - پہلے یہ ریاست بشہر کی خراج گزار تھی مگر محاربۂ گورکھا کے بعد گورنمنٹ برطانیہ کی جانب سے سند خودمختاری رانا کیہر سنگھ کو مرحمت ہوئی - رانا کیہر سنگھ کا اکلوتا لڑکا اُنکے زمانۂ حیات مین فوت ہو گیا اسلیے کیہر سنگھ کی وفات کے بعد سنہ ۱۸۳۹ء مین ریاست پر سرکار انگریزی نے قبضہ کر لیا مگر اس واقعہ کے بعد رانا پریتم سنگھ کو جو راجہ کیہر سنگھ کے دور کے یک جدی رشتہ دار تھے مع خطاب رانائی ریاست مرحمت ہوئی - ریاست کا رقبہ چورانوے مربع میل - آبادی بارہ ہزار اور آمدنی پچیس ہزار ہے

بلسن

رانا بیر سنگھ والی ریاست بلسن - ولادت ۱۸۶۱ء - آپ راجپوت

ہین - آپ کے مورث اعلیٰ جے سنگھ تھے - اُنکے پوتے رانا جگراج سنگھ نے ایام غدر مین چند انگریزون کو جو شملہ سے بخوف رجمنٹ گورکھا متعینہ جتوگ چلے آئے تھے پناہ دی - بجلدوے وفاداری خطاب رانا اور گرانبہا خلعت منجانب سرکار عطا ہوا - رانا موصوف نے ستاسی برس کی عمر مین ۱۸۶۷ء مین وفات پائی اور اُن کے پوتے رانا بھوپ سنگھ جانشین ہوے - اُنھون نے ۱۸۸۴ء مین انتقال کیا اُسوقت سے اُن کے بیٹے رانا بیر سنگھ برسر حکومت ہین - ریاست کا رقبہ اکاون مربع میل - آبادی تقریباً سات ہزار آمدنی نو ہزار ہے -

کوٹھار

رانا جگجیت سنگھ والی ریاست کوٹھار - ولادت ۱۷ - اپریل ۱۸۸۷ء

آپ راجپوت ہین - آپ کے والد رانا جے چند نے ۱۸ - اپریل ۱۸۹۶ء کو قضا کی - انکے بعد آپ ۵ - جون ۱۸۹۶ء کو مسند نشین ہوے - آپ کے مورث اعلیٰ چند صدی قبل راجوری واقع جمون سے آکر یہان آباد اور بانی ریاست ہوے تھے - محاربہ گورکھا کے قبل یہ ریاست کیونتھل کی باجگزار تھی لیکن بعد کو گورنمنٹ کی حمایت مین آگئی - چونکہ آپ ابھی نابالغ ہین اسلیے ریاست کا انتظام سردار گیان سنگھ کے سپرد ہے - ریاست کا رقبہ اُنیس مربع میل - آبادی تقریباً چار ہزار اور آمدنی گیارہ ہزار ہے -



رانا جگجیت سنگھ والی کوٹھار

دھمی

رانا ہیرا سنگھ والی ریاست - ولادت ۱۸۷۶ء آپ راجپوت ہین - آپ کے مورث اعلیٰ راج پورہ واقع ضلع انبالہ کے باشندے تھے - زمانۂ غدر مین مہا رانا گوبردھن سنگھ نے حق وفاداری ادا کیا اُسکے جلدو مین اُنکی مدت العمر کے لیے نصف خراج معاف ہوا - اُنکے بعد رانا فتح سنگھ برسر حکومت ہوے اور ۱۸۸۰ء مین اُن کو اپنی نصف مالگزاری کی معافی عطا کی گئی - اُنکی وفات پر رانا ہیرا سنگھ والی ریاست ہین -- ریاست کا رقبہ اُنتیس مربع میل - آبادی چار ہزار پانچ سو پانچ - آمدنی پندرہ ہزار ہے -

کنھیار

ٹھاکر ٹیک سنگھ والی کنھیار - آپ راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور بھوج دیو کی اولاد مین ہین جنھون نے قدیم الایام مین جمون سے آکر اس قطعۂ ملک کو فتح کیا تھا - اوائل صدی گذشتہ مین گورکھون نے اس ریاست پر حملہ کیا تھا مگر ۱۸۱۵ء مین اُنکے اخراج پر راؤ پورن دیو کو جو اُس زمانہ مین ٹھاکر تھے گورنمنٹ کی جانب سے سند مرحمت ہوئی ریاست کا رقبہ سات مربع میل اور آبادی تقریبًا دو ہزار اور آمدنی چار ہزار روپیہ ہے

مانگل

رانا تلوک سنگھ والی ریاست مسند نشینی ۱۸۹۲ء آپ راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین - اس ریاست کے مورث رانا بہادر سنگھ تھے جنکے پرپوتے رانا صاحب حال ہین - یہ ریاست سابق مین کہلور کی باج گزار تھی مگر جب انگریزون نے ۱۸۱۵ء مین گورکھون کو نکال دیا تو ریاست مانگل سرکار انگریزی کے تحت مین آئی - رانا تلوک سنگھ

رانا جیت سنگھ کے فرزند ہین - ریاست کا رقبہ ۱۴۲ مربع میل اور آبادی تقریباً بارہ سو اور آمدنی نو سو روپیہ ہے -

بیجہ

ٹھاکر اودے چند والی بیجہ - آپ قوم کے راجپوت ہین - اس خاندان کے مورث اعلی ٹھاکر جے چند تھے جو اُجین سے آئے تھے - پنجاب کی اور کوہستانی ریاستون کی طرح یہ ریاست بھی ۱۸۱۵ء مین برٹش گورنمنٹ کی حمایت مین آئی اور اُسی سال سند عطا ہوئی - ریاست کو ایکسو اسّی روپیہ خراج دینا پڑتا ہے جس مین سو روپیہ اُس اراضی کے معاوضہ کے طور پر واپس دیا جاتا ہے جو چھاؤنی کسولی کے لیے اُنسے لی گئی ہے - ریاست کا رقبہ چار مربع میل آبادی تقریباً ایک ہزار ایک سو اور آمدنی پانچ سو روپیہ سالانہ ہے -

درکوٹی

رام سرن سنگھ درکوٹی - اس ریاست کے بانی رانا بلرام تھے جو مارواڑ سے آئے تھے - مالک ریاست راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین - ایک حکمنامہ کے ذریعے سے خراج معاف ہے - ریاست کا رقبہ پانچ مربع میل آبادی تقریباً چھ سو اور آمدنی آٹھ سو روپیہ سالانہ ہے - آپ کو باستثناے سزاے موت کے دیوانی اور فوجداری کے اختیارات حاصل ہین -

دلیتی

ٹھاکر صاحب دلیتی - آپ بشہر کے ذیلدار ہین اور ایک سو پچاس روپیہ ریاست بشہر کو خراج دیتے ہین - ریاست کی آمدنی چھ سو روپیہ سالانہ ہے -

تروچ

ٹھاکر کدار سنگھ والی تروچ - یہ ریاست سابق مین ریاست سرمور کا ایک جزو تھی - اور چوبیس پشت پہلے ٹھاکر صاحب حال کے مورث اعلیٰ کو بطور عطیہ دی گئی تھی - جب کوہستانی اضلاع گورنمنٹ انگریزی مین داخل ہوے تو کرم سنگھ برائے نام رئیس تھے اور ریاست کا کاروبار اُنکے بھائی میان جھبو سنگھ کے سپرد تھا - کرم سنگھ کی وفات کے بعد میان جھبو سنگھ ریاست پر قابض ہو گئے من بعد ٹھاکر رنجیت سنگھ نے دعوے کیا - گورنمنٹ سے طولانی مراسلت کے بعد پہلے شیام سنگھ ولد جھبو سنگھ اور من بعد رنجیت سنگھ برسر حکومت ہوے ۱۸۴۳ء مین رنجیت سنگھ کا دعویٰ تسلیم ہوا - اور اُنکے اور اُن کے ورثا کے حق مین ایک دوامی سند عطا ہوئی - والیان ریاست تروچ پہلے رانا کے لقب سے ملقب تھے مگر ضلع شملہ مین داخل ہونے کے بعد ٹھاکر کا خطاب معین ہوا - ریاست کا رقبہ ۷۰ مربع میل - آبادی چار ہزار اور محاصل چالیس ہزار روپیہ ہے -

سانگری

رائے ہری سنگھ والی سانگری - آپ راجپوت قوم سے تعلق رکھتے ہین - پہلے یہ ریاست راجگان کلو کی ملکیت تھی مگر بعد کو کورگھون نے اسپر قبضہ کر لیا تھا - سرکار انگلشیہ نے گورکھون سے لیکر ۱۸۱۵ء مین راجہ بکرماجیت کو واپس دی - رئیس سانگری کا خطاب رائے موروثی ہے جو سرکار انگلشیہ نے عطا کیا ہے - ریاست کا رقبہ ۱۶ مربع میل - آبادی دو ہزار سات سو چوہتر اور آمدنی تقریباً دو ہزار چار سو روپیہ ہے -

نوٹ ذیل کی ریاستین بشہر اور کیونتھل کی ذیلدار ہین مگر اُنکو اپنے علاقہ مین سزا دہی کے اختیارات ہین جو اُنکے بالادست سردارون کو حاصل ہین۔

کانیتی

ٹھاکر صاحب کانیتی۔ آپ بشہر کے ذیلدار ہین اور نو سو روپیہ سالانہ اس ریاست کو خراج دیتے ہین۔ ریاست کی آبادی تقریباً اڑھائی ہزار۔ اور آمدنی چار ہزار روپیہ ہے۔

کوٹی

رانا صاحب کوٹی۔ آپ راجپوت ہین اور آپ کا تعلق کیونتھل بلاسپور کے خاندان سے ہے۔ آپ ریاست کیونتھل کے ذیلدار ہین۔ ریاست کا رقبہ ۳۶ مربع میل آبادی سات ہزار نوسو اور آمدنی پچیس ہزار روپیہ سالانہ ہے۔

تھیوگ

ٹھاکر صاحب۔ آپ بھی بلاسپور کے خاندان سے ہین اور ریاست کیونتھل معروف بہ بلاسپور کے ذیلدار ہین۔ ریاست کا رقبہ دس مربع میل۔ آبادی چھ ہزار اور آمدنی تقریباً پانچ ہزار روپیہ ہے۔

مدھن

ٹھاکر صاحب مدھن۔ آپ بھی راجپوت ہین اور ریاست کیونتھل کے ذیلدار ہین۔ ریاست کا رقبہ تیرہ مربع میل آبادی تقریباً چار ہزار اور آمدنی

دو ہزار روپیہ سالانہ ہے۔

کھوند

ٹھاکر صاحب کھوند۔ آپ راجپوت ہین۔ آپ کے مورث اعلی ٹھاکر رام داس تھے اور ریاست کیونتھل کی ذیلدار ہے۔ اس کا رقبہ تین مربع میل۔۔ آبادی دو ہزار اور آمدنی دو ہزار روپیہ ہے۔

رتیش

ٹھاکر صاحب رتیش۔ آپ راجپوت ہین آپ کے مورث اعلی سرمور سے آئے تھے۔ رتیش ریاست کیونتھل کی باج گزار ہے۔ ریاست کا رقبہ نو مربع میل آبادی چار سو انچاس اور آمدنی چھ سو روپیہ سالانہ ہے۔

راون

ٹھاکر صاحب راون۔ یہ ریاست جوبل کی باجگزار تھی۔ اِسکی آبادی آٹھ سو تیئیس اور آمدنی تین ہزار روپیہ سالانہ ہے۔

دہدی

ٹھاکر صاحب۔ یہ ریاست جوبل کی باجگزار ہے۔ اِسکی آبادی دو سو سینتالیس اور آمدنی چودہ سو روپیہ ہے۔

ممدوٹ

نواب قطب الدین خان نواب ممدوٹ - مہم ستلج کے زمانہ مین ممدوٹ کنٹنجنٹ سکھ فوج کی طرف سے لڑی مگر اختتام جنگ کے قریب جمال الدین خان برٹش کے جانب دار ہوگئے اور عمدہ خدمات انجام دین جسکے صلے مین اُن کو نواب کا خطاب عطا ہوا مگر ۱۸۵۶ء مین بعض ناشدنی وجوہ سے برٹش گورنمنٹ نے اُنکو معزول کر دیا نواب صاحب لاہور مین لائے گئے جہان اُنکو انتظامی مصارف کی منہائی کے بعد ممدوٹ کی توفیر ملتی رہی - ۱۸۶۳ء مین نواب صاحب نے انتقال کیا اور سرکار عالیہ نے از راہ خوشنودی و مراحم خسروانہ اُنکے بھائی جلال الدین کے نام جاگیر بحال کر دی اور اُنکو نواب ممدوٹ تسلیم کیا - نواب جلال الدین خان نے ۱۸۷۵ء مین قضا کی اور گورنمنٹ نے اُنکے بیٹے نظام الدین خان کو اُنکا جانشین تسلیم کیا - نواب نظام الدینخان نے ۱۸۹۱ء مین قضا کی اور نواب صاحب حال بجاے اُنکے نواب تسلیم کیے گئے -



راجہ کمل نرائن سنگھ بہادر والی کھیراگڈھ

ریاستہاے ملک متوسط

حصۂ دوم

کھیراگڑھ

راجہ کمل نرائن سنگھ بہادر والی ریاست کھیراگڑھ - آپ ناگ نبسی چھتری ہین اور آپ کے مورث اعلی لکھشمی ندھ جو مہاراجہ چھوٹا ناگپور کے خاندان سے تھے کُھلوا مین (جو اس ریاست کا اب ایک پرگنہ ہے) آئے اور گونڈ مہاراجہ منڈلا کے تحت مین ریاست قائم کی - سنہ ۱۷۵۰ع مین رگھوجی اول مہاراجہ بھونسلا نے جب راجہ منڈلا کو زیر کیا تو آپ کے جدامجد کھڑگ راے کو راجہ تسلیم کیا اور راجگی کا خلعت مع چنور اور نشان کے مرحمت فرمایا - کھڑگ راے نے کُھلوا سے کھیراگڑھ مین دارالحکومت منتقل کیا اور دریاے پیرپا اور دریاے آمینر پر قلعے تعمیر کرائے - کھڑگ راے نے سنہ ۱۷۵۹ع مین انتقال کیا اور اُنکے جانشین ٹکیت راے ہوے جنھون نے سنہ ۱۷۹۵ع مین کھمریا کا پرگنہ حاصل کیا اور سنہ ۱۸۱۰ع مین ڈونگرگڑھ کو فتح کرکے راج مین شامل کیا اور راجہ بھونسلا نے اُنکو کھیراگڑھ اور ڈونگرگڑھ کا راجہ تسلیم کیا - جب برٹش گورنمنٹ کی عملداری ہوئی تو آپ کے دادا لال فتح سنگھ فیوڈیٹری چیف تسلیم کیے گئے اور سنہ ۱۸۶۵ع مین سر رچرڈ ٹمپل صاحب دامسوقت کے چیف کمشنر نے گورنمنٹ آف انڈیا کی طرف سے سند عطا فرمائی - سنہ ۱۸۷۴ع مین لال فتح سنگھ کے انتقال کے بعد لال اُمراؤ سنگھ آپ کے والد مسند نشین ہوے اور سنہ ۱۸۹۸ع مین گورنمنٹ سے تاحیات راجہ کا خطاب ملا - راجہ امراؤ سنگھ

نے نومبر ۱۸۹۰ء مین انتقال کیا اور آپ ۲۳ برس کی عمر مین مسند نشین ریاست ہوے - آپ کی مدد کے واسطے گورنمنٹ نے مارچ ۱۸۹۲ء مین مولوی سید محمد حسین اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ملک متوسط کی خدمات آپ کے سپرد کین اور مولوی صاحب بطور دیوان کے مقرر ہوے۔ آپ کے وقت مین ریاست کا باضابطہ بندوبست ہوا - بہت سی سڑکین بنائی گئین - کھیراگڑھ مین تار برقی جاری ہوا - متعدد پرایمری اسکول اور کھیراگڑھ خاص مین انگریزی ہائی اسکول قائم ہوا - ڈونگرگڑھ اور کھیراگڑھ مین اسپتال جاری ہوے - متعدد اعلیٰ درجے کی عمارات مثلاً کچہریان - مدارس - اسپتال اور سرا عام فائدے کے واسطے تعمیر ہوئین - ان خدمات پر لحاظ کر کے گورنمنٹ نے ۱۸۹۶ء مین آپ کو راجہ کا خطاب اور آپ کے لائق دیوان کو خان بہادر کا خطاب عطا فرمایا پھر ۱۸۹۸ء مین آپ کو راجہ کا خطاب ہیرڈیٹری (نسلاً بعد نسلٍ) مرحمت ہوا - قتل کے مقدمات مین آپ کے دیوان مجرم کی نسبت پھانسی کا حکم صادر کر دیتے ہین یہ مسل چیف کمشنر کے پاس منظوری کو جاتی ہے - آپ نے راج کمار کالج جبلپور مین تعلیم پائی ہے - سنسکرت اور بھاشا مین خاص لیاقت ہے اور شاعری سے بہت بڑا مذاق ہے - آپ کے دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی ہے - بڑے صاحبزادے لال بہادر سنگھ ولیعہد کو اب پندرھوان سال ہے اور راج کمار کالج راے پور مین تعلیم پا رہے ہین - اس ریاست کا رقبہ نو سو اکتیس میل مربع اور آبادی ایک لاکھ اکاسی ہزار ایک سو چوراسی ہے - ریاست کی آمدنی تین لاکھ اور چار لاکھ کے درمیان ہے - اس ریاست کو گورنمنٹ نے بنظر عنایت تبنیت کی سند بھی عطا کی ہے -

راے گڑھ

راجہ بھوپ دیو سنگھ - آپ اپریل ۱۸۶۹ء مین متولد ہوے - آپ کی تعلیم نج کے طور پر ہوئی ہے - آپ کو انگریزی اور ہندی مین واقفیت تامہ حاصل ہے - آپ جنوری



راجہ بھوپ دیو سنگھ - راجہ رائے گڈھ

سنہ ۱۸۹۴ء مین مسند نشین ریاست ہوے - آپ نے ٹھاکر مدھکر شاہ زمیندار چھورا کی دختر سے شادی کی ہے - آپ کا سلسلۂ نسب بیراگڑھ واقع چاندہ کے گونڈ خاندان سے ملتا ہے - آپ کے مورث اعلیٰ مادھو سنگھ نے اُس ریاست کی بنیاد ڈالی - مادھو سنگھ کے جانشین تخت سنگھ ہوے جنکی وفات پر بیت سنگھ اور پھر درپ سنگھ مسند نشین ہوے - درپ سنگھ کے بڑے بیٹے راجہ جوجھار سنگھ تھے جو سرکار کمپنی کے ہمیشہ خیر خواہ رہے - اُنکے انتقال پر اُنکے بیٹے راجہ دیوناتھ سنگھ جانشین ہوے جنکو سنہ ۱۸۳۳ء مین زمینداری برگڑھ عطا ہوئی - یہ زمینداری اصل مین ٹھاکر اُجیت سنگھ کی ملک تھی لیکن چونکہ اُنھون نے گورنمنٹ انگریزی اور رانی موہن کنور والی سنبھل پور کی مخالفت اختیار کی تھی اسلیے ضبط ہو گئی اور رئیس راے گڑھ کو عطا ہوئی - راجہ دیوناتھ سنگھ نے اپنی ریاست کو بہت بڑی ترقی دی - اُنھون نے سنہ ۱۸۶۲ء مین انتقال کیا اور گھنشیام سنگھ جانشین ہوے جنکو سنہ ۱۸۶۵ء مین سند تبنیت عطا ہوئی اور جو سنہ ۱۸۶۷ء مین ایک اور سند کے ذریعہ سے باجگزار سردار تسلیم کیے گئے - آپ راجہ گھنشیام سنگھ کے خلف اکبر ہین اور اپنے والد کے انتقال کے کئی سال کے بعد جانشین ریاست ہوے - اس ریاست کا رقبہ ایکہزار چار سو چھیاسی مربع میل اور آبادی ایک لاکھ چوہتر ہزار نوسو گیارہ ہے - آمدنی تخمیناً دو لاکھ روپیہ سالانہ ہے - آپ کے عہد مین اس ریاست مین بہت سی عمارتین - مدارس - اسپتال اور سڑکین تیار ہوئی ہین - تجارت کو فروغ ہے - دیسی تعلیم کو ترقی دیگئی ہے اور انگریزی تعلیم جاری ہوئی ہے - افادۂ عام کے لیے بہت سے انبارخانہ قائم ہین - آپ کے اکلوتے بیٹے کا نام لال نٹ ہر سنگھ ہے - سکونت راے گڑھ -

نند گانوٗن

راجہ سنہ ۱۷۲۳ء مین رگھوجی بھونسلا نے رامداس بیراگی کو نند گانوٗن کی سرداری عنایت کی - چونکہ رام داس کے فرقہ مین تاہل ممنوع تھا اسلیے تبنیت کے ذریعہ سے سلسلۂ وراثت

جاری ہوا لیکن بعد چندے یہ اصول قائم نہین رہا۔ سردار گھاسی داس نے ادھیڑ عمر مین اپنا بیاہ کیا اور اپنے بیٹے کی شادی اوائل عمر مین کی۔ سنہ ۱۸۷۹ع مین جب اُنھون نے گورنمنٹ کی خدمت مین اس معاملہ کے متعلق درخواست بھیجی تو اُسنے آپکو یقین دلایا کہ شادی وراثت کے لیے جائز ہے۔ گھاسی داس کا سنہ ۱۸۸۳ع مین انتقال ہوگیا اور اُنکے خلف بلرام داس جو سنہ ۱۸۶۶ع مین پیدا ہوے تھے اُنکے جانشین ہوے۔ جب تک بلرام داس ۲۱ سال کی عمر کو نہ پہونچے ریاست کا انتظام اُنکی والدہ کے سپرد رہا اور ایک دیوان اُنکی مدد کے لیے مقرر رہا۔ سنہ ۱۸۸۷ع مین اُنکو راجہ کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے دیا گیا۔ اسکے بعد راجہ صاحب حال راجہ بلرام داس کی جگہ مسند نشین ریاست ہوے۔ آپکی عمر اسوقت آٹھ سال ہے۔ سندگانُون کا رقبہ آٹھ سو اکھتر مربع میل ہے اور آبادی سنہ ۱۸۹۱ع مین ایک لاکھ ترآسی ہزار آٹھ سو چھیاسٹھ تھی۔ ریاست کی کل آمدنی تخمیناً تین لاکھ روپیہ اور خراج ستر ہزار روپیہ ہے۔

پیرہ کھول

راجہ گوری چرن سنگھ دیو۔ اس ریاست کے سابق راجہ بشن چندر تھے جو سنہ ۱۸۲۵ع مین جانشین ہوے تھے۔ بصارت معدوم ہوجانے اور اکلوتے بیٹے کی وفات کیوجہ سے اُنکی ریاست مین بہت بڑی بدنظمی ہوئی اسلیے سنہ ۱۸۸۹ع مین یہ فیصلہ ہوا کہ راجہ چیف کمشنر کی منظوری سے ایک لائق دیوان مقرر کرین۔ چنانچہ گورنمنٹ آف انڈیا کی منظوری سے ایک شخص مقرر ہوا۔ اُنکی وفات پر راجہ صاحب حال مسند نشین ہوے۔ ریرہ کھول کا رقبہ تخمیناً آٹھ سو پینتیس مربع میل۔ آبادی بیس ہزار تین سو چھتیس۔ آمدنی تقریباً چودہ ہزار تین سو اُنتیس روپیہ اور خراج آٹھ سو روپیہ ہے۔



راجہ گوری چرن سنگھ دیو۔ راجہ ریرہ کھول

کوندکا

مہنت دبگیجے کشورداس یہان کی سرداری بھی ایک مذہبی خاندان سے متعلق ہے جو ۱۷۵۰ع مین مادھوجی بھونسلا نے روپ داس کو عنایت کی تھی - اس خاندان کے فرقہ مین شادی کی اجازت ہے - موجودہ سردار مہنت شیام کشورداس کی وفات کے بعد ریاست کوندکا کے وارث ہوے جو چوکھیان کے نام سے مشہور ہے اس خاندان کو ۱۸۶۵ع مین سند متبنیت عطا ہوئی تھی - ریاست کا رقبہ تخمیناً ایک سو چون مربع میل ہے آبادی تقریباً چھتیس ہزار دو سو اٹھاسی ہے - کُل آمدنی تخمیناً ستاون ہزار اور خراج پندرہ ہزار روپیہ ہے -

کوردھا

ٹھاکر کرتپال سنگھ کوردھا پنڈاری خاندان کی ایک شاخ کے قبضہ مین ہے جسکو رگھوجی بھونسلا نے فوجی امور کے لیے عطا کیا تھا - کوردھا کے خاندان کی پہلی شاخ پنڈاری کے زمینداری کی مالک ہے جسمین بڑی بیوی کا لڑکا مالک ہوتا ہے - اس رواج کے موافق رام سنگھ جو بڑی بیوی کے لڑکے اور چھوٹی بیوی کے بڑے لڑکے سے چھوٹے تھے پنڈاری کے زمیندار ہوے - ۱۸۶۳ع مین چھوٹے خاندان کی کوردھا شاخ کے ختم ہوجانے سے رام سنگھ کے بڑے بھائی بہادر سنگھ کوردھا کے سردار تسلیم کیے گئے مگر تھوڑے ہی عرصہ مین اُنکا انتقال ہوگیا اور رام سنگھ کی چھوٹی بیوی کے بڑے صاحبزادے رجپال سنگھ جنکی ولادت ۱۸۴۹ع مین واقع ہوئی تھی جانشین ہوے - ۳۱- دسمبر ۱۸۹۱ع مین ٹھاکر رجپال سنگھ کا انتقال ہوگیا اور اُنکے بھتیجے کرتپال سنگھ اُنکے جانشین ہوے - کوردھا کا رقبہ سات سو اٹھانوے مربع میل اور اُسکی آبادی تقریباً اکانوے ہزار

آٹھ سو تیرہ اور مالگزاری تخمیناً ترانوے ہزار روپیہ ہے۔

بستر

راجہ رودر پرتاب دیو۔ چودھوین صدی کے آغاز مین یہ خاندان ورنگل سے مسلمانون کی دست درازیون کی وجہ سے یہان آیا۔ راجہ بھیرم دیو کا انتقال سنہ ۱۸۹۱ع مین ہوگیا۔ گورنمنٹ نے اُنکے صغیر سن صاحبزادے رودر پرتاب دیو کو اُنکا جانشین تسلیم کیا۔ سنہ ۱۸۹۲ع مین ریاست کا انتظام ایک سپرنٹنڈنٹ کے سپرد ہوا۔ ریاست کا رقبہ تیرہ ہزار باسٹھ مربع میل اور آبادی تقریباً تین لاکھ دس ہزار آٹھ سو چوراسی ہے۔ سنہ ۹۱-۱۸۹۰ع مین آمدنی تخمیناً ایک لاکھ اڑسٹھ ہزار دو سو اڑسٹھ تھی۔ خراج سترہ ہزار روپیہ ہے۔

کنکیر

مہاراج ادھراج نرہر دیو مہاراجہ کنکیر۔ ولادت سنہ ۱۸۵۰ع۔ آپ سنہ ۱۸۵۳ع مین جانشین ہوے۔ ریاست کا انتظام گورنمنٹ کرتی ہے۔ کنکیر کا رقبہ ایک ہزار چارسو اُنتیس مربع میل ہے۔ اسکی آبادی تقریباً بیاسی ہزار تین سو اُناسی ہے اور سنہ ۹۱-۱۸۹۰ع مین کُل محاصلات تخمیناً پینسٹھ ہزار سات سو اٹھاسی روپیہ تھے۔

مکڑئی

راجہ مکڑئی۔ مکڑئی کا رقبہ تخمیناً ایک سو پچپن مربع میل اور آمدنی تخمیناً اڑتیس ہزار سات سو روپیہ اور آبادی تقریباً اٹھارہ ہزار پانچسو سینتالیس ہے۔ ریاست گورنمنٹ کو کوئی خراج نہین دیتی۔

سکتی

راجہ روپ نرائن سنگھ - یہ ریاست پہلے سنبھلپور کی باجگزار ریاست تھی - فروری سنہ ۱۸۹۲ع مین برٹش گورنمنٹ نے سابق راجہ کے صاحبزادے روپ نرائن سنگھ کو گدی نشین کیا اور ایک دیوان اُنکے مشورہ کے لیے مقرر کیا - رقبہ ایک سو اڑتیس مربع میل ہے اور آبادی پچیس ہزار تین سو چوہتر اور آمدنی تخمیناً چوبیس ہزار چار سو باٹھ روپیہ ہے - ایکہزار تین سو روپیہ خراج ادا کیا جاتا ہے -

سارنگڑھ

راجہ لال جواہر سنگھ - ولادت سنہ ۱۸۸۸ع - آپ ۲ - اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ع کو مسند نشین ہوے - سابق راجہ بھوانی پرشاد نے سنہ ۱۸۹۰ع مین قضا کی اور لال رگھوبر سنگھ اُنکے جانشین ہوے - سنہ ۱۸۹۰ع مین اُنکا بھی انتقال ہوگیا اور اُنکے نابالغ صاحبزادے لال جواہر سنگھ جانشین ہوے - آپ کی نابالغی کے زمانے مین ریاست کا انتظام ایک سپرنٹنڈنٹ کرتا تھا - سارنگڑھ کا رقبہ پانچسو اکتالیس مربع میل ہے - آبادی تقریباً تراسی ہزار دو سو دس - آمدنی تخمیناً چھیالیس ہزار نو سو اڑسٹھ اور خراج تین ہزار پانچسو ہے -

بامرا

راجہ سر سُدھال دیو کے - سی - آئی - ای - والی بامرا - آپ ۱۲ - مئی سنہ ۱۸۶۹ع کو مسند نشین ہوے - آپ گنگا بنسی راجپوت ہین - تربھون سنگھ سردار بامرا کا مئی سنہ ۱۸۶۹ع مین انتقال ہوگیا اُنکے بھتیجے راجہ سدھال دیو موجودہ سردار جو سنہ ۱۸۴۹ع مین پیدا ہوے تھے اُنکے جانشین ہوے - سنہ ۱۸۹۰ع مین آپ کو - سی - آئی - ای - کا

خطاب ملا اور ۱۸۹۵ء مین - کے - سی - آئی - ای - کے خطاب سے ممتاز کیے گئے - آپ کو ۱۸۶۵ء مین تہنیت کی سند بھی ملی - بامرا کا رقبہ تخمیناً ایک ہزار نوسو اٹھاسی مربع میل ہے - آبادی تخمیناً دس ہزار تین سو سرسٹھ - آمدنی تقریباً اُنچاس ہزار پانچسو سرسٹھ اور خراج ایکہزار پانچسو روپیہ ہے -

سونپور

راجہ بیر متر ودیا سنگھ - یہ خاندان راجگان سنبھلپور کے مشہور چوہان خاندان کی ایک شاخ ہے اور سنبھلور کی تمام ریاستون مین یہ ریاست نہایت سرسبز و شاداب ہے - راجہ نلدھر سنگھ نے ۱۱ - ستمبر ۱۸۹۱ء مین انتقال فرمایا - اب راجہ بیر متر ودیا سنگھ مالک ریاست ہین - سونپور کا رقبہ تخمیناً نوسو چھ مربع میل ہے - اِسکی آبادی تخمیناً ایک لاکھ بچانوے ہزار دو سو پینتالیس اور آمدنی تقریباً چھتر ہزار تین سو چھیالیس روپیہ ہے - نوہزار روپیہ خراج ادا کیا جاتا ہے -

پٹنہ

مہاراجہ دلگنجن سنگھ دیو - ولادت ۱۸۵۷ء - آپ ۵ - ستمبر ۱۸۹۵ء کو مسند نشین ہوے - آپ چوہان راجپوت ہین - ریاست پٹنہ کا رقبہ دو ہزار تین سو ستانوے مربع میل ہے - آبادی تخمیناً تین لاکھ تیتیس ہزار ایکسو ستانوے ہے - آمدنی تقریباً اکانوے ہزار دو سو تیتیس روپیہ ہے اور آٹھ ہزار پانچسو روپیہ خراج مقرر ہے -



راجہ پرتھوی سنگھ بہادر- راجہ اُ[illegible]

ریاستہاے وسط ہند

حصۂ دوم

گوالیار رزیڈنسی

امری معروف بہ امرپور

راجہ پرتھوی سنگھ بہادر راجہ اُمری - ولادت ۴-جنوری سنہ ۱۸۶۲ع-آپ سورج بنسی سیسودیا سگراوت راجپوت ہین - آپ کا سلسلۂ نسب رانا اودے سنگھ جی رئیس اودے پور (راجپوتانہ) سے ملتا ہے جنسے اسوقت تک دس پشتین گزری ہین - سنہ ۱۸۸۹ع مین آپ کی پہلی شادی کویلہ راج کوٹہ کے ہاڑا اگن بنسی خاندان مین ہوئی - سنہ ۱۸۹۱ع مین آپکی دوسری شادی آنبہ ملک مالوہ کے رتنوت راٹھور خاندان مین ہوئی - آپ کو انگریزی اُردو وناگری سے واقفیت تامہ حاصل ہے - آپ کچھ سنسکرت بھی جانتے ہین - راجہ کا موروثی خطاب شاہی زمانہ سے چلا آتا ہے - آپ مہاراج کنور رندھیر سنگھ صاحب مرحوم کے صاحبزادہ اور اپنے دادا راجہ محکم سنگھ جی کے جانشین ہین جنھون نے سنہ ۱۸۸۰ع مین انتقال کیا - ۲۰ - فروری سنہ ۱۸۸۲ع کو بمقام امری آپ کی رسم گدی نشینی ادا ہوئی - روسا ء سوٹھالیا او رقرولی وغیرہ سے آپ کی رشتہ داری ہے - رئیس اُمری کو حکومت وعدالت کے اختیارات حاصل ہین - اس ریاست مین چھبیس مواضع ہین - آبادی دوہزار چار سو اُنہتر ہے -

گوالیار رزیڈنسی کی باقی ریاستیں

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
اگرہ برکھیڑا	ٹھاکر	راجپوت گراسیا	۰	۵۲۵۸	
بھدورا	راجہ	" سیسودیا	۰	۲۲۷۵	
دھرنووا	ٹھاکر	" کھچی چوہان	۰	۴۳۲۵	
گرّہ	راجہ	" "	۰	۹۴۸۱	
کھنیادھنا	راجہ	" بُندیلہ	۰	۱۵۵۲۸	
کٹھون	۰	۰	۰	۳۵۰۵	
کھیودا	۰	۰	۰	۸۵۷	
پرون	راجہ	راجپوت۔کچھوائی	۰	۵۵۵۷	
راگھوگڈھ	راجہ	" کھچی چوہان	۰	۱۹۴۴۶	
سرسی	دیوان	" چوہان	۰	۵۴۴۸	

بگھیلکھنڈ ایجنسی

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
بھینسونڈا	چوبے جاگیردار	برہمن	۱۲	۴۱۶۸	
جسو	دیوان بہادر جاگیردار	راجپوت۔بُندیلہ	۷۲۵۱	۷۲۰۹	
کمتارجولا	راؤ۔جاگیردار	کالیستھ	۴	۱۲۳۲	
کوٹھی	رئیس	راجپوت۔بگھیلہ	۱۶۸۶۸	۱۹۱۱۲	



مہاراج شمبھو سنگھ جی سردار سوٹھالیہ

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
پھارا	جاگیردار	برہمن چوبے	۱۰٫۱	۳۵۳۵	
پلدیو	راؤبہادر۔جاگیردار	"	۲۸	۸۵۹۸	
تراؤن	جاگیردار	"	۱۴٫۵	۳۱۷۸	
سہاول	راجہ	راجپوت	۲۱۲٫۹	۳۷۲۱۲	

بھوپال ایجنسی

سوہالیہ

مہاراج شمبھو سنگھ جی سردار سوہالیہ۔ ولادت ۵۔مارچ ۱۸۷۹ء۔آپ مادھو سنگھ جی رئیس سوہالیہ کے فرزند ارجمند اور شیودان سنگھ جی کے پوتے ہین جو ۱۸۳۹ء مین اپنے چچا بلونت سنگھ کے جانشین ہوے تھے۔آپ اگست ۱۸۸۶ء مین اپنے والد ماجد کے انتقال کے بعد مسند نشین ریاست ہوے۔آپ کا سلسلۂ نسب راجہ بیربکرماجیت اگنی بنس سے ملتا ہے اور شل روسا راجگڈھ و نرسنگھ گڈھ کے آپ بھی اومٹ پنوار راجپوت ہین۔آپ کے مورث اعلیٰ راوت موہن سنگھ رئیس راجگڈھ تھے جنکے دوسرے بیٹے صورت سنگھ بانی ریاست سوہالیہ ہوے۔آپ کا خاندان ہر زمانہ مین ممتاز رہا ہے۔بلونت سنگھ نے دختر کشی کا انسداد کیا اور گورنمنٹ ہند نے بہ عطاے انعام و خلعت اُنکی خدمات کی داد دی۔چونکہ آپ نابالغی کیحالت مین گدی نشین ہوے اسلیے ستمبر ۱۸۹۶ء تک آپکی دادی صاحبہ بمنظوری گورنمنٹ حالیہ منتظم ریاست رہین۔آپنے چھاؤنی سیہور کے ہائی اسکول مین تعلیم پائی ہے۔آپکو علوم انگریزی و سنسکرت و فارسی اور نجوم مین دستگاہ کامل ہے ۲۰۔جنوری ۱۸۹۶ء کو آپنے مقام چوکڑی واقع ریاست جلیپور کے ایک شنجادٹ راجپوت خاندان مین شادی کی۔آپ رفاہ عام کے کامون مین نہایت دلچسپی ظاہر کرتے ہین۔آپنے اکثر

مواقع پر بہت بڑی گرمجوشی کے ساتھ چندے عنایت کیے ہین۔ رؤسا سوٹھالیہ پہلے ریاست بھوپال کو تین ہزار چارسو بھوپالی روپیہ خراج دیتے تھے لیکن ۱۸۲۵ء سے بمنظوری پولٹیکل ایجنٹ ریاست راجگڈھ کو دیتے ہین۔ ریاست کی آبادی چار ہزار چھ سو اٹھائیس اور آمدنی بیس ہزار روپیہ ہے

بھوپال ایجنسی

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
کروائی	نواب	پٹھان	۱۴۴	۱۳۶۳۴	
مقصودنگڑھ	راجہ	کھچی راجپوت	۸۱	۱۴۲۸۴	
محمدگڑھ	نواب	پٹھان	۲۹	۲۹۴۴	
باسودہ	″	″	۴۰	۴۸۹۷	
پٹھاری	″	″	۳۰	۲۷۰۴	
دریاکھیری	ٹھاکر	راجپوت	۹۱۸ مربع میل کل ریاست ہوگا	۴۴۲	
ڈھبلادھیر	″	″		۱۷۷۸	
ڈھبلاگھوسی	″	″		۶۶۸	
ڈگری	میان	مسلمان		۱۴۴	
ہیراپور	راو	راجپوت		۴۴۸	
جبریا بھیل	جاگیردار	مسلمان		۹۰۳	

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
کمال پور	ٹھاکر	راجپوت		۵۸۹	
کھجوری	میان	مسلمان		۵۲۰	
کھیری رضاپور	..	..		۶۳۰	
پٹھریا	..	..		۴۴۱	
پپلیانگر	..	مسلمان		۷۰۱	
ٹپا	ٹھاکر	راجپوت		۸۸۲	

بھوپاور ایجنسی

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
جوبٹ	رانا	راجپوت	※۱۳ ۹۱-۷	۹۴۴۳	
بخت گڑھ	ٹھاکر	راجپوت	۴۷	۶۷۷۴	※ ان ہندسوں سے مراد تعداد مواضع
برکھیڑا کلان	بھومیا	بھلالہ	۲۶	۶۰۲۷	ہے ۔
برکھیڑا خرد	”	”	۱۴	۱۹۲۹	
بہرودپورہ	”	”	۱۵	۱۲۵۹	
چکتیابر	...	...	۱	۲۸۳	
ڈوٹریا	ٹھاکر	راجپوت	۲۷	۳۰۴۰	
گڈھی	بھومیا	بھلالہ	۶	۵۶۴	
جمنیا	”	”	۱۵	۲۸۷۷	
کچھی بروده	ٹھاکر	راجپوت	۱۸	۲۷۸۳	
کالی بادری	بھومیا	بھلالہ	۸	۱۶۴۶	

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	تعداد مواضع	آبادی	کیفیت
کاٹھیا دادا	ٹھاکر	راجپوت	۴۸	۳۴۲۵	
کوٹھی ڈیہہ	بھومیا	بھلالہ	۸	۳۲۴	
ماتھواڈ	رانا	بھلالہ	۱۲	۱۰۲۲	
ملتھان	ٹھاکر	راجپوت	۲۵	۷۶۴۴	
نیم کھیرہ	بھومیا	بھلالہ	۶۵	۴۶۴۱	
راجگڑھ	"	"	۹	۶۸۲	
رتن مل	ٹھاکر	راجپوت	۱۴	۱۲۰۰	

بندیلکھنڈ ایجنسی

علیپورہ

راؤ بہادر چھترپتی جو دیو - سی - ایس - آئی - رئیس علیپورہ - ولادت ۱۸۵۳ء - مسند نشینی ۳ - نومبر ۱۸۷۱ء - آپ پریہار قوم کے راجپوت ہین - آپ کے خاندان اورچھیپور وغیرہ سے ازدواجی تعلقات ہین - آپ راو ہندوپت کے فرزند اور دیوان دولت سنگھ کے پوتے ہین - آپکے مورث اعلیٰ دیوان اچل سنگھ ریاست علیپورہ کے بانی ہین - اُنکے بیٹے دیوان پرتاب سنگھ کے عہد حکومت مین برٹش گورنمنٹ ملک بندیلکھنڈ پر مسلط ہوئی - پرتاب سنگھ نے یکم فروری ۱۸۰۸ء کو سند نمبری ۹۷ حاصل کی - آپ کے والد راؤ ہندوپت نے یکم نومبر ۱۸۷۱ء کو رحلت کی - اُنھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین برٹش گورنمنٹ کے ساتھ جان نثارانہ خدمات انجام دی تھین جسکے صلہ مین اُنکو سند تہنیت اور ایک خلعت فاخرہ اور ایک ضرب توپ مرحمت ہوئی - آپ کو



راؤبہادر چھترپتی جودیو - سی ایس - آئی - والی ٹلی پورہ

امور رفاہ عام مین نہایت دلچسپی ہے - آپ کو بطور ذاتی امتیاز کے دہلی کے دربار قیصری ۱۸۷۷ء مین خطاب راؤ بہادر مرحمت ہوا - جب ۱۸۸۷ء مین جناب ملکۂ معظمہ قیصرۂ ہند مرحومہ کی جوبلی ہوئی تو آپ کو - سی - ایس - آئی - کا خطاب عطا ہوا - آپ کے عہد مین سررشتۂ تعلیم کو بہت بڑی ترقی ہوئی - مدارس اور پختہ سڑکین تعمیر ہوئی ہین - آپ کے خلف اکبر او ولیعہد ہرپال سنگھ ہین جو ۱۲ - اگست ۱۸۸۲ء کو پیدا ہوے تھے - آپنے اعلیٰ حضرت ملک معظم قیصر ہند کی تاجپوشی کی خوشی مین اپنی رعایا کو سنین ماضیہ کی بقایا جسکی تعداد پینتالیس ہزار روپیہ تھی معاف کر دی ہے - آپ دربار تاجپوشی دہلی مین مدعو ہوے ہین - ریاست کا رقبہ چوراسی مربع میل - آبادی چودہ ہزار پانچسو بانوے ہے - فوجی قوت مین تین توپین پانچ گولنداز - دس سوار - ایک سو پینسٹھ پیادہ اور پچیس پولسمین ہین -

بندیلکھنڈ ایجنسی کی باقی ریاستین

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
بنکا پہاڑی	دیوان جاگیردار	بندیلہ راجپوت	۵	۱۰۵۶	
بیھٹ	راؤ جاگیردار	"	۱۶	۳۹۸۴	
بلہری	..	..	۴	۳۰۷۳	
بیری	راؤ جاگیردار	پنوار راجپوت	۳۲	۴۲۷۹	
بجنا	دیوان جاگیردار	بندیلہ راجپوت	۲۷	۱۵۷۸	
دھرونی	دیوان جاگیردار	"	۱۸	۱۸۲۶	
گرولی	دیوان بہادر جاگیردار	"	۳۶	۵۲۳۱	

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
گورہر	راؤ بہادر جاگیردار	تیواری برہمن	۷۳	۷۷۶۰	
جگنی	راؤ بہادر جاگیردار	؍؍	۲۲	۳۸۳۸	
لوگھاسی	راؤ بہادر جاگیردار	؍؍	۶۶	۶۲۸۵	
نیگانون ربائی	کنور	دیوا اہیر	۷	۲۴۹۷	
سریلا	راجہ بہادر	بندیلہ راجپوت	۳۲	۶۲۹۸	
ٹوری فتح پور	راؤ بہادر جاگیردار	؍؍	۳۶	۷۰۹۹	

اندور ایجنسی

باگلی

راجہ رنجیت سنگھ جی بہادر راجہ باگلی - آپ ۱۹۰۷ع مین راجہ رگھناتھ سنگھ کے انتقال کے بعد بحالت نابالغی مسند نشین ریاست ہوے - انتظام ریاست منجانب گورنمنٹ ہند ایک سپرنٹنڈنٹ کے سپرد ہے - آپ کے مورث اعلیٰ راجہ گوکل داس جی راٹھور تھے جنھون نے ڈیڑھ سو سال کا عرصہ ہوا ریاست باگلی کے پُر فضا خطہ کو بزور شمشیر فتح کیا تھا - اب آپ کی عمر اکیس برس کی ہے اور ڈیلی کالج اندور کے آپ ایک ممتاز طالبعلم ہین - علمی قابلیت کے علاوہ آپکو فنون سپہ گری مین کمال حاصل ہے - آپکو امور رفاہ عام مین بہت بڑی دلچسپی ہے - یہ ریاست اندور سے جانب مشرق چھتیس میل کے فاصلہ پر واقع ہے - ریاست کا رقبہ تین سو چھ مربع میل - آبادی چودہ ہزار اکانوے اور سالانہ آمدنی ایک لاکھ پندرہ ہزار روپیہ ہے - آپکی ریاست مین باقاعدہ فوج کی تعداد تین سو نفر سوار و پیادہ اور چھ توپین ہین -



راجہ رنجیت سنگھ بہادر۔ راجہ باگلی

اندور ایجنسی کی باقی ریاستین

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
کرودیا	ٹھاکر	راجپوت	۱۰½	۱۴۶۹	اس ریاست مین دو شہر کا بین -
ادنی	.	.	۵	۴۹۴	

مالوہ ایجنسی

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
بدلیا	..	..	..	۱۴۰	
بھٹکھیڑی	..	..	۷	۱۸۷۸	
جواسیا	ٹھاکر	راجپوت	..	۴۱۸	
کلوکھیڑہ	راؤ	"	۱½	۹۳۲	
لال گڑھ	ٹھاکر	"	۱۴	۱۸۳۸	
نروڑ	"	"	۱۶	۱۴۰۵	
پنت پپلودا	..	برہمن	۵۲ (دونوں کا)	۳۵۴۴	
پپلودا	ٹھاکر	راجپوت		۹۵۲۹	

.

ٹپاری

راوت اونکار سنگھ رئیس ٹپاری ۔ ولادت سمت ۱۹۴۷ بکرمی ۔ آپ سمت ۱۹۵۱ بکرمی مین گدی نشین ہوے ۔ اب آپکی عمر اٹھارہ سال کی ہے ۔ آپ کو علوم ہندی فارسی وانگریزی مین دستگاہ ہے ۔ آپ چاوڑہ پنوار راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین ۔ خاندانی تاریخ کے مطابق آپ کے آبا و اجداد گجرات پٹن مین حکمران تھے ۔ سمت ۱۳۰۳ بکرمی مین عالم دیوجی تیرتھ جاترا کی غرض سے الہ آباد و اوجین گئے ۔ اوجین مین برج لال برہمن سے ملاقات ہوئی جو سلاطین غوری کی جانب سے مالوہ کے ناظم تھے ۔ برج لال اور عالم دیوجی مین اتحاد وارتباط بڑھا اور وہ اُنکو اپنے ہمراہ نگر ناگدہ لے گئے ۔ اسی اثنا مین برج لال بیمار ہو گئے اور شاہی خزانہ عالم دیوجی کی جمعیت کے ساتھ دہلی مین روانہ کیا گیا جہان پہونچکر اُنکو شاہی ملاقات کی عزت حاصل ہوئی اور شہنشاہ دہلی اُنسے ملکر بہت خوش ہوے ۔ جب برج لال برہمن کے انتقال کی خبر پہونچی تو بادشاہ نے عالم دیوجی کو ناظم مالوہ مقرر کیا اور خطاب راوت وجاگیر علاقۂ رونڈی عطا فرمائی ۔ عالم دیوجی نے رونڈی مین توطن اختیار کیا مگر اُنکے بیٹے کے زمانہ مین دار الحکومت اُنکے قبضہ سے نکل گیا ۔ اُسوقت اُنکے پوتے بیم سنگھ جی و دیپ سنگھ جی ٹونک ضلع شاجا پور مالوہ و اونچور مین مقیم ہوے ۔ دیپ سنگھ جی کے پوتے راوت پرتھی سنگھ جی تھے جنھون نے سمت ۱۵۱۷ بکرمی مین قصبۂ ٹپاری کو آباد کیا اور وہان بود و باش اختیار کی ۔ آپ پرتھی سنگھ جی کی چھٹی پشت مین ہین ۔ ریاست ٹپاری اندور سے جانب مشرق بارہ کوس کے فاصلہ پر واقع ہے ۔ رقبہ بیس مربع میل اور آبادی تقریباً ایک ہزار چار سو چھتیس ہے ۔



راوت اونکار سنگھ رئیس پٹاری

ریاستہائے راجپوتانہ

حصۂ دوم

شاہ پورہ

راجہ دھراج ناہر سنگھ راجہ شاہ پورہ - ولادت ۱۸۵۵ء - آپ ۲ - نومبر ۱۸۶۹ء کو مسند نشین ہوے - آپ سیسودیا راجپوتون کے خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور سورج مل کی اولاد مین ہین جو مہا رانا اودے پور کے خلف اصغر تھے اور جنکی گیارھوین پشت مین حال رئیس شاہ پورہ ہین - سورج مل نے اپنے حصہ مین اودے پور مین کھیرار کا پرگنہ حاصل کیا اور اُنکے بیٹے نے شاہجہان شہنشاہ دہلی سے فوجی خدمات کے وعدہ پر اجمیر کی شاہی اراضی کے ایک حصہ کی معافی پائی - اب راجۂ شاہ پورہ ہز ہائینس مہا رانا اودے پور اور گورنمنٹ ہند دونون کے باجگزار ہین - اس ریاست کا رقبہ چار سو پانچ مربع میل اور آبادی تقریباً پچاس ہزار ہے جسمین زیادہ تر ہندو ہین - راجہ کی فوجی قوت مین دو سو پینسٹھ سوار - دو سو چالیس پیدل اور بیالیس توپین ہین -

لاوا

ٹھاکر - آپ کچھواہہ راجپوت ہین - آپ کا سلسلۂ نسب جے پور کے حکمران خاندان سے ملتا ہے - ریاست لاوا پہلے ریاست جے پور مین شامل تھی - لیکن جب مہاراجہ جے پور نے اُسے اپنے خاندان کے ایک رکن کو عطا کیا تو اُس سے علٰحدہ ہوگئی - امیر خان نے

جےپور و جودھپور کی جنگ کے وقت اس ریاست کو فتح کرلیا تھا لیکن ۱۸۶۷ء مین ٹونک سے قطع تعلق ہوا اور یہ ریاست براہ راست برٹش گورنمنٹ کے سایۂ حمایت مین آئی۔ لاوا کا رقبہ اُنیس مربع میل اور آبادی تقریباً پچیس ہزار ہے جسمین زیادہ تر اہل ہنود ہین۔

ریاستہاے مغربی ہند

حصۂ دوم

کاٹھیاوار ایجنسی

جعفرآباد

جعفرآباد جو مظفرآباد بھی کہلاتا ہے نواب جنجیرہ کے علاقہ کا ایک حصّہ ہے۔ نواب جنجیرہ سیدی یا افریقی النسل ہین اور برٹش گورنمنٹ یا گیکوار کسی کو خراج نہین دیتے سیدی مغلون کے بیڑہ جہازات کے امیرالبحر تھے۔ سنہ ۱۷۶۱ع مین جعفرآباد کے سیدی ہلال اور گورنمنٹ کے مابین ایک تجارتی معاہدہ ہوا تھا۔ نواب جنجیرہ کے مفصل حالات جنجیرہ کے تذکرہ مین ملین گے۔ اِس ریاست مین بارہ گاؤن ہین۔ اسکی کل آمدنی تقریباً ساٹھ ہزار روپیہ ہے اور رقبہ ۴۲ مربع میل اور آبادی بارہ ہزار تین سو نواسی ہے۔

ملیا

ٹھاکر مودھ جی مالوجی۔ ولادت سنہ ۱۸۴۶ع۔ مسند نشینی ۲۳ جون سنہ ۱۸۷۵ع۔ موجودہ رئیس جاریجہ راجپوت ہین۔ ملیا چوتھے درجہ کی ریاست ہے جسمین بارہ گاؤن ہین۔ اسکا رقبہ ۱۰۲ مربع میل ہے۔ آمدنی تقریباً ساٹھ ہزار روپیہ ہے اور آبادی تیرہ ہزار پانسو نواسی ہے۔

لکھتر

لکھتر ایک تیسرے درجہ کی ریاست ہے۔ برٹش گورنمنٹ سے اوّل مرتبہ ۱۸۰۷ء مین معاہدہ ہوا۔ ٹھاکر صاحب جھالا راجپوت ہین۔ ریاست کی آمدنی تقریباً اسّی ہزار روپیہ ہے۔ آبادی پچیس ہزار دوسو تین ہے۔ اس خاندان مین تبنیت کی کوئی سند نہین ہے۔ فرزند اکبر جانشین ہوتا ہے۔

سیالا

ٹھاکر بخت سنگھ جی کیسری سنگھ جی

ولادت ۱۸۴۶ عیسوی۔ گدی نشینی ۱۸۸۱ء۔ آپ جھالا راجپوت ہین۔ سیالا کاٹھیاوار مین تیسرے درجہ کی ریاست ہے۔ گورنمنٹ سے ۱۸۰۷ء مین معمولی معاہدہ ہوا تھا۔ ریاست کا رقبہ ۲۲۲ مربع میل ہے۔ آمدنی تقریباً پینسٹھ ہزار روپیہ سالانہ ہے۔ آبادی پندرہ ہزار آٹھ سوا کانوے ہے۔ خاندان مین فرزند اکبر کی وراثت کا دستور ہے اختیار تبنیت کی کوئی سند نہین ہے۔

والا

ٹھاکر بخت سنگھ راول

ولادت ۱۸۶۴ء۔ مسند نشینی ۱۸۷۵ء۔ والا کا قدیم نام ولبھی پور ہے اور اسی مقام سے گپتون کے سیناپتی کی نسل نے تین سو برس تک جزیرۂ کاٹھیاوار پر حکومت کی ہے۔ والا تیسرے درجہ کی ریاست ہے۔ اسکے فرمانروا نے پہلی مرتبہ ۱۸۰۷ء مین برٹش گورنمنٹ سے معاہدہ کیا تھا۔ آپ گوہل راجپوت ہین اور راج کمار کالج راجکوٹ مین تعلیم پائی ہے۔ ریاست کا رقبہ ۱۰۹ میل مربع ہے اور آمدنی تقریباً ایک لاکھ پچاس ہزار روپیہ ہے۔ آپ گیکوار برودہ اور برٹش گورنمنٹ



راجہ کچھارالا چھلا۔سی۔ایس۔آئی۔راجہ جبدان

کو خراج دیتے ہین۔ خاندان مین فرزند اکبر کی جانشینی کا دستور ہے۔ تبنیت کا اختیار نہین ہے۔

چورا

ٹھاکر بیچر سنگھ جی راے سنگھ جی۔ ولادت ۱۸۴۰ء مسند نشینی ۱۸۴۴ء۔ آپ جھالا راجپوت ہین۔ یہ تیسرے درجہ کی ریاست ہے۔ ۱۸۰۷ عیسوی مین برٹش گورنمنٹ سے اول مرتبہ معاہدہ ہوا تھا۔ آپ برٹش گورنمنٹ اور نوابصاحب جوناگڈھ کو خراج دیتے ہین۔ ریاست مین چودہ مواضع ہین۔ آمدنی تقریباً چھبیس ہزار روپیہ ہے۔ آبادی تیرہ ہزار ایک سو تیئیس ہے۔

بنٹوا

بابی فتح دین خان جی۔ آپ مسلمان ہین اور نواب جوناگڈھ کے ایک چھوٹے بھائی کی نسل سے ہین جنکو بنٹوا کا علاقہ ۱۷۴۸ء مین دیا گیا تھا۔ برٹش گورنمنٹ نے ۱۸۰۷ء مین معاہدہ کیا تھا۔ آپکے پاس کوئی سند تبنیت نہین ہے اور نہ فرزند اکبر کی جانشینی کا قاعدہ ہے۔ ریاست کی آمدنی تقریباً دو لاکھ اکیاون ہزار ہے اور آبادی بیالیس ہزار ایک سو پانچ ہے۔ اِس ریاست کے دو حصہ دار اور ہین اور دونون کا لقب بابی ہے۔

جسدان

کھچار الاچیلا۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ولادت ۱۸۳۳ء۔ آپ ۱۸۵۲ء مین گدی نشین ہوے۔ آپ کا تعلق کاٹھی قوم سے ہے۔ ریاست جسدان برودہ اور

جوناگڈھ کی باجگزار ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہ ایک نہایت قدیم ریاست ہے جسدان
تیسرے درجہ کی ریاست ہے۔ پہلی بار ۱۸۰۷ء مین برٹش گورنمنٹ اور رئیس جسدان
کے مابین معاہدہ ہوا۔ ریاست کا رقبہ دو سو تراسی مربع میل ہے جسمین ساٹھ گانون
ہین۔ آمدنی تقریباً ایک لاکھ روپیہ اور آبادی تینتیس ہزار ستاون ہے ۱۸۹۷ء
مین آپ کو سی۔ ایس۔ آئی۔ کا خطاب عطا ہوا تھا۔ سکونت جسدان۔

لاٹھی

ٹھاکر سور سنگھ جی بخت سنگھ جی ۔ ولادت ۱۸۶۷ء بمسند نشینی ۱۸۷۸ء۔ آپ سارنگ جی کی اولاد مین ہین جنھون نے لاٹھی کے گھرانے کی بنیاد ڈالی اور جو گوہیل سجاکجی کے ایک بیٹے تھے۔ گوہیل سجاکجی ہی کی نسل سے بھاؤنگر۔ پالیتانہ اور لاٹھی کے حکمران خاندان ہین اور اُنھین کی وجہ سے گوہیل راجپوتون نے مارواڑ کو چھوڑکر پہلے پہل سرزمین مارو مین توطن اختیار کیا۔ سجاکجی کے چار بیٹے تھے جنمین سے دوسرے بیٹے سارنگ جی کی اولاد نے لاٹھی مین حکومت قائم کی اور اُن کی اولاد کی بیسوین پشت مین بخت سنگھ جی ہوے جو امر سنگھ کے لاولد فوت ہونے پر مالک و قابض ریاست ہوے لیکن اُنھون نے بھی دو بیٹے چھوڑ کر قضا کی۔ اُنکے بعد اُنکے صاحبزادے ٹھاکر صاحب حال جانشین ہوے۔ آپ نے راجکمار کالج راجکوٹ مین تعلیم حاصل کی اور کالج سے نکل کے آپ نے ہندوستان کی سیاحت کی اور اپنے اہل ملک کے حالات معاشرت اور اُنکے خصائل و عادات کا علم حاصل کیا۔ ۱۸۹۵ء مین گورنمنٹ نے یہ مناسب سمجھا کہ آپ اختیارات کامل کے ساتھ مسند ریاست پر متمکن کیے جائین چنانچہ آپ اپنی مسند آبائی و موروثی پر جلوہ فرما ہوے۔ آپ نے اپنے زمانۂ حکومت مین ریاست کے ہر صیغہ مین بہت بڑی ترقی کی ہے۔ آپ کی ریاست مین ایک دیسی

زبان کا مدرسہ۔ایک زنانہ مدرسہ۔ایک خیراتی دواخانہ بزیر نگرانی ایک قابل معالج کے اور ایک کتب خانۂ عام موجود ہے۔اور ایک کارخانہ دھاگا بٹنے کا کھلا ہوا ہے جس سے بیکارون کے واسطے وجہ معاش کی صورت نکل آئی ہے اور رفاہ عامہ کے دیگر کامون سے ریاست کو بہت بڑا فروغ حاصل ہے۔آپکی ہمہ تن توجہ معدلت پسندی اور ادائے فرائض ملک داری پر ہے اور اس سے آپ بہت ہردلعزیز ہین۔اس ریاست کا رقبہ بیالیس میل مربع ہے جو چودہ مواضع مین تقسیم ہے۔اسکی آبادی آٹھ ہزار ہے اور محاصل سالانہ ڈیڑھ لاکھ روپیہ۔ریاست کے اندر سے ریلین نکلی ہوئی ہین۔ٹھاکر صاحب کو چوتھے درجہ کے رئیس کے اختیارات حاصل ہین۔فوجداری مین پانچہزار روپیہ تک جرمانہ اور تین برس کی قید اور دیوانی مین دس ہزار تک کی مالیت کے مقدمات سُننے کی اجازت ہے

مسولی

ٹھاکر سُلطان سنگھ جی پرمار۔ ولادت ۱۸۳۴ء۔مسند نشینی ۱۸۶۰ء۔آپ پرمار راجپوت ہین میسولی چوتھے درجہ کی ریاست ہے۔ریاست مین متعدد حصہ دار ہین۔ریاست کا رقبہ ایک سو تینتیس مربع میل ہے جسمین اُنیس گانْون ہین۔آمدنی تقریباً ایک لاکھ روپیہ ہے اور آبادی سولہ ہزار سات سو ترسٹھ ہے۔آپ نواب صاحب جوناگڈھ اور برٹش گورنمنٹ دونو کو خراج دیتے ہین۔فرزند اکبر جانشین ریاست ہوتا ہے۔تبنیت کی سند نہین حاصل ہے۔

بجانا

ملک بجانا۔آپ مسلمان ہین یہ ریاست چوتھے درجہ کی شمار کی جاتی ہے۔ ۱۸۰۸ء مین برٹش گورنمنٹ سے اوّل مرتبہ معاہدہ ہوا۔اس ریاست مین ستائیس

مواضع ہین۔ آمدنی تقریباً ایک لاکھ روپیہ اور آبادی سولہ ہزار ستائیس ہے۔ آپ گورنمنٹ کو سات سو اٹھانوے روپیہ خراج دیتے ہین۔ فرزند اکبر جانشین ریاست ہوتا ہے۔ تبنیت کی کوئی سند آپکے خاندان مین نہین ہے۔

ویر پور

ٹھاکر سُورا جی ۔ آپ جاریجہ راجپوت ہین۔ ویر پور چوتھے درجہ کی ریاست ہے۔ ریاست کا رقبہ اُنتیس میل مربع ہے جسمین تیرہ گاؤن ہین۔ ریاست کی آمدنی تقریباً اکتالیس ہزار روپیہ ہے۔ آبادی سات ہزار تین سو چھ ہے اور آپ برٹش گورنمنٹ اور نواب جوناگڈھ دونون کو خراج دیتے ہین۔ خاندان مین فرزند اکبر کی جانشینی کا دستور ہے۔ سند تبنیت نہین ہے۔

کوٹراسانگنی

ٹھاکر ملوا جی ۔ ولادت ۱۸۷۳ع۔ مسندنشینی ۱۸۸۶ع۔ آپ جاریجہ راجپوت ہین۔ سب سے اول ۱۸۰۷ع مین برٹش گورنمنٹ اور ریاست کے مابین معاہدہ ہوا۔ ریاست کا رقبہ چوہتّر مربع میل ہے۔ آمدنی تقریباً پچانوے ہزار اور آبادی دس ہزار دو سو اکیس ہے۔

جیت پور

اِس ریاست مین سترہ حصہ دار ہین جو جدا جدا خراج دیتے ہین۔ اِس ریاست کا رقبہ سات سو چونتیس مربع میل ہے جسمین ایک سو چوالیس مواضع ہین۔ آمدنی سات لاکھ بیاسی ہزار اور آبادی ایک لاکھ گیارہ ہزار پانسو اُنچاس ہے۔

ریاست ہذا برٹش گورنمنٹ و گیکواڑ برودہ اور نواب جوناگڈھ کو خراج دیتی ہے۔

پتری

ویسائی سورج مل جی زور آور سنگھ جی۔ ولادت ۱۸۴۷ء۔ مسند نشینی ۱۸۸۱ء۔ آپ قوم کے کنبی ہین۔ ریاست کا رقبہ چالیس مربع میل ہے جسمین سات مواضع ہین۔ آمدنی پندرہ ہزار اور آبادی چار ہزار چارسو اڑتیس ہے

گِدار

مالک ریاست بابی مسلمان ہین۔ گِدار چوتھے درجہ کی ریاست ہے جسمین تیرہ مواضع ہین۔ اِسکی آمدنی ایک لاکھ چودہ ہزار تین سو ہے۔ اِسکی آبادی ٹھنوا کی آبادی مین شامل ہے۔

پالنپور ایجنسی

تھرادو مرواڑا

ٹھاکر۔ آپ بگھیلا راجپوت ہین۔ ۱۸۱۹ء مین تھراؤ کے سردار نے کھوسیس اور دیگر لُٹیرون کے حملون سے تنگ آکر سرکار انگلشیہ سے اعانت کی درخواست کی آپ کی ریاست کا رقبہ نوسو چالیس مربع میل اور آبادی پینسٹھ ہزار چارسو چورانوے اور آمدنی ترانوے ہزار روپیہ ہے۔ فرزند اکبر وارث ریاست ہوتا ہے۔ سکونت تھراؤ۔

داوٗ

رانا۔ آپ چوہان راجپوت ہین۔ آپکے مورث اعلیٰ سنبھور اور نندول مارواڑ سے آئے تھے اور دہلی کے چوہان راجہ پرتھی راج کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ بمقتضاے انقلابات زمانہ ویدہ راؤ نندول سے بھاگ کر تھراؤ پر قابض ہوے جو اُسوقت اُس راجپوت خاندان کے ماتحت تھا جو پٹن مین فرمانروائی کرتا تھا۔ رانا پونجا جو ویدہ راؤ کی ساتوین پشت مین تھے ایک لڑائی مین مقتول ہوے اور اس طرح ریاست چوہان کے ہاتھ سے نکل گئی۔ رانا وزرا خلف پونجا نے قصبۂ داوٗ آباد کیا۔ اس ریاست مین فرزند اکبر وارث ہوتا ہے۔ ریاست کا رقبہ تین سو اسّی مربع میل اور آبادی تقریباً ستائیس ہزار سات سو پینتیس۔ آمدنی ستّاون ہزار روپیہ ہے۔

سوئگم

ٹھاکر۔ آپ چوہان راجپوت ہین۔ رانا داوٗ کی طرح آپ کا خاندانی سلسلہ بھی راجہ پرتھی راج دہلی سے ملتا ہے۔ چار سو بیس سال کا عرصہ ہوا کہ یہ ریاست پچنجی رانا سانگاجی کے سب سے چھوٹے فرزند کو مرحمت ہوئی تھی۔ یہ ریاست مختلف خود مختار سرداروں مین منقسم ہے۔ سوئگم کے سردار تیراندازی مین یکتاے زمانہ تھے۔ گزشتہ صدی کے آغاز مین انھون نے کھوسیس لٹیرونکو بہت بڑی مدد دی مگر جب ۱۸۲۶ء سے کرنل مالکس صاحب نے معاہدہ کیا تو یہ لوگ صلح کن کاشتکارون کی طرح رہنے لگے۔ ریاست کا مالک فرزند اکبر ہوا کرتا ہے۔ ریاست کا رقبہ دو سو بیس مربع میل ہے۔ آمدنی دس ہزار روپیہ ہے۔ آبادی تخمیناً گیارہ ہزار پانسو اکیس ہے۔

دیودار

ٹھاکر - یہ ریاست پالنپور گجرات کی پولیٹیکل ایجنسی کے ماتحت ہے سنہ ۱۸۱۹ع مین برٹش گورنمنٹ سے اول مرتبہ تعلق ہوا - ریاست کی حفاظت برٹش گورنمنٹ کے اختیار مین ہے مگر اسکے اندرونی انتظامات آمدنی وغیرہ ریاست کے ہاتھ مین ہین - رئیس کو مجسٹریٹ درجۂ سوم کے اختیارات حاصل ہین - ریاست کو تبنیت کی سند نہین ملتی نہ یہان فرزند اکبر کے وارث ریاست ہونے کا قاعدہ مروج ہے - ریاست کا رقبہ چارسو چالیس مربع میل ہے - آبادی تخمیناً چوبیس ہزار اکسٹھ ہے - آمدنی پچیس ہزار روپیہ -

تروارہ

ٹھاکر - مسلمان - یہ ریاست پالنپور کے ماتحت ہے - یہ ریاست سابق مین نواب رادھنپور کی ملکیت تھی جو نواب کمال الدین خان نے سنہ ۱۷۵۱ع مین دھگیلا راجپوتون سے زبردستی لیلی تھی - رئیس حال کے آبا و اجداد سندھ سے آئے تھے - معلوم ہوتا ہے کہ پہلے یہ لوگ نواب رادھنپور کی سرکار مین سوارون مین ملازم تھے سنہ ۱۸۲۲ع مین چونکہ نواب رادھنپور پولیٹیکل سپرنٹنڈنٹ پالنپور کی خدمت مین اپنا حق ثابت کرنے نہین آئے اسیلیے ریاست پر بلوچ خان کے قبضہ کی تصدیق کی گئی - ریاست کا رقبہ ایکسو پچیس مربع میل - آبادی تخمیناً آٹھ ہزار آٹھ سو چھیالیس - آمدنی بارہ ہزار روپیہ ہے -

بھابھر

ٹھاکر - آپ ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین - ریاست پالنپور ایجنسی گجرات کی ماتحت ہے سنہ ۱۸۲۶ع مین خراج معاف کردیا گیا تھا سنہ ۱۸۲۰ع مین سرکار انگریزی کے ساتھ تعلقات پیدا ہوے - یہان نکاسی مال پر محصول لگایا جاتا ہے -

ریاست کا رقبہ اسی مربع میل ہے - آمدنی دو ہزار پانسو روپیہ ہے - آبادی تخمیناً سات ہزار دو سو بائیس ہے -

سنتال پور و چھوڑ جات

ٹھاکر - اِن ریاستون کے رؤسا جاریجہ راجپوت ہین - رؤساءِ حال کا خاندانی سلسلہ رائوکچھ سے ملتا ہے جنھون نے چار سو برس پہلے اِس ملک کو فتح کیا تھا - فرزند اکبر ریاست کا وارث ہوتا ہے - یہ ریاستین پالنپور گجرات ایجنسی کی ماتحت ہین - اِن ریاستون کا رقبہ چار سو چالیس مربع میل ہے - آمدنی اکیس ہزار روپیہ ہے - آمدنی تخمیناً بیس ہزار چار سو چھیاسٹھ ہے -

وڑئی یا وراہی

ملک - آپ جاٹ مسلمان ہین - یہ ریاست پولٹیکل سپرنٹنڈنٹ پالن پور کی ماتحت ہے - چار سو پچیس سال کے قریب ہوے کہ ملک عیسیٰ خان نے سندھ سے آکر روما مسلمانون کو خارج کر کے ریاست کو قائم کیا تھا - ریاست کا رقبہ تین سو تیس مربع میل ہے - آمدنی سرسٹھ ہزار روپیہ اور آبادی تخمیناً اکیس ہزار تین سو چھہتر ہے -

کانکریج

یہ ریاست پالنپور ایجنسی گجرات کی ماتحتی مین چند ریاستون کا مجموعہ ہے سنہ ۲۰-۱۸۰۹ء مین برٹش گورنمنٹ سے تعلقات پیدا ہوے - اسمین چھبیس مختلف ریاستین ہین - انکے قابض زیادہ تر وہ راجپوت ہین جنھون نے قوم کولی عورتون سے شادی کی ہے سب سے زیادہ مشہور اور بڑا علاقہ تھارہ ہے جسکے مالک کولی راجپوت ہین - چونکہ ان لوگون نے

اپنے بھائی بندون کے ساتھ کھانے پینے سے انکار کردیا ہے اسیلیے یہ لوگ راجپوت خاندانون مین شادی کرسکتے ہین۔ ریاست کا رقبہ پانسو بیس مربع میل۔ آبادی تخمیناً پینتالیس ہزار ایک سو چوسٹھ اور آمدنی چونتیس ہزار روپیہ ہے۔

ماہی کانٹا ایجنسی کی چھوٹی ریاستین

نام ریاست	نام یالقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
پول	راؤ	راٹھور راجپوت	۱۴۰	۵۲۴۸	آمدنی ۱۱۸۰۳ روپیہ
دانتا	مہارانا	پرمار راجپوت	۴۵۰	۲۱۷۳۶	〃 ۵۰۰۰۱ روپیہ
مالپور	راول	راٹھور راجپوت	۷۵	۱۷۱۲۵	〃 ۱۸۷۵۱ 〃
مانسا	راولوجی	چوڑا راجپوت	۲۷	۱۴۹۲۶	〃 ۵۵۳۴۹ 〃
موہن پور	ٹھاکر	رہیوڑ راجپوت	۵۰	۱۶۳۸۰	〃 ۲۶۶۲۱ 〃
گڈوسن	ٹھاکر	مکونا کولی	۲۰	۷۴۲۶	〃 ۲۱۱۹۰ 〃
ایلال	ٹھاکر	مکونا کولی	۱۰	۵۰۰۹	〃 ۲۱۹۹۹ 〃
ورسودا	ٹھاکر	چوہان راجپوت	۱۵	۴۱۲۲	〃 ۱۴۹۸۸ 〃
پھیتاپور	ٹھاکر	گبھیلا راجپوت	۱۰	۷۳۳۵	〃 ۱۸۶۰۰ 〃
رناسن	ٹھاکر	رہیوڑ راجپوت	۵۰	۵۵۴۴	〃 ۱۰۰۰۷ 〃
پنادز	میان	مسلمان مکونا کولی	۲۰	۴۳۲۱	〃 ۱۴۸۹۴ 〃
کھرال	میان	مسلمان مکونا کولی	۱۰	۳۱۷۰	〃 ۲۰۳۵۳ 〃
گھراسر	ٹھاکر	ڈبھی کولی	۱۲	۸۴۴۴	〃 ۳۹۷۱۰ 〃
املیارا	ٹھاکر	کنٹ کولی	۸۰	۱۲۵۸۸	〃 ۳۳۴۵۳ 〃

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
وَلسنَا	ٹھاکر	راٹھور راجپوت	۲۵	۴۵۷۷	آمدنی ۱۱۴۴۶ روپیہ
ڈبھا	میان	مسلمان مکونا کولی	۱۰	۱۹۹۵	″ ۵۰۰۰ ″
واسنا	ٹھاکر	راٹھوڑ راجپوت	۹	۵۷۴۱	″ ۱۶۸۵۳ ″
سوداسنا	ٹھاکر	بارو راجپوت	۴۰	۶۷۶۷	″ ۸۱۴۲ ″
روپل	ٹھاکر	ربھوڑ راجپوت	۱۷	۳۲۷۰	″ ۴۱۸۰ ″
ودھبلنا	ٹھاکر	سسودیہ راجپوت	۲۵	۴۵۶۲	″ ۴۱۱۰ ″
مگودی	ٹھاکر	راٹھور راجپوت	۲۵	۳۸۱۸	″ ۸۹۷۸ ″
وراگم	ٹھاکر	ربھوڑ راجپوت	۳۵	۳۹۲۹	″ ۸۰۰۰ ″
ستھمبا	ٹھاکر	بڑبا کول	۲۰	۴۷۹۹	″ ۷۱۲۵ ″
راماس	میان	مسلمان مکونا کولی	۱۰	۱۸۰۶	″ ۲۸۵۱ ″
بولندرہ	ٹھاکر	راٹھور راجپوت	۷	۱۱۶۳	″ ۱۵۵۰ ″
لیکھی	ٹھاکر	چوہان کولی	۳۰	۱۵۰۰	″ ۳۴۲۶ ″
ڈیرول	ٹھاکر	مکونا کولی	۱۰ ۱/۸	۱۳۷۵	″ ۲۶۷۷ ″
کھیڑوارا	ٹھاکر	مکونا کولی	۲۷	۲۱۶۲	″ ۴۱۹۹ ″
کردلی	ٹھاکر	مکونا کولی	۱۱ ۳/۴	۱۶۸۸	″ ۳۱۸۲ ″
وکتاپور	ٹھاکر	مکونا کولی	۳۱ ۱/۲	۲۵۵۱	″ ۵۸۱۳ ″
پریم پور	ٹھاکر	مکونا کولی	۲۰ ۱/۲	۱۸۲۸	″ ۳۰۳۵ ″
ڈلوہروتا	ٹھاکر	مکونا کولی	۱۰ ۱/۸	۱۲۲۵	″ ۳۰۵۷ ″
تاجپوری	ٹھاکر	پرمار کولی	۱۶ ۳/۴	۲۲۳۸	″ ۳۷۴۰ ″

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آبادی	کیفیت
ہپا	ٹھاکر	پرمار کولی	۹	۱۴۴۵	آمدنی ۵۱۲۰ روپیہ
سلسنا و پھلوسنا	ٹھاکر	چوہان راجپوت	۱۰۹	۹۳۰۷	〃 ۴۰۷۱ 〃
ہرول	ٹھاکر	چندر کولی	۳۰	۴۱۱۱	〃 ۴۴۳۱ 〃
مگونا و تیج پورہ	ٹھاکران	مکونا کولی	۰	۰	تین حصہ داراین
ویرسوڑا	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۱۰۴۳	آمدنی ۱۶۳۰ روپیہ
پلاج	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۱۵۸۶	〃 ۸۰۲۰ 〃
دلیولی	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۱۰۶۳	〃 ۳۶۹۱ 〃
کسلپورہ	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۴۵۰	〃 ۳۵۰۰ 〃
محمد پورہ	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۶۳۶	〃 ۱۶۷۵ 〃
انبچپورہ	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۴۲۱	〃 ۴۱۰۰ 〃
رمپورہ	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۵۳۹	〃 ۱۲۰۰ 〃
رانی پورہ	ٹھاکر	مکونا کولی	۰	۲۱۷	〃 ۱۳۰۰ 〃
گبات	ٹھاکر	مکونا کولی	۱۵	۱۶۶۲	〃 ۳۴۳۱ 〃
ٹمبا	ٹھاکر	چندر کولی	۰	۲۰۳۵	〃 ۸۰۰ 〃
اُماری	ٹھاکر	چندر کولی	۰	۱۴۵۳	〃 ۱۱۰۰ 〃
موٹا کٹھرنا	جاگیردار	چندر کولی	۰	۶۷۲	〃 ۱۶۱ 〃
سنتھال	۰	۰	۰	۲۵۸۷	۰
گوکل پورہ	۰	۰	۰	۳۲۷	۰
ملاجنا پورہ	۰	۰	۰	۲۲۳	۰

کیفیت	آبادی	رقبہ مربع میل	ذات	نام یا لقب رئیس	نام ریاست
آمدنی ۱۳۵۰ روپیہ	۱۴۲۲	۰	۰	۰	چندپ
″ ۵۹۰۹ ″	۶۳۷۴	۱۵	۰	۰	جھیرنرملی
″ ۴۶۰۳۳ ″	۴۰۰۶۸	۷۰۲	۰	۰	برواراوبوسیی

ریواکانٹا ایجنسی

منڈوا

مہارانا سری جیت سنگھ جی کھمان سنگھ جی - ٹھاکر صاحب منڈوا - ولادت ۳۱ - اگست ۱۸۷۶ء - مسند نشینی ۱۹ - اکتوبر ۱۸۹۶ء - آپ پرتھی راج کی نسل سے چوہان راجپوت ہین - آپ نے راجکمار کالج راجکوٹ مین تعلیم پائی ہے - تعلیم سے فراغت پانے کے بعد آپ نے بلاد ہندوستان کی سیاحت کی - آپ علمی مذاق رکھتے ہین اور اب بھی مطالعہ کتب جاری رہتا ہے - آپ کو اپنی رعایا کی حالت پر بہت توجہ رہتی ہے اور آپکی طبیعت مین شگفتہ مزاجی خلقی ہے اور اسی وجہ سے آپ اپنی رعایا کے محبوب ہین - آپ کی ریاست دریاے نربدا اور دریاے اور کے سنگم پر واقع ہے اور منڈوا چندود اور کرنالی کے مقدس شہرون کے مابین ہے - ہندو لوگ اس شہر کے جاترا کو جایا کرتے ہین اور ہزارہا اشخاص متبرک دریاؤنکے نہان کے لیے جمع ہوا کرتے ہین - منڈوا کی آب وہوا نہایت صحت بخش سمجھی جاتی ہے - ریاست کا رقبہ سات مربع میل - آمدنی بینتیس ہزار سات سو روپیہ ہے - آپ دو ہزار دو سو پندرہ روپیہ خراج دیتے ہین -

ریوا کانٹا ایجنسی کی باقی ریاستین

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آمدنی	کیفیت
کدانا	پنوار	چھتری	۱۳۰	۲۲۲۵۶	•
سنجیلی	•	چوہان راجپوت	۳۳ ½	۱۸۱۳۹	•
گاد	•	چوہان راجپوت	۱۳۴	۱۲۶۶۹	•
بھدروا	رانا	راجپوت	۲۷	۲۹۰۶۶	•
اُمیٹھا	بریا		۳۶ ½	۴۲۴۶۷	•
وچیریا	•	مو لسلم راٹھور	۱۰	۳۷۹۰۰	•
شنور	•	چوہان راجپوت	¾	۱۴۳۳۲	•
نسوادی	•	سولنکی راجپوت	۸	۸۱۹۵	•
پلسنی	•	پرمار راجپوت	۵ ½	۶۴۷۳	•
بھیلودیا	چورا	•	۵	۱۳۰۹۱	کئی حصہ دار ہین
اچاد	دیا	•	۴	۱۰۰۸۸	•
ننگم	خان	راٹھور مسلمان	۱ ¾	۲۲۴۷	•
وسن ویرپور	دیا	•	۷ ½	۱۲۰۶۷	•
وسن سیوادا	•	راٹھور	۳ ¼	۵۴۹۲	•
چودیسر	خان	غوری مسلمان	۱ ½	۲۰۳۷	•
رنگین	دیا	•	¾	۹۶۴	•
کمسوٹی موٹی کمسوٹی نَنی	خان	غوری مسلمان	۳	۴۹۸۶	•

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آمدنی	کیفیت
الوا	خان	چوہان مسلمان	۳	۶۶۷۴	۔
ویرم پورا	خان	پٹھان	۱/۲	۷۰۰	۔
نلیا	خان	غوری مسلمان	۱/۲	۵۴۷	۔
اگر	خان	چوہان مسلمان	۹	۱۲۴۰۹	۔
وہورا	۔	راٹھور	۲	۷۰۹۷	۔
دہسیا	۔	چوہان	۵	۴۰۹۲	۔
سندھیاپورہ	۔	چوہان	۲ ۱/۲	۲۵۰۰	۔
دودھپور	۔	راٹھور	۳/۸	۷۹۲	۔
چورنگلہ	۔	چوہان	۳ ۳/۴	۳۷۵۲	۔
بیہورہ	خان	راٹھور مسلمان	۳/۴	۱۴۶۶	۔
رمپورہ	۔	پچورا	۲ ۱/۲	۶۸۱۵	۔
پنتلاڈری	خان	۔	۶ ۱/۲	۸۰۰۰	۔
گرول	۔	۔	۔	۔	یہ ریاست پنچ محال کی منتقل کر دی گئی ہے
نروکوٹ	۔	بریا	۴۷	۱۱۴۹۴	۔
پنڈو	خان	پٹھان	۹ ۱/۴	۷۴۴۰	۔
میولی	۔	پاگی	۶	۲۳۶۳	۔
چھالیار	۔	راول	۹	۱۱۷۶۶	۔
سیہورا	۔	سوداپرمار	۱۴	۲۲۱۲۸	۔
کنورا	۔	بربا	۳ ۳/۴	۲۹۷۹	۔

نام ریاست	نام یا لقب رئیس	ذات	رقبہ مربع میل	آمدنی	کیفیت
پوپیچا	رانا	۔	۳	۲۸۴۶	۔
اٹوار	۔	راٹھور	۴ ۱/۴	۳۰۵۶	۔
دہری	۔	سولنکی	۲ ۳/۴	۲۶۴۳	۔
سوکا پگینو مواد	۔	پاگی	۵/۹	۴۵۹	۔
امراپورہ	۔	بریا	۱ ۳/۴	۷۳۶	۔
جیتر گوٹھرا	۔	پاگی	۱ ۱/۴	۱۱۹۷	۔
جبیہ	۔	پاگی	۱ ۱/۴	۴۸۹	۔
کسلا پگینو مواد	۔	پاگی	۱ ۱/۴	۱۲۰	۔
ورنول موٹی	۔	راٹھور	۳/۴	۵۱۸	۔
راجپور	راول	۔	۱	۵۹۶	۔
ورنول نال	۔	بریا	۲	۷۱۷	۔
جمکھا	۔	بریا	۳/۴	۸۴۹	۔
بجنتاپور	راول	۔	۱	۷۸۸	۔
بہنارا	۔	بریا	۱ ۳/۴	۱۸۸	۔
گوتاردی	۔	پاگی	۱ ۵/۸	۸۴۰	۔
ورنولی نہنی	۔	راٹھور	۱/۲	۳۶۷	۔
انگھڈ	گوہل	۔	۲	۶۴۶۳	۔
رائکا	۔	۔	۲ ۱/۲	۳۵۰۰	۔
دودکا	ٹپیل	۔	۲ ۳/۴	۲۷۶۲	۔

سورت ایجنسی

جوہر

راجہ پٹنگ شاہ چہارم والی جوہر۔ ولادت ۳۰-اپریل ۱۸۵۴ء۔ آپ راجہ وکرم شاہ چہارم کے فرزند ہین۔ آپ نے ہائی اسکول مین تعلیم پائی ہے۔ آپ نے برٹش عدالتون کی کارروائی سیکھنے کے لیے پونا کی ججی مین کام کیا ہے۔ ۲۰-اپریل ۱۸۷۸ء کو آپکی شادی کلسٹا کے ٹپیل کی دختر سے ہوئی جو اگت پوری کے متصل واقع ہے۔ ۲۴-جولائی ۱۸۶۵ء کو آپ گدی نشین ہوے۔ خاندان جوہر کی ترقی کا کوئی صحیح حال دستیاب نہین ہوتا مگر یہ امر قابل یقین ہے کہ مسلمانون کے حملہ کے زمانہ تک اور کچھ اسکے بعد تک شمالی کونکن کا بڑا حصہ سرداران کولی یا پلیگھرون کے قبضہ مین رہا۔ ان مین جیا بالکونی سب سے ممتاز تھے۔ اُنکے صاجزادے نیم شاہ کو جنکی ریاست مین تخمیناً بائیس قلعہ اور آمدنی نولاکھ روپیہ تھی۔ شہنشاہ دہلی نے ۱۳۴۱ء مین اُنکو راجہ جوہر تسلیم کیا۔ یہ بات یقین کیجاتی ہے کہ رئیس حال اُنھین کی نسل سے ہین ۱۸۳۹-۴۰ء تک انکی ریاست مین کوئی مداخلت نہین ہوئی مگر اسکے بعد پیشوا کی گورنمنٹ نے جوہر کے زرخیز حصون کو اپنی ریاست مین شامل کرنا شروع کیا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۷۸۲ء مین اُسوقت کے راجہ ٹپنگ شاہ کو اِس شرط پر کہ وہ ایک ہزار روپیہ سالانہ خراج اور ہر جدید راجہ کی مسند نشینی کے وقت نذرانہ دیا کرین بیس ہزار روپیہ کی آمدنی کی جائداد پر قبضہ دیا گیا۔ ریاست کا رقبہ ۳۱۰ مربع میل اور آبادی سینتالیس ہزار پانچ سو اڑتیس ہے ریاست کی آمدنی کے ذرائع مین اراضی جنگلات۔ آبکاری اور رجسٹری شامل ہین۔ راجہ صاحب حال نے کئی مدرسے اور ایک شفاخانہ بھی کھولا ہے اور جوہر مین سڑکین نکالی ہین اور ایک تالاب تعمیر کروایا ہے۔ آپ کے دو صاجزادے ہین۔ سکونت جوہر

جاگیرداران ستارہ

اکلکوٹ

شری منت راجہ صاحب فتح سنگھ عرف بابو صاحب بھونسلے جاگیردار اکلکوٹ تاریخ ولادت ۱۸۹۴ء - اٹھارھوین صدی کے شروع مین اکلکوٹ مسلمانون کی سلطنت احمد نگر کا ایک جزو تھا - ۱۷۰۷ء مین جب ساہو پسر شیواجی والی ستارہ اپنے حقوق کی واپسی کے لیے تارہ بائی سے سرگرم پیکار تھے تو ایک عورت نے جسکا شوہر جنگ مین کام آیا تھا اپنے لڑکے کو راجہ کے آگے ڈال دیا اور کہا کہ مین اسکو آپ پر تصدق کرتی ہون ساہو جی نے وہ بچہ لے لیا اور اپنی فتحمندی کی یادگار مین اسکا نام فتح سنگھ بھونسلہ رکھا - ۱۷۱۰ء مین اس لڑکے کو اکلکوٹ کی جاگیر اور راجہ کا خطاب دیا جسکو برٹش گورنمنٹ نے بھی تسلیم کیا - راجہ صاحب حال اسی خاندان سے ہین - ۱۸۴۹ء مین جب ستارہ پر برٹش گورنمنٹ نے تسلط کیا تو راجہ اکلکوٹ برٹش گورنمنٹ کے باجگذار ہوے - شری منت راجہ صاحب فتح سنگھ ابھی زیر تعلیم ہین - ۱۸۹۸ء مین گدی پر بیٹھے تھے - ریاست کا انتظام گورنمنٹ کے سپرد ہے - ریاست اکلکوٹ کی آمدنی تقریباً سوا دو لاکھ ہے - رقبہ چارسو ننانوے مربع میل اور آبادی ۱۹۰۱ء کے مطابق بیاسی ہزار ہے - آپ فی الحال کرکی واقع پونا مین سکونت رکھتے ہین -

بھور

شنکر راؤ چمناجی پنت سچیو جاگیردار بھور - ولادت ۱۸۵۴ء - بھور کے پنت سچیو قدیم مرہٹہ سلطنت کی آٹھ پشتینی زرامین ہین - ۱۱ - فروری ۱۸۱۸ء کے

سرکاری اعلان کے بعد چمناجی سیچیو پہلے شخص تھے جنھون نے باجی راؤ کا ساتھ چھوڑا تھا اور جنسے پہلا سرکاری معاہدہ ہوا تھا۔ سنہ ۱۸۱۷ء مین چمناجی رگھوناتھ نے انتقال کیا اور آپ انکے جانشین ہوے۔ سنہ ۱۸۴۷ء مین آپ کو ریاست کا انتظام سپرد ہوا۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار چارسو اکانوے مربع میل ہے۔ آبادی ایک لاکھ پچپن ہزار چارسو اٹھاسی اور آمدنی چار لاکھ بائیس ہزار چارسو چھتیس ہے۔

اوندھ

پنت پرتندھی جاگیردار اوندھ۔ آپ برہمن ہین۔ اوندھ کے سردارون کا لقب پنت پرتندھی ہے جو سب سے پہلے پرسرام نے سنہ ۱۸۴۶ء مین اختیار کیا تھا۔ یہ لقب راجہ رام مہاراجہ ستارہ کا دیا ہوا ہے۔ گورنمنٹ نے پہلا معاہدہ پرسرام پنڈت سے کیا تھا۔ پنت انگریزی سرکار کو مالگزاری کچھ نہین ادا کرتے مگر آپ کے چند گانؤن پر چھ فیصدی یا ایک ہزار نوسو اٹھارہ مالگزاری مشخص ہے۔ جاگیر کی کل آمدنی تقریبًا تین لاکھ روپیہ ہے۔ آبادی تقریبًا پینسٹھ ہزار ہے اور جاگیر کا رقبہ جسمین مختلف ریاستین ہین چارسو سینتالیس مربع میل ہے۔

جتھ

رام راؤ امرت راؤ عرف آبا صاحب ڈفلے جاگیردار جتھ۔ ریاست جتھ کا بانی موضع دفلاپور کا پٹیل تھا اور اسیوجہ سے یہ خاندان ڈفلے کہلاتا ہے سنہ ۱۸۲۰ء مین سرکار انگریزی سے پہلا معاہدہ ہوا۔ امرت راؤ ڈفلے نے ۱۲۔ جنوری سنہ ۱۸۹۲ء کو انتقال فرمایا۔ آنکے بعد آپ انکے جانشین ہوے۔ جانشینی کے وقت آپ کی عمر چھ سال کی تھی۔ آپ برٹش گورنمنٹ کو پچاس سوار کے معاوضہ

مین چھ ہزار چارسو روپیہ دیتے ہین اور چار ہزار آٹھ سو سینتالیس روپیہ اُن حقوق کے عوض مین ادا کرتے ہین جو اُنھون نے راجہ ستارہ سے حاصل کیے ہین - نوسو اٹھاون روپیہ ایک آنہ چار پائی - پنت پرتندھی کو چند گانون کی مالگزاری ادا کرتے ہین - اسکے علاوہ اور بھی چند اضلاع مین چھوٹی رقمین دیا کرتے ہین اِن جاگیر کی آبادی تقریباً اسی ہزار ہے اور آمدنی ایک لاکھ اٹھائیس ہزار اٹھارہ روپیہ ہے آپ کے قبضہ مین ایک سو تیرہ گانون ہین -

پھلٹن

مادھوجی راؤ جان راؤ عرف باپو صاحب نائک نیمبالکر جاگیردار پھلٹن -

پھلٹن کے جاگیردار نیمبالکر کے لقب سے مشہور ہین - یہ ایک قدیم خاندان سے تعلق رکھتے ہین - بیجاپور کے مسلمان فرمانرواؤن کے زمانہ مین عرصہ تک پھلٹن پر یہ خاندان قابض رہا - سرکار انگریزی نے جان راؤ سے جنھون نے ۱۸۲۵ء مین وفات پائی ۱۸۲۰ء مین پہلا معاہدہ کیا - انکے جانشین بناجی نائک ہوے جنھون نے راجہ ستارہ کو تیس ہزار روپیہ نذرانہ پیش کیا ۱۸۴۱ء مین بناجی نائک کا انتقال ہوگیا اُسی زمانہ مین اُنکی بیوی کو متبنیٰ کرنے کی اجازت ملی - اُنھون نے سردار مادھوجی نائک کو متبنیٰ کیا اور پھر راجہ ستارہ کو وہی رقم ادا کرنا پڑی - آپ ۲۶ مارچ ۱۸۶۰ء مین گدی نشین ہوے - چھتر گھوڑ دن کے معاوضہ مین آپ کو نو ہزار چھ سو روپیہ سالانہ ادا کرنا پڑتا ہے - آمدنی دو لاکھ بتیس ہزار نو سو تیس روپیہ ہے - رقبہ تین سو تانوے مربع میل ہے - آبادی تقریباً ساٹھ ہزار ہے -

جنوبی مرہٹہ جاگیردار

سانگلی

جسودابائی صاحبہ بیوہ چنتامن راو آپا صاحب پٹوردھن - آپ کے شوہر کے مورث اعلیٰ ہریبت تھے جو پیشوا اول کی فوج کے ایک افسر تھے - سنہ ۱۸۵۱ع مین دھنڈراو چنتامن جانشین ریاست ہوے اور انکی وفات کے بعد اب آپ مالک ریاست ہین - ریاست کا رقبہ ایک ہزار تراسی مربع میل ہے - آبادی تقریباً دو لاکھ ہے -

میرج شاخ کلان

گنگا دھر راو گنیش عرف بالا صاحب پٹوردھن - ولادت سنہ ۱۸۶۶ع آپ ۶ - جون سنہ ۱۸۷۶ع مین گدی نشین ہوے - اس خاندان کے بانی نراین راو ولد گنگا دھر راو تھے - انکے صاحبزادے گنپت راو پہلے سردار تھے جو بعد انتزاع سلطنت پیشوا گورنمنٹ انگلشیہ کے باجگزار ہوے - ریاست کا رقبہ تین سو بیس مربع میل ہے - آبادی تقریباً انہتر ہزار ہے - آمدنی تقریباً دو لاکھ تہتر ہزار چار سو سر سٹھ روپیہ ہے - آپ برٹش گورنمنٹ کو بارہ ہزار پانچسو ستاون روپیہ خراج دیتے ہین -

میرج شاخ خرد

مادھو راو ہری ہر عرف بابا صاحب پٹوردھن - آپ ۷ - اپریل سنہ ۱۹۰۱ع کو جانشین ہوے - اس خاندان کے بانی گنگا دھر راو کے فرزند اصغر مادھو راو تھے - انھون نے سنہ ۱۸۴۵ع مین انتقال کیا - ریاست کا رقبہ دو سو سات مربع میل ہے - آپکے قبضہ مین چونتیس مواضع ہین جنکی آمدنی ایک لاکھ اٹھاون ہزار ایک سو اٹھانوے روپیہ اور

آبادی تقریباً تیس ہزار ہے۔

جمکھنڈی

پرشرام راؤ رامچندر عرف بھاؤ صاحب پٹوردھن۔ آپ ۲۸۔ فروری ۱۸۹۷ء کو مسند نشین ہوے۔ آپ کا تعلق ایک برہمن خاندان سے ہے۔ ریاست کا رقبہ پانچسو چھپن مربع میل ہے۔ آپ کے قبضہ مین چھیاسی مواضع ہین جنکی آمدنی تین لاکھ ستانوے ہزار چارسو بائیس روپیہ ہے۔ آبادی تخمیناً ایک لاکھ ہے۔

کرندواڑ۔ کلان

چنتامن راؤ رگھوناتھ عرف بالا صاحب پٹوردھن۔ ولادت ۱۸۵۰ء۔ آپ ۱۸۷۶ء مین گدی نشین ہوے۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ کرشن راؤ بابا صاحب تھے۔ آپ برٹش گورنمنٹ کو نو ہزار چھ سو اٹھارہ روپیہ بارہ آنہ سالانہ دیتے ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک سو چوہتر مربع میل ہے آبادی تخمیناً سینتالیس ہزار اور آمدنی ایک لاکھ اسی ہزار روپیہ ہے۔

کرندواڑ خرد

ہری ہر راؤ ونائک عرف داجی صاحب پٹوردھن ومادھو راؤ گنپت راؤ عرف بھاؤ صاحب پٹوردھن۔ آپ دونون صاحب اس ریاست کے حصہ دار ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک سو چونتیس مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً تیس ہزار ہے۔ دونون صاحبون کی مجموعی آمدنی تقریباً ایک لاکھ

دس ہزار ہے۔

رام درگ

ونکٹ راؤ یوگی راؤ عرف راؤ صاحب بھاوے۔ خاندان بھاوے اس ریاست پر قابض ہے اس ریاست کے بانی رام راؤ داجی تھے۔ غدر کے زمانہ مین اُنکے ایک بزرگ رام راؤ نے سرکار انگریزی کی خیر خواہی کی۔ اُنکو تبنیت کی سند ملی۔ انھون نے ۱۸۷۳ء مین انتقال کیا۔ انکے لڑکے یوگی راؤ ہوئے اور ۱۸۸۲ء مین وفات کر گئے۔ انکے صاحبزادے ونکٹ راؤ ہوے۔ آپ درجہ اول کے سردار ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک سو اُنھتر مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً پنیتیس ہزار اور آمدنی ایک لاکھ آٹھ ہزار نو سو چھیاسٹھ ہے۔

مدھول

مانوجی رام ونکٹ راؤ راجے عرف نانا صاحب گھوڑپڑے۔ سنہ ۱۹۰۰ء مین آپ کو سند وراثت حاصل ہوئی آپ مدھول کے سردار بھونسلہ گھوڑپڑے خاندان سے ہین۔ یہ خاندان بیجاپور کے مسلمانون کے عہد مین نہایت ممتاز تھا اور شیواجی کے مورثون کی اولاد مین ہے۔ سنہ ۱۸۶۲ء مین بلونت راؤ کے انتقال پر آپ جانشین ہوے۔ آپ اول درجہ کے سردار ہین۔ ریاست کا رقبہ تین سو اکسٹھ مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً ساٹھ ہزار اور آمدنی ایک لاکھ ستانوے ہزار تین سو چھبیس روپیہ ہے۔

انچلکرنجی

نرائن راؤ گو ویڈ عرف بابا صاحب گھوڑپڑے سردار انچل کرنجی۔

آپ کونکنستھا برہمن ہین۔ آپ ۸۔ اکتوبر ۱۸۷۶ء کو مالک ریاست ہوے۔ آپ کی ریاست مین اکاسی مواضع ہین جنکی آمدنی دو لاکھ چار ہزار ایکسو دس روپیہ ہے۔ ریاست کا رقبہ دوسو سات مربع میل ۔ آبادی تخمیناً پینسٹھ ہزار اد خراج دو ہزار روپیہ ہے۔

وشال گڈ

رئیس کا لقب پنت پریتیندھی ہے اور وہ وشِشٹھا برہمن ہین۔ ریاست کا رقبہ ایکسو اکیس مربع میل۔ آبادی تخمیناً تیس ہزار۔ آمدنی ایک لاکھ تیس ہزار چھ سو بانوے اور خراج پانچہزار نوسو چھیتر روپیہ ہے۔

بوادا

رئیس کا لقب پنت امیتیا ہے اور وہ وشِشٹھا برہمن ہین۔ ریاست کا رقبہ ایکسو سینتیس مربع میل۔ آبادی تخمیناً تینتالیس ہزار۔ آمدنی تقریباً ستاسی ہزار چارسو اکتیس اور خراج تین ہزار چارسو بیس روپیہ ہے۔

کاگل

رئیس کا لقب سرجی راو وزارت مآب ہے۔ آپ مرہٹہ برہمن ہین۔ ریاست کا رقبہ ایکسو اٹھائیس مربع میل۔ آبادی تقریباً باون ہزار۔ آمدنی تخمیناً ایک لاکھ اکاسی ہزار پندرہ روپیہ اور خراج دو ہزار روپیہ ہے۔

کاپشی

سردار کا لقب سناپتی ہے اور وہ مرہٹہ برہمن ہین۔ ریاست کا رقبہ پینتیس مربع میل آبادی تقریباً تیرہ ہزار۔ آمدنی چوالیس ہزار نوسو چھہتر اور خراج ایکہزار چار سو روپیہ ہے۔

تورگل

رئیس کا لقب سینا خاص خیل ہے اور وہ مرہٹہ برہمن ہین۔ ریاست کا رقبہ ایکسو بیس مربع میل۔ آبادی تقریباً تیرہ ہزار۔ آمدنی پینتالیس ہزار آٹھ سو چھبیس روپیہ اور خراج چار ہزار دوسو پچاس روپیہ ہے۔

دتواڈ

اس ریاست مین دو حصہ دار ہین۔ بڑے کا لقب امیرالامرا ہے اور چھوٹے کا چوان ہمت بہادر۔ دونون صاحب مرہٹہ برہمن ہین۔ ریاست کا مجموعی رقبہ چالیس مربع میل۔ آبادی تقریباً انیس ہزار۔ آمدنی تخمیناً نوے ہزار روپیہ اور خراج چار ہزار روپیہ ہے۔

کاگل خرد

اس ریاست مین تین حصہ دار ہین۔ جنکے لقب سرجی راؤ سرلشکر اور رٹنکار ہین تینون صاحب مرہٹہ برہمن ہین۔ ریاست کا مجموعی رقبہ پچاس مربع میل۔ آبادی تقریباً ساٹھ ہزار۔ آمدنی تقریباً ایک لاکھ دو ہزار روپیہ اور خراج دو ہزار آٹھ سو چھبیس روپیہ ہے۔

ساونور

مہربان نواب عبدالمجید خانصاحب دلیر جنگ بہادر والی ساونور

آپ ۷ - اکتوبر سنہ ۱۸۹۰ع کو پیدا ہوے ہین اور راجکوٹ کے راجکمار کالج مین تعلیم پاتے ہین - ابھی آپ کی شادی نہین ہوئی ہے - آپ ۲۶ جولائی سنہ ۱۸۹۲ع کو گدی نشین ہوے مگر بوجہ نابالغی ریاست کا انتظام فی الحال کلکٹر و پولٹیکل ایجنٹ دھاروار کی نگرانی مین دیوان کے سپرد ہے - آپ کا خاندان میان خیل پٹھانون سے تعلق رکھتا ہے - ملک عبدالکریم خان کابلی اور بہلول خان کے درمیان مین جنھون نے اس خاندان کی بنیاد قائم کی تھی بیس پشتین گزری تھین - ملک اوطان خان جو اس نسل کی پندرھوین پشت مین تھے افواج تیموریہ کے ہمراہ ہندوستان مین آئے - داود خان جو سترھوین پشت مین تھے دربار دہلی مین ممتاز ہوے اور اُنکو نواب کا خطاب مرحمت ہوا - سنہ ۱۶۶۶ع مین بہلول خان نے بیجاپور مین ملازمت اختیار کی - سنہ ۱۶۸۶ع مین عبدالرؤف خان نے عالمگیر کی ملازمت کی اور دلاور خان بہادر دلاور جنگ کے خطاب سے مشرف و ممتاز ہوے اور علاوہ اسکے بانکاپور - تورگل - اعظم نگر یا بلگام کے بائیس محالات عطا ہوے جنکی آمدنی چوبیس لاکھ روپیہ تھی - پہلے اُنھون نے بانکاپور کو اپنا مستقر بنایا مگر بعد ازان اُنھون نے قصبۂ نور کو آباد کیا - نواب عبدالمجید خان کا نام جنوبی اضلاع مین ابتک اعزاز کے ساتھ لیا جاتا ہے - نواب عبدالحکیم خان پیشوا اور ٹیپو سے سرگرم پیکار رہے - سنہ ۱۷۸۶ع مین وہ پونا تشریف لے گئے جہان پیشوا نے اُنکی دس ہزار ماہانہ پنشن مقرر کردی تھی - عبدالخیر خان اُنکے فرزند اکبر کو پیشوا نے ساونور کی جاگیر عطا کی جسمین پچیس مواضع شامل تھے اور جسکی آمدنی اڑتالیس ہزار روپیہ تھی - سنہ ۱۸۱۸ع مین بعد اختتام جنگ مرہٹہ برٹش گورنمنٹ نے اُسپر اُنکا قبضہ تسلیم کر کے ریاست کو برقرار و قائم رکھا - اس ریاست کا رقبہ ستر مربع میل ہے - آبادی اٹھارہ ہزار چارسو چھیالیس اور آمدنی تقریباً اٹھاسی ہزار روپیہ ہے - آبادی کا انحصار محض زراعت پر ہے -



ریاستہاے احاطۂ مدراس

حصۂ دوم

سنڈور

راجہ سری منت ونکٹ راؤ راؤ صاحب ہندو راؤ گھورپڑے مملکت مدار سیناپتی

ولادت ۱۰ - جولائی ۱۸۹۲ء - مسند نشینی ۳ - دسمبر ۱۸۹۲ء - آپ اپنے والد کے انتقال کے بعد ۳ - دسمبر ۱۸۹۲ء کو وارث ریاست ہوے - آپ اُس ہندو مرہٹہ خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکے مورث اعلیٰ ملال جی راؤ گھورپڑے تھے جو بیجاپور کی فوج مین ایک اعلیٰ افسر تھے - انکے فرزند بیرا جی سیوا جی اعظم کے ملازم تھے - انکے بیٹے سیدا جی نے سردار ریاست بدر سے علاقہ سنڈور فتح کیا اور اس فتح کو سمبھا جی جانشین سیوا جی نے اور زیادہ مستحکم کیا - ۱۷۱۵ء مین انکی وفات کے بعد انکے دوسرے بیٹے گوپال راؤ گدی نشین ہوے انکے بعد سلطان حیدر سنڈور پر حملہ آور ہوے اور اُنکے جانشین ٹیپو سلطان نے قلعہ کی تعمیر کو مکمل کیا - گوپال راؤ کے بیٹے سیوا راؤ ۱۷۸۶ء مین میدان کارزار مین افواج میسور کے ہاتھ سے مقتول ہوے - ٹیپو سلطان کی زوال سلطنت کے بعد ۱۷۹۹ء مین پیشوا نے سنڈور کی افسری کا دعویٰ کیا اور اُنکی استدعا پر سر ٹامس منرو صاحب افواج انگلشیہ لیکر پہونچے اور ۱۸۱۷ء مین فوج برطانیہ نے قلعہ کو ڈھا دیا - ۱۸۱۸ء مین زوال حکومت پیشوا کے بعد

سیوا راؤ اول کے فرزند سید لجی کے متبنیٰ بیٹے سیوا راؤ دوم گدی نشین ہوے اور سنہ ۱۸۲۶ء مین برٹش گورنمنٹ سے سند حاصل کی انکی وفات کے بعد انکے بھتیجے ونکٹ راؤ جانشین ہوے جنھون نے سنہ ۱۸۶۱ء مین انتقال کیا اور انکے بڑے بیٹے سیوا شن مکھا راؤ وارث ہوے۔ ابتدا اً یہ لوگ جاگیردار سنڈور کے نام سے پکارے جاتے تھے مگر لارڈ نارتھ بروک صاحب کی گورنمنٹ نے انکو راجہ کا خطاب نسلاً بعد نسل مرحمت کیا۔ سنہ ۱۸۷۶ء مین انکی وفات پر انکے سوتیلے بھائی راجہ رامچند روٹیل راؤ راجہ ہوے۔ اُنکے انتقال پر آپ گدی نشین ہوے رقبہ ریاست ایک سو چونسٹھ مربع میل اور آبادی گیارہ ہزار دو سو پانچ جنمین قریب کُل ہندو ہین۔ سکونت حال بلاری۔ مدراس۔

بیگن پلی

نواب سید فتح علی خان بہادر سی۔ ایس۔ آئی۔ نواب بیگن پلی

ولادت سنہ ۱۸۴۹ء مسند نشینی سنہ ۱۸۶۸ء۔ بادشاہ عالمگیر نے سترھوین صدی مین اپنے وزیر کے خلف اکبر محمد بیگ خان کو بیگن پلی کی جاگیر عطا کی تھی۔ مگر تین پشت کے بعد جب اُس خاندان کی اولاد ذکور مین کوئی وارث باقی نہ رہا تو نظام نے سنہ ۱۷۶۴ء مین آپ کے مورث اعلیٰ کو یہ ریاست مرحمت فرمائی۔ سنہ ۱۸۰۰ء مین اُس معاہدہ کی رو سے جو گورنمنٹ ہند و نظام حیدر آباد کے مابین منعقد ہوا تھا ریاست برٹش گورنمنٹ کی حفاظت مین آئی۔ اُسوقت مظفر الملک حکمران تھے۔ سنہ ۱۸۲۵ء سے سنہ ۱۸۴۸ء تک حسب الحکم گورنمنٹ ہند ریاست مذکور کا انتظام کلکٹر کڈپہ کے سپرد رہا جسکی وجہ سے وہ چند در چند شکایتین تھین جو گورنمنٹ نے جاگیرداران بیگن پلی کے فتنہ اور فساد کے متعلق سُنی تھین۔ سنہ ۱۸۴۹ء مین گورنمنٹ نے کورٹ آف ڈائرکٹرز کے فیصلہ کے موافق حسین علی خان کو اس ریاست کا مالک قرار دیا۔ حسین علی خان کی رحلت کے بعد اُنکے بھتیجے غلام علی خان جانشین ہوے۔ جنکو ایک سند کے ذریعہ سے دیوانی اور

فوجداری کے اختیارات بھی مرحمت ہوے - غلام علی خان نے جو سی - ایس - آئی کے خطاب سے ممتاز تھے - اکتوبر ۱۸۶۸ء مین انتقال کیا - اُسوقت آپ جو اُنکے بھتیجے اور داماد ہین جانشین ریاست ہوے - ۱۸۷۶ء مین آپ کو نواب کا موروثی خطاب عطا ہوا - ۱۸۷۸ء مین آپ سی - ایس - آئی کے خطاب سے مخاطب ہوے - آپکے تین صاحبزادہ ہین خلف اکبر کا نام غلام علی خان ہے - ریاست کا رقبہ دوسو چھپن مربع میل ہے - آبادی تقریبًا پینتیس ہزار اور آمدنی دولاکھ بہتر ہزار دوسو پچاس سالانہ ہے جسمین سے ایک بہت بڑا حصہ ارکان خاندان کی جاگیرون مین نکل جاتا ہے -





راجہ سری رامچندر بھنج دیو والی مور بھنج

ریاستہاے بنگال و آسام

حصۂ دوم

باج گزار محال اُڑیسہ

مور بھنج

راجہ سری رام چندر بھنج دیو۔ راجۂ مور بھنج۔ آپ کی ولادت جنوری سنہ ۱۸۷۲ء مین مقام باری پدا مین واقع ہوئی۔ یہ ریاست انتہائی شمالی اُڑیسہ مین واقع ہے اِسکے شمال مین مدنا پور جنوب مین بالاسور دنیلگیری اور مغرب مین کیونجھر اور ضلع سنگھ بھوم واقع ہے۔ اُڑیسہ کی تمام باج گزار ریاستون مین یہ ریاست سب سے زیادہ وسیع اور وقیع ہے۔ تین سو برس کا عرصہ ہوا کہ جے سنگھ نے شہنشاہ اکبر کے عہد مین اِس ریاست کی بنیاد ڈالی تھی جو جے پور (راجپوتانہ) کے راجہ تھے۔ رئیس حال نے کٹک کالج مین تعلیم پائی۔ آپ سنہ ۱۸۹۲ء مین مسند نشین ہوے۔ انتظام ریاست ایک کونسل کے ذریعہ سے ہوتا ہے جسمین آپ کے زیر صدارت چار سرکاری اور دو غیر سرکاری ممبر ہین۔ ریاست کا انتظام انگریزی اُصول حکمرانی سے ملتا جُلتا ہے۔ اسکی کل آمدنی مالگزاری دس لاکھ اور زر خراج ایک ہزار سرسٹھ روپیہ دس آنہ چھ پائی ہے جو برٹش گورنمنٹ کو دیا جاتا ہے۔ قدیم مندرون اور تالابون کے آثار اس ریاست کے گذشتہ جاہ و جلال کا پتہ دیتے ہین۔ سنہ ۱۸۵۲ء مین مہاراجہ بیدیاناتھ

بھنج دیو نے مقام باری پدا مین جگناتھ کا ایک مندر تعمیر کیا تھا جو اب تک موجود اور ہزارہا جاتریون کا معبد و زیارت گاہ ہے۔ آپ ویشنو مذہب کے پیرو ہین سنہ ۱۸۰۳ع تک یہ ریاست مرہٹون کے ماتحت تھی مگر اب سنہ ۱۸۲۹ع کے عہدنامہ کے مطابق جو برٹش گورنمنٹ اور مہاراجہ جدوناتھ بھنج دیو کے مابین موکد ہوا تھا سلطنت انگریزی کے ماتحت ہے۔ آپ کے زمانہ مین ریاست کی آمدنی اور آبادی اور رعایا کی سرسبزی ترقی پر ہے۔ دیوانی و فوجداری کے مقدمات ریاست کے جج اور اُسکی ماتحت عدالتون کے ذریعہ سے فیصل ہوتے ہین۔ ریاست کے جج کو دیوانی کے اختیارات برٹش گورنمنٹ کے ڈسٹرکٹ جج کے برابر اور فوجداری کے اختیارات مثل سشن جج کے ہین۔ فوج پولس سپرنٹنڈنٹ پولس کی ماتحت ہے۔ قدیم یونسری فوج کی تعداد نوسو بہتر ہے۔ ایک جیلخانہ دارالصدر مین اور دو جیلخانے سب ڈویژنون مین ہین۔ گذشتہ بیس برس کے اندر ریاست مین تعلیم کو بہت کچھ ترقی ہوئی ہے۔ باری پدا دارالصدر مین ایک انگلش ہائی اسکول قائم ہے جس مین ایک سو سینتیس طلبا تعلیم پا رہے ہین۔ اِسکے علاوہ مختلف قسم کے مدارس اور اسکولون کی تعداد تین سو چودہ ہے جسمین کل چار ہزار نو سو تہتر لڑکے زیر تعلیم ہین۔ ریاست مین چھ شفاخانے اور سات ڈاکخانے ہین جو انگریزی محکمۂ ڈاکخانہ کے زیر انتظام ہین ریاست کا رقبہ چار ہزار دو سو سینتالیس مربع میل ہے اور آبادی چھ لاکھ دس ہزار دو سو چھیاسی ہے۔

تالچیر

راجہ کشور چندر بیر برہری چندن۔ مہاپاتر۔ راجۂ تالچیر۔ آپ اجودھیا کے سورج بنسی راجپوتون کی نسل سے ہین۔ اس خاندان کے مورث اور بانی نرہری سنگھ



راجہ کشور چندر بیر بر ہری چندن والی تالچیر

اجودھیا سے اُڑیسہ مین وارد ہوے اور وہان کے اصلی باشندون کو مغلوب کرکے
قابض ریاست اور راجہ کے خطاب سے مخاطب ہوے - اُنکی براہ راست ساتوین
پشت مین راجہ اجا دتھے جنھون نے بیر.برہری چندن مہا پاتر کا لقب اختیار کیا جو
اُنکے بعد اُنکے اعقاب مین بھی جاری رہا - اُنکی اٹھارھوین پشت مین راجہ دیاندھی
بیر.برہری چندن مہا پاتر بہادر تھے جنکو اپنی ہمسایہ ریاست انگول کی بدنظمی کے فرو
کرنے مین گورنمنٹ کو مدد دینے کے جلدو مین گورنمنٹ برطانیہ نے راجہ بہادر کے
خاندانی خطاب کو تسلیم کیا - ریاست تالچیر ۲۴ - نومبر ۱۸۰۳ء کو سلطنت انگریزی کے
تحت مین آئی - رقبۂ ریاست تین سو ننانوے مربع میل اور آبادی باون ہزار چھ سو
چوہتر ہے - اکتیس ہزار ایک سو تر سٹھ روپیہ ریاست کی آمدنی ہے اور ایک ہزار
اُنتالیس روپیہ دس آنہ پانچ پائی زر خراج ہے جو گورنمنٹ انگلشیہ کو سالانہ ادا
کیا جاتا ہے -

اٹھ گڈھ

راجہ سری کرن بشوناتھ - بیوارتا - پٹ نائک - راجہ اٹھ گڈھ - ولادت
۱۲ - اگست ۱۸۵۱ء قدیم زمانہ مین اٹھ گڈھ راجگان اُڑیسہ کی ملکیت تھا جنمین
ایک نے اپنے وزیر کی ہمشیر سے شادی کی اور راجہ کا خطاب اور ریاست اپنے
سالے کو دیدی - راجہ سری کرن بشوناتھ بانی خاندان سے اٹھائیسوین پشت مین
ہین - آپ ۱۸۹۶ء مین مسند نشین ریاست ہوے - آپ کرن کایستھ ہین - ریاست
کا رقبہ ایک سو ارسٹھ مربع میل اور اُسکی آبادی چھتیس ہزار چھ سو تین ہے - آمدنی
پچیس ہزار روپیہ سے زیادہ ہے اور دو ہزار آٹھ سو روپیہ خراج ادا کیا جاتا ہے -

اٹھملک

راجہ بھبو دیندر دیو سمنت۔ راجۂ اٹھملک۔ آپ چھتری ہین۔ مہاراجہ مہندر دیو سمنت کی وفات کے بعد آپ اُنکے جانشین ہوے۔ آپ کے مورث اعلی پرتاب دیو راجہ جے پور کے سات بھائیون کے ہمراہ زیارت کے لیے پوری مین آئے جہان راجۂ پوری کسی وجہ سے اُنسے سرگرم پیکار ہوے۔ دو بھائی اِس محاربہ مین مقتول ہوے اور پانچ بھائیون نے پہاڑون مین جاکر بونائی پر قبضہ کرلیا اور ایک بھائی کو راجہ بناکر حکمرانی کرنے لگے۔ پرتاب دیو نے راجۂ مہاندی کو جو نسبًا ڈوم تھا شکست دیکر اُسکے مقبوضات پر قبضہ کیا اور اپنے نام سے پرتاب پور آباد کیا۔ پرتاب دیو کی کئی پشتون بعد کے حکمران راجہ نے اپنی ریاست کو آٹھ حصون مین تقسیم کیا اور ہر ایک کا جُدا جُدا سردار مقرر کردیا۔ اُسوقت سے اس ریاست کو اٹھملک کہنے لگے جسکے معنی آٹھ سردار کے ہین۔ ریاست کا رقبہ سات سو بیس مربع میل اور آبادی اکتیس ہزار چھ سو پانچ ہے جسمین کچھ قدیم پہاڑی باشندے اور زیادہ تر اہل ہنود ہین۔ ریاست کی آمدنی بائیس ہزار روپیہ سے زیادہ ہے اور خراج چار سو اسی روپیہ مقرر ہے۔

برمبا

راجۂ شمبھر بیر منگراج مہاپاتر۔ راجۂ برمبا۔ ولادت ۱۸۷۱ء۔ آپ ۱۵ جولائی ۱۸۸۱ء کو گدی نشین ہوے۔ اِس ریاست کا بانی ایک مشہور چھتری پہلوان بیان کیا جاتا ہے جسکو والی اُڑیسہ نے دو گاؤن عطا کیے تھے۔ یہ موضع کانڈھونکی ملکیت تھا اور یہی قوم اسمین آباد تھی لیکن پہلوان نے وہان کے اصلی باشندون کو نکال دیا اور رفتہ رفتہ اپنا علاقہ دور تک بڑھالیا۔ راجۂ شمبھر بیر منگراج مہاپاتر ذات کے چھتری اور بانی ریاست کی اکیسوین پشت مین ہین۔ ریاست کا رقبہ ایک سو چونتیس مربع

میل آبادی بتیس ہزار پانچ سو چھبیس - آمدنی تقریباً اٹھائیس ہزار اور خراج ایکہزار تین سو ستانوے روپیہ پندرہ آنہ پانچ پائی ہے -

بوڈ

راجہ جوگندر دیو - راجۂ بوڈ - ولادت ۱۸۵۷ء - آپ ۱۸۷۹ء مین گدی نشین ہوے - آپ کا تعلق ایک چھتری خاندان سے ہے جسکے بانی گندمردن دیو تھے - اس خاندان کو حکومت کرتے ہوے سترہ پشتین گذری ہین - راجہ کا خطاب مرہٹہ سلطنت کے زمانے سے ہے جسکو برٹش گورنمنٹ نے آپ کے والد راجہ پتمبر دیو کی حیات مین باضابطہ تسلیم کیا تھا - ریاست کا رقبہ ایک ہزار دو سو چونسٹھ مربع میل - آبادی نواسی ہزار پانچ سو اکاون - آمدنی تقریباً چھتیس ہزار اور خراج آٹھ سو روپیہ ہے -

دس پلّا

راجہ نرائن دیو بھنج - راجہ دس پلّا - ولادت ۱۸۶۰ء - آپ ۳۰ جولائی ۱۸۹۶ء کو گدی نشین ہوے - آپ سورج بنسی چھتری ہین - بیان کیا جاتا ہے کہ ریاست کی بنیاد قائم ہوے پانسو برس گذرے اور آپ بانی ریاست سے سولھوین پشت مین ہین رقبہ ریاست کا پانسو اڑسٹھ مربع میل - آبادی سینتالیس ہزار پانسو ستانوے - آمدنی تقریباً اٹھارہ ہزار روپیہ اور خراج چھ سو اکسٹھ روپیہ ہے -

ڈھینکانل

راجہ سور پرتاب مہندر بہادر - راجۂ ڈھینکانل - ولادت ۱۸۴۴ء - آپ ۲۹ اگست ۱۸۵۸ء کو اپنی نابالغی کے زمانہ مین گدی نشین ہوے اور ریاست کا انتظام

گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ مین لیا۔ آپ قوم کے چھتری ہین۔ اس خاندان کے بانی اور مورث ہری ہر سمنت سنگھ تھے جنھون نے اس ریاست کے اصلی راجہ ڈھینک کو قتل کر کے ڈھینکانل پر قبضہ کر لیا۔ راجہ اور مہندر کے خطابات مرہٹون کے دیے ہوے ہین جنکو گورنمنٹ ہند نے بھی تسلیم کیا ہے۔ ریاست کا رقبہ ایک ہزار چار سو ترسٹھ مربع میل۔ آبادی دو لاکھ اڑتیس ہزار دو سو پچاسی ہے۔ آمدنی تقریبًا ایک لاکھ بچیس ہزار اور خراج پانچہزار ایک سو روپیہ ہے۔

ہنڈول

راجہ جنار دھن مرد راج جگدیو۔ راجۂ ہنڈول۔ ولادت ۱۸۵۵ع۔ آپ ۱۰۔ جولائی ۱۸۷۸ع کو مسند نشین ہوے۔ آپ چھتری ہین۔ سابق مین ہنڈول تین یا چار چھوٹی ریاستون سے مشتمل تھا جو جنگل مین دبی ہوئی تھین اور جنپر مختلف سردار حکومت کرتے تھے۔ آخر مین دو مرہٹہ بھائیون نے جو مدراس کے کھیمڈی راجہ کے خاندان سے تھے اُنکو نکال دیا اور ایک بڑی ریاست قائم کی۔ راجہ جنار دھن مرد راج بانی ریاست کی چھبیسوین پشت مین ہین۔ راجہ کا خطاب ہر والی ریاست کے نام کے ساتھ مرہٹون کے زمانہ سے چلا آتا ہے۔ ۱۸۷۴ع مین گورنمنٹ نے بھی باضابطہ اسکو تسلیم کیا ہے۔ اس ریاست کا رقبہ تین سو بارہ مُربع میل۔ آبادی سینتیس ہزار نوسو تہتر۔ آمدنی اُنتالیس ہزار چھ سو بانوے اور خراج پانسو اکاون روپیہ ہے۔

کیونجھر

مہاراجہ دھنورجے نرائن بھنج دیو۔ راجۂ کیونجھر۔ ولادت ۷۔ جولائی ۱۸۴۹ع آپ حکمران رئیس ہین۔ ۴۔ ستمبر ۱۸۶۱ع کو نابالغی کے زمانہ مین مسند نشین ہوے تھے

آپ ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور جوتی بھنج برادر آدی بھنج کی اولاد مین ہین - جوتی بھنج ریاست مور بھنج کے بانی مبانی تھے جسکو قائم ہوے چونتیس پشتین گذرین - آپ کا سلسلۂ نسب راجگان مور بھنج سے ملتا ہے - بھنج کا خطاب ادی سنگھ کو اُنکے بہادرانہ کارنامون کے صلہ مین گجپتی راجہ پوری سے حاصل ہوا تھا - اُسوقت سے یہ خطاب راجگان کیونجھر اور مور بھنج کے خاندانون مین برابر چلا آتا ہے - راجہ کا خطاب موروثی ہے اور اُسوقت سے شروع ہوا ہے جب مرہٹے ملک اُڑیسہ مین حکمران تھے برٹش گورنمنٹ نے خطاب مذکور ۱۸۷۴ء مین موروثی تسلیم کیا - آپ کو مہاراجہ کا خطاب بطور اعزاز ذاتی یکم جنوری ۱۹۰۳ء کو عطا ہوا - آپ کی ریاست کا رقبہ تین ہزار چھیانوے میل ہے - آبادی دو لاکھ اڑتالیس ہزار ایک سو ایک - آمدنی اٹھاسی ہزار چھ سو تریپن اور خراج ایک ہزار سات سو دس روپیہ ہے -

کھانڈپارا

راجہ نتو برمر دراج بھرمر برراے - راجۂ کھانڈپارا - ولادت ۱۸۳۷ء آپ ۲۸ - فروری ۱۸۶۷ء کو مسند نشین ریاست ہوے - آپ حکمران رئیس ہین اور ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین - یہ ریاست پہلے نیاگڈھ کا ایک حصہ تھی - دو سو برس سے راجہ نیاگڈھ کے چھوٹے بھائی راجہ جدو ناتھ سنگھ نے علحدہ ہوکر خود مختارانہ حکومت قائم کی - آپ بانی ریاست کی آٹھوین پشت مین ہین - آپکے والد بزرگوار کا نام نامی راجہ کرشن چندر سنگھ مردراج بھرمر برراے ہے - آپ اپنے بھائی راجہ کنج بہاری سنگھ مردراج بھرمر بر کے جانشین ہین جنھون نے ۱۸۶۷ء مین لاولد انتقال کیا - راجہ کا خطاب موروثی ہے اور اُسوقت سے شروع ہوا ہے جب اُڑیسہ مین مرہٹون کی عملداری تھی - ریاست کا رقبہ دو سو چالیس مربع

میل ہے۔ آبادی ترسٹھ ہزار دو سو ستاسی۔ آمدنی پچیس ہزار پانسو اٹھائیس روپیہ اور خراج چار ہزار دو سو گیارہ روپیہ آٹھ آنہ آٹھ پائی ہے۔

نرسنگ پور

راجہ سادھو چرن مان سنگھ ہری چندن مہا پاتر۔ راجۂ نرسنگ پور تاریخ ولادت ۱۸۷۳ء۔ آپ ۴۔ دسمبر ۱۸۸۳ء کو عالم نابالغی مین مسند نشین ریاست ہوے آپ ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین اور بانی خاندان دھرم راجہ کی تیئیسوین پشت مین ہین۔ آپ کے مورث اعلیٰ نے یہان کے قدیمی باشندون و اصلی سرغنہ کو مغلوب اور معزول کر کے خود اپنی حکومت قائم کی۔ پچھلی نوشتون سے یہ خاندان مسلسل حکمران اور مان سنگھ ہری چندن مہا پاتر کے لقب سے ملقب ہوتا آتا ہے جسے گورنمنٹ برطانیہ نے بھی ۱۸۷۴ء مین تسلیم کیا۔ ریاست کا رقبہ ایک سو ننانوے مربع میل اور اسکی آبادی پینتیس ہزار آٹھ سو اور آمدنی چونتیس ہزار سات سو بچانوے روپیہ اور خراج ایک ہزار چار سو پچپن روپیہ آٹھ آنہ تین پائی ہے۔

نیاگڈھ

راجہ نرائن سنگھ ماندھاتا۔ راجۂ نیاگڈھ۔ آپ ۱۸۹۷ء مین راجہ رگھوناتھ سنگھ ہری چندن کے انتقال کے بعد جانشین ریاست ہوے اور گورنمنٹ ہند نے خطاب راجگی کو موروثی تسلیم کیا۔ آپ راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین۔ رقبۂ ریاست پانچ سو اٹھاسی مربع میل اور آبادی ایک لاکھ سترہ ہزار آٹھ سو باسٹھ۔ آمدنی ترسٹھ ہزار دو سو بیس روپیہ سالانہ اور خراج پانچ ہزار پانچ سو پچیس روپیہ چار آنہ ایک پائی ہے۔

نیلگیری

راجہ کرشن چندر مردراج ہری چندن - راجۂ نیلگیری - ولادت ۱۸۲۶ء - آپ ۲۲ - نومبر ۱۸۳۲ء کو بحالت نابالغی مسند نشین ہوے - آپ نسبًا چھتری ہین اور نرائن سنگھ بھجنگ ماندھاتا برت بسنت ہری چندن کی اولاد مین ہین جو چھوٹا ناگپور کے حکمران خاندان کے ایک رکن تھے اور جنھون نے راجہ پرتاب رودر دیو راجہ اُڑیسہ کی لڑکی سے پندرھوین صدی کے شروع مین شادی کی اور ریاست نیلگیری کی بنیاد ڈالی تھی - آپ انکی پچیسوین پشت مین ہین - اس خاندان مین راجہ اور مردراج کے خطابات موروثی ہین جسکو ۱۸۴۱ء مین گورنمنٹ ہند نے باضابطہ تسلیم کیا - اس ریاست کا رقبہ دو سو اٹھتر مربع میل ہے - آبادی چھپن ہزار ایک سو اٹھانوے - آمدنی پینتالیس ہزار پانچ سو پچانوے روپیہ اور خراج تین ہزار نو سو روپیہ سات آنہ آٹھ پائی ہے -

پل لہارا

راجہ گنیشور پال - راجۂ پل لہارا - آپ ایک حکمران رئیس ہین - ولادت ۱۸۸۴ء - آپ ۳۰ - اگست ۱۸۸۸ء کو گدی نشین ہوے - آپ کا تعلق اُس چھتری خاندان سے ہے جسکے بانی راجہ سنتوش پال عرف پٹ گنیشور پال تھے - اس خاندان کا ہر ایک راجہ "پٹ گنیشور پال" اور "پٹ منی پال" کے لقب سے ملقب ہوتا آیا ہے - یہ ریاست مدت تک کیونجھر مین شامل اور اسکے راجہ کی باجگزار رہی لیکن کسی وجہ سے سخت جھگڑے پیدا ہوے جس سے پل لہارا کی ریاست برٹش باجگزار مشتہر کی گئی - ریاست پل لہارا اب اگرچہ کیونجھر کی باجگزار نہین مگر جو روپیہ وہ گورنمنٹ کو دیتی ہے وہ آخر الذکر ریاست کے متعلق اور اسکے حساب مین جمع ہوتا ہے - اندرونی انتظام اور تعلقات گورنمنٹ بالکل خودمختارانہ ہین - آپ کے والد پٹ منی پال نے ۶۸-۱۸۶۷ء مین کیونجھر کے باغیون کی سرکوبی مین عمدہ

اور نمایان خدمات انجام دین اور اُسکے جلد وہین بطور ذاتی اعزاز کے راجہ بہادر کا خطاب حاصل کیا۔ اُنکے انتقال کے بعد آپ وارث ہوے اور رپٹ گنیشور پال کے لقب سے ملقب ہوے۔ آپ بانی ریاست کی چونتیسوین پشت مین ہین۔ آپ کی ریاست کا رقبہ چارسو باون مربع میل۔ آبادی اُنتیس ہزار سات سو۔ آمدنی سترہ ہزار چارسو سینتیس روپیہ۔ خراج دو سو چھیاسٹھ روپیہ دس آنہ آٹھ پائی ہے۔

رنپور

راجہ بیروبر کرشن چندر سنگھ بجردھر نریندر مہاپاتر۔ راجۂ رنپور۔ آپ راجۂ بنودھر بجردھر نریندر کے جانشین ہین۔ آپ کا تعلق ایک نہایت قدیم چھتری خاندان سے ہے جسکی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ تین ہزار چھ سو سال قبل ایک شکاری باسرباسک نے قائم کیا تھا۔ باسرباسک کے بیٹے کا وکرما نریندر نام تھا۔ اُسکے بعد جتنے حکمران راجہ ہوے وہ سب نریندر کے لقب سے ملقب ہوے۔ راجہ کنج بہاری نریندر کے عہد حکومت مین خطابات بجردھر و مہاپاتر کا اضافہ ہوا۔ ریاست کا رقبہ دو سو تین مربع میل اور آبادی چالیس ہزار ایک سو پندرہ ہے جسمین زیادہ تر ہندو اور کچھ مسلمان اور قدیم باشندے ہین۔ آمدنی تیس ہزار چھ سو اکتالیس روپیہ۔ خراج ایک ہزار چار سو روپیہ تیرہ آنہ دو پائی ہے۔

ٹگریا

راجہ بنامالی کھتیبر یا بیرہ برجمیتی سنگھ مہاپاتر۔ راجۂ ٹگریا۔ ولادت ۱۸۵۸ء آپ حکمران رئیس ہین۔ ۸۔ اپریل ۱۸۶۸ء کو گدی نشین ہوے۔ آپ کا تعلق ایک چھتری خاندان سے ہے جسکی شُور تُنگ سنگھ ماندھاتا تک پچیس پشتین گذری ہین جو شمالی ہند سے مقام پوری کو تیرتھ کے لیے آئے تھے۔ چار سو برس کا عرصہ ہوا کہ اُنھون نے یہان کے اصلی باشندون پر

فتحمندی حاصل کرکے اُنکو نکال دیا اور خود اس ملک پر قابض و متصرف ہوگئے۔ اُنکی بائیسوین پشت مین راجہ گوپی ناتھ سنگھ تھے جنھون نے جمپتی سنگھ مہاپاتر کا خطاب و لقب حاصل کیا۔ اِنکے پوتے راجہ ہری ہر کھتیر یلنے بیر بر کا خطاب اضافہ کیا۔ یہ ۱۸۴۴ء مین گدی نشین ہوے اور ۱۸۶۰ء مین قضا کی۔ اُنکے بعد انکے بیٹے راجۂ حال وارث ہوے۔ یہ ریاست اڑیسہ کے باج گزار محالون مین ہے اور اسکا رقبہ چھیالیس مربع میل۔ آبادی بیس ہزار پانچ سو چھیالیس اور آمدنی آٹھ ہزار چار سو بانوے روپیہ۔ خراج آٹھ سو بیاسی روپیہ ہے۔

باج گزار محالات چھوٹا ناگپور

بونائی

راجۂ بونائی۔ آپ نے ۱۸۹۰-۹۱ء کو کیونجھر کی بدامنی اور ہنگامہ مین گورنمنٹ کو نہایت قیمتی مدد دی تھی۔ آپ کا تعلق دم بنگسار چھتری خاندان سے ہے۔ رقبہ ایک ہزار تین سو اُنچاس مربع میل ہے اور آبادی تخمیناً بتیس ہزار۔ آمدنی تخمیناً چار ہزار پانچ سو روپیہ اور خراج دو سو روپیہ ہے۔

چنگ بھاکر

بھیا مہابیر سنگھ دیو۔ بھیا چنگ بھاکر۔ ولادت ۱۵۔ اپریل ۱۸۷۹ء۔ آپ ۱۱ جون ۱۸۹۷ء کو مسند نشین ہوے۔ آپ اُس راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو کوریا کے چوہان راجپوتون کی ایک شاخ ہے اور جسکے مورث اعلیٰ جو راول سنگھ راجہ غریب سنگھ والی کوریا کے سوتیلے بھائی تھے۔ اِس ریاست کا رقبہ نو سو چھ مربع میل ہے۔ آبادی تخمیناً اٹھارہ ہزار۔ آمدنی تخمیناً نو ہزار روپیہ اور خراج تین سو چھیالیس روپیہ تین آنہ ہے۔

گنگ پور

راجہ رگھوناتھ سکھر دیو - راجہ گنگ پور - ولادت سنہ ۱۸۴۹ء - آپ ۲۸ - نومبر سنہ ۱۸۵۰ء کو مسند نشین ہوۓ - آپ چھتری ہین - اس ریاست کا رقبہ دو ہزار پانچ سو اٹھارہ مربع میل ہے - آبادی ایک لاکھ اکانوے ہزار چارسو چالیس اور آمدنی دس ہزار روپیہ اور خراج پانچ سو روپیہ ہے -

جشپور

راجہ بشن پرشاد سنگھ دیو - راجہ جشپور - آپ راجہ پرتاب نرائن سنگھ دیو بہادر سی - آئی - ای کے جانشین ہین - آپ راجپوت ہین - یہ ریاست پہلے ریاست سرگجی کی باجگزار تھی مگر جب سے برٹش گورنمنٹ کے تحت مین آئی آخر الذکر ریاست کے ذریعہ سے صرف خراج دیا جاتا ہے - اسکا رقبہ ایک ہزار نو سو ترسٹھ مربع میل اور آبادی ایک لاکھ تیرہ ہزار چھ سو چھتیس ہے - آمدنی پندرہ ہزار اور خراج سات سو چھتر روپیہ ہے -

کھرسوان

ٹھاکر مہندر نارائن سنگھ دیو - ولادت سنہ ۱۸۶۹ء - آپ ۲ - مارچ سنہ ۱۸۸۴ء کو مسند نشین ہوۓ - آپ اُس راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو قدیم پروہت خاندان کے چھوٹے بیٹے کی اولاد مین ہے - پروہت خاندان ملک اڑیسہ مین جودھپور راجپوتانہ سے آکر سکونت گزین ہوا تھا - ٹھاکر کا خطاب اوّلاً راجہ پروہت نے عطا کیا تھا - ریاست کا رقبہ ایک سو پینتالیس مربع میل ہے - آبادی پینتیس ہزار چار سو ستر اور آمدنی اٹھارہ ہزار روپیہ ہے - آپ خراج نہین دیتے ہین -

کوریا

راجہ شیو منگل سنگھ - آپ راجہ پران سنگھ دیو کے جانشین ہین اور دھول سنگھ چوہان کی اولاد مین ہین جسنے راجپوتانہ سے آکر کوریا کو فتح کیا تھا - راجہ کا خطاب موروثی چلا آتا ہے جسکو ۱۸۷۵ء مین برٹش گورنمنٹ نے بھی باضابطہ تسلیم کیا - ریاست کا رقبہ ایک ہزار چھ سو پچیس مربع میل ہے - آبادی چھتیس ہزار دو سو چالیس اور آمدنی تخمیناً چھ ہزار روپیہ اور خراج چار سو روپیہ ہے -

سرائے کالا

راجہ اودت نرائن سنگھ دیو بہادر - راجہ بہادر سرائے کالا - ولادت ۱۸۴۹ء آپ ۲۵ - نومبر ۱۸۶۳ء کو گدی نشین ہوے - آپ ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو اُڑیسہ کے پروہت خاندان کے ایک رُکن کی نسل مین ہے - اِس خاندان کا سرغنہ زمانۂ قدیم مین کنور کے خطاب سے مخاطب تھا جو پروہت راجگان کا عطا کیا ہوا تھا - اِس ریاست مین بڑے بیٹے کو ٹکیٹ کا لقب ملتا ہے - اسکا رقبہ چار سو اڑتیس میل مربع اور آبادی ترانوے ہزار آٹھ سو اُنتالیس اور آمدنی سترہ ہزار روپیہ ہے - آپ خراج نہین دیتے ہین -

سرگجا

مہاراجہ رگھوناتھ سرن سنگھ دیو - مہاراجہ سرگجا - ولادت ۱۸۶۱ء - آپ ۵ مارچ ۱۸۷۹ء کو گدی نشین ہوے - آپ ایک راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو ۱۷۵۸ء مین مرہٹون کا مطیع ہو کر برار کا باج گزار قرار پایا - اُس کمک کی پاداش مین جو مہاراجہ سرگجا نے گورنمنٹ کے خلاف غدر بالامئو کے موقع پر دی تھی گورنمنٹ ہند نے اس ریاست پر فوج کشی کی مگر کسی مجادلہ کی نوبت نہین آئی اور معاہدہ ہو گیا - ۱۸۱۸ء مین یہ ریاست مادھوجی

بھونسلہ کے عہدنامہ کے ذریعہ سے گورنمنٹ انگلشیہ کے تحت مین آئی - اِس خاندان کے بڑے بیٹے کو جیراج یا یوراج کہتے ہین - آپ کو ۲۰ - مئی ۱۸۹۶ء کو خطاب مہاراجہ بہادر بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا - آپ کی ریاست چھوٹا ناگپور ملک بنگال کی تمام ریاستون سے بڑی ہے - اسکا رقبہ چھ ہزار پچپن میل مربع اور آبادی تین لاکھ چوبیس ہزار پانچ سو باون اور آمدنی چھتیس ہزار اور خراج ایک ہزار آٹھ سوا کانوے روپیہ گیارہ آنہ ہے -

چھوٹا اودے پور

راجہ چندر سیکر پرشاد سنگھ دیو - راجۂ چھوٹا اودے پور - آپ راجہ دھرم جیت سنگھ دیو کے جانشین ہین - آپ کا تعلق ایک چھتری خاندان سے ہے جو سُرگجا خاندانکی چھوٹی شاخ مین ہے - ریاست اودے پور سرگجا اور دوسری ریاستہاے چھوٹا ناگپور کیطرح اُس عہدنامہ کے ذریعہ سے جو مادھوجی بھونسلہ اور گورنمنٹ ہند کے درمیان ہوا تھا ۱۸۱۹ء مین گورنمنٹ انگلشیہ کے تحت مین آئی - ریاست کا رقبہ ایک ہزار پچپن مربع میل ہے اور آبادی سینتیس لاکھ پانچ ہزار چھتیس اور آمدنی تخمیناً سات ہزار روپیہ اور خراج پانچ سو تینتیس روپیہ پانچ آنہ ہے -

آسام

کوہستان جنتیا اور خاصیہ

اِس کوہستانی حصۂ آسام مین تین (۱) سوہرہ (چیرہ) (۲) کھریم اور (۳) ناگنسی کسیقدر بڑی اور باقی بائیس بالکل چھوٹی ریاستین ہین - انکے نام یہ ہین - (۱) نونگکھلیو (۲) میلیم (۳) مہارام (۴) شیلا (۵) میریاو (۶) رمبری (۷) سوہنیگ (۸) میوئیانگ (۹) نانگس بنگ (۱۰) میولانگ

(۱۱) لینگرن (۱۲) میوسن رام (۱۳) ننگسہفوہ (۱۴) میوفینگ (۱۵) جیرنگ (۱۶) لانگی آنگ
(۱۷) بھاول (۱۸) ملئی سوہ مت (۱۹) دوارا نانگٹرین (۲۰) میوڈن (۲۱) ننگلی وائی۔
(۲۲) پامسن گٹ۔



بھوٹان

بھوٹان

ہز ہائنس پنگ سنگے دورزی دیب - راجۂ بھوٹان - ریاست بھوٹان کی اصل تبت ہے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ تبت کے تارک الوطنون نے چار صدی اُدھر صوبہ کھامہ مین قبضہ کر لیا لیکن لاماؤن کا تسلط غالباً اس سے پہلے تھا۔ موجودہ گورنمنٹ جسمین مذہب اور ملت دونون کی صورتین پائی جاتی ہین سولھوین صدی کے وسط سے شروع ہوئی ہے - اول راجہ دھرم راج شب ڈنگ ناگ کورنگ نم گیل تھے جو سنہ ۱۸۶۹ع مین پیدا ہوے تھے - آپ کا مذہب بودھ ہے - آپ ۲۳ - اگست سنہ ۱۸۸۵ع کو مسند آراے ریاست ہوے - بھوٹان کے رقبہ آبادی یا آمدنی کی نسبت کوئی صحیح آگاہی موجود نہین ہے -

ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ

UNITED PROVINCES OF AGRA & OUDH.

نولکشور پریس لکھنؤ

صحیفۂ زرّین

بیادگار جشن جلوس میمنت مانوس و دربار دُربار تاجپوشی اعلیٰ حضرت

قوی شوکت ملک معظم ایڈورڈ ہفتم قیصر ہند خلد اللہ ملکہم و دام دولتہم

جسمین

قلمرو ہندوستان کے تمام صوبجات مضافات و ملحقات کے والیان ملک

روسا کبار خطاب یافتگان عالی تبار مشاہیر نامدار و بزرگان ذی اقتدار کے

خاندانی اور ذاتی سوانح و حالات اور تصاویر و مرقعجات مندرج و مندمج ہین

مرتبہ

خاکسار پراگ نرائن بھارگو خادم کارخانۂ اودھ اخبار

مطبع منشی نول کشور (سی۔ آئی۔ ای) واقع لکھنؤ مین طبع ہوا

سنہ ۱۹۰۲ع

متحدۂ آگرہ و اودھ

فہرست اسماء گرامی خطاب یافتگان و مشاہیر ممالک متحدہ آگرہ و اودھ

نام مع خطاب و سکونت	صفحہ	نام مع خطاب و سکونت	صفحہ
الف		اودیارام - پنڈت - بھٹاچارجی - مہامہوپادھیا رئیس الہ آباد -	۱۵۹
ابرار احمد - قاضی - شیخ - خان بہادر - رئیس مراد آباد -	۱۳۵	اسد اللہ خان - نواب - خان بہادر - رئیس میرٹھ -	۱۶۱
ابرار حسن خان - خان بہادر - رئیس شاہجہانپور	۱۱۵	اطہر علی - منشی - خان بہادر - وکیل مشیر قانونی انجمن تعلقداران اودھ رئیس کاکوری - لکھنو -	۱۳۹
ابراہیم علی - سید - خان بہادر - رئیس بنت ضلع مظفر نگر -	۱۴۳	اکبر حسین - سید رضوی - خان بہادر - رئیس الہ آباد	۱۴۷
اپندر ناتھ کنجی لال - رائے صاحب - رئیس دیرہ دون -	۱۳۶	امان سنگھ - راؤ - رئیس ہمیرپور -	۱۵۰
اتراج کنور - رانی گنگوال - ضلع بہرائچ -	۲۲۷	امانت فاطمہ بیگم - نواب - رئیسہ شاہ آباد ہردوئی	۱۶۶
احمد حسن - منشی - خان بہادر - رئیس رامپور -	۱۸۵	امرپال سنگھ - رائے - رئیس پرتاب گڈھ	۱۶۰
احمد حسین - منشی - شیخ - خان بہادر - رئیس اجورہ بزرگ فتحپور -	۱۸۶	مراد سنگھ - رائے بہادر - رئیس کانپور -	۱۸۰
احمد حسین - شیخ - خان بہادر - رئیس پرمانوان پرتاب گڈھ -	۴۹	امولک رام سیٹھ - رائے بہادر - رئیس خورجہ بلند شہر -	۵۶
احمد شاہ - نواب - سید - رئیس سردھنہ - ضلع میرٹھ -	۱۸۴	امولیا رتن بسیاک - رائے بہادر - رئیس آگرہ	۲۳۰
احمد علی خان - خان بہادر - رئیس بدایون	۱۲۷	اندر نرائن - پنڈت - رائے - رئیس کانپور	۱۳۲
احمد نور خان عرف محمد منگل خان - خان بہادر رئیس شیرپور پیلی بھیت -	۱۰۲	اندر بکرم سنگھ - راجہ - رئیس الونجہ - لکھنو -	۱۸۱
		اندرجیت پرتاب بہادر سہائے - راجہ - رئیس تمکوہی گورکھپور -	۲۲۳
		انتظام الدین - شیخ - خان بہادر - رئیس بدایون	۲۳۲
		اودت نرائن سنگھ - راجہ - رئیس ترواں فرخ آباد	۱۶۰
		اودت نرائن سنگھ - راجہ - رئیس رام نگر بارہ بنکی	۲۱۱

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
اودے پرتاب سنگھ۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ راجہ بھنگہ ضلع بہرائچ۔	۴۱
اودے راج سنگھ۔ راجہ کاشی پور نینی تال۔	۲۲۶
(ب)	
باسدیو سہائے۔ رائے بہادر۔ رئیس علیگڈھ	۲۳۰
بالمکند رائے۔ رائے بہادر۔ رئیس آگرہ۔	۱۸۸
بپن بہاری چکرورتی۔ بی۔ اے۔ رائے بہادر رئیس بنارس۔	۱۶۸
بدری پرشاد۔ رائے بہادر۔ رئیس شاہجہانپور	۱۷۸
برج نرائن رائے۔ رائے۔ رئیس پڈرونہ ضلع گورکھپور۔	۹۴
بشناتھ سنگھ۔ راجہ۔ رئیس پرنیڈا ضلع اناؤ	۲۹
بشمبرناتھ۔ رائے بہادر۔ رئیس آگرہ۔	۱۳۴
بشوناتھ سنگھ۔ راؤ۔ رئیس کانپور۔	۱۵۱
بشناتھ سرن سنگھ۔ راجہ بہادر۔ راجہ تلوئی ضلع رائے بریلی۔	۲۲۴
بلونت سنگھ۔ سی۔ آئی۔ ای۔ راجہ مقام آوا ضلع ایٹہ۔	۲۰۴
بندا پرشاد۔ لالہ۔ رائے۔ رئیس الہ آباد	۱۶۵
بنس پت سنگھ۔ مہاراؤ۔ راجہ۔ رئیس شنکرگڈھ الہ آباد۔	۶۶
بنیاد حسین۔ میر۔ خان بہادر۔ رئیس قادرپور ضلع بارہ بنکی۔	۱۳۷

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
بھوپیندر بہادر سنگھ۔ راجہ کنتت۔ رئیس بجے پور مرزاپور۔	۲۱
بھوپ اندر بکرم سنگھ۔ راجہ۔ سی۔ آئی۔ ای۔ رئیس پیاگپور بہرائچ۔	۲۵
بھگوان بخش۔ راجہ۔ رئیس رونی ضلع بارہ بنکی	۳۲
بھگوان بخش سنگھ بندھلگوتی۔ راجہ امیٹھی سلطانپور۔	۱۹۱
بھگوتی پرشاد سنگھ۔ مہاراجہ۔ تعلقدار بلرام پور۔	۳
بیجناتھ۔ لالہ۔ رائے بہادر۔ بی۔ اے۔ رئیس دہلی۔	۵۲
بیجناتھ سہائے۔ لالہ۔ رائے صاحب۔ رئیس غازی پور۔	۱۸۵
بیدسرن کنور۔ رانی۔ اگوری برہر۔ رئیسہ راجپور مرزاپور۔	۴۳
(پ)	
پاٹیشوری پرتاب نرائن سنگھ۔ راجہ۔ رئیس بستی۔	۱۱۳
پربل پرتاب سنگھ۔ راجہ۔ رئیس ملھاجنی ضلع اٹاوہ۔	۹۶
پرتاب بہادر سنگھ۔ راجہ۔ رئیس پرتاب گڈھ	۹۸
پرتاب بہادر سنگھ۔ راجہ۔ رئیس کٹاری سلطانپور	۲۱۰

نام مع خطاب و سکونت	صفحہ
پرتاب بہادر سنگھ - راجہ مقام کرڑوار سلطانپور	۴۸
پرتاب نرائن سنگھ - سر - کے - سی آئی - ای مہاراجہ بہادر - رئیس اجودھیا -	۶
پرتاب نرائن سنگھ - راؤ - رئیس کھمسی فرخ آباد	۲۲۹
پرتاب سنگھ - رائے - رئیس ساہن پور بجنور -	۱۵۰
پرسو کھتری - سردار بہادر - رئیس دیرہ دون	۲۳۱
پرمانند کنور - رائے بہادر - رئیس مراد آباد	۲۳۰
پشکر پال - راجو ریا راجیر - رئیس - اسکوٹ کمایون -	۱۵۲
پنچم سنگھ - راؤ - رئیس سواسا ینواری - ضلع ہمیر پور -	۱۵۰
پہاڑ سنگھ - راؤ - رئیس ترہت - للت پور	۱۴۹
پیتم سنگھ - راؤ - رئیس کانپور -	۱۵۶
(ٹ)	
ٹھاکر پرشاد نرائن دیو - راجہ ہلڈی بلیا -	۱۹۹
(ث)	
ثابت علی - سید - سردار بہادر - رئیس الہ آباد	۱۴۲
(ج)	
جادو ناتھ ہلدار - رائے بہادر - رئیس الہ آباد	۱۸۱
جانکی کنور - رانی - مقام پرسپور ضلع گونڈہ -	۳۹

نام مع خطاب و سکونت	صفحہ
جگت بہادر - راجہ اُمری - پرتاب گڈھ -	۱۷۸
جگت نرائن - رائے صاحب - رئیس الہ آباد	۵۷
جگموہن سنگھ - سی - آئی - ای - راجہ اٹرا چندا پور - رائے بریلی -	۲۰۳
جگن پرشاد - بابو - رائے بہادر - رئیس آگرہ	۷۱
جگناتھ - ساہو - رائے بہادر - رئیس پیلی بھیت -	۸۹
جمال الدین احمد - مرزا - خان صاحب - رئیس بنارس -	۱۳۰
جوالا پرشاد - منشی - رائے بہادر - رئیس فرخ آباد -	۵۱
جواہر سنگھ - راؤ - رئیس پنچن پور - للت پور	۲۲۹
جواہر سنگھ - ٹھاکر - رائے بہادر - گڑھوال	۱۶۷
جواہر لال در - پنڈت - رائے بہادر - کانپور	۱۴۴
جوگل کشور - رائے صاحب - رئیس مظفر نگر	۱۴۹
جودھا سنگھ جیو دیو - راؤ - رئیس گکھوٹا ضلع اٹاوہ -	۱۳۸
جے بنس کنور - رانی کیتھولہ - پرتاب گڈھ	۴۰
جے کشن داس - راجہ - بہادر - سی - ایس - آئی - رئیس مراد آباد -	۱۰
(چ)	
چندر سیکھر - راجہ - تعلقدار سیسنڈی کانپور	۱۹۷

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
چودھری بسنت سنگھ۔ رائے بہادر۔ رئیس سیوہارہ بجنور۔	۵۹
جیت سنگھ۔ راؤ۔ رئیس بھکرا۔ اٹاوہ۔	۱۸۱
(ح)	
حسین بخش۔ شیخ۔ خان صاحب۔ رئیس دہرہ دون۔	۱۴۵
حمید الظفر خان۔ خان بہادر۔ رئیس۔ ریاست رام پور۔	۱۳۶
حمیل خان۔ سردار۔ صوبہ دار بہادر۔ رئیس باڑہ غازیپور۔	۱۳۱
(د)	
داراشکوہ خان عرف محمد بالا خان۔ خان بہادر رئیس شیر پور پیلی بھیت۔	۱۰۳
دامودر داس۔ منشی۔ رائے بہادر۔ رئیس بریلی	۷۲
دامودر شاستری۔ پنڈت۔ مہامہوپادھیا رئیس بنارس۔	۱۷۶
دُرگا پرشاد۔ بابو۔ رائے بہادر۔ فرخ آباد۔	۵۰
دُرگا پرشاد کنور۔ تعلقدار سندیلہ۔	۴۶
درگا سنگھ۔ ٹھاکر۔ رائے صاحب۔ رئیس بارہ بنکی	۱۶۷
دوارکا سنگھ۔ پنڈت مسر۔ رائے بہادر۔ رئیس مراد آباد۔	۱۴۶

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
دھرم راج سنگھ۔ راؤ۔ رئیس بپٹی۔ کانپور	۱۵۶
دھرم راج کنور۔ رانی راجہ بازار گروارہ جونپور	۱۵۷
دھیرج لال۔ منشی۔ رائے بہادر۔ رئیس علیگڈھ	۱۳۷
دیا کرشن۔ رائے۔ رئیس جونپور۔	۱۶۷
دیاونت کنور۔ رانی کیمہرہ ضلع کھیری۔	۲۰۱
دیبی پرشاد۔ بابو۔ رائے بہادر۔ رئیس الہ آباد	۶۳
دیبی پرشاد۔ لالہ۔ رائے صاحب۔ الہ آباد	۲۲۵
دیبی سنگھ۔ راؤ۔ رئیس رجوڑہ ضلع للت پور۔	۱۵۶
دیبی سنگھ۔ چودھری۔ رئیس اسوڑہ ضلع میرٹھ	۲۱۲
(ڈ)	
ڈال سنگھ۔ راؤ۔ رئیس ناہل شاہجہانپور	۱۵۱
(ر)	
راجندر ناتھ۔ چودھری۔ رائے بہادر۔ رئیس ہمیر پور۔	۲۲
رادھا موہن۔ رائے۔ رئیس الہ آباد۔	۱۵۷
رام پال سنگھ۔ راجہ۔ تعلقدار کالا کانکر ضلع پرتاب گڈھ۔	۸۷
رام پال سنگھ۔ راجہ۔ رئیس کوری سدھولی ضلع رائے بریلی۔	۱۲۱
رام پرتاب سنگھ۔ راجہ۔ رئیس مین پوری	۱۷۳
رام پرتاب سنگھ۔ راجہ مانڈہ ضلع الہ آباد۔	۱۷۷

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
رام چرن داس۔ لالہ۔ رائے بہادر۔ رئیس آگرہ آباد۔	۱۶۰
رام دین۔ رائے بہادر۔ رئیس نیمگانوان ضلع کھیری۔	۴۰
رام رچھپال۔ بابو۔ رائے بہادر۔ رئیس فرخ آباد۔	۲۲۰
رام سنگھ۔ چودیو۔ راجہ رام پورہ ضلع جالون	۳۷
رام سنگھ۔ ٹھاکر۔ رائے۔ رئیس اکبر پور کانپور	۱۲۸
رام سنگھ۔ راجہ۔ بانسی ضلع بستی۔	۱۷۶
رام سرنداس۔ بابو۔ ایم۔ اے۔ رائے بہادر رئیس فیض آباد۔	۶۳
رام گوپال بوس۔ رائے بہادر۔ رئیس بنارس	۲۲۹
رام لال چکرورتی۔ بابو۔ رائے بہادر۔ رئیس لکھنؤ۔	۱۰۸
رام مسر۔ شاستری۔ سوامی۔ مہامہوپادھیا رئیس بنارس۔	۲۱۶
رامیشور بخش سنگھ۔ راجہ مقام بیر سنگھ پور ضلع رائے بریلی۔	۲۰۱
راگھوسر جو سرن سنگھ۔ راجہ رام گڈھ مرزاپور	۲۲۵
رُدر پرتاب ساہ۔ راجہ دیرہ سلطانپور	۱۷۹
رُدر پرتاب سنگھ۔ دیوان۔ رئیس اوریا ڈیہہ پرتاب گڈھ۔	۲۱۸
رضا حسین۔ سید۔ خان بہادر۔ رئیس بریلی	۴۹
رگھبیر سنگھ۔ راجہ۔ رئیس رُورُو ضلع اٹاوہ	۱۲۲
رگھونندن پرشاد منشی۔ رائے بہادر۔ رئیس بنارس۔	۱۵۸
رگھوناتھ راو۔ دنکر۔ راجہ۔ مشیر خاص بہادر رئیس گوالیار۔	۱۷۱
رگھوناتھ سنگھ۔ راجہ۔ رئیس سکری جالون	۱۷۲
رگھوراج بہادر سنگھ۔ راجہ۔ رئیس ہڑاہہ ضلع بارہ بنکی۔	۲۲۱
رنجیت سنگھ۔ چودھری۔ رائے بہادر۔ رئیس شیرکوٹ بجنور۔	۱۵۲
رنبیر سنگھ۔ راجہ۔ رئیس دہرہ دون۔	۲۰۰
روپ ساہ دیوجو۔ راجہ۔ جگمن پور ضلع جالون	۱۶۹
روح اللہ خان۔ حاجی۔ حافظ۔ خان بہادر رئیس اٹاوہ۔	۱۴۳
رُودر پرشاد سنگھ۔ راجہ رئیس سنگرولی۔ مرزاپور	۸۶
(ز)	
زاہد حسین۔ سید۔ خان بہادر۔ رئیس الٰہ آباد	۱۴۴
زیب النساء رانی۔ جہانگیر آباد۔ بارہ بنکی۔	۴۵
زین العابدین۔ سید۔ خان بہادر۔ رئیس علی گڈھ۔	۷۸
(س)	
سالگ رام۔ پنڈت۔ رائے بہادر۔ غازی پور	۲۰

نام مع خطاب و سکونت	صفحہ
سانول سنگھ-راجہ-رئیس راجوڑ ضلع ایٹہ	۲۲۴
سجیت پرشاد سنگھ-راجہ رئیس بنارس-	۲۰۲
سداد احمد-حکیم-خان بہادر-رئیس سہارنپور	۲۳۱
سدھاکر-دوبے-مہامہوپادھیا-رئیس بنارس	۱۹۲
سدھیشری پرشاد نرائن سنگھ-رائے بہادر- رئیس سلیم گڈھ گورکھپور-	۲۲
سردار سنگھ-راجہ بہادر-مقام کٹھرہ جھانسی	۱۵۹
سری پت سہائے-بابو-رائے بہادر-رئیس برھوان ضلع بستی-	۱۱۶
سری رام-لالہ-رائے بہادر-رئیس نانوتہ ضلع سہارنپور-	۸۹
سری رام-آنریبل-بابو-ایم-اے-رائے بہادر تمغہ یافتہ قیصر ہند رئیس فیض آباد و لکھنو-	۱۵۳
سری کرشن دت-دوبے-راجہ-بدلہ پور- جونپور-	۲۲۵
سرفراز بیگم-رانی-تعلقدار بہادر نگر-بہرائچ	۴۴
سوبرامینا شاستری-پنڈت مہامہوپادھیا رئیس بنارس-	۲۲۳
سکھ منگل سنگھ-راجہ شاہ مؤ-رائے بریلی-	۱۷۴
سیتلا بخش سنگھ-ٹھاکر-رائے بہادر- رئیس جونپور-	۱۱۵
سیف اللہ خان-منشی-خان صاحب- رئیس کانپور-	۲۳۲

نام مع خطاب و سکونت	صفحہ
(ش)	
شعبان علیخان-راجہ-حاجی-سید- خان بہادر-تعلقدار سلیم پور-لکھنو-	۹۲
شیام سنگھ-راجہ-تاج پور-بجنور-	۱۹
شیو بخش رائے-بابو-رائے بہادر-رئیس کھیری لکھیم پور-	۹۵
شیو پال سنگھ-راجہ مرار مؤ ضلع رائے بریلی	۱۹۰
شیو پرشاد-لالہ-رائے بہادر-رئیس کانپور	۱۲۴
شیو درشن سنگھ-راؤ-رئیس سنگرولی-مرزاپور	۸۵
شیوراج سنگھ-رانا-تعلقدار تھرلی و کھجور گانون-	۳۳
شیوراج سنگھ-راؤ-رئیس بدایون-	۱۶۵
شیو کمار-شاستری-پنڈت مہامہوپادھیا رئیس بنارس-	۴۸
(ص)	
صفدر حسین-خان بہادر-رئیس بنارس	۲۳۲
صورت کنور-رانی تعلقدار کھیری گڈھ ضلع کھیری	۶۵/۲۲ الف
(ظ)	
ظہیر اللہ خان-خان بہادر-رئیس رام پور-	۱۱۲

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
(ع)	
عبدالحق - شیخ - خان بہادر - رئیس پیلی بھیت	۱۶۵
عبدالغفور - مولوی - خان بہادر - الہ آباد	۱۴۴
عبدالکریم - شیخ - حافظ - سی - آئی - ای - سی - ڈی - او - رئیس آگرہ -	۲۰۵
عبدالکریم - حافظ - شیخ - خان بہادر - سی - آئی - ای - رئیس میرٹھ -	۲۰۷
عبداللہ بن یوسف علی - ایم - اے - ایل ایل - ایم - کیمبرج ایم - ار - اے - ایس انڈین سول سروس - بیرسٹرایٹ لا - (لنکن ان) رئیس سہارنپور -	۱۹۳
علی احمد خان - واسطی - مولوی - سید خان بہادر - رئیس سندیلہ - ہردوئی -	۸۰
علی جان - سید - خان بہادر - رئیس جونپور	۲۱۹
علی حسین خان - نواب - رئیس فتحپور -	۲۲۷
علی عباد - سید - خانصاحب - رئیس الہ آباد	۱۹۹
عنایت حسین خان - منشی - خان بہادر - رئیس الہ آباد -	۱۳۸
(غ)	
غلام حیدر خان - سید - نقوی - رئیس جائس - رائے بریلی -	۲۱۷

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
غلام غوث - خواجہ - خان بہادر - ذوالقدر رئیس الہ آباد -	۱۰۳
(ف)	
فتح سنگھ - راجہ - رئیس پوایان - شاہجہانپور	۱۲۵
فتح علیخان - نواب - نواب گنج بہرائچ -	۲۲۸
فتحیاب خان - خان بہادر - رئیس رامپور	۱۲۳
فریدالدین احمد - مولوی - سید - خان بہادر رئیس کڑا - الہ آباد -	۱۳۹
فصیح الدین - قاضی - خان بہادر - میرٹھ	۲۳۲
(ق)	
قادر بخش - حاجی - شیخ - خان بہادر - رئیس فیض آباد -	۱۱۹
(ک)	
کاشی ناتھ - بسواس - رائے بہادر - رئیس بنارس -	۲۱
کارنیلیا سہراب جی - مس -	۱۳
کالی چرن - مسر - راجہ - رئیس بریلی -	۱۲۶
کدارناتھ - پنڈت - رائے بہادر - رئیس الہ آباد	۱۲۹
کرشنا ساہ - رائے بہادر - رئیس نینی تال -	۱۱۱
کرشنا سنگھ ملانوال - رائے بہادر - رئیس الموڑہ	۲۲۹

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
کرشن پرشاد سنگھ - رائے - رئیس بھدری - پرتاب گڈھ۔	۱۶۸
کرشن راؤ - پنڈت - رائے صاحب - جھانسی	۷۷
کرشن کمار - راجہ - رئیس سسپور بلاری - مرادآباد -	۶۵
کریم خان - صوبہ دار - سردار بہادر - رئیس اناؤ	۱۲۴
کشن دت سنگھ - راجہ مقام اویل - کھیری	۳۱
کشن کنور - رانی مقام رامپور - رئیس اعظم نگر اوٹیہ -	۳۸
کلانند برتھوال - پنڈت - رائے بہادر - رئیس گڑھوال -	۱۶۳
کلیان سنگھ - رائے بہادر - رئیس علی گڈھ -	۱۲۸
کندھیا بخش پال سنگھ - رائے بہادر - رئیس بان بور - بستی -	۹۲
کوسل کشور پرشاد مل بہادر - راجہ مجھولی - گورکھپور	۱۸۲
کھیتر چندر ادیتا - رائے بہادر - رئیس الہ آباد	۲۲۹
کیشری نرائن - رائے - رئیس الہ آباد -	۱۴۵
کیلاش چندر شرومنی - پنڈت - مہامہوپادھیا رئیس بنارس -	۲۲۲
کیھری سنگھ جیودیو - راجہ بھریہ ضلع اٹاوہ	۴۲
(گ)	
گجندر سنگھ - کنور - چودھری - رائے صاحب رئیس تردلی - مرادآباد -	۶۰

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
گرراج سنگھ - راؤ - رئیس کچیسر - بلند شہر	۱۰۹
گرسرن داس - لالہ - رائے - رئیس سہارنپور	۱۲۹
گگن چندر رائے - رائے بہادر - رئیس غازیپور	۲۲۹
گنگادھر شاستری - پنڈت - مہامہوپادھیا بنارس	۲۲۳
گنگا سنگھ - رائے بہادر - رئیس بنارس	۱۶۴
گوبند پرشاد بہار گو - بابو - ایم - ایس - سی - رئیس لکھنو -	۴۶
گوبند جس - لالہ - رائے بہادر - رئیس کنکھل ضلع سہارنپور -	۱۶۷
گوبند سنگھ - راجہ بیونا - جالون -	۱۷۳
گوکل چند - رائے بہادر - رئیس فیض آباد	۶۲
گیندن لال - بی - اے - رائے بہادر - رئیس میرٹھ -	۲۳۲
(ل)	
لابھ سنگھ - سردار - رئیس جمدان ضلع بہرائچ	۲۲۱
لاکھن سنگھ - ٹھاکر - راؤ بہادر - رئیس بدھولی - ضلع بریلی -	۲۱۷
لالتا پرشاد - ساہو - رائے بہادر - رئیس پیلی بھیت -	۷۰
لال شیو رام سنگھ - راجہ - رئیس ارگل فتحپور	۲۲۰
لچھمن سنگھ - راؤ - رئیس جھانسی -	۱۴۸
لکشمی شنکر مسر - پنڈت - رائے بہادر - بنارس	۱۸۴

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
لوک سنگھ۔راجہ بھبھنی پائر گونڈہ۔	۱۸۸
(م)	
مادھو رام۔رائے بہادر۔رئیس کانپور۔	۲۳۰
مادھو سنگھ۔راجہ۔تعلقہ دار بہراون ضلع ہردوئی	۱۷۰
مادھو سنگھ۔رائے بہادر۔رئیس جونپور۔	۱۸۷
متھرا موہن مکرجی۔رائے صاحب الہ آباد	۲۳۱
محبوب عالم۔مولوی۔خان صاحب۔رئیس نینی تال۔	۲۳۲
محمد امیر حسن خان۔راجہ۔سر۔کے۔سی۔آئی۔ای۔ممتاز جنگ بہادر۔راجہ محمود آباد	۹
محمد باقر علیخان۔مرزا۔نواب۔رئیس لکھنؤ	۱۶۱
محمد تصدق رسول خان۔راجہ۔آنریبل سی۔ایس۔آئی۔رئیس جہانگیر آباد۔بارہ بنکی	۱۷
محمد جان۔چودھری۔تعلقدار سندیلہ ہردوئی	۲۲۶
محمد حامد بخش۔مولوی۔حاجی۔خان بہادر رئیس بدایون۔	۹۶
محمد حسن علی۔شہزادہ سلیمان قدر۔مرزا بہادر رئیس لکھنو۔	۱
محمد حسین علی خان۔سردار بہادر۔رئیس علی گڈھ۔	۲۳۰
محمد حسین۔مولوی۔حافظ۔خان بہادر رئیس الہ آباد۔	۱۶۳

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
محمد سلامت خان۔راجہ۔رئیس اعظم گڈھ	۱۱۳
محمد سمیع اللہ خان۔مولوی۔سی۔ایم۔جی۔رئیس دہلی۔	۱۴۰
محمد شبلی۔مولوی۔شمس العلما۔رئیس اعظم گڈھ	۵۷
محمد صدیق خان۔راجہ۔نان پارہ ضلع بہرائچ	۱۸
محمد عباس علیخان۔میرزا بہادر۔رئیس لکھنؤ	۷۳
محمد عبد الجلیل۔مولوی۔عثمانی شمس العلما رئیس بنارس۔	۹۱
محمد عبد الرحیم۔خان بہادر۔رئیس غازیپور	۲۳۱
محمد عبد الحامد۔مولوی۔خان بہادر۔رئیس سہارنپور۔	۶۱
محمد علی۔بیدار بخت۔بہادر۔مرزا رئیس لکھنو	۱۷۷
محمد علی۔سید۔بی۔اے۔سول سروس رئیس علی گڈھ۔	۱۹۳
محمد غفور خان۔نواب۔رئیس علی گڈھ	۲۳۰
محمد فیاض علی خان۔ممتاز الدولہ۔نواب رئیس پہاسو۔بلند شہر	۲۳
محمد کاظم حسین خان۔راجہ۔رئیس بلہرہ۔بارہ بنکی۔	۳۴
محمد محسن۔سید۔خان بہادر۔ذوالقدر رئیس جونپور۔	۱۳۳
محمد مصطفے۔سید۔خان بہادر۔رئیس جونپور	۱۶۴
محمد ممتاز علیخان۔منشی۔خان بہادر۔رئیس	

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
رائے بریلی۔	۲۴
محمد مہدی علی خان۔راجہ۔رئیس حسن پور بندھوا۔سلطانپور۔	۱۰۵
محمد نصرت علی۔چودھری۔خان بہادر۔ رئیس لکھنؤ۔	۷۴
محمد ہاشم خان۔میر۔رسالدار میجر۔ سردار بہادر۔رئیس سیتاپور۔	۱۰۰
محمد یوسف علی خان۔نواب۔رئیس علی گڈھ	۸۱
مراری لال۔رائے صاحب۔رئیس الہ آباد	۲۳۱
مرلی منوہر۔رائے بہادر۔رئیس لکھنو	۲۲۳
مسعود حسن خان۔منشی۔خان بہادر۔رئیس شاہجہانپور۔	۱۴۲
مصطفےٰ حسین۔رئیس بھلول۔چودھری۔ رئیس سوبھہ۔بارہ بنکی	۱۲۳
مظفر بخت۔مرزا۔رئیس بنارس۔	۱۵۸
ممتاز علیخان۔راجہ بلاسپور۔اترولہ۔ گونڈہ۔	۱۸۳
مینشور بخش سنگھ۔راجہ مقام ملانپور۔ کھیری۔	۳۰
مولوی سید امجد علی۔شمس العلما۔رئیس الہ آباد۔	۳۲
موہن لال۔بابو۔رائے بہادر۔بریلی	۵۸
مہابیر پرشاد نرائن سنگھ۔رائے بہادر۔	

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
رئیس براون۔الہ آباد۔	۶۸
مہاراج نرائن شیوپوری۔رائے بہادر رئیس بنارس۔	۱۳۵
مہدی علی خان۔سید۔مولوی۔نواب محسن الملک محسن الدولہ منیر نواز جنگ بہادر رئیس علی گڈھ۔	۱۵
مہندر سنگھ۔چودھری۔رئیس بانگرمؤ اناؤ	۱۰۶
مہندر مان سنگھ۔راجہ بھداور ضلع آگرہ۔	۱۷۱
مہندر وناتھ۔عہدہ دار۔رائے بہادر۔ ایل۔ایم۔ایس۔ایف۔اے۔یو۔رئیس بارہ بنکی۔	۱۸۶
مہیش پرتاب سنگھ۔راجہ انولا ضلع گورکھپور	۱۷۵
مہیش چندر۔نیائے رتن۔سی۔آئی۔ای۔ مہامہوپادھیا۔رئیس ناریت ضلع ہوڑہ	۱۹۵
میر التفات حسین۔خان بہادر۔رئیس اٹیہ	۱۲۴
(ن)	
نادر بخت۔مرزا۔رئیس بنارس۔	۱۵۹
نتھے مل سیٹھ۔رائے بہادر۔رئیس خورجہ بلند شہر۔	۵۵
نجم الدین حسین۔سید۔خان بہادر۔رئیس رائے بریلی۔	۱۲۸
نذر محمد خان۔خان بہادر۔رئیس شکوہ آباد	۱۰۹

نام مع خطاب وسکونت	صفحہ	نام مع خطاب وسکونت	صفحہ
نرائن داس - منشی - رائے بہادر - رئیس لکھنؤ	۱۲۷	نہال چند - آنریبل - رائے بہادر - رئیس مظفر نگر -	۱۵۴
نرپت سنگھ - راجہ - رئیس اسوتھر - ضلع فتح پور -	۸۳	(ہ)	
نرندر بہادر پال - راجہ مہولی ضلع بستی -	۱۳۳		
نرندر سنگھ - راجہ ہردوئی ضلع جالون -	۱۹۲	ہرن چندر مکرجی - رائے صاحب - رئیس بنارس	۷۵
نروتم سنگھ - راجہ رئیس مین پوری -	۱۹	ہری کرشنا پنت - پنڈت - رائے صاحب رئیس الموڑہ -	۱۴۹
نری کشن پت - رائے بہادر - رئیس اجودھیا فیض آباد -	۲۲۹	ہمنچل سنگھ - راؤ بہادر - رئیس بڑھ پورہ اٹاوہ -	۱۸۰
نظیر حسن خان - حکیم - مرزا - خان بہادر - رئیس لکھنؤ -	۲۱۴	ہمیر سنگھ راؤ - رئیس بانپور - للت پور	۱۶۸
نوبین چندر چکرورتی - رائے بہادر - رئیس آگرہ -	۶۹	ہیت رام - پنڈت - سی - آئی - ای رئیس بریلی -	۴۰

غلط نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹	۶	سنہ ۱۳۶۰ھ	سنہ ۱۳۶۰ء
۱۰	۸	۲۴-مئی سنہ ۱۸۸۳ء	۳-جنوری سنہ ۱۸۹۳ء
۷۲-الف	۱۲	چندربنسی	سورج بنسی



پرنس سلیمان قدر مرزا محمد حسن علی بہادر رئیس لکھنؤ

ممالک متحدهٔ آگره واوده

محمد حسن علی۔ شہزادہ سلیمان قدر۔ مرزا بہادر۔ آپ جنت مکان حضرت محمد امجد علی شاہ مغفور چہارم شاہ اودھ کے خلف اصغر ہین۔ نواب فغفور بہو صاحبہ جنکے بطن مبارک سے آپ ہین بادشاہ کی نہایت معزز منکوحہ تھین۔ اُنکے پاندان کے خرچ کے لیے سات ہزار روپیہ ماہوار مقرر تھے آپ بلدۂ لکھنؤ مین حضرت محمد علی شاہ کے عہد مین جو آپ کے جد بزرگوار ہین ۱۰ دسمبر ۱۸۳۹ء کو پیدا ہوے۔ اُسی روز بادشاہ نے آپکے اسم مبارک کی مُہر و تاج و شمشیر و خلعت و اسپ اور فیل عنایت کیا اور آپ کی ولادت کی خوشی مین اکاون ضرب کی سلامی سر ہوئی اور داروغہ توپخانہ کلان مظفر علی خان بہادر کو سات پارچہ کا خلعت مرحمت ہوا اُسی روز دو اناٸین اور آٹھ پیش خدمتین اور ملازم ہوئین حضرت محمد علی شاہ کے انتقال کے بعد آپکے والد ابو المظفر مصلح الدین ثریا جاہ حضرت امجد علیشاہ ۔ ۵ ۔ ربیع الثانی ۱۲۵۸ء کو سریر آرای سلطنت ہوے۔ ۱۸۴۳ء مین آپکی تقریب بسم اللہ عمل مین آئی۔ اس خوشی مین داروغہ سید محمد میر کو خلعت اور خطاب شمشیر الدولہ مرحمت ہوا۔ اُس روز تمام شہر سرخ پوش تھا یہانتک کہ مسٹر جان لو صاحب رزیڈنٹ بھی سرخ جامہ و دستار اور گھیتلا پاپوش پہن کر شریک دربار ہوے۔ محفوظ الدولہ میر امام پیش نماز۔ میر اولاد علی اتالیق۔ مانی رقم خان خوشنویس آپ کی تعلیم کے لیے مقرر

ہوے اسیطرح آپکی خدمت کے لیے ایک بہت بڑا عملہ مامور ہوا جسکی تنخواہ آپکی والدہ جناب عالیہ متعالیہ کے یہان سے ملتی تھی۔ بادشاہی عملہ مین جو آپکی خدمت کے لیے معین ہوا دس ہندوستانی سوار۔ پانچ ترک سوار۔ ایک کمپنی تلنگہ۔ ایک پلٹن۔ ایک تمن۔ بیس برچھی بردار۔ پانچ بلم بردار۔ پانچ بھالہ بردار۔ سات زنجیر فیل۔ بیس راس اسپ جنمین چار خاصہ کے اور باقی متصدی اور مصاحبون کی سواری کے لیے تعینات تھے۔ انکے علاوہ پانچ سنرل رتھ۔ پانچ گاڑیان۔ پانچ چھکڑے۔ پچاس نرگاؤ۔ پچاس گاؤمیش۔ دو سکھپال۔ نقرئی وطلائی ہودے۔ شیر و چیتے اور ہرن شکار کے لیے مرحمت ہوے۔ آغا مرزا برچھیت۔ میر علی پھکیت۔ خلیفہ ظہی پٹیت۔ اصالت خان بنکیت۔ بہار خان چابک سوار شہسواری اور ورزش اسلحہ کی تعلیم کے لیے مقرر ہوے۔ چتر منزل آپ کی قیام گاہ تھی اور بادشاہ چہارم بھی وہین رہتے تھے۔ آپ جمعہ یوم التعطیل کو صبح خواہ شام ہواخوری کو مع تمام جلوس و ماہی مراتب کے نکلتے تھے۔ علاوہ دربار و جاہ بانی و عید گاہ و جمعہ کے آپ کو دولتسرا سے باہر نکلنے کا حکم نہ تھا اور آپ کی میوہ خوری کے لیے سات ہزار روپیہ ماہوار ملتے تھے۔ حضرت امجد علیشاہ کی رحلت کے بعد ۲۷ صفر ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۸۴۷ء کو سلطان عالم حضرت محمد واجد علیشاہ نے تخت سلطنت پر جلوس فرمایا۔ وہ بھی آپکے ساتھ بکمال شفقت اور محبت سے پیش آئے بعدہ آپکی والدہ جناب عالیہ متعالیہ اور آپ اپنے مکان حضرت گنج مین اُٹھ آئے مگر آٹھوین روز دربار مین برابر جایا کیے۔ اسی عہد مین آپکا عقد آپکے عم مکرم مرزا عظیم الشان بہادر کی دختر نیک اختر سے ہوا۔ حضرت محمد واجد علی شاہ مرحوم آپکی شادی مین شریک ہوے آپکی مختلف ازواج سے کئی اولادین ہوئین اور اب آپکے بیٹے بیٹیان۔ پوتے پوتیان۔ نواسے نواسیان اور کوانسے موجود ہین۔ جب ۷ فروری ۱۸۵۶ء کو سلطنت اودھ کا انتزاع عمل مین آیا تو آپ حضرت واجد علیشاہ کے ہمراہ کانپور و بنارس ہوتے ہوے کلکتہ گئے ایک مہینے کے بعد بادشاہ نے آپ کو رخصت کیا اور آپ لکھنؤ کو واپس آئے۔ اُس زمانہ

مین یہان غدر تھا مگر اُس پر آشوب ہنگامہ مین آپ اور آپکی والدہ ماجدہ نے برٹش رفاقت کو ترجیح دی اور کئی مہینہ تک مختلف مقامات پر قیام رکھا اور بعد تسلط پھر واپس آئے آپکو گورنمنٹ انگلشیہ کے ساتھ خاص ارادت ہے۔ آپ کو اخبار بینی۔ شعر و سخن۔ علم تاریخ۔ کتب بینی۔ مناظرہ۔ سیاحت۔ تعمیرات۔ علم میسمرزم و اسپر چوائیلزم سے بہت بڑی دلچسپی ہے۔ آپکا ہندی اور اُردو کلام نہایت پاکیزہ ہوتا ہے۔ گورنمنٹ انگلشیہ آپ کا بہت بڑا اکرام و احترام کرتی ہے۔ دربار گورنری اور وایسرائی مین آپکی کرسی کا نمبر اول ہے ۱۹۰۰ء مین جب ہز اکسلنسی لارڈ کرزن لکھنؤ مین تشریف لائے تھے تو آپ سے خصوصیت کے ساتھ ملاقات کی تھی آپ حرمین شریفین کی زیارات سے بھی مشرف ہو چکے ہین۔ سکونت۔ لکھنؤ۔

بھگوتی پرشاد سنگھ۔ مہاراجہ۔ تعلقدار بلرام پور۔ آپ ۱۹۔ جولائی ۱۸۷۹ء کو پیدا ہوے۔ آپ جنوار چھتری ہین یہ خاندان چودھوین صدی کے وسط مین وادی نربدا سے آکر اودھ مین آباد ہوا تھا۔ سردار سوم نیبی کی (جنکا قیام قلعہ پاواگڑھ حدود گجرات مین تھا) چھ اولادون مین سے سب سے چھوٹے بریار ساہ نے اسلامی فوج مین ملازمت اختیار کی اور رسالداری کے منصب پر فائز ہوے۔ ۱۳۷۴ء مین سلطان فیروز شاہ تغلق نے سید سالار کی زیارت کا عزم کیا بریار ساہ اُن کے ہمرکاب ہوے اُنکو لٹیرون سے ضلع کے مشرقی حصہ کے صاف کرنے کی خدمت سپرد ہوئی اس فرض کو اُنھون نے کچھ ایسی خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ بادشاہ نے خوش ہو کر اُنکو یہ علاقہ بخشدیا۔ رسالدار نے اُکونا جسکا نام خانپور مہا واتھا اپنی قیامگاہ تجویز کی۔ بریار ساہ کی ساتوین پشت مین گنیش سنگھ ہوے جنکے بھائی مادھو سنگھ نے اپنے بھائی سے علیحدہ ہو کر اپنی ایک جدا شاخ قائم کی۔ اُن کے فرزند بلرام داس نے شہنشاہ جہانگیر کے آغاز عہد حکومت مین موجودہ بلرام پور کو آباد اور اپنے چچازاد بھائی راجہ لچھمن نراین سنگھ کی معاونت سے سرداران ہتورا واترور

کو نیست ونابود کردیا - بلرام داس کے جانشینون نے تلسی پور کے کرمیون پر بھی اپنا سکہ جمایا اور شرقی حد کے متعلق برابر اُترولہ کے پٹھانون سے مجادلہ ہوتا رہا - اس خاندان نے اپنی فتوحات سے بہت بڑی جائداد بڑھائی - ۱۷۷۰ء مین راجہ نول سنگھ ریاست بلرام پور کے مالک ہوے - یہ نہایت بہادر اور شجاع اور جنگ آور تھے اِنھون نے شاہی ناظمون کو بھی پسپا کیا - نول سنگھ کے دو فرزند تھے - فرزند اکبر تھوڑی عمر مین انتقال کر گئے اور اُن کی تمام عمر تلسی پور راج سے لڑتے لڑتے گذر گئی - فرزند اصغر ارجن سنگھ ۱۸۱۷ء مین اپنے والد کی وفات کے بعد راجہ ہوے اور ۱۸۳۰ء مین اپنے قرب کے راجہ بھنگا سے دو جنگون کے بعد انتقال کیا - ان کے جانشین راجہ جے نرائن سنگھ ہوئے جو لاولد مر گئے - ۱۸۳۶ء مین اُن کے چھوٹے بھائی مہاراجہ سر دگبجے سنگھ کے سی - ایس - آئی - اُنکے جانشین ہوے اور ایک مدت دراز تک نہایت عمدہ طور سے کاروبار ریاست کو سرانجام دیکر ۱۸۸۲ء مین رحلت فرمائی اُنھون نے غدر کے پر آشوب زمانہ مین گورنمنٹ انگلشیہ کی خدمات کمال خیرخواہی اور جان نثاری سے انجام کی تھین اُنھین ممتاز خدمات کے صلہ مین اُنکو تلسی پور کا سارا پرگنہ جو ضبطی مین آچکا تھا گورنمنٹ عالیہ نے عطا فرمایا اسکے علاوہ ضلع بہرائچ مین بھی اُنکو ایک بڑا علاقہ مرحمت ہوا اور اُنکے جملہ موروثی علاقہ مین دس فیصدی جمع سرکاری معاف اور مرفوع القلم کردی گئی - وہ عدالتہاے دیوانی کی حاضری سے مستثنیٰ ہوے اُنکے پانچسو ہمراہی ایکٹ اسلحہ کے اثر سے بری قرار پائے - اُنکو مہاراجہ بہادر اور کے سی - ایس - آئی کا خطاب بھی مرحمت ہوا تھا اور ۹ ضرب توپ کی سلامی کا اعزاز حاصل تھا وہ انجمن تعلقداران اودھ کے اولین صدر انجمن تھے اور کچھ عرصہ کے لیے حضور وایسراے کی مجلس واضعان آئین و قوانین کے ممبر بھی رہے تھے - اُنکا نام مع دیگر چار تعلقداران اودھ کے لارڈ کیننگ صاحب کے اعلان مین باعتراف خیرخواہی مذکور ہوا ہے - راجہ بھگوتی پرشاد سنگھ مہاراجہ دگبجے سنگھ



مہاراجہ بھگوتی پرشاد سنگھ مہاراجہ بلرامپور

کے ایک قریبی عزیز ہین جنکو مہاراجہ مرحوم کی بڑی مہارانی اندر کنور صاحبہ نے سنہ ۱۸۸۳ء مین
متبنیٰ کیا تھا۔ مہارانی موصوفہ آپکے زمانہ نابالغی مین آپ کی ولیہ وسرپرست تھین اور
گورنمنٹ نے اُنکے واسطے بھی نو ضرب توپ کی سلامی برقرار رکھی تھی۔ اُنھون نے
سنہ ۱۸۹۳ء مین وفات پائی۔ جب راجہ بھگوتی پرشاد سنگھ سن بلوغ کو پہونچے تو آپ ۱۹۔
جولائی سنہ ۱۹۰۶ء کو مسند ریاست پر جلوہ فرما ہوے۔ آپکے پانچسو ہمراہی بھی ایکٹ اسلحہ کے
شرائط سے مستثنےٰ ہین اور گورنمنٹ کی جانب سے مہاراجہ بہادر کا خطاب بھی حاصل ہے
مہاراجہ صاحب نے گدی نشین ہوتے ہی ایک لاکھ روپیہ بغرض خیرات مناسب لوکل
گورنمنٹ کو تفویض فرمایا۔ آپ مثل اپنے پدر نامدار کے جملہ امور رفاہ وبہبود ملک وقوم
مین بیدریغ روپیہ صرف کرتے ہین چنانچہ اس دو برس کے عرصہ مین آپ قریب
ساڑھے چار لاکھ روپیہ کے اپنے ہموطنون کی فلاح اور بہبود کے کامون مین صرف
فرما چکے ہین راج بلرام پور زیادہ تر اضلاع گونڈا۔ بہرائچ۔ لکھنؤ و بستی متعلقہ صوبجات
متحدہ آگرہ واودھ مین واقع ہے۔ اور علاوہ اسکے کچھ جائداد ارضی بمقام نینی تال آلہ آباد
بنارس۔ فیض آباد اور کلکتہ بھی موجود ہے۔ کل راج کا رقبہ تقریباً تیرہ سو میل مربع ہے اور
اُسکی آمدنی بائیس ۲۲ لاکھ روپیہ سالانہ سے زیادہ ہے۔ اور آبادی تخمیناً چھ لاکھ بیس ہزار ہے
جس مین تخمیناً چار لاکھ اکیس ہزار چھ سو ہندو اور ایک لاکھ اٹھانوے ہزار مسلمان ہین۔
راج مین کچھ توپین بھی ہین اور تھوڑی بہت فوج بھی رہتی ہے۔ مہاراجہ بھگوتی پرشاد نے
زمانہ نابالغی مین نہایت عمدہ تعلیم وتربیت پائی ہے اور آپ ایک عمدہ ہونہار جوان رئیس
ہین اور ہر آئینہ یہ امید کیجاتی ہے کہ وہ اپنی مسند آبائی پر مدتون جلوہ فرما رہینگے اور اپنی
غربا نوازی اور رعایا پروری سے بہت بڑا نام پیدا کرینگے۔ سکونت بلرام پور۔

پرتاب نرائن سنگھ - سر - کے - سی - آئی - ای - مہاراجہ بہادر اجودھیا -

ولادت ۱۳ جولائی ۱۸۵۶ع آپکے مورث اعلیٰ اسد اسکھ پاٹھک بھوج پور کے رہنے والے سنگلدیپی برہمن تھے جہان اُنکو سلاطین دہلی کی جانب سے جاگیر اور چودھرایت ملی تھی اُنکے فرزند گوپال رام نے ترک وطن کر کے ضلع بستی مین سکونت اختیار کی - اُنکے فرزند پورندر رام کے پانچ فرزند تھے جنمین سب سے بڑے راجہ بختاور سنگھ تھے جنھون نے پہلے ایسٹ انڈیا کمپنی کے ایک رسالہ مین ملازمت کی بعد ازان نواب سعادتعلیخان نواب اودھ کی سرکار مین اعلیٰ فوجی عہدے پر مامور ہوے نواب سعادت علیخان کی وفات کے بعد شاہان اودھ نے اُنکا اور زیادہ اعزاز اور احترام بڑھایا - نواب غازی الدین حیدر بہادر اوّل شاہ اودھ نے اُنکو راجہ کا خطاب عطا کیا جو بعد کو محمد علیشاہ بادشاہ نے ایک فرمان کے ذریعہ سے موروثی قرار دیدیا اور مہدونہ کا راج مع دیہات معافی عطا فرمایا اور راجگان اودھ مین اُنکا اول درجہ قرار دیا اور یہ ریاست مہدونہ راج کے نام سے ملقب ہوئی راجہ بختاور سنگھ کو شاہان اودھ نے خاص مواقع پر چند بیش بہا تلوارین بھی عنایت کین اور ۱۸۲۱ع مین راجہ بختاور سنگھ کے چھوٹے بھائی درشن سنگھ کو فوج کی کمیدانی عنایت ہوئی - ۱۸۲۲ع مین وہ سلون اور بیسواڑہ کے چکلہ دار مقرر ہوے اور ۱۸۲۷ع مین اُنکو حسن خدمات کے صلہ مین سلطانپور اور فیض آباد کے ناظم کا عہدہ اور راجہ بہادر اور سلطنت بہادر کے خطابات عطا ہوے - ۱۸۴۲ع مین وہ گونڈہ اور بہرائچ کے ناظم ہوے اور ۱۸۴۴ع مین تین فرزند چھوڑ کر وفات پائی قلعہ شاہ گنج اور کئی عمارتین اُنکی یادگار ہین - ۱۸۴۵ع مین اُنکے سب سے چھوٹے فرزند مشہور و معروف مہاراجہ مان سنگھ دریاباد - رودولی اور سلطانپور کے ناظم مقرر ہوے - اُنکو سورج پور کے ایک باغی تعلقدار کو گرفتار کرنے کے صلہ مین راجہ بہادر کا خطاب اور ایک مشہور ڈاکو جگرناتھ کو قید کرنے کے جلدو مین سلطنت بہادر کا خطاب حاصل



مہاراجہ سر پرتاب نرائن سنگھ کے-سی-آئی-ای-مہاراجہ اجودھیا

ہوا۔ نیارپور کے گرک بنسی تعلقدار کی بغاوت رفع کرنے مین اُنھون نے جو دلیری اور بسالت ظاہر کی اُسکی قدردانی مین وہ قائم جنگ کے خطاب سے سرفراز کیے گئے جسکا ذکر سر ولیم سلیمن کے روزنامچہ مین بتفصیل مندرج ہے دربار سلطانی سے اُنکو راجہ راجگان اور سرکوب سرکشان کا خطاب بھی عطا ہوا تھا۔ ۱۸۵۵ء مین راجہ بختاور سنگھ نے قضا کی اور اپنے بھتیجے اور متبنی فرزند مہاراجہ مان سنگھ کو اپنا جانشین چھوڑا۔ مہاراجہ مان سنگھ نے غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ انگلشیہ کی اس صوبہ مین نمود حکومت کے لیے کارہاے نمایان انجام دیے۔ اُنھون نے اپنے قلعہ شاہ گنج مین بہت سے یوروپینون کو پناہ دی اور اُنکو بحفاظت تمام منزل مقصود تک پہونچا دیا۔ ان خدمات کے صلہ مین اُنکو مہاراجہ کا خطاب عطا ہوا۔ اور راجہ گونڈہ کا وسیع علاقہ جو بغاوت کی علت مین ضبط ہوا تھا مرحمت ہوا۔ مہاراجہ نے انجمن تعلقداران قائم کر کے اس طبقہ پر بہت بڑا احسان کیا اور اودھ کے متعلق تمام مشکل مسائل کو نہایت خوبی سے طے کرنے مین کامیاب ہوے۔ اس انجمن کے انعقاد سے تعلقدارون کی آیندہ نسلون کے حقوق کا جو تحفظ ہوا وہ اُنکی خوش تدبیری اور دوراندیشی کا ایک مستقل اور دوامی یادگار ہے۔ ۱۸۶۹ء مین مہاراجہ مان سنگھ کو۔ کے سی ایس آئی کا خطاب ملا۔ اور ہز اکسلنسی گورنر جنرل نے تمغہ عطا کرتے وقت سر دربار اُنکی اُن خدمات بائستہ کا شکریہ ادا کیا حال مین تعلقداران اودھ نے اُنکی یادگار مین اُنکی ایک سنگی شبیہ بصرف کثیر تیار کرا کر بارہ دری قیصر باغ مین نصب کی ہے۔ اس تقریب سعید کے وقت تعلقداران اودھ کا ایک بہت بڑا مجمع تھا اور اُنکے علاوہ سر جے جے ڈی لاٹوش لفٹنٹ گورنر ممالک متحدہ اور سر جان وڈبرن مرحوم لفٹننٹ گورنر بنگال شریک جلسہ تھے۔ مہاراجہ مان سنگھ نے ۱۱۔ اکتوبر ۱۸۷۰ء کو رحلت فرمائی مہاراجہ پرتاب سنگھ اُنکے نواسے اور جانشین ہین آپکی وراثت کے متعلق عرصہ تک مقدمہ ہوتا رہا آخر گورنمنٹ نے آپکو مہاراجہ مرحوم کا جائز وارث قرار دیا اور آپ ۱۸۸۶ء مین مسند نشین ہوے۔ ۱۶ فروری ۱۸۸۷ء مین آپ کو خطاب مہاراجگی مع شمشیر و کمر بند

مرصع عنایت ہوا اور ۲۱ جولائی ۱۸۹۱ء کو گورنمنٹ نے لقب مہاراجہ بہادر اجودھیا تسلیم فرمایا۔ ۱۸۹۵ء مین آپ کو خطاب کے۔سی۔آئی۔ای۔ مرحمت ہوا اور ۱۸۹۷ء مین بہ تقریب جشن جوبلی حاضری عدالت سے اور ۱۹۰۰ء مین قانون اسلحہ کے اثر سے مع اپنے کثیر التعداد ملازمین کے مستثنیٰ ہوئے آپ وایسرائے کی لیجسلیٹو کونسل اور صوبجات ہذا کی لیجسلیٹو کونسل کے کئی بار ممبر رہ چکے ہین جو آپ کی روشن دماغی و ہردلعزیزی پر دلالت کرتا ہے۔ قانون کورٹ آف وارڈز تعلقداران کی ضرورت کے بموجب پاس کرانے اور قانون علاقہ جات محفوظہ کے اجرا مین آپکی سعی اور کوشش بلیغ نہایت مشکور ہوئی ۔ رفاہ عام کے کامون سے آپ کو جو دلچسپی ہے وہ آپ کے اُن بیش بہا چندون سے ظاہر ہے جو آپ نے وقتاً فوقتاً دیے ہین کوینٹن میموریل فنڈ ڈفرن فنڈ۔ اور صدہا تعلیمی اور خیراتی کامون مین آپکا نام نامی نہایت ممتاز اور مشہور ہے آپ مذہب کے صرف پابند ہی نہین ہین بلکہ مذہبی خیرات مین بھی آپ کی فیاضی کا حصہ بہت بڑھا ہوا ہے۔ چنانچہ آپنے کارہائے خیر کے لیے ساٹھ ہزار روپیہ سالانہ کی نکاسی کی ایک وسیع جائداد وقف کر دی ہے جو ہزارون بندگان خدا کے آذوقہ کا ذریعہ ہے ۔

تعمیرات کا آپ کو خاص شوق ہے۔ چنانچہ خاص اجودھیا مین آپ کی بنوائی ہوئی کئی نادر عمارتین موجود ہین۔ آپکی دو شادیان ہوئین اول مہاراجہ سرمانسنگھ قائم جنگ نے اپنے زمانہ مین کی تھی۔ دوسری آپ نے خود بمقام بھاگلپور ایک بڑے خاندان مین کی اُنھین کے نام آپ نے بوجہ نہونے کسی اولاد کے وصیت نامہ باختیار تبنیت حسب شرائط ایکٹ تعلقداری تحریر کر دیا ہے۔ سکونت اجودھیا۔



راجہ سر محمد امیر حسن خان بہادر کے۔سی۔آئی۔امی راجہ محمود آباد ۱

محمد امیر حسن خان - راجہ - سر - کے - سی - آئی - ای - امین الحرم نصیر الملک ملک الشعرا - امیر الدولہ - سعید الملک - ممتاز جنگ بہادر رزائر راجۂ محمود آباد - ولادت سنہ ۱۸۴۹ع آپ اپنے والد راجہ نواب علی خان کے انتقال کے بعد سنہ ۱۸۵۸ع مین مسند نشین ہوئے آپ نسباً شیخ صدیقی ہین مگر کسی بزرگ کے خان کے لقب سے ملقب ہونے کے سبب سے یہ خاندان خانزادہ کے نام سے مشہور ہو گیا - آپ کے مورث اعلی شیخ نتھو یا نتھن سنہ ۱۳۶۰ھ مین بھر قوم کی تادیب کے لیے دربار دہلی مین ملازم ہوے اور اپنے کارہاے نمایان کے صلہ مین فتحپور کے قریب ایک بڑا علاقہ حاصل کیا - اُنکی چوتھی پشت مین داؤد خان فوج شہنشاہ دہلی کے جنرل تھے جو نواب کے خطاب سے سرفراز کیے گئے اور اُنکے فرزند نواب محمود خان نے سنہ ۱۶۷۷ع مین قصبۂ محمود آباد کی بنیاد ڈالی - یہ دربار دہلی کی جانب سے جونپور کے عہدۂ فوجداری پر بھی مامور تھے اُنکے جانشین نواب محمد امام خان نے اپنے تمام علاقہ کو اپنے دو بیٹون پر منقسم کر دیا خلف اکبر نواب محمد اکرام خان محمود آباد مین رہے اور خلف اصغر مظہر علی خان بلہرہ مین آباد ہوے آخر الذکر مینپے پور اور بلہرہ کے راجاؤن کے مورث اعلی تھے - محمد اکرام خان کے دونون بیٹے سرفراز علی خان اور مصاحب علی خان نے لاولد انتقال کیا - مصاحب علی خان کی بیوہ رانی سنہ ۱۸۱۱ع مین ریاست محمود آباد پر قابض ہوئین جنھون نے بلہرہ کی شاخ مین سے اپنے چچازاد بھائی نواب علی کو متبنی کر کے سنہ ۱۸۳۹ع مین انتقال کیا - راجہ نواب علی خان ایک مشہور عالم اور ممتاز شاعر تھے جنکی نسبت سلیمن صاحب لکھتے ہین کہ "یہ ایک قوی الجثہ اور عمدہ منتظم شخص ہین" انکو سنہ ۱۸۵۰ع مین راجہ کا خطاب اور سنہ ۱۸۵۲ع مین مقیم الدولہ قائم جنگ بہادر کا خطاب دربار اودھ سے عطا ہوا تھا انکے زمانہ مین رقبۂ ریاست کو بہت زیادہ وسعت ہوئی - اُنھون نے سنہ ۱۸۵۸ع مین انتقال کیا اور اپنے اکلوتے صاحبزادہ راجۂ حال کو اپنے اعقاب مین چھوڑا آپنے سنہ ۱۸۶۷ع تک اپنا زمانۂ نابالغی کورٹ آف وارڈس کے

زیر اہتمام پورا کیا۔آپ نے سیتاپور اسکول۔بنارس کالج۔اور کیننگ کالج لکھنؤ مین تعلیم پائی ہے۔سر ہنری ڈیوس سابق چیف کمشنر اودھ کی تحریک و تجویز سے گورنمنٹ انڈیا نے ۵۔مئی ۱۸۷۱ء کو امیر الدولہ سعید الملک ممتاز جنگ کا خطاب عنایت فرمایا۔ ۱۸۷۱ء مین انڈین برٹش الیسوسی ایشن (انجمن تعلقداران اودھ) کے وائس پریسیڈنٹ منتخب ہوے اور اُسکے بعد اس زبردست جماعت کے پریسیڈنٹ رہے گورنمنٹ برطانیہ نے آپکے آبائی خطاب راجگی کو ۴ دسمبر ۱۸۷۷ء کو موروثی تسلیم کیا۔لارڈ لارنس صاحب کے زمانہ مین جب لکھنؤ مین بہت بڑا دربار ہوا تھا تو اُسمین آپ کو اعزازی شمشیر عطا ہوئی۔اور ۲۴ مئی ۱۸۸۳ء کو آپ۔کے۔سی۔آئی۔ای کے خطاب سے ممتاز ہوے اور ۵۔مارچ ۱۸۸۴ء کو خان بہادر کا خطاب موروثی تسلیم کیا گیا۔آپ آنریری مجسٹریٹ ہین اور اسسٹنٹ کلکٹری کے اختیارات بھی آپ کو حاصل ہین آپ اور راجۂ کاظم حسین خان تعلقہ دار پینتیپور و بلہرہ حقیقی خالہ زاد اور عمزاد بھائی ہین۔آپ اس خاندان کی بڑی شاخ کے بزرگ خاندان ہین آپ کے فرزند اکبر صاحبزادہ علی محمد خان ہین جو ۱۸۸۱ء مین پیدا ہوے۔سکونت۔محمود آباد ضلع سیتاپور۔

جے کشن داس۔راجہ۔بہادر۔سی۔ایس۔آئی۔ولادت ۲۴۔نومبر ۱۸۳۲ء آپ چترویدی برہمن ہین سلطان علاؤالدین غوری کے عہد مین چونکہ آپکے بزرگواروں نے متھرا کے قاضی کو مار ڈالا تھا اسلیے وہان سے ضلع ایٹہ اور زان بعد ٹپیسر ضلع آگرہ مین سکونت اختیار کی آپ چوبے برندابن داس مرحوم کے منجھلے بیٹے ہین جو ضلع مراد آباد مین ایک نامی و معزز رئیس تھے اور جنکی عالی دماغی اولوالعزمی اور سخاوت و عزت اہل اسلام و ہنود و حکام انگریزی مین ضرب المثل تھی آپکے بڑے بھائی چوبے گھنشیام داس برٹش عملداری مین تحصیلدار تھے جو غدر کے

زمانہ مین کاسگنج کے باغیون کے ہاتھ سے اُسوقت مقتول ہوے جب وہ گجلہ گھاٹ اور کاسگنج کی حفاظت مین مصروف تھے - اس جانبازی کے صلہ مین گورنمنٹ نے چوبے گھنشیام داس کی بیوہ کو پانچہزار روپیہ نقد عطا فرمایا اور سو روپیہ ماہوار کا وظیفہ اُنکی حیات تک مقرر ہوا اور اُنکے بعد تا شادی یہ وظیفہ اُنکی دختر کے لیے جاری رہا - اپنے برادر مکرم چوبے گھنشیام داس کی طرح راجہ جے کشن داس نے بھی ایام غدر مین نمایان خدمات انجام دی ہین اور سرکاری کاغذات اور مراسلات مین وقتاً فوقتاً اُنکا اعتراف ہوا ہے - اورنھین خدمات اور خیرخواہی کے صلہ مین آپکو راجہ کا خطاب اور دس ہزار روپیہ جمع کا ایک علاقہ مرحمت ہوا - راجگی کی سند مین بھی آپ کی اُس کمال شجاعت و دلاوری و حزم و ہوشیاری کی تعریف کی گئی ہے جو آپ نے علی گڈھ کی حفاظت مین ظاہر کی تھی - سنہ ۱۸۶۰ء مین آپ کو بہادر کا خطاب اور پانچہزار روپیہ کا ایک خلعت اور عطا ہوا اور آپ کی حیات تک آپکے علاقہ کی جمع نصف اور آپ کے وارثون کے لیے چہارم قرار دی گئی - سنہ ۱۸۶۰ء مین آپ کو سی - ایس - آئی کا خطاب عنایت ہوا اور سنہ ۱۸۶۴ء مین میوٹنی میڈل عطا ہوا - سنہ ۱۸۷۱ء مین لفٹنٹ گورنر بہادر نے بر سر دربار فرمایا کہ آپ گورنمنٹ کے مسلم خیرخواہ ہین اور کل انگریزون کو چاہیے کہ آپ کو اپنا دوست تصور کرین - اسی اسپیچ مین ہز آنر نے اُن خدمات کا اعتراف و اظہار کیا ہے جو آپ نے ترقی تعلیم کے متعلق کی ہین جب سنہ ۱۸۷۷ء مین دہلی مین دربار قیصری ہوا تو آپ کو قیصری تمغہ مرحمت ہوا آپ ابتداً ۲۱ - مارچ سنہ ۱۸۴۶ء کو ایام نابالغی مین خزانچی کلکٹری ضلع مرادآباد نامزد ہوے اور ۹ - مارچ سنہ ۱۸۸۵ء سے ہاتھرس کی تحصیلداری پر مامور ہوے اور زمانہ تحصیلداری ہی مین آپ کو اختیارات جنٹ مجسٹریٹی عطا ہوے - پھر رفتہ رفتہ آپ اول درجہ کی ڈپٹی کلکٹری پر فائز ہوے اور تقریباً ۳۵ سال کی ملازمت کے بعد پنشن حاصل کی

تعلیمی معاملات سے آپ کو خاص دلچسپی ہے - آگرہ کالج آپ ہی کے فیض اثر سے ٹوٹتے ٹوٹتے بچا - بریلی کالج کو بھی آپ کی ذات سے خاص فائدہ پہونچا - علی گڈھ کالج اور علی گڈھ سائنٹفک سوسائٹی کی بنیادین بھی آپ ہی کی شرکت اور اعانت سے قائم ہوئی ہین - سر سید احمد مرحوم آپ کو اپنا بھائی اور دوست اور مشیر سمجھتے تھے اور کالج اور سوسائٹی کے متعلق تمام اہم معاملات مین آپ سے مشورہ لیتے تھے جسکا سید صاحب مرحوم نے شکر گزاری کے ساتھ ہر عام وخاص موقع پر اظہار کیا ہے - آپ الٰہ آباد اور کلکتہ یونیورسٹی کے فیلو ہین - آپ سنسکرت ٹکسٹ بک سوسائٹی لندن کے بھی ممبر تھے - رائل ایشیاٹک سوسائٹی برطانیہ اعظم وآئرلینڈ نے آپ کو اپنا ممبر مقرر کیا - ان صوبجات مین تعلیم نسوان کو جو ترقی ہوئی ہے اُسکا ایک بہت بڑا حصہ آپ ہی کی دلچسپی کا نتیجہ ہے - آپ کو ہمیشہ سے تمدنی معاملات کی اصلاح اور درستی کا خیال رہا ہے مذہبی امور مین آپ کے خیالات راسخ الاعتقاد ہندؤن کی طرح محدود نہین ہین بلکہ آپ کا مقولہ یہ ہے کہ جسطرح انسان کا فرض ہے کہ اپنی عاقبت سنوارے اُسیطرح اپنی دنیا بھی درست کرے اور دنیا والون کے کام آئے - حال مین اپنے اپنے والد پاٹھک برندابن مرحوم کی یادگار مین ایک ویدک آشرم آگرہ مین قائم کیا ہے جسکا مقصود یہ ہے کہ اسمین قوم برہمن خصوصًا اور دوسری قومین عمومًا قیام کرین اور مذہبی تعلیم اور علم سنسکرت حاصل کرین - اس کام کے لیے آپ نے ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ کی قیمتی جائداد اور پرامیسری نوٹ وقف کیے مین ویدک آشرم کے افتتاح کی رسم ہز آنر لفٹننٹ گورنر صوبجات متحدہ نے اپنے دست مبارک سے ادا کی تھی - راجہ صاحب کو تعلیمی اور مذہبی معاملات مین بہت بڑی دلچسپی ہے پولیٹکل معاملات مین بھی آپ کی راے نہایت صائب اور وقیع ہوتی ہے سنہ ۱۸۶۶ء مین مسودہ ترمیم قانون طلاق نو عیسائیان ہند کے خلاف جو جلسہ ہوا تھا اُس مین آپ کی تحریک اور تجویز سے ایک



راجہ جے کشن داس بہادر سی ایس آئی رئیس مراد آباد



مس کارنیلیا سہراب جی رئیسہ بمبئی

حسب دلخواہ نتیجہ پیدا ہوا۔ مغربی وشمالی واودھ کی لوکل سیلف گورنمنٹ کی توسیع کے متعلق مباحثے ومشورت کی غرض سے جو کمیٹی مقرر ہوتی تھی اُسمین بھی گورنمنٹ نے آپ کو ایک ممبر قرار دیا تھا۔ آپکے بڑے بیٹے کنور جوالا پرشاد۔ بی۔اے۔ ان اضلاع مین ڈسٹرکٹ وسشن جج کے عہدہ پر ممتاز تھے مگر اُنکی عمر نے وفا نہ کی اب اُن کے فرزند اکبر کنور جگدیش پرشاد۔ بی۔اے نے اسی سال سول سروس کا امتحان پاس کیا ہے اور اس صوبہ مین وہ اول شخص ہین جو اس درجہ کو پہونچے ہین آپ کے منجھلے یعنی دوسرے بیٹے کنور پرمانند رائے بہادر رائے بریلی کے سب جج ہین۔ آپ کے تیسرے بیٹے کنور بنارسی داس ایم۔اے۔ ہین جو درس وتدریس کے مقابلہ مین دنیوی تعلقات کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہین۔ سکونت مراد آباد۔

کارنیلیا سہراب جی مِس آپ فرقۂ اناث مین بمبئی یونیورسٹی کی اول گریجوئیٹ ہین۔ آپ دکن کالج مین بہت ممتاز ونامور طالبعلم تھین جہان آپنے انگریزی علم ادب مین وظائف وانعامات کے علاوہ ہویلاک اور ہاسنگ کے انعامات بھی حاصل کیے تھے۔ آپنے آرٹس کورس کے جملہ امتحانات اول درجہ کے اعزاز کے ساتھ پاس کیے۔ درجہ یافتہ ہونے کے بعد آپ گجرات آرٹس کالج کی فیلو مقرر ہوئین۔ جہان آپنے انگریزی علم ادب اور علم منطق پر نہایت کامیابی سے لکچر دیے۔ جب گجرات کالج کے انگریزی علم ادب کے پروفیسر نے رخصت لی تو آپ اُسکی قائمقام مقرر ہوئین چونکہ آپنے بہت سے ایسے واقعات اور حالات سُنے تھے جنسے پردہ نشین عورات اپنے حقوق کو حاصل نہین کرسکتی تھین اسلیے آپکی توجہ قانون کی جانب مائل ہوئی اور انگلستان مین جاکر آپ سومرولی کالج مین داخل ہوئین۔ اکسفرڈ یونیورسٹی کے کہنہ خیال لوگون کو آپکے اُس ارادہ پر کسیقدر استعجاب اور حیرت ہوئی کیونکہ یونیورسٹی مذکور مین یہ پہلا

واقعہ تھا لیکن ضرورت و احتیاج وقت کا لحاظ کر کے اُنھون نے کونسل منعقد کی جسکا یہ سب سے پہلا اجلاس تھا جس مین ایک عورت کے قانونی امتحان پاس کرنے اور اُسکے ارادہ پر غور کیا گیا - کونسل نے بہت بڑے غور و خوض کے بعد آپ کو بی - سی - ایل کے امتحان مین شریک ہونے کی اجازت دی - جسکو آپ نے بہت اعزاز کے ساتھ پاس کیا - اُسکے بعد آپنے چیمبرس مین کام کر کے عملی طور پر قانون سے واقفیت پیدا کی - واپسی ہندوستان پر مس سہراب جی کو لوگون نے راے دی کہ آپ بمبئی یونیورسٹی کے ایل ایل بی کی ڈگری بھی لے لیجیے جس سے آپ کو ہائی کورٹ مین وکالت کا استحقاق حاصل ہو جائیگا چنانچہ آپنے ایل ایل بی کی ڈگری بھی اعزاز کے ساتھ حاصل کی - اُسکے بعد یہ سوال پیدا ہوا کہ آیا کوئی عورت عدالتون مین بحیثیت وکیل کے کام کر سکتی ہے - آخر مین مس سہراب جی کو احاطہ بمبئی کی بعض دیسی ریاستونکی عدالتون مین وکالت کرنے کی اجازت ملی - آپ سشن جج پونا کے اجلاس مین ایک خون کے مقدمہ مین وکیل تھین جس مین آپکے موکل نے رہائی پائی اور جج نے آپکی لیاقت اور قابلیت کی بہت بڑی تعریف کی - چونکہ آپکا خیال تھا کہ شمالی ہندوستان مین پردہ کی پابندی کی سختی کی وجہ سے آپکے خدمات کی زیادہ ضرورت ہے - اسلیے ہائی کورٹ ممالک مغربی و شمالی مین آپنے امتحان وکالت مین شریک ہونے کی درخواست کی - لیکن جب آپنے اُسکو مع مشکل امتحان اُردو کے پاس کر لیا تو جو بمبئی مین دقت پیش آئی تھی وہی یہان بھی حائل ہوئی - اور آپکا نام ہائی کورٹ کے وکلا مین نہ درج ہوا - اگرچہ آپنے اکثر پردہ نشین خواتین کو اُنکے مقدمات و معاملات مین قابل قدر مشورہ دیا ہے مگر جبتک سرکاری طور پر آپکو اجازت نہ ملے آپ کسی طرح حسب دلخواہ اُن کو فائدہ نہین پہونچا سکتین - فی الحال آپ انگلستان مین ہین جہان آپنے پردہ نشین لیڈیونکی امداد کے لیے ایک تجویز (اسکیم) پیش کی ہے - سلطنت برطانیہ کے بڑے بڑے اخبارات - اور موجودہ اور پنشن یافتہ

جج آپ کی راے کے موئید ہین - مسٹر جسٹس امیر علی نے بھی آپکی بہت زبردست تائید کی ہے آپ کے بھائی الہ آباد مین بیرسٹری کرتے ہین۔

مہدی علیخان - سید مولوی - نواب محسن الملک محسن الدولہ منیر نواز جنگ بہادر آپ ۹ - دسمبر ۱۸۳۷ء کو پیدا ہوے - آپکے والد ماجد کا سلسلۂ نسب بارہہ کے مشہور سادات اور مان کا سلسلہ شیخ پور ضلع فرخ آباد کے خاندان عباسیہ سے ملتا ہے۔
آپنے عربی و فارسی کی ابتدائی تعلیم مکان پر حاصل کی اور مولوی محمد عنایت حسین ساکن دیبہ سے علوم کی تکمیل کی - آخر الذکر بزرگ مشرقی علوم کے عالم متبحر اور دینیات کے فاضل اجل تھے - اُسی زمانہ مین آپ چند امور خانگی کی وجہ سے تلاش معاش کے لیے مجبور ہوے چنانچہ اولاً آپ کو کلکٹری اٹاوہ مین دس روپیہ ماہوار کی محرری ملی اس معمولی جگہ پر آپکے شریفانہ برتاؤ سے مسٹر ایلن ہیوم صاحب کلکٹر اٹاوہ بہت خوش ہوے اور اُنھون نے ۱۸۵۶ء مین آپکو اہلمد مقرر کیا - غدر کے پر آشوب زمانہ مین آپ اور آپ کا تمام خاندان گورنمنٹ انگریزی کا دم بھرتا رہا - تسلط اور امن و امان کے بعد مسٹر موصوف نے آپکو عہدۂ پیشکاری پر مامور کیا - ۱۸۶۱ء مین آپ تحصیلدار ہو گئے اور اپنی انتظامی اور قانونی قابلیت کا ثبوت دیا - آپ نے مال و فوجداری کے متعلق اردو زبان مین نہایت اعلیٰ درجہ کے رسالے تصنیف کیے اور ۱۸۶۳ء مین امتحان مقابلہ پاس کیا اور کامیابی حاصل کی - ۱۸۶۷ء مین آپ مرزا پور کے ڈپٹی کلکٹر ہوے اور اسی اثنا مین ریاست دودھی کی سپرنٹنڈنٹی اور راج بڑہر کے کورٹ آف وارڈز کی منیجری بھی کرتے رہے -
۱۸۷۴ء مین ہندوستان کے مشہور مدبر سر سالار جنگ مرحوم نے آپ کے صفات سنکر آپ کو حیدر آباد مین طلب فرمایا - اور عہدۂ انسپکٹر جنرلی مال مفوض کیا -
یہان آپ کو اپنے مدبرانہ صفات کے اظہار کا پورا پورا موقع ملا - بہت جلد آپ محکمہ پیمائش

وبند وبست کے کمشنر ہو گئے۔ اور ریاست ورعایا دونون کی بہبود و فلاح کے واسطے عام زمینون پر مناسب لگان مقرر کیا۔ سنہ ۱۸۶۷ء مین سر سالار جنگ نے آپکو اپنا سکریٹری صیغہ مال مقرر کیا۔ اور آپ پر پورا اطمینان وبھروسہ رکھا۔ سر سالار جنگ آپکی نکتہ سنجی اور اصابت راے کے نہایت مداح تھے۔ سنہ ۱۸۸۴ء مین آپ فنانشل اور پولیٹیکل سکریٹری مقرر ہوے جسکو آپنے نہایت اعلیٰ قابلیت سے انجام دیا۔ آپکو ہز ہائنس نظام نے محسن الدولہ محسن الملک منیر نواز جنگ کا خطاب عطا فرمایا اور اٹھائیس سو روپیہ تنخواہ کردی۔ گورنمنٹ نظام نے کمیٹی معدنیات کے مشہور مقدمہ مین آپکو انگلستان روانہ کیا جہان آپنے لندن کی اسپشل کمیٹی کے روبرو ایسی قابلانہ پیروی کی جس سے حضور نظام اس انتخاب سے بے انتہا محظوظ ہوے آپنے انگلستان مین مشاہیر کی ملاقات کی۔ مسٹر گلیڈاسٹون مرحوم سابق وزیر اعظم آپسے ملکر نہایت خوش ہوے۔ آپ نے سنہ ۱۸۹۳ء مین اپنے عہدہ سے سبکدوشی حاصل کی اور حیدرآباد کو خیرباد کہا۔ واپسی پر آپنے بجاے اٹاوہ کے علیگڈھ مین سکونت اختیار کی اور سرسید کے ہمراہ علیگڈھ کالج اور اُسکے مقاصد کی تکمیل مین مصروف ہو گئے جب آپ تحصیلدار اٹاوہ تھے اُسوقت سرسید سے ملاقات ہوئی۔ جب سرسید نے تہذیب الاخلاق جاری کیا تو آپنے نہایت عالمانہ مذہبی۔ اخلاقی۔ اور تمدنی مضامین تحریر کیے جنکا بہت کچھ اثر ہوا اور جنھون نے اُردو زبان مین ایک نئی روح پھونکی۔ آپنے علیگڈھ کالج کو ہر طرح قابل قدر مدد دی ہے حضور نظام عالی مقام کالج کو جو دوامی امداد دیتے ہین وہ آپ ہی کی کوششون کا نتیجہ ہے سنہ ۱۸۹۳ء مین آپ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے پریسیڈنٹ منتخب ہوے فی الحال آپ محمڈن کالج علی گڈھ کے آنریری سکریٹری ہین۔ اور نہایت جوش ومستعدی کے ساتھ اپنی زندگی کو مسلمانون کی فلاح وبہبود کے کامون مین صرف کر رہے ہین آپ صاحب تصانیف ہونیکے علاوہ ایک زبردست مقرر بھی ہین۔ سکونت علی گڈھ۔



راجہ تصدق رسول خان سی ایس آئی راجہ جہانگیر آباد



راجہ محمد صدیق خان راجہ نانپارہ ضلع بہرائچ

محمد تصدق رسول خان - راجہ - آنریبل - سی - ایس - آئی - رئیس جہانگیرآباد ضلع بارہ بنکی ملک اودھ - آپ مشہور خاندان شیوخ قدوائی سے ہین - آپ کے مورث اعلیٰ حسین خان دہلی مین شہنشاہ جہانگیر کے دربار مین کسی عہدۂ جلیل پر سرفراز تھے - بجلدوے خدمات نمایان متعلقۂ مہم قلعۂ چکابوہ علاقہ وخلعت وخطاب راجہ اور بہادری سے سرفراز ہوکر اودھ مین تشریف لائے اور جہانگیرآباد کو آباد کیا اُسی وقت سے یہ مقام مستقر ریاست ہے - اس ریاست کو قائم ہوے گیارہ پشتین گذری ہین - آپ ۱۸۸۰ء سے راجہ فرزند علیخان کے جانشین اور وارث ریاست ہین - آپ کو قومی معاملات سے کمال دلچسپی ہے چنانچہ آپ کے بعض پولٹیکل مضامین جنکو آپ نے بنظر خیرخواہی سرکار و بہبود اپنے ہمقومون کے تحریر فرماکر شائع کیا تھا نہایت مفید ثابت ہوے - آپ اکثر رفاہ عام کے کامون مین نہایت فیاضی سے چندہ عنایت فرماتے ہین چنانچہ بارہ بنکی کا گھنٹہ گھر اور جوبلی پل جو قیصرۂ آنجہانی کی جوبلی کی یادگار مین تعمیر ہوے ہین آپ کی فیاضی کے شاہد ہین - سرچارلس کراسٹھویٹ صاحب کے عہد حکومت مین جو گرل اسکول قائم ہوا اُسمین بھی آپ کے چندہ کی معتدبہ رقم شامل ہے - ایام قحط ۹۶-۱۸۹۷ء مین جو فیاضی ظہور پذیر ہوئی اور اُس سے جو فوائد عام رعایا و کاشتکاران و ملازمین کو پہونچے وہ ہرگز قلم انداز نہین ہوسکتے - آپ نے صرف بقایا لگان ہی معاف نہین کی بلکہ زر تقاوی کے علاوہ قحط زدہ رعایا کو نقدی اور سرمائی پارچہ بھی تقسیم فرمایا - علاوہ اسکے ایک محتاج خانہ مستقر ریاست مین عموم اہل اسلام وہنود کے واسطے جاری کردیا - چنانچہ سر اینٹنی مکڈانل صاحب نے ان بقاع خیر کو بچشم خود ملاحظہ فرماکر سرکاری رپورٹ کے ذریعہ سے اُسکا اعلان کیا اور آپ کو کلمات تحسین و آفرین سے یاد فرمایا ہے - ڈفرن فنڈ مین بھی آپ نے ایک معتدبہ رقم عنایت کی ہے - تعلیم کی جانب آپ کو خاص دلچسپی ہے چنانچہ کالون اسکول مین علاوہ عطیۂ چندہ کا شایان ریاست آبنوشی کے لیے کنوین تعمیر کروادیے اور خاص

ریاست کے نام سے کمرہ بنوا دیے ہین - چاندماری سکھانے کی غرض سے رئفل اور کارتوسون کی ضرورت تھی - اس ضرورت کو بھی آپنے اُس موقع پر جب سر جیمس ڈگس لاٹوش صاحب و سر جان وڈبرن صاحب اسکول کے معائنہ کے لیے تشریف لے گئے تھے رفع کر دیا - آپ کا خطاب راجگی موروثی ہے - گورنمنٹ نے خطاب اسٹار آف انڈیا سے آپکو ممتاز فرمایا ہے - اس اعزاز کی خوشی مین آپ نے پچیس ہزار روپیہ بطور خیرات تعلیم اسپتال ڈفرن فنڈ مین مرحمت کیا - آپ انجمن تعلقداران اودھ کے وایس پریسیڈنٹ ہین - آپ لوکل لیجسلیٹیو کونسل کے ممبر بھی ہین اور اسوقت تک یہ اعزاز آپ کو حاصل ہے - باوجود ثروت آپ کا حسن خلق اور انکسار مشہور و معروف ہے - ترقی ریاست کی مختصر حالت یہ ہے کہ جسوقت آپ مسند نشین ریاست ہوے تھے اُسوقت مالگزاری اٹھتر ہزار ایکسو اٹھارہ روپیہ تھی اور اسوقت ایک لاکھ تیس ہزار نوسو چونسٹھ روپیہ ہے - سکونت جہانگیرآباد ضلع بارہ بنکی -

محمد صدیق خان - راجۂ نان پارہ - ولادت ۱۸۷۰ء - یہ خطاب موروثی ہے - آپ راجۂ مرحوم جنگ بہادر خان - کے - سی - آئی - ای - کے صاحبزادہ ہین - آپ کا تعلق ایک پٹھان خاندان سے ہے جسکے مورث اعلیٰ رسول خان تھے - یہ توغ پٹھان شاہجہان شہنشاہ دہلی کے عہد مین رسالدار تھے اور بنجارون کو مغلوب کرنے کے لیے سلون آباد بھیجے گئے تھے جنھون نے شہزادہ بیگم دارا کی جاگیر کو جسکا نام سلون بیگم تھا تاخت و تاراج کر دیا تھا - اس خدمت کی انجام دہی کے صلہ مین اُنکو نانپارہ عطا کیا گیا اور وہ بہرائچ کے قلعدار مقرر ہوے - رسول خان کے پوتے محمد خان نے نانپارہ مین سکونت اختیار کی - ۱۷۶۳ء مین اُنکے جانشین کرم خان تعلقدار نانپارہ کو جنھین علاقہ مذکور کا بانی سبانی کہنا چاہیے نواب شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ نے

راجہ کے خطاب سے مخاطب کیا - اُنکے انتقال کے بعد مدار بخش اُنکے جانشین ہوے جنکے زمانہ مین علاقۂ مذکور کی زراعت و فلاحت کو بہت بڑی ترقی ہوئی اور چودہ ہزار سے پینسٹھ ہزار مالگزاری ہوگئی - مدار بخش نے سنہ ۱۸۴۰ع مین انتقال کیا - منور علیخان اُنکے بیٹے مسند ریاست پر متمکن ہوے - راجہ منور علیخان نے سنہ ۱۸۴۷ع مین ایک اتفاقی حادثہ سے رحلت کی - اُسوقت آپ کے والد راجہ جنگ بہادر مرحوم و مغفور بہت ہی کم عمر تھے - اُنکی نابالغی کے زمانہ مین تعلقۂ نانپارہ بڑی رانی کے انتظام مین رہا - راجہ جنگ بہادر خان ایک بہت بڑے فیاض اور منتظم رئیس تھے اُنکو گورنمنٹ نے کے - سی - آئی - ای - کا خطاب مرحمت کیا تھا اور آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات بھی حاصل تھے - راجہ جنگ بہادر خان نے سنہ ۱۹۰۲ع مین انتقال کیا - آپ اُنکے فرزند اور جانشین ہین - آپ کے علاقہ مین تین سو چھبیس مواضع ضلع بہرائچ مین ہین جنکی مالگزاری ایک لاکھ چھیاسٹھ ہزار نو سو پینتیس روپیہ ہے - سکونت نانپارہ - ضلع بہرائچ -

نروتم سنگھ - راجہ - ولادت سنہ ۱۸۳۵ع - یہ خطاب موروثی ہے - آپکا تعلق اُن مشہور چوہان راجپوتون سے ہے جو خاندان پرتاب نیر کی نسل مین ہین - اس لحاظ سے آپ پرتھی راج سابق چوہان راجہ دہلی و اجمیر کی اولاد مین اور اُنکے وارث و جانشین ہین - راجۂ حال کے والد ہیرا سنگھ سنہ ۱۸۶۲ع مین مسند نشین ہوے تھے اور سنہ ۱۸۷۶ع مین وفات پائی - اُنکے بعد راجۂ حال مالک ریاست ہوے - آپ کے ایک بیٹے لال سنگھ ہین - سکونت ایکا - مین پوری -

شیام سنگھ - راجۂ تاج پور - ولادت ۱۸ - جون سنہ ۱۸۵۷ع - یہ خطاب ۷ - دسمبر سنہ ۱۸۸۸ع کو بطور ذاتی اعزاز کے آپ کو عطا کیا گیا ہے - آپکا تعلق تگا برہمنون کے

خاندان سے ہے جسکے بانی بلرام سنگھ تھے جنھون نے سترھوین صدی مین عظیم پور پرگنۂ باشٹا کا علاقہ حاصل کرکے اُسکو اپنا مستقر قرار دیا تھا۔ اُنکے بیٹے رام کرشنا نے اور مواضع خرید کرکے اس علاقہ کو بہت بڑی وسعت دی تھی جنمین منجملہ اور اضافون کے ایک تاجپور بھی تھا۔ اسکے بعد اُنکے بیٹے گڈھا سنگھ نے اس صوبہ پر پہلے برٹش قبضہ ہونے کے وقت نہایت عمدہ خدمات انجام دین اور اُسکے جلدو مین گوپال پور کا بیش قیمت علاقہ حاصل کیا۔ اُنکے بیٹے اور جانشین جے راج سنگھ نے عین عالم شباب مین انتقال کیا۔ اُنکے بعد اُنکے بیٹے پرتاب سنگھ وارث ریاست ہوے۔ زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء مین آپ نہایت نامور خیر خواہ اور فرمانبردار برٹش رہے۔ نواب نجیب آباد باغی سے مقابلہ کیا اور جب باغیون نے شیرکوٹ کے چودھریون کو پسپا اور مغلوب کر دیا تو راجہ نے اپنے ہمسایہ ہندو سردارون کی مدد حاصل کی اور باغیون کو نکالدیا۔ اُنھون نے دشمنون سے بجنور کی محافظت کی اور وہان کا انتظام درست رکھا جسکے صلہ مین علاوہ خطاب راجہ کے بہت بڑا علاقہ بھی اُنکو عطا کیا گیا۔ اُنکے بعد اُنکے خلف اکبر راجہ جگت سنگھ بہادر ۱۸۷۳ء مین مسند نشین ہوے۔ اُسی سال اُنکو بطور اعزاز ذاتی کے راجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا۔ ۱۱۔ جون ۱۸۸۵ء کو وہ راہی عالم بقا ہوے اور اُنکے بھائی شیام سنگھ اُنکے جانشین ہوے۔ آپ کو ۷۔ دسمبر ۱۸۸۸ء کو راجہ کا ذاتی خطاب ملا اور یکم جنوری ۱۸۹۵ء کو یہ خطاب موروثی قرار دیا گیا۔ آپ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات بھی حاصل ہین اور زراعت و فلاحت کی ترقی دینے مین آپ کو خاص انہماک ہے۔ سکونت تاجپور۔ بجنور۔

سالگ رام۔ پنڈت۔ راے بہادر۔ ولادت ۱۱۔ اگست ۱۸۴۷ء۔ آپ کو محکمۂ ڈاکخانہ کی اُن خدمات کے صلہ مین جو منی آرڈر کے محاصل و مداخل کے

مشکلات کے حل کرنے کے متعلق آپ نے انجام دی تھین ۲ جنوری سنہ ۱۸۸۸ء کو خطاب مذکور بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا - آپ کا تعلق ایک قدیم برہمن خاندان سے ہے جو بہت زیادہ عرصہ ہوا کہ پنجاب سے آکر ضلع غازی پور مین آباد ہوا تھا - سکونت غازی پور -

بھوپیندر بہادر سنگھ - راجہ کنتت - ولادت سنہ ۱۸۶۳ء - جس سال آپ پیدا ہوے اُسی سال آپ کے والد نے سفر آخرت اختیار کیا - آپ کا نسبی تعلق گہروار راجپوتون سے ہے جو قنوج کے راٹھورون کی ایک شاخ ہے - گودن دیو اس خاندان کے بانی تھے - بیان ہوتا ہے کہ زمانۂ سابق مین ایک مدت دراز تک ضلع مرزاپور واقع جنوب دریاے گنگ کا ملک اس خاندان کے قبضہ مین رہا مگر اسکا خاص مستقر بنارس تھا - سنہ ۱۷۵۸ء مین بلونت سنگھ اول راجۂ بنارس نے راجہ بکرماجیت سنگھ کو خارج کر دیا مگر سنہ ۱۷۸۱ء مین راجہ چیت سنگھ بنارس کی شکست کے بعد راجہ گوبند سنگھ خلف راجہ بکرماجیت سنگھ نے اپنا راج پھر حاصل کیا - اُنکے مرنے کے بعد اُنکے بھتیجے اور متبنیٰ بیٹے رام غلام سنگھ وارث ہوے جنکے بیٹے راجہ مہپال سنگھ تھے - اُنکے جانشین اُنکے بیٹے جگت بہادر سنگھ ہوے اور سنہ ۱۸۵۰ء مین دو نابالغ بیٹے چھوڑ کر فوت ہو گئے - اُنمین خلف اکبر راجہ راجندر بہادر سنگھ تھے جو وارث ریاست ہوے لیکن عین عالم شباب مین انتقال کیا - اُنکے انتقال کے بعد راجۂ حال مسند نشین ہوے - سکونت بجے پور - مرزاپور -

کاشی ناتھ - بسواس - راے بہادر - ولادت اکتوبر سنہ ۱۸۳۰ء - آپ کو جناب ملکۂ معظمہ قیصرہ ہند کی پنجاہ سالہ حکمرانی کی جوبلی کے موقع پر ۱۶ - فروری سنہ ۱۸۸۷ء

کو خطاب راے بہادر عطا ہوا - آپ کے پردادا نواب ناظم بنگالہ کے زمرۂ ملازمت مین تھے اور آپ کے والد ماجد اور جد امجد ایجنٹ گورنر جنرل بنارس کے ملازم رہے - ۱۸۵۶ء مین آپ جوڈیشل ملازمت مین داخل ہوے اور ۱۸۷۵ء مین اول درجہ کے سب جج ہو گئے - جنوری ۱۸۷۷ء مین دربار قیصری دہلی کے موقع پر آپ کو ایک اعزازی نقرئی تمغہ مرحمت ہوا اور آپکی مدید اور طولانی ملازمت اور خدمات کے صلہ مین راے بہادر کا خطاب بھی عطا کیا گیا - سکونت بنارس -

راجندر ناتھ - چودھری - راے بہادر - ولادت ۲۴ - اگست ۱۸۶۳ء -

آپ بنگالی برہمن ہین - عہد سلاطین اسلامیہ مین آپ کے خاندان کو چودھری کا خطاب عطا ہوا تھا - بابو جادو ناتھ چودھری آپ کے والد تھے - اُنھون نے بہت عزت و وقعت کے ساتھ پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ مین عرصۂ دراز تک ملازمت کی اور عہدۂ سپروائزر سے پنشن لیکر خانہ نشین ہوے - آپکو اُن عمدہ خدمات کے صلہ مین جو آپ نے عام طور پر بحیثیت اسسٹنٹ سرجن اور خاصکر قحط ۱۸۹۶ و ۹۷ء مین انجام دیے خطاب راے بہادر یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو گورنمنٹ ہند سے بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا - سکونت ہمیرپور -

سدھیشری پرشاد نرائن سنگھ - راے بہادر - ولادت ۱۸۶۲ء -

آپ اُس بھوئنہار خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو بیشتر جین پور ملک بہار مین آباد تھا - آپ کے والد بابو امبکا پرشاد نرائن سنگھ کو گورنمنٹ انگلشیہ نے اُنکی عمدہ خدمات کے صلہ مین اسناد مرحمت فرمائے تھے - آپ سلیم گڈھ کے رئیس ہین - آپکا سلسلۂ قرابت راجگان ٹکوہی اور بتھوا اور بنارس سے ملتا ہے - آپ نے جو فیاضی اپنے کاشتکارون کے ساتھ ظاہر فرمائی تھی اور قحط ۱۸۹۶ و ۹۷ء مین گورنمنٹ کو جو امداد دی تھی

اُسکے صلہ مین گورنمنٹ نے یکم جنوری ۱۸۹۸ع کو راے بہادر کا خطاب عطا فرمایا۔ سکونت سلیم گڈھ۔ ضلع گورکھپور۔

محمد فیاض علیخان۔ ممتاز الدولہ۔ نواب۔ ولادت ۱۸۵۱ع۔ یہ خطابات موروثی ہین جو ۹۔ستمبر ۱۸۶۸ع اور ۱۲۔جولائی ۱۸۸۱ع کو عطا ہوے تھے۔ آپ اپنے والد سر محمد فیض علیخان۔کے۔سی۔ایس۔آئی۔ کے انتقال کے بعد ۱۸۹۴ع مین وارث ریاست ہوے۔ آپ کا تعلق قدیم اُس خاندان سے ہے جسکے مورث بڑگوجر تھے جو ۱۱۸۵ع مین ضلع بلند شہر مین آکر آباد ہوے۔ آخری چوہان راجہ دہلی پرتھی راج نے اس خاندانکے ایک شخص پرتاب سنگھ کو چندیلون کے مقابلہ مین مدد کے لیے طلب کیا تھا جسکے بعد اس خاندان نے پہاسو مین توطن اختیار کیا۔ اُنھون نے ڈور راجۂ کول کی بیٹی کے ساتھ شادی کی جسکے جہیز مین اُنکو ایک بہت بڑا علاقہ حاصل ہوا۔ اُنکی گیارھوین پشت مین لال سنگھ تھے جنکو شہنشاہ اکبر کے مزاج مین بہت بڑا رسوخ حاصل تھا۔ اسی لحاظ سے شہنشاہ نے اُنکو لال خان کے خطاب سے مخاطب اور ممتاز کیا۔ اُس زمانہ سے یہ شاخ خاندان لال خانی کے نام سے موسوم اور مشہور ہے۔ زمانۂ سلطنت اورنگ زیب مین اس خاندان نے مذہب اسلام قبول کرلیا اور ۱۷۷۴ع مین شاہ عالم نے ناہر علیخان کو بہت بڑا علاقہ عطا کیا۔ یہ بڑا علاقہ مردان علیخان کے پانچ بیٹون مین تقسیم ہوا جنمین سے مراد علیخان موجودہ نواب پہاسو کے دادا تھے۔ مراد علی خان اور اُنکے بیٹے سر فیض علی خان نے غدر ۱۸۵۷ع مین اعلیٰ درجہ کی بہادری اور وفاداری کا اظہار کیا۔ آخر الذکر افواج جے پور کے کمانڈر انچیف تھے۔ اُنھون نے نہایت قیمتی خدمات انجام دین جسکے صلہ مین اُنکو ایک وسیع الرقبہ اراضی اور ایک خلعت اور مختلف اعزاز عطا ہوے۔ اُنھون نے وزیر ریاست جے پور اور

سپرنٹنڈنٹ ریاست کوٹہ کی حیثیت سے بہت بڑی ناموری حاصل کی - یہ الہ آباد یونیورسٹی کے فیلو اور رعد التہاے دیوانی مین اصالتاً حاضر ہونے سے مستثنیٰ تھے - آپ اپنے والد کے انتقال کے بعد مالک ریاست قرار پائے - گورنمنٹ آپ کا بہت بڑا اعزاز و اکرام کرتی ہے - آپ صوبہ کی قانونی کونسل کے ممبر بھی ہین - حال مین آپ اعلیٰ حضرت ملک معظم قیصر ہند کی جشن تاجپوشی کی شرکت کے لیے ولایت تشریف لے گئے تھے - آپ کونسل ریاست جے پور کے بھی ایک معزز رکن ہین - سکونت پہاسو - ضلع بلند شہر -

محمد ممتاز علیخان - منشی - خان بہادر - ۶ - اکتوبر ۱۸۸۴ع کو سات سو روپیہ ماہوار کی تنخواہ پر آپ ڈپٹی کلکٹری درجۂ سوم کے عہدہ پر مامور ہوے - ۱۴ فروری ۱۸۸۷ع کو گورنمنٹ نے آپکی خدمات ریاست بلرام کو منتقل کردین اور ریاست کے اسسٹنٹ ایجنٹ مقرر ہوے - اس عہدہ کے فرائض آپ نے اس بیدار مغزی اور خوش انتظامی کے ساتھ انجام دیے کہ بعد انقضاے مدت معینہ ریاست بلرام پور نے گورنمنٹ سے آپ کی خدمات کی مزید توسیع کرائی - آپ کی حسن خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے یکم جنوری ۱۸۹۴ع کو خان بہادر کے معزز خطاب سے سرفراز فرمایا - آپ نے بحیثیت اسسٹنٹ ایجنٹ ریاست بلرام پور مین جس لیاقت اور قابلیت اور مستعدی اور عرق ریزی سے کام کیا ہے وہ ان اقسام و انواع ترقیات سے ظاہر و باہر ہے جو ریاست کی رعایا و برایا کیحالت مین بین طور سے مشاہدہ و معائنہ کیجاتی ہے - فی الحال آپکی خدمات ریاست بھوپال کو منتقل ہوئی ہین اور وہان آپ معین المہامی کے منصب جلیل پر منصوب اور مامور ہین - سکونت ضلع راے بریلی



راجہ بشناتھ سنگھ تعلقدار پرنیڈہ ضلع اناو



راجہ بھوپ اندر بکرم سنگھ تعلقدار پیاگپور ضلع بہرائچ

بھوپ اندر بکرم سنگھ۔ راجہ۔ سی۔ آئی۔ ای۔ تعلقدار پیاگپور ضلع بہرائچ

ولادت ۳۱ جنوری ۱۸۶۳ء۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ ارجن برادر حقیقی راجہ جدھشٹر تھے جنکا پایہ تخت ہستناپور تھا جسکو شاہان اسلام نے اپنے عہد مین دہلی کے نام سے نامزد کیا۔ ارجن سے اکتالیسوین پشت مین منسکھ دیو ہوے جنکے چھ بیٹے تھے سب سے چھوٹے بیٹے کا نام بریار ساہ تھا۔ اُنھون نے سمت ۱۳۲۵ (مطابق ۱۲۶۸ء) مین اپنے اصلی مسکن پاواگڑھ واقع گجرات کو چھوڑ دیا اور سلطان محمد تغلق شاہ دہلی کے دربار مین حاضر ہوے اور بعہدہ رسالہ داری سرفراز کیے گئے۔ اُس زمانہ مین شمالی ہندوستان کے اُس حصہ مین جو اب بہرائچ کے نام سے مشہور ہے قوم بر نے اپنی شرارتون سے رعایا کو تنگ کر رکھا تھا۔ بادشاہ نے بریار ساہ کو قوم مذکور کی استیصال کے لیے ایک بھاری فوج کا سردار بنا کر روانہ کیا۔ بریار ساہ نے نہایت جرأت و بہادری سے اس مفسد قوم کو مغلوب کیا اور اُنکے ظلم وطغیان کی قرار واقعی بیخ کنی کی۔ بادشاہ اس نمایان کامیابی کی وجہ سے بہت خوش ہوا اور آیندہ قوم سرکش کی فتنہ پردازیون کے دائمی انسداد کے لیے بریار ساہ کو یہین رہنے کا حکم دیا۔ بریار ساہ نے حسب فرمان شاہی اسی نواح مین مقام ایکونہ کو پسند کر کے اپنا مستقر معین کیا۔ اُنکی ساتوین پشت مین مادھو ساہ اور گنیش ساہ تھے جنمین مادھو ساہ بلرامپور چلے گئے اور گنیش ساہ یہین رہے۔ گنیش ساہ کی نوین پشت مین چودھری شیام سنگھ ہوے۔ شیام سنگھ کو دربار دہلی مین مثل اپنے مورث اعلیٰ کے عہدۂ رسالہ داری ملا۔ یہ ہمراہی نواب سعادت علی خان برہان الملک وزیر الممالک صوبہ دار اودھ لکھنؤ مین آئے اور بحکم وزیر الممالک قوم بنجارہ کے رفع فساد کے لیے علاقہ بہرائچ مین تعینات کیے گئے۔ اُنھون نے کمال جانفشانی سے قوم مذکور کے فساد کو دور کیا۔ اُنکی شجاعت اور حسن تدبیر سے نواب سعادت علی خان نہایت خوش ہوے۔ چودھری شیام سنگھ کی دو بیبیان تھین۔ زوجہ اولیٰ سے موہن سنگھ اور زوجۂ ثانیہ سے پریاگ سنگھ

پیدا ہوے۔ شیام سنگھ کی وفات کے بعد موہن سنگھ اکونہ مین رہے اور پریاگ سنگھ اپنے باپ کے بجاے عہدۂ رسالہ داری پر مامور ہوے اور بصلہ حسن خدمات موروثی اور بسفارش نواب اودھ زمینداری پیاگپور پیشگاہ شاہنشاہ دہلی سے بطور معافی عطا ہوئی اور پریاگپور جسکو زمانۂ حال مین پیاگپور کہتے ہین آباد کرکے اُسی مین سکونت اختیار کی۔ پریاگ سنگھ سے چھٹی پشت مین فتح سنگھ ہوے۔ فتح سنگھ کی دو اولادین تھین! اولاد اکبر ہمت سنگھ اور اولاد اصغر سیتارام سنگھ تھے بڑے بیٹے بعد وفات اپنے والد کے قابض ریاست ہوے۔ اُنھون نے نواب آصف الدولہ فرمانرواے اودھ کے متبنیٰ لڑکے کی شادی مین ایک گرانبہا نذرانہ پیش کرکے نواب کے حضور مین رسوخ پیدا کیا اور سنہ ۱۷۸۹ء مین نواب سے چودہ سو چھیاسی موضعون کی سند جسکی جمع ایک ہزار ایک سو ایک روپیہ سے سترہ ہزار آٹھ سو آٹھ روپیہ تک تھی دس سال کے واسطے حاصل کی اور خطاب راجگی بھی پایا! اس سند کے ذریعہ سے جو علاقہ حاصل ہوا اُسمین جزو ریاست نانپارہ و چردہ و دھرم پور (جسکو زمانۂ حال مین دھرماپور کہتے ہین) اور جزو ترائی نیپال بھی شامل تھا۔ ہمت سنگھ نے چردہ کے جنگل کو صاف کرکے اپنی ریاست کو بہت بڑی ترقی دی۔ سنہ ۱۸۰۶ء مین بعض سوء اتفاقات کی وجہ سے دریان سنگھ مالک ریاست گوجھی گنج سخت مصیبت مین مبتلا ہوے اور باہمی منازعت کی وجہ سے اُنکی ریاست کا ایک بہت بڑا حصہ اُنکے قبضہ سے نکل گیا اور ریاست نانپارہ و ہمت سنگھ مالک ریاست پیاگپور و دنیاپت سنگھ پسر سیتارام سنگھ کے مابین منقسم ہوگیا۔ اس ریاست منقسمہ کا وہ حصہ جو گوشۂ شمال و مشرق مین دریاے راپتی و بھکلا ندی کے مابین واقع ہے پیاگپور کے حصہ مین آیا۔ یہ دنیاپت سنگھ ہمت سنگھ کے بھتیجے تھے اور اُنکا مستقر چردہ تھا۔ ہمت سنگھ کے عہد مین مقام دھرم پور اور سچولی مین زیادہ تر بنجارے آباد تھے۔ یہ قوم نہایت سرکش تھی اور ہمت سنگھ کو لگان کے وصول کرنے مین سخت دقتین پیش آتی

تھین ۔جب سنہ ۱۸۰۱ء کے بعد پرگنہ ترائی انگریزی عملداری مین شامل ہوا اور قوم بنجارہ کی غارت گری کا قرار واقعی استیصال ہوگیا تو اس قوم کے اکثر افراد اپنا قدیم مسکن چھوڑ کر اطراف وجوانب مین منتشر ہوے ۔علاقہ گوجھی گنج جو ریاست پیاگپور مین شامل ہوا وہ بالفعل ملہی پور کے نام سے مشہور ہے اور اُسمین تیئیس مواضع شامل ہین ۔علاقہ کی وسعت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ تیس ہزار بگھہ زمین ہمت سنگھ کے عہد مین سیر خود کاشت تھی کیشن پرشاد سنگھ مالک ریاست گنگول نے جو ایکونہ کے خاندان سے تھے بوجہ عداوت خاندانی موقع پاکر ہمت سنگھ کو ہلاک کر ڈالا- سنہ ۱۸۵۶ء تک اس ریاست مین ایک سو چھیاسی خالصہ مواضع شامل تھے ۔اور موضع پیاگپور مع اپنے مضافات کے معافی تھا ۔ہمت سنگھ کی تیسری پشت مین راجہ دلتھمن سنگھ ہوے اُنکے چھوٹے بھائی کا نام رنجیت سنگھ تھا ۔راجہ دلتھمن سنگھ لاولد تھے اسلیے اُنھون نے راجہ نرپت سنگھ اپنے برادر زادہ کو گود لیا ۔نرپت سنگھ کے عہد مین رگھبر دیال چکلہ دار نے اس ریاست کو سخت نقصان پہونچایا بلکہ علاقہ کو بالکل ویران و تباہ کر دیا ۔کرنیل اسٹیبل مین صاحب کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۸۴۹ء مین اس علاقہ مین بہت سی زمین افتادہ تھی ۔چکلہ دار کے ظلم و زیادتی کی وجہ سے ریاست ایسی زیر بار ہوگئی کہ باوجود کوشش بلیغ راجہ نرپت سنگھ اور اُنکے جانشین پھر سرسبز نہوے ۔اسی اثنا مین نرپت سنگھ نے وفات پائی اور اُنکے اکلوتے بیٹے راجہ مہندر بہادر سنگھ مسند نشین ہوے ۔اُنھون نے صرف چار برس حکومت کے بعد انتقال کیا ۔ریاست ہنوز اُسی عالم زیر باری قرضہ مین تھی ۔اُنکے دو بیٹے ہوے ۔راجہ بھوپ اندر بکرم سنگھ اور بھیّا اندر پال سنگھ راجہ بھوپ اندر بکرم سنگھ عنفوان شباب مین سنہ ۱۸۸۲ء مین مسند نشین ریاست ہوے اور نہایت صبر و استقلال کے ساتھ اُن مشکلات کا مقابلہ کیا جو بسبب عرصۂ دراز کی زیر باری کے لاحق تھین ۔آپ نے عین عالم شباب مین جب طبیعت کا مقتضا عیش و آرام کی طرف متوجہ کرتا ہے نہایت سادگی اور کفایت شعاری سے کام لیا ۔علاقہ کی

سرسبزی وآبادانی مین کوئی دقیقہ فروگزاشت نہین کیا۔ رعایاے مفرور کی تالیف قلوب کی۔ اُنکے مکانات کی تعمیر مین ہر قسم کی اعانت دی اور دل کھول کر تقاویان بلاسودی دینا شروع کین۔ پختہ کنوئین بکثرت تعمیر کرائے۔ رفتہ رفتہ علاقہ کی حالت نے ترقی کی۔ سالہا سال کی اُفتادہ زمینون مین زراعت کا سبزہ نظر آنے لگا۔ بالآخر جب کاشتکارون کی حالت قابل اطمینان ہوگئی تو اضافۂ لگان اور ترقی محاصل جو اِن تدبیرون کا لازمی نتیجہ تھا ظہور پذیر ہونے لگا۔ الغرض آپ نے ایسا معقول انتظام کیا کہ چندہی سال کے عرصہ مین کل قرضہ ادا ہوگیا۔ اگرچہ آپ نے آمدنی کی ترقی پر رعایا کی بہبودی کو ہمیشہ مقدم رکھا لیکن پھر بھی جو اصلی مقصود تھا وہ حاصل ہوگیا۔ اسوقت رعایا کی حالت بہرطور قابل اطمینان ہے اور رعایا مرفہ الحال ہے۔ آپ کو رفاہ عام کے کامون کی طرف خاص توجہ ہے چنانچہ آپ نے ۱۸۹۴ء مین اپنے مستقر پیاگپور مین ایک اسپتال بنام کراسٹھویٹ ہسپتال جسکا افتتاح سر چارلس کراسٹھویٹ صاحب کے ہاتھون ہوا تھا قائم کیا۔ ڈفرن فنڈ مین ایک معقول رقم چندہ عنایت کی۔ آپ اُسکے لائف ممبر بھی ہین ریاست کے صدر مقام مین اکثر عالیشان مندر پختہ سڑکین اور بازار اور متعدد کوٹھیان بنوائین پیاگپور کے قریب ایک بہت بڑی جھیل واقع ہے جسمین شکار کھیلنے کے لیے اکثر یوروپین معزز حکام اور ہندوستانی رؤسا تشریف لایا کرتے ہین ریاست کی طرف سے حسب حیثیت وضرورت خاطر تواضع کیجاتی ہے۔ یہ مقام بی۔این۔ڈبلیو ریلوے کا ایک اسٹیشن پیاگپور کے نام سے قائم ہے۔ گورنمنٹ نے آپ کے حسن انتظام وخوش لیاقتی کے سبب سے آپ کو ۱۸۹۶ء مین خطاب سی۔آئی۔ای کا مرحمت فرمایا اور خطاب راجگی موروثی قرار پایا۔ اس ریاست مین گدی نشینی کا رواج قدیم سے چلا آتا ہے۔ آپ جنوار چھتری ہین۔ آپکے صرف ایک فرزند ہے۔ سکونت پیاگپور ضلع بہرائچ۔

بشناتھ سنگھ۔ راجہ مقام پرینڈا۔ ولادت ۱۸۹۴ء۔ خطاب مذکور وراثتی ہے جسکو گورنمنٹ نے بھی ۱۸۷۷ء مین تسلیم کیا تھا۔ آپ دیکھت راجپوت ہین جو اپنے تئین اجودھیا کی سورج بنسی نسل مین بیان کرتے ہین۔ روایت ہے کہ اس خاندان کے راجہ درگ بھان اجودھیا سے ترک وطن کرکے گجرات مین جا بسے جہان اُنکے جانشینون نے درگبنسی کے نام سے شہرت پائی۔ انھین درگبنسیون مین سے ایک شخص کلیان ساہ نے راجہ بکرماجیت کی اطاعت قبول کی اور تقریباً پچاس برس قبل سنہ عیسوی کے دیکھت کے نام سے موسوم ہوا۔ اسکے بعد اُسکے تمام جانشینون نے بھی یہی لقب اختیار کیا۔ بلبھدر دیکھت نے قنوج کے راٹھور راجون کی ملازمت کی اور اپنی حسن خدمات کے صلہ مین باندہ مین ایک جاگیر حاصل کی۔ اُنکے پوتے جسونت سنگھ کے چار بیٹے تھے جنمین دوسرے بیٹے اُودے بھان نے ترک وطن کرکے اودھ مین سکونت اختیار کی اور اُس حصۂ ملک مین آباد ہوے جو بعد کو اس خاندان کے نام سے دکھتیانہ مشہور ہوا۔ یہان اُنھون نے اپنے تئین راجہ مشتہر کیا۔ اُنکی چھٹی پشت مین راجہ روناسنگھ تھے جنکے چھ بیٹے تھے۔ اُنھون نے دکھتیانہ کو باہم تقسیم کرلیا۔ دوسرے بیٹے پناما ل نے پتیورا کو اپنا مستقر قرار دیا۔ یہی راجگان پرینڈا کے مورث اعلیٰ ہین۔ راجہ پناما ل شہنشاہ اکبر کے جنرل محمد امین خان کے ہاتھ سے میدان جنگ مین مارے گئے۔ اُسکے بعد شیوراج پور کے راجہ چندیل نے ملک دکھتیانہ کے الحاق کی تیاریان کین لیکن دکھتیون نے پناما ل کے کمسن بچہ راجہ نربھان کو بلا بھیجا جو اپنی مان کے ساتھ اپنے وطن کو گئے اور فوراً سواحل گنگا پر چندیلون کے مقابلہ کو بڑھے۔ بیان ہے کہ صرف ایک مقابلہ ہوا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ راجہ نربھان نے راجہ چندیل کی پیشانی پر ایک ایسا تیر دوسار کردیا جس سے وہ جانبر نہو سکا۔ اُسکے بعد نربھان نے قصبۂ اُناؤ مین اقامت اختیار کی اور پھر اپنے

باپ کے قلعۂ بتھپورا کی مرمت نہین کرائی۔ اُنکے پوتے راجہ بیر سنگھ دیو نے بیر سنگھ پور آباد کیا مگر اُنکے بیٹے راجہ کرت سنگھ نے وہان بود و باش پسند نہ کی اور قلعۂ پرینڈا تعمیر کیا جہان اُنکے ورثا اور جانشین اسوقت تک بود و باش رکھتے ہین۔ تقریباً سنہ ۱۷۰۰ع مین اُنکے پرپوتے راجہ ہری سنگھ نے علم بغاوت بلند کیا جسکی وجہ سے اُنکا قلعہ چھین لیا گیا اور علاقہ ضبط کر لیا گیا۔ اُنکے جانشین راجہ چندی بخش کو اُنکے اہل برادری نے معزول اور اُنکے بڑے بھتیجے راجہ دیا شنکر کو اُنکی جگہہ پر منتخب اور نامزد کیا۔ راجہ چندی بخش سنہ ۱۸۵۲ع مین فوت ہوے اور راجہ دیا شنکر نے اپنے مقبوضات کو بہت کچھ ترقی دی اور زمانہ غدر سنہ ۱۸۵۷ع مین برٹش گورنمنٹ کی عمدہ خدمت کی۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۸۴ع مین انتقال کیا۔ اُنکے بعد شیو پرشاد سنگھ اُنکے جانشین اور ویکھتیون کے سردار ہوے۔ اُنھون نے اپنے علاقہ کو وسعت دی۔ ۲۲- اپریل سنہ ۱۸۹۹ع کو اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بڑے بیٹے اور ولیعہد کنور شیو دت سنگھ ریاست پر قابض ہوے اور اُسکا نہایت عمدہ انتظام کیا مگر اٹھتیس برس کی عمر مین ۲۷- ستمبر سنہ ۱۹۰۲ع کو اُنھون نے رحلت کی۔ فی الحال راجہ بشناتھ سنگھ اُنکے جانشین ہین۔ آپ بھی حسن انتظام کے اعتبار سے الولد سر لابیہ کے مصداق ہین۔ سکونت موضع پرینڈا تحصیل موہان ضلع اُناؤ۔

منیشور بخش سنگھ - راجہ مقام ملّانپور۔ ولادت سنہ ۱۸۵۰ع۔ اصل مین خاندانی خطاب راو تھا مگر سنہ ۱۸۶۴ع مین راجہ حال کے زمانۂ نابالغی مین اُنکی جانشینی کے وقت برٹش گورنمنٹ نے راجہ کے خطاب سے سرفراز کیا۔ آپ کا تعلق ریکوار خاندان سے ہے جو بونڈی کے ریکوارون سے نکلا ہے۔ اس خاندان کے بانی رتن سنگھ تھے۔ تقریباً سنہ ۱۵۸۰ع مین اس خاندان نے ضلع سیتاپور مین وسیع المقدار اراضی حاصل کی اور آخر کار اپنے علاقہ کو اضلاع کھیری و بہرائچ تک وسعت دی۔ راجہ

نیشور بخش سنگھ ریکوار نے زیر نگرانی کورٹ آف وارڈس بنارس اور لکھنؤ مین تعلیم حاصل کی جسکے زیر اہتمام اُنکا علاقہ مدت تک رہا تھا۔ آپ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل ہین۔ اور آپ کے ایک صاحبزادہ اور جانشین کنور دیبی بخش سنگھ ہین سکونت ملّاپور۔ کھیری۔

کسشن دت سنگھ۔ راجہ مقام اویل۔ ولادت سنہ ۱۸۶۱ع۔ آپ ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۸۷۹ع مین اپنے والد راجا ویل کے انتقال کے بعد وارث ہوے۔ یہ خطاب موروثی ہے۔ ابتداءً سنہ ۱۸۴۹ع مین شاہ اودھ نے اس خاندان کو راجہ کا خطاب عطا کیا تھا اور دسمبر سنہ ۱۸۷۷ع مین برٹش گورنمنٹ نے بھی اُسے تسلیم کیا۔ آپ کا تعلق کھیری کے جنوار خاندان سے ہے جسکی اعلیٰ شاخ کے قائم مقام راجہ اچل سنگھ تعلقدار کیمہرا ہین لیکن سابق راجہ اویل راجہ انردھ سنگھ اپنی دولت وثروت اور لیاقت کی وجہ سے کھیری کے جنوارون کے سرغنہ قرار پائے۔ اصل مین یہ خاندان چوہان راجپوتون کا ہے جسنے سولھوین صدی مین راجپوتانہ سے آکر سادات بہانی کی ملازمت اختیار کی تھی سید جمنی خان کے زمانہ مین سنہ ۱۵۵۳ع مین یہ جنوار کھیری کے چودھری کردیے گئے اور اُنکو اس پرگنہ کی تمام اراضیات پر سوائی باندھنے اور وصول کرنے کے حقوق بھی عطا ہوے۔ اُنکے بعد اُنکے جانشینون نے رفتہ رفتہ اپنے مقبوضات کو اور ترقی دی۔ چودھری پرتاب سنگھ اور اُنکے جانشین راے تھان سنگھ نے بہت سے مواضع کو اپنے مقبوضات مین داخل کیا۔ سنہ ۱۸۳۹ع مین راے امراو سنگھ خاندان کے سرغنہ تھے۔ راے انردھ سنگھ مذکور کے دادا راے بخت سنگھ نے اویل مین ایک نہایت رفیع الشان اور خوشنما مندر تعمیر کرایا۔ راجۂ حال کے ایک صاحبزادہ اور جانشین کنور بلدیو سنگھ ہین۔ سکونت اویل۔ کھیری۔

بھگوان بخش۔راجہ۔ ولادت یکم ستمبر ۱۸۶۲ء۔اس خاندان کا اصلی خطاب راو تھا مگر بعد کو راجہ ہوگیا۔خطاب آخرالذکر کو گورنمنٹ ہند نے موروثی تسلیم کیا ہے۔آپکا خاندان امٹھیا چھتریون کی دوسری شاخ مین ہے ۔ جب ریاست کی تقسیم عمل مین آئی تو رام سنگھ پسر سوم جمدھر سنگھ پوکھرا انصاری پر قابض ہوے۔اُنکی اولاد مین راو امر سنگھ شجاع الدولہ نواب اودھ کی اُس شکست کے وقت جو اُنکو انگریزون نے دی تھی خود مختار ہو گئے تھے۔لیکن یہ خود مختاری چند روزہ تھی۔نواب کی واپسی کے بعد اُنکی ریاست ضبط ہوگئی اور وہ قتل کرڈالے گئے۔راو امر سنگھ کے بیٹے مادھو سنگھ نے اپنی ننہال منکاپور مین پرورش پائی تھی۔اُنکو رزیڈنٹ لکھنؤ کی سفارش پر لاہی اور ایک اور موضع سرکار اودھ نے عنایت فرمایا۔مادھو سنگھ نے لاولد انتقال کیا۔اُسوقت ریاست سخت بدنظمی کی حالت مین تھی۔چند لوگون کی جانشینی کے بعد راجہ سہج رام بخش مالک ریاست ہوے۔اُنکے انتقال کے بعد چیف کمشنر لکھنؤ نے اُنکے والد راجہ امراو سنگھ کو وارث قرار دیا۔آپ راجہ امراو سنگھ کے بیٹے ہین۔اور ۱۸۷۰ء مین اپنے والد کے جانشین ہوے تھے۔آپ نے وارڈس انسٹیٹیوشن آگرہ اور نواب گنج ہائی اسکول مین تعلیم پائی ہے۔آپ کی نابالغی کے زمانہ مین ریاست عرصۂ دراز تک کورٹ آف وارڈس کے انتظام مین رہی۔۱۸۹۱ء سے آپ نے انتظام ریاست اپنے دست خاص مین لیا ہے۔آپ کی ریاست مین تئیس مواضع اور کچھ پٹیان شامل ہین۔اور پچیس ہزار دو سو اسّی روپیہ مالگزاری ہے۔سکونت سونی ضلع بارہ بنکی۔

مولوی سید امجد علی۔شمس العلما۔ ولادت ۱۸۵۳ء۔آپکو یکم جنوری ۱۸۹۷ء کو علوم مشرقی مین تبحر ہونے کے امتیاز مین خطاب مذکور عطا ہوا۔سکونت الٰہ آباد۔



رانا شیوراج سنگھ تعلقدار کھجور گانوں



راجہ محمد کاظم حسین خان تعلقدار بلہرہ

شیوراج سنگھ - رانا - تعلقدار تھلرلی وکھجورگانون - ولادت ۱۸۶۵ء عیسوی بیان ہے کہ جب راجہ سالباہن والی مونگ پٹن نے راجہ بکرماجیت کو شکست دی تو راجہ بکرماجیت نے اپنی دختر کی شادی راجہ سالباہن سے کردی - راجہ سالباہن کی بیسوین پشت مین راجہ ابھے چند گنگا اشنان کو شیوراج پور ضلع فتحپور مین وارد ہوے اُسی اثنا مین راجہ ارگل فتحپور کی رانی بھی مع لڑکی کے گنگا نہانے کے لیے آئی ہوئی تھی - اُسوقت صوبہ دار آلہ آباد نے لڑکی کے چھین لینے کی غرض سے رانی کا محاصرہ کر رکھا تھا - رانی ارگل راجہ ابھے چند سے امداد کی طالب ہوئی - راجہ نے نہایت جوانمردی سے محاصرین کا مقابلہ کر کے رانی کو بچالیا - اس اعانت اور دلیرانہ کارروائی کو سنکر راجہ ارگل بہت خوش ہوے اور اُس لڑکی کی شادی راجہ ابھے چند سے کردی اور ریاست جہیز مین دیدی - راجہ ابھے چند شیوراج پور مین مقیم ہوے اور قوم بہرون کو نیست و نابود کر کے اُنکے علاقون پر قبضہ کرلیا - اُسی وقت سے ریاست بیسواڑہ کی ابتدا شمار کیجاتی ہے راجہ ابھے چند کی دسوین پشت مین راجہ تلوک چند ہوے - اُنکے دو لڑکے تھے - ہرہر دیو و پرتھی چند - چونکہ راجہ تلوک چند سخت بیمار اور زندگی سے مایوس تھے اور اُس حالت مین ہرہر دیو دہلی گئے ہوے تھے اسلیے راجہ تلوک چند نے پرتھی چند کو اپنا جانشین مقرر کردیا - بعدہ جب ہرہر دیو واپس آئے تو راجہ تلوک چند کو بقید حیات پایا مگر چونکہ پرتھی چند راجہ مقرر ہوچکے تھے لہذا راجہ تلوک چند نے ہرہر دیو کو رانائی کا خطاب دیا اُسوقت سے یہ خطاب اس خاندان مین چلا آتا ہے یہ خاندان قوم بیس تلوک چندی شاخ سے بھی مشہور ہے رانا ہرہر دیو کی چودھوین پشت مین رانا رگھوناتھ سنگھ ہوے اُنھون نے ایام غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ برطانیہ کی نہایت نمایان خدمت کی اور اپنی خاندانی ریاستون مین جو بیسواڑہ کے نام سے مشہور ہے گورنمنٹ کے اقتدار قائم رکھنے مین کامیابی حاصل کی اور بٹھور گھاٹ کی تیاری اور حفاظت مین گورنمنٹ کو کافی مدد دی جسکے صلہ مین گیارہ

دیہات جنکی مالگزاری سات ہزار پانچ سو روپیہ ہے منجانب گورنمنٹ آپکی خاندانی ریاست پر اضافہ کیے گئے - آپ راجہ رگھوناتھ سنگھ کے پرپوتے ہین - آپ کے والد رانا شنکر بخش سنگھ (سنہ ولادت ۱۸۳۹ع) اپنے دادا کے بعد وارث ریاست ہوے - اُنکو دربار قیصری یکم جنوری ۱۸۷۷ع مین تمغۂ اعزازی اور ۱۸۸۲ع مین خطاب سی - آئی - ای - اور ۱۸۸۷ع مین خطاب کے سی آئی - ای عطا ہوا - ۱۸۸۶ع مین ایک توپ بھی بغرض سلامی عطا ہوئی - وہ انڈیا کونسل واضع آئین وقوانین کے ممبر تھے اور آنریری مجسٹریٹی اور اسسٹنٹ کلکٹری کے اختیارات بھی حاصل تھے - وہ ۱۸۹۰ع مین لوکل گورنمنٹ کی کونسل واضعان قوانین کے ممبر مقرر ہوے تھے - تعلقداران اودھ مین اُنکی ہمدردی اور دانشمندی مسلمہ تھی - چنانچہ ۱۸۷۷ع مین انجمن تعلقداران کے وائس پریسیڈنٹ اور بعدہ لائف پریسیڈنٹ تھے اور قحط سالی ۱۸۷۷ع مین غربا و مساکین کی فیاضانہ اعانت کی جسکا شکریہ گورنمنٹ کی جانب سے ادا کیا گیا - ۱۸۹۷ع مین اُنھون نے رحلت کی - اُنکے بعد آپ مالک ریاست ہوے - آپ اخلاق وعادات مین اپنے والد کے قدم بقدم ہین - آپ انگریزی مین بقدر ضرورت اور فارسی ہندی مین کافی مہارت رکھتے ہین - آپ ۱۸۹۹ع مین آنریری منصف اور ۱۹۰۰ع مین آنریری مجسٹریٹ مقرر ہوے - اسوقت اس ریاست مین ڈیڑھ سو مواضع شامل ہین اور آبادی تخمیناً ایک لاکھ ہے - آپ کے دو لڑکے ہین لال اوماناتھ بخش سنگھ (ولادت ۲۰ - نومبر ۱۸۸۸ع) اور کنور شمبھو ناتھ بخش سنگھ (ولادت ۱۸۹۰ع) - سکونت کھجور گانوٴن ضلع رائے بریلی -

محمد کاظم حسین خان - راجہ - حضرت ابوبکر صدیق خلیفۂ اول سے آپکا سلسلۂ نسب ملتا ہے - بیان ہے کہ آپ کے مورث اعلیٰ قاضی نصر اللہ خلیفہ بغداد کی جانب سے سلطان شہاب الدین غوری کے واسطے خلعت لیکر آئے جنھین سلطان مذکور

نے اُن کے فضل وکمال کے لحاظ سے امروہہ کا قاضی القضاۃ مقرر کیا اور راجہ پرتھی راج کی تلوار جو بعد فتح دہلی سلطان کے قبضہ مین آئی تھی قاضی صاحب کو مرحمت کی جو اسوقت تک خاندان بلہرہ مین موجود ہے۔ ان کے فرزند قاضی نصرت اللہ عرف شیخ نتھن کو سلطان محمد تغلق نے بھر قوم کے استیصال کے لیے ملک اودھ کو بھیجا جہان راجہ سانڈا بھاری کو اُنھون نے مغلوب کر کے پوری ریاست پر قبضہ کر لیا اس فتح نمایان کے صلہ مین راجہ کا علاقہ سلطان دہلی نے اُنکو عطا کر دیا۔ انکی چوتھی پشت مین داؤد خان تھے جنکو جلال الدین اکبر شہنشاہ ہند نے نوابی اور خان بہادری کے خطاب سے ممتاز اور افواج شہنشاہی کی سپہ سالاری پر سرفراز فرمایا اُنھین کی نسل مین تعلقہ داران بلہرہ پینتے پور محمود آباد و بھٹوا مئو وغیرہ ہین یہ کالنجر کی جنگ مین قلعہ کے پھاٹک پر پہونچکر مقتول ہوے۔ اُن کی جانفروشانہ خدمات کے صلہ مین شہنشاہ نے اُن کے فرزند محمود خان کو آبائی خطابات اور عہدۂ فوجداری جونپور عطا کیا قصبۂ محمود آباد اُنھین کا آباد کیا ہوا ہے اُنکے انتقال کے بعد اُن کے جانشین فرزند بازید خان نے کل ریاست آبائی کو تین حصون پر منقسم کیا۔ ایک حصہ پر خود قابض رہے اور دو حصہ اپنے دو بھائیون کو تقسیم کیے۔ شہنشاہ جہانگیر کے پیشگاہ سے اُنکو اُن کی خاندانی وجاہت کے لحاظ سے عمدۃ الموالی غضنفر الدولہ امیر الملک نواب بازید خان بہادر مظفر جنگ کا خطاب اور ایک تلوار مرحمت ہوئی۔ اُن کے تین بیٹون مین عنایت خان بلہرہ پر۔ فتح خان صدر اوان پر اور ہدایت خان محمود آباد پر قابض ہوے عنایت خان کے پوتے مرحمت خان کو شہنشاہ فرخ سیر کی جانب سے چھ پرگنون کی چودھرایت عطا ہوئی۔ اُنکے چار بیٹون مین سے دوسرے فرزند محمد امام خان رئیس بلہرہ نے نواب معز الدین خان رئیس لکھنؤ کی اُس تاریخی جنگ مین مدد کی جو اُنسے اور راجۂ رام نگر سے مقام چھولہا گھاٹ مین واقع ہوئی تھی اُسکے بعد سے نواب موصوف کے خاندان سے سلسلۂ

قرابت شروع ہوا۔ اُن کے دو بیٹون مین خلف اکبر محمد اکرام خان کی شادی ہدایت اللہ خان رئیس محمود آباد کی دختر خُرد سے ہوئی جو اپنے خسر کے انتقال کے بعد اُن کی اولاد نرینہ نہونے کی وجہ سے مالک ریاست محمود آباد ہوے اور خلف اصغر مظہر علی خان اپنے والد کے ارتحال کے بعد مالک و جانشین ریاست بلہرہ ہوے جنکا عقد ہدایت اللہ خان رئیس محمود آباد کی نواسی یعنے بڑی بیٹی کی لڑکی کے ساتھ ہوا۔ اُنکی وفات کے بعد اُنکے بیٹے امیر علی خان مالک ریاست آبائی ہوے۔ یہ نواب آصف الدولہ نواب وزیر اودھ کے ہمراہ جنگ روہیلہ مین شریک ہوے تھے۔ اُنکے دو بیٹے راجہ عباد علیخان اور راجہ نواب علیخان تھے جو نواب معزالدین خان رئیس لکھنؤ کی بھتیجی کے بطن سے پیدا ہوے تھے۔ اول الذکر مالک ریاست بلہرہ اور آخرالذکر مالک ریاست محمود آباد ہوے۔ راجہ عباد علی خان ۱۲۶۹ھ مین پیشگاہ شاہ اودھ سے خلعت فاخرہ سے مخلع اور راجہ کے خطاب سے مخاطب ہوے اور تعلقہ حضور تحصیل کیا گیا۔ اُنکی شادی نواب شہامت علیخان خلف نواب معزالدین خان کی ایک بیٹی کے ساتھ ہوئی جنکے بطن سے راجہ کاظم حسین خان متولد ہوے اور دوسری دختر کی شادی راجہ نواب علیخان کے ساتھ ہوئی جنکے فرزند راجہ سر محمد امیر حسن خان بہادر کے۔سی۔آئی۔ای والی ریاست محمود آباد ہین۔ باعتبار رشتہ کے راجہ صاحب محمود آباد اور راجہ کاظم حسین خان صاحب تعلقہ دار بلہرہ حقیقی عمزاد اور خالہ زاد بھائی ہین۔ راجہ عباد علی خان نے اپریل ۱۸۷۱ء مین انتقال کیا اور راجہ کاظم حسین خان بیس سال کی عمر مین ریاست آبائی پر قابض ہوے۔ آپ نے ریاست بلہرہ کے انتظامی نقائص کو دور اور اُسکو بار قرض سے سبکدوش کیا۔ آپ کی مخالفت مین کچھ معاندین نے جعلی مقدمات قائم کیے جس مین چار برس تک مقدمہ لڑنے کے بعد آپ بخوبی کامیاب اور مخالفین سزایاب ہوے آپ نے گورنمنٹ انگلشیہ کے احکام اور قوانین مجریۂ وقت کے نفاذ کا اور رعایا

ومزارعین کے حقوق کا ہمیشہ لحاظ رکھا۔ آپ کی خوش انتظامی اور حسن لیاقت اور تاج کی وفاداری کی وجہ سے گورنمنٹ نے ۴۔ دسمبر ۱۸۷۷ء کو اعلان عام کے ذریعہ سے آپ کو راجگی اور خان بہادری کے موروثی خطاب کا مستحق قرار دیا۔ ۱۸۸۷ء مین ایکٹ ۲۲ کے نفاذ مین آپ نے گورنمنٹ کو قیمتی مدد دی جسکے جلدو مین آپکو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات مرحمت ہوے۔ آپنے اپنی بیدار مغزی سے تعلقہ کو بہت کچھ وسعت دی ہے بلکہ کئی تعلقہ اور اکثر مسلم دیہات ریاست مین اضافہ کیئے ہین۔ دربار گورنری مین آپکی کرسی کا بیسوان نمبر ہے۔ آپ ایک پابند صوم وصلوۃ اور محب اہلبیت رئیس ہین آپ کے ایک فرزند اور جانشین محمد قائم خان عرف ابوالحسن خان ہین سکونت بلہرہ۔ ضلع بارہ بنکی۔

رام سنگھ۔ جودیو۔ راجہ رام پورہ ضلع جالون۔ ولادت ۱۶۔ اکتوبر ۱۸۶۰ء آپ سورج بنسی خاندان اور مشہور کچھواہہ راجپوتونکی نسل سے ہین۔ وجہ تسمیہ اس نام کی یہ ہے کہ راجگان رگھبنس مین کورم نامے راجہ کی اولاد سے ایک راجہ بنام سوم ہوا تھا جسنے کچھ بھوج مین حکمرانی کی تھی۔ اُسوقت سے اُسکی اولاد کچھواہہ کہلائی۔ آپکا سلسلۂ نسب راجگان جے پور سے ملتا ہے۔ کچھواہہ راجپوتون مین ایک راجہ بنام نل گزرا ہے جسنے قلعۂ نرور تعمیر کرایا۔ کئی پشت کے بعد راجہ سورت پال نے قلعۂ گوالیار کی بنیاد ڈالی عرصۂ دراز تک یہ خاندان مشترکہ طور پر حکمران رہا۔ مگر سمت ۱۲۹۱ بکرمی مین علاقہ باہم تقسیم ہوگیا اور ریاست کچھواہہ گھار کے راجہ بھون پال مالک ہوے۔ راجہ بھون پال کی اولاد مین راجہ رام ساہ نے رام پورہ آباد کیا اور قلعہ تعمیر کرایا۔ ۱۶۱۹ء مین ایک جاگیر دو لاکھ روپیہ سالانہ کی اس خاندان کو دربار دہلی سے عطا ہوئی۔ مگر اُن مقبوضات کا بڑا حصہ مہاراجہ سیندھیا نے چھین لیا۔ اُسوقت سے صرف ۲۰ مواضع جاگیر مذکور کے اس

خاندان کے قبضہ مین رہگئے سنہ ۱۸۴۲ء مین جب راجہ مان سنگھ خلف راجہ مادھو سنگھ جانشین ریاست ہوئے اُسوقت یہ علاقہ قلمرو برطانیہ مین شامل ہوا غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین راجہ مان سنگھ نے سرکار برطانیہ کی نہایت نمایان خدمات انجام دین جسکے صلہ مین گورنمنٹ برطانیہ نے ایک بیش قیمت خلعت وسند عطا فرمائی سنہ ۱۸۷۳ء مین راجہ مان سنگھ نے انتقال کیا۔ آپ راجہ صاحب موصوف کے تبنیٰ بیٹے اور جانشین ہین آپ اُن کی وفات کے وقت نہایت صغیر سن تھے سنہ ۱۸۸۸ء مین کاروبار ریاست آپ نے دیکھنا شروع کیا۔ آپکی گورنمنٹ عالیہ برطانیہ مین نہایت عزت وتوقیر ہے ضلع جالون مین درجۂ اول وقسمت الہ آباد مین درجۂ دوم کے کرسی نشین ہین۔ آپکے ہمراہیان ایکٹ اسلحہ کی دفعات ۱۳ و ۱۶ سے مستثنیٰ ہین اور آپکو دو توپین رکھنے کا اختیار حاصل ہے۔ آپ درجۂ سوم کے آنریری مجسٹریٹ ہین۔ آپکی ریاست کا رقبہ ۲۱ میل مربع ہے اور مردم شماری ۷۰۴۵۱۔ مالگزاری سرکار ہمیشہ سے معاف چلی آتی ہے خطاب راجہ موروثی وقدیمی ہے۔ سکونت رامپورہ پرگنہ جالون۔

کشن کنور۔ رانی مقام رامپور۔ ولادت ستمبر سنہ ۱۸۵۷ء۔ خطاب موروثی ہے راجۂ رام پور شمالی ہند کے راٹھور راجپوتون کے مسلمہ سردار تھے۔ یہ خاندان آخری راٹھور راجۂ قنوج مشہور جے چند کی نسل مین ہے جو سنہ ۱۱۹۱ء مین اُسوقت قتل کر ڈالے گئے تھے جب شہاب الدین غوری نے سلطنت قنوج کو زیروزبر کردیا تھا۔ مہاراجۂ جودھپور اور مہاراجہ بیکانیر جے چند کے خلف اکبر کی نسل مین ہین جو پہلے راٹھور خاندان کے سردار تھے اور راجہ رام پور اُن کے فرزند دوم جے پال کی اولاد مین ہین۔ جے پال کی پانچوین پشت مین پرجن پال تھے۔ اُنھون نے ترک وطن کیا اور قنوج سے آکر کھور مین آباد ہوئے جہان انکا خاندان کئی پشتون تک راجہ دیو جے پال

کی چودھوین پشت مین تھے۔ان پر سلطان التمش نے حملہ کیا اور بارہ برس کے محاصرہ کے بعد اُنھین نکالدیا۔کرن سنگھ آٹھ پشتون تک ضلع بدایون مین متوطن رہے۔ اُن کے پرپوتے راجہ پرتاب رُدر نے نواب فرخ آباد کی سرکار سے اُن خدمات کے جلدو مین علاقہ حاصل کیا جو اُنھون نے روہیلون کے مقابلہ مین نواب موصوف کے لیے انجام دی تھین آخر کار راجہ رام سہاے نے جو شجرۂ خاندانی مین جے پال سے اٹھائیسوین پشت مین ہین رام پور واقع ایٹہ کو اپنا خاندانی مستقر قرار دیا جہان اُنکا خاندان اسوقت تک موجود ہے۔نواب کی سلطنت پر برٹش کا قبضہ ہونے کے وقت نول سنگھ رام پور کے راجہ تھے۔اور اُنکے پوتے راجہ رام چندر سنگھ موجودہ رانی کے شوہر تھے۔اُنھون نے ۲۰-مئی ۱۸۸۳ء کو انتقال کیا اور اپنی بیوہ رانی حال کو اپنا جانشین چھوڑا آپکے ایک پوتے اور وارث ریاست مسمّیٰ لال جگموہن سنگھ ہین جنکی ولادت ۱۸۷۷ء مین واقع ہوئی تھی۔سکونت اعظم نگر ایٹہ۔

جانکی کنور۔رانی مقام پرسپور۔ولادت ۱۸۳۹ء۔خطاب موروثی ہے۔ آپ ۱۶-جون ۱۸۷۸ء کو اپنے شوہر راجہ رندھیر سنگھ کے انتقال کے بعد وارث ریاست ہوئین جو چھیدوارہ کے چھ ٹھاکرون کے سردار اور اس گھرانے کے افسر خاندان تھے جو الحاق اودھ کے زمانہ کے قبل تمرد و سرکشی مین مشہور تھا۔یہ اپنے تئین اچل نرائن سنگھ کے فرزند دوم مہاراج سنگھ کی نسل سے بیان کرتے ہین جو کھراسا کے کلھن راجاؤن کی نسل مین تھے۔اس خاندان کے ایک وارث نول سنگھ نے راجہ کا خطاب اُسوقت حاصل کیا تھا جب وہ شہنشاہ دہلی کے دربار مین باریاب ہوے تھے اور یہ خطاب راجہ رندھیر سنگھ کے زمانہ سے موروثی تسلیم کیا گیا ہے۔رانی حال کے فرزند اور جانشین بکرم سنگھ ہین۔سکونت پرسپور گونڈہ۔


جے بنس کنور - رانی کیتھولہ - ولادت سنہ ۱۸۴۹ع - خطاب موروثی ہے رئیس کیتھولہ کنھپوریہ خاندان کے سردار ہین جو کانھ کے خلف اکبر ساہس کے قائم مقام سمجھے جاتے ہین - ان سے راجہ مہیش بخش مقام کیتھولہ تک بیس پشتین ہوئی ہین راجہ مذکور نے سنہ ۱۸۸۱ع مین انتقال کیا اور کوئی فرزند نرینہ وارث نہین چھوڑا - کچھ زمانہ تک علاقہ گورنمنٹ کے زیر اہتمام رہا مگر اب رانی حال بیوۂ راجہ مرحوم کے قبضہ مین ہے - سکونت کیتھولہ پرتابگڈھ -

رام دین - راے بہادر - ولادت سنہ ۱۸۳۸ع - آپکا تعلق اُس قدیم کُرمی خاندان سے ہے جو کئی صدی قبل قنوج سے آکر مقام پیلا مین آباد ہوا تھا - آپکے والد راے تولارام بہادر کو ایام غدر کی خیرخواہانہ خدمات کے جلدو مین راے بہادر کا خطاب اور باغی راجہ سون سنگھ تعلقدار متھولی کے ضبط شدہ علاقہ کا ایک حصہ جسمین تعلقہ پیلا دکن پور شامل ہے عطا ہوا - آپ کے والد کی خیرخواہی اور وفاداری زمانۂ غدر کے لحاظ سے ۱۲ فروری سنہ ۱۸۷۳ع کو گورنمنٹ ہند نے آپ کو راے بہادر کے خطاب سے معزز وممتاز کیا - اس علاقہ کے متعلق اسوقت چوبیس مواضع آپ کے قبضہ مین ہین جنکی آمدنی دس ہزار روپیہ سالانہ ہے - سکونت نیمگاؤن تعلقہ و پرگنہ پیلا ضلع کھیری -

ہیت رام - پنڈت - سی - آئی - ای - یکم جنوری سنہ ۱۸۸۴ع کو آپ کو خطاب سی - آئی - ای - عطا ہوا - آپنے عرصۂ دراز تک بحیثیت دیوان ریاست ریوان نہایت قابلانہ خدمات انجام دی ہین - فی الحال بریلی مین آنریری مجسٹریٹ ہین - سکونت بریلی -



راجہ اودے پرتاب سنگھ سی ایس آئی تعلقدار بھنگا



راجہ کہری سنگھ رئیس کھریہ ضلع اٹاوہ

اودے پرتاب سنگھ - سی - ایس - آئی - راجہ بھنگہ - ولادت ۲ - ستمبر سنہ ۱۸۵۰ع -

آپ ۲۴ - اپریل سنہ ۱۸۸۴ع کو اپنے والد راجہ کشن دت سنگھ کے انتقال کے بعد ریاست بھنگہ پر قابض ہوے - آپ کا تعلق بسین راجپوتون کے خاندان سے ہے - یہ گونڈہ کے بسینون کی ایک چھوٹی شاخ ہے اور راجہ رام سنگھ فرزند دوم بھوانی سنگھ کی نسل سے ہے - بہرکیف جب راجہ گونڈہ کا خطاب معدوم ہوگیا تو آپ اس خاندان کے اعلیٰ قائم مقام قرار پائے - اس خاندان کی بڑی شاخ کے تمام مقبوضات و مملوکات غدر کے بعد بجرم بغاوت ضبط کر لیے گئے - اس خاندان کے پہلے مورث اعلیٰ پرتاب سنگھ ایک گانون کے زمیندار تھے اور پھر پرگنہ کھراسا کے چودھری ہو گئے لیکن جب راجہ اچل نرائن سنگھ زمیندار کھراسا نے قضا کی تو پرتاب سنگھ اُس طوفان بے تمیزی اور بدعملی کے زمانہ مین جو اُسوقت برپا تھی ہندو جماعت کے سرگروہ اور قائم مقام ہو گئے - پرتاب سنگھ کے سلسلۂ نسب مین مان سنگھ تیسرے تھے جو سب سے پہلے راجہ کے لقب سے ملقب ہوے - انھون نے موجودہ قصبۂ گونڈہ کی بنیاد ڈالی جہان اُس زمانہ مین ایک گنجان جنگل تھا - بیان ہوا ہے کہ سنہ ۱۶۱۸ع مین شہنشاہ جہانگیر کو مرزا علی بیگ جاگیردار کھراسا کی زبانی دریافت ہوا کہ مان سنگھ زمیندار گوہانی نے ایک نہایت اعلیٰ درجہ کا ہاتھی ترائی کے جنگل سے پکڑا ہے - پس اُنھون نے حکم دیا کہ زمیندار اور اُسکا ہاتھی دونون دربار مین طلب کیے جائین - نتیجہ یہ ہوا کہ ہاتھی تو شہنشاہی فیلخانہ مین داخل کیا گیا اور اُسکے معاوضہ مین مان سنگھ زمیندار راجہ کے خطاب سے سربلند کیے گئے - اسکے بعد راجہ نے جلد تر گوہانی کی سکونت ترک کر کے ایک نئے دارالصدر کی بنیاد ڈالی اور اُسکا نام گونڈہ رکھا - اس خاندان کی تاریخ مین سب سے زیادہ تابناک زمانہ راجہ رام سنگھ کے وقت سے شروع ہوا - اُنھون نے خاندانی جاگیرون کو بے انتہا ترقی دی - راجہ رام سنگھ کے دو بیٹے ہوے جنکے نام دت سنگھ اور بھوانی سنگھ تھے - راجہ رام سنگھ کے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے راجہ دت سنگھ وارث ریاست ہوے جنکے کارنامے اور فتوحات

مشہور عام ہین - اُن مین سب سے زیادہ مشہور جنگ وہ ہے جو علادل خان کے ساتھ ہوئی جسے جدید صوبہ دار نواب سعادت خان نے آنزوے گھاگھرا کی تعلقہ ہون کا ناظم مقرر کیا تھا - یہ ناظم جنگ سرنگ پور مین مارے گئے - آخر کار راجہ وت سنگھ سے اور سلطنت اودھ سے مصالحت و موافقت ہوگئی اور اُنکے علاقے ایک جداگانہ ریاست کی صورت مین کر دیے گئے - اُسوقت اُنھون نے اپنے چھوٹے بھائی بھوانی سنگھ کو بھنگہ مین بھیجدیا جھون نے پرگنۂ مذکور کے اُن تمام حصون پر جو راپتی اور جنگل کے مابین واقع ہین اُسی طرح بزور شمشیر قبضہ کیا جس طرح ترائی کے ایک وسیع رقبہ پر متصرف ہوگئے تھے جو دریا کے شمالی ساحل پر واقع ہے - سنہ ۱۸۱۶ء تک یہ علاقہ بہو بیگم صاحبہ کی جاگیر مین شامل تھا - راجۂ حال بھوانی سنگھ کی چھٹی پشت مین ہین - آپ ۳ - جنوری سنہ ۱۸۹۳ عیسوی کو خطاب کمپینین آف دی موسٹ اگزالٹڈ آرڈر آف دی اسٹار آف انڈیا سے ممتاز ہوے - آپ نے وارڈ انسٹیٹیوشن لکھنؤ مین تعلیم حاصل کی - آپ نے ایک کتاب موسومہ "سلطنت جمہوری ہندوستان کے مناسب حال اور موزون نہین ہے،، تصنیف کی - آپ الہ آباد یونیورسٹی کے فیلو ہین - سکونت بھنگہ - ضلع بہرائچ -

کیہری سنگھ جو دیو - راجہ - ریاست بھر ہیہ کی بنیاد سمت ۱۰۵۲ سے پڑی ہے - آپ کے مورث اعلیٰ مہاراجہ بشوک نے مہاراجہ جے چند والی قنوج سے اٹھارہ لاکھ کی جاگیر جہیز مین حاصل کی تھی - مہاراجہ بشوک قدیم متوطن دھار اور اسوک جو دیو والی دھار کے بھائی تھے اُن کی پانچوین پشت مین یہ راج پانچ حصون پر منقسم ہوگیا - مہاراجہ گندیو جیو بہادر کے پانچ فرزند تھے - فرزند اکبر مرجاد دیو ریاست بھر ہیہ مین مسند نشین ہوے - باقی چار لڑکے راج جگمن پور - راج رُورُو - راج کرداوٹ اور راج نکھٹ پٹی پر مالک و قابض ہوے اُس زمانہ سے علاقہ بھر ہیہ ایک جداگانہ ریاست رہتا آیا - اس راج مین

مہاراجہ روپ سنگھ کے عہد مین چھپن موضع تھے مگر اُنکی بدانتظامی سے مقروض ہوکر نیلام ہوے اور صرف اٹھارہ موضع رہ گئے جسکی آمدنی بائیس ہزار روپیہ ہے اور توفیر آٹھ ہزار روپیہ سالانہ ہے - تقریباً دو برس کا عرصہ ہوا روپ سنگھ نے انتقال کیا اور اُنکے فرزند مہاراجہ کیہری سنگھ جو دیو مسند نشین ریاست ہوے - آپ خوش سلیقہ اور منتظم رئیس ہین اور ریاست کی ترقی کی فکر مین مصروف رہتے ہین - اس ضلع مین آپ کا دوسرا نمبر ہے اور اپنے ہم چشم چارون بھائیون کی ریاستون مین آپکا درجہ اعلیٰ ہے - سکونت ریاست بھریہہ ضلع اٹاوہ

بیدسرن کنور - رانی - اگوری برہر - ولادت سنہ ۱۸۵۱ء - یہ خطاب آپ کا موروثی ہے - آپ راجہ کیشوسرن ساہ کی بیوہ ہین - چونکہ راجہ نے سنہ ۱۸۷۱ء مین لاولد انتقال کیا اسلیے اُنکی بیوی اُنکی جانشین ہوئین - یہ خاندان چندیل راجپوتون کا ہے اور بیان کیا جاتا ہے کہ مہوبہ بندیلکھنڈ کے پرمال اور برمال کی نسل سے ہے - کئی سو برس ہوے کہ خاندان بالندس کے فرقہ کہروار کے راجہ مدن کی ملازمت اُنھون نے اختیار کی اور چندروز بعد اپنے مالک کو قتل کر کے اُسکے ملک کو تین حصون مین جنکے نام برہر - بجےگڈھ اور برڈی واقع ریوان ہین منقسم کر دیا اور اُنپر قابض ہو گئے - تقریباً ایک صدی تک ان حصون پر غاصبین حکمران رہے لیکن سنہ ۱۲۹۰ء مین جلاوطن بالندون نے فوج جمع کی اور قلعہ اورایوان اگوری پر شبخون مار کر اپنا علاقہ پھر واپس لے لیا - فاتحین نے نسل چندیل کے جنس ذکور مین حتی الامکان ایک متنفس کو بھی زندہ نہین چھوڑا مگر مفتوح چندیل راجہ کی ایک رانی نے بھاگ کر جنگل مین پناہ لی تھی اور چونکہ وہ پہلے سے حاملہ تھی اسلیے وہین اُسکے ایک فرزند نرینہ پیدا ہوا جسکا اُورندیو نام رکھا گیا - یہ ہونہار بچہ جب سن تمیز کو پہنچا تو راجہ کنتت نے اُسکے ساتھ اپنی دختر کی شادی کر دی اور بہت روپیہ اُسکو اس علاقہ کے دوبارہ حاصل کرنیکے لیے دیا - اُورندیو اس مہم مین کامیاب ہوے اور سنہ ۱۳۱ء کے قریب

بالندون کو اُس ملک سے نکال دیا - اُورندیو کے وقت سے ۱۷۴۵ء تک کوئی تاریخی واقعہ نہین گزرا - ۱۷۴۴ء مین راجہ بلونت سنگھ نے قلعۂ اگوری چھین لیا اور اُسوقت کے حکمران راجہ شمبھو ساہ کو خارج کر دیا - ۱۷۸۱ء مین وارن ہیسٹنگس صاحب گورنر جنرل ہند کے حکم سے عدل ساہ کو جو شمبھو ساہ کے پوتے تھے یہ ریاست واپس ملی اور اُنکے واسطے آٹھ ہزار ایکروپیہ سالانہ الاؤنس مقرر ہوا - ۱۷۸۹ء مین لارڈ کارنوالس صاحب کی گورنمنٹ نے الاؤنس کی موقوفی کا حکم دیا لیکن مسٹر ڈنکن صاحب کی تحریر سے صرف چار ہزار قائم رہا - ۱۸۰۳ء مین الاؤنس مذکور کی پوری تعداد پھر ملنے لگی اور یہ راے ظاہر کی گئی کہ راجہ عدل ساہ کی وفات کے بعد اُنکی ریاست راجۂ بنارس کو دیدیجائے - رن بہادر ساہ عدل ساہ کے جانشین ہوے مگر غالباً اُن انتظامات کی وجہ سے جو ۱۷۹۴ء مین عمل پذیر ہوے تھے اور جنھون نے راجہ بنارس کے حقوق کو خاص جاگیرات و خاندانی مقبوضات تک محدود رکھا تھا یہ ارادہ پورا نہین ہوا اور ریاست اسی خاندان مین قائم رہی - ۱۸۵۲ء مین راجہ رگھوناتھ ساہ نے رحلت کی اور ریاست کا انتظام کورٹ آف وارڈز کے سپرد ہوا - راجہ رگھوناتھ ساہ نے دو شیر خوار فرزند چھوڑے اُنمین سے ایک بچپن ہی مین مرگیا - دوسرے فرزند راجہ کیشو سرن ساہ نے ۱۸۶۹ء مین اپنی ریاست پر قبضہ حاصل کیا مگر افسوس اُنھون نے زیادہ عرصہ تک اس قبضہ سے تمتع نہین اُٹھایا اور مارچ ۱۸۷۱ء مین رہگراے عالم بقا ہوے - رانی بیدسرن کے جانشین جگناتھ پرشاد سنگھ ساکن جم گانون ہین - آپ بابو بھوپال سنگھ برادر راجہ عدل ساہ کی نسل سے ہین - فی الحال آپ کی عمر چھیالیس سال کی ہے - اس ریاست مین چار سو ستاسی دیہات ہین جو اگوری برہر اور سنگرولی کے پرگنون مین واقع ہین - ریاست کا رقبہ دو لاکھ اڑتالیس ہزار نو سو چھ ایکڑ ہے - سکونت راجپور - ضلع مرزاپور -

سرفراز بیگم - رانی - تعلقدار بہادر نگر بہرائچ - ولادت ۱۸۶۶ء - آپ ۲۸ - نومبر

سنہ ۱۸۹۵ع کو وارث ریاست قرار پائیین - راجہ یا رانی کا خطاب موروثی ہے - سکونت بہرائچ -

زیب النسا - رانی جہانگیر آباد - ولادت ۲۸ - اکتوبر سنہ ۱۸۵۵ع - آپ ۷ - اپریل سنہ ۱۸۹۱ع کو اپنے والد راجہ فرزند علیخان کی جانشین ہوئین - آپ کے والد مرحوم کو یہ خطاب آخری شاہ اودھ واجد علی شاہ کی سرکار سے عطا ہوا تھا جسے برٹش گورنمنٹ نے بھی نسلاً بعد نسل اور موروثی خطاب تسلیم کیا ہے - تعلقۂ جہانگیر آباد کے مالک و قابض راجہ رزاق بخش تھے جنکی اولاد ذکور نہونے سے یہ علاقہ اُن کے داماد راجہ فرزند علیخان کے قبضہ مین آیا - یہ سکندر باغ لکھنؤ کے قائم مقام داروغہ تھے - الحاق اودھ سے تقریباً تین برس قبل ایک اتفاقیہ واقعہ سے اُنکی کامیابی کا ابتدائی زمانہ شروع ہوا - ایک مرتبہ حسب اتفاق شاہ واجد علی شاہ سکندر باغ کی سیر کو تشریف لے گئے وہان اُنکی نظر اِنپر پڑی انکو ایک وجیہ اور خوشرو جوان دیکھکر انکے لیے خلعت کا حکم دیا اور حاضری دربار کی ہدایت کی - الطاف و نوازش خسروانہ کی اس بدیہی علامت کی وجہ سے فرزند علی کی ترقی کی رفتار تیز ہو گئی اور ایک موثر خواجہ سرا بشیر الدولہ کی سفارش سے اُنکو ایک فرمان عطا ہوا جسکے رو سے یہ راجۂ جہانگیر آباد قرار دیے گئے - فرزند علیخان دربار شاہی مین برابر حاضر رہا کرتے تھے اور سنہ ۱۸۵۶ع مین بادشاہ اودھ کے ساتھ لکھنؤ سے کلکتہ کو بھی گئے تھے جہان کچھ دنون اُنکے ساتھ قیام کیا تھا - زمانۂ غدر مین اُنھون نے ابتدا ہی مین اظہار اطاعت کیا تھا - سنہ ۱۸۶۰ع مین اُنکو اُنکے حدود ریاست کے اندر اسسٹنٹ کلکٹری کے اختیارات عطا ہوے - راجہ فرزند علیخان کا وارث و جانشین کوئی فرزند نرینہ نہ تھا - اُنکی دختر رانی زیب النسا کی شادی راجہ تصدق رسول سی - ایس - آئی - کے ساتھ ہوئی جو اپنے خسر اور چچا کے جانشین اور تعلقدار قرار پائے اور ۲ - جنوری سنہ ۱۸۹۳ع کو بطور ذاتی اعزاز کے راجہ کے خطاب سے سرفراز کیے گئے - سکونت جہانگیر آباد - ضلع بارہ بنکی -

گوبند پرشاد بھارگو۔ بابو۔ ایم۔ ایس۔ ای۔ ولادت ۱۸۷۶ء۔ آپ بابو رام سیوک مرحوم کے فرزند اور منشی نولکشور سی۔ آئی۔ ای۔ کے بھتیجے ہین۔ آپ کو ابتدا ہی سے انجنیرنگ کامون سے دلچسپی تھی اور ہرچند آپ نے باقاعدہ انجنیری کا امتحان پاس نہین کیا مگر اسمین آپ نے جو تجربہ اور کمال پیدا کیا ہے وہ کارخانہ لکھنؤ آئرن ورکس کی ترقی کن حالت سے ظاہر ہے جسکے آپ جنرل منیجر ہین۔ لکھنؤ بطور تجارت گاہ آہن کے کوئی عمدہ مقام نہین ہے مگر آپ کی سعی اور کوشش سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ انسان اپنی محنت۔ مصروفیت اور شوق وہمت سے بہت کچھ کرسکتا ہے۔ سنہ ۱۹۱۰ء مین آپ لندن کے انجنیرون کی سوسائٹی کے ممبر (ایم۔ ایس۔ ای) منتخب ہوے۔ آپ ایک ہونہار اور خلیق نوجوان ہین اور چونکہ صنعت وحرفت سے ہر ملک کی بہت کچھ بہبود اور سرسبزی متصور ہے لہذا امید ہے کہ آپ کی ذات سے ان صوبجات کی تجارت اور حرفت وصنائع کو خاص فائدہ پہونچیگا۔ سکونت لکھنؤ۔

درگاپرشاد۔ کنور۔ تعلقدار سندیلہ۔ آپ قوم کے کائستھ سری باستب کھرے ہین۔ اس خاندان کے بزرگون کا اول مسکن کھراسا ضلع گونڈہ تھا۔ آپ کے جد اعلیٰ راے پورن چند نے سیالک ضلع نواب گنج بارہ بنکی مین آکر قیام کیا جہان اُنھون نے قصبۂ پورنیہ اپنے نام سے آباد کیا جو ابتک موجود ہے۔ راے پورن چند کے فرزند راے کھیم چند نے حضرت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی ڈیوڑھیات کی دیوانی حاصل کی اور بہت بڑے صاحب دولت وجاہ ہوے اُنھون نے پانڈے جگ کی جسمین نومن سونا خیرات کرکے خطاب نومنیا پانڈے حاصل کیا۔ راے کھیم چند نے اپنی استقامت فتحپور بسوان مین منتقل کی۔ راے پرمانند نے شاہجہان بادشاہ کے وقت مین علاوہ منصب کے متھرا مین ایک جاگیر بھی حاصل کی۔ اسکے بعد اس خاندان کے اکثر ارکان دربار دہلی مین اعلیٰ مناصب پر ممتاز رہے۔ احمد شاہ بادشاہ کے عہد مین جب نواب صفدر جنگ صوبہ دار اودھ مقرر ہوے تو وہ راے ماکھن لال کو ساتھ لائے جو آپ کے جد چہارم تھے۔



کنور درگا پرشاد رئیس سندیلہ ضلع ہردوئی



بابو گوبند پرشاد ایم-ایس-ای رئیس لکھنؤ

نواب شجاع الدولہ بہادر کے وقت مین راے کنورسین خلف راے ماکھن لال چکلہ داری سندیلا
پر معزز وممتاز ہوے اور اُسی وقت سے سندیلہ مین مستقلاً استقامت اختیار کی - راے جلیسکھ رام
برادر زادہ کنورسین نواب آصف الدولہ بہادر کے عہد مین کل ممالک محروسہ کی واصلباقی
کے عہدہ پر مامور ہوے - بعد ازان نواب سعادت علیخان بہادر کے عہد مین عہدۂ دیوانی
پر ترقی حاصل کی اُسی زمانہ مین ریاست سروین بڑاگانون پیدا کی اور بادشاہ سے اُسکا
استمراری پٹہ پایا - اُنکے چھوٹے بھائی گوردھن لال سندیلہ - ملیح آباد وغیرہ کے چکلہ دار تھے
اُنکو حضرت غازی الدین حیدر بادشاہ اودھ نے راجگی کا خطاب مع خلعت ۲۲ پارچہ ونظامت
خیرآباد عطا فرمائی - ایام غدر مین آپ کے والد ماجد راجہ دھنپت راے نے گورنمنٹ انگلشیہ
کی خیرخواہانہ خدمات سرانجام کین اور اُسکے صلہ مین علاوہ ریاست موروثی سروین
بڑاگانون کے ریاست سرسوا واقع ضلع کھیری اُنکو ملی بعد وفات راجہ دھنپت راے آپ مالک
ریاست ہوے - آپکو ۱۸۶۷ء کے دربار مین لارڈ لارنس صاحب نے سات پارچہ کا خلعت
مرحمت فرمایا اور ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری مین سند ملی ۱۸۸۴ء مین اختیارات آنریری مجسٹریٹی سندیلہ
آپکو عطا ہوے پھر ۱۸۹۰ء مین اسی ریاست مین آنریری مجسٹریٹی درجہ دوم کے اختیارات
پائے - آپ نے رفاہ عام کی غرض سے سندیلہ مین سراے پختہ و دھرم سالہ درگا دیبی کا مندر
تعمیر کیا ہے - آپ نہایت علم دوست اور صاحب فضل وکمال ہین ''گلستان ہند'' ہندوستان
کی تواریخ نہایت عمدہ فارسی مین آپ ہی کی تصنیفات سے ہے جو بذریعۂ ڈپٹی کمشنر صاحب
بہادر ہردوئی ولایت بھیجی گئی اور ''تواریخ بوستان اودھ'' پھر آپنے تحریر فرمائی - کتاب مخزن اخلاق
اور حدیقۂ عشرت ومثنوی مہرتابان وغیرہ وغیرہ آپ کی تصنیفات سے ہین فی الحال اجودھیا
کی تواریخ آپ نے نہایت آب وتاب کے ساتھ لکھی ہے اور اب آپ ترجمۂ مہابھارت کر رہے
ہین آدپرب اُسکا شائع ہو چکا ہے - بعد انفراغ امورات ریاست تمامتر وقت آپکا تصانیف
مین صرف ہوتا ہے - آپ کی ریاست مین اڑتیس موضع ہین اور مالگزاری پینتیس ہزار چھ سو

اٹھتر دو آنہ چار پائی ہے۔ سکونت سندیلہ۔

پرتاب بہادر سنگھ۔ راجہ مقام کڑوار۔ ولادت ۳۱۔ اگست سنہ ۱۸۷۶ع۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے جسکو سنہ ۱۸۶۴ع مین گورنمنٹ انگلشیہ نے بھی تسلیم کیا ہے۔ آپ اُس مشہور و معروف چوہان راجپوتون کی بڑی شاخ بچگوتی کے اعلیٰ قائم مقام ہین جو اپنے تئین پرتھی راج مہاراجہ دہلی و اجمیر کے بھائی چاہر دیو کی نسل مین بتاتے ہین۔ اُنکے جانشین مسمیٰ بریار سنگھ شہنشاہ علاء الدین خلجی کے غضب مین گرفتار ہوے اور مشرقی اطراف مین صحرا بصحرا پھر کر آخر کار ضلع سلطانپور کو اپنا مستقر قرار دیا۔ اُنھون نے مقام ہٹی کے بلکھریہ راجہ مسمے رام دیو کی بیٹی سے شادی کی اور آخر مین اپنے برادر نسبتی کو معزول کرنے کے بعد علاقہ اور مشہور کوٹ بلکھر پر قبضہ کر لیا۔ اُنکے بعد کوٹ بلکھر پر اُنکے سب سے چھوٹے بیٹے راج سنگھ قابض ہوے جنکے تین بیٹے تھے۔ اُنمین سے دوسرے بیٹے روپ سنگھ ہندو بچگوتی راجگان کڑوار اور مسلمان بچگوتی راجگان حسن پور کے جد اعلیٰ تھے۔ گزشتہ راجہ مادھو پرتاب سنگھ مقام کڑوار نے لاولد انتقال کیا اور اپنی بیوہ رانی کشن ناتھ کنور کو اپنا جانشین چھوڑا جنھون نے راجۂ حال کو متبنیٰ کیا اور جون سنہ ۱۸۸۵ع مین اُنکے انتقال کے بعد آپ وارث ریاست ہوے۔ آپ ابھی نابالغ ہین اور علاقہ کورٹ آف وارڈس کے زیر انتظام ہے۔ آپ وارڈس کالج آگرہ مین تعلیم حاصل کر رہے ہین۔ سکونت کڑوار۔ سلطانپور۔

شیو کمار۔ شاستری۔ پنڈت۔ مہامہوپادھیا۔ علوم مشرقیہ کی تکمیل کی وجہ سے آپ کو ۲۰۔ مئی سنہ ۱۸۹۶ع کو خطاب مذکور عطا ہوا۔ آپ ایک عرصۂ دراز تک لوگون کو اپنا علمی فیض اور فائدہ پہونچاتے رہے ہین۔ سکونت بنارس۔



خان بہادر شیخ احمد حسین رئیس پریانوان



رائے بہادر منشی جوالا پرشاد رئیس فرخ آباد



خان بہادر سید رضا حسین رئیس بریلی



رائے بہادر بابو درگا پرشاد رئیس فرخ آباد

احمد حسین - شیخ - خان بہادر - ولادت ۱۸۶۵ء - خان بہادری کا خطاب موروثی ہے - یہ خطاب آپ کے والد ماجد حاجی شیخ دوست محمد صاحب کو غدر ۱۸۵۷ء کی خدمات شائستہ اور خیر خواہی گورنمنٹ انگلشیہ کے جلدو مین عطا ہوا تھا - اِس خاندان کے مورث اعلیٰ حاجی عبد الرؤف مکی سلطان شہاب الدین غوری کے ہمراہ وارد ہندوستان ہوے تھے - آپ کے والد خان بہادر حاجی شیخ دوست محمد صاحب نے مدینہ منورہ کے قریب مقام بیر عباس مین انتقال کیا اور آپ اُنکے جانشین اور وارث ریاست ہوے - آپ کو آنریری مجسٹریٹی کا اعزاز حاصل ہے - جسطرح آپ اپنی رعایا مین ہر دل عزیز ہین اِسی طرح حکام انگریزی بھی آپ کو وقعت کی نظر سے دیکھتے ہین آپ ایک روشن خیال انشا پرداز اور صاحب تصانیف کثیرہ ہین - شاعری مین آپکا تخلص مذاق ہے - آپ کے علم دوست ہونے کا ثبوت اُس لائبریری سے ہوتا ہے جو آپ نے قائم کی ہے یہ ہر فن اور علم کی نادر اور بیش قیمت کتابون کا ایک بیش بہا ذخیرہ ہے - سکونت پریانوان ضلع پرتابگڈھ - اودھ

رضا حسین - سید - خان بہادر - آپ کی ولادت ۱۸۴۹ء مین موضع عالم چند پرگنہ چایل ضلع الہ آباد مین واقع ہوئی - آپکا تعلق موضع مذکور کے ایک معزز اور شریف خاندان سے ہے - آپ کے والد سید علی رضا اور دادا سید شجاعت علی وہان کے ایک مقتدر زمیندار تھے - آپکے پردادا سید محمد عاشق شاہجہان کی فوج مین ایک اعلیٰ عہدہ پر ممتاز تھے - ابتدائی عمر مین آپ نے حسب معمول اُردو و فارسی کی تعلیم حاصل کی - اسکے بعد آپکے ماموں سید امیر حسن سب انسپکٹر پولیس نے نہایت توجہ سے فارسی و عربی کی پوری پوری تعلیم دی - ملازمت کی ابتدا ۱۸۷۲ء مین محکمہ پرمٹ سے ہوئی - مگر ۱۸۷۴ء مین یہ جگہ تخفیف مین آگئی - اسکے ایک سال

بعد آپ پھر اپنے مامون صاحب کی سفارش سے ضلع مرادآباد کے پولیس مین ہیڈ کانسٹبل مقرر ہوے اور ۱۸۸۹ء مین درجۂ دوم کے سب انسپکٹر مقرر ہوے ایک سال بعد اپنے حسن خدمات کے جلدو مین آپ کو شہر مرادآباد کا عہدۂ کوتوالی ملا - آپ اپنی قانونی لیاقت کی وجہ سے کورٹ انسپکٹری کی خدمت پر مقرر ہوے اور اُسکے فرائض آپ نے ۱۸۹۶ء تک نہایت خوبی اور خوش اسلوبی سے انجام دیے - آپ نے سرکل انسپکٹری پر ضلع اوناؤ مین چار سال تک اس دیانت و لیاقت سے کام کیا کہ سابق کمشنر لکھنؤ مسٹر جی - آر - ہارڈی صاحب نے اپنے وسیع تجربہ کی بنا پر ۱۹۰۰ء مین آپ کو شہر بریلی کا کوتوال مقرر کیا - یہان آپ نے ڈکیتی اور تلبیس سکہ کے مقدمات کے علاوہ اکثر پیچیدہ مقدمات کو نہایت عمدگی سے برآمد کیا آپ اپنی دیانت اور حسن کارگزاری کے جلدو مین گورنمنٹ سے ۸ - نومبر ۱۹۰۱ء کو خان بہادر کے خطاب سے مخاطب ہوے اور انسپکٹری درجۂ اول کی تنخواہ مین جو دو سو روپیہ ماہوار ہے پچیس روپیہ نیک چلنی کے اور اضافہ کیے گئے - آپ کی ہردل عزیزی کا ایک نمونہ ۱۹۰۲ء کا بریلی کے عشرہ محرم اور رام نومی کے تیوہار کے اتصال کے موقع پر ہندو مسلمانون کا اتفاق ہے - سکونت بریلی روہیلکھنڈ -

درگا پرشاد - بابو - راے بہادر - آپکی تاریخ ولادت ۱۲ - اکتوبر ۱۸۴۷ء ہے آپ ویش اگروال ہین آپ کے مورث اعلی نارنول علاقہ پٹیالہ مین آباد تھے - لیکن آپکے دادا منشی جانکی پرشاد نے فرخ آباد مین سکونت اختیار کی - آپ بابو چھوٹے لال کے اکلوتے بیٹے ہین جنھون نے ۱۸۶۳ء مین رحلت فرمائی - والد کے انتقال کے وقت آپکی عمر صرف سولہ برس کی تھی آپ کو علم فارسی اور مہاجنی مین مہارت کامل حاصل ہے - سنسکرت بھی جانتے ہین - آپ ایک اعلی درجہ کے تجربہ کار

اور منتظم تصور کیے جاتے ہین۔ آپ کو رفاہ عام کے کامون سے بہت بڑی دلچسپی ہے۔ آپنے اپنے والد اور دادا کی یادگار مین ایک بسرانت کلکتہ مین اور ایک تالاب نارنول مین تعمیر کرایا ہے۔ آپ سنہ ۱۸۷۴ع سے آنزیری مجسٹریٹ ہین۔ اور آپکو اختیارات مجسٹریٹی درجۂ دوم بھی حاصل ہین۔ آپ ابتداے لوکل سلف گورنمنٹ سے ڈسٹرکٹ اور منیوسپل بورڈ کے وائس پریسیڈنٹ ہین۔ یکم جنوری سنہ ۱۸۹۴ع کو آپکو راے بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ آپ نے قحط اور گرانی کے زمانہ مین محتاجین اور مساکین کی مدد کی تھی اُسکے اعتراف مین گورنمنٹ سے ایک سرٹیفکٹ عطا ہوا۔ آپکے دو صاحبزادے ہین۔ سکونت فرخ آباد

جوالاپرشاد منشی۔ راے بہادر۔ آپکی تاریخ ولادت ۱۲۔ جولائی سنہ ۱۸۴۸ع ہے۔ آپ منشی دھرم نرائن وکیل سرکار و رئیس فرخ آباد کے بیٹے اور منشی گردھاری لال تحصیلدار قنوج کے پوتے ہین جنھون نے ایام غدر مین خزانہ تحصیل قنوج کو باغیون کے دست بُرد سے محفوظ رکھنے مین بہت بڑی مدد دی تھی آپ کالیستھ ماتھر چترگپت ونشی ہین آپ نے ابتداءً مکان پر فارسی کی تعلیم پائی لیکن بعد کو اپنی جودت طبع سے انگریزی مین بھی مہارت حاصل کی اور عدالت ججی مین نقل نویس مقرر ہوگئے۔ سنہ ۱۸۷۴ع مین وکالت ضلع کی سند حاصل کرکے سنہ ۱۸۷۶ع سے کام شروع کیا۔ سنہ ۱۸۸۰ع مین آپ آنزیری سکریٹری چنگی فرخ آباد و فتح گڈھ منتخب ہوے۔ اور اُسوقت سے ابتک اس عہدہ پر قائم ہین اور بڑی قابلیت اور لیاقت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہین۔ آپ ایک ہر دلعزیز شخص اور ایک تجربہ کار وکیل ہین آپ کو علم سنسکرت سے بہت بڑی دلچسپی ہے۔ آپ نے اس زبان مین دستگاہ بہم پہونچائی ہے۔ سنہ ۱۸۹۸ع مین گورنمنٹ نے آپ کو خطاب راے بہادر عطا فرمایا۔ آپ کے

صاحبزادہ بابو سرجو پرشاد نے سنہ ۱۹۰۲ء مین محمڈن کالج علی گڈھ سے ایف اے کا امتحان پاس کیا۔ سکونت فرخ آباد۔

بیجناتھ۔ لالہ۔ رائے بہادر۔ بی اے۔ فیلو آف دی آلہ آباد یونیورسٹی آپ کی تاریخ پیدایش ۲۸۔ اگست سنہ ۱۸۵۳ء ہے۔ آپکا وطن مالوف دہلی ہے اور آپ قوم کے ویش اگروال ہین۔ آپ نے دہلی کالج سے۔ بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی شروع سے آخر تک کل امتحانون مین اول رہے۔ ایف۔ اے کے امتحان مین پنیتیس ۳۵ روپے ماہوار گنبس اسکالرشپ اور دو چاندی کے تمغے (کوپر میڈل اور گنبس میڈل) ملے۔ بی۔ اے۔ کے امتحان مین کل اضلاع غرب و شمال و پنجاب مین اول رہے اور گورنمنٹ سے آرنلڈ گولڈ میڈل (طلائی تمغہ) حاصل کیا۔ آپ سنہ ۱۸۷۳ء و سنہ ۱۸۷۴ء مین الفرڈ پٹیالہ ٹرنسلیٹر پنجاب یونیورسٹی رہے۔ اور فولر صاحب کی لاجک (منطق) اور ٹیلر صاحب کی تواریخ ہندوستان قدیم کا ترجمہ انگریزی سے ہندی مین کیا اور ان کتابون کے صلہ مین ایک ہزار چھ سو روپیہ انعام پایا۔ آپ نے پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کی ملازمت سے اپنی زندگی شروع کی وہان آپ اکونٹنٹ تھے سنہ ۱۸۷۳ء و سنہ ۱۸۷۴ء مین گورنمنٹ ہائی اسکول ہوشیارپور کے ہیڈ ماسٹر رہے سنہ ۱۸۷۶ء مین ہائی کورٹ کی وکالت کا امتحان دیا۔ اور کل امیدوارون مین آپکا نمبر اول رہا۔ آپ کچھ دنون علیگڈھ محمڈن کالج مین سکنڈ ماسٹر اور علیگڈھ کی ججی مین مترجم رہے۔ ۶۔ جون سنہ ۱۸۷۷ء کو منصف مقرر ہوے۔ ۹۔ اگست سنہ ۱۸۹۶ء سے دربار اندور کے چیف جسٹس اور جوڈیشل سکرٹری کے عہدہ پر مامور رہے۔ اسکے بعد آپ ان اضلاع مین مختلف مناصب جلیلہ مثلاً سب ججی قائم مقام ڈسٹرکٹ سیشن ججی وغیرہ پر ممتاز رہے اور فی الحال آپ بریلی کے ایڈیشنل

جج ہین۔جون ۱۸۹۷ء مین آپ ولایت تشریف لے گئے اور حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے جشن جوبلی کے دربار خاص مین سکرٹری آف اسٹیٹ ہند کی جانب سے پیش ہوے اور مختلف شاہی جلسون اور دربارون مین خاص عزت کے ساتھ مدعو اور شریک کیے گئے۔مارچ ۱۸۹۵ء مین آپ الٰہ آباد یونیورسٹی کے فیلو مقرر ہوے اور ۲۱ مئی ۱۸۹۸ء کو راے بہادر کا خطاب حاصل کیا۔آپ نے قانون اور سوشل ریفارم کے متعلق کئی مفید کتابین تصنیف کی ہین۔جو ملک مین نہایت قدردانی کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہین آپ کا سفرنامہ یورپ جو انگلستان اور ہندوستان کے نام سے مشہور ہے اپنی نوعیت کی ایک نہایت مفید کتاب ہے جس مین آپنے دونون اقوام کی تمدنی اور مالی ترقی اور تنزل کے اسباب دلائل وبراہین کے ساتھ بیان کیے ہین۔یہ آپ کی زندگی کے خاص واقعات ہین چونکہ آپ نے ملک کی سوشل اصلاح مین ایک ممتاز اور نمایان حصہ لیا ہے اسلیے آپ کے خیالات ومقالات بھی قابل ذکر ہین۔آپ کے والد بزرگوار ایک نہایت ہی دیندار وپرہیزگار شخص تھے اور ہمیشہ عبادت الٰہی مین مصروف ومنہمک رہتے تھے۔ اس کا یہ اثر ہوا کہ راے صاحب کو لڑکپن ہی سے پوجا پاٹ کی جانب میلان پیدا ہوا اور مذہبی اصول کی بنا قائم ہوئی۔اور پنڈتون کی صحبت سے سنسکرت مین بھی معقول دستگاہ حاصل کی۔آپ جب اندور سے واپس آئے تو ایجنٹ گورنر جنرل نے تحریر فرمایا تھا کہ آپ جس نیکنامی کے ساتھ آئے تھے اُسی طرح واپس جاتے ہین۔مہاراجہ صاحب اندور بھی آپ پر ابتک قدیم عنایت مبذول رکھتے ہین راے صاحب نے یورپ کی سیاحت سے جو تجربہ حاصل کیا اُسکو آپ ہمیشہ اپنے ملک کی اصلاح مین صرف کرتے رہے ہین۔اور آپ کی دلی خواہش اور کوشش یہ ہے کہ ملک اپنی موجودہ تنگ حالت سے نکلکر تہذیب کے وسیع میدان مین


آئے اور اپنی دنیا اور عاقبت درست کرے آپ کی راے مین ملک اس صورت
مین ترقی کرسکتا ہے جب اسکے باشندے یورپین اقوام کی طرح مستقل مزاجی
اختیار کرین اور فرائض منصبی کے مقابلہ مین اغراض ذاتی کو داخل نہ کرین - وہ
جاپان کی ترقی کی بنا انھین دو باتون کو قرار دیتے ہین - راے صاحب کا یہ خیال
بہت درست ہے کہ اہل ہند جسقدر انگلش گورنمنٹ کے زیر حکومت ترقی کرسکتے
ہین اُسقدر کسی اور گورنمنٹ کی حکومت مین نہین کرسکتے - آپکی راے مین ملک کی
مالی ترقی جاپان کی تقلید سے ہوسکتی ہے جس نے قلیل مدت مین اپنی صنعت و
حرفت اور تجارت سے دنیا کی بڑی قوتون مین ایک ممتاز درجہ حاصل کرلیا ہے -
راے صاحب کے نزدیک ملک کی اصلاح نہ پُرانے طریقون پر پورے طور سے
عمل کرنے سے ہوسکتی ہے نہ جدید طریقون کو پورے طور سے اپنا رہنما سمجھ لینے
سے - بلکہ یہ مقصد اسطرح حاصل ہوسکتا ہے کہ اصول مذہبی مضبوط کیے جائین -
سوسائٹی کی بنیاد عمیق کیجائے - جدید سائنس سے استفادہ کیا جائے - شادی ایسی
عمر مین ہو کہ ناکح و منکوح اُسکا منشا سمجھ سکین - اپنی ذات خاص پر بھروسا کیا جائے
اور استقلال پیدا کیا جائے - بزرگان دین کی تصنیفات پڑھی جائین - دل خدا کی
یاد مین اور ہاتھ دنیا کی خدمت مین مصروف رکھا جائے - راے صاحب اپنی قوم
کے ایک بہت رفارمر اور مصلح ہین - ویش کانفرس کے جنرل سکرٹری کی خدمات حسن
وخوبی اور خوش اسلوبی اور لیاقت کے ساتھ انجام دے رہے ہین - جسکے لیے اُنکی
قوم نہایت ممنون و مشکور ہے - آپ انڈین سوشیل کانفرس ہند کی بھی ایک مرتبہ
صدارت کرچکے ہین جو اسبات کا ایک بین ثبوت ہے کہ آپ کو ملک کے تمدنی
معاملات کی اصلاح مین بہت بڑی دلادیزی ہے - فقرا اور سادھوؤن کی صحبت
وخدمت کا نہایت شوق رکھتے ہین - بس اب یہی کوشش ہے کہ جبتک یہ جسم قائم

ہے اپنی قوم اور ملک کی حتی الامکان خدمت کرون راستی ہی کو اپنا شعار بناؤن۔ اپنی موت کا ہمیشہ خیال رکھون اور اخیر مین سب قیود کو مٹاکر واصل بحق اور فنا فی اللہ ہو جاؤن“۔

تھمے مل۔ لالہ۔ سیٹھ۔ راے بہادر۔ ولادت جون سنہ ۱۸۵۲ع آپ کا تعلق ویش اگروال قدیمی خاندان سے ہے آپ کے پردادا سیٹھ ملوک چند صاحب ساکن چھاتہ ضلع متھرا نے جو اپنی قوم کے ایک نامور گشتی پتی یعنے سرغنہ خاندان تھے ریاست ذاتی کے علاوہ ہر قسم کی تجارت کا سلسلہ بھی قائم کیا۔ جبسے اُن کی وفات کے بعد اُن کے بیٹے سیٹھ منا لال صاحب نے اور اُنکی وفات کے بعد آپ کے والد سیٹھ گوبند رام صاحب نے پھر کاروبار تجارت و ریاست کو جاری رکھا۔ جب آپکے والد نے سنہ ۱۸۸۵ع مین رحلت کی اور آپ وارث ریاست ہوے تو آپنے پیشۂ تجارت کو اپنی علو ہمتی سے بہت بڑی ترقی دی۔ خصوصًا روئی کی تجارت کی جانب آپنے زیادہ توجہ مائل کی۔ چنانچہ اکثر مقامات مین کارخانہ جننگ فیکٹری اور کاٹن پریس تعمیر کرائے اور ہنڈوی کی کاروبار کی شاخین بڑے بڑے بلاد ہند مثلاً کلکتہ بمبئی۔ مدراس۔ لاہور۔ آگرہ اور دہلی مین کھولدین۔ اسکے علاوہ خلائق کی رفاہ کے لیے پاٹ شالہ دھرم شالہ۔ سنسکرت کا مدرسہ اور انگریزی مدارس۔ کنوئین۔ مندر وغیرہ تعمیر کرائے ہین اور جو یتیم بچے آپ کے مدارس مین تعلیم پاتے ہین اُنکو خوراک اور خرید کتب کی امداد دیجاتی ہے اور سدابرت بھی جاری رہتا ہے آپ ضلع بلند شہر کے خزانچی اور مینو سپلٹی خورجہ کے وائس چیرمین ہین ان دونون خدمات کے صلہ مین سنہ ۱۸۹۱ع مین آپ کو راے بہادر کا خطاب عنایت ہوا۔ آپ ڈفرن فنڈ اور میرٹھ کالج کمیٹی کے ممبر اور خورجہ ضلع بلند شہر کے آنریری مجسٹریٹ ہین۔ سکونت خورجہ ضلع بلند شہر

ممالک متحدہ آگرہ واودھ۔

امولک رام۔ سیٹھ۔ راے بہادر۔ ولادت سنہ ۱۸۴۰ع آپ ویش اگروال سراوگی ہین۔ آپ کے آبا واجداد کا پیشہ تجارت تھا جس کا سلسلہ ابتک جاری اور قائم ہے۔ آپ کے والد سیٹھ موہن لال ساکن قدیم ریاست حیدرآباد اپنے خاندان مین گشتی پتی یعنے سرغنہ تھے۔ اُنکی شادی سیٹھ پورن مل گندیلی والے کے یہان ہوئی جو ریاست حیدرآباد کے ایک اعلیٰ رئیس اور جاگیر دار تھے۔ ایک صدی کا عرصہ ہوا کہ اُنھون نے اپنا توطن خورجہ مین منتقل کر دیا۔ آپ نے اپنے والد کے انتقال کے بعد اپنے تجارتی کاروبار کو بہت کچھ بڑھایا۔ روئی کی تجارت پر آپ کی توجہ زیادہ مائل ہے۔ اکثر مقامات ہند مین اُسکے کارخانے قائم کیے۔ ہنڈوی کی کوٹھی کو بھی ترقی دی اور ہندوستان کے بڑے بڑے شہرون مین دوکانات قائم کین۔ اور رفاہ خلائق کے واسطے اکثر مقامات مین کنوئین دھرم سالہ۔ پاٹ شالہ۔ اور سنسکرت کے مدرسہ اور مندر تعمیر کرائے ان مدرسون مین جو طلبا تعلیم پاتے ہین اُنکو خورونوش اور خرچ کتب وغیرہ کی امداد دیجاتی ہے اور ہمیشہ سدابرت جاری رہتا ہے۔ قحط سالیون مین آپنے قحط زدون کی اعانت کی تھی جسکے صلہ مین سنہ ۱۸۹۹ع کو آپ راے بہادری کے خطاب سے سرفراز کیے گئے۔ آپ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر اور آنریری مجسٹریٹ ہین آپکے بھائی سیٹھ چمپالال ضلع اجمیر کے آنریری مجسٹریٹ اور خزانچی ہین۔ آپکا خاندان رانی والون کے خاندان کے نام سے موسوم ہے۔ سکونت خورجہ۔ ضلع بلند شہر۔ ممالک متحدہ آگرہ واودھ۔



رائے بہادر بابو موہن لال رئیس بریلی



رائے بہادر چودھری بسنت سنگھ رئیس سیوہارا



رایصاحب چودھری گجندر سنگھ رئیس نرولی ضلع مرادآباد



شمس العلما مولوی محمد شبلی نعمانی رئیس اعظم گڈھ

محمد شبلی - مولوی نعمانی - شمس العلما - ولادت جون ۱۸۵۷ء - آپ کے والد مرحوم شیخ حبیب اللہ ضلع اعظم گڈھ کے مشہور رؤسا و وکلا مین تھے - اُنھون نے ایام غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ انگلشیہ کی وفاداری مین نہایت جانبازی کی - اِنکو اپنی اولاد کی تعلیم کیجانب بہت بڑا انہماک تھا چنانچہ اپنے دوسرے بیٹے یعنے آپ کے چھوٹے بھائی کو بی - اے اور بارسٹری کی تعلیم دلوائی - آپ نے علوم عربیہ کی تحصیل اور تکمیل کی - ابتدا مین سرکاری عہدون پر مامور رہے - ۱۸۸۲ء مین محمڈن کالج علیگڈھ مین پروفیسر مقرر ہوے - ۱۸۹۲ء مین ٹرکی کا سفر کیا جہان اُنکو سلطان المعظم نے تمغۂ مجیدیہ عنایت فرمایا - جب آپ وہان سے واپس آئے تو گورنمنٹ ہند نے شمس العلما کے خطاب سے معزز کیا - آپ الہ آباد یونیورسٹی کے فیلو اور ایشیاٹک سوسائٹی کے ممبر ہین - اور فی الحال گورنمنٹ نظام مین صیغۂ علوم و فنون کے ناظم ہین - آپکی تصانیف عربی فارسی اور اُردو مین موجود ہین - آپکی مصنفہ سوانح عمریون نے خاص شہرت اور قبولیت حاصل کی ہے - سکونت اعظم گڈھ حال حیدرآباد دکن -

جگت نراین - رائے - رائے صاحب - ولادت فروری ۱۸۴۳ء - آپ چڈّھا کھتری ہین - اس خاندان کا خاص مسکن امین آباد پنجاب تھا - لالہ لچھمی نرائن مشہور مصنف انشا - لچھمی نراین نواب شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ کی سرکار مین داروغگی محلات کے عہدہ پر ممتاز تھے - اور اپنی ذاتی لیاقت اور حسن خدمات کے صلہ مین رائے کا خطاب حاصل کیا - آپکے والد رائے ہر نرائن عرف پنّو لال صاحب کے تین صاحبزادے تھے جنمین آپ دوسرے بیٹے ہین - سولہ برس کی عمر تک آپ مختلف علوم کی تحصیل مین مصروف رہے - اپنے والد کے انتقال کے بعد محاصل و مداخل علاقجات و املاک اور داد و ستد کوٹھی وغیرہ کا انتظام آپ نے اپنے ہاتھ مین لیا اور اپنے حسن انتظام سے بڑے بڑے

مواضع خرید کر کے علاقہ کو نمایان ترقی دی۔ آپنے سنہ ۱۸۹۰ء مین محلہ یحیٰی پور کے غیر دشوار گذار اور مخدوش نالے پر اپنے صرف سے ایک پختہ پل تعمیر کرایا ہے۔ سنہ ۱۸۹۵ء مین اپنے ذاتی مصارف سے محلہ چوک گنگا داس مین غربا کی رفع تکلیف کی غرض سے پانی کا نل جاری کرایا۔ سنہ ۱۸۹۷ء مین الہ آباد کے تمام شاہ راہ عام پر مویشیون وغیرہ کے پانی پینے کے لیے نہایت پختہ اور سنگین چرین یعنی حوض اپنی جیب خاص سے بنوا دیے ہین۔ شہر الہ آباد اور مضافات مین جو مسجدین پانی کی کمیابی اور کنوؤن کے نہونے سے غیر آباد پڑی ہوئی تھین۔ اُنمین آپنے پانی کے نل جاری کرا دیے ہین۔ جس سے وضو کے لیے نماز گزارون کو پانی کی آسانی ہوگئی۔ آپکی علم دوستی اور ہنر پروری سے شریف محتاج طلبا کو مدد پہونچتی ہے۔ دو ایک طالبعلم ہر سال آپ کی خفیہ امداد سے پاس ہوتے ہین۔ آپ سولہ برس سے آنریری مجسٹریٹ الہ آباد اور اٹھارہ سال سے مینوسپل کمشنر ہین۔ ان رفاہ جوئی کے کامون کے جلدو مین آپ کو راے صاحب کا خطاب سنہ ۱۹۰۲ء مین گورنمنٹ انڈیا سے مرحمت ہوا۔ آپکے تین بیٹے ہین۔ بڑے راے فتح نرائن نائب تحصیلدار محمد آباد ضلع غازی پور ہین۔ دوسرے بیٹے رائے بھگوتی نرائن املاک وجائداد کا انصرام کرتے ہین تیسرے بیٹے باگیشری نرائن مڈیکل کالج لاہور مین تعلیم پاتے ہین سکونت چوک گنگا داس الہ آباد

موہن لال - بابو - راے بہادر - ولادت ۲۶ - اکتوبر سنہ ۱۸۴۷ء - آپ کے والد لالہ گوردیال سنگھ ایک نامی وگرامی تاجر تھے - اِن کے کارخانہ اور کوٹھیان بریلی نینی تال اور منصوری مین ہین - ایام غدر مین نہایت فراخ حوصلگی کے ساتھ بیش قرار رقمین انگریزون کی امداد مین صرف کین جسکے جلدو مین اکثر اسناد مرحمت ہوئے - بابو موہن لال نے بریلی کالج مین عربی - فارسی - اور انگریزی کی اعلیٰ تعلیم پائی - اور اپنی فطرتی ذہانت اور خلقی ذکاوت سے وظائف پاتے رہے - سنہ ۱۸۶۴ء مین آپ میونسپل کمشنر مقرر ہوے -

اور اپنی جفاکشی اور عاقلانہ انتظام سے مینوسپلٹی کو بہت کچھ نفع پہونچایا۔ جس صیغہ کا جو کام آپ نے اپنے ذمہ لیا اُسے نہایت قابلیت اور خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ سنہ ۱۸۹۰ء مین ڈسٹرکٹ بورڈ کے آنریری سکرٹری اور اسی سال آنریری مجسٹریٹ مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۸۹۷ء مین راے بہادر کا خطاب آپ کو مرحمت ہوا۔ سنہ ۱۸۹۶ء مین انتظام قحط سالی مین امداد دینے کے صلہ مین علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی خوشنودی مزاج کا اعزاز حاصل ہوا۔ فی الحال آپ مینوسپل کمشنر۔ ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ۔ ممبر کالج کمیٹی۔ ممبر ڈفرن ہاسپٹل۔ ممبر انسٹیٹیوٹ بریلی۔ آنریری سکرٹری ڈسٹرکٹ بورڈ۔ آنریری مجسٹریٹ۔ اور ست اُپکاری سبھا کے پریسیڈنٹ ہین۔ آپ کے قیمتی وقت کا زیادہ حصہ گورنمنٹ کی مختلف خدمات مین صرف ہوتا ہے اور اپنی خاندانی وجاہت اور ثروت عاقلانہ برتاؤ اور حسن اخلاق کی وجہ سے تمام شہر اور ہم قومون مین ہردلعزیز خیال کیے جاتے ہین۔ آپکا پیشہ زمینداری۔ کوٹھی والی اور کھنڈساری ہے۔ سکونت بریلی۔ ممالک متحدہ آگرہ واودھ

چودھری بسنت سنگھ۔ راے بہادر۔ ولادت ۶۔ اکتوبر سنہ ۱۸۴۹ء آپ کا تعلق بھوم ہار برہمنون کے خاندان سے ہے۔ ۱۴۔ ستمبر سنہ ۱۸۸۴ء کو آپ اپنے والد کے انتقال کے بعد وارث ریاست ہوئے۔ تمام رعایا آپ سے خوش اور حکام رضامند ہین۔ ایکٹ اسلحہ سے مستثنےٰ ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ خیرخواہانہ خدمات کے صلہ مین آپ کو چند اسناد بھی عطا ہوئے ہین۔ اور سنہ ۱۸۹۳ء مین راے بہادری کے خطاب سے ممتاز ہوئے۔ آپ چودھری ظالم سنگھ کے فرزند اور چودھری جوالا سنگھ کے پوتے ہین۔ مشہور معرکہ غدر برگہیائی و میرخان گردی مین آپکے بزرگون نے نہایت داد شجاعت و بسالت دی اور اہل قصبہ کو باغیون کے دست برد سے بچایا جس پر شہنشاہ دہلی نے فرمان اور نقارہ و نشان سے آپ کے بزرگون کو ممتاز و سرفراز کیا جو سنہ ۱۸۵۷ء تک

اس خاندان مین قائم اور برقرار رہا۔ اس خاندان کے ایک بزرگ چودھری راماسند نہایت فراخ حوصلہ اور کریم النفس رئیس تھے۔ ریاست سیوہارہ ایک پُرانی ریاست ہے۔ اسکی عمارتین صنادید قدیم کے آثار ظاہر کررہی ہین آپ کے بزرگون کے پاس پانچہزار فوج پیدل اور سوار نوکر تھے۔ آپ روساے ضلع بجنور مین ایک معزز و سربرآوردہ شمار کیے جاتے ہین غربا پروری اور مساکین نوازی آپ کے خمیر مین داخل ہے۔ آپ نے مسافرون اور بے نواؤن کے لیئے سدابرت جاری کر رکھا ہے۔ جہان سے بلاامتیاز ذاتی ہر ایک غریب الوطن کو کھانا تقسیم ہوتا ہے۔ زمانہ قحط سالی مین صدہا فاقہ کشون کی آپ نے دستگیری فرمائی اور اُنکی پرورش کے خیال سے آپنے ایک سڑک کی تعمیر کا کام جاری کیا جس سے بیشتر مخلوق خدا کی جانین محفوظ رہین۔ ان خدمات کے صلہ مین آپ نے گورنمنٹ سے ایک سند حاصل کی۔ سکونت سیوہارہ ضلع بجنور۔

گجندر سنگھ کنور۔ چودھری رایصاحب آپ راجپوت بڑگوجر ہین۔ آپ کے مورث اعلیٰ راجہ پرتاب سنگھ تھے جو راجہ پرتھی راج چوہان والی دہلی کے ہمشیرزادہ اور دیوالی آگلڈھ (حال ملحقہ ریاست الور) کے رئیس تھے۔ یہ مہوبہ کی مشہور جنگ مین اپنے ماموں کی امداد کے لیے سمت ۱۲۲۲ بکرمی مطابق ۱۱۶۵ء مین اس ملک مین وارد ہوے تھے۔ اِسکے بعد پہاسو ضلع علی گڈھ مین میواتیون سے جنگ کی نوبت آئی۔ جسمین آپکی فتح اور فریق ثانی کی شکست ہوئی۔ جب راجہ چیت سنگھ خلف راجہ بلونت سنگھ رئیس کول ضلع علیگڈھ جو ڈور راجپوت تھے اس واقعہ سے ماہر ہوے تو اُنھون نے کچھ دنون کے بعد اِن کے ساتھ اپنی لڑکی کا عقد کردیا اور پرگنہ پہاسو پتیم پور و برولی ضلع علیگڈھ مین دو سو گانؤن جہیز مین دیے۔ اب اِنھون نے اپنا توطن یہین اختیار کیا اور ریاست کو اس درجہ ترقی دی کہ آخری زمانہ مین سولہ سو چھپن مواضع اِنکے قبضہ مین تھے جو اِنکے انتقال کے بعد اِ



خان بہادر مولوی عبدالحامد رئیس سہارنپور



رائے بہادر دیبی پرشاد رئیس الہ آباد



رائے بہادر بابو رام سرنداس رئیس فیض آباد



رائے بہادر گوکل چند رئیس فیض آباد

پانچ فرزندون پر تقسیم ہوئے - فرزند اکبر راموجی جنکی نسل مین ریاست بروٰلی ضلع علیگڈھ کے رئیس ہین - فرزند دوم جاٹوجی جنکی اولاد لعل خانی کے لقب سے ملقب ہوئی - اور اُن کی ریاست پہاسو چھتاری وغیرہ ضلع بلند شہر مین واقع ہے - فرزند سوم راجہ بسنت پال جنکے اعقاب مین راجہ صاحب مجھولہ ضلع مراداآباد ہین - فرزند چہارم بالامن دیوجی کی نسل چڑواڑ تحصیل سنبھل مین آباد ہوئی - اور فرزند پنجم ہاتی شاہ کی اولاد کے حصہ مین نرولی تحصیل بلاری آئی - نواب سعادت علیخان نواب وزیر اودھ کے زمانہ مین چندن سنگھ کو چودھری کا خطاب مرحمت ہوا اُنکی پانچ اولادونمین صرف دو لڑکے صاحب اولاد ہوے - چودھری رندھیر سنگھ چودھری بلدیو سنگھ کے والد تھے جنھون نے ۲۷- اپریل ۱۸۹۲ء کو انتقال کیا اور چودھری اوگر سنگھ آپ کے والد تھے - سکونت نرولی ضلع مراداآباد

محمد عبد الحامد - مولوی - خان بہادر - آپ کے والد مولوی عبد القادر دہلوی اور جدامجد مولوی عبد الخالق شہنشاہزادگان دہلی کے عہدۂ اتالیقی پر ممتاز تھے - فقہ حدیث اور تفسیر وغیرہ کی درس وتدریس کا شہرہ سنکر ہندوستان کے علاوہ کابل - بخارا - ایران خیوا اور سمرقند تک سے طالبان علم آتے اور علوم دینیہ کی تکمیل کرتے تھے - مولوی عبد الخالق صاحب کا تذکرہ آثار الصنادید مصنفہ سر سید احمد خان مرحوم مین موجود ہے - ایام غدر ۱۸۵۷ء مین لیسن صاحب کی میم کو جنھین باغیون نے میگزین کے میدان کے قریب مجروح کرکے ڈالدیا تھا وہ اپنے مکان مین اُٹھا لائے اور بعد معالجہ وصحت کلی سرکاری کیمپ مین بھیجدیا - شاہان مغلیہ کے دربار سے جو وسائل معاش عطا ہوے تھے جب وہ مسدود ہوگئے تو ابتدائے عمر ہی مین آپنے برٹش ملازمت اختیار کی - فی الحال آپ کو ڈپٹی کلکٹری کے اختیارات واعزاز حاصل ہین حسن خدمات کے صلہ مین آپکو خان بہادر کا خطاب مرحمت ہوا ہے - رسالۂ مفید النسا کی تصنیف کے صلہ مین گورنمنٹ


نے آپکو پانچسو روپیہ بطور انعام کے عطا فرمائے تھے۔ تعلیم نسوان کے متعلق آپ کی تصانیف سے کئی کتابین موجود ہین آپ کے چار صاحبزادے ہین محمد عبد الجبار انٹرنس پاس ہین محمد عبد الغفار الہ آباد اور پنجاب یونیورسٹیون کے انٹرنس کے امتحانات مین کامیاب ہوے ہین محمد عبد الستار علیگڈھ کالج مین اور محمد عبد الوہاب ہائی اسکول سہارنپور مین زیر تعلیم ہین۔ سکونت سہارنپور۔ ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ۔

گوکل چند۔ راے بہادر۔ آپ ۱۸۴۴ء مین بمقام بنارس پیدا ہوے اور وہین گورنمنٹ کالج مین تعلیم پائی۔ آپ اصل مین پنجاب کے باشندے اور قوم کے کھتری کھنہ ڈھائی گھر ہین۔ آپ کے بزرگون نے لاہور سے بنارس مین آکر قیام کیا تھا آپ نے گورنمنٹ انگلشیہ کی بارہ سال کی ملازمت کے بعد جسمین آپ علاوہ اور عہدون کے تحصیلداری اور منصرمی کمشنری پر ممتاز رہے ۱۸۷۵ء سے فیض آباد مین وکالت شروع کی آپ اس کمشنری کے نامی وکلا مین ہین۔ آٹھ سال تک فیض آباد کے مینوسپل بورڈ کے چیرمین کی خدمات انجام دین اور گورنمنٹ عالیہ نے اِنھین خدمات کے صلہ مین آپ کو جناب ملکہ وکٹوریہ قیصرۂ ہند کی ڈائمنڈ جوبلی کی تقریب مین ۲۲ جون ۱۸۹۷ء کو راے بہادری کا خطاب عطا فرمایا۔ آپ آنریری مجسٹریٹ ہین اور عرصہ تک ڈسٹرکٹ بورڈ فیض آباد کے وائس چیرمین رہے۔ اُسکے علاوہ اور کمیٹیون کے ممبر ہین۔ آپ انجمن تہذیب فیض آباد کے پریسیڈنٹ اور اودھ کمرشیل بنک کے سب سے قدیم ڈائرکٹر اور ڈائرکٹرون کے بورڈ کے چیرمین ہین۔ آپ پبلک کامون مین بہت بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین۔ فی الحال آپ کی مستقل سکونت فیض آباد صوبۂ اودھ مین ہے اور اِسی ضلع مین آپکے دیہات زمینداری بھی واقع ہین۔


دیبی پرشاد - بابو - راے بہادر - ولادت ۸ - اپریل سنہ ۱۸۵۶ع آپ کے مورث اعلی کا وطن کوڑاجہان آباد ضلع فتحپور تھا - مگر آپ کے دادا لالہ ہر دیال مرحوم نے الہ آباد مین توطن اختیار کیا ان کے چار بیٹے تھے جن مین سے بڑے بیٹے لالہ گوری شنکر نے اپنے والد کے انتقال کے بعد ایک مہاجنی کوٹھی قائم کی جو ابتک الہ آباد مین لالہ ہر دیال گوری شنکر کے نام سے مشہور ہے - دوسرے بیٹے بابو کھنو لال ڈپٹی کلکٹر تھے جنکو زمانہ غدر سنہ ۱۸۵۷ع مین خیر خواہی گورنمنٹ کے صلہ مین ایک موضع مرحمت ہوا - وہ ڈپٹی کلکٹری کی پنشن حاصل کر کے مہاراجہ صاحب بنارس کے دیوان مقرر ہوے تیسرے بیٹے بابو ٹھاکر پرشاد نے خیر خواہی کے انعام مین دو گانوُن پائے اور ڈپٹی کلکٹری کا عہدہ حاصل کیا - چوتھے بیٹے بابو مادھو پرشاد نے بھی جو آپ کے والد ماجد تھے ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر پنشن حاصل کی - راے بہادر بابو دیبی پرشاد نے کلکتہ یونیورسٹی کا امتحان انٹرنس پاس کیا - اور آپ پیپر کرنسی آفس کے خزانچی اور الہ آباد کے آنریری مجسٹریٹ ہین اور آپ کے برادر اکبر بابو چھنگا مل سکنڈ اسسٹنٹ کمشنر الہ آباد کے عہدہ پر ممتاز تھے جس سے اُنھون نے اب پنشن حاصل کی ہے اور ایام قحط سالی کی حسن خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے انکا شکریہ ادا کیا - آپ کو یکم جنوری سنہ ۱۹۰۱ع کو حسن خدمات کے صلہ مین راے بہادر کا خطاب عطا کیا گیا - زمینداری کی حیثیت سے آپ اور آپ کے برادر اکبر اڑھائی ہزار روپیہ کے مالگزار ہین سکونت الہ آباد - ممالک متحدہ - آگرہ و اودھ

رام سرنداس - بابو - ایم - اے - راے بہادر - ولادت ۱۲ - دسمبر سنہ ۱۸۵۸ع آپ سریواستو کھرے کالیستھ ہین آپ کے بزرگ شہنشاہ اکبر کے عہد مین فیض آباد مین وارد ہوے اور موضع گوپالپور آباد کیا جسکے نام سے خاندان مشہور ہے آپ کے والد منشی لالتا پرشاد صاحب جوڈیشل کمشنری اودھ کے سررشتہ دار تھے - تمام تعلیمی امتحانات

مین آپکا اول نمبر تھا۔ سنہ ۱۸۷۹ء مین آپ نے زبان سنسکرت مین ایم۔اے۔ کا امتحان نہایت قابل تعریف طریقہ سے پاس کیا۔ اسی سال آپ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کے ممبر مقرر ہوے۔ سنہ ۱۸۸۴ء مین مینوسپل بورڈ فیض آباد کے ممبر اور پھر آنریری سکرٹری اور سنہ ۱۸۸۵ء مین لوکل و ڈسٹرکٹ بورڈ فیض آباد کے ممبر اور پھر آنریری سکرٹری منتخب ہوے سنہ ۱۸۸۷ء مین اپنی خدمات جلیلہ کی بنا پر آپ ایکٹ اسلحہ کی قیود سے مستثنےٰ ہوے اور اسی سال یونیورسٹی الہ آباد کے فیلو مقرر ہوے۔ سنہ ۱۸۸۸ء مین آپ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات مرحمت ہوے۔ سنہ ۱۸۸۹ء مین آپ یونیورسٹی کے فیکلٹی آف لاز کے ممبر منتخب ہوے سنہ ۱۸۹۰ء مین لیڈی ڈفرن فنڈ کمیٹی کے ممبر اور سنہ ۱۸۹۵ء مین مینوسپل بورڈ کے وائس چیرمین اور پراونشل میوزیم (عجائب خانہ فیض آباد) کے ممبر اور آنریری سکرٹری مقرر ہوے۔ سنہ ۱۸۹۷ء مین جناب ملکہ وکٹوریہ کی ڈائمنڈ جوبلی کی تقریب جشن مین حسن خدمات مینوسپل بورڈ و آنریری مجسٹریٹی و امداد رفع قحط کے جلدو مین گورنمنٹ سے اعزازی سرٹیفکیٹ عطا ہوا۔ سنہ ۱۸۹۹ء مین آپ لندن کے رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف گریٹ برٹن و آئرلنڈ کے ممبر منتخب ہوے۔ اور ۲۳- مئی سنہ ۱۹۰۱ء کو راے بہادری کے خطاب سے مخاطب ہوے۔ اسی سال آپ سوسائٹی آف آرٹس لندن کے ممبر منتخب ہوے۔ آپ بیس برس سے اودھ کمرشیل بنک لمیٹڈ فیض آباد کے مینجر ہین اور اُسکے استحکام و ترقی مین آپنے قابل قدر کوششین کی ہین۔ آپ کے ایک صاحبزادہ کنور رُدر دت سنگھ ہین جو الہ آباد یونیورسٹی کے ایم۔اے۔ ہین۔ اضلاع فیض آباد و بارہ بنکی و بہرائچ کے دیہات زمینداری کے علاوہ آپ کے والد نے گورنمنٹ سے ایک وسیع عطیہ (گرنٹ) حاصل کرکے آباد کیا اور رام سرنداس پور کے نام سے موسوم کیا ہے۔ اِسکی مالگزاری گورنمنٹ نے ہمیشہ کے لیے معاف اور مرفوع القلم کر دی ہے۔ سکونت فیض آباد اودھ



راجہ کرشن کمار رئیس سہسپور بلاری ضلع مرادآباد



مہاراؤ راجہ نرپت سنگھ رئیس بارہ ضلع آلہ آباد

کرشن کمار - راجہ - رئیس سہسپور بلاری ضلع مراد آباد - آپ ۲۵ - دسمبر ۱۸۴۸ء کو مراد آباد مین پیدا ہوے - راجہ صاحب قوم کے کھتری ہین آپ کے آبا و اجداد محمد شاہ کے عہد مین مناصب جلیلہ پر ممتاز تھے - اس خاندان کے مورث نے سلاطین مغلیہ کے زمانہ مین مراد آباد مین توطن اختیار کیا ۱۸۰۱ء مین جب روہیلکھنڈ سلطنت انگلشیہ کے قبضۂ اقتدار مین آیا تو راجہ صاحب کے پردادا راے آتارام بجنور کے چکلہ دار تھے جو بعد کو برٹش گورنمنٹ کی ملازمت مین داخل ہوے - راے گھنشیام داس راجہ کرشن کمار صاحب کے دادا تھے - راجہ صاحب کے والد راے پردمن کشن نے غدر ۱۸۵۷ء مین اُن انگلش حکام کو جنھون نے نینی تال مین پناہ لی تھی مالی مدد دی اور انکو وقتاً فوقتاً ضروری خبرین پہونچاتے رہے جسکے صلہ مین گورنمنٹ سے چار ہزار روپیہ سالانہ کا ایک علاقہ عطا ہوا - راجہ صاحب کو اپنے نانا کے ترکہ مین بھی ایک علاقہ ملا ہے - راجہ صاحب نے قدیم طریقہ کے مطابق مکان مین فارسی اور عربی مین تعلیم پائی ہے - ہندی مین بھی معقول دستگاہ ہے - فن خوشنویسی مین آپ اپنا مماثل نہین رکھتے - ایام طالبعلمی ہی مین آپکو آپکے والد ماجد نے انتظامی امور مین شریک کر لیا تھا - اور جس وقت راے صاحب کا انتقال ہوا تو آپنے نہایت قابلیت سے اپنے منصبی فرائض سنبھال لیے اور آپ کے حسن مساعی اور عرق ریزی سے علاقہ کی حالت نہایت سرسبز اور شاداب ہے - راجہ صاحب ایک گرانمایہ شاعر ہین آپکا تخلص وقار ہے - مولوی انوار حسین تسلیم سے آپ کو تلمذ حاصل ہے - دیوان وقار اور اختراع جدید آپکی تصنیفات سے شائع ہوے ہین - راجہ صاحب کو گھوڑے کی سواری کا بے انتہا شوق ہے - راجہ صاحب خلقی طور سے ایک نیک دل اور خلیق بزرگوار ہین آپ کو کتب بینی کا ایک خاص مذاق ہے آپ کے کتبخانہ مین مختلف علوم و فنون کی کتابون کا ایک نہایت عمدہ ذخیرہ موجود ہے - آپنے اکثر کالجون کو بیش قرار چندے دیے ہین - آگرہ کالج - محمڈن کالج

علی گڈھ - بریلی کالج - خاصتہً آپ کی فیاضی کے ممنون ہین - راجہ صاحب نے مشن اسکولون کو بھی مدد دی ہے - غیر مستطیع طلبا کی تعلیم سے آپ کو بہت بڑی دلچسپی ہے - اکثر طالب علمون کو آپ وظیفہ دیتے ہین - آپ نے سہسپور مین ایک شفاخانہ اور مرادآباد مین ایک دارالمجذومین قائم کیا ہے - راجہ صاحب کے حسن اخلاق سے اِنکے تمام متعلقین اور متوسلین خوش ہین آپ ایک اسپیشل مجسٹریٹ ہین اور آپ کو درجۂ دوم کے اختیارات حاصل ہین - قسمت روہیلکھنڈ کے درباریون کی سرکاری فہرست مین آپکا نمبر پانچوان ہے - قانون اسلحہ سے آپ مستثنٰی ہین - لارڈ رپن کے عہد ویسرائی مین ۱۸۸۲ء مین آپ کو راجہ کا خطاب عطا ہوا تھا - راجہ صاحب کے تین صاحبزادے ہین - فرزند اکبر کا نام کنور راج کمار ہے - دوسرے صاحبزادے کا نام کنور لال کمار اور تیسرے صاحبزادے کا نام کنور انرودھ کمار ہے - بڑے اور چھوٹے صاحبزادے انگریزی و فارسی اور سنسکرت کی تعلیم پاتے ہین منجھلے صاحبزادے بدقسمتی سے دماغی امراض مین مبتلا ہین - سکونت بلاری ضلع مرادآباد -

---

بس پت سنگھ - مہاراو - راجہ - ولادت سمبت ۱۹۰۱ - آپکا تعلق سولنکھی خاندان سے ہے جو آبو ملک گجرات مین آکر آباد ہوا اور نیکنامی اور شہرت حاصل کی - اس خاندان کے مورث اعلی مہاراجہ بیر دھج کے دو بیٹے تھے - مہاراجہ سکھ دیو اور مہاراجہ باگھ دیو اول الذکر گجرات مین رہے اور آخرالذکر باندھو گڈھ یعنی ریوان واقع بگیل کھنڈ مین آئے ان کے پانچ بیٹے تھے - اول مہاراجہ کرن دیو جنکی نسل ریوان مین ہے - دوسرے مہاراجہ کیرت دیو جنکی اولاد پرتھی پور مین ہے - تیسرے مہاراجہ سورت دیو جنکے اعقاب کوٹہ مین ہین - چوتھے شیام دیو جنکی نسل تھارا دیس مین ہے - اور پانچوین مہاراجہ کندھر دیو جو سمبت ۱۶۶۲ مین پیدا ہوے - اور راو کا خطاب حاصل کرکے پرگنہ بارہ کوٹہ

مین بارہ لاکھ کے علاقہ کے مالک ہوئے۔ اُنکے بعد سے اسوقت تک تیس پشتین یکے بعد دیگرے اس ریاست پر قابض و متصرف ہوتی آئین۔ اس نسل کی چھبیسوین پشت مین راجہ بکرماجیت سنگھ نے اپنی شجاعت اور دلیری کی وجہ سے شاہ عالم شہنشاہ دہلی کے دربار سے ایک فرمان کی رو سے راجہ بہادر کا خطاب حاصل کیا۔ اور دوہزار پانصدی کے منصب اور دوہزار سوار کی افسری سے سرفراز کیے گئے۔ مہاراؤ راجہ غنیس پت سنگھ صاحب کے مزاج مین غربا پروری۔ رحمدلی اور مذہبی پابندی زیادہ پائی جاتی ہے۔ آپنے ہندوستان کے بیالیس مقدس مقامات کی تیرتھ جاترا کی۔ آپ پنڈتون اور برہمنون کی بہت عظمت کرتے ہین۔ اپنی دینی اور مذہبی کتب کو اکثر پڑھوا کر سنا کرتے ہین اور اکثر مقامات ہند مین آپنے شوالہ اور مندر وغیرہ تعمیر کرائے ہین۔ آپکے چار فرزند ہین۔ خلف اکبر اور ولی عہد کنور رام سنگھ صاحب ولادت سمت ۱۹۰۶ بکرمی۔ یہ مہاراجہ صاحب ریوان کے مورد اعطاف و الطاف ہین۔ دوسرے کنور لچھمن سنگھ صاحب ولادت سمت ۱۹۰۸ بکرمی۔ یہ مقام آبو مین اسسٹنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ تھے۔ تیسرے کنور بھارت سنگھ صاحب ولادت سمت ۱۹۱۰ بکرمی۔ یہ عہدہ منصف ججی رائے بریلی پر سرفراز ہین۔ انھون نے مکڈانل اسکول شنکر گڈھ پرگنہ بارہ ضلع الٰہ آباد مین تعمیر کیا ہے۔ چوتھے کنور ستر ہن سنگھ صاحب ولادت سمت ۱۹۲۸ بکرمی یہ زیر تعلیم ہین۔ یہ ریاست پہلے بارہ لاکھ روپے کی تھی پرگنہ بارہ کوٹہ اور پرگنہ جلال آباد دیمنے اربل تحصیل کر چھنا آپکے آبا و اجداد تک قبضہ مین رہا جسکی ملکیت کے اسناد بھی آپکے پاس موجود ہین۔ پرگنہ بارہ جو ابتک زیر تصرف ہے ایک وسیع علاقہ ہے۔ اسکا شاہی پٹہ تین لاکھ بیس ہزار کا تھا۔ اور گورنمنٹ انگلشیہ نے یکم فروری سنہ ۱۸۰۲ع کو جو پٹہ عنایت فرمایا ہے اُس مین تین لاکھ چھیالیس ہزار روپیہ جمع قرار دی ہے۔ اسکے جانب غرب ضلع باندہ جانب شرق ریاست کھیراگڈھ جانب شمالی دریاے جمن جانب

جنوب ریاست ریوان واقع ہے۔ ۲۰۔نومبر سنہ ۱۸۶۶ء کے دربار آگرہ مین آپ کو گورنمنٹ کی جانب سے نوپارچہ کا خلعت اور اکاون اشرفیان مرحمت ہوئین۔ ۲۷ دسمبر سنہ ۱۸۷۶ء کو دربار دہلی مین آپ کو قیصر ہند کا تمغہ مرحمت ہوا۔ ۱۹ جنوری سنہ ۱۸۷۹ء کو امداد قحطزدگان خشک سالی سنہ ۱۸۷۷ء کے جلدو مین آپ خلعت فاخرہ سے مخلع وممتاز ہوے۔ ایام غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین آپنے سرکاری خزانہ اور تحصیل کی بہت حفاظت کی اور اہل قلعہ الہ آباد کو رسد وغیرہ سے مدد دی اور اپنے پرگنہ کو باغیون کے دست برد سے محفوظ رکھا اور بارہا اُنسے مقابلے کیئے۔ ان خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے اپنی خوشنودی مزاج کی تحریر اور راجگی کے خطاب سے معزز وسرفراز کیا۔ مہاراجہ صاحب ریوان سے حسب دستور مراسم دوستانہ جاری ہین اور اُنھون نے آپکے مہاراؤ کے خطاب کو تسلیم کیا ہے اور اپنے راج ریوان کے قریب بارہ کوٹہ مین ایک کوس زمین بھی عطا فرمائی ہے۔ سکونت شنکرگڈھ۔ پرگنہ بارہ ضلع الہ آباد

مہابیر پرشاد نراین سنگھ۔ راے بہادر۔ آپ کا خاندان اپنی قدامت اور اقتدار کے لحاظ سے نہایت معزز اور ممتاز سمجھا جاتا ہے۔ آپکے مورث اعلی پورن رام پانڈے سنہ ۱۴۱۵ء مین سلطان بہلول لودی کی فوج مین رسالدار تھے۔ راے مہابیر پرشاد نراین سنگھ ٹھاکر اجودھیا بخش سنگھ کے فرزند ہین جنھون نے ایام غدر مین گورنمنٹ انگلشیہ کو ہر قسم کی مدد دی تھی۔ اسکے صلہ مین گورنمنٹ نے خلعت فاخرہ اور موضع بردھا عطا فرمایا تھا۔ راے مہابیر پرشاد سنہ ۱۸۵۲ء مین پیدا ہوے تھے۔ آپ نے انگریزی فارسی۔ سنسکرت اور ہندی مین معقول اور عمدہ تعلیم پائی۔ اور اپنے والد ماجد کی حیات ہی مین اپنے وسیع علاقہ کے انتظام مین شریک ہوے۔ اور بڑی قابلیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیے ہے۔ آپ بھوئیھار برہمن ہین۔ ہز ہائینس مہاراجہ بنارس بھی اسی



راے بہادر جگن پرشاد رئیس آگرہ



راے بہادر بابو نوبین چندر چکرورتی رئیس آگرہ



راے بہادر دامودر داس رئیس بریلی



راے بہادر ساہو لالتا پرشاد رئیس پیلی بھیت

قوم سے تعلق رکھتے ہین - راے صاحب مذہبی اور رفاہ عام کے کامون مین بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین - آپنے کئی عالیشان مندر تعمیر کیے ہین اور مختلف مقامات پر سدا برت جاری کیا ہے جس مین غریبون کو روزمرہ کھانا ملتا ہے - تالاب اور کنوئین بنوائے اور اسکول اور پاٹ شالے جاری کیئے ہین اور ایک زراعتی انجمن قایم کی ہے - ایام قحط مین آپنے اپنی رعایا کے ساتھ نہایت فیاضانہ سلوک کیا - آپ نے اکثر فنڈون مین معقول چندے دیے ہین - سنہ ۱۹۰۱ع مین چھٹی بھوینہار برہمن مہاسبھا کی استقبالی کمیٹی کے جو الہ آباد مین منعقد ہوئی تھی آپ پریسیڈنٹ تھے - آپ قانون اسلحہ کے قیود سے مستثنے ہین - سنہ ۱۹۱۱ع مین گورنمنٹ نے آپ کو راے بہادر کا خطاب عطا فرمایا تھا - سکونت براؤن - ضلع الہ آباد -

نوبین چندر چکرورتی - راے بہادر - ولادت ۱۹ - نومبر سنہ ۱۸۴۳ع آپ کا سلسلۂ نسب قوم برندرا بنگالی برہمنون کے قدیم خاندان سے ملتا ہے - آپ کے پردادا پنچھارام چکرورتی تعلقدار اور نامی تاجر تھے جنھون نے ایک صدی کا عرصہ ہوا اپنے خاندانی وطن کو ترک کر کے سال گریا واقع پبنا بنگال مین سکونت اختیار کی جو اب بھی اس خاندان کا مسکن اور موطن ہے - آپکے والد گوری کنتھہ چکرورتی اپنی حذاقت کی وجہ سے نہایت مشہور ومقبول اور ہر دلعزیز تھے - آپکے چچا برج ناتھ چکرورتی رانی پتیا کے دیوان تھے - آپ نے ۱۱ - اپریل سنہ ۱۸۶۷ع کو کلکتہ مڈیکل کالج کا امتحان ایل - ایم - ایس پاس کیا اور یکم جولائی سنہ ۱۸۶۷ع سے داخل ملازمت ہوے - اس تقرر کے چار ماہ کے بعد آپ کی ملازمت بنگال سے ممالک متحدہ کو منتقل ہوئی اور آپ نینی تال مین تعینات کیے گئے - دسمبر سنہ ۱۸۶۹ع مین ضلع بلند شہر کی اور اُسکے بعد شہر متھرا کی سول سرجنی کے عہدہ پر ممتاز ہوے - اگست سنہ ۱۸۸۴ع

مین آگرہ مڈیکل اسکول مین ملازم اور ٹامسن ہاسپٹل کے سپرنٹنڈنٹ قرار پائے۔ اگست ۱۸۷۵ء مین مدرس علم طب مقرر کیے گئے اور اس عہدہ پر پنشن لینے کے قبل تک مامور رہے۔ جنوری ۱۸۹۶ء کو آپ کو سرکاری خدمات کے جلدو مین راے بہادری کا خطاب عطا کیا گیا۔ آگرہ مڈیکل اسکول کی مدرسی کے زمانہ مین آپنے علم طب مین ایک نہایت جامع کتاب تصنیف وتالیف کی جس کا ترجمہ ہندی مین بھی ہوگیا ہے۔ فی الحال آپ پنشن یاب ہو کر آگرہ مین مطب کرتے ہین اور شہر مذکور مین نہایت ہردلعزیز ہین۔ آپ کے دو صاحبزادہ ہین۔ بڑے بیٹے سرت چندر چکرورتی ریاست دھولپور کے نائب دیوان تھے اور دوسرے بیٹے ہیم چندر سینٹ جان کالج آگرہ مین تعلیم پارہے ہین۔ سکونت آگرہ ممالک متحدۂ آگرہ واودھ۔

لالتا پرشاد۔ ساہو۔ راے بہادر۔ ولادت ہم۔ ستمبر ۱۸۷۲ء آپ ساہو مگنی رام کے فرزند اور ساہو مکند رام کے نبیرہ ہین۔ آپ کے پچاسی گاؤن علاوہ پٹیات اور مالکانہ حقیت کے اضلاع پیلی بھیت۔ بریلی۔ شاہجہانپور اور بدایون مین واقع ہین جنکی مالگزاری سالانہ پینسٹھ ہزار روپیہ ہے۔ آپ ایک ہزار روپیہ سالانہ ٹکس دیتے ہین۔ آپ کا خاندان ہمیشہ سے ذی عزت اور خیرخواہ گورنمنٹ ہے۔ آپ دو بھائی ہین۔ چھوٹے بھائی کا نام ساہو ہر پرشاد ہے جو ایک ہونہار نوجوان ہین۔ آپکے والد نے ۱۱۔ نومبر ۱۸۸۶ء کو وفات پائی۔ وہ بڑے مخیر اور نیک نام بزرگ تھے انھون نے ایک نہایت خوبصورت دھرم سالہ موسومہ گوری شنکر تعمیر کرائی ہے جسکا خوشنما دروازہ پندرہ ہزار روپیہ کے صرف سے تیار ہوا تھا۔ ساہو لالتا پرشاد کے انتظام مین علاقہ اور آمدنی کو یوماً فیوماً ترقی ہو رہی ہے۔ آپ کو امور عامہ اور صیغۂ تعلیم سے خاص دلچسپی ہے۔ ۱۸۹۶ء کے خوفناک قحط مین آپنے اپنی رعایا کے ساتھ

فیاضانہ ہمدردی کی۔ آپنے بصرف زر کثیر ایک دریائی نہر نکالکر اپنی رعایا اور زمینداروں کو ایک بہت بڑے تردد سے ہمیشہ کے لیے سبکدوش کر دیا۔ آپنے ایک سنسکرت کالج جسکا نام للت ہری سنسکرت ویدک کالج ہے مع بورڈنگ ہوس اور شفاخانہ اور کلاک ٹاور یعنے گھنٹہ گھر کے پچاس ہزار روپیہ کی لاگت سے ناف شہر پیلی بھیت مین تعمیر کیا ہے اور اُسکے قیام کے لیے ستّر ہزار کی ارضی جائداد وقف کردی جسکی آمدنی تنخواہ ملازمان کالج و وظائف و خوراک طلبا مین صرف کیجاتی ہے۔ آپکے کالج مین سنسکرت اور وید ک کی تعلیم بلا فیس دیجاتی ہے اور اُسمین انگریزی کی خواندگی کا بھی سلسلہ جاری ہے۔ ساہوکارہ مین آپنے ایک عالیشان مندر بنوایا ہے جسکی تعمیر مین ساٹھ ہزار روپیہ صرف ہوے ہین۔ مندر کے اخراجات کے لیے بھی آپنے ساٹھ ہزار روپیہ کی جائداد وقف کردی ہے۔ آپنے اکثر مقامات پر کنوئین۔ مکانات اور دھرم سالے بھی تعمیر کیے ہین جنسے خلق اللہ کو بہت بڑا فائدہ پہونچتا ہے۔ ریلوے اسٹیشن کے قریب آپنے ایک نہایت پرفضا باغ تعمیر کرایا ہے جس سے نہر کی رونق و زینت دوبالا ہوگئی ہے سنہ ۱۸۹۸ء مین آپکو رائے بہادری کا خطاب عطا ہوا۔ اسی سال آپ آنریری مجسٹریٹ بھی مقرر ہوے۔ باشندگان شہر اور گورنمنٹ دونون آپکو عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہین۔ سکونت پیلی بھیت۔

جگن پرشاد۔ بابو۔ رائے بہادر۔ ولادت اکتوبر سنہ ۱۸۳۵ء۔ آپکے مورث اعلیٰ جلال الدین محمد اکبر شہنشاہ دہلی کے ہمرکاب دہلی سے آگرہ مین آئے۔ آپکے والد منشی راجارام ڈپٹی مجسٹریٹ تھے جنھون نے چونتیس برس کی ملازمت کے بعد پنشن حاصل کی۔ اُن کی حسن کارگزاری کی نسبت اکثر حکام نے خوشنودی مزاج کے اسناد عطا کیئے ہین۔ منشی راجہ رام نے دسمبر سنہ ۱۸۷۰ء مین چھیاسٹھ سال کی عمر مین انتقال

کیا۔ راے بہادر اُن کے پانچ بیٹون مین سے دوسرے فرزند ہین۔ آپ کو فارسی اور عربی کی صرف و نحو و منطق اور طب کی تعلیم تکمیل کے ساتھ اور بھاشا اور سنسکرت کی تعلیم معمولی طور سے دی گئی۔ آپنے ملازمت سرکاری کی حالت مین انگریزی مین بھی کافی استعداد بہم پہونچائی۔ سنہ ۱۸۵۷ع مین آپ مترجم سرکاری کے منشی اول مقرر ہوے۔ پھر نائب سررشتہ دار فوجداری آگرہ اور اُسکے بعد مسلخوان صدر دیوانی رہے۔ اور سنہ ۱۸۶۵ع تک سررشتہ داری فوجداری پر مامور رہے۔ اُسی اثنا مین کچھ عرصہ کے لیے آپ سررشتہ دار کلکٹری بھی ہو گئے تھے۔ آخر سنہ ۱۸۶۵ع مین آپ وکیل صدر دیوانی پھر وکیل ہائی کورٹ ہوے۔ اُسکے بعد گورنمنٹ کے حکم سے آپ نوٹری پبلک مقرر ہوے اور سنہ ۱۸۹۶ع مین ہائی کورٹ الہ آباد نے آپ کو ایڈوکیٹ مقرر کیا۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد آپ آگرہ میونسپلٹی کے ممبر منتخب ہوے۔ اور سترہ برس سے آپ نائب میر مجلس میونسپل بورڈ ہین انھین خدمات کے جلدو مین جون سنہ ۱۸۹۴ع کو گورنمنٹ سے راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا۔ سنہ ۱۸۹۷ع مین گورنمنٹ انڈیا نے نائب میر مجلسی کی خدمات کے اعتراف مین ایک سرٹیفکٹ عطا فرمایا۔ تقریباً سنہ ۱۸۸۲ع مین جب آگرہ کالج کی حالت نازک تھی تو آپ نے بھی اُسکے قیام و استحکام کے لیے کوشش کی چنانچہ اُسوقت سے یہ کالج ٹرسٹیون اور ایک مینیجنگ کمیٹی کے زیر اہتمام جاری ہے اور آپ بھی اسکے ٹرسٹی اور مینیجنگ کمیٹی کے ممبر ہین۔ آخر سنہ ۱۸۹۳ع مین کالیستھ کانفرنس کے متھرا کے اجلاس مین آپ پریسیڈنٹ تھے۔ سکونت آگرہ۔ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ۔

دامودر داس۔ منشی۔ راے بہادر۔ رئیس و آنریری مجسٹریٹ بریلی۔ ولادت ۳۱۔ دسمبر سنہ ۱۸۴۷ع آپ مہرے کھتری اور قدیم باشندۂ دہلی ہین۔ آپ کے والد بزرگوار منشی دوارکا داس نے بریلی مین سکونت اختیار کی جو نہایت مخیر اور ہر دلعزیز تھے۔

غدر ۱۸۵۷ء مین منشی دوارکاداس نے گورنمنٹ عالیہ کی نہایت عمدہ خدمات انجام فرمائین۔ اس صلہ مین اُنکو چند دیہات اور پروانہ خوشنودی مزاج کے عطا ہوے۔ ۱۸۷۱ء مین آپ کے والد نے انتقال کیا اور آپ بجاے اپنے والد کے ممبر مینوسپلٹی اور ۱۳۔ فروری ۱۸۸۲ء کو آنریری مجسٹریٹ ضلع بریلی مقرر ہوے۔ آپنے اپنی قابلانہ کارگزاریون سے اول درجہ کے اختیارات حاصل کیے۔ یکم جنوری ۱۸۹۳ء کو آپ کو راے بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ آپ ہی کی سرپرستی سے ایک سبھا موسومہ بہ سبھاست اُپکاری ۱۸۸۶ء مین قائم ہوئی۔ آپ مینوسپلٹی اور بریلی انسٹیٹیوٹ کے وائس پریسیڈنٹ اور یتیم خانہ بریلی کے پریسیڈنٹ ہین۔ آپ کا برتاؤ اہل ہنود اور اہل اسلام کے ساتھ یکسان ہے۔ آپکے تین فرزند ہین۔ لالہ جے نرائن ولادت ۲۱۔ جون ۱۸۶۷ء۔ لالہ بلدیو پرشاد ولادت ۲۵۔ فروری ۱۸۷۲ء۔ لالہ رام سروپ ولادت ۸۔ نومبر ۱۸۷۳ء۔ سکونت بریلی۔

صورت کنور۔ رانی۔ تعلقدار کھیری گڈھ ضلع کھیری۔ اس خاندان کا سلسلہ چندربنسی مہاراجہ رامچندر سے ملتا ہے۔ راجہ سومترا کی چھبیس پشت کے بعد راجہ بدھی راج دہلی چھوڑکر کوہ کانگڑا مین آئے اور سترہ پشت تک اس خاندان کے راجہ کانگڑے سے گڈھ اور کمایون مین حکمران رہے۔ پھر مستقر ریاست کوہ ڈوٹی (متصل اجمیر) کو منتقل ہوا یہان ستائیس پشتین گذرین۔ بڑی چھوٹی بائیس ریاستین ماتحت تھین۔ چنانچہ ان راجاؤن کے عطا کردہ اسناد تانبہ کے پتر ابتک اُس نواح مین موجود ہین۔ راجہ ہری ساہ کی وفات مین اس خاندانمین دو گروہ ہوگئے اور خاندان ڈوٹی کے اُس گروہ کے لوگ جو ریاست سے محروم رہے تھے اور جنکے سردار اُسوقت کنور اجی ساہ تھے، رئیس نیپال سے جاملے اور اُسکو ڈوٹی پر چڑھائی کرنے کی صلاح دی نیپالی فوج چڑھ دوڑی اور بمقام سرکھیت مین دونون فوجون کا مقابلہ ہوا۔ بالآخر نیپالیون کو کامیابی ہوئی۔ یہ لڑائی جو قریب سمت ۱۸۴۰ مطابق ۱۷۸۳ء کے ہوئی تھی شمالی ہندوستان کے

اطراف مین اسقدر مشہور ہے کہ اُسکا ساکھا نیپالی گوئیے ابتک گایا کرتے ہین - غرضکہ اٹھائیس پشت کے بعد ریاست قبضۂ خاندان ڈوئی سے علٰحدہ ہوئی - اس حالت مین وہ گروہ جو ریاست سے محروم رہا تھا نیپال کے تحت مین صاحب ریاست قرار پایا اور دوسرا گروہ جس نے اطاعت نامنظور کی تھی اور جسکے سرگروہ راجہ دیپ ساہ تھے مع اپنے خاندان اور تابعین کے کنجن پور مین آیا - یہ علاقہ ترائی مین واقع ہے - یہان اُنکے آنے کے قبل یہ کارروائی ہو چکی تھی کہ جو کارندہ اصل مالک کی طرف سے علاقہ کا کاروبار کرتا تھا اُسنے فرمانروا ے اودھ سے ملکر قبولیت اپنے نام کرائی تھی - جب مصیبت زدہ رئیس آیا تو اُسنے اس قبولیت کے واقعہ کو مخفی رکھکے زہر خورانی کی تدبیر لڑائی مگر قبل وقوع واقعہ اطلاع ہو گئی اسلیے راجہ دیپ ساہ نے وہان ٹھہرنا مناسب نہ جانا اور کھیری گڈھ کی طرف کوچ کیا - یہان کا رئیس بر سر مقابلہ ہوا - چند ناکامیون کے بعد آخر سمت ۱۸۵۶ مین کھیری گڈھ کے رئیس کو شکست ہوئی اور اُسوقت سے یہ خاندان کھیری گڈھ پر قابض ہو گیا - بعد ازان اس خاندان کے سرگروہون نے سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی سے ساز کر کے اصل ریاست ڈوئی کے لینے کا بندوبست کیا - اُسوقت سے سرکار انگریزی اس خاندان کی حامی اور معاون ہے - سنہ ۱۸۲۲ع مین راجہ گنگا رام ساہ نے قدیم علاقہ پر قبضہ حاصل کیا - راجہ گنگا رام ساہ کے مرنے کے بعد سنہ ۱۸۵۰ع مین اُنکے بیٹے راجہ رندسوج ساہ مسند نشین ہوے - سمت ۱۹۲۴ مطابق سنہ ۱۸۶۷ع مین راجہ رندسوج ساہ نے وفات پائی اور اُنکے بیٹے راجہ اندر بکرم ساہ جانشین ہوے - اُنھون نے سنہ ۱۸۸۵ع مین لاولد انتقال کیا اور بجاے اُنکے رانی صورت کنور مسند نشین ہوئین - آپکی درخواست پر علاقہ سنہ ۱۸۸۶ع سے سنہ ۱۸۹۴ع تک کورٹ کے زیر اہتمام رہا اور اب آپ خود انتظام کرتی ہین اور اپنے حسن انتظام سے حکام اور رعایا دونون کو ابتک راضی رکھا ہے - اس علاقہ مین ایکسو دس مواضع ہین جو دو تحصیلون اور پانچ پرگنون مین منقسم ہین - مالگزاری کل مواضع کی ارسٹھ ہزار نوسو دس روپیہ ہے - خطاب رانگی موروثی ہے - سکونت کھیری گڈھ ضلع کھیری -



خان بہادر چودھری محمد نصرت علی رئیس لکھنؤ



مرزا بہادر محمد عباس علی خان رئیس لکھنؤ

محمد عباس علی خان - میرزا بہادر - ولادت ۱۵ - شوال سنہ ۱۲۶۸ھ - آپ میرزا آغا علی خان بہادر ناظم اودھ کے صاحب زادہ ہین - ناظم صاحب کے سوانح اور اذکار مین بسبیل اختصار اسقدر لکھنا کافی ہے کہ اُنھون نے محض اپنی اصابت رائے - قوت تدبیر اور متانت فکر سے یہ گران پایہ منصب حاصل کیا تھا اور وہ وہ کارنمایان کیے جنکی نسبت بعض انگریزی مورخین نے بھی اپنی کتابون مین مدح وثنا کی ہے - میرزا محمد عباس علی خان صاحب بہادر کی تعلیم وتربیت خاص طور سے عمل مین آئی - اول علوم رسمیّہ ماہران السنۂ عربی وفارسی سے آپ نے پڑھے اور ضروریات دینی سے فراغ حاصل کیا - خوشنویسون نے خطاطی - محاسبون نے سیاق - انشاپردازون نے سیاق سکھایا پھر تعلیم انگریزی کی طرف متوجہ ہوے اور بہت جلد انگریزی مین بھی مہارت کامل بہم پہونچائی - تحصیل علوم کے بعد آپ عہدۂ اسسٹنٹ کمشنری پر ممتاز ہوے اور بڑی بیدار مغزی اور مستعدی سے اپنے خدمات مفوضہ انجام دیے - آخر زمانۂ ملازمت مین آپ قائم مقام سشن جج اور ڈپٹی کمشنر بھی رہے تھے - ناظم صاحب کی وفات پر آپ ملازمت سے کنارہ کشی کے لیے مجبور ہوے - آپ نہایت خلیق اور حکام رس بزرگوار ہین - علمائے دین کا احترام اور علم کی قدر ومنزلت جس قدر آپ فرماتے ہین اسکا بیّن ثبوت مدرسۂ شارع الشرائع ہے جسکو آپنے اپنے ذاتی مصارف سے قائم کیا ہے اور اس مین علاوہ عام طلبہ کے وظیفہ خوار طلبہ بھی بکثرت تعلیم پاتے ہین اور تمام بلاد وامصار سے شائقین علم یہان آکر فیض یاب ہوتے ہین - یہ مدرسہ ایک عالیشان عمارت مین قائم کیا گیا ہے اور سال بسال اسکی تعمیر مین ترقی ہوتی جاتی ہے - آپنے ایک بہت بڑی عمارت جو عہد نظامت مین بمقام عیش باغ ہزارہا روپیہ کے صرف سے تیار ہوئی تھی جناب تقدس مآب مجتہد العصر والزمان حجۃ الاسلام مولانا مولوی سید ناصر حسین صاحب قبلہ کے کتبخانہ کے لیے مع ایک معتدبہ ماہوار

رقم کے وقف فرما دی ہے - آپکا علاقہ اضلاع بارہ بنکی و اناؤ و لکھنو و سلطانپور مین واقع ہے - آپ کے دو صاحبزادے ہین - میرزا محمد جعفر صاحب و میرزا محمد صادق صاحب دونون ہونہار ہین اور ہر قسم کی دینی و دنیاوی تعلیم پا رہے ہین - سکونت چاہ کنکر لکھنو


محمد نصرت علی - چودھری - خان بہادر - ولادت ۱۸ - اگست ۱۸۴۹ء -

آپ شیخ صدیقی ہین اور حضرت محمد بن ابوبکر خلیفہ اول کی اولاد احفاد مین ہین اس خاندان کے مورث عرب سے فاریاب مین وارد اور وہان سے امیر تیمور گورگان کے ہمراہ ہندوستان مین داخل ہوے اور لاہور مین سکونت اختیار کی - خدمات و فرائض شہنشاہی کی بجاآوری کے صلہ مین جب ملک اودھ مین جاگیرات و مناصب مرحمت ہوے تو آپ کے مورث شیخ تاج الدین لاہور سے اودھ مین آکر قصبہ سنڈیلہ ضلع ہردوئی مین آباد ہوے - سنہ ۹۳۴ ہجری مین شہنشاہ دہلی کی پیشگاہ سے سندیلہ کی چودھرائت کا عہدہ عطا ہوا جو تا انتزاع سلطنت اودھ علی الاتصال اس خاندان مین چلا آیا اور اب بھی اسی لقب سے یہ خاندان ملقب ہے - عہد دولت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ مین شیخ صدر جہان مدارج اعلیٰ پر فائض تھے - انکے بیٹے چودھری شیخ فیروز خان بہادر کے خطاب سے معزز ہوے - چودھری محمد دائم کو جنکی چھٹی پشت مین آپ واقع ہوے ہین منصب و جاگیر اور عہدۂ چودھرائت کے علاوہ عرصہ تک نظامت کا اعزاز بھی حاصل رہا - آپ کے جد امجد چودھری منصب علی نے اپنی روشن دماغی سے اس آبائی ریاست کو ترقی دی - چودھری منصب علی کے تیسرے بیٹے چودھری محمد عظمت علی آپکے والد تھے جو شاہ اودھ کے دربار مین بارہا خلعت ہاے فاخرہ سے معزز و سرفراز کیے گئے - ۲۰ - ذی الحجہ سنہ ۱۲۶۵ھ کو انھون نے انتقال کیا - ابتداءً آپ نے علوم متعارف مین دستگاہ کامل حاصل کی - اسکے بعد آپ ۲۵ - مئی سنہ ۱۸۷۷ء سے انجمن ہند کے نائب

سکرٹری اور کل طبقۂ تعلقداران اودھ کے معتمد علیہ اور کارکن ہین - ۲۵ - مئی ۱۸۸۱ع سے آپ شہر لکھنؤ کے آنریری مجسٹریٹ درجہ دوم اور میونسپل کمشنر اور عجائب خانہ کالون اسکول - کیننگ کالج - ڈفرن ہاسپٹل اور خیرات خانۂ شاہی لکھنؤ وغیرہ کے ممبر ہین - ۱۸۸۱ع مین سر جارج کوپر صاحب نے آپ کو متواتر دو مرتبہ خلعت مع شمشیر ولایتی عطا کیا جسپر طلائی حروف مین آپ کی حسن کارگزاری کندہ ہے - ۱۸۸۲ع مین آپ کا نام درباریون کی فہرست مین داخل کیا گیا - اسی سال گورنمنٹ نے آپ کو ضلع کھیری کی منصفی پر مقرر کیا مگر مہاراجہ صاحب بلرام پور آنجہانی کے اصرار و قدردانی سے آپ واپس آئے - ۱۸۸۵ع کی نمائشگاہ کی کمیٹی کی سفارش پر ولایت سے تمغہ مرحمت ہوا - ۱۸۸۶و۱۸۸۵ع مین لگان اودھ بل کے معاملہ مین تعلقداران اودھ کے آپ مشیر خاص تھے - یکم جنوری ۱۸۸۹ع کو آپ کو خان بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - ۱۸۸۹ع مین گورنمنٹ نے ازراہ قدردانی خاص شرائط کے ساتھ آپ کو بریلی مین تیسرے درجہ کا مستقل ڈپٹی کلکٹر کر دیا مگر تعلقداران اودھ خصوصاً عہدہ داران انجمن ہند نے گورنمنٹ کے پاس ایک ڈیپوٹیشن بھیجکر آپ کو واپس طلب کر لیا - آپ نے تمام علوم کی کتب خصوصاً علم تاریخ کی کتابون کا ایک کتب خانہ قائم کیا ہے اور اپنے آبائی علاقہ کو بہت کچھ وسعت اور ترقی دی ہے - آپ اپنے اہل وطن اور حکام گورنمنٹ مین ہر دلعزیز ہین - آپ کے تین صاحبزادے ہین - بڑے چودھری محمد عزت علی کاروبار ریاست کرتے ہین - دوسرے چودھری محمد فتح علی محکمۂ کورٹ آف وارڈس مین اسسٹنٹ مینیجر ہین - تیسرے بیٹے چودھری عشرت علی صغیر سن ہین - سکونت لکھنؤ -

ہرن چندر مکرجی - رائے صاحب - آپ ۱۶ - جولائی ۱۸۳۶ع کو اپنے ماموں کے مکان باندی پور مین پیدا ہوے - آپ ضلع ہوگلی کے ایک موضع جنئی کے باشندے

ہین۔ جنئی کے مکرجی خاندان کی ابتدا اُن پانچ برہمنون سے ہے جنکو ادیسور راجہ گور (بنگال) نے قنوج سے طلب کیا تھا۔ اُنمین ایک پنڈت سری ہرش تھے اُنکے خاندان مین رامیسر ٹھاکر ہوے۔ رامیسر ٹھاکر کے سب سے چھوٹے بیٹے رام چندر مکرجی نے بھٹاچارجی خاندان مین شادی کی۔ رامچندر مکرجی کے لڑکے نندکشور نے موضع جنئی مین بودوباش اختیار کی۔ نندکشور کے دو لڑکے پیدا ہوے رام شنکر مکرجی اور بھولاناتھ مکرجی۔ بھولاناتھ نے ہلدار خاندان مقام ہتیاگڈھ (۲۴ پرگنہ) مین شادی کی۔ اس شادی سے آپ کی اولاد کا کلین پن جاتا رہا۔ بڑے بیٹے رام شنکر مکرجی نے اپنی نجابت اور شرافت قائم رکھی۔ انکے تین بیٹے ہوے۔ رام پرشاد۔ جے نراین اور بشی رام۔ رام پرشاد مکرجی کے دو بیٹے ہوے مدن موہن اور رام دھن۔ رام دھن مکرجی کے بیٹے ہرن چندر مکرجی ہین۔ ہرن چندر مکرجی کی تعلیم اولاً ٹریننگ اسکول جنئی مین اور بعدہ اورنٹیل سیمنیری کلکتہ مین ہوئی۔ دسمبر سنہ ۱۸۵۸ء مین آپ نے علی پور (بنگال) مین صیغۂ فراہمی وردی افواج مین سرکاری ملازمت شروع کی۔ آپ نے اپنی لیاقت اور جانفشانی سے اس صیغہ کے افسر اعلیٰ کی اچھی راے حاصل کی۔ اور موقع آنے پر ترقی پائی آپ نے اس صیغہ کے بہت سے اہم کامون کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا جس سے گورنمنٹ کی بہت بڑی توفیر ہوئی۔ آپ کی عمدہ خدمات کا ذکر صیغۂ مذکور کے مختلف اعلیٰ افسرون نے انتظامی رپورٹ مین کیا ہے۔ گورنمنٹ انڈیا نے حسن کارگزاری کے لحاظ سے باوجود پچپن سالہ عمر ہونے کے آپ کو تاقیام تندرستی کام کرنے کی اجازت دی۔ سنہ ۱۸۹۹ء مین آپ نے پنشن حاصل کی اور اکتالیس سال کی سرکاری خدمات کے صلہ مین لارڈ الگن والیسراے و گورنر جنرل ہند نے راے صاحب کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے مرحمت فرمایا۔ ملازمت سے علٰحدہ ہونے کے بعد چند روز تک آپ نے اپنے وطن مالوف جنئی




رائے صاحب ہرن چندر مکرجی رئیس بنارس



رائے صاحب پنڈت کرشن راؤ رئیس جھانسی



خان بہادر سید زین العابدین رئیس علی گڈھ



خان بہادر مولوی علی احمد خان واسطی رئیس سندیلہ

مین قیام کیا۔ لیکن آب و ہوا کی ناموافقت کیوجہ سے آپ نے بقیہ انفاس زندگی کے لیے بنارس مین بود و باش اختیار کی ہے۔ سکونت بنارس۔ ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ

کرشن راؤ۔ پنڈت۔ راے صاحب۔ آپ کی ولادت ۱۹۔ نومبر سنہ ۱۸۳۹ع کو قلعۂ جھانسی مین واقع ہوئی۔ آپ مرہٹہ برہمن ہین جو ضلع رتناگری احاطۂ بمبئی کے قدیم باشندے اور موضع کوتوڑا کے کُل کرنی تھے۔ اول پیشوا بالاجی بلار کے زمانہ مین آپ کے بزرگون نے فوجی ملازمت اختیار کی اور مقام پارولا واقع خاندیش مین تعینات کیے گئے۔ جب رگھوناتھ ہری صوبہ دار جھانسی واقع ملک بندیلکھنڈ پیشوا کے ملک محروسہ مین گئے تو اس خاندان کے مورث مہاداجی بلال جھانسی کے قلعہ دار مقرر کیے گئے جسکے آخری قلعہ دار آپ کے والد وشنو پنت تھے۔ سنہ ۱۸۴۰ع مین جب راؤ رگھوناتھ راؤ کے انتقال کے بعد گدی نشینی کا جھگڑا پیدا ہوا اور فوج منحرف اور سرکش ہوگئی تو سمین فریزر صاحب اجنٹ گورنر جنرل فوج انگریزی لیکر جھانسی پہونچے اور قلعہ کا تخلیہ کرالیا۔ اُسوقت سے یہ عہدہ قائم نہین رہا۔ آپ کے والد نے آپ کی صغر سنی ہی مین انتقال کیا۔ اور مہاراجہ گنگا دھر راؤ والی ملک نے آپکا وظیفہ مقرر کردیا جو سنہ ۱۸۵۳ع تک جاری رہا۔ اس اثنا مین آپ نے ہندی مرہٹی اور فارسی کی تعلیم حاصل کی اور مروجہ فوجی ورزشون مین بھی ملکہ پیدا کیا۔ سنہ ۱۸۵۴ع مین جب ملک برٹش تسلط مین آگیا تو آپ نے محکمہ تعمیرات کی محرری سے ملازمت کی ابتدا کی۔ سنہ ۱۸۵۷ع مین جب پرگنۂ جھانسی کی حدبست اور کشتوار کی ترتیب ہو رہی تھی تو یکایک غدر ہوگیا۔ اُسوقت آپ نے نہایت احتیاط اور دانائی کے ساتھ کل کاغذات سرکاری اپنے قبضہ مین کرلیے اور سنہ ۱۸۵۸ع مین دوبارہ تسلط انگریزی ہونے کے بعد کپتان کلارک صاحب ڈپٹی کمشنر جھانسی کے سامنے اُن کو پیش کردیا

جس سے گورنمنٹ کو دوبارہ اس کام مین مصارف کثیر کی کوئی ضرورت نہوئی۔ یکم اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ع سے پھر آپ نے گورنمنٹ کی ملازمت شروع کی اور مختلف مدارج کے طے کرنے کے بعد سنہ ۱۸۷۳ع مین تحصیلدار جھانسی مقرر ہوے۔ آپ کی خدمات بائستہ اور ترددات شائستہ کے صلہ مین جو نہر بیتوا کے حصول اراضی و تصفیۂ معاوضہ کے متعلق وقوع مین آئے گورنمنٹ نے ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر مامور فرمایا۔ سنہ ۱۸۸۵و۸۶ع مین جب میرٹھ کے ہندو و مسلمانون مین شکر رنجی پھیلی ہوئی تھی تو آپ نے فریقین مین صلح کرادی اور گورنمنٹ عالیہ نے اسکا تحریری اعتراف کیا۔ ۳۱۔ مارچ سنہ ۱۸۹۴ع مین آپ نے پوری پنشن حاصل کی۔ سنہ ۱۸۹۵ع سے اپنے وطن جھانسی مین قیام اختیار کیا۔ یہان آپ مینوسپل بورڈ۔ ڈسٹرکٹ بورڈ اور مکڈانل ہائی اسکول کے ممبر مقرر ہوے۔ سنین ماضیہ کے قحطون کے زمانہ مین آپ نے جھانسی کے محتاج خانہ کا انتظام کیا اور شہر کے سفید پوشون مین تقسیم امداد کی بڑی حتیاط کے ساتھ نگرانی فرمائی جسکے لیے گورنمنٹ نے سند خوشنودی مزاج آپ کو عطا کی اور نومبر سنہ ۱۹۰۱ع کو آپ کے خدمات سابقہ کے لحاظ سے راے صاحب کا خطاب آپ کو مرحمت ہوا۔ سکونت جھانسی۔ بندیلکھنڈ۔

زین العابدین۔ سید۔ خان بہادر۔ ولادت ۱۴۔ جون سنہ ۱۸۳۲ع۔ آپکے والد ماجد کا اسم مبارک مولوی محمد حسین ہے۔ آپ کے آباے کرام جو مدینہ سے غزنی مین آباد ہوے تھے شاہان مغلیہ نے اُنکے زہد و تقویٰ و علمی کمالات کا شہرہ سنکر پاے تخت دہلی مین طلب فرمایا۔ اور مچھلی شہر ضلع جونپور مین عہدۂ قضا پر مامور کیا اور جاگیر مرحمت کی۔ آپ کا سلسلۂ آبائی حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالی عنہ تک اور بواسطۂ حضرت زینب بنت علی مرتضیٰ علیہ السلام حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا


تک پہونچتا ہے - آپ کے دادا مولوی محمد حسن جو متعدد کتابون کے مصنف تھے شہزادۂ خرم بخت بن مرزا جوان بخت جہاندار شاہ ولیعہدِ شاہ عالم ثانی کے اُستاد تھے - مولوی محمد حسن صاحب نے ۷ - ربیع الاول سنہ ۱۲۴۲ھ مین وفات پائی اور یہ تاریخ ہوئی سہ عالم ہر علم بخلق عظیم + گوے سبق بُرد زاہل زمن + در شب ہفتم ز ربیعِ نخست + داد قضا جاے حریرش کفن - مصرع تاریخ بگفتا سروش + رفت بفردوس محمد حسن + مولوی زین العابدین نے سنہ ۱۸۵۰ع مین بنارس کالج مین فارسی اور عربی کی تکمیل کی اور ۲۱ - فروری سنہ ۱۸۵۱ع مین گورنمنٹ انگلشیہ کے جوڈیشل صیغہ مین ملازمت شروع کی اور ممالک مغربی و شمالی کے مختلف مقامات مین مختلف عہدون پر مقرر رہے اور آخر مین عہدۂ سب ججی تک ترقی پائی جسکی تنخواہ آٹھ سو روپیہ ماہوار ہے - انتالیس سال کی نیکنام ملازمت کے بعد یکم اکتوبر سنہ ۱۸۸۹ع کو پنشن حاصل کی - ایام غدر مین سرکار انگلشیہ کے خیرخواہ رہے - ۲۵ - مئی سنہ ۱۸۹۲ع کو ہز اکسلنسی لارڈ لینسڈون نے خان بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے مرحمت فرمایا - سنہ ۱۸۹۴ع مین بارہ سو روپیہ ماہوار پر دو سال کے لیئے کونسل ریاست رامپور کے جوڈیشل ممبر مقرر ہوے جہان یکم جون سنہ ۱۸۹۶ع تک بڑی محنت اور دیانت اور لیاقت کے ساتھ امور مفوضہ انجام دیئے اور رئیس اور سرکار انگریزی کی خوشنودی حاصل کی - مولوی صاحب اپنے اوصاف اور خصائل کی وجہ سے ہندو مسلمانون مین یکسان ہر دلعزیز ہین - آپ علیگڈھ کالج کے ٹرسٹی بھی ہین - آپ نے کالج کو معقول مالی امداد بھی دی ہے اور مسلمانون کی تعلیم و تربیت کے انتظام مین بہت بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین - آپ کے چار صاحبزادے ہین - بڑے صاحبزادے سید زین الدین (ولادت ۱۲ - ستمبر سنہ ۱۸۷۳ع) نے علی گڈھ کالج سے ایم - اے - پاس کیا - اور سنہ ۱۸۹۶ع سے ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر مامور ہین - باقی تین صاحبزادے جنکے نام سید ضیاء الدین

سید عین الدین اور سید نور الدین ہین ابھی تک زیر تعلیم ہین۔سکونت علی گڈھ۔ممالک متحدۂ آگرہ واودھ۔

علی احمد خان۔واسطی۔ابو الحسنات۔مولوی سید۔مخدوم زادہ۔خان بہادر ولادت ۲۵۔شعبان ۱۲۵۹ھ۔آپ کے جد امجد مسیح الوقت سید محمد بقا خان بہادر کو علاوہ منصب یکہزار پانصدی کے دربار دہلی سے خانصاحب کا خطاب نسلاً بعد نسلٍ اُسوقت عطا ہوا تھا جب وہ سرکار انگلشیہ کی جانب سے کرنیل لیک صاحب کے عہد مین اکبر آباد کے دیوان تھے۔جہان اُنکے نام کا ایک محلہ کٹرہ بقا خان ابتک موجود ہے۔آپ مسیح الوقت کے خلف اکبر حکیم سید غلام حسین خانصاحب کے بیٹے ہین۔آپ کے مورث اعلیٰ قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مخدوم سید علاء الدین واسطی بانی قصبۂ سنڈیلہ تھے جنھون نے ابتداءً اپنے مرشد حضرت مخدوم نصیر الدین چراغ دہلی کی ہدایت کے مطابق سنڈیلہ کا عزم کیا اور اُسکو پاسیون سے فتح کر کے آباد کیا۔اِن کا مزار سنڈیلہ مین زیارت گاہ خاص و عام ہے۔ اور اِنکے اعقاب یعنے مخدوم زادہ ابتک ادب و احترام کی نظر سے دیکھے جاتے ہین۔مسیح الوقت سید محمد بقا خان صاحب کے توسل انگریزی کی وجہ سے اس خاندان کے اکثر ممبر میر منشی۔رزیڈنٹ۔اور مختلف ریاستون کے ایجنٹ اور ڈپٹی کلکٹر اور تحصیلدار رہے ہے۔آپ نے لکھنؤ مین علوم معقول و منقول کی تحصیل کی۔بارہ برس کی عمر مین آپ دربار واجد علی شاہ بادشاہ اودھ مین پیش ہوے۔جنھون نے بعد امتحان آپ کے زمانہ طالبعلمی تک کے لیئے ایک وظیفہ مقرر کر دیا۔آپ ۱۸۵۶ء مین فارغ التحصیل ہو کر اضلاع دموہ وساگر کو چلے گئے جو اب ممالک متوسط مین شامل ہے۔آپ پہلے سررشتہ بندوبست مین ملازم ہوے اسکے بعد ۱۸۶۷ء مین



نواب محمد یوسف علیخان رئیس ضلع علی گڈھ



راجہ نرپت سنگھ رئیس اسوتھر ضلع فتحپور

آپ نے اعلیٰ درجہ کی وکالت کی سند حاصل کی چنانچہ فی الحال آپ جبلپور کے ممتاز وکلا مین ہین۔ اثنائے زمانہ وکالت مین آپ نے زبان انگریزی مین بھی مہارت حاصل کر لی۔ آپ نے ساگر مین ایک تالاب کا گھاٹ بنوایا ہے۔ آپ تدریجاً جبلپور مینوسپلٹی کے ممبر۔ سکرٹری اور وائس پریسیڈنٹ رہ چکے ہین۔ آپ کے زمانہ سکرٹریٹ مین ڈائرورکس جاری ہوا گوکل داس بلبھ داس کاٹن مینوفیکچرنگ کمپنی لمیٹڈ کے ڈائرکٹر ڈسٹرکٹ کونسل کے ممبر قحط کی سنٹرل کمیٹی ممالک متوسط کے وائس پریسیڈنٹ۔ انسٹیٹیوٹ کمیٹی۔ لیڈی ڈفرن فنڈ کمیٹی اور رفارمیٹری اسکول جبلپور کے ممبر رہ چکے ہین۔ اور آنریری مجسٹریٹی کے اعزاز بھی آپ کو عطا کیے گئے اور قانون اسلحہ سے بھی مستثنٰی ہین۔ آپ نے اپنی قوم کی بہبودی اور اُسکے حقوق کے تحفظ کے لیے انجمن اسلامیہ جبل پور قائم کی اور اُسکی مالی حالت مضبوط کر کے جائداد غیر منقولہ خرید کی جسکی آمدنی سے ایک ہائی اسکول اور ایک یتیم خانہ اِسوقت تک جاری ہے۔ ساگر مین ایک تالاب گھاٹ کی تعمیر کے جلدو مین پروانۂ خوشنودی اور خلعت ملا اور ۱۸۹۴ء مین مینوسپلٹی کے حسن خدمات اور انجمن اسلامیہ کے قائم کرنے کے صلہ مین خان بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ آپ کے جداعلیٰ حضرت بندگی سید حسن قدس سرہ کو شیر شاہ کے عہد سلطنت مین پرگنۂ سنڈیلہ وغیرہ کی زمینداری حاصل ہوئی۔ انھون نے محلہ اشراف ٹولہ واقع سنڈیلہ کو آباد کیا مسیح الوقت سید محمد بقا خان بہادر تعلقہ نتھے پور کے تعلقدار تھے جو الحاق اودھ کے وقت توڑدیا گیا۔ آپ نے جائداد کو بہت کچھ ترقی دی ہے۔ آپ کے دو صاحبزادہ سید احمد خان اور سید نقی احمد خان ہین۔ سکونت سندیلہ۔ ضلع ہردوئی۔ اودھ۔

محمد یوسف علیخان۔ نواب۔ تاریخ ولادت ۱۹۔ نومبر ۱۸۵۸ء۔ آپ

نواب حاجی محمد محمود علی خان بہادر مرحوم رئیس چھتاری کے فرزند ہین - اس خاندان کا سلسلہ راجہ رام چندر والی اجودھیا تک پہونچتا ہے - شہنشاہ جلال الدین اکبر نے راجہ لال سنگھ کا نام جو اس خاندان کے بانی ہین لال خان رکھا - چنانچہ اُسوقت سے آپکا خاندان لال خانی مشہور ہے لال خان کے بیٹے سالباہن نے جہانگیر کے عہد مین اسلام قبول اور شاہجہان کے دربار مین چار ہزاری منصب حاصل کیا اور علاقہ پیتم پور جس مین چونسٹھ گانؤن تھے بطور جاگیر ملا جسکا نام سالباہن پور رکھا گیا جو فرمان شاہی مین مندرج ہے - سلاطین مغلیہ کے زمانہ مین یہ علاقہ خاندان کے مختلف لوگون کے قبضہ مین رہا لیکن جب اس صوبہ مین گورنمنٹ انگلشیہ کا تسلط ہوا تو اُسنے یہ علاقہ ٹھاکر مردان علیخان کو جو محمد یوسف علیخان کے جد امجد تھے عطا فرمایا - ۲۰ - مئی ۱۸۳۵ء کو اُنھون نے اپنے پانچ بیٹون مین نواب حاجی محمد محمود علیخان کو اپنی آبائی ریاست چھتاری اور کچھ اور علاقے دیکر اپنا جانشین مقرر کیا - اور باقی چار بیٹون کو سعد آباد - دان پور - پہاسو اور دھرم پور کے علاقے دیے - گورنمنٹ نے غدر ۱۸۵۷ء کی خیر خواہی کے صلہ مین نواب محمد محمود علیخان کو بحیثیت جانشین ریاست خاص علاقہ بالاگڈھ واقع ضلع بلند شہر اور دو ہزار روپیہ کا خلعت فاخرہ اور خطاب خان بہادر مرحمت فرمایا - اپنے والد ٹھاکر مردان علی خان کی طرح محمد محمود علیخان نے بھی ایام غدر مین گورنمنٹ کو بہت بڑی مدد دی تھی - اُسکے صلہ مین دربار قیصری ۱۸۷۷ء مین نواب کے خطاب اور تمغۂ قیصری سے ممتاز کیے گئے اور پریوٹ داخلہ کی عزت حاصل ہوئی - ۳ - جنوری ۱۸۹۳ء کو خطاب نوابی نسلاً بعد نسلٍ موروثی ہوگیا - نواب صاحب بڑے مخیر اور بے تعصب شخص تھے جنکی ذات سے ہندو مسلمان دونون فیضیاب تھے - ۱۲ - اکتوبر ۱۸۹۸ء کو اُنھون نے اس دار ناپائدار سے انتقال کیا - اُنکے انتقال پر نواب لطف علیخان وارث ہوے - اور اُنھون نے بھی نہایت خوبی اور خوش اسلوبی

سے اپنے پبلک فرائض انجام دیے - ۱۲-جنوری سنہ ۱۹۰۱ء کو نواب صاحب نے رحلت فرمائی - اور کنور محمد یوسف علیخان انکے جانشین مقرر ہوے - اور ۱۹-مئی سنہ ۱۹۰۱ء کو گورنمنٹ سے نوابی کے موروثی خطاب اور پریوٹ داخلہ کی عزت عطا ہوئی - نواب صاحب ایک بہت بڑے مدبر منتظم اور عالی دماغ رئیس ہین سنہ ۱۸۸۵ء مین آپ آنریری مجسٹریٹ درجۂ دوم مقرر ہوے - اور ۲۶-مارچ سنہ ۱۸۹۱ عیسوی کو ہاتھرس اور مرسان کے پرگنون مین مجسٹریٹی درجۂ دوم کے اختیارات حاصل ہوے ۲۱-جون سنہ ۱۸۹۷ء کو گورنمنٹ نے آپ کو ایک سند اور تمغۂ قیصری عطا کیا - نواب محمد لطف علیخان کے بعد علیگڈھ کے ہندو مسلمانون نے گورنمنٹ اور مجسٹریٹ ضلع کو درخواست دیکر آپ کو اپنا سرگروہ قرار دیا - آپ تحصیل کول کے اسپیشل مجسٹریٹ درجۂ دوم - ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ - ممبر زراعت وتجارت اور وائس چیرمین مینوسپل بورڈ علیگڈھ ہین - سکونت علیگڈھ - ممالک متحدہ آگرہ واودھ -

---

نرپت سنگھ - راجہ - تاریخ ولادت ۱۰ جون سنہ ۱۸۶۹ء آپ اسوتھر کے رئیس ہین جو فتح پور کے ضلع مین واقع ہے - راجہ صاحب کھچی چوہان راجپوت ہین اس خاندان کے بانی راجہ دیو گج سنگھ سنہ ۱۵۴۳ء مین کھچی واڑہ یا راگھو گڑھ واقع وسط ہند سے آئے تھے اور راجہ ایکھی کی دختر سے شادی کی تھی جنکی جائداد پر انھون نے بعد کو قبضہ پایا تھا - راجہ دیو گج کے بعد مہاراجہ پالن دیوجی - صاحب دیوجی - کھورم دیوجی - ڈومن دیوجی - پرومن دیوجی - جاجا دیوجی - پرتاب سنگھ اور پرسرام سنگھ علی الترتیب اس ریاست کے جانشین ہوے - پرسرام کے جانشین ہری کشن سنگھ عرف اڑارو سنگھ تھے جنکے چھ بیٹے ہوے جن مین بھگونت راے کی دلیری اور شجاعت اور فہم وفراست مشہور ومعروف ہے - انھون نے غازی پور کا قلعہ تعمیر کرایا تھا جہان وہ اپنے وفادار ہمراہیون اور مضبوط اور مستحکم قلعہ پر بھروسہ

کرکے برسون شاہی فوج کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرتے رہے - آخر سنہ ۱۷۶۰ء مین پرگنہ کوڑا کے چودھری درجن سنگھ کی دغا سے بھگونت سنگھ کی ہلاکت واقع ہوئی - بھگونت رائے کے بیٹے روپ رائے نے ۲۵ برس ریاست کا انتظام کیا اور گورنمنٹ اور اپنی رعایا دونون کی خوشنودی حاصل کی - سنہ ۱۷۹۰ء مین اُنکی وفات پر راجہ ہریار سنگھ گدی نشین ہوے مگر اُن اُنیس پرگنون مین جو اس خاندان کے قبضہ مین تھے سولہ نواب آصف الدولہ نے ضبط کر لیے اور باقی تین الماس علی خان کے اثر اور دباؤ سے راجہ سیتل پرشاد تحصیلدار کوڑا کو دیدیے گئے - اسکے بعد راجہ ہریار سنگھ جمنا پار چلے گئے جہان اُس مختصر پنشن پر گذر اوقات کرتے رہے جو دربار اودھ سے اُنکو اب بھی مل جاتی تھی - انکی وفات پر اِنکے متبنیٰ فرزند دیناپت اپنے باپ کی پنشن کے وارث ہوے - مگر چند روز بعد نواب باقر علی خان کے حکم سے پنشن ضبط ہوگئی - اسپر دیناپت ایک بہت بڑی جمعیت کے ساتھ دریا پار اُتر کر بکیڈلہ اور غازیپور کے پرگنون کے گانٔون جلانے اور برباد کرنے لگے - اس کارروائی کا یہ نتیجہ ہوا کہ انکی پنشن کی بحالی کا فوراً ایک حکم نافذ ہوا - گورنمنٹ انگلشیہ کی حکومت مین انکی پنشن بند ہوگئی - انھون نے مثل سابق دریا طے کرکے چردلی واقع پرگنہ غازی پور مین استقامت اختیار کی مسٹر اہمٹی صاحب کلکٹر آلہ آباد بہ ہمراہی نواب باقر علیخان ایک فوجی جمعیت کے ساتھ موقع پر گئے - لڑائی ہوئی اور مسٹر اہمٹی صاحب زخمی ہوے - راجہ صاحب جمنا پار بھاگ گئے - سنہ ۱۸۰۴ء مین اُنھون نے خود کو مسٹر کتھبرٹ صاحب کلکٹر آلہ آباد کے حوالہ کیا اور اُنھون نے ذمہ داری کی کہ اُنکی پنشن جو نواب اودھ کی سرکار سے ملتی تھی اُنکو دی جائیگی ۲۳ مئی سنہ ۱۸۰۵ء کو گورنمنٹ انگلشیہ نے باقاعدہ اسکی تصدیق کی یہ سات ہزار تین سو چھ روپیہ سالانہ کی پنشن تھی جو موروثی قرار دی گئی - دیناپت نے چھیالیس برس سے زیادہ پنشن حاصل کی - سنہ ۱۸۵۰ء مین راجہ لچھمن پرشاد سنگھ دیناپت کے جانشین ہوے جنکو رگھوبر سنگھ برادرزادہ و بسر متبنیٰ دیناپت کی بیوہ نے جو اُنکی حیات مین



راجہ شیو درشن سنگھ رئیس گوپال پور ضلع جالون



راجہ رُدر پرشاد سنگھ رئیس سنگرولی ضلع مرزاپور

مر گئے تھے متبنٰی کیا تھا۔ راجہ لچھمن پرشاد سنگھ نے ۱۸۷۶ء مین اپنا علاقہ کورٹ کے انتظام مین دیدیا۔ راجہ لچھمن پرشاد سنگھ نے ۲۳ جولائی ۱۸۹۱ء مین قضا کی اور راجہ نرپت سنگھ اُنکے فرزند اکبر گدی نشین ہوے۔ اس ریاست کی مالگزاری تقریباً سینتیس ہزار روپیہ سالانہ ہے راجہ صاحب قانون اسلحہ کی شرائط سے مستثنےٰ ہین خطاب راجگی اور پنشن موروثی ہے۔ علاقہ ناقابل تقسیم ہے اور فرزند اکبر وارث ریاست ہوتا ہے۔ وارث کنور پرشوتم سنگھ ہین جنکی عمر تین سال کی ہے سکونت اسوتھر ضلع فتح پور۔


شیو درشن سنگھ۔ راؤ۔ ولادت ۲۰۔ ستمبر ۱۸۵۹ء آپکا پورا خطاب اور نام سدھ سری مہاراج ادھراج سری راؤ شیو درشن سنگھ جو دیو ہے۔ یہ خطاب موروثی ہے۔ آپ راجہ رام چندر والی اجودھیا کی نسل مین ہین اس خاندان کے مورث اعلیٰ ابیکل دیو کی راجدھانی لہار گوالیار تھی۔ راو عالم راو سمت ۱۶۳۰ مین گوپالپور مین مسند نشین ہوے۔ سندھیا کی فتوحات کی وجہ سے آپ کے خاندانی مقبوضات مین بہت کمی ہوگئی آپ کی تیرھوین پشت مین راو لچھمن سنگھ ہوے جو راؤ شیو درشن سنگھ کے والد ماجد تھے اُنھون نے اکتوبر ۱۸۷۰ء مین انتقال کیا۔ راو صاحب سمت ۱۹۳۵ مین وسادہ آرائے مسند ریاست ہوے۔ فی الحال اس ریاست مین بارہ موضع معافی جنکی آمدنی تقریباً بیس ہزار ہے اور چھ گانٔون خراجی شامل ہین جنکی مالگزاری پانچہزار چھ سو اڑتالیس روپیہ ہے۔ اسکے علاوہ چار گانٔون ریاست گوالیار مین واقع ہین جنکی مالگزاری دو ہزار چھ سو باسٹھ روپیہ ہے۔ آپ اور آپکے جانشین ایکٹ اسلحہ کی قیود اور عدالتہاے دیوانی کی حاضری سے مستثنےٰ ہین اور آپ کو تیسرے درجہ کی مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل ہین آپ فارسی اور ہندی کے مسلم الثبوت شاعر ہین۔ سکونت گوپالپور۔ جالون۔ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ

رودر پرشاد سنگھ۔ راجہ۔ ولادت سمت ۱۹۲۶۔ آپ ریاست سنگرولی کے رئیس ہین۔ یہ ریاست ضلع مرزاپور کے جانب جنوب واقع ہے لیکن اسکی املاک واراضی مختلف اضلاع مین پھیلی ہوئی ہے۔ اس کا کل رقبہ ۱۳۶۷ میل مربع ہے جس مین زیادہ تر اقوام ہنود آباد ہین۔ راجگی کا خطاب موروثی اور ریاست غیر قابل التقسیم ہے۔ اس مین ہمیشہ سے خلف اکبر کی مسند نشینی کا رواج ہے۔ دوسرے بیٹون کو گزارہ ملتا ہے۔ آپکا تعلق بین نبس راجپوت خاندان سے ہے۔ اس خاندان کے بانی راجہ گوندوشاہ تھے جنکی راجدھانی دریاے گنگ کے کنارہ مقام جھونسی ضلع الہ آباد مین واقع تھی۔ اُنکی چھٹی پشت مین راجہ رام شاہ تھے جن پر ایک زمانہ مین نواب وزیر اودھ کی جانب سے فوج کشی کی گئی وہ ایک بڑی جدال و قتال کے بعد بھاگ کر مقام مینونبھر واقع ریاست ریوان مین قیام پذیر ہوے اور ملک کا کچھ حصہ فتح کرکے راج کرنے لگے۔ انکی نوین پشت مین کلیلی راے راجہ ہوے۔ انھون نے راجہ سنگرولی راجہ بھاؤ گھروار کو قتل کرکے علاقہ سنگرولی فتح کیا اور اپنے چھوٹے لڑکے چندر بھان سنگھ کو راجہ بنایا اور اپنے بڑے بیٹے کو مینونبھر کے علاقہ کا وارث قرار دیا جو اسوقت تک اُنکے خاندان کے قبضہ مین ہے۔ جب صوبہ الہ آباد پر سلطنت انگلشیہ کا تسلط کامل ہوگیا تو راجہ فقیر شاہ کے خطاب راجگی کو گورنمنٹ نے تسلیم کرکے موروثی قرار دیا اور مسٹر فاربس ڈنکن صاحب نے ایک دوامی سند عطا کی۔ راجہ فقیر شاہ کے پرپوتے راجہ اودونت سنگھ نے مسٹر رسل صاحب کی ہمراہی مین پنڈاریون سے جنگ کرکے اُنکو شکست دی جسکے صلہ مین گورنمنٹ سے خلعت فاخرہ مرحمت ہوا۔ آپ راجہ اودونت سنگھ صاحب کے پرپوتے ہین۔ آپ اپنے والد راجہ اودت نرائن سنگھ کی وفات کے بعد ۱۸۹۶ع مین وسادہ آراے مسند ریاست ہوے۔ فارسی اور سنسکرت کے علوم مین آپ کو پوری دستگاہ

حاصل ہے اور علم انگریزی مین بھی مداخلت اور مہارت ہے - آپ جوہر شناس علم دوست اور غربا پرور رئیس ہین ۱۸۹۶ء کی سخت قحط سالی مین آپ نے رعایا و برایا کی دستگیری مین بہت بڑی فیاضی ظاہر کی - سکونت سنگرولی ضلع مرزاپور - ممالک متحدہ اودھ و آگرہ -

رامپال سنگھ - راجہ - تعلقدار کالاکانکر - راجہ رامپال سنگھ لال پرتاب سنگھ کے اکلوتے فرزند ہین جو لال ہنومنت سنگھ کے بڑے بیٹے تھے - شاہ اودھ نے رائے لال ہنومنت سنگھ کو ۱۸۴۹ء مین راجہ کا خطاب دیا - بغاوت کے ابتدائی زمانہ مین راجہ ہنومنت سنگھ برٹش گورنمنٹ کے بہت بڑے خیرخواہ تھے - اور ضلع سلون کو جواب پرتابگڈھ مشہور ہے اور اُسکے پناہ گیرون کو جن مین جنرل بیرو سابق چیف کمشنر اودھ بھی تھے باغیون کے دست تظلم سے بچایا - لیکن اُنکو صحیح وسلامت الہ آباد پہونچانے کے بعد اِنھون نے اس صوبہ پر برٹش کا دوبارہ تسلط ہونے کی نسبت سخت مخالفت کی - انکے بیٹے لال پرتاب سنگھ چاندہ ضلع سلطان پور کی ایک جنگ مین جو برٹش فوج کے ساتھ ہوئی تھی ہلاک ہوے - راجہ صاحب نے اطاعت قبول کی اور قیام امن کے بعد معاف کردیے گئے - راجہ ہنومنت سنگھ نے لال پرتاب سنگھ کی وفات پر رامپور کا تعلقہ اپنے نبیرہ راجہ رامپال سنگھ کو دیدیا - راجہ رامپال سنگھ مجھولی اور گھروار کے اُس نامور خاندان سے ہین جو قنوج کے حکمران راٹھورون سے تعلق رکھتا ہے - راجہ رامپال سنگھ نے بہت کم سنی مین تعلیم حاصل کی اور فارسی - سنسکرت اور انگریزی مین معقول لیاقت پیدا کی - ان کل زبانون کی تعلیم سے راجہ صاحب کی طبیعت مین مختلف قسم کے خیالات پیدا ہوے - اور اس سے انکا دل راسخ الاعتقادانہ مذہب سے ہٹ گیا اور اُنھون نے خالص


موحد پرستی مین پناہ لی - اس پر انکے دادا نہایت ناخوش ہوے - انکا غصّہ فرو کرنیکے لیے آپنے اس امر پر رضامندی ظاہر کی کہ اُنکی حیات مین علاقہ خاندان کے ممبرون کے پاس رہے - اسکے بعد آپنے لندن جانے کا قصد کیا - آپکے اہل خاندان مزاحم ہوے - مگر آپکی زوجہ محترمہ رانی سبھاؤ کنور (جو ریوان کے حکمران خاندان کی تھین) اپنے شوہر کی رفیقِ طریق ہوئین - رانی صاحبہ نے انگلستان مین انتقال کیا جن کا راجہ صاحب کو سخت قلق ہوا - راجہ صاحب نے رانی کی لاش حنوط کے بعد ایک تابوت مین رکھوا دی - راجہ صاحب پانچ برس تک ولایت مین رہے - اور اِس عرصہ مین لاطنی - فرانسیسی - جرمنی السنہ مین بھی آگاہی حاصل کی - انڈین الیوسی ایشن کے جلسون مین شریک ہوتے اور انڈیا سوسائٹی کی صدارت فرماتے رہے - راجہ صاحب نے ہوس آف کامنس مین بھی نشت حاصل کرنے کی کوشش کی - مگر اس عرصہ مین راجہ ہنومنت سنگھ نے انتقال کیا - اور راجہ رامپال سنگھ اپنے علاقہ کے انتظام و اہتمام کے لیے ہندوستان کو واپس آئے - وہ اپنے ہمراہ اپنی بیوی کی محنوط لاش کو بھی لائے - جسکو ہندو دستور کے مطابق دریاے گنگا کے کنارے داغ دیا گیا - راجہ صاحب پھر ولایت تشریف لے گئے - مگر علاقہ کے کاروبار مین ابتری پیدا ہوجانے سے پھر ہندوستان کو واپس آئے اِس دفعہ راجہ رامپال سنگھ اپنے ہمراہ ایک انگلش بیوی لائے جنھون نے ۱۸۹۷ء مین نینی تال مین انتقال کیا - راجہ صاحب انڈین نیشنل کانگرس کے ایک سرگرم معاون ہین ایک روزانہ ہندی اخبار ہندوستان اور اسی نام کا ایک انگریزی ہفتہ وار اخبار اپنی ایڈیٹری مین شائع کرتے ہین - راجہ صاحب کو ملکی صنعت و حرفت کے ساتھ بہت بڑی دلچسپی ہے اور جب سے انتخابی اصول جاری ہوا ہے آپ تین مرتبہ ان صوبجات کے لیجس لیٹو کونسل کے ممبر رہ چکے ہین - سکونت کالا کانکر - پرتاب گڑھ -



رائے بہادر لالہ سری رام رئیس سہارنپور



رائے بہادر ساہو جگناتھ رئیس پیلی بھیت



شمس العلما مولوی محمد عبد الجلیل رئیس بنارس



رائے بہادر کنھیا بخش بال سنگھ رئیس ضلع بستی

سری رام - لالہ - رائے بہادر - ولادت ۲۳ - اکتوبر ۱۸۵۲ء - آپکا تعلق اگروال خاندان سے ہے اور آپ لالہ منصب رائے کے خلف اکبر ہین جو صوبۂ اودھ مین تعمیرات کے محکمہ مین ڈسٹرکٹ انجنیر تھے آپ کے دادا دیوان سنگھ فوج انگریزی مین ملازم تھے - جو ۱۸۴۲ء مین محاربۂ کابل مین مقتول ہوے آپ کی تعلیم آپ کے مولد و موطن قصبہ نانوتہ ضلع سہارنپور مین ہوئی - زبان فارسی اور علم ریاضی کی تحصیل کے بعد چودہ برس کی عمر مین آپ تحصیل انگریزی کی طرف متوجہ ہوے - اور دو سال تک بقدر ضرورت انگریزی حاصل کر کے رڑکی کالج مین داخل ہوے سب اورسیری کا امتحان پاس کر کے دو سال تک آپ کالج مذکور مین اسٹنٹ نیمجر رہے - اسکے بعد آپ نے محکمہ تعمیرات کی ملازمت کی جہان اورسیری اور پھر سب انجنیری کے عہدون پر ترقی پائی - ۱۸۹۲ء مین عمدہ خدمات کے جلدو مین آپ کو رائے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - ۱۸۹۶ء مین اسسٹنٹ انجنیری کے عہدہ پر فائز ہوے - آپ نے اکتیس برس کے زمانہ ملازمت مین بشیتر سرکاری کام نہایت دیانت و امانت اور قابلیت سے انجام دیلے - فن انجنیری کے متعلق آپ کی چند تصانیف بھی ملک مین موجود ہین جنکو گورنمنٹ اور ملازمین محکمہ نے نہایت قدردانی کی نظر سے دیکھا - اہم امور مین بورڈ مین حکام آپ سے مشورہ حاصل کرتے ہین سکونت نانوتہ - ضلع سہارنپور - ممالک متحدہ آگرہ و اودھ

جگناتھ - ساہو - رائے بہادر - ولادت ۱۸۴۲ء - آپ ویش اگروال ہین آپ کے والد ماجد کا نام ساہو مکند رام ہے - زمانہ طفولیت مین ساہو کالکا داس نے آپ کو متبنیٰ کیا جنکے انتقال کے بعد آپ اُنکی پوری جائداد پر قابض ہوے جسے آپ نے بہت کچھ ترقی دی اسوقت آپ کے قبضہ مین پیلی بھیت اور

بریلی کے اضلاع مین پینتالیس۴۵ محال ہین - جنکی مالگزاری تقریباً پچیس ہزار ہے - ۱۸۷۶و۷۷ء کی قحط سالی مین آپ نے نہایت سیرچشمی سے مصیبت زدہ لوگون کی امداد کی جسکے صلہ مین گورنمنٹ نے دربار آگرہ مین ۱۸۷۹ء مین خلعت فاخرہ سے مخلع و ممتاز کیا - جون ۱۸۷۲ء مین مینوسپل کمیٹی پیلی بھیت کے ممبر اور پھر وائس پریسیڈنٹ اور اُسکے بعد لوکل بورڈ کے ممبر مقرر ہوے - ۱۸۷۴ء مین ایکٹ اسلحہ کی شرائط سے مستثنیٰ کیے گئے - ۱۸۹۵ء مین لیڈی ڈفرن ہاسپٹل پیلی بھیت مین پانچہزار روپیہ چندہ دیا - یکم جنوری ۱۸۹۶ء کو راے بہادر کے خطاب سے سرفراز کیے گئے - جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی ۱۸۹۷ء کی جوبلی کے موقع پر آپنے نہایت اولوالعزمی سے اظہار مسرت کیا جسکا شکریہ گورنمنٹ ہند کی جانب سے ادا کیا گیا - کارہاے رفاہ عام مین آپ کو خاص دلچسپی ہے - چنانچہ مقام گوری شنکر واقع پیلی بھیت مین جانب شمال آپ نے ایک دھرم سالہ تعمیر کیا ہے اور سردست گولاگوکرن ضلع کھیری کے مشہور معبد سری گوکرن ناتھ کے متعلق مسافرون اور جاتریون کے آرام کی غرض سے ایک دھرم سالہ تعمیر کرا رہے ہین جسکی تیاری مین اسوقت تک بیس ہزار روپیہ صرف ہو چکا ہے - اسکے علاوہ آپنے مکان مسکونہ کے قریب ایک مندر بنوایا ہے اور اُسکے مصارف کے لیے دو دکانات و زمینداری وقف کر دی ہے جہانسے سدابرت دیا جاتا ہے - رفاہ عام کے کامون مین آپ نے دس ہزار روپیہ کے قریب چندہ دیا ہے - اب سن کہولت کی وجہ سے آپ نے گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے - آپ کے فرزندون مین بڑے بیٹے ساہو رام پرشاد صاحب ممبر و آنریری سکرٹری مینوسپل بورڈ اور ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ اور آنریری مجسٹریٹ ہین - آپکے چھوٹے بیٹے ساہو رام سروپ ہین - راے بہادر ساہو لالتا پرشاد خزانچی و زمیندار و ممبر مینوسپل بورڈ و آنریری مجسٹریٹ پیلی بھیت آپ کے بھتیجے ہین - سکونت پیلی بھیت

ممالک متحدۂ آگرہ واودھ

محمد عبد الجلیل۔ مولوی عثمانی۔ شمس العلما۔ ولادت سنہ ۱۸۶۲ع۔ آپ حضرت عثمان ذی النورین خلیفۂ سوم کی اولاد سے ہین۔ آپ کے اجداد اپنا وطن مالوف یعنے عرب چھوڑکر پہلے تو ملک شام مین آئے پھر وہان سے ایران تشریف لاے اور دربار شاہی مین مناصب جلیلہ پر مقرر ہوے۔ آپکے جد اعلیٰ امیر ظہیر الدین آفتاب اصفہان کالشمس فی وسط النہار تھے۔ پھر قرون عدیدہ کے بعد آپ کے بزرگون نے ایران سے قطع تعلق کرکے ہندوستان کا قصد کیا اور شہنشاہ غازی حضرت جلال الدین محمد اکبر کے عہد سلطنت مین الطاف خسروانہ سے مشرف ہوے۔ اُسوقت سے ہند آپ کے آبا واجداد کا مسکن ہے۔ آپ کے جد اعلیٰ حضرت قاضی ضیاء اللہ اورنگ زیب عالمگیر کے اُستاد تھے۔ فتاوای عالمگیری اِنھین کی زیر نِگرانی تالیف ہوا تھا۔ قاضی صاحب نے جب آخر عمر مین بخیال عزلت دربار شاہی سے علیحدگی چاہی اور اپنے آبائی مسکن یعنے قصبۂ نیوتنی مین جو لکھنؤ سے آٹھ کوس جانب جنوب واقع ہے قیام پسند فرمایا تو شہنشاہ موصوف نے قصبۂ مذکور کے اُس محلہ کو جہان آپ تشریف رکھتے تھے اپنے نام سے منسوب کردیا اور ابتک وہ محلہ اورنگ آباد کہلاتا ہے۔ آپ کے والد ماجد شاہ محمد عبد الحکیم صاحب تھے جنکی زیر نگرانی آپ نے علوم رسمی سے فراغت حاصل کرکے اپنے عم عالیمقام جناب مولوی محمد موسی پروفیسر عربی وفارسی کوئنس گورنمنٹ کالج بنارس کی خدمت مین بنظر تکمیل علوم سنہ ۱۸۷۲ع مین بنارس آے اور سنہ ۱۸۷۵ع مین بغرض تحصیل زبان انگریزی ونیز دیگر فنون جدیدہ مروجہ کوئنس کالج مین داخل ہوے۔ سنہ ۱۸۸۲ع تک تعلیم کا زمانہ رہا۔ اس مدت مین آپ ہمیشہ مورد انعام واکرام رہے اور کلکتہ یونیورسٹی کی فرسٹ آرٹس تک


تحصیل کرنے کے بعد کالج مذکور مین ملازمت کرلی - ۱۸۸۸ء مین منصب جلیلہ پروفیسری پر ممتاز ہوے - اِس اثنا مین اکثر قابلیت اور ذمہ داری کے کام آپکے سپرد ہوتے رہے جسکو آپ نے نہایت لیاقت اور خوبی سے انجام دیا - ۱۸۹۶ء مین ڈائرکٹر سررشتۂ تعلیم نے حسب قواعد متداولہ ڈپٹی مجسٹریٹی کے لیے آپ کو منتخب فرمایا اور بعدازان ۱۸۹۶ء مین گورنمنٹ ہند نے آپ کو علمی اعلی خطاب شمس العلماء سے سرفراز کیا - آپ کے تین۳ صاحبزادے ہین - ابوالخیر محمد عبدالوالی - ابوالمعالی محمد عبدالکبیر وابوالحسنات محمد عبدالحلیم - سکونت بنارس - ممالک متحدہ آگرہ واودھ -

کندھیا بخش پال سنگھ - راے بہادر - ولادت ۱۸۶۹ء - آپکا تعلق سورج بنسی خاندان سے ہے اور آپکا سلسلۂ نسب سری مہاراجہ رام چندر والی اجودھیا سے ملتا ہے - آپ ضلع بستی کے ایک مقتدر تعلقہ دار ہین آپ کو ۲۹ - دسمبر ۱۸۹۷ء کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل ہوے تھے - آپکو رفاہ انام کی جانب خاص توجہ ہے اور گورنمنٹ انگلشیہ کے ثابت قدم وفادار ہین - پال کا خطاب شاہی زمانہ مین آپکے بزرگون کو عطا ہوا تھا جو اسوقت تک قائم ہے اور یکم جنوری ۱۹۰۰ء کو بطور ذاتی اعزاز کے راے بہادر کے خطاب سے ممتاز فرمائے گئے - سکونت بان پور ضلع بستی - ممالک متحدۂ آگرہ واودھ

شعبان علیخان - راجہ - حاجی - سید - خان بہادر - تعلقدار سلیم پور ضلع لکھنؤ - ولادت ۱۸۵۹ء - آپ کے مورث اعلی شیخ ابوالحسن انصاری مدینۂ منورہ سے دہلی مین آئے اور دربار دہلی نے آپ کو شیخ الاسلام مقرر کیا - پرگنہ امیٹھی وابراہیم آباد کی جاگیر عطا ہوئی ان کے فرزند شیخ سلیم نے جلال الدین اکبر بادشاہ کے عہد مین



راجہ سید شعبان علیخان بہادر تعلقدار سلیم پور ضلع لکھنؤ



رائے برج نرائن رائے رئیس ڈیرونہ ضلع گورکھپور

چودھرائت کا خطاب حاصل کیا۔ اور لکھنؤ سے جانب مشرق ۷۷ میل پر دریاے گومتی کے کنارہ قصبۂ سلیم پور آباد کرکے اُسے مستقر قرار دیا۔ نور الدین محمد جہانگیر شاہ اور سلطان فرخ سیر اور دوسرے سلاطین دہلی کے فرامین کے ذریعہ سے ان خدمات اور مناصب و جاگیرات کی تجدید ہوتی آئی۔ اس خاندان کے آخری مورث سید صمصام علی نے اپنے بھتیجے راجہ سید نواب علیخان کو اپنا جانشین قرار دیا اور جب یہ صوبہ ممالک انگلشیہ مین شامل ہوا تو تعلقداری کی سند راجہ نواب علیخان کو دی گئی۔ وہ غدر ۱۸۵۷ء کے پرآشوب زمانہ مین گورنمنٹ کی خیرخواہی رفاقت اور وفاداری پر ثابت قدم رہے جسکے اعتراف مین جنرل اوٹرم صاحب میجر بکینس صاحب اور مسٹر مارٹن صاحب ڈپٹی کمشنر نے اسناد عطا کیے اور گورنمنٹ کی جانب سے اس خیرخواہی کے جلدو مین مواضعات مرحمت ہوے۔ انھون نے قانون تعلقداری ایکٹ ا ۱۸۶۹ء کی ترتیب مین اور خاندانی مقدمات کے فیصلہ مین خاص مستعدی اور دلچسپی ظاہر کی اور زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء کو اُنکے خیرخواہانہ طرز عمل اور مستقل وفاداری اور فوجی حکام انگلشیہ کے اسناد پر لحاظ کرکے اور طبقہ تعلقداران اودھ مین اُن کی ہردلعزیزی اور علی الخصوص قانون کی جانب اُنکی طبعی مناسبت کے خیال سے گورنمنٹ نے اُنکو مجسٹریٹی اور دیوانی کے اختیارات عطا کیے۔ ۱۸۷۹ء مین راجہ نواب علی خان نے رحلت کی اور راجہ سید شعبان علیخان اُن کے قائم مقام اور جانشین قرار پائے۔ ۱۸۸۲ء مین آپ نے حرمین شریفین کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ ۱۸۸۷ء مین علیا حضرت ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کی پنجاہ سالہ جوبلی کی یادگار مین آپنے سلیم پور مین ایک شفاخانہ قائم کیا اور اُسکے قیام کے لیے ایک مستقل جائداد وقف کردی۔ ۱۸۸۸ء مین ہز اکسلنسی لارڈ ڈفرن وایسراے و گورنر جنرل ہند کی گورنمنٹ نے خان بہادر کا خطاب مرحمت کیا۔ اور اسی سال آپ کو مجسٹریٹی کے اختیارات

بھی حاصل ہوے - انفصال مقدمات کے متعلق آپ کی لیاقت و قابلیت کی رپورٹ بارہا لوکل گورنمنٹ سے کی گئی - آپ نے چیچک کے ٹیکہ کی ترویج مین گورنمنٹ کو نہایت امداد دی اسکے اعتراف مین ۱۸۹۲ء مین سر آکلنڈ کالون صاحب بہادر نے خوشنودی مزاج کا خاص پروانہ عطا کیا - ۱۸۹۷ء کے زمانہ قحط مین آپ نے عامۂ خلائق کو عموماً اور اپنے علاقہ کی رعایا کو خصوصاً ہر قسم کی امداد دی اور لگان کی معافی اور التواکے ذریعہ سے رعایا کی پرورش کی جس سے انکی تکالیف و مصائب مین نمایان کمی ہوگئی - سر اینٹنی میکڈانل صاحب بہادر نے اپنی مطبوعہ یادداشت اور گزٹ مین آپ کی اس امداد اور فیاضی کا خاص ذکر اور شکریہ ادا کیا ہے اور یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو آپ راجہ کے خطاب سے مخاطب ہوے - آپ کو ریاست کی سرسبزی اور نظم ونسق اور علاقہ کی ترقی اور رعایا کی بہبودی اور خوشحالی کی جانب خاص توجہ ہے اور صنعت وحرفت اور تعمیرات کا دلی شوق ہے - آپ انجمن ہٰذا تعلقداران اودھ کے ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر ہین - آپ کے صاحبزادہ کنور سید احمد علی خان ہین - سکونت سلیم پور ضلع لکھنؤ - اودھ -

---

برج نرائن رائے - رائے - تاریخ ولادت ۲۵ - اپریل ۱۸۷۵ء - آپ راجہ اودت نرائن رائے رئیس پڈرونہ کے فرزند ہین - جنھون نے ۱۸ - فروری ۱۹۰۰ء کو انتقال کیا ریاست پڈرونہ گورکھپور کے مشرقی وشمالی حصہ مین واقع ہے - اسکا رقبہ ڈیڑھ لاکھ ایکڑ سے زیادہ ہے - اور اسمین تین سو چھپن مسلم و حصہ داری مواضع ہین - رائے کا خطاب خاندانی ہے - جسکو گورنمنٹ انگلشیہ نے بھی تسلیم کیا ہے - ریاست کی بنیاد زوال دولت افغانان سور کے بعد شہنشاہ ہمایون کے عہد مین پڑی اور رائے ناتھ رائے کے زمانے مین خاندان اپنے اوج اقبال کو پہونچا - شہنشاہ

اورنگ زیب نے جاگیر مین تینتیس ۳۳ مسلم مواضع عطا کیے - اس خاندان کے لوگون کی بلند حوصلگی اور بسالت و دلیری مشہور ہے - راے برج نرائن راے نہایت خلیق اور تعلیم یافتہ رئیس ہین رفاہ عام کے کامون سے آپ کو خاص دلچسپی ہے - حال مین آپنے قیصرہ مرحومہ کی یادگار مین پڈرونہ مین ایک عالیشان اسپتال تعمیر کیا ہے - ہندو سنٹرل کالج بنارس کو بھی آپ کے چشمۂ سخاوت سے خاص فیض پہونچتا ہے - ٹون ہال گورکھپور کی تعمیر کے لیے آپ کے والد بزرگوار نے پندرہ ہزار روپیہ عطا فرمایا تھا - سکونت - پڈرونہ - ضلع گورکھپور -

شیو بخش راے - بابو - راے بہادر - ولادت ۶ دسمبر ۱۸۵۴ء - آپ کے بزرگ کالپی ضلع جالون کے نواح کے باشندے تھے - مگر آپ کی ولادت مقام شاہ آباد ضلع ہردوئی مین واقع ہوئی جہان سے آپکا سلسلۂ تعلیم شروع ہوا - پھر ہردوئی سے انٹرنس کا امتحان پاس کرکے کیننگ کالج لکھنؤ مین اف - اے تک تعلیم پائی - اس کے بعد آپ ہندوستانی پلٹن نمبر ۳۳ مین اسکول ماسٹر مقرر ہوے وہان سے آپ نے قانونی امتحان پاس کیا - اور ۱۸۸۱ء سے ضلع کھیری مین وکالت اختیار کی - ۱۸۸۴ء مین ممبر مینوسپل بورڈ اور ۱۸۸۸ء مین ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ اس کے بعد انریری سکرٹری مینوسپل بورڈ اور انریری مجسٹریٹ مقرر ہوے - آپ نے زمانۂ قحط سالی مین مساکین کی امداد کی اور چند خیراتی عمارتون اور دھرم سبھا اسکول کی بنیاد ڈالی جن سے باشندگان ضلع کھیری مستفید ہوتے ہین - ان خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ سے ۱۸۹۹ء مین آپ کو راے بہادر کا معزز خطاب عطا ہوا - سکونت کھیری لکھیم پور - اودھ

محمد حامد بخش - مولوی حاجی - خان بہادر - ولادت جنوری ۱۸۴۷ء - آپ مولوی حاجی محمد بخش صاحب کے صاحبزادے ہین جنھون نے غدر ۱۸۵۷ء کی جانبازانہ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ انگلشیہ سے خلعت فاخرہ حاصل کیا اور عہدۂ سب ججی پر مقرر ہوے - آپ کے عم بزرگوار مولوی علی بخش خان کو جو اپنے زمانہ کے سب ججون مین مشہور اور نامی سب جج تھے ایام غدر کی خیر خواہی مین گورنمنٹ نے خلعت اور شمشیر اور قلمدان مرحمت فرمایا تھا - آپ شیخ صدیقی حنفی المذہب ہین - حاجی صاحب نے تھوڑی ہی عمر مین علوم عربی و فارسی مین دستگاہ حاصل کی اور کئی کتابین تصنیف فرمائین - امتحان منصفی پاس کیا اور اپنے والد کے انتقال کے بعد کچھ عرصہ تک نائب تحصیلدار اور تحصیلدار رہے - کچھ دنون وکالت بھی کی مگر چونکہ علاقہ کی نگرانی کا کافی وقت نہ ملتا تھا لہذا ملازمت اور وکالت دونون ترک کر دی - بعد کو علاقہ کے انتظام اور امور عامہ مین مصروف ہوے - آپ مینوسپلٹی کے وائس چیرمین اور آنریری مجسٹریٹ ہین - بدایون کی جامع مسجد جو سلطان التمش کی ایک بہت بڑی یادگار ہے اور نہایت شکستہ ہو گئی تھی اُسکی تعمیر کا بار آپ نے اپنے ذمہ لیا اور اُسکو بطریق احسن سرانجام کیا - آپنے حرمین شریفین کی زیارت کی ہے - ۱۸۹۶ء کے قحط عظیم کی خدمات کے صلہ مین خان بہادر کا خطاب آپ کو عطا ہوا - سکونت بدایون - ممالک متحدہ آگرہ و اودھ -

پربل پرتاب سنگھ - راجہ - آپ ۲۰ - اگست ۱۸۶۶ء کو بلھاجنی اٹاوہ مین پیدا ہوے - راجہ صاحب پرہار راجپوت ہین - آپکے مورث مہیپت سنگھ سدھپورہ ضلع جالون سے آئے تھے اور تقریباً پچھتر برس سے ضلع اٹاوہ مین اس خاندان کی سکونت ہے - راجہ پربل پرتاب سنگھ راجہ مقام منڈور کی نسل مین ہین جو سابق مین پرہارون کا



راجہ پرتاب بہادر سنگھ تعلقدار پرتاب گڈھ



راجہ پربل پرتاب سنگھ رئیس اٹاوہ

راجدھانی تھا۔ بانی خاندان کا نام راجہ جنگ جیت ہے۔ راجہ نرہر راؤ آپ کے دادا تھے جنکا ذکر ٹاڈ صاحب کی تاریخ راجستان مین ہے۔ منڈور مین چوالیس پشتون کی حکومت کے بعد راجہ سومدیپ ان اٹھورون کے ہاتھ سے قتل ہوے جنھون نے زوال قنوج کے بعد بڑہارون مین پناہ لی تھی۔ اُن کے بیٹے گنگا پال دیو نے گوالیار کے کچھواہا راجہ تیج کرن کی ریاست پر قبضہ کرلیا۔ اُنکی اولاد نے وہان بچیس پشت حکومت کی۔ اس کے بعد سلطان التمش نے گوالیار پر حملہ کیا اور راجہ بجے پال کو شکست دی۔ راجہ بجے پال کے دوسرے بیٹے ظالم دیو نے سرسیر (ہمیرپور) مین سکونت اختیار کی اور وہان ایک بہت بڑا علاقہ حاصل کیا۔ اُنکی اولاد تیئیس برس تک اُسپر قابض رہی۔ اُسکے بعد راجہ بنپنا کے ساتھ ایک جنگ مین راجہ مہا سنگھ رئیس سرسیر مارے گئے۔ اُنکے بیٹے راجہ دیپ سنگھ نے اپنی سکونت سدھپورہ ضلع جالون کو منتقل کی۔ اُن کے بیٹے چھیپت سنگھ نے رانا سکرولی (واقع اٹاوہ) کی دختر اور نیز راجہ لاہایر کی دختر سے شادی کی اور لمھاجنی (واقع اٹاوہ) کا علاقہ خرید کر کے وہان مستقل بود و باش اختیار کی۔ راجہ بجے سنگھ جنھون نے راجہ بھنگا کی دختر سے شادی کی سنہ ۱۸۵۷ء مین اپنے والد راجہ چھیپت سنگھ کے جانشین ہوے۔ سنہ ۱۸۶۷ء مین راجہ بجے سنگھ نے انتقال کیا۔ اُسوقت راجہ پربل پرتاب سنگھ نابالغ تھے۔ لہذا آپکا علاقہ کورٹ آف وارڈس کے سپرد ہوا۔ اور سنہ ۱۸۸۹ء مین راجہ صاحب کے بالغ ہونے پر واگذار ہوا۔ راجہ پربل پرتاب سنگھ نے ابتدا اٹاوہ ہائی اسکول اور بعد ازان وارڈ انسٹیٹیوٹ بنارس مین انٹرنس تک تعلیم پائی۔ راجہ صاحب راجہ شیوپال سنگھ تعلقدار مرارمؤ ضلع رائے بریلی کی دختر سے منسوب ہین۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے راجہ صاحب کے علاقہ مین آٹھ مواضع اٹاوہ مین اور ایک ضلع رائے بریلی مین ہے۔ سکونت لمھاجنی ضلع اٹاوہ۔

پرتاب بہادر سنگھ - راجہ - ولادت سنہ ۱۸۶۶ع - آپ راجہ اجیت سنگھ کے وارث اور متبنیٰ ہین - آپ کے والد سیتلا بخش سنگھ راجہ اجیت سنگھ کے بھتیجے تھے - آپ کا خاندان راجگان پرتاب گدڑھ کے اُس گھرانے کی شاخ ہے جو سوجان ساہ خلف راجہ سنگرام ساہ کی نسل سے ہے - آپ سوم بنسی راجپوت ہین اور اُن راجاؤن سے اپنے تئین منسوب کرتے ہین جو ابتدائً ہستنا پور (دہلی) اور بعد کو جھوسی (آلہ آباد) کے فرمانروا تھے - راجہ اجیت سنگھ نے ایام غدر مین چوالیس انگریزون کو اپنے مکان مین پناہ دی اور بہ حفاظت آلہ آباد پہونچایا - اس خیر خواہی کے صلہ مین آپکو ترول کا تمام علاقہ اور پندرہ سو روپیہ کا ایک خلعت عطا ہوا - ترول کے علاوہ برٹش گورنمنٹ نے بطور دوامی معافی دلوتھا واقع ضلع گونڈہ کا علاقہ بھی انکو عطا فرمایا - یہ علاقہ عرصہ تک اجیت سنگھ کے قبضہ مین رہا لیکن جب اسکے اصلی مالک نے عدالتہاے دیوانی سے گورنمنٹ کے خلاف ڈگری حاصل کی تو وہ علاقہ اُسکو واپس دیا گیا اور گورنمنٹ نے اُسکے عوض مین ضلع اناو - کھیری اور ہردوئی مین زمینداری عنایت کی راجہ اجیت سنگھ نے اپنے حسن انتظام سے صرف اپنے قدیم علاقہ ہی کو ترقی نہین دی بلکہ کئی لاکھ روپیہ کے جدید علاقے خرید کیے - راجہ صاحب بڑے فیاض اور اولوالعزم رئیس تھے پرتابگڈھ مین کئی نفیس عمارتین - مدرسے اور دھرم سالے آپکی یادگار ہین - دہلی کے امپیریل دربار سنہ ۱۸۷۷ع مین آپکو راجہ کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا تھا لیکن بعد کو اُن کے جانشین بھی اس خطاب سے سرفراز کیے گئے - راجہ پرتاب بہادر سنگھ سنہ ۱۸۸۹ع مین راجہ اجیت سنگھ کے وارث و جانشین ہوے - سنہ ۱۸۷۶ع مین راجہ اجیت سنگھ آنکو ملو پور سے پرتاب گدڑھ مین لاے جہان وہ خود رہتے تھے اور اُنکو اپنی نگرانی مین تعلیم دی - راجہ صاحب نے کچھ دنون تک پرتابگڈھ کے ٹون اسکول مین تعلیم پائی اور فارسی اور سنسکرت مین دستگاہ حاصل کی - اسکے بعد قانون کی تحصیل کی اور مسٹر ڈاڈیسن صاحب ڈپٹی کمشنر کو اپنی قابلیت کا ثبوت دیا جنکی سفارش پر وہ ازیری مجسٹریٹ مقرر ہوے - اب آپ دوسرے درجہ

کے مجسٹریٹی اختیارات رکھتے ہین اور آنریری منصف بھی ہین - راجه پرتاب سنگھ کی پانچ شادیان ہوئین - جنمین پہلی بیوی نے عین عالم شباب مین انتقال کیا - آپ کی دوسری شادی رانی رگھوراج کنور دختر کلان بابو سورجپال سنگھ تعلقدار انتو سے ہوئی جو بڑی رانی کہلاتی ہین - انکو ہندی مین اعلیٰ درجه کی دستگاه حاصل ہے - انکا ہندی کلام نہایت پاکیزه ہے انکی تصنیف رام پریا بلاس نہایت مشہور ہے - رانی صاحبه نے پرویٹ طور سے انگریزی تعلیم بھی پائی ہے جس مین وه بڑی فصاحت سے گفتگو کرتی ہین - انھون نے صدر اشیشن بہلا مین ڈفرن اسپتال کے لیے پچیس ہزار روپیه چنده دیا تھا - راجه صاحب نے اپنی رعایا کے فائده اور تفریح کے لیے اجیت باغ اور پرتاب بہادر پارک - اینگلو ورنیکلر اسکول اور بورڈنگ ہوس تعمیر کیا ہے - بورڈنگ ہوس اور اسکول کی امداد کے لیے ایک بہت بڑی جائداد بھی وقف کی ہے - راجه اجیت سنگھ کی بہت بڑی آرزو تھی که انکا علاقه قدیم پرتابگڈھ راج کے نام سے موسوم ہو چنانچه انکے جانشین نے ترول کا نام قلعه پرتابگڈھ مین تبدیل کرا دیا - اپنے غریب اسامیون کے فائده کے لیے اُنھون نے دو زراعتی بنک اور ذخیرهٔ تخم قائم کیے ہین اور اپنی جماعت کی تمدنی اصلاح کے لیے ایک سومبنسی سبھا اور دوسری راجپوت سبھا قائم کی ہے جس مین ضروری اصلاحات پر مباحثه ہوتا ہے - گذشته قحط ۹۷-۱۸۹۶ء مین راجه پرتاب بہادر سنگھ نے بہت بڑی فیاضی ظاہر کی جسکا گورنمنٹ نے نہایت گرمجوشی سے اعتراف کیا اور راجه کا خطاب موروثی کر دیا - راجه صاحب کے خاندانی علاقه مین ایک سو ستاون مواضع اور ایک سو چوده پٹیان ہین اور آپ سرکار کو اسّی ہزار روپیه سے زیاده سالانه مالگزاری ادا کرتے ہین - سکونت - قلعهٔ پرتابگڈھ - اوده -

محمد ہاشم خان - میر - رسالدار میجر - سردار بہادر - آپ کے مورث اعلیٰ میر ابوالحسن خان سید رضوی کا اصلی وطن مشہد مقدس تھا جنھون نے وطن مالوف چھوڑکر تیمور شاہ بادشاہ افغانستان کے عہد مین کابل کی سکونت اختیار کی اور اُن کے بیٹے شاہزادہ شجاع الملک کے سلسلۂ ملازمت مین داخل ہوے - شاہ تیمور کی وفات کے بعد ولی عہد سلطنت شاہ زمان اور اُن کے علاتی بھائیون مین میدان کارزار گرم رہا اور بالآخر شاہ زمان محبوس اور نابینا کرڈالے گئے شاہ شجاع الملک میر ابوالحسن خان کی محنت اور جانفشانی سے تخت افغانستان پر متمکن ہوے جسکے جلدو مین میر صاحب موصوف کو خان اور مقرب الخاقان کا خطاب مرحمت ہوا اور قزل باشون کی سرکردگی سپرد کی گئی - سلطنت برطانیہ اور شجاع الملک کے مابین جو عہدنامہ ہوا وہ ۱۸۰۹ء مین میر صاحب ممدوح ہی کی وساطت سے انجام پایا اور وہ اسوقت تک لارڈ منٹو صاحب کا دستخطی سردار بہادر میر محمد ہاشم خان کے قبضہ مین موجود ہے - اسکے بعد سرداران بارک زئی نے متفق ہوکر شجاع الملک کو شکست دی اور اُنھون نے مہاراجہ رنجیت سنگھ والی پنجاب کی عملداری مین پناہ لی لیکن مہاراجہ نے اُن کو اور میر ابوالحسن خان کو نظر بند کردیا - کچھ دنون کے بعد وہ اپنے دوستون کی کوشش سے نکلکر لدھیانہ مین داخل ہوے - ۱۸۳۹ء مین گورنمنٹ انگلشیہ نے شجاع الملک کو ساتھ لیکر امیر دوست محمد خان والی کابل پر فوجکشی کی اور امیر کو شکست دیکر شجاع الملک کو تخت نشین کیا - ۱۸۴۰ء مین عام بغاوت کی وجہ سے شاہ مقتول ہوے اور گورنمنٹ نے افغانستان چھوڑدیا اور میر ابوالحسن خان بھی لدھیانہ مین چلے آئے جہان اُنھون نے کچھ دنون کے بعد انتقال کیا - ۱۸۴۶ء مین گورنمنٹ نے سکھون کے مقابلہ کے لیے ایک نیا رسالہ بھرتی کیا جسمین یکم مارچ کو سردار محمد ہاشم خان نائب رسالداری کے عہدہ پر مامور ہوے آپ کی بارھوین رجمنٹ نے ساحل چناب پر رسول نگر مین اور پھر مقام وزیرپتن مین سکھون کا مقابلہ کیا اور چلیان والہ میدان مین کامیابی کے ساتھ



سردار بہادر میر محمد ہاشم رئیس سیتاپور



خان بہادر احمد نور خان رئیس پیلی بھیت



خان بہادر منشی خواجہ غلام غوث رئیس الہ آباد



خان بہادر دارا شکوہ رئیس پیلی بھیت

کلہ بکلہ جنگ کی۔ جنوری ۱۸۴۹ء مین گجرات مین سکھون کو شکست فاش ملی اسکے بعد راولپنڈی کے قریب بمقام سوان ندی مہاراجہ شیر سنگھ اور سکھون کی فوج نے اسلحہ رکھدیے۔ میر محمد ہاشم خان صاحب کو ان کارہاے نمایان کے صلہ مین رسائیداری اور اُسکے ایک ہی سال کے بعد وردی میجری کا عہدہ مرحمت ہوا۔ ۱۸۵۷ء کی عام بغاوت کے زمانہ مین آپ کی رجمنٹ نے دہلی۔ اودھ اور بندیلکھنڈ وغیرہ کو باغیون سے پاک وصاف کیا۔ ۱۸۶۷ء مین مگھدالا دار السلطنت ابی سینیا کو آپ کا رسالہ روانہ ہوا اور ایک ہی دن کی جنگ مین اُسے مفتوح کیا اور یورپ کے پینسٹھ قیدی رہا کیے۔ واپسی ہندوستان کے بعد آپ کی خدمات نمایان کے صلہ مین گورنمنٹ نے ضلع کھیری مین چھ گاؤن بطور جاگیر مرحمت کیے ۱۸۷۹ء مین آپکی رجمنٹ مہم افغانستان پر بھیجی گئی اور کوہاٹ کے راستہ سے قرم پہونچی اور جنرل ابرٹس کی ماتحتی مین پیوار کوتل کو فتح کیا اسکے بعد امیر یعقوب خان سے مصالحت ہو گئی مگر نظم ونسق کی خرابی سے جب امیر کی فوج نے بغاوت کی تو پہلے کیوگناری صاحب بطور پولیٹکل ایجنٹ مع چار سو آدمیون کے قرم اور شترگردن کی راہ سے کابل پہونچے جہان تمام لوگ مارے گئے اور کوئی متنفس زندہ نہ بچا۔ یہ سنکر جنرل رابرٹس نے قرم کی تمام فوجون کو جن مین بارھوین رجمنٹ بھی شامل تھی ساتھ لیکر کابل پر فوج کشی کی پہلے مقام چار آسیا مین پھر چاس کابل کے پہاڑون مین سخت مقابلے ہوے۔ یہان آپ نے صرف پچاس سوار لیکر نہایت دلیری اور مستعدی سے گرد آوری کی اور ڈاک اور رسد وغیرہ کی آمد ورفت کی حفاظت کی۔ اسکے علاوہ غلزئی۔ صافی اور ننگادی وغیرہ اقوام کے فتنہ انگیز خیالات کی اطلاع حکمت عملی سے حاصل کرتے اور گورنمنٹ کو اُس سے مطلع کرتے رہے جنھون نے بجمعیت کثیر کابل اور بالا حصار پر قبضہ کرکے شیرپور کا محاصرہ کرلیا تھا مگر گیارھوین دن کی سخت جنگ کے بعد غنیم پسپا ہو گیا۔ اسکے بعد گورنمنٹ نے امیر عبد الرحمان خان سے معاہدہ کرکے انکو تخت نشین کر دیا۔ واپسی کے بعد آپ کی رجمنٹ جھانسی مین متعین کی گئی ـــ

آپ کی جانفشانی خیرخواہی اور بہادری کے جلدو مین قصبۂ خیرآباد مین ایک مکان قیمتی پچاس ہزار روپیہ کا عطا ہوا اور آپ کے کارہاے نمایان کی یادگار مین آپ کے کل افسرون نے اپنی خوشنودی مزاج اور آپ کی عمدہ کارگزاریون کا اظہار فرمایا اور اسناد اور تمغے عطا کیے۔ سنہ ۱۸۸۹ء مین چوالیس برس کی ملازمت کے بعد رسالدارمیجری کے عہدہ سے آپ نے تین سو روپیہ ماہوار کی پنشن حاصل کی اسوقت تک کسی اور سردار کو اس قدر کثیر پنشن نہین ملی ہے۔ آپ کے صرف ایک فرزند آغا میر ابوتراب خان صاحب ہین جو ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے اسٹیٹیوٹری سول سروس کے ممبر ہین اور آجکل جوائنٹ مجسٹریٹ اعظمگڈھ ہین۔ سکونت سیتاپور۔ اودھ۔

احمد نور خان عرف محمد منگل خان۔ خان بہادر۔ ولادت سنہ ۱۸۴۱ء۔

آپ قوم افغان فرقہ یوسف زئی سے ہین۔ آپ کے مورث اعلیٰ محمد یار خان کا قدیم وطن بونیر تھا جو احمد شاہ درّانی کی فوج کے رسالدار تھے۔ سنہ ۱۷۶۱ء کے تیسرے درّانی حملہ کے بعد آپ مع اپنے فرزند صالح محمد خان کے ہندوستان مین رہ گئے اور رام پور مین ملازمت اختیار کرلی۔ اول الذکر رام پور مین فوت ہوے اور آخر الذکر اختتام جنگ روہیلہ پر مع اپنے فرزند محمد نور خان کے شیرپور چلے آئے اور اسی کو اپنا مستقر قرار دیا۔ سنہ ۱۸۰۱ء مین جب ممالک متحدہ گورنمنٹ انگلشیہ کے قبضہ مین آیا تو محمد نور خان نہایت مستعدی سے گورنمنٹ انگلشیہ کی وفاداری اور خیرخواہی پر ثابت قدم رہے جسکے صلہ مین اُن کو ترائی کا علاقہ جو مہاراج پور سبنا کے نام سے موسوم ہے مرحمت ہوا۔ اس کا رقبہ تین سو بیس میل مربع ہے۔ ان کے تین بیٹے تھے آلہ نور خان۔ حضرت نور خان اور محمد یار خان جنھون نے زمانہ غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین اپنے گردونواح کے مقامات مین امن وامان قائم رکھنے کی نہایت سرگرمی سے کوشش کی اور ایک یوروپین خاندان کی جان بچائی۔ بریلی کے باغی خان بہادر خان کی فوجون کا


اکثر مقابلہ کیا اور کامیاب ہوے۔ اسکے صلہ مین گورنمنٹ سے ضلع شاہجہان پور مین چھ گانؤن مع خلعت کے عطا ہوے۔ سنہ ۱۸۵۷ء مین خان بہادر منگل خان نے سر الفرڈ لائل صاحب کے ایماسے گرواگھاٹ پر کامیابی کے ساتھ نیپالی باغیون کا مقابلہ کیا۔ سنہ ۱۸۷۱ء مین لارڈ میو گورنر جنرل ہند آپ کے علاقہ مین شکار کھیلنے کو آئے جنکی ہمراہی کا فخر آپ کے چچا محمد یار خانصاحب کو حاصل ہوا۔ لارڈ ممدوح نے بوقت مراجعت ایک پستول اور ایک چٹھی عطا کی۔ سنہ ۱۸۷۶ء مین پرنس آف ویلز (اعلیحضرت ملک معظم) جب اس علاقہ مین بغرض شکار تشریف لائے تھے تو خان بہادر احمد نور خان اور آپ کے بھائی خان بہادر دارا شکوہ خان عرف بالا خان کو پندرہ دن تک اُن کے ہمرکاب رہنے کا شرف حاصل ہوا۔ سنہ ۱۸۷۷ء کے دربار قیصری مین حضرت نور خان کو ایک تمغہ اور سند حسن خدمات کے صلہ مین مرحمت ہوئی۔ آپ کو حضرت نور خان کی جائداد اور آپ کے برادر حقیقی خان بہادر بالا خان کو محمد یار خان کی جائداد حصہ مین ملی۔ آپنے ڈاکوون کے قتل مین پولس کو مدد دی ہے آپ اور آپ کے بھائی بالا خان شریک دربار ہین اور سنہ ۱۸۸۱ء مین ایکٹ اسلحہ سے مستثنےٰ اور جوبلی سنہ ۱۸۹۷ء مین خان بہادر کے خطابون سے سرفراز کیے گئے۔ سکونت شیر پور۔ پیلی بھیت۔ ممالک متحدہ آگرہ و اودھ۔

دارا شکوہ خان عرف محمد بالا خان۔ خان بہادر۔ ولادت سنہ ۱۸۵۱ء۔

(ملاحظہ طلب حالات احمد نور خان عرف محمد منگل خان۔ خان بہادر)

غلام غوث۔ خواجہ۔ خان بہادر۔ ذو القدر۔ آپکی ولادت سنہ ۱۲۴۷ھ مین نیپال مین واقع ہوئی۔ آپ سلطان زین العابدین کی اولاد مین ہین جو سنہ ۸۲۶ھ مین حکمران کشمیر تھے۔ بعد انتزاع سلطنت خاندانی آپ کے بزرگون نے عزلت گزینی پسند کی۔ کشمیر مین سلاطین

تیموریہ کے زمانۂ تسلط مین آپ کے اجداد نیابت صوبہ اور دیوانی کے اعلیٰ مناصب پر ممتاز رہے جو سلاطین دُرّانیہ کے دور آخر تک قائم رہا۔ آپ کے جد مادری خواجہ بابا داؤد خاکی کی نسل مین ہین جنکا شمار صوفیۂ کرام مین ہے۔ سلاطین تیموریہ نے آپ کے نانا کے مورث اعلیٰ کو کشمیر کے عہدۂ قضا پر مامور کیا جس پر وہ سکھون کی عملداری مین بھی منصوب رہے مگر جب گورنمنٹ انگلشیہ نے راجہ گلاب سنگھ کو ریاست کشمیر عطا کر دی تو یہ عہدہ اس خاندان سے جاتا رہا۔ آپکے جد امجد اور آپکے نانا کے والد کے انتقال کے بعد آپکے والد اور نانا ترک وطن کر کے شہر لہاسا واقع عملداری چین مین توطن گزین ہوے جہان دونون حضرات کا بہت بڑا اعزاز ہوا بلکہ سلطنت کی جانب سے مسلمانان لہاسا کے تمام مقدمات کے انفصال کے اختیارات عطا کیے گئے۔ مگر کچھ عرصہ کے بعد وہان سے ترک سکونت کر کے نیپال مین اقامت پذیر ہوے مہاراجہ نیپال کی سرکار مین بھی ان کا نہایت وقار اور اعتبار تھا۔ وہین آپ سنہ ۱۲۴۰ھ مین متولد ہوے۔ آپ کی عمر چار سال کی تھی جب آپکے والد اور نانا نیپال سے بنارس مین وارد ہوے اور آپ کی تحصیل علم کا زمانہ وہین بسر ہوا سنہ ۱۲۵۵ھ مین آپ کے والد نے رحلت کی۔ اسی سال کے آخر مین آپ اپنے خالو مولوی سید محمد خان میر منشی لفٹننٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی کے پاس اکبرآباد چلے گئے اور اُن کی نیابت پر آپ کا تقرر ہو گیا۔ جب مفسدان گوالیار کی سرکوبی کی غرض سے گورنمنٹ انگلشیہ نے فوج کشی کی اور ہز اکسلنسی گورنر جنرل ہند بسبیل یلغار کلکتہ سے آکر بنفس نفیس اس مہم مین شریک ہوے تو اُنکی دارالانشا کے ہمراہ نہ آنے کی وجہ سے آپ ہی اس مہم کی تحریر کے اہم کام پر معین ہوے جسکے اختتام پر حسن کارگزاری کے صلہ مین آپ کو ایک خلعت گران بہا مرحمت ہوا اور ترقی کی سفارش کی گئی سنہ ۱۸۴۴ع مین جب مولوی سید محمد خان گورنر جنرل کے منشی مقرر ہوے تو آپ کو اُنکی جگہ پر ترقی دی گئی اُسوقت سے سنہ ۱۸۵۸ع تک آپنے اس عہدہ کے فرائض نہایت قابل اعتماد



چودھری مہندر سنگھ تعلقدار ناگرمو ضلع اناؤ



راجہ مہدی علیخان تعلقدار حسن پور بندھوا ضلع سلطانپور

طریقہ سے انجام دیے - خصوصاً غدر ۱۸۵۷ء کے نازک وقت مین آپ نے جو وفاداری اور خیرخواہی کی اُسکے جلدو مین گورنمنٹ انگلشیہ نے آتش غدر فرو ہونے کے بعد تین رقم جواہر یعنے جیغہ - سرپیچ مرصع اور مالاے مروارید اور اُسکے ساتھ ایک سند خیرخواہی عنایت کی اور جناب ملکہ معظمہ کے جشن دربار قیصری دہلی مین تمغۂ قیصری مع سند خوشنودی مزاج کے مرحمت کیا گیا اور ۱۸۸۵ء مین آپ نے باصرار پنشن لی - اسکے بعد آپ کو خان بہادر ذوالقدر کا خطاب عنایت ہوا - اسوقت تک حکام گورنمنٹ انگریزی آپکو اُسی اعزاز و وقار کی نظر سے دیکھتے ہین - آپ کا فارسی ادب اور اُردو کی انشاپردازی مسلم الثبوت ہے - عارف علی شاہ خراسانی سانکتہ چین اور سید عبداللہ خراسانی سا محقق آپکی نظم و نثر فارسی کے معرف و مداح ہین - عروض مین بھی آپ کو مہارت تامّہ حاصل ہے اور بیجبر تخلص کرتے ہین - آپ کے اُردو خطوط جو کتابی صورت مین فغان بیجبر کے نام سے شائع ہوے ہین اور نظم و نثر فارسی کا مجموعہ موسومہ خوننابۂ جگر خاص شہرت اور مقبولیت رکھتے ہین - سکونت الہ آباد - ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ

محمد مہدی علی خان - راجہ - ولادت ۱۸۷۶ء - اس خاندان کے مورث اعلیٰ بچگوتی راجپوت تھے راجہ تلوک چند نے شہنشاہ بابر کے عہد مین مذہب اسلام قبول کیا جنکا نام تاتار خان رکھا گیا - تبدیل مذہب کے بعد اُنکے دو بیٹے بازید خان اور جلال خان ہوے - بازید خان کے بیٹے حسن خان بانی تعلقۂ حسن پور کو شیرشاہ کے دربار مین بہت رسوخ حاصل تھا - جب شیرشاہ بنگال سے دہلی کی طرف عازم اور حملہ آور ہوا تو حسن خان نے اُسکو عرصہ تک مہمان رکھا اور اُنکی فیاضانہ اور شاہانہ دعوت کی اُنکو شاہان دہلی کے فرامین کے ذریعہ سے منصب اور جاگیرین ملتی رہین چنانچہ پرگنہ چاندپور بڑھپر مین اٹھارہ لاکھ سترہ ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر اور دوہزاری اور ایکہزار پانصدی


کا منصب عطا ہوا۔ اُنھون نے اپنے زمانہ راجگی مین علاقۂ حسن پور کو بہت وسعت اور رونق دی یہ خاندان مسلمان بچگوتی فرقہ کا سرغنہ سمجھا جاتا ہے اور دیگر راجاؤن کے مقابلہ مین اس کی مسند اعلیٰ تر تصور کیجاتی ہے۔ اور افسر ریاست کو راج تلک کا اختیار حاصل ہے حسن خان کی چوتھی پشت مین راجہ محمد اسمعیل خان اور اُنکی پانچوین پشت مین راجہ حسین علیخان اور اُنکی تیسری نسل مین راجہ محمد علیخان مرحوم تھے اُنھون نے اپنے زمانۂ مسند نشینی مین ریاست کو بہت کچھ ترقی دی اور ۱۵۔ مارچ ۱۸۹۵ء کو رحلت کی۔ اُن کے بعد اُن کے اکلوتے بیٹے راجہ محمد مہدی علیخان وارث ریاست ہوے آپ عربی۔ فارسی اور انگریزی مین بخوبی مہارت رکھتے ہین آپ نے بھی علاقہ کی آمدنی کو بہت کچھ ترقی دی راجگی کا خطاب تسلیم کرنے کے علاوہ گورنمنٹ کی جانب سے آنریری مجسٹریٹی کا اعزاز بھی آپ کو حاصل ہے۔ سکونت حسن پور بندھوا ضلع سلطانپور

مہندر سنگھ۔ چودھری۔ آپکا تعلق باتھم خاندان سے ہے جسکا قدیم مسکن قنوج تھا۔ آپ کے مورث اعلیٰ شیورام داس شہنشاہ اکبر کے زمانہ مین سپہ ساری کے عہدۂ جلیلہ پر سرفراز تھے۔ مہم کوہ بدخشان مین اُنسے کارہاے نمایان وقوع مین آئے اور واپسی دہلی کے بعد شہنشاہ نے اُنکو خلعت فاخرہ اور ایک شمشیر ولایتی اور پرگنۂ بانگرمؤ ضلع اُناؤ کی چودھرایت عطا کی جو تا انتزاع سلطنت اودھ قائم اور جاری رہی آخر زمانہ نوابی مین چودھری بینی پرشاد اور اُنکی وفات پر اُنکے بیٹے چودھری محکم سنگھ نے اپنے حسن انتظام سے ریاست کو بہت ترقی دی۔ اُنکے بیٹے چودھری گنگا پرشاد نے اپنے زمانہ مین دربار شاہی مین بہت بڑا رسوخ پیدا کیا اور نظامت کے خلعت سے مخلع ہوے اُنکے بعد اُنکے بیٹے چودھری گوپال سنگھ جانشین ہوے۔ شروع عملداری انگریزی یعنی ۱۸۵۶ء مین جب مقام ملانوان ضلع قرار دیا گیا تو چودھری گوپال سنگھ تعلقدار اور اُنکے چچا

چودھری ماکھن سنگھ نے بوقت بندوبست سرسری حکام وقت کے پاس بڑی مستعدی سے پرگنہ بانگرمؤ کے زمینداروں سے قبولیتیں داخل کرادین اور غدر مین مسٹر کیپر ڈپٹی کمشنر اور حکام ماتحت کو ملانوان سے اپنی حفاظت مین لائیکو مع جماعت کثیر گئے۔ اُنسے راہ مین ملاقات ہوئی اور بیلی گارڈ لکھنؤ کی جانب عازم ہوے اور حفیظ آباد ضلع اناؤ اور بیاگنج وغیرہ مین باغیون سے مقابلہ و مجادلہ کرکے اُنکو پسپا کیا اور برابر حکام اعلیٰ سے خوشنودی مزاج کے پروانے اور چٹھیان حاصل کرتے رہے۔ چودھری گوپال سنگھ کو لکھنؤ سے پہلے دربار گورنری مین خلعت فاخرہ اور ایک مروارید کا مالا عطا ہوا اور آپکی پچیس اشرفیون کی نذر قبول کی گئی۔ ۱۵- جون ۱۸۶۱ع کو پرگنہ بانگرمؤ مین درجہ اول کے آنریری اسسٹنٹ کمشنر با ختیارات کامل مقرر ہوے۔ اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے چودھری نونہال سنگھ وارث ہوے اُنکی مسندنشینی نہایت تزک و احتشام سے عمل مین آئی۔ مسٹر ہرنگٹن صاحب ڈپٹی کمشنر کے مشورہ سے انھون نے تعلیم قانون حاصل کی اور پرگنہ بانگرمؤ کے آنریری اسسٹنٹ کمشنر درجہ سوم مقرر ہوے۔ اُنکو ترقی زراعت اور رفاہ رعایا کی طرف خاص توجہ تھی ۱۸۷۷ع کی خشک سالی مین غربا کی پرورش اور رفع تکلیف کے کام جاری کیے جس کے صلہ مین ۱۳- نومبر ۱۸۷۸ع کو پروانۂ خوشنودی مزاج گورنمنٹ سے حاصل کیا۔ ایک گنج موسومہ نونہال گنج آباد کیا۔ اُنھون نے ۲۴- جولائی ۱۸۸۰ع کو رحلت کی۔ اُنکے فرزند چودھری مہندر سنگھ صاحب ہین جنکی کمسنی کی وجہ سے انکے دادا چودھری گوپال سنگھ کے برادر حقیقی چودھری نرائن سنگھ ولی اور منتظم ریاست قرار پائے۔ انھون نے چودھری گوپال سنگھ کی وصیت کے موافق نونہال گنج کے قریب بھگوتی جی کا ایک مندر ہزارہا روپیہ کے صرف سے تعمیر کرایا۔ ۱۸۹۲ع مین چودھری مہندر سنگھ نے زمام ریاست اپنے ہاتھ مین لی۔ آپ فارسی اور ناگری خوب جانتے ہین اور انٹرنس تک انگریزی کی تعلیم پائی ہے۔ ایام قحط مین آپنے اپنی رعایا کے ساتھ نہایت فیاضانہ

سلوک کیا۔ آپنے غربا کی رفع تکلیف کے لیے ایک تالاب تعمیر کرایا جسکے صلہ مین فروری ۱۹۰۱ء کے دربار مین سند حاصل کی۔ محکمۂ زراعت سرکاری کو آپ نے اپنی راے سے بہت مدد دی ہے جسکی شکرگزاری کے خطوط و اسناد آپ کو عطا ہوے ہین ۱۹۰۶ء مین آپ کو انریری مجسٹریٹی درجہ سوم کے اختیار عطا ہوے جسکے فرائض آپ نہایت عمدگی سے انجام دیتے ہین۔ سکونت بانگر مؤ ضلع اناؤ۔ اودھ۔

رام لال چکروَرتی۔ بابو۔ راے بہادر۔ آپ ۳۰ مئی ۱۸۴۳ء کو پیدا ہوے اور ۲۱۔ اپریل ۱۸۶۹ء عیسوی کو گورنمنٹ کی ملازمت مین داخل اور ۱۶۔ جولائی ۱۸۶۹ء کو میڈیکل کالج ہاسپٹل کلکتہ مین طبیب دوم مقرر ہوے۔ اسکے بعد ۱۲۔ جولائی ۱۸۷۱ء کو کلکتہ سے آپ کی خدمات الہ آباد کو منتقل ہوئین جہان کالون اسپتال کے زنانہ وارڈ کے آپ افسر انچارج کیے گئے۔ دو برس تک بنارس اور مرادآباد کے سرکاری شفاخانون مین متعین رہنے کے بعد ۲۔ فروری ۱۸۷۹ء کو بلرام پور ہاسپٹل لکھنؤ مین آپکا تقرر عمل مین آیا جہان آپ اسوقت تک اسسٹنٹ سرجن ہین۔ آپ اِن صوبجات کے ایک نہایت ہی ہردلعزیز اور نامی ڈاکٹر ہین اودھ کے کئی سربرآوردہ تعلقدارون نے مختلف اوقات مین گورنمنٹ سے آپکی خدمات مستعار لین اور آپنے جس معرکہ کے علاج کیے ہین وہ عام طور پر مشہور ہین۔ مہاراجہ بلرام پور آنجہانی کے علاج مین آپ کو جو کامیابی ہوئی اُس سے آپ کی شہرت کو خاص ترقی ہوئی۔ لیڈی لائل میڈیکل اسکول کی ڈاکٹری خدمات انجام دینے کے جلدو مین ۲۴۔ نومبر ۱۸۸۸ء کو گورنمنٹ نے آپ کو راے بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے عطا کیا۔ آپ کو رفاہ عام کے کامون مین بڑی دلچسپی ہے۔ سکونت لکھنؤ۔



راے بہادر ڈاکٹر رام لال چکرورتی لکھنؤ



خان بہادر نذر محمد خان رئیس مین پوری



راؤ گراج سنگھ رئیس کچیسر ضلع بلند شہر



راے بہادر کرشنا ساہ رئیس نینی تال

نذر محمد خان - خان بہادر - ولادت ۱۸۵۱ء - آپ کے مورث اعلیٰ محمد مجید خان بنگش افغان کلان خیل تھے جو شہزادہ دارا شکوہ کی سلک ملازمت مین تھے اور جنکی اولاد قصبۂ شکوہ آباد مین آباد ہوئی - اس خاندان کے اکثر ممبر شاہان دہلی و اودھ اور آخر مین گورنمنٹ انگریزی کے فوجی ملازم رہے مگر چند پشتون سے سول ملازمتین بھی اختیار کر لین - آپ کے نانا محمد غوث خان نمبردار رکن پور وغیرہ ایک بڑے علاقہ کے مالک تھے آپ اپنی موروثی اور مکسوبی جائداد زمینداری پر قابض اور تقریباً دو ہزار روپے سالانہ کے مالگزار ہین جو ضلع آگرہ اور مین پوری مین واقع ہے - تحصیل علم کے بعدہ نومبر ۱۸۷۱ء مین آپ محکمۂ بندوبست ضلع مین پوری مین کلرک مقرر ہوے اور ۱۸۷۲ء مین ضلع متھرا کو منتقل ہو کر نائب سپرنٹنڈنٹ اور ۱۸۷۷ء مین ضلع باندہ کے سپرنٹنڈنٹ مال معین ہوے - ۵ - اپریل ۱۸۸۳ء مین تحصیلداری کے عہدہ پر مامور ہوے اور ضلع کانپور کی تحصیل ڈیرہ پور اور صدر تحصیل مین عمدہ کارگزاریان کین جسکے صلہ مین گورنمنٹ سے خوشنودی مزاج کی چٹھیان حاصل کین - ۱۸۸۶ء سے اس صوبہ کے مختلف مقامات مین ڈپٹی کلکٹری کے فرائض انجام دیے - ۱۸۹۶ء و ۱۸۹۷ء کی قحط سالی ضلع باندہ کے حسن انتظام کے جلدو مین گورنمنٹ نے خان بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے عطا کیا - سکونت قصبۂ شکوہ آباد ضلع مین پوری -

گرراج سنگھ - راؤ - ولادت ۲۰ - ستمبر ۱۸۷۳ء - اس جاٹ خاندان کے مورث اعلیٰ مسمی رائے سال جو دلال گوتر فرقہ سے تعلق رکھتے ہین موضع منڈوٹھی ضلع رہتک کے باشندے تھے - تقریباً دو صدی کا عرصہ ہوا کہ اُن کے چار پوتون مین سے تین پوتے بہوال جگرام اور جبٹ مل موضع چت سونہ پرگنہ سیانہ ضلع بلندشہر مین آکر آباد ہوے اور چوتھے پوتے مسمی گروا پرگنہ چندوسی ضلع مراد آباد مین مالک

اراضی ہوے۔ اُن کی چوتھی پشت مین چتر سنگھ کے بیٹے رامدھن سنگھ اور رگنی رام تھے جو
بھرت پور کے جاٹون کے شریک ہوے اور جواہر سنگھ کو اُس جنگ مین مدد دی جو اُنھون
نے اپنے باپ کے قتل کا انتقام لینے کے لیے کی تھی اور نجیب الدولہ کے ذریعہ سے
اُنھون نے جاگیر کچھیسر اور راؤ کا خطاب اور "چور ماری" یعنے ڈاکوؤن کی سرکوبی کی خدمت
کے صلہ مین نو پرگنے دربار دہلی سے حاصل کیے مگر اُنھون نے اپنی ہمسایہ ریاستون
مین قتل و غارتگری شروع کی اور بہت کچھ مواضعات دبا لیے۔ اسکی شکایت کچھ
سوداگرون نے افراسیاب حاکم علی گڈھ (کول) سے کی۔ سنہ ۱۷۸۴ع مین افراسیاب
نے حملہ کیا اور قلعۂ کچھیسر و سیانہ وغیرہ چھین لیے اور رامدھن سنگھ اور رگنی رام کو گرفتار کرکے
قلعۂ کول مین نظربند کر دیا۔ بعد چندے موقع پاکر دونون بھائی رہا ہوگئے اور سرسہ ضلع
حصار مین داخل ہوے اور مرہٹون کی ملازمت کرکے بہ جمعیت کثیر قلعۂ کچھیسر پر حملہ کیا اور
اپنے کل علاقہ پر قابض ہوگئے۔ رگنی رام کی وفات کے بعد سنہ ۱۷۹۰ع مین رامدھن سنگھ
کل تعلقہ کے مالک ہوے اور شاہ عالم بادشاہ دہلی سے پرگنہ جات پاٹھ۔ سیانہ تھانہ فریدا
اور تعلقۂ وتیانہ و سید پور کا استمراری پٹہ چالیس ہزار روپیہ سالانہ پر حاصل کیا جسے سنہ ۱۷۹۴ع
مین مرزا اکبر شاہ نے اور سنہ ۱۸۰۳ع مین گورنمنٹ برطانیہ نے بھی بحال رکھا۔ سنہ ۱۸۱۶ع
مین راؤ رامدھن سنگھ نے انتقال کیا۔ اُن کے بیٹے راؤ فتح سنگھ نے اپنے علاقہ کو بہت
زیادہ ترقی اور وسعت دی۔ اُن کے لیے لارڈ ماٹرا گورنر جنرل ہند نے جاگیر کچھیسر موروثی
قرار دی۔ اُنکے بعد راؤ بہادر سنگھ جانشین ہوے اُنھون نے چھبیس مواضع اپنے علاقہ
مین زیادہ کیے۔ اُن کے بعد گلاب سنگھ سنہ ۱۸۴۲ع مین ریاست آبائی پر مسندنشین ہوے۔
اُن کو ایام غدر سنہ ۱۸۵۷ع کی خدمات کے جلدو مین تقریباً آٹھ ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر
اور دو ہزار کا خلعت اور راجہ بہادر کا خطاب مرحمت ہوا۔ راجہ گلاب سنگھ دو سو سترہ
مواضع کا علاقہ اپنی بیوہ رانی جسونت کنور کے قبضہ مین چھوڑ کر سنہ ۱۸۵۹ع مین فوت ہوے۔

اُنکی بیوہ رانی کے بعد اُن کی دختر بھوپ کنور مالک ریاست ہوئین اور اُنکی وفات پر اُنکے شوہر خوشحال سنگھ مسند نشین ہوے - اس اثنا مین راؤ گلاب سنگھ کے بھائی راؤ امراؤ سنگھ نے ترکہ سے محروم رہنے کے غصہ مین مقدمہ دائر کیا مگر مئی سنہ ۱۸۶۸ع مین پنچایت نے فیصلہ کیا کہ ریاست سے پانچ آنہ کا حصہ پرتاب سنگھ نبیرۂ مگنی رام کو اور چھ آنہ راؤ امراؤ سنگھ کو اور باقی ماندہ حصہ خوشحال سنگھ کو تقسیم کیا جاے - راؤ امراؤ سنگھ نے ۳ - جون سنہ ۱۸۹۸ع کو انتقال کیا اور اُن کے فرزند راؤ گرراج سنگھ اُنکے جانشین ہوے - فی الحال اس جاگیر مین چھیالیس مواضع مسلم اور چودہ گاؤن مین حصہ ہے اور مالگزاری باسٹھ ہزار سات سو بہتر روپیہ ہے - آپ کے صاحبزادہ اور ولی عہد اندرجیت سنگھ (ولادت ۱۵ - اکتوبر سنہ ۱۸۹۴ع) ہین - سکونت کچیسر ضلع بلند شہر -

کرشنا ساہ - راے بہادر - آپ کی ولادت سنہ ۱۸۵۳ع مین الموڑہ مین واقع ہوئی - آپ سورج بنسی چھتری ہین - آپ کے مورث اعلیٰ کا وطن اصلی نیپال تھا آپ کے بزرگ الموڑہ مین آئے اور پھر گورنمنٹ انگلشیہ کی عملداری مین اس خاندان نے نینی تال کو اپنا مستقر قرار دیا - آپ کے والد سیٹھ موتی رام ساہ ایک صاحب ثروت بے تعصب فیاض اور مرنجان مرنج بزرگوار تھے - سنہ ۱۸۵۷ع مین اُنھون نے گورنمنٹ انگریزی کے وفادارانہ خدمات انجام دیے اور مختلف مقامات کے مفرور انگریزون کی جان و مال کی حفاظت کی - اسکے صلہ مین گورنمنٹ نے اکثر مواضع اور ایک عالیشان مکان شہر بریلی مین عطا کیا - اُن کے انتقال کے بعد آپ نے ترکۂ پدری سے بقدر رسد حصہ پایا تھا مگر اپنی حسن لیاقت سے جائداد کو ترقی دی - اور رفتہ رفتہ گورنمنٹ اور پبلک کی نظر مین آپ نے ہر دلعزیزی اور وقعت حاصل کی - آپ کو باشندگان نینی تال نے پہلے میونسپل کمشنر منتخب کیا اور پھر سنہ ۱۸۹۳ع مین گورنمنٹ نے آنریری مجسٹریٹی کے

اختیارات عطا کیے اور ۱۸۹۹ء مین راے بہادر کا خطاب عطا ہوا تجارت اور صنعت و حرفت کی جانب آپ کو خاص میلان ہے۔ رامزے اسپتال کی تعمیر مین آپ نے بہت مدد دی ہے جس مین یوروپین مریض زیر علاج رہتے ہین اور آپ ہی کی کوشش سے کراسٹھویٹ اسپتال کی بھی بنیاد پڑی جو ہندوستانی باشندون کا علاج گاہ ہے نینی تال کی مسجد جامع کی تعمیر مین بھی آپ نے مدد دی۔ نینی تال مین واٹر ورکس کی تجویز کے بانی بھی آپ ہی ہین آپ نینی تال کے میونسپل بورڈ کے ایک سرگرم ممبر ہین آپنے ایک نہایت خوشنما اور پرفضا باغ بنایا ہے۔ نینی تال کے رؤسا کے طبقہ مین آپ ایک خلق مجسم ہمدرد رعایا و فادار گورنمنٹ اور آزاد خیال رئیس ہین۔ سر اینٹنی میکڈانل صاحب نے ۲۶۔ اکتوبر سنہ ۱۹۰۱ء کو ایک بندوق بطور یادگار مرحمت کی۔ ہزایکسلنسیز لارڈ ولیڈی لینسڈون کی تشریف آوری نینی تال کے موقع پر آپ نے انکی خاص مدارات کی جس کا شکریہ کمشنر صاحب کمایون نے ادا کیا ہزایکسلنسی لارڈ کرزن والیسراے و گورنر جنرل کا شرف حضوری بھی آپ کو نینی تال مین حاصل ہو چکا ہے۔ اسی طرح اکثر لفٹننٹ گورنرون اور دیگر حکام والا مقام نے آپ کی خیر خواہی اور وطن دوستی کی تعریف و توصیف کی ہے اور دربار قیصری دہلی منعقدۂ جنوری سنہ ۱۹۰۳ء مین بھی گورنمنٹ کی جانب سے آپ مدعو ہوے ہین۔ سکونت کوہ نینی تال۔

ظہیر اللہ خان — خان بہادر۔ یکم جنوری سنہ ۱۸۹۷ء کو گورنمنٹ نے آپ کی نمایان خدمات کے جلدو مین خان بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے مرحمت کیا۔ آپ کا قدیمی مسکن و موطن پشاور تھا سکونت رام پور۔ ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ۔



راجہ پاٹیشوری پرتاب نرائن سنگھ رئیس بستی



راجہ سلامت خان رئیس اعظم گڈھ

پاٹیشوری پرتاب نرائن سنگھ - راجہ - ولادت سنہ ۱۸۷۰ع - آپ کا تعلق چھتری کلہنس قوم سے ہے - آپ کے مورث اعلیٰ پرتھوی دیو سنگھ راجۂ گنڈو گچھ و بنگلا نہ واقع اودے پور سنہ ۱۳۱۳ع مین جلاوطنی اختیار کرکے اجودھیا مین توطن گزین ہوے - اُنکے قیام اجودھیا کے زمانہ مین ریاست مڈوانگر (حال راج بستی) کی عام رعایا راجہ مڈوانگر کے جبر و تعدی سے تنگ آکر اُنکے پاس فریاد کنان حاضر ہوئی چنانچہ یہ پرگنہ مڈوانگر کی تسخیر کے ارادہ سے فوج لیکر روانہ ہوے اور بعد محاربۂ عظیم راجہ مادھو سنگھ والی مڈوانگر کو شکست دیکر خود قابض و متصرف ہوگئے اور اُنکی راجگی کا خطاب بادشاہِ وقت نے بھی تسلیم کیا - اس خاندان مین راجہ پرتھی پال سنگھ اور راجہ جیراج سنگھ نے شاہانِ دہلی اور نواب شجاع الدولہ کو اکثر میہنون مین مدد دی تھی - سنہ ۱۸۵۷ع کے غدر کے زمانہ مین راجہ مہیش سیتلا بخش سنگھ نے گورنمنٹ کی خدمات خیرخواہانہ وفاداری سے انجام دین جسکے جلدو مین اُنکو پرگنہ راج اموڈھ ضلع بستی اور بہت سے مواضع بطور جاگیر مرحمت ہوے - اس خاندان مین اولاد اکبر گدی نشین ہوتی ہے اور اولاد اصغر کو گذارہ دیا جاتا ہے - یہ ریاست پرگنہ جات بستی - امروہہ - ناگر - مہولی و مگہر ضلع بستی مین و پرگنہ جات حویلی و دھوریاپار ضلع گورکھپور مین واقع ہے - یہ ریاست پانچہزار پانچسو پینتیس روپیے گورنمنٹ کی مالگزاری ادا کرتی ہے - راجہ پاٹیشوری پرتاب نرائن سنگھ کی ابتدائی تعلیم حسب دستور گھر پر ہوئی - آپ سنسکرت اور فارسی مین معقول مہارت رکھتے ہین - سنہ ۱۹۰۹ع مین راجہ مہیش سیتلا بخش سنگھ کے انتقال کے بعد آپ وارث ریاست ہوے - آپ مینوسپل بورڈ کے چیرمین اور آنریری مجسٹریٹ ہین اور اپنے والد کی طرح حاضری عدالت سے مستثنیٰ ہین - سکونت بستی -

محمد سلامت خان - راجہ - ولادت سنہ ۱۸۲۹ع - راجگی کا خطاب خاندانی اور موروثی ہے - یہ خانوادہ راجۂ ارگل ضلع فتحپور کے خاندان کی ایک شاخ ہے جو

برھما کے وقت سے نسلاً بعد نسلٍ چلا آتا ہے - آپ کے مورث اعلیٰ چندر سین سنگھ تھے جو خاندان ارگل سے علیحدہ ہوکر اعظم گڈھ مین آباد ہوے - اُنکے بیٹے راجہ ابھمن سنگھ سنہ ۱۶۰۶ء مین جہانگیر شاہ بادشاہ دہلی کے عہد مین مشرف باسلام ہوے اور دربار دہلی سے خطاب راجگی اور بائیس پرگنہ واقع چکلۂ اعظم گڈھ اور ایک خلعت فاخرہ اور ایک لاکھ پچیس ہزار روپیہ سالانہ نقد عطا ہوا - سنہ ۱۷۲۶ء مین آپ کے جدامجد راجہ محمد نادر خان کی وفات کے بعد آپ کے والد راجہ محمد مبارک خان کے واسطے برٹش گورنمنٹ نے بھی جائز رکھا اور خطاب مذکور کو تسلیم کیا - سنہ ۱۷۶۱ء یعنی نواب شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ کے عہد حکومت تک یہ ریاست بہت وسیع تھی اور یہ خاندان بہت معزز اور صاحب اختیار رتھا مگر آپ کے پردادا راجہ محمد ارادت خان کی رحلت کے بعد جب اُنکے بیٹے راجہ محمد جہان خان مسند نشین ہوے تو اُنکے برادر عمزاد محمد اعظم خان مدعی ریاست ہوے اور سازش کر کے راجہ صاحب کو قتل کرا ڈالا اور خود گدی نشین ہوے - سنہ ۱۷۶۹ء مین راجہ محمد اعظم خان کے انتقال کے بعد اُنکے عمزاد بھائی بابو جہان یار شاہ اور آپ کے دادا راجہ محمد نادر خان مین خانہ جنگیان ہوئین جسکے نتیجہ مین اول الذکر مفرور اور آخر الذکر فتحیاب اور مسند نشین ہوے مگر ادائے مالگزاری مین اُنکی سہل انگاریون کی وجہ سے نواب آصف الدولہ بہادر نے ریاست ضبط کرلی - اسی اثنا مین گورنمنٹ انگلشیہ کی عملداری ہوگئی مگر راجہ محمد نادر خان بعد از وقت حاضر ہوے بھی تو اُسکے متعلق کچھ چارہ جوئی نہین کی - اس تساہل و بے پروائی سے ریاست برباد ہوگئی - اُنکے انتقال کے بعد راجہ محمد مبارک خان اور سنہ ۱۸۵۰ء مین اُنکی رحلت کے بعد راجہ محمد سلامت خان صاحب مسند نشین ہوے - غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین حکام ضلع نے تمام ضلع کا انتظام آپ کے سپرد کیا تھا چنانچہ آپ نے تھانہ اور تحصیلداری اور سرکاری ڈاک برابر قائم اور جاری رکھی اور پچیس تیس ہزار باغی بلواروں کے دست قطاول سے جنسے گورنمنٹ سے اس سے قبل مقابلہ و مجادلہ ہوچکا تھا اہل شہر کو محفوظ رکھا اور اُنکو پسپا کردیا - ان نمایان خدمات

کے جلدو مین گورنمنٹ سے خلعت فاخرہ اور ضلع گورکھپور مین علاقہ مرحمت ہوا۔اس ضلع مین اکثر نازک اور اہم واقعات پیش آئے جسکے دفعیہ مین آپ نے بہت کچھ حصہ لیا - ۱۸۷۱ء اور ۱۸۹۴ء مین جب دریاے ٹونس سے دومرتبہ سیلاب عظیم آیا جس سے شہر اور اہل شہر کے غرق آب ہو جانیکا اندیشہ تھا تو آپ نے نہایت مستعدی کے ساتھ رفاہ خلائق کے خیال سے سرکار کو مناسب مدد دی - اسی طرح گئو رکھشنی کے جھگڑے یعنی بلوۂ مئو کے پر آشوب زمانہ مین آپ نے امن وامان عامہ کے قائم رکھنے مین گورنمنٹ کا ہاتھ بٹایا جسکا تحریری شکریہ گورنمنٹ نے ادا کیا - ایام قحط سالی مین بھی آپ نے مساکین وغربا کی امداد کی جسکے صلہ مین سرکار سے سند عطا ہوئی - سکونت اعظم گڈھ - ممالک متحدہ آگرہ واودھ -

---

ابرار حسن خان - حاجی محمد - خان بہادر - ولادت مارچ ۱۸۴۹ء - آپ افغانان شاہجہان پور کے خاندان سے ہین - آپ کے دادا مولوی محمد محسن خان صدر الصدور کے عہدہ پر ممتاز تھے اور آپ کے والد مولوی محمد حسن خان بھی غدر ۱۸۵۷ء کے قبل اسی منصب پر مامور تھے - اس خاندان کے اکثر ممبر گورنمنٹ انگلشیہ کے معزز عہدون پر مقرر رہین - ضلع شاہجہان پور مین آپکی زمینداری بھی ہے - جنوری ۱۸۷۰ء سے آپ نے ملازمت شروع کی اور حسن کارگزاری اور نیک چلنی کے جلدو مین ماہ مئی سنہ ۱۹۰۱ء مین خان بہادر کے خطاب سے سرفراز کیے گئے - سکونت شاہجہان پور -


---

سیتلا بخش سنگھ - ٹھاکر - راے بہادر - ولادت ۱۸۵۱ء - آپ بیس ٹھاکرون کے خاندان سے ہین - آپ کا خاندان سرکار انگریزی کا ہمیشہ خیر خواہ رہا ہے -


آپ کے چچا ٹھاکر مادھو سنگھ کو ایام غدر ۱۸۵۷ء کے حسن خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ سے مواضع زمینداری اور راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا تھا - یہ اسوقت بقید حیات ہین اور آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات سے معزز و ممتاز ہین - آپ یکم فروری ۱۸۷۶ء کو نائب سررشتہ دار کمشنری الہ آباد پھر نائب تحصیلدار درجۂ اول مقرر ہوے - اسکے بعد اسپشل نائب تحصیلداری کے عہدہ پر مامور ہوے اور پھر الگڈھ ضلع الہ آباد مین بھیجے گئے - ۱۸۸۵ء مین تحصیلدار ہوے یہانتک کہ تدریجاً ترقی کرتے ہوے تحصیلدار درجۂ اول ہو گئے - چودہ برس تک الہ آباد کے ماگھ میلہ کے انتظام پر برابر متعین رہتے آئے اور حسن کارگزاری کے صلہ مین سالانہ انعام حاصل کرتے رہے - ۱۳۰۴ فصلی کی قحط سالی کے انسداد کا کام بھی آپ کے سپرد کیا گیا - ۱۸۹۴ء کے ماگھ میلہ کے عمدگی انتظام کے صلہ مین نقد انعام کے علاوہ آپ کو پانچ سو روپیہ کی ایک طلائی گھڑی گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی سے مرحمت ہوئی جسکے ڈھکنے پر آپکے حسن انتظام میلۂ مذکور کا ذکر کندہ تھا - ۱۸۹۵ء مین راے بہادری کے خطاب سے اور ۱۹۰۰ء مین قیصر ہند کے نقرئی تمغہ سے سرفراز کیے گئے - اسکے بعد گورنمنٹ نے آپکی خدمات پانچ سال کے لیے درستی انتظام کی غرض سے ریاست مانڈہ ضلع الہ آباد کو منتقل کردین جہان آپ چارسو روپے ماہوار کے مشاہرہ پر مینیجر مقرر ہوے - آپکا علاقہ زمینداری اور مکان بشارت پور ضلع جونپور مین واقع ہے - سکونت جونپور -

سری پت سہاے - بابو - راے بہادر - ولادت ۲۷ ستمبر ۱۸۵۷ء - آپ سری واستو کائستھ ہین - آپ کے مورث اعلیٰ کھرگ راے دہلی مین دربار شاہی مین ملازم تھے اُنکے دو فرزند سرستی داس و پرمیشری داس بذریعۂ فرمان شاہی ضلع سلطانپور ملک اودھ مین قانونگو مقرر ہوے - اول الذکر کے بیٹے مسمیٰ لوک ناتھ

ممالک متحدہ آگرہ و اودھ متعلقہ ہندسہ ۱۱۳/۱۲۰



خان بہادر حاجی شیخ قادر بخش رئیس فیض آباد



خان بہادر حاجی محمد ابرار حسین رئیس جھانسی



رائے بہادر ٹھاکر سیتلا بخش سنگھ رئیس جونپور



رائے بہادر سری پت سہائی رئیس سہارنپور

نے ایک موضع لوکناتھ پور آباد کیا اور آخر الذکر کے بیٹے راے چندر بھان دربار شاہی
دہلی مین دیوان تھے اُنکے بیٹے کالکا داس نے ضلع سلطانپور مین کالکا پور نامے ایک
موضع آباد کیا - یہان اُنھون نے سرب دان یعنی اپنا تمام مال و متاع خیرات کردیا اُسوقت
سے یہ خاندان ''سر بسیا'' مشہور ہوا - اس خاندان کے اکثر ممبر اودھ کے تعلقدارون
اور نوابون کے دربار مین مختلف عہدون پر ممتاز تھے مگر نامساعدت روزگار کی وجہ
سے مختلف مقامات مین جا بسے - راے سری پت سہاے بہادر کے دادا ابدل سنگھ
اپنے والدین کی جلاوطنی کی حالت مین اپنی ننھیال مین پیدا ہوے اور سن رشد کو
پہونچکر نواب سعادت علی خان بہادر نواب وزیر اودھ کے عہد مین داروغۂ توپخانہ
مقرر ہوے - سنہ ۱۷۹۸ع مین جب اودھ کا کچھ حصہ سلطنت انگلشیہ کے قبضہ مین آگیا تو
وہ گورنمنٹ کی جانب سے پرگنہ نوابگنج ضلع گونڈہ کے قانونگو اور پھر بستی کے تحصیلدار
کردیے گئے - سنہ ۱۸۳۰ع مین برھوا ان اور دیوری دو موضع خرید کیے اور وہین
سکونت اختیار کی اور اپنے جلاوطن بھائیون کو تلاش کرکے اُنکا ذریعۂ معاش بھی
پیدا کردیا - اُنھون نے دریاے اچاڑہ پر پل تعمیر کرایا جو اسوقت بھی موجود ہے - اُنکے
فرزند کنج بہاری لال نے بھی کچھ عرصہ تک گورنمنٹ کی ملازمت کی مگر گھوڑے سے گرکر
پانون ٹوٹ جانے کی وجہ سے ترک ملازمت کردی اور سنہ ۱۸۵۶ع مین نیل کا کارخانہ
جاری کیا - زمینداری کو ترقی دی - ایک ٹھاکردوارہ اور ایک شوالہ بنوایا - نیل کے
کارخانہ کے اجرا کے دوسرے سال غدر کی وجہ سے از سر نو اس خاندان پر تباہی
آئی اور ہمسایہ سورج بنسی چھتری دو ہزار کی جمعیت سے حملہ آور ہوے جسکی وجہ سے
کنج بہاری لال موضع ٹھالا پار مین پناہ گزین ہوے مگر وہان سے بھی موضع بموضع سرگشتگی
کے عالم مین پھرتے رہے - بالآخر موضع سریا کے ایک برہمن کے گھر مین قیام کیا جہان راے
سری پت سہاے بہادر کی ولادت ہوئی - جب گورنمنٹ انگریزی کا تسلط گورکھپور پر ہوگیا

تو وہ وہان گئے اور باغیون پر استغاثہ دائر کر کے نوے ہزار کی ڈگری حاصل کی۔
اور صاحب کلکٹر کی مدد سے وطن مالوف کو واپس آکر از سر نو آباد کیا۔ آپ کے دوسرے
حقیقی بھائی کرپاشنکر نائب تحصیلدار تھے یہ گورکھپور سے فوج گورکھا کے ساتھ لکھنؤ
آئے تھے جسکے صلہ مین اُنکو سند خیر خواہی عطا ہوئی۔ اُنکے بیٹے بلبھدر سہائے اعظم گڈھ
مین جنرل سپرنٹنڈنٹ مال ہین۔ رائے بہادر سری پت سہائے نو برس کے تھے
جب انکے والد نے انتقال کیا۔ بارہ برس کی عمر تک آپ نے عربی۔ فارسی اور سنسکرت
اپنے مکان پر تحصیل کی ۱۸۷۲ء مین فیض آباد ہائی اسکول مین تعلیم انگریزی شروع
کی اور ۱۸۷۷ء مین انٹرنس کا امتحان پاس کر کے کیننگ کالج لکھنؤ مین ڈیڑھ برس تک
تحصیل کی۔ یہان سے مئی ۱۸۷۹ء مین میڈیکل کالج لاہور مین داخل ہوے۔ اثنائے
طالبعلمی مین برابر وظائف و اسناد اور انعامات پاتے رہے۔ پانچ برس کے بعد
۱۸۸۴ء مین ال۔ ایم۔ ایس کی ڈگری حاصل کی۔ اسی سال یکم مئی کو بنگال میڈیکل سروس
مین اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوے۔ ابتدائے ملازمت مین تھوڑے تھوڑے دنون
کے واسطے آگرہ۔ مؤرانی پور۔ کانپور۔ مین پوری اور جھانسی وغیرہ کے شفاخانون مین
آپکا تقرر رہا۔ مؤرانی پور ضلع جھانسی کے شفاخانہ کی حالت بہت ردی اور باشندے
انگریزی علاج سے کارہ بلکہ خائف تھے مگر آپکی علمی اور عملی قابلیت نیز آنکھ اور پتھری
کے علاج کی شہرت کی وجہ سے لوگ متوجہ ہوے۔ یہان آپ آنریری سکرٹری مینوسپلٹی
بھی تھے۔ قحط ۱۸۹۶-۹۷ء مین آپ نے بڑی جانفشانی کی اور کمیشن قحط مین شہادت
دینے کے لیے گورنمنٹ ممالک ہذا نے آپ کو منتخب کیا۔ رپورٹون اور خطوط مین آپکی
تعریفین موجود ہین۔ ۲۲۔ جون ۱۸۹۷ء کو جناب ملکہ قیصرہ ہند کی ڈائمنڈ جوبلی مین رائے بہادر
کے خطاب سے آپ سرفراز کیے گئے۔ ۴۔ جولائی ۱۸۹۹ء کو اُناؤ کو تبدیلی ہوئی جہان ضلع
اور جیل کے چارج کے علاوہ آپ آنریری سکرٹری مینوسپلٹی بھی رہے۔ اسکے بعد

لکھنؤ مین طاعونی نگرانی کے کام پر آئے - پھر طاعون کے مڈیکل افسر انچارج ہوکر ہردوار بھیجے گئے - اس نازک کام کو نہایت خوبی سے انجام دیا جسکے صلہ مین صاحب کلکٹر نے رپورٹ مین اپنی خوشنودی مزاج کا اظہار کیا ہے - وہانسے رخصت کے وقت ہردوار کے پنڈون اور مہنتون نے ایک عام رخصتی جلسہ کیا - ۱۲- اگست ۱۹۱۰ع کو آپ انچارج صدر شفاخانہ سہارنپور مقرر ہوے - آپکی تصانیف سے دو کتابین بقاے تندرستی اور سراج الہند ملک مین موجود ہین - سکونت برھوان ضلع بستی

قادر بخش - حاجی - شیخ - خان بہادر - ولادت ۱۸۳۴ع آپکے مورث پنجاب سے نگینہ ضلع بجنور مین آباد ہوے - آپکا آبائی پیشہ تجارت ہے - ۱۴ برس کی عمر مین آپ نے اپنی والدہ مکرمہ سے آٹھ آنہ لیکر بندیون کی تجارت شروع کی جو ہندو عورتین تیر تہوارون مین اپنی پیشانی پر لگاتی ہین آپ نے پہلے ہی دن دوپہر سے قبل گلیون مین گشت لگاکر آٹھ آنہ کی بندیان ایک روپیہ مین فروخت کرڈالین - پانچ روز مین آپ کے پاس بارہ روپیہ بارہ آنہ جمع ہو گئے اس کامیابی سے آپ کے دلمین تجارت کا شوق پیدا ہوا - دو سال اپنے پھوپھا کی دُکان پر کام سیکھکر آپ اپنے والد کے ساتھ ۱۸۵۵ع مین کانپور چلے آئے اور اُنکی تجارتی کوٹھی مین کام کرتے رہے - ۱۸۵۶ع مین کانپور سے لکھنؤ مین آئے اور اپنے والد سے اڑھائی ہزار روپیہ دستگردان لیکر پانچہزار روپیہ کے مال سے چھاؤنی منڈیاؤن مین کاروبار شروع کیا جسمین یوماً فیوماً ترقی ہوتی گئی - تجارت کا کوئی کام نہین ہے جسمین آپ بندھون لکھنؤ مین آپ نے ایک صاحب مسٹر جو ہانس جیکب کی شرکت مین اودھ گزٹ جاری کیا تھا جو اب بھی اکسپریس کے نام سے جاری ہے ۱۸۵۹ع مین چھاؤنی سیتاپور مین محکمہ تعمیرات کا ٹھیکہ لیا جسمین آپکو معقول کامیابی ہوئی - ایک سال تک آپ نے لکھیم پور مین سرکاری

ملازمت کا لطف بھی اُٹھایا اور داروغہ جیل کے فرائض نہایت عمدگی سے انجام دیے
مگر ملازمت کو اپنے مزاج کے خلاف پاکر استعفا دیدیا۔ اسکے بعد آپ نے سیتاپور سے
لکھنؤ تک ایک دوست کی شرکت مین گھوڑا گاڑی کی ڈاک جاری کی۔ چند روز بعد لکھنؤ سے
فیض آباد اور پھر فیض آباد سے گونڈہ اور بعد کو آگرہ گوالیار اور ستنا سے ریوان تک
گھوڑے اور شتر کی ڈاک جاری کی۔ لیکن جس جس جگہ ریل جاری ہوتی گئی آپکا کاروبار
بند ہوتا گیا۔ اسکے بعد آپ نے تارک الوطنون کی ایجنسی قبول کی مگر اسمین آپکو نقصان ہوا۔
سنہ ۱۸۷۳ء مین آپ نے فیض آباد سے الہ آباد تک شتر گاڑی کی ڈاک کا سلسلہ شروع
کیا جو ابتک جاری ہے۔ اس کام سے آپکو منافع کثیر ہوا اور اب آپ زمینداری اور
خریداری حصص اور داد و ستد کی طرف متوجہ ہوے اور اپنا کثیر سرمایہ ان کامون
مین لگایا اور ملک کی خدمت مین بھی مصروف ہوے۔ سنہ ۱۸۸۴ء مین باشندگان فیض آباد
نے آپکو مینوسپل بورڈ مین اپنا قائم مقام مقرر کیا اور سنہ ۱۸۸۹ء سے ابتک آپ گورنمنٹ کیجانب
سے اُسکے ممبر ہین۔ سنہ ۱۸۸۵ء مین آپ ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر مقرر ہوے اور اب
اُسکے وائس چیرمین ہین۔ آپ فیض آباد کے آنریری مجسٹریٹ بھی ہین اور کئی تجارتی اور
علمی انجمنون کے بہت بڑے رکن اور سرپرست ہین۔ کانگریس کے آپ کئی سال
تک سرگرم ممبر رہے۔ سنہ ۱۸۹۷ء مین آپ نے ڈائمنڈ جوبلی کی یادگار مین فاربس صاحب
کمشنر کے نام سے ایک اسکول جاری کیا جسکا افتتاح سر آکلینڈ کالون صاحب لفٹنٹ گورنر
نے فرمایا۔ سنہ ۱۸۹۳ء مین آپ اپنے والد اور سہ ازواج کے ہمراہ حج کو تشریف لے گئے
اور عرب وغیرہ کی سیاحت سے مع الخیر واپس آکر اپنا سفرنامہ شائع کیا۔ سنہ ۱۹۰۱ء مین
آپکو حسن خدمات کے صلہ مین خان بہادر کا خطاب عطا ہوا اور آپنے بیس ہزار کی جائداد کو
دارالعلوم لکھنؤ۔ مدرسۂ تعلیم نسوان نگینہ۔ مدرستہ العلوم علی گڈھ اور صرفۂ خیرات عشرۂ محرم و میلاد
شریف کے لیے وقف کردیا ہے۔ آپکے کوئی اولاد نہین ہے۔ سکونت فیض آباد۔



راجہ رگھبیر سنگھ رئیس رورو ضلع اٹاوہ



راجہ اچپال سنگھ صاحب تعلقدار کوری سدھولی ضلع رائے بریلی

رام پال سنگھ - راجہ - ولادت ۶ - اگست ۱۸۶۷ء - آپ تلوک چندی بیس ہین جو سمبسی اور نیہستہ دو شاخون پر منقسم ہو گیا - تلوک چند کے دو پوتون مین کھیم کرن شاخ مقدم الذکر کے مورث اور کرن رائے موخر الذکر کے جد اعلیٰ تھے - کرن رائے کے دو بیٹے اور شاخ نیہستہ کے بانی ہر سنگھ رائے اور بیر سنگھ رائے پرگنہ بہار ضلع اوناؤ مین جا کر آباد ہوے اور پرگنۂ موصوف کے موضع نیہستہ کے نام سے خاندان کو موسوم کیا - انکی یہ نقل و حرکت راجۂ مرار مئو کو ناگوار گذری اور اُنسے بر سر مقابلہ ہوے چنانچہ ایک بھائی بیر سنگھ رائے میدان کارزار مین مقتول ہوے مگر راؤ صاحب ڈونڈیا کھیڑہ کی مدد سے ہر سنگھ رائے کو کامیابی ہوئی - اُسکے بعد بیر سنگھ رائے کی اولاد نے پاٹن بہار کو اور ہر سنگھ رائے کے بیٹے رام سنگھ نے بچھراوان کو اپنا مستقر قرار دیا اور کوری سدھولی کے خاندان کی بنا ڈالی - رام سنگھ کی چوتھی پشت مین بن سنگھ تھے جن کے ایک غیر صحیح النسب بیٹے چیت رائے بڑے جنگجو اور دلاور شخص تھے - اُنھون نے بچھم گاؤن مین ایک جداگانہ خود مختارانہ حیثیت قائم کی - راجہ بن سنگھ اور اُن کے خلف الصدق راجہ صدق سنگھ نے اس ریاست کو بہت کچھ ترقی اور وسعت دی - راجہ صدق سنگھ کے دونون بیٹون سکندر سنگھ اور بکرماجیت کے مرجانے سے سلسلۂ خاندانی ٹوٹ گیا لہذا راجہ بن سنگھ کے بھائی عجب سنگھ کے بیٹے عنایت علی جنھون نے مذہب اسلام قبول کر لیا تھا وارث ریاست قرار پاے - ان کے بیٹے درگپال سنگھ کے زمانہ مین کوری سدھولی نہایت عروج پر تھا کیونکہ اُس وقت ساڑھے نو پرگنے قبضہ مین تھے - راجہ درگپال سنگھ کے بیٹے دلتھمن سنگھ اکثر مسلوب الحواس رہتے تھے لہذا علاقہ کا انتظام انکی رانی سبھاؤ کنور کے ہاتھ مین رہا - ان کے بعد خاندان رہوان کے ہندپال سنگھ راس بٹھائے گئے - راجہ دلتھمن سنگھ کی مختل الحواسی اور راجہ ہندپال سنگھ کی فضول خرچیون سے علاقہ مین بدنظمی پھیل گئی تھی - اسپر طرہ یہ ہوا کہ بعد غدر ایک توپ اور کچھ سامان حرب

و ضرب برآمد ہونے کے جرم مین گورنمنٹ انگریزی نے لکھنؤ و درانا ؤ کا نصف علاقہ ضبط کرلیا اور ضلع راے بریلی مین بائیس مواضع کی سند عطا کی علاقہ بار قرض کی وجہ سے کورٹ آف وارڈس کے زیر اہتمام رہا - اِسکے بعد راجہ ہند پال سنگھ نے خاندان رہوان سے راجہ رام پال سنگھ کو یکم اکتوبر ۱۸۶۸ء کو گود لیا - گیارہ برس کی عمر مین کورٹ نے آپ کو تعلیم کی غرض سے علیگڈھ کالج بھیجا جہان سے اف - اے کا استحان پاس کر کے ۶ - اگست ۱۸۸۹ء کو آپنے زمام ریاست ہاتھ مین لی - آپکو مجسٹریٹی درجۂ دوم اور منصفی کے اختیارات گورنمنٹ سے حاصل ہین - اسوقت علاقہ تین پچیس مواضع ہین جنکی مالگزاری پینتیس ہزار کے قریب ہے - سکونت کوری سدھولی - پرگنہ بچھراوان - ضلع راے بریلی -

رگھبیر سنگھ - راجہ - ولادت ۵ - اکتوبر ۱۸۷۸ء - آپ قوم کے سینگر ٹھاکر ہین اس خاندان کے آخری راجہ خوشحال سنگھ تھے - اُنکے انتقال کے بعد یہ علاقہ پہلے اُنکے برادر زادہ ہنچل سنگھ اور پھر اُن کی بھدو رِن بیوہ اور اُسکے بعد گھنشام سنگھ بیٹے کو ملا مگر پریوی کونسل کی اپیل کے فیصلہ کی رو سے ہنچل سنگھ کے نام قائم رہا - اُن کی وفات کے بعد اُنکے بھتیجے فتح سنگھ وارث تسلیم کیے گئے اور اُنکے ایام نابالغی مین پندرہ برس تک رُورُو کا علاقہ مستاجری مین رہا - ۱۸۵۷ء مین فتح سنگھ نے باغیون کی شرکت کی لہذا علاقہ مذکور ضبط کرلیا گیا - اُن کے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے راجہ رگھناتھ سنگھ کو موضع رُورُو کلان اور تین اور متصلہ ریاستین عطا ہوتین - راجہ رگھبیر سنگھ سمت ۱۹۴۳ مین گدی نشین ہوے - آپ رعایا پرور اور منصف مزاج شخص ہین - اور ایکٹ اسلحہ سے مستثنٰی ہین - سکونت رُورُو پرگنہ بدھونا - ضلع اٹاوہ -

فتحیاب خان - محمد - خان بہادر - ولادت سنہ ۱۸۶۲ع - آپ کمال زئی افغان ہین - آپکے بزرگ عرصہ سے رام پور مین توطن پذیر اور ریاست مین رسالداری کے عہدہ پر ممتاز رہے - اُن کو ریاست مذکور کے فرمانرواؤن نے وقتاً فوقتاً معافی کی جاگیرین عطا کین - محمد فتحیاب خان خان بہادر گورنمنٹ انگریزی کے بنگال رسالہ مین رسالدار میجر تھے - کنارہ کشی کے بعد رام پور امپیریل سروس لانسر ز رسالہ کے کمانیر ہو گئے - ریاست رام پور کے فوجی ملازم گورکھون کی بغاوت فرو کرنے کے صلہ مین آپ کو یکم جنوری سنہ ۱۸۹۵ع کو خان بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے مرحمت ہوا - سکونت رام پور -

مصطفے حسین (رئیس بھلول) چودھری - ولادت ۳۱ - اکتوبر سنہ ۱۸۴۹ع - یہ خطاب سنہ ۱۶۱۲ع یعنی شاہجہان شہنشاہ دہلی کے عہد سے نسلاً بعد نسلٍ چلا آتا ہے اور برٹش گورنمنٹ نے بھی سنہ ۱۸۷۷ع مین اس خطاب کو تسلیم اور منظور کیا - آپ اُس مسلمان خانوادہ سے تعلق رکھتے ہین جسکے بزرگ خواجہ بہرام اور خواجہ نظام سید سالار مسعود غازی کے ہمراہ اودھ مین آئے اور سوبہیہ مین سکونت اختیار کی سنہ ۱۶۱۶ع مین شیخ ناصر کو شہنشاہ شاہجہان نے سوبہیہ کا چودھری مقرر کیا - سنہ ۱۷۹۲ع مین چودھری امام بخش نے خاندانی مقبوضات کو بہت کچھ ترقی دی اور سنہ ۱۸۶۰ع مین چودھری سرفراز احمد اپنے خسر چودھری لطف اللہ کے انتقال کے بعد وارث ریاست قرار پائے اور اسسٹنٹ کلکٹری کے خاص اختیارات عطا ہوے - اِنکی وفات کے بعد جانشینی کے جھگڑے کو بہت کچھ طول ہوا - آخر کار علاقۂ مذکور کی دو تقسیمین ہو گئین - ایک حصہ چودھری سرفراز احمد کی زوجہ مسماۃ بیچن النسا کو ملا اور ایک حصہ کے مالک موجودہ چودھری صاحب ہین جو رشتہ مین چودھری مرحوم کے بھتیجے ہوتے ہین - انکے ایک

صاحبزادہ اور وارث مجتبیٰ حسین ہین جو ۱۸۷۴ء مین متولد ہوے تھے۔ سکونت۔ سوبہیہ ضلع بارہ بنکی۔ واقع اودھ۔

کریم خان۔ صوبہ دار۔ سردار بہادر۔ ولادت ۱۸۱۳ء۔ آپ اُس پٹھان (افغان) خاندان سے ہین جو اوناؤ واقع اودھ مین آباد ہوا۔ غدر ۱۸۵۷ء مین آپ اپنی شجاعت اور وفاداری مین نامور اور ممتاز رہے۔ اُس زمانہ مین آپ فوجی درجہ کے اعتبار سے صوبہ دار تھے۔ ان خدمات کے صلہ مین آپ کو بطور ذاتی اعزاز کے ایک سند کے ذریعہ سے سردار بہادر کا خطاب عطا ہوا جو ۱۔ ستمبر ۱۸۶۰ء کو دی گئی تھی۔ سکونت اوناؤ۔ اودھ۔

شیو پرشاد۔ کانپور۔ لالہ۔ راے بہادر۔ تاریخ ولادت ۲۸ جون ۱۸۳۲ء۔ آپ کھتری قوم سے تعلق رکھتے ہین۔ آپ کے والد اور جد امجد سرکاری ٹھیکہ دار اور ذی اثر مہاجن تھے۔ راے بہادر کانپور کے ایک معزز باشندے اور میونسپل بورڈ کے ممبر ہین۔ آپ عرصہ تک کئی اضلاع مین سرکاری خزانچی بھی رہ چکے ہین۔ ۳ جون ۱۸۹۳ء کو گورنمنٹ نے اُن قیمتی خدمات کے صلہ مین جو آپ نے غدر ۱۸۵۷ء مین اور دیگر اوقات مین بطور ممبر میونسپل بورڈ کے انجام دیے تھے راے بہادر کا خطاب عطا فرمایا۔ سکونت کانپور۔

میر التفات حسین۔ خان بہادر۔ خطاب مذکور ذاتی ہے اور ۲۴۔ مئی ۱۸۸۹ء کو عطا ہوا۔ سکونت ایٹہ۔



راجہ فتح سنگھ رئیس پوایان ضلع شاہجہان پور



راجہ کالیچرن مسر رئیس بریلی روہیلکھنڈ

فتح سنگھ - راجہ - ولادت ۱۰ - اکتوبر سنہ ۱۸۵۸ء - آپ گوڑ راجپوت ہین جسکا تعلق مہاراجہ بھرت برادر مہاراجہ رام چندر کے خاندان سے ہے - آپ کے بزرگ راجہ ہمت سنگھ اور اُن کے بھائی راجہ اودے سنگھ ملک اودھ سے فتح و نصرت کے ساتھ داخل پوایان ہوے اور وہین سکونت اختیار کی سنہ ۱۶۴۵ء مین شاہجہان شہنشاہ دہلی نے آپ کے بزرگ راؤ بکرم سنگھ کو ایک فرمان کی رو سے پرگنہ گولا و ناہل کی زمینداری عطا کی - اور سنہ ۱۷۳۹ء مین صوبۂ کٹیھر کے دو شورہ پشت ڈاکوؤن پیر خان اور جمال خان کو قتل و قمع کرنے کے صلہ مین محمد شاہ شہنشاہ دہلی نے راجگی کے خطاب اور خلعت فاخرہ اور پوایان کی تعلقداری کی سند سے مفتخر و معزز کیا - نواب وزیر الممالک اودھ یعنے نواب شجاع الدولہ اور نواب آصف الدولہ کے عہد تک اس خاندان کا آبائی اعزاز قائم رہا مگر راجہ رگھوناتھ سنگھ کی سرتابی کی وجہ سے مرزا حسین علیخان ناظم صوبۂ کٹیھر و حکیم سید مہدی صوبہ دار محمدی نے پوایان پر فوج کشی کی جس کے بعد اس خاندان کا تمام اثاث البیت وغیرہ تلف اور یہ گھرانا تباہ ہوگیا - اسکے بعد نواب سعادت علیخان کے وقت مین جب ملک اودھ کی تنصیف عمل مین آئی اور روہیلکھنڈ وغیرہ مین سرکار انگریزی کا تسلط ہوگیا تو گورنمنٹ نے تعلقہ پوایان پر راجہ رگھوناتھ کو پھر قابض کر دیا - اُنکے انتقال کے بعد اُنکی رانی کو سندھولی گھاٹ پر دریاے کھنوٹ کا پل تعمیر کرنے کے صلہ مین لوکل گورنمنٹ نے خوشنودی مزاج کا پروانہ اور ترقی مدارج کی چیٹھی عطا کی - اُنکی وفات پر راجہ جگن ناتھ سنگھ مسند نشین ہوے سنہ ۱۸۵۶ء مین اُنکے بھائی کنور بلدیو سنگھ کے ہاتھ سے مولوی احمد اللہ شاہ کے مقتول ہونے کے صلہ مین اُنکو گورنمنٹ سے پچاس ہزار روپیہ نقد اور ایک خلعت فاخرہ مرحمت ہوا - علاوہ اور چھوٹی چھوٹی جنگون مین مدد دینے کے اکتوبر سنہ ۱۸۵۸ء مین اُنھون نے فیروز شاہ باغی کو بھی شکست

دی۔ ان خدمات کے جلدو مین ۲۰ نومبر ۱۸۵۹ء کو فرخ آباد کے دربار مین لارڈ کیننگ صاحب گورنر جنرل ہند نے گیارہ پارچے کا خلعت اور ۱۸۶۷ء مین لارڈ لارنس صاحب نے لکھنؤ کے دربار عام مین نو پارچے کا خلعت عطا فرمایا۔ اُسکے بعد راجہ جگن ناتھ سنگھ نے راجہ رگھوناتھ کی رانی کے بنوائے ہوے پل کی از سر نو تعمیر کرائی اور دریاے کھنوٹ پر چھبیس ہزار روپیہ کے مصارف سے آہنی پل بنوا دیا جسپر سے اب پوایان اسٹیم ٹرموے کی آمد و رفت ہوتی ہے۔ اُنکے انتقال کے بعد راجہ فتح سنگھ صاحب مسند نشین ریاست ہوے۔ آپ بھی مثل اپنے اسلاف کے گورنمنٹ کے وفادار اور پبلک کے خیر خواہ ہین۔ آپ نے لیڈی ڈفرن فنڈ شاہجہان پور مین ایکہزار پانچسو روپیہ اور ریمزی اسپتال نینی تال کو ایک ہزار روپیہ اور کراستھویٹ اسپتال نینی تال کو پانچسو روپیہ بطور چندہ کے دیے اور ملکہ معظمہ کے جشن جوبلی کی خوشی مین استی ہزار روپیہ مزارعین کو معاف کر دیے۔ اسکے علاوہ آپ نے دو مشہور ڈاکو بھودرا اور شنکر کو بصرف کثیر و کوشش بلیغ گرفتار کر کے حاضر عدالت کر دیا جس کے صلہ مین آپ حاضری عدالتہاے دیوانی سے مستثنیٰ ہوے۔ آپ نے اپنے علاقہ کو اپنے حسن انتظام سے بہت کچھ ترقی دی ہے۔ آپ کی تصانیف سے ہندی کی کئی کتابین شائع ہو چکی ہین۔ سکونت پوایان۔ ضلع شاہجہان پور۔

کالی چرن۔ مسر۔ راجہ۔ ولادت ۲۰۔ ستمبر ۱۸۶۹ء۔ آپ قنوجیہ برہمن ہین آپ کے والد راجہ شاماچرن مسر کے پردادا راجہ بیجناتھ مسر ساہوکار و خزانچی بریلی کو زمانہ غدر مین گورنمنٹ انگریزی کی نمایان خدمات اور خیر خواہی کے جلدو مین راجگی کا خطاب اور ساٹھ ہزار سالانہ کی ایک جاگیر معافی مرحمت ہوئی جو موروثی اور غیر انتقال پذیر ہے۔ راجہ بیجناتھ نے ۱۸۶۶ء مین انتقال کیا اور اُنکے پوتے راجہ

کالکا پرشاد مسند نشین قرار پائے - اور اُنکی وفات کے بعد اُنکے فرزند راجہ شاما چرن مسر ۲۰- اگست ۱۸۹۴ء کو وارث خطاب و جاگیر مقرر ہوے - آخر الذکر نے ۷- اکتوبر ۱۸۹۵ء کو رحلت کی اور اُن کے فرزند راجہ کالی چرن مسر وارث تسلیم کیے گئے - اس علاقہ مین پچیس گاؤن شامل ہین - فی الحال یہ علاقہ آپ کی کمعمری کی وجہ سے کورٹ آف وارڈس کے زیر انتظام ہے - آپ انگریزی اچھی بولتے ہین گھوڑے پر بھی خوب سوار ہوتے ہین حالانکہ آپکی عمر صرف ابھی تیرہ ہی برس کی ہے سکونت بریلی -

احمد علیخان - خان بہادر - ولادت یکم دسمبر ۱۸۴۷ء - آپ کے مورث اعلیٰ لودی نسل کے افغان خاندان سے ہین - آپکے پردادا قادر خان لودی نواب سعادتعلی خان کی سرکار سے پانچسو روپیہ ماہوار کی پنشن پاتے تھے مگر اودھ پر گورنمنٹ انگلشیہ کا تسلط ہونے کے بعد کوئی سندی ثبوت نہونے کی وجہ سے وہ پنشن بند کردی گئی اور وہ اودھ مین تھانہ داری کے عہدہ پر مامور کیے گئے - آپ کے والد محمد علیخان نے بدایون مین سکونت اختیار کی - ۱۸۹۲ء مین آپ کو کمانڈر انچیف ہند نے پانچسو روپیہ کے ایک خلعت سے مخلع کیا - ۱۸۹۴ء مین ایرانی بلوچی سرحدی کمیشن مین عمدہ خدمات دین اور فوج کشی تراہ مین بھی آپ شریک تھے - شمالی مغربی سرحد ہند پر محکمۂ مساحت کی اعلیٰ خدمتون کے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۵- مئی ۱۸۹۲ء کو آپ کو خان بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا - سکونت بدایون -

نرائن داس - منشی - راے بہادر - ولادت ۲۲- اگست ۱۸۳۶ء - اپکا تعلق اُس اگروال خاندان سے ہے جو ریاست الور واقع راجپوتانہ سے اکر آگرہ

مین آباد ہوا سنہ ۱۸۷۲ع تک اس خاندان کے ممبر تجارتی کاروبار کرتے رہے۔ آپ کو راے بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے یکم جنوری سنہ ۱۸۸۶ع کو اُن خدمات کے صلہ مین عطا ہوا جو آپ سنہ ۱۸۵۵ع سے برابر انجام دیتے رہے۔ آپ عرصہ تک لکھنؤ کی عدالت خفیفہ کے جج رہے ہین اور اب پنشن پاتے ہین۔ سکونت لکھنؤ۔

رام سنگھ۔ ٹھاکر راے۔ ولادت سنہ ۱۸۴۷ع۔ خطاب مذکور خاندانی ہے۔ اس خاندان کے مورث اعلی ٹھاکر گوپال راے تھے جنکو محمد شاہ شہنشاہ دہلی نے راجہ صاحب بھریا کو شکست دینے کے جلدو مین راے کا خطاب اور چوراسی گاؤن کا ایک علاقہ عطا کیا تھا۔ مگر ان کے جانشینون نے رفتہ رفتہ اُس جاگیر کو کھو دیا۔ فی الحال بہت کم اور غیر زرخیز مواضع قبضہ مین رہگئے ہین جنکی مالگزاری صرف دوسو روپیہ سالانہ ہے۔ سکونت اکبرپور۔ کانپور۔

نجم الدین حسین۔ سید۔ خان بہادر۔ یکم جنوری سنہ ۱۸۹۰ عیسوی کو آپ کو خان بہادر کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے مرحمت ہوا سکونت راے بریلی۔

کلیان سنگھ۔ راے بہادر۔ ولادت سنہ ۱۸۴۰ع۔ آپ چندربنسی جادو راجپوت ہین۔ آپکے مورثان اعلی پہلے متھرا مین متوطن تھے لیکن آخر مین علیگڈھ مین سکونت گزین ہوے جہان کچھ اراضی بھی حاصل کی راے کلیان سنگھ بہادر پولس انسپکٹری کے عہدہ پر ممتاز ہین اور الہ آباد کے ماگھ میلہ کی خوش انتظامی کے صلہ مین گورنمنٹ انگلشیہ نے آپکو راے بہادر کے خطاب سے معزز و سرفراز کیا۔ سکونت۔ علیگڈھ۔



راے بہادر گورسندداس رئیس سہارنپور



راے بہادر پنڈت کیدارناتھ رئیس الہ آباد



خان صاحب مرزا اجمال الدین احمد رئیس بنارس



سردار بہادر صوبہ دار جمیل خان رئیس غازی پور

گرسرنداس - لالہ - راے بہادر - ولادت ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۳۰ع - آپ بھٹناگر کایستھ ہین - آپ کے دادا اور والد ریاست ٹونک مین ملازم تھے - راے گرسرنداس بہادر گورنمنٹ انگلشیہ مین پہلے تحصیلداری اور پھر ڈپٹی کلکٹری کے مناصب پر ممتاز ہوے اور ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ کے مختلف مقامات مین آپ نے ان عہدون کے فرائض نہایت خوبی سے انجام دیے - اکثر حکام بالادست آپکو ایک تجربہ کار اور قابل افسر تصور کرتے تھے - آپنے زمانۂ غدر سنہ ۱۸۵۷ع مین جو خدمات انجام دیے تھے اُسکی نسبت مسٹر جی - ایچ لارنس صاحب کلکٹر نے اپنی عمدہ راے کا اظہار کیا ہے - بدایون مین کاغذات مال کو آپ نے نہایت خوبی سے درست اور مکمل کیا جو ایک بے ترتیبی کی حالت مین پڑے ہوے تھے - سنہ ۱۸۸۸ع مین اڑتیس برس کی خیر خواہانہ ملازمت کے بعد آپ نے پنشن حاصل کی اور سہارنپور مین توطن اختیار کیا جہان آپکی زمینداری کے تعلقات بھی ہین - آپ کی نمایان خدمات کے جلدو مین یکم جنوری سنہ ۱۸۹۶ع کو آپ کو راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا ہے - سکونت سہارنپور -

کدارناتھ - پنڈت - راے بہادر - ولادت ۱۶ - فروری سنہ ۱۸۳۸ع - آپ کے مورث اعلیٰ سارسُت کشمیری برہمن ہین - آپ کے والد پنڈت بھولاناتھ اوگرہ دفتر کمسریٹ کے گماشتہ تھے جنھون نے ابتداے غدر سے آخر فتح دہلی تک ساتوین ترکسوار رسالہ کے ساتھ دہلی مین قیام کیا اور اپنی مستعدی اور کارگزاری سے اپنے کمانڈنگ افسر کو رضامند رکھا اور تیس برس کی خیر خواہانہ ملازمت کے بعد کنارہ کش ہوے - پنڈت کدارناتھ نے ابتداے عمر مین مولوی حمزہ خان سے علم فارسی حاصل کیا جو ایک تازہ وارد ولایتی تھے - اسکے بعد اپنے طور پر انگریزی پڑھی - ۲ - اکتوبر سنہ ۱۸۶۰ع کو آگرہ مین محکمۂ انکم ٹکس مین پچیس روپیے کے پیشکار مقرر ہوے - سنہ ۱۸۶۱ع مین ناظر

کلکٹری آگرہ اور ۱۸۶۳ع مین تحصیلدار سہارنپور اور یکم ستمبر ۱۸۶۶ع کو دوسو پچاس روپے
کے مشاہرہ پر ڈپٹی کلکٹر بندوبست مقرر ہوے اور ابتداے ملازمت سے آپ اپنے
تمام افسرون کی عمدہ رائین حاصل کرتے رہے - فروری ۱۸۶۸ع مین ڈپٹی کلکٹری
بندوبست کے خاص کام پرمین پوری طلب کیے گئے اور صرف چھ برس کے عرصہ مین بندوبست
کے اہم کام کو تکمیل کے ساتھ ختم کیا اور گورنمنٹ سے شکریہ اور خوشنودی مزاج کا پروانہ
حاصل کیا- اکتوبر ۱۸۷۶ع مین بندوبست الہ آباد کے مشکلات حل کرنے کے لیے طلب
کیے گئے اسمین سو روپیہ ماہوار تنخواہ مین اضافہ کیا گیا - اسکے بعد آپ آگرہ اور پھر
وہانسے الہ آباد مین متعین ہوے - جولائی ۱۸۷۶ع مین حضور پرنس آف ویلز (ہز مجسٹی
ملک معظم) کی تشریف آوری ہندوستان کے موقع پر آپ کے حُسن انتظام کے صلہ مین
گورنمنٹ ممالک مغربی وشمالی سے پروانۂ خوشنودی عطا ہوا - یکم جنوری ۱۸۹۴ع کو
گورنمنٹ انڈیا نے آپ کے زمانۂ ملازمت کی اعلیٰ کارگزاریون اور ملکی خدمات کے
جلدو مین راے بہادر کا خطاب عطا کیا - ۱۷- اپریل ۱۸۹۷ع کو عہدۂ ڈپٹی کلکٹری درجۂ
اول سے جسکی تنخواہ آٹھ سو روپیے ماہوار تھی کنارہ کش ہوکر چارسو روپیے ماہوار کی پنشن
حاصل کی - ۲۲- ستمبر ۱۸۹۸ع کو ممالک متحدۂ آگرہ واودھ کے کُل پنشن یافتہ سول افسرون
کی فہرست شرکت دربار مین آپ کا نام نامی اول نمبر پر درج کیا گیا - آپ کو گورنمنٹ
اور پبلک وقعت اور محبت کی نظر سے دیکھتی ہے - سکونت الہ آباد -

جمال الدین احمد - مرزا - خانصاحب - آپکی ولادت ۱۸۵۲ع مین بمقام
بنارس واقع ہوئی - آپ کے مورث اعلی مرزا اسد اللہ بیگ خان شہنشاہ ہمایون
کے ہمراہ ۱۵۵۵ع مین طہران سے وارد دہلی ہوے - یہان اُنکو میر تزکی کا عہدہ اور خان
کا خطاب عطا کیا گیا - یہ منصب جسکا اعزاز وزارت کے بعد شمار کیا جاتا تھا اُسوقت

سے عہد سلطنت بہادر شاہ تک اسی خاندان مین رہا اکبر شاہ کے عہد سے بہادر شاہ کے زمانہ تک اس خاندان کے بعض ممبر نوابی کے خطاب سے بھی معزز ہوے ۱۸۵۷ء مین آپ کے جدامجد مرزا غلام احمد چند اعزا کے حوادث سے متالم ہوکر ممالک مغربی و شمالی و اودھ مین آئے اور بنارس مین متوطن اور عہدۂ تحصیلداری پر مامور ہوے اور وہین ایک معزز گھرانے مین تاہل کر لیا - آپکے خاندان کے اکثر ممبر گورنمنٹ انگریزی مین مناصب جلیلہ پر ممتاز رہے - آپ کے والد مرحوم مرزا جلال الدین وکلاے بنارس مین ممتاز درجہ رکھتے تھے - آپ نے ۱۸۷۵ء مین امتحان وکالت پاس کیا - اُسوقت سے آپ وکالت کرتے ہین - آپکی زمینداری بھی ہے - ملکی اور سرکاری کامون مین ہمیشہ آپ حصہ لیتے ہین - آپ مینوسپل بورڈ اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر بھی ہین - ۱۸۹۱ء سے آپ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات بھی حاصل ہین - آپکی نمایان خدمات کے جلدو مین ۱۸۹۷ء مین ایک اعزازی سند اور ۱۹۰۱ء مین خانصاحب کا خطاب گورنمنٹ انگلشیہ سے مرحمت ہوا - سکونت بنارس -

حمیل خان - سردار - صوبہ دار بہادر - ولادت تقریباً ۱۸۱۲ء - آپنے ابتداے عمر سے فوجی ملازمت اختیار کی - آپ ابتداءً بیالیسوین گورکھا ریفل پلٹن مین بھرتی ہوے اور چھتیس برس کی ملازمت کے بعد کنارہ کش ہوے اور چھبیس برس سے پنشن پا رہے ہین - زمانۂ ملازمت فوجی مین آپ کے جنگی کارنامون کو حکام نے خاص وقعت کی نظر سے دیکھا اور تسلیم کیا ہے - قلعۂ ہشمی کی جنگ کی فتح خاص آپکے نام لکھی گئی جسے آپنے صرف دس سپاہیون کو ساتھ لیکر مفتوح اور راجہ کو مقید کیا - جنگ لوشائی بھی آپنے معدودے چند سپاہیون کی مدد سے سر کی اسپر آپ نائک سے حولدار ہوے انعام پایا اور اپنے کمانڈنگ افسر کے مورد تحسین و آفرین قرار پائے - گولاگھاٹ

کے قلعہ کی فتحیابی کا باعث بھی آپ ہی کی ذات ہوئی جسکے جلدو مین حضور پرنس آف ویلز (اعلیحضرت ملک معظم) کی تشریف آوری دہلی کے موقع پر آپکو آرڈر آف برٹش انڈیا کا طلائی تمغہ مرحمت ہوا - ۱۸۵۷ع کی عالمگیر بغاوت کے زمانہ مین آپ آسام مین تھے - وہان اکثر انگریزون کی جان و مال کی حفاظت کی اور ان حسن کارگزاریون پر اکثر اسناد آپ کو عطا ہوے اور انعام واکرام - حکام وقت کی خوشنودی مزاج کی چھپون تمغون اور عہدہ کی ترقیون سے سرفراز کیے گئے - آپکو بہ حیثیت ایک کہنہ عمل سپاہی کے تمام حکام وقعت کی نظر سے دیکھتے ہین درباروں مین بھی آپ ہمیشہ مدعو کیے جاتے ہین - آپکی وجہ سے آپ کے بیٹے پوتون اور نواسے کے ساتھ حکام نے خاص رعایتین ملحوظ رکھین جو اسوقت گورنمنٹ کے فوجی اور پولس کے محکمون مین ممتاز عہدون پر مامور ہین - اسوقت آپکی عمر نوے برس کی ہے - سکونت باڑہ - ضلع نمازی پور -

---

اندر نرائن - پنڈت - راے - ولادت ۱۸۵۸ع - آپ کشمیری برہمن ہین - آپ کے والد پنڈت راے کشن نرائن زمانۂ غدر ۱۸۵۷ع مین ساگر کے ڈپٹی کلکٹر بندوبست تھے جنکی خیرخواہانہ خدمات کا مفصل ذکر ڈپٹی کمشنر ساگر نے اپنی رپورٹ مین کیا ہے - وہ سپاہیون سے ملکر اُنکے باغیانہ خیالات گورنمنٹ انگریزی پر برابر ظاہر کرتے اور ضلع مذکور کے عام وخاص لوگون کے دلون سے اُنکی بدگمانی اور غلط فہمی کو رفع کرتے اور شب و روز گورنمنٹ کی وفاداری پر مستعد رہتے اور ہر قسم کی امداد دیتے تھے - اُنھون نے اُس امتحان کے وقت مین اپنی ذات کو سلطنت انگریزی کی خدمات پر وقف کر دیا تھا - اسکے جلدو مین گورنمنٹ نے راے کا موروثی خطاب اور تین مواضع مرحمت کیے - اُنکے انتقال کے بعد آپ خطاب اور

زمینداری کے وارث ہوے - فی الحال سات گانوٗن مسلّم آپ کے قبضہ مین ہین اور ایک گانوٗن مین آٹھ آنہ کے حصہ دار ہین - ان مواضعات کی کُل جمع مالگزاری دس ہزار چار سو پینتیس روپیے کی ہے - آگرہ مین تعلیم حاصل کرکے آپ نے گورنمنٹ کی ملازمت اختیار کی جسمین درجہ بدرجہ ترقی کرکے بالفعل آپ سب ججی پر ممتاز ہین - آپ کے دو فرزند پنڈت برج نرائن اور پنڈت اقبال نرائن ہین - سکونت کانپور -

---

محمد محسن - سید - خان بہادر - ذوالقدر - ولادت ۱۸۳۲ع - آپ سید محمد ناصر علیخان ڈپٹی کلکٹر الہ آباد کے خلف اکبر ہین جنھون نے غدر ۱۸۵۷ع کے پرآشوب زمانہ مین اپنی ذات کو علیحدہ رکھا اور محصورین قلعۂ الہ آباد کو ہر قسم کی ضروری اطلاع دینے - سامان رسد وغیرہ بہم پہونچانے اور مالی امداد سے دریغ نہین کیا - ان وفادارانہ خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے اُنکو دو ہزار روپیہ سالانہ مالگزاری کے ایک موضع کے حقوق مالکانہ اور ایک خلعت مرحمت کیا - اسکے بعد بطور انعام ضبط شدہ علاقے بھی دیے جنکی تشخیص جمعبندی پانچہزار روپیہ کی تھی - ۱۰ ستمبر ۱۸۶۱ع کو خان بہادر اور اسکے بعد ذوالقدر کے امتیازی اور موروثی خطابون سے سرفراز و ممتاز کیے گئے - سید محمد محسن خان بہادر ذوالقدر بھی ممالک مغربی و شمالی کی ڈپٹی کلکٹری پر مامور تھے جس عہدہ سے آپنے نومبر ۱۸۹۴ع مین کنارہ کش ہوکر پنشن حاصل کی تیئیس مواضع کا علاقہ آپ کے قبضہ مین ہے جنکی مالگزاری سات ہزار تین سو روپیے سالانہ ہے - انمین سے چار موضعے موروثی ہین باقیماندہ گورنمنٹ نے آپ کے والد کو غدر کی خیر خواہیون کے صلہ مین عطا کیے تھے - سکونت جونپور -

---

نرندر بہادر پال - راجہ - ولادت ۳۰ - جون ۱۸۶۷ع - آپ سورج بنسی چھتری

ہین - ابتداءً اس راج کے مالک و قابض کول بھیل تھے - سمت ۱۳۰۵ مطابق سنہ ۱۵۸۰ع مین اس خاندان کے دو سردار الک دیو اور تلک دیو راج کماؤن سے یہان وارد ہوے اور ملک کی بدنظمی اور رعایا کی بددلی دیکھکر وہان کے باشندون کی مدد اور اپنے زور بازو سے کول بھیلون پر حملہ کیا اور نتیجہ مین فتحیاب ہوے - اول الذکر یعنے راجہ الک دیو وہان گدی نشین ہوے اور آخر الذکر یعنے تلک دیو وطن کو واپس گئے - راجہ الک دیو نے نہایت خوش اسلوبی سے ملک کا انتظام کیا اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے تپت تیج پال راجہ ہوے جنکو شہنشاہ دہلی کے دربار سے پال کا لقب عنایت ہوا اُسوقت سے آج تک اس خاندان مین پال کا لقب چلا آتا ہے مورث اعلیٰ راجہ الک دیو کے بعد چودہ پشت تک مہولی اس خاندانکا مستقر رہا لیکن پندرھوین پشت مین راجہ بختاور پال اپنے بھائی کے صدمۂ مرگ کی وجہ سے مہسون مین توطن پذیر ہوے اُسوقت سے یہ ریاست راج مہسون کے نام سے مشہور ہوئی - ۱۵ - مارچ سنہ ۱۸۹۲ع کو اپنے والد راجہ بھوانی غلام پال کی وفات پر آپ مسند نشین ریاست ہوے - سنہ ۱۸۹۷ع کے قحط مین آپ نے مساکین و محتاجین کی امداد کے صلہ مین گورنمنٹ کی جانب سے پروانۂ خوشنودی مزاج حاصل کیا اور اسی سال آپکو آنریری مجسٹریٹ کا بھی اعزاز عطا ہوا - آپکا علاقہ پرگنہ مہولی - ضلع بستی اور ضلع فیض آباد مین واقع ہے - آپ گورنمنٹ کو بیس ہزار نوسو سولہ روپیے مالگزاری ادا کرتے ہین - سکونت پرگنہ مہولی - ضلع بستی -

بشمبر ناتھ - راے بہادر - ولادت یکم فروری سنہ ۱۸۴۰ع - آپ کے اسلاف پنجاب سے وارد دہلی ہوے - اسکے بعد اُنھون نے اپنے توطن کو آگرہ کو منتقل کیا جہان آباد ہوکر کپڑے کی تجارت شروع کی - غدر سنہ ۱۸۵۷ع مین آپ کے والد

لالہ بینی رام اور بھائی لالہ برج بلبھ نے ایک یوروپین لیڈی کی مع اُسکے باپ اور تین بچون کے جان بچائی جسکے جلدو مین گورنمنٹ سے انعامات حاصل کیے۔ راے بہادر بشمبر ناتھ نے چونتیس برس تک سرشتہ تعلیم مین مدد دی ہے۔ آپکو گورنمنٹ ہائی اسکول کی ہڈماسٹری کی دیرینہ اور قابلانہ خدمات کے صلہ مین ۲۲ جون ۱۸۹۷ء کو راے بہادر کا خطاب گورنمنٹ نے عطا فرمایا۔ سکونت آگرہ۔

ابرار احمد۔ قاضی شیخ۔ خان بہادر۔ ولادت ۱۸۴۵ء۔ آپ کے اسلاف جو لکھنؤ کے قدیم باشندون مین تھے نواب سعادت خان برہان الملک نواب وزیر اودھ کے عہد حکومت مین مرادآباد مین وارد ہوے اور منصب قضا پر مامور کیے گئے۔ یہ عہدہ اس خاندان مین نسلاً بعد نسلٍ قائم رہا مگر آپ کے والد قاضی احمد علی نے صرف اپنی جاگیر کی آمدنی پر قناعت کی اور کسی خدمت کو پسند نہین کیا۔ قاضی ابرار احمد خان بہادر کے قبضہ مین بھی دو ایک مواضع موجود ہین۔ آپنے مرادآباد کی مینوسپل سکرٹری کی حیثیت سے ملکی اور سرکاری خدمات نہایت خیرخواہی اور دیانت داری سے انجام دین جسکے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۵ مئی ۱۸۹۵ء کو خان بہادر کا خطاب عطا فرمایا۔ سکونت مرادآباد۔ حال ساکن بھوپال۔

مہاراج نرائن شیو پوری۔ راے بہادر۔ ولادت ۷۔ جون ۱۸۵۲ء۔ آپ کشمیری برہمن خاندان سے ہین۔ آپ کے اجداد اٹھاروین صدی کے اواخر مین کشمیر سے وارد دہلی ہوے جہان سلطنت مغلیہ کی قندھاری فوج کے بخشی مقرر ہوے۔ اور اکثر اہل خاندان برٹش گورنمنٹ کی اعلیٰ ملازمتون پر مامور ہوے۔ آپ کے ایک چچازاد بھائی پنڈت بشمبر ناتھ سپریم لیجسلیٹو کونسل کے ممبر اور

دوسرے سب جج اور تیسرے ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ کے میر منشی ہین - آپکو ڈپٹی کلکٹری کی عمدہ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ انگلشیہ سے ۲۲ - جون سنہ ۱۸۹۷ع کو راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت بنارس -

حمید الظفر خان - خان بہادر - ولادت ۱۳ - اکتوبر سنہ ۱۸۵۶ع - آپ نوابان نجیب آباد ضلع بجنور کے خاندان کی یادگار ہین اور خاندان ریاست رام پور سے تعلق رکھتے ہین - آپ جنرل عظیم الدین خان کے چھوٹے بھائی ہین جنکے ہاتھ مین ریاست رام پور کی عنان انتظام ایک عرصہ تک رہی تھی اور جو وہان مقتول ہوے - اپنے برادر اکبر کے انتقال کے بعد چند سال تک مختلف معاملات ریاست کا اہتمام و انصرام اپنے ہاتھ مین لیا تھا مگر سنہ ۱۸۹۶ع مین آپ نے گورنمنٹ انگریزی کی ملازمت اختیار کی اور ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر مامور ہوے - فی الحال آپ بیکانیر مین دیوان ریاست ہین - آپ کے اعلیٰ اوصاف کی وجہ سے پبلک اور گورنمنٹ دونون آپکو وقعت اور عزت کی نظر سے دیکھتے ہین - آپ کو ریاست رام پور کے اعلیٰ انتظام - آپکی خاندانی وجاہت اور ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ کی قابلانہ خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے یکم جنوری سنہ ۱۸۹۶ع کو خان بہادر کا خطاب مرحمت فرمایا - سکونت ریاست رام پور - حال ریاست بیکانیر

اُپندر ناتھ کنجی لال - راے صاحب - آپ محکمۂ جنگلات مین یکم اکتوبر سنہ ۱۸۸۶ع کو ملازم اور ۲ - جون سنہ ۱۸۹۲ع کو ورنکولر انسٹرکٹر مقرر ہوے اور اب ۳ - اگست سنہ ۱۹۰۰ع سے ایکسٹرا اسسٹنٹ کنسرویٹری کے عہدہ پر ممتاز ہین - آپکی اعلیٰ خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۶ - جون سنہ ۱۹۰۲ع کو آپ کو راے صاحب کے خطاب سے سرفراز کیا - سکونت دیرہ دون -



رائے بہادر منشی دھیرج لال رئیس علیگڈھ



خان بہادر سید ضیا حسین رئیس بارہ بنکی



خان بہادر منشی عنایت حسین خان رئیس الہ آباد



راو جودھا سنگھ رئیس گکھوٹا ضلع اٹاوہ

بنیاد حسین - میر - خان بہادر - ولادت ۱۸۶۷ء آپ اودھ کے ایک عالی نسب سید ہین - آپ کے مورث اعلی سید علیم الدین ابراہیم شاہ شرقی والی جونپور کی افواج کے سپہ سالار تھے - آپ توران کے قدیم باشندے ہین جہانسے آپکے بزرگ ۱۲۹۵ء مین ہندوستان مین آئے اور سلطان علاء الدین خلجی نے اُنکی بہت بڑی تعظیم و تکریم کی - سید علیم الدین نے قصبۂ بلانون مین ایک قلعہ تعمیر کرایا تھا جسکے آثار اب بھی باقی ہین - جلال الدین اکبر شاہ غازی کے عہد مین سید صدر جہان صدر الصدور کے منصب پر ممتاز تھے - شاہان اودھ کے زمانہ مین بھی یہ خاندان نہایت معزز اور مقتدر رہا - میر بنیاد حسین ۱۸۸۰ء مین اپنی وسیع جائداد کے مالک ہوے اور اپنے موروثی علاقہ کو اپنے حسن انتظام سے بہت بڑی ترقی دی - آپ کو رفاہ عام کامون سے بہت بڑی دلچسپی ہے - ۱۸۹۶ء کے قحط مین آپنے بڑی سیر چشمی اور فیاضی ظاہر کی جسکے صلہ مین گورنمنٹ نے جنوری ۱۸۹۸ء مین آپ کو خان بہادر کا خطاب عطا کیا - آپ کئی بار اپنے ضلع کے ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ منتخب ہوے ہین - سکونت قادر پور ضلع بارہ بنکی -

دھیرج لال - منشی - راے بہادر - ولادت ۱۶ جولائی ۱۸۳۸ء - آپ ماتھر کایستھ ہین - آپکا قدیم وطن دہلی ہے جہان سلطنت اسلامیہ کے زمانہ مین آپ کے اسلاف کرام معزز عہدون پر ممتاز تھے - انقلاب زمانہ سے آپ ان صوبجات مین چلے آئے - آپکے والد راے درگا پرشاد ۱۸۵۷ء مین عہدۂ ڈپٹی کلکٹری پر مامور تھے - اُنکو بجلدوے حسن خدمات ایام غدر علاوہ ایک قیمتی خلعت کے سات مواضع کا مالکانہ حق عطا ہوا تھا جو ضلع بلند شہر مین واقع ہین - اسکے علاوہ متھرا مین بھی آپ کی موروثی حقیت ہے - آپ ۱۸۵۶ء مین سرکاری ملازمت مین داخل ہوے اور ۱۸۶۶ء مین انوپ شہر کی تحصیلداری سے سبکدوشی حاصل کی اور ضلع علی گڈھ مین سکونت اختیار

کر کے پبلک اور سرکاری خدمات کی انجام وہی مین اپنا وقت گرانمایہ صرف کیا۔ آپ عرصۂ دراز سے کول کے اسپشل مجسٹریٹ اور کول مینوسپلٹی کے وائس چیرمین ہین۔ آپ ڈسٹرکٹ بورڈ کی ممبری کا بھی فخر رکھتے ہین۔ سالہا سال سے آپ نے ہندو مسلمانون کے مابین خصوصاً اُنکے تہوارون پر دوستانہ ربط و ضبط بڑھانے کے لیے جو عمدہ خدمت انجام کی ہے اُسکے صلہ مین گورنمنٹ نے سنہ ۱۸۹۶ء مین آپ کو راے بہادر کا خطاب عطا فرمایا۔ سکونت علی گڈھ۔

جودھا سنگھ جیودیو۔ راو۔ ولادت سنہ ۱۸۳۱ء آپ راو چھتر سنگھ کے فرزند ہین آپ کا تعلق ایک قدیم سینگر راجپوت خاندان سے ہے جس نے پرگنہ اوریا ضلع اٹاوہ مین توطن اختیار کیا تھا۔ اس خاندان مین پہلے ساون گانون تھے مگر اب صرف پانچ موضع باقی رہ گئے ہین جنکی مالگزاری تقریباً چار ہزار روپیہ ہے۔ آپ کا خطاب بہت پُرانا ہے آپکو دربار مین شریک ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ کی جائداد موروثی ہے۔ سکونت گھوٹا ضلع اٹاوہ۔

عنایت حسین خان منشی۔ خان بہادر۔ ولادت ستمبر سنہ ۱۸۳۴ء۔ آپ پٹھان ہین سنہ ۱۸۵۰ء مین آپ ضلع باندہ مین بطور پیشکار سرکاری ملازمت مین داخل ہوے اور عہدۂ ڈپٹی کلکٹری تک ترقی کی اب آپ پنشن پاتے ہین۔ زمانہ غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین آپنے وفادارانہ برتاؤ کے ساتھ اپنی تحصیل مین امن و امان قائم رکھا اور اپنی جان و مال کو خطرہ مین ڈالکر انگریزون کی امداد مین کمربستہ رہے ان خدمات کے جلدو مین آپکو باندہ مین ایک کوٹھی عنایت ہوئی تھی جسکا کرایہ ایکسو بارہ روپیہ ماہوار ہے۔ اسکے بعد آپکو ۶۔ جون سنہ ۱۸۸۵ء کو خطاب خان بہادر بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا۔ فی الحال آپ بھوپال مین جوڈیشل اسسٹنٹ منسٹر ہین۔ سکونت الہ آباد۔

فریدالدین احمد - مولوی - سید - خان بہادر - ولادت ۲ - اکتوبر ۱۸۲۷ء آپ
سید ابوالخیر خراسانی کی اولاد مین سے ہین جو ۱۳۰۰ء مین کڑا ضلع الہ آباد مین متوطن ہوے تھے -
مولوی صاحب کے مورثون کو سلطنت اسلامیہ مین ایک بہت بڑی جاگیر حاصل تھی - آپ
۱۸۵۰ء تک علوم معقول ومنقول کی تحصیل مین مصروف رہے - ۱۸۵۲ء مین آپنے
وکالت صدر دیوانی وعہدۂ منصفی کا امتحان پاس کیا اور اُس زمانہ کے مروجہ دستور
کے مطابق ۱۸۵۵ء تک عدالت دیوانی ضلع الہ آباد مین وکالت کرتے رہے -
جون ۱۸۵۵ء مین آپ عدالت عالیہ صدر دیوانی ونظامت کے وکیل مقرر ہوے
اور جولائی ۱۸۷۵ء مین درجۂ دوم کے عہدۂ سب ججی پر مقرر ہوے اور چند سال کے
بعد آپ نے درجۂ اول کی سب ججی پر ترقی پائی - ۱۶ - فروری ۱۸۸۷ء کو خان بہادر کا
خطاب آپکو مرحمت ہوا - سکونت کڑا ضلع الہ آباد -

اطہر علی - منشی - خان بہادر - وکیل - مشیر قانونی انجمن تعلقداران اودھ -
آپ علوی شیخ ہین - ماہ شوال ۱۲۶۳ھ مین آپ پیدا ہوے - عربی وفارسی اور انگریزی
مین استعداد کامل پیدا کی - وکالت کا امتحان درجۂ اول پاس کیا - کچھ دنون گونڈہ
مین وکالت کی پھر مستقل طور سے لکھنؤ مین قیام کیا - اور مسلمانان لکھنؤ کے سرگروہ
بنے - آپ مین درویشانہ صفات جمع ہین بڑے سخی وسیر چشم خلیق ومتواضع اور شاکر
وصابر ہین - آپ کی ہمہ تن کوشش اصلاح ذات البین مین مصروف رہتی ہے -
آپ گورنمنٹ کے مسلم الثبوت خیرخواہ ہین اور آنریری مجسٹریٹی ومیونسپل کمشنری کی
عزت سے بہرہ مند رہے ہین - جب سے آپ کے برادر عمزاد منشی امتیاز علی صاحب
مرحوم ریاست بھوپال کے عہدۂ وزارت پر مقرر ہوے تھے اُسوقت سے آپ انکی قائم مقامی
مین انجمن تعلقداران اودھ کے مشیر قانونی ہین اور اس عہدے کے نازک فرائض بخوش اسلوبی

سر انجام دیتے ہین - جب سر آکلنڈ کالون صاحب بہادر نے اپنے زمانۂ لفٹنٹی مین صنعتی کمیشن مقرر کیا تو آپ کو بھی اُسکا ایک ممبر مقرر کیا اور آپنے اس کمیشن کے ساتھ مختلف اقطاع ہندمین سفر کرکے تمام بڑی بڑی صنعتی تعلیمگاہون اور کارخانون کو معائنہ کیا اور مسئلہ تعلیم صنعت و حرفت کی بابت بہت عمدہ رائے لکھی - اسی کمیشن کی سفارش پر گورنمنٹ نے لکھنؤ مین صنعت و حرفت کا ایک مدرسہ کھولا ہے - سر آکلنڈ کالون صاحب کے عہد مین آپ کی حسن خدمات کے جلدو مین خطاب خان بہادر عطا ہوا اور ایک پرائیوٹ چھٹی کے ذریعہ سے آپ کی راستبازی و خلوص اور آپ کی ملکی خدمات اور خیرخواہی سرکار کا اعتراف کیا گیا - آپ تعلیم مسلمانان ہند کے معاملہ مین بہت بڑی دلچسپی ظاہر کرتے ہین اور خصوصًا تعلیم دینیات کے بارہ مین آپ کو بیحد شغف و انہماک ہے - چنانچہ سنہ ۱۸۹۵ع مین ندوۃ العلما کا دوسرا جلسہ نہایت اہتمام کے ساتھ آپ نے محض اپنے ذاتی صرف سے لکھنؤ مین منعقد کرایا - آپ اپنے عقائد مذہبی مین نہایت راسخ اور بڑے ہمدرد ملک و ملت ہین اور آپ کے ہر کام مین خلوص اور صفائی پائی جاتی ہے - اور آپ کی ذات سے ایک چشمۂ فیض جاری ہے - سکونت کاکوری ضلع لکھنؤ ملک اودھ -

محمد سمیع اللہ خان - مولوی - سی ایم جی - آپکے والد محمد عزیز اللہ خان جنرل اکٹرلونی صاحب رزیڈنٹ دہلی کے زمانہ مین میر منشی تھے - آپنے بڑے بڑے علما سے علوم متداولہ عربی کی تعلیم پائی سنہ ۱۸۵۶ع مین منصفی کا امتحان پاس کیا اور کامیاب امیدوارون مین اول رہے - سنہ ۱۸۶۳ع مین صدر دیوانی و نظامت عدالت آگرہ مین (جسکی جگہ ہائی کورٹ قائم ہوا) وکیل مقرر ہوے - آپ اول شخص ہین جنھون نے وکلاے ہائی کورٹ مین سب ججی حاصل کی - سنہ ۱۸۷۰ع مین آپ اول درجہ کے سب جج مقرر ہوے - سنہ ۱۸۸۴ع مین آپ لارڈ نارتھ بروک کے سکرٹری منتخب ہوکر مصر کی

سفارت کو گئے۔ سکرٹری آف اسٹیٹ نے آپ کی ان خدمات کا اعتراف کیا اور جناب ملکہ وکٹوریہ مرحومہ نے آپ کو سی ایم جی کا خطاب مرحمت فرمایا۔ مصر کی واپسی کے بعد آپ راے بریلی کے ڈسٹرکٹ جج مقرر ہوے اور پھر سشن جج کے عہدہ پر ترقی پائی آپ پہلے ہندوستانی تھے جنکو ممالک مغربی و شمالی و اودھ مین یہ عہدۂ جلیل عنایت ہوا تھا آپ نے نومبر ۱۸۹۲ء مین پنشن لی۔ ۱۸۹۳ء مین کنٹونمنٹ ایکٹ ۱۸۸۹ء کی تحقیقات کے متعلق ایک کمیشن قائم ہوئی تھی جسمین ایک یوروپین پریسیڈنٹ اور دو ممبر تھے۔ ان دو ممبرون مین ایک ڈاکٹر گلگھارن اور دوسرے آپ تھے۔ ویسراے نے اس کمیشن کی حسن خدمات کے تذکرہ مین آپ کا شکریہ ادا کیا ہے۔ آپ علوم عربیہ کے ایک بہت بڑے ادیب اور عالم ہین ۱۸۶۵ء مین آپ نے دہلی مین ایک عربی مدرسہ قائم کیا تھا جو ملک کی ناقدردانی سے چند سال کے بعد بند ہو گیا جس زمانہ مین سر سید احمد بنارس کے سب جج تھے تو اُنھون نے مسلمانون کی ترقی و تنزل پر غور کرنے کے لیے ایک مجلس قائم کی تھی۔ آپ اُس مجلس کے ممبر اور علی گڈھ کالج قائم کرنے کی تحریک مین تہ دل سے شریک تھے۔ جب علی گڈھ مین تعلیم گاہ قائم کرنے کا مسئلہ طے ہو گیا تو سر سید احمد اور آپ کے مابین اس بارے مین اختلاف راے ہوا کہ سر سید احمد بارہ لاکھ روپیہ کا سرمایہ جمع ہونے کے بعد کالج کا کام شروع کرنے کے حامی تھے اور آپ کی راے تھی کہ کام شروع کر دینا چاہیے تاکہ اسکی حالت دیکھکر ملک توجہ کرے۔ مولوی محمد سمیع اللہ خان اُس زمانہ مین علی گڈھ کالج کے سب جج تھے اور اُنھون نے اپنے دوست واحباب و روسا ضلع علی گڈھ و بلند شہر سے چندہ کر کے اسکول کھولدیا جو آج محمڈن کالج کے نام سے مشہور ہے۔ آپ نے اس اسکول کے متعلق ایک بورڈنگ ہوس بھی قائم کیا اور تمام انتظامی ذمہ داریون کے ساتھ اسکے سکرٹری مقرر ہوے۔ کالج مین کئی مقامات پر آپ کے نام کے کتبے

ہین اور کالج کے تاریخی واقعات مین آپ کی مساعی جمیلہ کا اکثر ذکر مرقوم ہے۔ آپ کلکتہ یونیورسٹی کے فیلو بھی ہین۔ آپ کے بڑے صاحبزادے محمد حمید اللہ خان نے کیمبرج یونیورسٹی سے بی اے اور نکلسن ان سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا ہے اور فی الحال ہائی کورٹ حیدرآباد کے پیونی جج ہین۔ سکونت۔ دہلی۔

ثابت علی۔ سید سردار بہادر۔ ولادت جولائی ۱۸۳۶ء۔ آپ ۱۸۵۴ء مین داخل سلسلۂ ملازمت سرکاری ہوے اُسوقت سے برابر ترقی ہوتی رہی۔ فارس پنجاب وقندھار کے جہادون مین آپ شریک تھے۔ آپ کی اُن فوجی خدمات کے جلدو مین جو آپنے مختلف مواقع پر انجام دین آپ کو درجۂ دوم کا تمغہ عطا ہوا۔ اُسکے بعد ۳ فروری ۱۸۸۸ء کو خطاب سردار بہادر سے سرفراز وممتاز ہوے۔ آپنے عہدۂ رسالداری میجری پر زمانۂ درازتک کام کیا ہے۔ سکونت الہ آباد۔

مسعود حسن خان۔ منشی۔ خان بہادر۔ ولادت ۱۸۴۳ء۔ آپ کے پاس بہت بڑی زمینداری ہے جسکی مالگزاری ساڑھے پانچ ہزار کے قریب ہے۔ شاہجہان شہنشاہ دہلی کے عہد معدلت مین آپکا خاندان افغانستان سے شاہجہانپور مین آیا۔ اور وہان اُسکو دربار مغلیہ سے معافی عطا ہوئی۔ ایام غدر مین احمد اللہ شاہ نے آپکے چچا اور چچازاد بھائی کو مع چند دیگر یورپین افسرون کے قید کیا تھا۔ آپ کے دادا محمد محسن خان اور چچا محمد حسین خان مناصب سب ججی پر ممتاز تھے۔ اور آپ کے والد محمد حامد حسن خان اور چچا احمد حسن خان ڈپٹی کلکٹر تھے۔ آپ کے دو چچازاد بھائی ڈپٹی کلکٹر ہین۔ آپ کے بھائی محمد محمود حسن خان صاحب کو خطاب خان بہادر عطا ہوا ہے آپکے ایک چچازاد بھائی حاجی ابرار حسن خان کو بھی یہ خطاب حاصل ہوا ہے

آپکو آپکی اُن عمدہ خدمات کے صلہ مین جو آپنے بحیثیت تحصیلدار انجام دین ۳۱ - دسمبر سنہ ۱۸۹۸ع کو خطاب خان بہادر مرحمت ہوا - سکونت شاہجہانپور -

ابراہیم علی - سید - خان بہادر - ولادت یکم جنوری سنہ ۱۸۳۶ع آپ کے بزرگون مین چند حضرات ریاست الور مین ملازم تھے - آپ کے والد بزرگوار سید امیر علی ضلع سیالکوٹ مین پولیس انسپکٹر تھے اور پنجاب مین تحصیلداری کے عہدہ پر مامور تھے یکم جنوری سنہ ۱۸۹۸ع کو اُن قیمتی خدمات کے صلہ مین جو آپنے بحیثیت اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کے ملک پنجاب مین انجام دین بطور ذاتی اعزاز کے آپ کو خان بہادر کا خطاب عطا ہوا - سکونت بنت ضلع مظفرنگر -

روح اللہ خان - حاجی - حافظ - خان بہادر - ولادت سنہ ۱۸۴۲ع آپکے آبا و اجداد شاہان اسلام کے زمانہ مین اعلیٰ و معزز عہدو نپر ممتاز تھے - آپکے آبا و اجداد مین ایک صاحب نواب خیراندیش خان نامے اورنگ زیب کے عہد مین قلعۂ اٹاوہ کے فوجدار تھے - آپکے والد حاجی محمد ممتاز علی خان تحصیلدار تھے آپکے بڑے بھائی محمد صدیق خان مرحوم گورنمنٹ نظام مین ایک عہدۂ جلیلہ پر ممتاز تھے آپکے برادر اصغر تحصیلدار رہین - آپکا خاندان اٹاوہ مین نہایت با اثر ہے آپ کو اُس بیش قیمت امداد کے جلدو مین جو آپ نے افسران سرکاری کو وقتاً فوقتاً بالخصوص زمانہ قحط سنہ ۹۷-۱۸۹۶ع مین دی و نیز بصلہ اُن کارہاے نمایان کے جو آپنے بطور آنریری مجسٹریٹ کے انجام دیے اور بنظر اُس سرگرمی کے جو آپ کو مسلمانان ضلع اٹاوہ پر حاصل ہے یکم جنوری سنہ ۱۸۹۸ع کو گورنمنٹ ہند سے بطور ذاتی اعزاز کے خان بہادر کا خطاب عطا ہوا آپکے قبضہ مالکانہ مین بہت سے مواضع بھی ہین - سکونت اٹاوہ -

عبد الغفور - مولوی - خان بہادر - ولادت یکم اکتوبر ۱۸۳۷ء آپ کے جد امجد شیخ محمد فرید الدین نے موضع فرید پور آباد کیا تھا شیخ قادر بخش آپ کے بھائی ریاست بھرتپور مین تحصیلدار تھے - ۱۱ مئی ۱۸۹۷ء کو دربار آگرہ مین آپکو اُن عمدہ خدمات کے جلدو مین جو آپ نے محکمۂ پولیس مین انجام دی تھین ایک مندیل اور ایک نقرئی باندان عطا ہوا تھا اور انسپکٹر جنرل پولیس نے آپ کی اُس کارگزاری کے صلہ مین جو زراعتی نمائش آگرہ کے موقع پر فروری ۱۸۶۷ء مین آپ سے ظہور مین آئی تھی آپ کو ایک نقرئی تمغہ عنایت فرمایا - اور قحط ۹۷-۱۸۹۶ء کی خدمات کے صلہ مین یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو خطاب خان بہادر عطا ہوا - آپ الہ آباد کے ڈپٹی کلکٹر رہ چکے ہین اور فی الحال ریاست رامپور مین مدار المہام ہین - سکونت الہ آباد -

جواہر لال در - پنڈت - راے بہادر - ولادت ۱۴ نومبر ۱۸۵۶ء - آپ کشمیری برہمن ہین - آپکے آبا و اجداد ۱۷۳۳ء مین کشمیر سے آئے تھے - اُنمین ایک صاحب پنڈت جے گوپال نامے نواب میر باقر علی خان خلف نواب سلیمان بیگ خان کی سرکار مین دیوان تھے - آپ کے دادا ۱۸۱۵ء مین بنارس پاٹشالہ مین ہیڈ منشی تھے اُسکے بعد وہ وکیل چیف کورٹ ہوگئے - آپکے والد پنڈت کنھیالال در پنشن یافتہ ڈپٹی کلکٹر ہین - آپ بھی ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر ممتاز ہین اور اُس کارگزاری کے صلہ مین جو آپنے بحیثیت ڈپٹی کلکٹر زمانہ قحط مین کی آپ کو یکم جنوری ۱۸۹۸ عیسوی کو بطور اعزاز ذاتی راے بہادر کا خطاب عطا ہوا - سکونت کانپور -

زاہد حسین - سید - خان بہادر - آپکو بطور ذاتی اعزاز کے یکم جنوری ۱۸۹۰ء کو خطاب مذکور مرحمت ہوا - سکونت الہ آباد -

ممالک متحدہ آگرہ و اودھ متعلقہ ہندسہ ۱۴۵/۵۲



خان صاحب شیخ حسین بخش رئیس لندھورہ



راے کیشری نراین رئیس الہ آبا



ے بہادر پنڈت دوارکا سنگھ سرکوتوال لکھنؤ



خان بہادر سید اکبر حسین رئیس الہ آباد

حسین بخش - شیخ - خانصاحب - آپ نے گورنمنٹ انڈیا کے محکمۂ پیمائش مین ملازمت شروع کی - یکم اپریل ۱۸۸۲ء سے ۳۱ - اکتوبر ۱۸۸۵ء تک برھما مین مساحت کا کام انجام دیا - ایرانی بلوچی سرحدی کمیشن کے ساتھ پندرھوین پیمایشی جماعت مین رہے اور اُسکے بعد آپ ماتحت سرویر مقرر ہوے اور مہم میران زئی پر بھیجے گئے - اسکے بعد سرویر ہوکر وزیرستان کی فوجکشی دانا مین آپنے عمدہ مدددی جسکے صلہ مین ۱۸۹۶ء مین آپکو سو روپیہ کا ایک خلعت اور سند حسن خدمات عطا ہوئی - اسی سال آپ نے جنوبی وزیرستان کے پہاڑی ملک بھٹانی واقع سرحد بنون کا پیمایشی کام نہایت خوبی سے انجام دیا جسکی تعریف مسٹر رنیگ ہسبینڈ نے خصوصیت کے ساتھ کی - آپکی مذکورہ جانکاہانہ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے یکم جنوری ۱۸۹۷ء کو خانصاحب کے خطاب سے آپکو معزز و مفتخر کیا - ۷ جنوری ۱۸۹۶ء سے ۱۱ فروری ۱۸۹۸ء تک آپ سروے ٹرینگ اسکول کے قائم مقام انسٹرکٹر رہے - آپکی قیمتی خدمات کی تحریری تعریف ہر موقع پر آپ کے افسرون نے کی ہے جو بطور اسناد حسن کارگزاری آپ کے پاس موجود ہین - سکونت دیرہ دون -

کیشری نرائن - رائے - ولادت ۲۴ - نومبر ۱۸۶۴ء - آپ کے اسلاف کرام ایمن آباد صوبۂ پنجاب کے قدیمی باشندہ ہین جو کھتری کھگران کی شاخ مین چڈھا رسی والے مشہور ہین - نادر شاہ کے حملۂ پنجاب کے وقت آپ کے مورث اعلیٰ لالہ گرسہائے مل وارد دہلی ہوے جہان دربار سلطنت مغلیہ مین داروغگی اصطبل کے منصب پر ممتاز ہوے پھر وہانسے نواب صفدر جنگ کے ساتھ اودھ مین آئے جہان اُنکے فرزند لالہ لچھمی نرائن داروغۂ محلات شاہی اور رائے کے موروثی خطاب سے معزز و ممتاز ہوے جبسے اس خاندان کی قدامت اور حسن خدمات غدر کے لحاظ سے گورنمنٹ

انگلشیہ نے موروثی تسلیم کیا - راے لچھمی نرائن کے بیٹے راے بینی رام الہ آباد چلے گئے اور وہین مواضع وغیرہ خرید کیے - زمانۂ غدر مین اُنکے ایک جانشین راے بلدیو نرائن عرف چھوٹو لال نے گورنمنٹ کی امداد کی - اسکے صلہ مین ۲۸ - جون ۱۸۵۷ء - ۱۳ - جولائی ۱۸۵۷ء اور ۱۵ - اکتوبر ۱۸۵۷ء کو آپکو خوشنودی مزاج اور آپکی وفاداری کے اظہار مین اسناد مرحمت ہوے - اُنکے بعد اُنکے پوتے راے کیشری نرائن خلف راے گوکل نرائن جانشین ہوے اور ۱۰ - اکتوبر ۱۸۸۴ء کو درباریون مین آپکا نام داخل کیا گیا - آپکی خاندانی وقعت اور ذاتی لیاقت کے لحاظ سے آپ ۱۶ - جولائی ۱۸۸۹ء کو اسسٹنٹ اوپیم ایجنٹی کے عہدہ پر سرفراز کیے گئے اور فی الحال آپ ضلع فتحپور مین اس عہدہ پر مامور ہین - آپ کے اور دو بھائی امور زمینداری اور انتظام خانہ داری مین مصروف رہتے ہین - آپ کے خلف اکبر اور جانشین لالہ ہنونت نرائن ہین - سکونت الہ آباد -

دوارکا سنگھ - پنڈت مسر - راے بہادر - آپکی ولادت یکم ستمبر سنہ ۱۸۵۰ء کو مرادآباد مین واقع ہوئی - آپ کے آباو اجداد کا موطن اصلی ٹوہانہ ضلع جالندھر ہے - آپ کے مورث اعلیٰ مسر جگدت سنگھ سلاطین مغلیہ کے عہد مین مناصب جلیلہ پر ممتاز تھے - زمانۂ غدر کے بعد اُنکو اپنی سکونت امروہہ ضلع مرادآباد مین منتقل کرنا پڑی - اسکے بعد مسٹر ولسن صاحب کلکٹر و مجسٹریٹ ضلع مرادآباد کی راے سے مرادآباد مین چلے آئے جہان کچھ اراضی جائداد بھی خرید کی - اُنکے انتقال کے بعد زمینداری کے متعلق کچھ نزاع واقع ہوئی - آپ کے والد اپنی نیک نفسی سے اُس سے دست بردار ہوگئے اور بازار امروہہ دروازہ مین بکثرت دُکانین تعمیر کرالین جسکی آمدنی اب بھی بسر اوقات کے لیے کافی ہے - آپ کے ایک عزیز مسر گھاسا سنگھ انسپکٹر مرادآباد تھے - آپ

اُنیس سال کی عمر مین یکم اگست ۱۸۶۹ء کو محکمۂ پولس مین بھرتی ہوے - دو تین برس بعد مہتمم اسٹیشن ہو گئے - ۱۸۸۰ء مین ضلع میرٹھ کے بدمعاشون کی سرکوبی کے لیے آپ کا انتخاب ہوا اور ۱۸۸۹ء مین اس حسن کارگزاری کے صلہ مین آپکو عہدۂ انسپکٹری پر ترقی دی گئی - آپنے ضلع میرٹھ کے مشہور ڈاکو جھنڈا کو گرفتار کیا - پھر ضلع علیگڈھ کے بدمعاش شیر سنگھ کی جماعت کو متفرق اور اسیر کیا - اسکے بعد منگل سنگھ کے مسلح گروہ کو موضع آبوپور علاقۂ مراد نگر مین گرفتار کر کے ناموری حاصل کی - اس مقابلہ مین گو ایک چوکیدار مقتول اور سترہ سپاہی مجروح ہوے مگر آپ نے اپنی شجاعت اور دلیری سے مکان کے اندر گھسکر قزاقون کو مع اسلحہ گرفتار کیا - اسکے جلدو مین آپکو معتد بہ رقم انعام و ترقی عہدہ کے علاوہ نومبر ۱۸۹۳ء کے دربار رلیوی مین گورنمنٹ نے اعزازی شمشیر بھی عطا کی - ۱۸۹۴ء مین انسداد کثرت جرائم کی غرض سے نینی تال مین اور پھر بریلی مین تعینات کیے گئے جہان کامیابی کے ساتھ آپ نے مسلح ڈاکو گرفتار کیے - اسکے جلدو مین ۱۸۹۷ء مین گورنمنٹ نے راے بہادر کے خطاب سے سرفراز فرمایا - فی الحال آپ لکھنؤ مین درجۂ اول کے انسپکٹر اور کوتوال ہین - جنوری ۱۹۰۳ء کے دربار دہلی کی شرکت کے لیے ہندوستانی افسران صوبہ مین سے آپکا انتخاب ہوا ہے - سکونت مراد آباد -

اکبر حسین - سید رضوی - خان بہادر - ولادت ۱۶ - نومبر ۱۸۴۶ء - آپ کا سلسلۂ نسب امام ہشتم حضرت امام رضاؑ سے ملتا ہے - آپ کے مورث اعلی ۵۸۰ھ یعنی شہاب الدین محمد غوری کے عہد مین وارد ہندوستان ہوے - آپ کے دادا سید محمد زمان فوج بنگال مین ایک افسر تھے - اسکی حسن خدمات کے جلدو مین اُن کو نشیبی بنگال مین معافی عطا ہوئی اور وہین اُنھون نے توطن اختیار کیا - آپ کے چچا سید وارث علی الہ آباد مین تحصیلدار اور ڈپٹی مجسٹریٹ تھے جنکو ایک باغی کی گرفتاری

کے حسن مساعی کے صلہ مین اودھ کے دربار عام مین گورنمنٹ نے ایک خلعت عطا کیا تھا - آپ کے اکثر اعزا گورنمنٹ برطانیہ کے معزز عہدون پر مامور ہین - آپ کے برادر اصغر منصف ہین - آپ نے سنہ ۱۸۶۶ع مین درجہ ادنی کا امتحان وکالت پاس کیا اور سنہ ۱۸۶۹ع مین نائب تحصیلدار مقرر ہوے - سنہ ۱۸۷۰ع مین ہائیکورٹ کی مسلخوانی کے لیے منتخب ہوے - سنہ ۱۸۷۳ع مین ہائیکورٹ کی وکالت کے امتحان مین کامیاب ہوکر وکالت شروع کی - سنہ ۱۸۸۰ع مین قائم مقام منصف درجۂ سوم - سنہ ۱۸۸۱ع مین مستقل منصف درجۂ دوم اور سنہ ۱۸۸۷ع مین منصف درجۂ اول ہوے - سنہ ۱۸۸۹ع مین سب ججی کے عہدہ پر ترقی کی - سنہ ۱۸۹۴ع مین جج عدالت خفیفہ درجۂ اول اور اسی سال سشن ججی کے لیے منتخب ہوے اور ممالک متحدۂ آگرہ واودھ کے مختلف شہرون مین قائم مقامی کرتے اور ایکہزار اور بارہ سو کا مشاہرہ پاتے رہے - ۲۱ - مئی سنہ ۱۸۹۸ع کو اپنی حسن خدمات اور دیرینہ ملازمت کے صلہ مین گورنمنٹ نے خان بہادر کا خطاب عطا فرمایا - اسی زمانہ مین الہ آباد یونیورسٹی کے فیلو اور اکثر ممتحن مقرر ہوتے رہے - فی الحال دو سال سے آپ سویلینون کے اردو امتحان کے ممتحن ہین - آپ کے فرزند سید عشرت حسین جو شیخ احمد حسین خان بہادر تعلقہ دار پریانوان کے داماد ہین سنہ ۱۹۰۱ع سے کیمبرج کالج مین تعلیم پارہے ہین - سکونت الہ آباد -

لچھمن سنگھ - راؤ - ولادت ۱۹ - اپریل سنہ ۱۸۶۳ع - آپ بندیلہ ٹھاکر ہین اور بھارت چند کی نسل مین ہین جو راجہ ملکھان والی اُرچھہ کے پوتے تھے - مہاراجہ پنّا نے آپ کے پردادا کو راؤ کا خطاب دیا تھا - ارجن سنگھ آپ کے دادا کا نام ہے - اُنھون نے غدر سنہ ۱۸۵۷ع کے آخر مین تحصیل گروٹھا کی بدنظمی دور کرنے مین بہت بڑی مدد دی تھی - راؤ کا خطاب قدیمی وموروثی ہے - آپکے فرزند ننھے راجہ ہین

جو ۱۸۸۱ع مین پیدا ہوے۔ تھے۔ سکونت جھانسی۔

پہاڑ سنگھ - راؤ - ولادت ۱۸۵۴ع - آپکا تعلق مشہور بندیلہ راجپوت خاندان سے ہے جسکے نام سے بندیلکھنڈ نے شہرت پائی ہے - آپکا سلسلۂ قرابت راجہ کٹہرا ضلع جھانسی سے ملتا ہے - آپ کے والد کا نام راؤ بخت بلی تھا - راؤ کا خطاب موروثی وخاندانی ہے - آپ اپنے والد کے جانشین ہین اور آپکی ریاست مین کئی مواضع شامل ہین - سکونت تربہت ضلع للت پور -

ہری کرشنا پنت - پنڈت - راے صاحب - ولادت ۳۰ - جون ۱۸۵۹ع - آپ قوم برہمن اور پار اسر نیت کے قدیم خاندان سے تعلق رکھتے ہین - راجگان چند سنکوٹی کے زمانہ مین اس خاندان کے لوگ اعلیٰ عہدون پر ممتاز تھے - یکم جنوری ۱۸۹۸ع کو قحط ۱۸۹۶ و ۹۷ع کے امدادی کامون کے انتظام واہتمام کے صلہ مین آپکو راے صاحب کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت الموڑہ -

جوگل کشور - راے صاحب - ولادت ۱۳ - اپریل ۱۸۵۷ع - اسلامی حکومت کے زمانہ مین آپ کے مورث اعلیٰ پرگنہ بگھرا ضلع مظفر نگر مین قانونگو تھے - آپ کے جد امجد لالہ ہمنچل سنگھ جی سہارنپور کے محافظ دفتر وناظر تھے - آپ کے والد لالہ بھوانی پرشاد ضلع مذکور مین نائب تحصیلدار رہے اور پنشن پانے کے بعد تحصیل نکوڑ کے سب رجسٹرار مقرر ہوے - آپ کے چھوٹے بھائی بابو کیول کرشن بی - اے - ڈپٹی کلکٹر ہین - آپ ڈسٹرکٹ سرویر ہین - ضلع ہردوئی مین قحط کے امدادی کام کے مہتمم تھے اور اُس موقع پر آپ نے جو کارگزاریان کی تھین اُنکے صلہ مین

آپکو یکم جنوری سنہ ۱۸۹۸ع کو راے صاحب کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت مظفر نگر -

پرتاب سنگھ - راے - ولادت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۶۶ع - آپ اپنے والد راے ڈال چند کے انتقال کے بعد ۹ - اکتوبر سنہ ۱۸۹۷ع کو وارث و جانشین ہوے - یہ خطاب موروثی ہے - آپ کا تعلق اُس قدیم جاٹ خاندان سے ہے جو سولھوین صدی کے وسط مین جھنیڈ سے آئے تھے - اس خاندان کی ایک شاخ کے افسر مسمے کُھیدا رتھ نے دریاے گنگ کے ساحل پر قصبۂ ناگل کی بنا ڈالی اور شہزادہ سلیم اور اُنکے بعد شہنشاہ جہانگیر کے الطاف خسروانہ کی وجہ سے دربار دہلی مین رسوخ حاصل ہوا اور ایک خلعت فاخرہ - راے کا خطاب اور ناگل اور برہم پورہ کے مابین ایک علاقہ مرحمت ہوا - آپکے پردادا راجہ تاپ راج سنگھ بڑے ذی اثر شخص تھے - سکونت ساہن پور - بجنور -

امان سنگھ - راؤ - ولادت ۱۴ - اگست سنہ ۱۸۷۶ع - خطاب مذکور موروثی ہے - خاندانی روایات مین بیان ہے کہ راجہ چھتر سال نے اپنی بیٹی کے جہیز مین اپنے داماد سوبھا سنگھ پنوار کو موضع سلیا اور راؤ کا خطاب عطا کیا تھا جس پر یہ خاندان اسوقت تک قابض و متصرف ہے - آپ کے دادا راؤ نول سنگھ تھے - سکونت ھیسر پور -

پنچم سنگھ - راؤ - ولادت ۳۱ - مئی سنہ ۱۸۶۰ع - خطاب مذکور موروثی ہے - آپ بندیلہ راجپوت ہین جو پرتاب جیو کی نسل سے ہے جنھون نے موضع سواسا کی بنیاد ڈالی اور راجہ جگت راج مقام جیت پور سے موضع مذکور اور راؤ کا خطاب


حاصل کیا - سکونت سواسا - پنواری - ہمیرپور -

بشوناتھ سنگھ - راؤ - آپ ۱۵ - ستمبر ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوے اور یکم اکتوبر ۱۸۹۸ء کو وارث ریاست ہوے - خطاب خاندانی ہے - مشہور ہے کہ ابتدا مین یہ خطاب راؤ بشوناتھ کے والد رگھبر سنگھ کو راجہ گیان چند نے دیا تھا - سکونت کانپور -


ڈال سنگھ - راؤ - ولادت ۱۸۴۲ء - آپ ۱۸۹۸ء مین اپنے والد راؤ بت سنگھ کے انتقال کے بعد اُنکے جانشین ہوے - خطاب خاندانی ہے - آپکا تعلق کٹھریا راجپوتون سے ہے جو اپنے تئین راؤ ہری سنگھ کا جانشین بتاتے ہین جو گولا راے پور واقع دریاے کھنوت مین سولھوین صدی مین آکر آباد ہوے تھے - شہنشاہ دہلی شاہجہان کے فرمان مجریہ ۱۶۴۵ء کے ذریعہ سے راؤ ہری سنگھ کے وارث بکرم سنگھ کو گولا کی زمینداری حاصل ہوئی اسکے بعد یہ خاندان ناہل کو منتقل ہوا یہ خاندان سترھوین اور اٹھارھوین صدی کے مابین پٹھانون کے ساتھ بہت سی لڑائیان لڑا - انھین محاربات مین سے ایک جنگ مین راؤ گوپال سنگھ کٹھریا ٹھاکر مقام ناہل مین اثناے کارزار مین مارے گئے - انھون نے اپنے اعقاب مین ایک بیوہ اور دو خردسال اطفال کو چھوڑا - راؤ حال کے والد راؤ جیت سنگھ نے غدر ۱۸۵۷ء مین عمدہ خدمات انجام دیے اور قصبۂ پوایان کی محافظت اُسوقت کی جب مولوی احمد اللہ شاہ نے ۱۸۵۷ء مین اُسکا محاصرہ کیا تھا اور اُنھون نے برٹش افواج کے لیے سامان رسد بھی بہم پہونچایا - راؤ ڈال سنگھ کے تین بیٹے بچو سنگھ - جگن ناتھ سنگھ اور سردان سنگھ ہین - سکونت ناہل - شاہجہان پور -

پشکر پال - راجو ریا راجبر - ولادت ۱۸۴۳ء - خطاب موروثی ہے - آپ سورج بنسی راجپوت ہین - یہ خاندان راجگان کٹیوری کی چھوٹی شاخ مین ہے - لفظ "راجبر" لفظ "راجکمار" کا ہم معنی اور ہم پلہ ہے - کٹیوریون مین ولی عہدون کا یہ خاص لقب ہے - ان لوگون نے اپنی ریاست کمایون مین قائم کی تھی مگر بعد کو چند راجون نے انکو سلطنت سے معزول و محروم کر دیا - زمانہ سلف مین یہ خاندان جوشی مٹھ سے گڑھوال مین آیا - ابھے دیو سلسلۂ نسب مین سالواہن دیو کی اُنچاسوین پشت مین تھے - یہ پہلے شخص ہین جس نے کٹیوری قوت کے زوال کیوقت وادی کٹیوری کو خیر باد کہی - اُنھون نے اپنے لقب دیو کو پال سے بدل ڈالا کیونکہ یہ حکمرانان کٹیوری کی شاخ خاندان کے ساتھ منسوب و متعلق تھا - جب رُدر چند اسکوٹ پر قابض ہوا تو اُسنے اسکوٹ کے راجور کو اجازت دی کہ وہ چندر راجہ کی ماتحتی مین زمیندار کی حیثیت سے اپنی ارث و ملکیت قائم رکھین - موجودہ راجور اسکوٹ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات بھی حاصل ہین - سکونت - اسکوٹ - کمایون -

رنجیت سنگھ - چودھری - راے بہادر - ولادت ۳۰ - جولائی ۱۸۶۵ء - آپ چوہان ٹھاکر ہین - آپکو چودھری گھاسی سنگھ شیر کوٹی نے متبنیٰ کیا تھا - چودھری صاحب موصوف کی ریاست ضلع بجنور مین سب سے زیادہ قدیم اور سب سے وسیع اور بڑی ہے - خطاب راے بہادر آپ کو آپکی وفاداری - فیاضی نفع رسانی خلائق اور اُن خدمات کے جلدو مین جو آپ نے بطور وائس چیرمین دھرم پور مینوسپل بورڈ کے انجام دیے ۳۱ - دسمبر ۱۸۹۰ء کو عطا ہوا - آپکی ریاست مین علاوہ متفرق املاک کے مسلّم دیہات کی تعداد ایکسو چونتیس ہے اور مالگزاری سرکار اسّی ہزار کے قریب ہے - سکونت شیر کوٹ ضلع بجنور -



آنریبل رائے بہادر بابو سری رام رئیس لکھنؤ



آنریبل رائے بہادر لالہ نہالچند رئیس مظفرنگر

سر پرام۔ آنریبل۔ بابو۔ ایم۔ اے۔ راے بہادر۔ تمغہ یافتہ قیصر ہند۔ ولادت سنہ ۱۸۵۱ع۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ راجہ بلکرن داس شہنشاہ دہلی کی سرکار مین منصب جلیل پر فائز تھے جنھون نے اپنا وطن صوبۂ اودھ کو منتقل کیا۔ اُنکے اخلاف مین منشی فقیر چند نواب سعادت علی خان نواب اودھ کے عہد حکومت مین خزانۂ شاہی کے دیوان تھے۔ اُنکے بعد اُنکے خلف اکبر دیوان روشن لال اُنکی جگہ پر مامور ہوے اور اُنکے فرزند اصغر بخشی بدری ناتھ فوج شاہی اودھ کے بخشی مقرر ہوے۔ موخر الذکر کے بیٹے منشی لچھمن پرشاد چکلہ داری کے عہدہ پر فائز ہوے۔ اور مقدم الذکر یعنے دیوان روشن لال کے انتقال کے بعد سنہ ۱۸۳۵ع مین دیوان انّت رام کو اُن کا منصب ملا جسکے فرائض وہ سنہ ۱۸۵۰ع تک حسن وخوبی سے انجام دیتے رہے۔ راجہ گنگا پرشاد اُنھین کے برادر اصغر تھے جنھون نے واجد علی شاہ آخری شاہ اودھ کی حیات تک کلکتہ مین اُنکے ہمراہ رفاقت کے ساتھ بسر کی۔ دیوان انّت رام کو ایام غدر کی خیر خواہانہ خدمات کے صلہ مین سنہ ۱۸۵۹ع کے دربار مین لارڈ کیننگ صاحب نے تعلقہ رسول پور ضلع فیض آباد اور ایک خلعت فاخرہ اور پانچہزار روپیہ نقد مرحمت فرمایا۔ سنہ ۱۸۶۲ع مین اُنکی وفات کے بعد اُنکے بیٹے دیوان میوہ لال وارث ہوے اُنکے انتقال پر اُنکے فرزند راے سر پرام بہادر جانشین ہوے۔ آپنے پہلے فارسی پھر انگریزی شروع کی اور سنہ ۱۸۷۴ع مین۔ بی۔ اے۔ سنہ ۱۸۷۵ع مین زبان سنسکرت مین ایم۔ اے سنہ ۱۸۷۶ع مین بی۔ ایل۔ اور سنہ ۱۸۷۷ع مین وکالت ہائی کورٹ کا امتحان پاس کیا اور ہر درجہ مین برابر انعام اور وظائف حاصل کرتے رہے۔ سنہ ۱۸۷۹ع مین گورنمنٹ نے آپکو ضلع گونڈہ کا اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر کیا مگر آپ نے اپنی آزادانہ مزاجی کی وجہ سے استعفا دیدیا۔ سنہ ۱۸۸۴ع مین آپ میونسپل بورڈ لکھنؤ کے ممبر اور سنہ ۱۸۸۹ع سے آج تک اُسکے وائس چیرمین منتخب ہوتے رہے۔ سنہ ۱۸۹۰ع مین ہز رائل ہائنس پرنس وکٹر کی تشریف آوری لکھنؤ کے موقع پر ممالک مغربی وشمالی واودھ کی جانب سے ایڈریس پیش کرنے والے

ڈیپوٹیشن مین منجملہ بیس آدمیون کے آپ بھی منتخب ہوے تھے۔ گورنمنٹ نے آپکے حسن خدمات کے صلہ مین ۳۔جون ۱۸۹۳ء کو راے بہادر کے معزز خطاب سے آپ کو سرفراز کیا اور ۱۲۔جون ۱۸۹۳ء کو آپ ممالک مغربی وشمالی واودھ کے لیجسلیٹیو کونسل کے ممبر منتخب ہوے اور آج تک برابر منتخب ہوتے آئے ہین۔ ۱۸۹۸ء مین آپکو آپ کی اعلیٰ خدمات قحط ۹۷-۱۸۹۶ء کے جلدو مین جناب ملکہ قیصرۂ ہند کی جانب سے اعزازی سرٹیفکٹ عطا کیا گیا اور جون ۱۹۰۰ء مین بتقریب سالگرہ جناب ملکہ معظمہ وکٹوریہ کا طلائی تمغہ عنایت ہوا۔ ۱۵۔نومبر ۱۹۰۰ء کو سپریم وایسریگل کونسل کی ممبری کا اعزاز حاصل ہوا جس پر آپ اسوقت تک ممتاز ہین۔ آپ نے نفع خلائق کے لیے اجودھیا مین ایک اسپتال تعمیر کرایا جسکا بنیادی پتھر ۵۔نومبر ۱۹۰۰ء کو آنریبل مسٹر جان ہوپر صاحب کمشنر فیض آباد نے رکھا اور ۱۲۔اپریل ۱۹۰۲ء کو ہز آنر سر جمیس ڈگس لاٹوش صاحب بہادر لفٹنٹ گورنر ممالک متحدۂ آگرہ واودھ نے اس کا افتتاح کیا۔ سکونت فیض آباد و لکھنؤ۔

نہال چند۔ انربل۔ راے بہادر۔ ولادت ۱۸۴۶ء آپ مظفرنگر کے ایک بہت بڑے رئیس اور زمیندار ہین۔ ۱۸۵۷ء مین آپکے والد لالہ شیو نرائن اور چچا لالہ اودے رام کو خیرخواہی کے صلہ مین گورنمنٹ سے خلعت اور زمینداری عطا ہوئی۔ آپ مختلف السنہ مین معقول دستگاہ رکھتے ہین۔ آپ اکیس برس کی عمر سے اپنی زمینداری کے انتظام مین مصروف ہین۔ رفاہ عام کے کامون مین آپ کو ابتدا ہی سے دلچسپی ہے ۱۸۷۲ء عیسوی سے آپ ضلع کی مینونسپلٹی اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے ایک سرگرم اور ممتاز ممبر ہین۔ آپکے مزاج مین کمال آزادی اور حق پسندی ہے رعایا آپ کو اپنا ایک معتمد قائم مقام سمجھتی ہے۔ اور گورنمنٹ آپ کی بیش قیمت رایونکو وقعت کی نگاہ سے

دیکھتی ہے۔ سنہ ۱۸۸۱ء مین آپ آنریری مجسٹریٹ مقرر ہوے۔ سنہ ۱۸۹۲ء مین جب ترقی
ہردوار کی تجویز گورنمنٹ مین پیش کرنیکے لیے ایک کمیٹی مقرر ہوئی تو اس کمیٹی کے
کامون مین آپنے بہت بڑا حصہ لیا۔ سنہ ۱۸۹۳ء مین پیشگاہ گورنمنٹ عالیہ سے مسکرات
کی تحقیقات کے لیے ایک کمیشن مقرر ہوئی تھی جس مین علاوہ چار یورپین ممبرونکے
تین ہندوستانی ممبر تھے منجملہ اُنکے آپ گورنمنٹ کی جانب سے ممالک متحدہ آگرہ
واودھ کے قائم مقام تھے آپ کی راے تھی کہ چرس اور گانجہ کا استعمال مضر ہے
جبتک گورنمنٹ اسکی کاشت اور تجارت بند نکریگی استعمال کم نہوگا۔ چنانچہ اسبارہ
مین آپنے جو اختلاف راے ظاہر کیا ہے وہ کمیشن کی رپورٹ مین موجود ہے سنہ ۱۸۹۶ء
مین آپنے مظفرنگر مین زمینداروں کی ایک انجمن جاری کی جسکے آپ آنریری سکرٹری ہین۔
اس مفید انجمن نے تاریخ اجرا سے ابتک بہت سی خدمات انجام دی ہین۔
تعلیم سے آپ کو خاص دلچسپی ہے۔ آپ آگرہ کالج۔ میرٹھ کالج اور ہندو کالج کے
ٹرسٹی ہین۔ مذہبی تعلیم کو آپ نہایت ضروری سمجھتے ہین اور اس باب مین آپنے
ایک کتاب موسومہ اسمرتی پرکاش تالیف کی ہے جس مین مختلف سمرتیون کا انتخاب
درج کیا ہے۔ ملکی معاملات مین آپکا مذاق نہایت سلیم ہے۔ اکثر مسودات قانون
کی نسبت آپنے وقتاً فوقتاً گورنمنٹ مین میموریل بھیجے ہین اور آپکی سفارشون پر اکثر
لحاظ ہوا ہے۔ اور معاملات کی طرح سوشل امور مین بھی آپ خاص دلچسپی ظاہر
کرتے ہین۔ بابو گنگا سرن مرحوم اور آپکی کوشش سے سنہ ۱۸۹۲ء مین ویش کانفرنس
قائم ہوئی تھی۔ آپ چند مرتبہ اُسکے جلسون کے میر مجلس بھی رہ چکے ہین سنہ ۱۸۹۹ء
مین گورنمنٹ عالیہ نے آپ کو راے بہادر کے خطاب سے ممتاز فرمایا اور سنہ ۱۹۰۰ء
مین آپ حلقۂ لکھنؤ کے ڈسٹرکٹ بورڈون کی جانب سے بالاتفاق ان صوبجات
کے لیجس لیٹو کونسل کے ممبر منتخب ہوے۔ اس حیثیت سے آپنے زمینداران

صوبہ کے حقوق کی نہایت سرگرمی سے حمایت کی۔ آپ کے تین صاحبزادے ہین۔ ایک لالہ سکھبیر سنگھ جو انگریزی فارسی وغیرہ سے بخوبی واقف ہین اور کاروبار ریاست کو انجام دیتے ہین انکی عمر چونتیس برس کی ہے۔ دوسرے سیٹھ لچھمی سروپ جنکی عمر تبیش ۳۲ سال کی ہے اُنھون نے یونیورسٹی سے خطاب بی اے کا حاصل کیا ہے اور بعہدۂ ڈپٹی کلکٹری ممتاز ہین اور تیسرے لالہ آنند سروپ ہین جنھون نے امتحان انٹرنس پاس کرلیا ہے اور آیندہ تعلیم پا رہے ہین انکی عمر اُنیس سال کی ہے۔ سکونت مظفر نگر۔

دیبی سنگھ ۔ راؤ۔ ولادت ۱۸۶۰ع۔ آپ اُس بندیلہ خاندان سے تعلق رکھتے ہین جو راجہ چندیری کی ایک شاخ ہے۔ اس امر کا علم نہین ہے کہ راؤ کا خطاب کب سے ہے۔ بھرت ساہ کے عہد حکومت مین جسکو چارسو سال کا عرصہ ہوا اس خاندان مین پہلے بہت بڑی جاگیر تھی لیکن انقلابات زمانہ اور تقسیم در تقسیم کی وجہ سے اب بہت کم رہگئی ہے۔ سکونت رجوڑہ ضلع للت پور۔

پتیم سنگھ ۔ راؤ۔ ولادت ۳۰۔ جنوری ۱۸۷۲ع۔ قوم ٹھاکر۔ یہ خطاب موروثی ہے۔ آپ کے آبا و اجداد کو یہ خطاب راجہ گیان چند کی سرکار سے عطا ہوا تھا۔ اور اُسوقت سے برابر مانا گیا ہے۔ آپ کے ایک صاحبزادہ ہے جسکا نام پدما سنگھ ہے سکونت کانپور۔

دھرم راج سنگھ ۔ راؤ۔ ولادت ۱۸۷۴ع۔ راجہ شیو راج دیو سمت ۱۴۹۳ مین قنوج سے شیو راج پور ضلع کانپور مین اقامت گزین ہوے اور اُسکے قرب وجوار مین اُنھون نے اپنی حکومت قائم کی۔ اُنھون نے لکھودیو کو خطاب راؤ عطا فرمایا۔ اور

اُنکو موضع سپئی مین سکونت کی اجازت دی - اُسوقت سے برابر اس خاندان کے لوگ راؤ کہلاتے ہین آپکے والد کا نام راؤ لال سنگھ تھا اُنھون نے ۱۸ - اکتوبر ۱۸۹۷ء کو انتقال کیا اُنکی وفات کے بعد یہ موروثی خطاب آپکو ملا - آپکے وارث آپکے بھائی کنور دان سنگھ ہین جو آپ کے شاملات مین متوسط درجہ کی زمینداری کے مالک ہین سکونت سپئی ضلع کانپور -

دھرم راج کنور - رانی - راجہ بازار و پرہٹ - ولادت ۱۸۵۴ء - آپ ۱۱ - اکتوبر ۱۸۷۰ء کو اپنے شوہر راجہ مہیش نرائن مقام راجہ بازار کی جانشین ہوئین - یہ رگھوبنس راجپوتون کا خاندان ہے جسکے بانی کلیان گڈھ سنوائن سے آئے اور راجہ بازار مین علاقہ حاصل کیا - دو یا تین صدی کا زمانہ ہوا جب ان کے گرد و نواح کے ہمسایہ راجاؤن نے تلک لگا کر انھین راجہ کے لقب سے ملقب کیا اگرچہ کوئی سند موجود نہین ہے لیکن خطاب اُسی زمانہ سے چلا آتا ہے - راجہ مہیش نرائن ساتوین راجہ تھے - یہ علاوہ راجہ بازار کے پرہٹ ضلع پرتابگڈھ واقع اودھ کے راجہ بھی تھے اور ان صوبجات کی آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات آپ کو حاصل تھے - سکونت - راجہ بازار - گروارہ ضلع جونپور - ممالک متحدۂ آگرہ و اودھ -

رادھا موہن رائے - ولادت ۱۸۵۰ء - آپ کائستھ ہین - آپکے دادا ایشری پرشاد کو نواب آصف الدولہ نے رائے کا خطاب عطا فرمایا تھا - اُسوقت سے برابر یہ خطاب آپکے خاندان مین چلا آتا ہے آپ نے اپنی جائداد اپنے بیٹون مین تقسیم کردی تھی جو تقریباً سب رہن و بیع ہوگئی ہے - آپکے دو فرزند ہین جنکے نام نامی یہ ہین - دوارکا پرشاد اور ماتا پرشاد اول الذکر کی تاریخ ولادت ۶ ستمبر ۱۸۸۲ء ہے اور آخر الذکر کی ۱۹ - جون

سنہ ۱۸۸۶ع - سکونت الہ آباد -

رگھونندن پرشاد - منشی - راے بہادر - ولادت ۲۶ - دسمبر سنہ ۱۸۵۴ع آپ سری واستو یہ دوسرے کائستھ ہین - آپکے آبا و اجداد ضلع بستی مین کسی پرگنہ کے عامل تھے - اتفاقاً شاہان اودھ اُن سے ناراض ہوے اور اُنکی جائداد ضبط ہوگئی یہان سے بھاگ کر وہ ریاست ریوان مین گئے اور وہان دیوان ہوگئے - آپکے جدامجد نے بنارس مین سکونت اختیار کی - آپکے والد راے بلدیوبخش گورنمنٹ انگلشیہ کی ملازمت مین عہدۂ ڈپٹی کلکٹری اور آپکے چچا منشی رام پرشاد عہدۂ تحصیلداری پر ممتاز تھے - آخرالذکر بزرگوار اب بنارس مین آنریری مجسٹریٹ ہین - منشی رگھونندن پرشاد صاحب عرصۂ دراز سے بنارس مینوسپل بورڈ کے وائس چیرمین اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے آنریری سکریٹری کا کام نہایت مستعدی محنت و جانفشانی سے انجام دے رہے ہین آپنے مختص المقام تجویزات کی تکمیل مین جو افسران ضلع نے افادۂ عوام کی غرض سے کرنا چاہین حکام کو نہایت قیمتی مدد دی ہے اور اسکے جلدو مین آپکو راے بہادر کا خطاب ملا - علاوہ اس ذاتی و خاندانی وقعت و عزت کے جو آپ کو حاصل ہے آپ مع اپنے بھائی کے بہت بڑی زمینداری کے مالک ہین - سکونت بنارس -

مظفر بخت - مرزا - یہ خطاب ذاتی ہے جو آپ کو آخری خودمختار شہنشاہ دہلی شاہ عالم کے ولی عہد پرنس مرزا جہاندار شاہ کے پرپوتے ہونے کے امتیاز مین عطا کیا گیا - مرزا مظفر بخت مرزا محمد سعید بخت کے برادر عمزاد اور محمود جان کے بھائی یعنی ظفر بخت کے خلف اکبر ہین - سکونت - بنارس -

نادر بخت - مرزا - آخری شہنشاہ مغلیہ دہلی شاہ عالم کے ولی عہد پرنس مرزا جہاندار شاہ کی نسل مین ہین آپ کو خطاب مذکور ذاتی اعزاز کے طور پر عطا ہوا - آپ مرزا مظفر بخت کے بھائی ہین جو مرزا محمد سعید بخت کے برادر عمزاد ہین - یہ خاندان ۱۸۱۸ع سے سلطنت برطانیہ کے زیر محافظت نہایت اطمینان سے بنارس مین بسر کرتا ہے آپ مرزا ظفر بخت کے فرزند ہین - سکونت بنارس -

سردار سنگھ - راجہ بہادر بمقام کٹھرہ - ولادت ۱۸۵۱ع - آپ کو ۱۹ - مارچ ۱۸۸۰ع کو اُن کے عزیز راجہ سیناپت سنگھ راؤ صاحب کٹھرہ کے متبنیٰ اور وارث راجہ رن مست سنگھ کے قائم مقام ہونے کی حیثیت سے بطور ذاتی اعزاز کے خطاب مذکورۂ بالا عنایت ہوا راجہ صاحب بوندیلا راجپوتون کے بڑے خاندان سے تعلق رکھتے ہین اِس خاندان کے سردار ہز ہائنس مہاراجہ اُرچھہ ہین اور بندیلکھنڈ کے خاص جاگیردار زیادہ تر اس خاندان کے یادگار ہین - کٹھرا واقع جھانسی کے راؤ سیناپت نے غدر ۱۸۵۷ع مین گورنمنٹ کی نہایت قیمتی خدمات انجام دین جسکے جلدو مین خود اُنکو اور اُنکے بیٹے کو (خواہ حقیقی ہو یا متبنیٰ) راجہ بہادر کا خطاب ذاتی اعزاز کے طور پر عطا کیا گیا - اور ایک قیمتی خلعت اور کچھ جاگیر بھی مرحمت کی گئی - اُنکے بعد اُن کے متبنیٰ بیٹے راجہ رن مست سنگھ جانشین ہوے - جب اُنھون نے انتقال کیا تو راجۂ حال مسند نشین ہوے جو لچھمن سنگھ برادر راجہ سیناپت سنگھ بہادر کے فرزند ہین - سکونت - کٹھرا - جھانسی -

ادتیا رام - پنڈت بھٹاچارجی مہامہوپادھیا - ۲۲ - جون ۱۸۹۶ع کو آپ کو خطاب عطا ہوا - آپ میور سنٹرل کالج الٰہ آباد مین سنسکرت کے پروفیسر تھے - سکونت الٰہ آباد

اودت نرائن سنگھ - راجہ - ولادت ۱۸۵۵ء - اپنے عزیز راجہ جگت سنگھ کی وفات پر ۱۸۵۶ء مین نابالغی کے عالم مین آپ وارث ریاست ہوے - آپ گھیل راجپوت اور راجہ باجی سنگھ کے فرزند ہین - بیان کیا جاتا ہے کہ اس خاندان کے دور کے ایک مورث بیاگر دیو تھے جو گجرات سے آکر ریوان مین آباد ہوے - قنوج کے راٹھور شہزادہ راجہ جے چند کے عہد مین بھون پرتاب ریوان سے آئے اور کولا پور واقع قنوج مین سکونت اختیار کی - یہ خاندان گرد و نواح کے موضعون مین پھیل گیا تھا تقریباً انیسوین صدی کے آخر مین دھرم داس تروا مین مقیم اور آباد ہوے - ان کے پوتے پرتاب سنگھ الماس علی خان گورنر اودھ کے مزاج مین دخیل ہوگئے اور اپنے اثر کو ترقی دی اور راؤ کا خطاب حاصل کیا - سومیر سنگھ خلف پرتاب سنگھ نے اپنے خاندان کو اعزاز کے اعلیٰ ترین درجہ پر پہونچایا شجاع الدولہ نواب وزیر اودھ کی سرکار مین اس خاندان کے لوگ مختلف مناصب پر مامور تھے کیونکہ راجہ پرتاب سنگھ نے محاربہ بکسر مین اُن کو مدد دی تھی اُن کو شہنشاہ دہلی شاہ عالم نے راجہ بہادر کا خطاب اور سہ ہزاری منصب کا اعزاز عطا کیا - سکونت تروا فرخ آباد -

امرپال سنگھ - راے - ۳۰ - اگست ۱۸۵۹ء کو راے کا خطاب آپ کو عطا کیا گیا - سکونت پرتابگڈھ -

رام چرن داس - لالہ - راے بہادر - آپ الہ آباد کے خزانچی اور آنریری مجسٹریٹ ہین آپ ۲ - جنوری ۱۸۹۳ء کو بطور ذاتی اعزاز کے اس خطاب سے سرفراز کیے گئے - سکونت الہ آباد -



نواب مرزا محمد باقر علی خان رئیس لکھنؤ



خان بہادر نواب اسد اللہ خان رئیس میرٹھ

محمد باقر علیخان - مرزا - نواب - ولادت سنہ ۱۸۵۱ع - آپ کے مورث اعلیٰ خواجہ صفی نے جو شرفاے کشمیر سے تھے وارد فیض آباد ہو کے نواب آصف الدولہ نواب وزیر اودھ کی سرکار مین ملازمت اختیار کی - اُنکے فرزند منتظم الدولہ حکیم مرزا مہدی سنہ ۱۷۹۹ع سے سنہ ۱۸۱۹ع تک اضلاع محمدی و خیر آباد کے ناظم اور پھر سنہ ۱۸۳۰ع سے سنہ ۱۸۳۲ع تک نصیر الدین حیدر بادشاہ اودھ کے وزیر اعظم رہے - چکلہ داری کے زمانہ مین اُنھون نے اضلاع مذکور کو گلزار پُر بہار کی طرح آراستہ و پیراستہ کر دیا تھا اور بہت کثرت سے سڑکین تالاب نہرین اور مسافر خانے اور سرائین بنوائی تھین - اُنھون نے ۲۴ - دسمبر سنہ ۱۸۳۷ع کو انتقال کیا اور محلہ نہرا مین مدفون ہوے - اُن کا عالیشان مقبرہ ابتک لکھنؤ مین موجود ہے - اُنکے وسیع علاقہ کے ایک حصہ پر اُنکے بھتیجے منور الدولہ مرزا احمد علی قابض ہوے جو نصیر الدین حیدر و محمد علی شاہ دو بادشاہون کے عہد مین منصب وزارت پر سرفراز اور نوابی کے خطاب سے ممتاز تھے - اُنکے بعد اُنکے فرزند نواب اشرف الدولہ امجد علیخان وارث ہوے - یہ بادشاہ موخر الوصف کے فوجی جرنیل تھے - سنہ ۱۸۷۵ع مین اُنکی وفات کے بعد اُنکے فرزند اکبر نواب مرزا محمد باقر علیخان اُنکی جاگیر کے مالک اور اُنکے جانشین ہوے - سنہ ۱۸۷۷ع مین گورنمنٹ برطانیہ نے اس خاندان کے آبائی خطاب نوابی کو موروثی تسلیم کیا - فہرست درباریان اودھ مین آپ کا نام نامی بھی مندرج ہے - آپ کا علاقہ کنوان کھیڑا ضلع سیتاپور مین واقع ہے - سکونت لکھنؤ -

اسد اللہ خان - نواب - خان بہادر - ولادت ۲۶ - نومبر سنہ ۱۸۴۶ع - آپ کا سلسلۂ نسب نواب داد خان گورنر پنجاب سے ملتا ہے - آپ کے بزرگون مین نواب محمد خان نہایت نامور رئیس گزرے ہین جنکو اُنکی خیر خواہانہ خدمات کے

لحاظ سے شہنشاہ عالمگیر نے خیراندیش خان کے خطاب سے سرفراز اور منصب
شش ہزاری سے ممتاز کیا تھا - اُنکی اولاد مین نواب خیراندیش خان ثانی کو بھی ہفت ہزاری
منصب کا اعزاز حاصل تھا - آپکے اسلاف کرام مین نواب شاہباز خان بھی شہنشاہ
اکبر کے عہد مین مناصب جلیلہ پر منصوب و مامور تھے - آپ نواب مبارک علی خان
کے پوتے اور نواب احمد اللہ خان کے فرزند ہین جنھون نے اٹھائیس برس تک
گورنمنٹ کے خدمات نہایت خوبی سے انجام دیے تھے - زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء مین
اُنکی پیشانی ایک گولی سے زخمی ہوئی اور ہرچند باغیون نے اُنکے ذاتی مال ومتاع
کو دو مرتبہ تاخت وتاراج کر ڈالا مگر پھر بھی اُنھون نے اپنے خدمات مفوضہ کے
فرائض نہایت طمانیت قلب اور استقلال کے ساتھ ادا کیے - ملازمت سے کنارہ کش
ہونے کے بعد وہ مینوسپل اور ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے وائس چیرمین منتخب ہوے اور
گورنمنٹ سے آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل کیے اور انھین حسن خدمات
کے صلہ مین ۲۶- فروری ۱۸۸۵ء کو گورنمنٹ انڈیا نے اُنکو نوابی کا ذاتی خطاب عنایت
فرمایا تھا - اُنھون نے ۱۶- اپریل ۱۸۹۲ء کو انتقال کیا - نواب اسد اللہ خان بہادر علوم
فارسی وعربی مین فارغ التحصیل ہوکر طب یونانی کیجانب متوجہ ہوے - اُسکی تکمیل کے
بعد زبان انگریزی حاصل کی - آپ کو محکمۂ نمک کی سپرنٹنڈنٹی کی عمدہ خدمات کے جلدو
مین ۲- جنوری ۱۸۸۸ء کو گورنمنٹ انگلشیہ نے خان بہادر کا خطاب مرحمت کیا - ۱۸۹۹ء
مین آپ نے پنشن یاب ہوکر اپنے وطن میرٹھ مین سکونت اختیار کی جہان مثل اپنے والد
کے آپ مینوسپل اور ڈسٹرکٹ بورڈ میرٹھ کے وائس چیرمین اور آنریری مجسٹریٹ
ہین - رفاہ عام کی سرگرم وعمدہ خدمات کی وجہ سے گورنمنٹ اور پبلک آپ کو
محبت اور عزت کی نظر سے دیکھتی ہے چنانچہ آپکی خاندانی وجاہت اور ذاتی خدمات
کے لحاظ سے یکم جنوری ۱۸۹۵ء کو ایک سرکاری اعلان کے رُو سے آپکو گورنمنٹ

نے آپ کے آبائی خطاب نوابی کا مستحق قرار دیا - آپ صبح کو روزانہ مطب کرتے
ہین جسکے ذریعہ سے صدہا مرضیٰ شفایاب ہوتے ہین - میرٹھ کے ہر مذہب و ملت
کے لوگون مین آپ کو ہر دلعزیزی حاصل ہے - آپ کے ایک چھوٹے بھائی
اسلام اللہ خان ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولس اور دوسرے سیف اللہ خان ڈپٹی کلکٹر
ہین - سکونت میرٹھ -

محمد حسین - مولوی حافظ - خان بہادر - ولادت ۱۸۵۲ع - آپ الہ آباد
کے اہلسنت والجماعت کے سرغنہ تصور کیے جاتے ہین - آپ کے ایک بزرگ مولانا
محب اللہ جو شہنشاہ اورنگ زیب کے عہد مین وزارت عالیہ کے عہدہ پر ممتاز تھے -
دہلی سے الہ آباد آئے اور تارک الدنیا ہو کر یہین گوشہ نشینی اختیار کی - شہنشاہ
دہلی اُنکا بہت بڑا اعزاز کرتے تھے اور اُنکے اور اُنکے ورثا کے لیے معافیان اور
جاگیرین عطا کی تھین مگر گورنمنٹ انگلشیہ نے اُسکے معاوضہ مین پولٹیکل پنشن جاری
کردی - آپ کے والد ملک متوسط مین دو ریاستون کے منیجر تھے اور آپ کے
اکثر اعزا برٹش گورنمنٹ اور نظام گورنمنٹ کے اعلیٰ عہدون پر مامور ہین - مولوی حافظ
محمد حسین نے ۱۸۹۷ع کو شدت طاعون کے زمانہ مین اپنے ہمقومون کے بیجا جوش
کے روکنے مین کافی مدد دی جسکے صلہ مین ۲۲ - جون ۱۸۹۷ع کو خان بہادر کے
خطاب سے سرفراز کیے گئے - سکونت الہ آباد -

کلانند برتھوال - پنڈت - راے بہادر - ولادت ۱۱ - مارچ ۱۸۴۹ع -
آپ برہمن ہین - آپ کے اسلاف راجہ صاحب ٹیہری (گڑھوال) کے دربار مین
معزز عہدون پر مامور رہے ہین - آپکے چچا پنڈت بھوانی شنکر برتھوال ریاست گڑھوال

مین اوائل تسلط گورنمنٹ انگلشیہ کے دور مین افسر پرگنہ تھے - اُنکے انتقال کے بعد بھی اُنکے ورثا راجہ صاحب ٹیہری کی سرکار مین معزز خدمتون پر مامور رہے مگر رائے پنڈت گلانند بہادر نے انگریزی ملازمت اختیار کی اور جالون کے ڈسٹرکٹ سرویر مقرر ہوے - ۹۶-۱۸۹۵ء کی قحط سالی ملک بندیلکھنڈ کی خدمات کے جلدو مین یکم جنوری ۱۸۹۷ء کو گورنمنٹ نے رائے بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا - سکونت گڑھوال -

محمد مصطفیٰ - سید - خان بہادر - ولادت ۱۰ - مارچ ۱۸۶۲ء - آپ کے والد سید علی ناصر خان ۱۸۶۱ء مین ضلع غازی پور کے ڈپٹی کلکٹر اور ۱۸۷۶ء مین جونپور کے آنریری مجسٹریٹ تھے - دربار دہلی منعقدہ ۱۸۷۷ء مین گورنمنٹ نے اُنکی اعلیٰ خدمات کے اعتراف مین ایک سند عطا کی تھی - آپ کے چچا سید ناصر علیخان بہادر ذوالقدر کو غدر ۱۸۵۷ء کی خیرخواہی اور وفاداری کے جلدو مین گورنمنٹ نے جاگیر مرحمت کی تھی - آپ کو ۹۷-۱۸۹۶ء کی قحط سالی کے قابلانہ انتظام کے صلہ مین گورنمنٹ نے خان بہادر کے خطاب سے معزز کیا - آپ فی الحال ڈپٹی کلکٹر ہین سکونت جونپور -

گنگا سنگھ - رائے بہادر - ولادت الکتوبر ۱۸۴۹ء - آپ کا تعلق کھتری سکھ قوم سے ہے جو ابتداءً ضلع امرتسر کے ایک موضع مین سکونت پذیر تھی - دیوان وساکھا سنگھ جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دربار مین منصب دیوانی پر ممتاز تھے اسی خانوادہ سے تھے - اس خاندان کے اکثر ممبرون کو معافیان عطا ہوئی تھین جو سکھون کے عہد سلطنت تک برابر اُنکے قبضہ مین رہین لیکن رائے بہادر کے والد کے انتقال کے بعد اُسپر جمع باندھ دی گئی - آپ درجۂ اول کے اسسٹنٹ سرجن ہین اور

پرنس آف ویلز ہاسپٹل بنارس کے افسر انچارج ہین - طبی خدمات کے جلدو مین آپ کو گورنمنٹ عالیہ سے ۳ - جون ۱۸۹۳ع کو راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت بنارس -

عبدالحق - شیخ - خان بہادر - ولادت ۴ - اپریل ۱۸۵۵ع - آپ کے خاندان کا قدیمی مسکن شاہجہان پور تھا مگر نصف صدی سے اس خاندان نے پیلی بھیت مین سکونت اختیار کی ہے - آپ کے والد شیخ امیر علی تحصیلداری کے عہدہ پر ممتاز تھے جنکو غدر ۱۸۵۷ع کی وفادارانہ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے ارضی جائداد عطا کی - آپ کے بھائی شیخ رفعت علی شاہجہان پور کے تحصیلدار تھے اور دوسرے بھائی پیلی بھیت کے آنریری مجسٹریٹ تھے جنھون نے کچھ عرصہ ہوا انتقال کیا - آپکو قحط ۹۷-۱۸۹۶ع کی حسن کارگزاری کے صلہ مین گورنمنٹ انگریزی نے یکم جنوری ۱۸۹۸ع کو خان بہادر کے خطاب سے ممتاز کیا - سکونت پیلی بھیت -

بندا پرشاد - لالہ - راے - ولادت ۸ - اگست ۱۸۳۷ع - آپ کائستھ ہین - راے کاشی داس قانونگوے سکندرہ ضلع الہ آباد کی اولاد مین ہین - شاہان اسلام کے زمانہ مین آپ کے خاندان مین بہت بڑی جاگیر تھی - آپنے غدر ۱۸۵۷ع مین نہایت عمدہ خدمات انجام دیے تھے - آپ محکمۂ پولیس مین عرصۂ دراز تک ملازم رہے اور نہایت تدین - ایمانداری وخوش لیاقتی سے کام کیا - ۳ - جون ۱۸۹۳ع کو خطاب راے آپ کو عطا ہوا - سکونت الہ آباد -

شیوراج سنگھ - راؤ - ولادت ۱۰ - اکتوبر ۱۸۹۰ع - تین سو برس

ہوے جب دلیپ سنگھ نواح بدایون مین آئے اور علاقۂ کوٹ سالباہن پر قبضہ کرلیا۔ اُنکے دو بیٹے تھے راؤ سنگھ اور کرم سنگھ۔ آپ راؤ سنگھ کی اولاد مین ہین۔ یہ خطاب آپ کے خاندان مین قدیمی دموروثی ہے۔ آپ کے والد کا نام بھوپ سنگھ تھا۔ آپ کے دادا نے بصلۂ خدمات زمانۂ غدر سند خوشنودی حاصل کی تھی۔ ۱۸۷۷ء مین اُنکو دربار قیصری دہلی کے موقع پر ایک اعزازی سند مرحمت ہوئی تھی۔ آپ کے والد کا ۲۔ جنوری ۱۸۹۲ء کو انتقال ہوگیا۔ سکونت بدایون

امانت فاطمہ بیگم۔ نواب۔ ولادت ۱۸۳۲ء۔ آپ نواب دوست علیخان تعلقہ دار باسط نگر کی بیوہ ہین۔ ۱۸۶۴ء مین جب دوست علیخان نے انتقال کیا تو نواب حسین علیخان مسند نشین ریاست ہوے۔ ۱۸۷۱ء مین اُنکی رحلت کے بعد بیگم صاحبہ خطاب و ریاست دونون کی وارث قرار پائین۔ یہ خاندان نسلاً پٹھان ہے۔ نواب دلیر خان رئیس شاہ آباد کے تیسرے بیٹے دلدار خان اسکے مورث اعلیٰ تھے۔ اول الذکر نواب عہد اورنگ زیب مین ایک ممتاز افغان افسر تھے۔ جب پانڈے پنوار برہمنون نے خزانۂ شاہی کی ایک ارسال کو جو منیر آباد سے دہلی کو جا رہی تھی لوٹ لیا تو اورنگ زیب نے دلیر خان کو اُنکی سرکوبی اور تادیب کے لیے روانہ کیا۔ شاہجہانپور پہونچکر اُنھون نے فوج جمع کی اور اُن تمام بدمعاشون کو جو لوٹ مین شریک تھے تہ تیغ کیا۔ اس نمایان خدمت کے صلہ مین اُن برہمنون کے تمام مفتوحات جو پرگنۂ شاہ آباد و سرا مین تھے دربار دہلی نے بطور جاگیر دلیر خان کو عطا کیے اور خطاب نواب و منصب ہفت ہزاری سے سرفراز و ممتاز فرمایا۔ اُنھون نے قصبۂ شاہ آباد کی بنیاد ڈالی اور ایک رفیع الشان قلعہ بڑی ڈیوڑھی کے نام سے تعمیر کیا۔ نواب سعادت علیخان کے زمانہ مین اُنکی جاگیر پر مالگزاری مقرر ہوئی۔ نواب کا خطاب

۱۸۶۴ء مین برٹش گورنمنٹ نے موروثی تسلیم کیا - لطف النسا بیگم آپکی دختر نیک اختر آپ کی جانشین ہین جو ۱۸۵۳ء مین پیدا ہوئین اور نواب ثریا جاہ کے ساتھ منسوب ہین - سکونت شاہ آباد ضلع ہردوئی -

---

درگا سنگھ - ٹھاکر - راے صاحب - یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو خطاب راے بہادر بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا - سکونت بارہ بنکی -

---

جواہر سنگھ - ٹھاکر - راے بہادر - ولادت ۵ - جنوری ۱۸۴۶ء - آپ گوتم ٹھاکر - پولیس انسپکٹر ہین - ۱۸۹۳ء کے فساد گاؤکشی کے زمانہ مین آپ نے اپنے فرائض منصبی نہایت خوبی سے انجام دیے - انھین خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۶ - مئی ۱۸۹۴ء کو راے بہادر کے خطاب سے سر بلند وممتاز کیا - سکونت مقام گڑھوال -

---

دیا کرشن - راے - ولادت ۵ - دسمبر ۱۸۴۲ء - خطاب موروثی ہے - آپ راے ہینگن لال کائستھ سابق تحصیلدار دیرہ دون کے بیٹے ہین جن کو بغاوت ۱۸۵۷ء کی خیرخواہی کے صلہ مین جاگیر مرحمت ہوئی تھی - سکونت جونپور -

---

گوبند سہائے - لالہ - راے بہادر - ولادت ۱۷ - اکتوبر ۱۸۵۶ء - آپ کھتری ہین اور ضلع سہارنپور کے ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہین - آپ کے دادا لالہ بھرامل گنگھل اور رہرودوار کے ایک متمول رئیس تھے - آپ کے بھائی لالہ گنگا پرشاد ضلع انبالہ مین خزانچی ہین اور بہت سے مقامات پر انکی لین دین کی کوٹھیان

ہین - ۱۸۹۷ء مین جب ہردوار و کنکھل مین وبا پھیلی تو آپ نے نمایان خدمات انجام دیے جنکے صلہ مین یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو خطاب راے بہادر عنایت ہوا - سکونت کنکھل ضلع سہارنپور -

بپن بہاری چکرورتی - بی - اے - راے بہادر - ولادت ۳۱ - اگست ۱۸۶۷ء - آپ ایک معزز بنگالی برہمن خاندان سے تعلق رکھتے ہین - آپ کے والد فقہ اور علم نجوم کے عالم اکمل تھے - آپ کی تعلیم ڈھاکہ کالج مین ہوئی تھی - اُسکے بعد آپ ٹمسن سول انجنیرنگ کالج روڑکی مین داخل ہوے اور بعد کامیابی امتحان سرکاری ملازمت مین داخل ہوے - جب آپ راے بریلی مین ڈسٹرکٹ انجنیر تھے تو زمانۂ قحط ۹۷-۱۸۹۶ء مین آپ نے امدادی کام کو نہایت محنت - جانفشانی و مستعدی سے انجام دیا اور اُسکے صلہ مین آپکو یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو خطاب راے بہادر عنایت ہوا - سکونت حال بنارس -

ہمیر سنگھ - راؤ - ولادت ۱۸۲۳ء - یہ خطاب موروثی ہے - آپ بندیلہ سردار ہین اور راجۂ بان پور کی شاخ خاندان سے تعلق رکھتے ہین جبکا علاقہ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد ضبط ہوگیا - آپ کے فرزند اور جانشین نربھے سنگھ ہین جنکی عمر چھتیس برس کی ہے - سکونت بانپور - للت پور -

کرشن پرشاد سنگھ - راے - ولادت ۱۸۸۴ء - ۱۸ - فروری ۱۸۹۶ء کو آپ وارث ریاست ہوے - سکونت بھدری - پرتاب گڈھ -



راجہ روپ ساہ رئیس جگمبن پور ضلع جالون



راجہ مادھو سنگھ تعلقدار بھراون ضلع ہردوئی

روپ ساہ دیوجو۔ راجہ جگمن پور۔ ولادت ۱۸۵۳ء۔ آپ خاندان مہاراج سنگی رکھے ہے جسکو راجہ لوم پاو برادر حقیقی راجہ دسرتھ والی اجودھیا کی لڑکی منسوب تھی تعلق رکھتے ہین۔ اور یہی وجہ ہے کہ آپ کا خاندان بنام چھتری سینگر مشہور ہے۔ پہلے اس خاندان کی راجدھانی دھار تھی ۱۰۸۹ء مین راجہ بسوکھ آپکے مورث اعلیٰ کی شادی راجہ جے چندر والی قنوج کی دختر سے ہوئی جبس مین موجودہ ریاست جہیز مین ملی۔ اُسوقت سے راجہ بسوکھ نے قلعۂ کنار کو جسکے نشانات ابتک موجود ہین اپنا مستقر قرار دیا۔ ۱۵۹۳ء مین راجہ جگمن ساہ مسند نشین ہوے۔ اُنھون نے موجودہ قلعہ تعمیر کرایا اور جگمن پور آباد کیا۔ اُسی زمانہ مین دربار دہلی سے اس خاندان کو ساہ وبہادر کا خطاب حاصل ہوا۔ راجہ جگمن ساہ کی دسوین پشت مین راجہ مہیپ ساہ تھے۔ اُنکے زمانہ مین اس ملک پر گورنمنٹ انگلشیہ کا تسلط ہوا جسنے راجگان جگمن پور کا اعزاز وخطاب بدستور قائم و برقرار رکھا۔ ۱۸۵۲ء مین چھیالیس مواضع کی ایک جاگیر کی سند مرحمت ہوئی جسکا نذرانہ چار ہزار سات سو چون روپیہ قرار پایا اور راجہ کو فوجداری و دیوانی کے قطعی اختیارات مرحمت کیے گئے۔ ۱۸۵۴ء مین اپنے والد راجہ مہیپ ساہ کے بجاے آپ مسند نشین ریاست ہوے۔ مگر چونکہ آپ اُسوقت کمسن تھے اسلیے علاقہ کورٹ آف وارڈس کے اہتمام مین درآیا۔ ۱۸۷۲ء مین آپ بنارس کالج مین داخل ہوے اور علوم انگریزی واُردو و ہندی مین واقفیت تامہ ومہارت کاملہ حاصل کی۔ اب آپ اپنی ریاست کا انتظام خود فرماتے ہین اور آپ کو اسسٹنٹ کلکٹر درجۂ اول واسسٹنٹ کمشنر درجہ دوم ومجسٹریٹ درجۂ سوم کے اختیارات حاصل ہین۔ آپ کو چھہتر نفر مسلح سپاہی اور دو ضرب توپ رکھنے کی بھی اجازت ہے۔ آپ نے قلعہ جگمن پور کو از سرِ نو تعمیر کرایا ہے اور چند مندر۔ وچاہ و باغ و تالاب بنوا دیے ہین۔ جدید مواضع کی خریداری سے آپ نے ریاست کو ترقی دی ہے۔ سکونت جگمن پور ضلع جالون۔

مادھو سنگھ۔ راجہ تعلقہ دار بہراون۔ ولادت ۱۸۵۲ء خطاب راجہ موروثی ہے اور ۱۹۔ دسمبر ۱۸۶۴ء کو گورنمنٹ ہند نے بھی موروثی تسلیم کیا ہے۔ آپ کا خاندان ڈونڈیا کھیڑہ کے بیس لوگون کی ایک شاخ ہے جنکے مورث اعلیٰ رام چندر کی نسبت جو راجہ تلوک چند کی پانچوین پشت مین تھے روایت ہے کہ اُنھون نے گوڑ راجہ کے خاندان مین شادی کی اور ۱۵۵۶ء کے قریب پرگنہ گونڈوہ مین سکونت گزین ہوے۔ رام چندر کے تین بیٹے تھے۔ السکھ رائے۔ لکھم رائے۔ منس جن مین سے ایک نے بنگل پور پر قبضہ کرلیا اور بلقب بنگالی مشہور ہوے۔ بہراون کے تعلقہ دار اُنھین کی نسل مین ہین۔ دوسری روایت یہ ہے کہ رام چندر نے اٹونجہ کے پنوار خاندان مین شادی کی اور راجہ تیج سنگھ کی ملازمت اختیار کی۔ مگر جب تنخواہ کے متعلق جھگڑا ہوا تو وہ اپنے وطن بیسواڑہ کو چلے گئے جہانسے اُنھون نے فوج کشی کرکے گوڑ راجہ کو خارج البلد کیا۔ منجھ گانو پرگنہ سندیلہ مین اس خاندان کا آبائی مکان اور قلعہ تھا جہان سے اُس نے فتح سنگھ راجہ بہراون کو قتل کرکے بہراون مین سکونت اختیار کی۔ ۱۸۵۷ء مین راجہ مردن سنگھ نے مسٹر بکرس صاحب اور اُنکے خاندان اور دیگر مفرورین سیتاپور کو پناہ دی اور جسوقت لکھنؤ مین تسلط ہوا تو اُنھون نے تحصیل سندیلہ کا ہنگامہ فرو کرنے مین گورنمنٹ کو بہت بڑی قیمتی مدد دی جسکے صلہ مین ۱۸۵۹ء مین چار ہزار کا ایک خلعت اور ضبط شدہ ریاست متھولی کا ایک حصہ عطا ہوا۔ راجہ رندھیر سنگھ راجہ مردن سنگھ کے جانشین تھے جنکو آنریری مجسٹریٹی اور اسسٹنٹ کلکٹری اور دیوانی کے اختیارات حاصل تھے۔ اُنھون نے اواخر ماہ دسمبر ۱۸۸۹ء مین انتقال کیا۔ ۱۸۹۰ء مین آپ اُنکے قائم مقام ہوے۔ آپ کی ریاست اضلاع لکھنؤ۔ ہردوئی۔ اُناؤ و سیتاپور مین واقع ہے۔ مالگزاری پینتیس ہزار۔ اور تعداد مواضع پینتالیس ہے پٹیات اسکے علاوہ ہین۔ سکونت بہراون ضلع ہردوئی۔

رگھوناتھ راؤ۔ ونکر۔ راجہ مشیر خاص بہادر۔ ولادت ۱۴۔ اگست ۱۸۵۰ء

آپ دکھنی پنڈت ہین۔ آپ کے والد راجہ سر دنکر راؤ کے۔ سی۔ آئی۔ ای بمبئی پریسیڈنسی کے باشندے تھے مگر اکثر اوقات وہ کانپور۔ بنارس اور آگرہ مین اقامت گزین رہتے تھے۔ وہ ایک نہایت مشہور مدبر اور اہل الراے سمجھے جاتے تھے۔ وہ ۱۸۵۹ء تک مہاراجہ سیندھیا کے عہدۂ وزارت پر مامور تھے جسکے بعد وہ ریاست دھولپور کے سپرنٹنڈنٹ اور پھر برودہ کمیشن کے ممبر مقرر ہوے۔ اُن کو ۱۸۶۶ء مین گورنمنٹ نے کے۔ سی۔ آئی۔ ای کا خطاب عنایت فرمایا اور یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو دربار قیصری دہلی کے موقع پر راجہ مشیر خاص بہادر کے لقب سے ممتاز ہوے اور ۲۸۔ اگست ۱۸۹۴ء کو محکمۂ خارجہ کے اعلان کے ذریعے سے خطاب مؤخر الذکر موروثی مشتہر ہوا۔ راجہ رگھوناتھ راؤ کی جائداد اراضی ریاست گوالیار اور برٹش سلطنت مین بکثرت واقع ہے جسکی سالانہ جمع تقریبًا دو ہزار روپیہ ادا کرنا ہوتی ہے۔ آپ اور آپ کے اعقاب کو گورنمنٹ نے ایکٹ اسلحہ سے مستثنیٰ کر دیا ہے۔ سکونت گوالیار۔

مہندر مان سنگھ۔ راجہ بھداور۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے آپ مہاراجہ مہندر مہندر سنگھ راجۂ بھداور کے جانشین ہین جنکو مہاراجہ کا ذاتی خطاب گورنمنٹ نے ۲۵۔ جولائی ۱۸۸۱ء کو مرحمت کیا تھا مہاراجہ ممالک مغربی و شمالی کے ایک نہایت زبردست تاریخی خاندان کے قائم مقام اور بزرگ خاندان اور عالی تبار چوہان راجپوتون کے خاندان بھدوریہ کے سرگروہ تھے اُنھون نے راجۂ مین پوری کی ہمشیرہ کے ساتھ عقد کیا جو تمام چوہانون کی سرداری کا رتبہ رکھتے ہین مہاراجہ کو گورنمنٹ نے سی۔ آئی۔ ای کا خطاب بھی عنایت فرمایا تھا۔ اچل دیو بھداور خاندان کے بانی تھے۔ شہنشاہ اکبر کے عہد مین اُس زمانہ کے ایک افسر خاندان راجا ڈراوت نے میو کے ایک مشہور قزاق

مسمی ہیتو کو قتل کیا اُسکے صلہ مین خاندان مغلیہ کی سرکار سے اُنکو بہت کچھ اعزاز اور انعام واکرام اور مہندر یعنی روے زمین کے مالک کا خطاب عنایت ہوا۔ ملا ابو الفضل کتاب آئین اکبری مین لکھتے ہین کہ راجا اوراوت کے پوتے کو پانصدی کا ذاتی منصب اور راجہ کا خطاب مرحمت ہوا۔ شہنشاہ دہلی شاہجہان کے دربار مین راجہ پدم سنگھ بھدوریا یکہزاری و پانصدی ذات پر فائز تھے ۔ اعظم شاہ خلف اورنگ زیب اور شہنشاہ محمد شاہ نے اس خاندان کو اسناد عطا کی ہین جسکی کا پیان اب تک اس خاندان مین موجود ہین ۔ سلطنت مغلیہ کے شباب اور عروج کے زمانہ مین راجہ بھدا ور چار ہند وارا کین "ستون سلطنت" یعنی راجہ جے پور، راجہ جودھپور، راجہ بوندی مین شمار کیے جاتے تھے ۔ اس خاندان کی تاریخ نہایت مکمل مبسوط اور دلچسپ ہے ۔ مرہٹون کے مقابلہ مین جب لارڈ لیک صاحب نے لشکر کشی کی تو اُس زمانہ مین اور اُسکے بعد بھی راجگان بھدا ور نے برٹش سلطنت کی نہایت قیمتی اور اعلیٰ خدمات سرانجام کین ۔ راجہ سومت سنگھ جو سنہ ۱۸۴۰ء مین لاولد مر گئے راجہ پرتاب سنگھ کے بیٹے تھے ۔ مہاراجہ مہندر مہندر سنگھ راجہ سومت سنگھ کے متبنیٰ تھے جو اُن کے انتقال کے بعد اُنکے جانشین ہوے ۔ مہاراجہ نے زمانۂ غدر ۱۸۵۷ء مین نہایت خیر خواہی اور علانیہ گرمجوشی کا اظہار کیا اور اُنکی فوجون نے باغیون کو اُنکے علاقہ سے باہر نکالدیا اور چمبل اور جمنا کی گھاٹیون کی محافظت نہایت کامیابی کے ساتھ کی ۔ اُنھون نے سنہ ۱۹۰۲ء مین رحلت کی اور آپ یعنی راجہ مہندر مان سنگھ اُن کے جانشین ہین ۔ سکونت بھدا ور ضلع آگرہ ۔

رگھوناتھ سنگھ ۔ راجہ ۔ ولادت ۱۰ ۔ اکتوبر سنہ ۱۸۵۶ء ۔ ۲۵ ۔ جنوری سنہ ۱۸۹۶ء کو آپ مسند نشین ہوے ۔ آپ کا تعلق کچھواہہ راجپوت خاندان سے ہے جسکے مورث اعلیٰ راجہ دولا راے رئیس نرور تھے جنکے دو فرزندون مین سے خلف اکبر کی نسل مین راجگان جے پور ہین اور خلف اصغر کے اعقاب مین خاندان نرور ہے ۔ اس خاندان کے

قبضہ مین بہت بڑی جاگیر تھی مگر ۱۸۴۱ء مین تسلط سلطنت برطانیہ کے وقت صرف اٹھارہ مواضع باقی رہ گئے تھے - راجگی کا خطاب اس خاندان مین پشتہا پشت سے چلا آتا ہے - سکونت سکری - پرگنۂ جالون -

گوبند سنگھ - راجۂ بیونا - ولادت ۲۹ - نومبر ۱۸۶۲ء خطاب موروثی ہے - بیان کیا جاتا ہے کہ یہ خطاب ۱۷۳۶ء مین مرہٹون نے اُسوقت دیا تھا جب بوندیلون کو پیشوا اور نواب بنگش خان نواب فرخ آباد کی متفقہ قوت نے شکست دی تھی - آپکا تعلق بوندیلا راجپوت خاندان سے ہے اور آپ راجہ پرچھت کے بیٹے ہین جنھون نے ۳ - مارچ ۱۸۷۶ء کو رحلت کی - راجہ صاحب گورنمنٹ انگلشیہ کو چارسو پچاس رُوپیہ ادا کرتے ہین - سکونت بیونا - جالون -

رام پرتاب سنگھ - راجہ - ولادت ۱۱ - نومبر ۱۸۴۹ء - خطاب مذکور آپ کو ۱۰ - دسمبر ۱۸۶۸ء کو بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا تھا - اصل مین اس عطیہ سے اُن قدیمی اعزاز کی تجدید ملحوظ تھی جو راجہ تیج سنگھ سے ۱۸۵۷ء کی بغاوت کے جرم مین ضبط کر لیے گئے تھے - آپ ہندوستان کے بہت زیادہ قدیمی اور شریف خاندان سے ہین کیونکہ آپ کا تعلق مشہور چوہان راجپوت نسل سے ہے اور آپ براہ راست مشہور ہندو مہاراجۂ دہلی پرتھی راج کی چونتیسوین پشت مین ہین - آپ کی طرح راجہ خوشحال سنگھ والی راجور اور راجہ محکم سنگھ والی پرتاب نیر اور دیگر رئیس بھی اس خاندان کے اعقاب مین ہین - پرتھی راج کی آٹھوین پشت مین مشہور بھوج راج تھے اور اُنکے پوتے راجہ اودہ رام دیو کے دو بیٹون مین سے بڑے بیٹے لکشمن سنگھ اِس خاندان کے مورث اعلیٰ تھے - اُن کی آٹھوین پشت مین راجہ بھوپال دیو تھے جنکے دو بیٹے اودے چرن اور جہانی سہاے تھے -

آخر الذکر راجگان راجور کے اور اول الذکر راجگان مین پوری کے جد اعلی تھے۔ اُن کے ایک جانشین نے قوم چرار کو نکالدیا اور خود مین پوری پر قابض ہوکر راجہ کا لقب اختیار کیا۔ برٹش گورنمنٹ کے تسلط کے زمانہ مین دلیل سنگھ راجہ تھے۔ اُنھون نے ۱۸۲۹ء عیسوی مین وفات پائی اور راجہ گنگا سنگھ اُنکے جانشین ہوے۔ ۱۸۴۹ء مین اُنھون نے بھی رحلت کی اور اُن کے بیٹے نرپت سنگھ نے اپنے باپ کے مرنے کے دو سال کے بعد قضا کی۔ اُنکے انتقال پر جانشینی کے لیے جھگڑے پیدا ہوے جنکا انجام یہ ہوا کہ تیج سنگھ کو لوکل عدالتون نے وارث جائز تسلیم کیا اور اُنھون نے مقبوضات پر دخل و تصرف کیا مگر اُنکے چچا راؤ بھوانی سنگھ نے اس فیصلہ کے خلاف پریوی کونسل مین اپیل کی۔ اُسی زمانہ مین یکایک ۱۸۵۷ء کی بغاوت شروع ہوگئی اور تیج سنگھ باغیون کے شریک ہوے جس کی پاداش مین اُنکا راج اور تمام جاگیرین ضبطی مین آگئین اور راؤ بھوانی سنگھ کو عطا کردی گئین۔ آخر الذکر کو اُنکی خیرخواہی کے صلہ مین کمپینین آف دی موسٹ اگزالٹڈ آرڈر آف دی اسٹار آف انڈیا کا خطاب مرحمت ہوا۔ ۱۸۶۵ء مین اُنکی وفات پر اُن کے بیٹے یعنی راجۂ حال مسند نشین ریاست ہوے۔ راجہ صاحب مین پوری کے ایک فرزند کنور منگل سنگھ ہین جو ۱۸۷۳ء مین متولد ہوے تھے۔ سکونت مین پوری۔

سکھ منگل سنگھ

سکھ منگل سنگھ۔ راجۂ شاہ مؤ۔ ولادت یکم جنوری ۱۸۴۶ء۔ خطاب مذکور یکم جنوری ۱۸۷۹ء کو بطور ذاتی اعزاز کے عطا ہوا۔ آپ کنھپوریون کے سرغنہ اور راجہ سُرپال سنگھ مقام تلوئی کے اخلاف مین ہین جو کانھ کے بیٹے راہس کی نسل مین ہین۔ راجہ کاندھے راے راہس کی گیارھوین پشت مین تھے انکے دو بیٹے تھے بڑے بیٹے اودے بھان راجگان تلوئی کے اور چھوٹے بیٹے گلاب ساہ راجگان شاہ مؤ کے جد اعلی تھے۔ گلاب ساہ کی پانچوین پشت مین چھتردھاری سنگھ تھے۔ جب راجہ بلبھدر سنگھ تعلقدار تلوئی ۱۸۶۴ء مین

دو رانیان چھوڑکر لاولد مرگئے تو اُن مین سے ایک رانی ستی ہوئی اور اُسنے اُس زمانہ کے دستور کے موافق چتا سے شاہ مؤ کے چھترداری کو راجہ کی ٹوپی پہنادی مگر پوری برادری کے سامنے اس تبنیت کی رسم ادا نہین کی گئی۔ دوسری زندہ رانی نے شنکر سنگھ کو متبنی کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ پندرہ برس تک جانشینی کے واسطے برابر جنگ و جدال کا بازار گرم رہا۔ بالآخر ایک راضی نامہ تحریر کیا گیا جسکی رو سے فریقین نے راجہ کے خطاب اختیار کیے مگر ریاست تلوئی پر کوئی متصرف نہین ہوا۔ آخر مین شنکر سنگھ نے اُسپر قبضہ کرلیا۔ راجہ چھتر دھاری کے پوتے راجہ درگج سنگھ ۱۸۷۹ء مین لاولد مرگئے۔ اور شاہ مؤ کی ریاست کے وارث اُن کے متبنی بیٹے یعنی راجۂ حال قرار پائے۔ سکونت شاہ مؤ۔ رائے بریلی۔

مہیش پرتاب سنگھ۔ راجۂ انولا۔ ولادت ۲۵ جنوری ۱۸۲۴ء ۲۳ مارچ ۱۸۹۰ء کو اپنے والد راجہ رُدر پرتاپ سنگھ کے انتقال کے بعد وارث خطاب موروثی یعنی ملقب بہ راجہ ہوے۔ آپ کا تعلق سرنیت راجپوت خاندان سے ہے جسکے مورث اعلی چندر سین سری نگر کے باشندے تھے۔ چندر سین نے تیرھوین صدی عیسوی مین بستی مین آکر کُوانو کے حصہ شمالی کے تمام مقامی سرداران کو فتح کیا اور راجہ مجھولی ضلع گورکھپور کے خاندان مین شادی کی جنسے تین اولادین ہوئین۔ (۱) جگدھر سنگھ جنھون نے گورکھپور مین ستیاسی راج حاصل کیا۔ (۲) جے سنگھ جنھون نے حسن پور گھریا یعنی بانسی کے راج پر قبضہ کیا۔ اور (۳) رندھیر سنگھ جنھون نے ریاست انول یعنی انولا واقع گورکھپور کی بنیاد ڈالی۔ آپ چندر سین کے تیسرے بیٹے رندھیر سنگھ کی اولاد مین ہین جنکے بعد اس خاندان کا تاریخی حال بہت کم ملتا ہے۔ فی الحال آپ اُس خاندان کے جس سے راجگان بانسی کو تعلق ہے اعلیٰ قائم مقام ہین۔ آپ کے بیٹے بھوپ بنس پرتاب نرائن سنگھ ۶ اگست ۱۸۸۴ء کو تولد ہوے۔ آپ کی ریاست پرگنۂ انولا مین واقع ہے جس کی مالگزاری گیارہ ہزار چار سو


پندرہ روپیہ کے قریب ہے - آپ عدالتہاے دیوانی کی اصالتاً حاضری سے مستثنیٰ ہین - سکونت انولا ضلع گورکھپور -

رام سنگھ - راجۂ بانسی - ولادت ۱۸۵۳ء - ریاست بانس درحقیقت ستاسی وانولا کی ملکیت تھی مگر جب جے سنگھ کی چھبیسوین پشت مین راجہ رالے سنگھ نے لاولد انتقال کیا تو ہٹی سنگھ راجۂ انولا اُنکے جانشین ہوے - ہٹی سنگھ کے بعد اُنکے چار بیٹے یکے بعد دیگرے قابض ریاست ہوے اُنکے چوتھے بیٹے راجہ بنس دیو سنگھ کی اولاد مین راجہ سربجیت سنگھ تھے جنھون نے ہرکاش سنگھ راجۂ انولا کے بیٹے کو پھر اپنا جانشین کیا - ہرکاش کے بعد اُنکے دو بیٹے مہیال سنگھ اور مہندر سنگھ یکے بعد دیگرے اُنکے جانشین ہوے - مہیال سنگھ نے لاولد انتقال کیا - مہندر سنگھ نے غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ برطانیہ کی نہایت خیرخواہانہ و نمایان خدمات کین جن کے صلہ مین اُن کو سی - ایس - آئی کا خطاب اور باغی راجۂ نگر کی ضبط شدہ ریاست بطور جاگیر عطا ہوئی - آپ ۱۸۶۸ء مین راجہ مہندر سنگھ کے جانشین ہوے - اسلیے کہا جا سکتا ہے کہ آپ سرنیت راجپوت راجگان انولا سے تعلق رکھتے ہین - آپ کی ریاست اضلاع بستی وگورکھپور مین واقع ہے جسکی مالگزاری بیاسی ہزار دوسو پندرہ روپیہ ہے - خطاب راجہ موروثی ہے - آپ کے بیٹے لال رتن سین سنگھ ہین - سکونت بانسی ضلع بستی -

دامودر - شاستری پنڈت - مہامہو پادھیا - ۳ - جون ۱۸۹۹ء کو خطاب مذکور عطا ہوا اور اس خطاب سے آپ خطاب یافتہ راجاؤن کے بعد دربار مین نشست کرنے کے مستحق ہین - آپ بنارس کالج کے پروفیسر سنسکرت ہین - سکونت بنارس -



راجہ رام پرتاب سنگھ رئیس مانڈا ضلع الہ آباد



بیدار بخت مرزا محمد علی بہادر رئیس لکھنؤ

محمد علی۔ بیدار بخت۔ بہادر۔ مرزا۔ ولادت سنہ ۱۲۵۱ ہجری۔ آپ شہزادۂ خرم بخت مرزا محمد یحیی علی بہادر فرزند سومی محمد علی شاہ بادشاہ اودھ کے خلف اکبر ہین۔ خطاب بیدار بخت سنہ ۱۲۵۲ھ مین آپ کے دادا محمد علی شاہ نے عطا فرمایا تھا جسکو ۴۔ دسمبر سنہ ۱۸۸۷ء کو گورنمنٹ ہند نے بھی تسلیم کیا ہے۔ آپ علوم فارسی و عربی مین دستگاہ تامہ رکھتے ہین۔ آپ اوقاف حسین آباد اور شاہ نجف کے متولی اور عام خیراتی کمیٹی اور جیلخانہ کے ممبر ہین۔ آپکے تین صاحبزادے ہین۔ ثریا بخت مرزا محمد عنایت حسین علی بہادر۔ ولادت ۹۔ ربیع الثانی سنہ ۱۲۹۸ ہجری۔ سلیمان بخت مرزا محمد مہدی علی بہادر۔ ولادت ۱۰۔ شعبان سنہ ۱۳۰۱ ہجری۔ قیصر بخت مرزا محمد منصور علی بہادر۔ ولادت ۲۴۔ صفر سنہ ۱۳۰۶ھ۔ آپکے خلف اکبر کے بیٹے کا نام خسرو بخت مرزا محمد عنایت علی بہادر ہے جنکی ولادت با سعادت ۱۶۔ اپریل سنہ ۱۹۰۱ء کو واقع ہوئی ہے۔ سکونت لکھنؤ۔

رام پرتاب سنگھ۔ راجہ۔ ولادت سنہ ۱۸۶۶ء۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے۔ آپ گھروار راجپوت ہین اور قنوج کے راجہ جے چند کی نسل سے ہین ۱۱۹۴ھ مین جب شہاب الدین غوری نے قنوج کو تاخت و تاراج کیا تو اِس خاندان کی ایک شاخ راجپوتانہ کو گئی اور اُس سے جودھپور۔ بیکانیر اور جیسلمیر کے شاہی خاندان ظہور مین آئے۔ دوسری شاخ مشرق کو آئی اور بنارس کے متصل کیرا منگرول مین توطن اختیار کیا۔ یہان اُنھون نے چودہ پرگنون کی ایک ریاست قائم کی جسپر وہ شیوراج دیو کے زمانے تک قابض رہے بیان ہوا ہے کہ شیوراج دیو نے مہاراجہ بنارس کے ایک مورث کو اپنی ریاست کا بہت بڑا حصہ دان کر دیا۔ راجہ دیودت نے جو راجہ شیوراج دیو سے پندرھوین پشت مین تھے شیر شاہ کے زمانہ مین اسلام قبول کیا۔ اُنکے بھائی گودن دیو نے معہ اپنے اہل خاندان کے کنتیت اور مانڈا مین سکونت اختیار کی۔ اِنکے دو بیٹے تھے۔ بھوج راج دیو راجۂ مانڈا اور

اگرسین راجہ بجے پور۔ راجہ رام پرتاب سنگھ راجہ بھوجراج دیو سے بائیسوین پشت مین ہین۔ آپ کے علاقہ ریاست مین دوسو تھتر مواضع ہین جنمین دوسو پینسٹھ آلہ آباد اور بارہ مرزاپور مین واقع ہین۔ آپکے والد راجہ جیت پال سنگھ نے غدر ۱۸۵۷ء مین حکام وقت کو قابل قدر مدد دی تھی۔ آپ کے ایک بزرگ راجہ ایشورج سنگھ کو بندیلون کی لڑائی مین دلیرانہ خدمات انجام دینے کے صلہ مین گورنر جنرل مارکوئیس آف ولزلی نے ۳۱ مواضع بذریعہ سند عطا فرمائے تھے جواب تک اِس خاندان کے قبضہ اور تصرف مین ہین۔ آپکی شادی سابق مہاراجہ ڈمراؤن کی دختر سے ہوئی تھی۔ زمانۂ قحط سالی ۱۳۰۴ فصلی مین آپنے اپنی رعایا کی بقایا مالگزاری کا ایک بہت بڑا حصّہ معاف کردیا۔ آپ ڈفرن فنڈ کے لائف کونسلر ہین۔ آپ کے چند ملازم اور متوسل قانون اسلحہ سے مستثنیٰ و بری ہین۔ سکونت مانڈہ ضلع آلہ آباد۔

بدری پرشاد۔ رائے بہادر۔ ولادت ۱۸۳۵ء۔ آپ کے دادا لاہور سے فرخ آباد مین وارد ہوے جہان نوابان فرخ آباد نے کچھ زمین عطا کی۔ آپ کے والد چوہول شاہِ اودھ کی سرکار مین ملازم تھے۔ الحاق اودھ کے بعد فرخ آباد مین بود و باش اختیار کی آپ کچھ عرصہ تک مسماۃ درگا دئی کی جائداد کے جو شاہجہانپور مین بہت بڑی زمیندار ہین منتظم رہے۔ ۱۸۹۱ء سے آپ آنریری مجسٹریٹ ہین۔ کئی سال تک میونسپل بورڈ شاہجہانپور کے ممبر رہے اور بحیثیت ممبری کے آپ نے جو خدمات انجام دین اُنکے صلہ مین ۲۲۔ جون ۱۸۹۷ء کو خطاب رائے بہادر عطا ہوا۔ سکونت شاہجہانپور۔

جگت بہادر۔ راجہ۔ مقام اُمری۔ ولادت ۱۷۔ نومبر ۱۸۵۰ء۔ خطاب موروثی ہے آپ قلعۂ بلکھر کے بلکھریہ راجپوت سردارون کے اعلیٰ قائم مقام ہین۔ اِس قلعہ کے وسیع

کھنڈرا سوقت تک موضع اگیا پور مین موجود ہین۔ اِس خاندان کو جسونت سنگھ کے چوتھے بیٹے اور بلبھدر دیچھت کے پرپوتے گھیبر ساہ نے قائم کیا ہے۔ اِنھین بلبھدر دیچھت نے بعد زوال قنوج قلعہ بلکھر کی بنیاد ڈالی تھی۔ چھ سو برس کا عرصہ ہوا اِس خاندان کے ایک جانشین راجہ رام دیو مقام پٹی اور قلعہ بلکھر کے بلکھر یہ سردار تھے مگر انکو بریار سنگھ بچگوتی نے معزول کر دیا اور انکے بیٹے کو بھی تہ تیغ کیا اور قلعہ پر قبضہ کر لیا صرف چند گاؤن راجہ رام دیو کے اعقاب کو حوالے کیے۔ سکونت امری۔ پرتابگڈھ۔

رُدر پرتاب ساہ۔ راجہ۔ مقام دیرہ۔ ولادت ۱۸۔ اگست سنہ ۱۸۶۰ء خطاب موروثی ہے۔ آپ کا تعلق بچگوتی راجپوتون کے بڑے خاندان سے ہے جو مین پوری کے چوہان راجپوتون سے متفرع ہوا ہے۔ اس خاندان کی اس شاخ نے راجکمار کے نام سے شہرت پائی۔ اِس خاندان مین بریار سنگھ کے پوتے آسرے سنگھ نے بھدیان مین سکونت اختیار کی اور وہان ایک قلعہ تعمیر کیا۔ آسرے سنگھ کی چھٹی پشت مین بیچے چند تھے جنکے چار بیٹے تھے۔ انہین سے ایک بیٹے نے دریاے گومتی کے اُس پار ایک نوآبادی قائم کی اور مقام دیرہ کو اپنا مستقر قرار دیا جہان اُنکے اعقاب اسوقت تک رہتے ہین۔ مادھو سنگھ جو گذشتہ صدی کے اواخر مین مالک جاگیر تھے مقام مسورا مین میوپور کے بچگوتیون سے بہت بڑا میدان لڑے اور سنہ ۱۷۹۸ء مین اُنکو زک دی۔ یہ سنہ ۱۸۲۳ء مین لاولد مر گئے اور انکی بیوہ ٹھکرائن دریاؤ کنوران کی جانشین ہوئین۔ یہ نہایت قابل اور ممتاز خاتون تھین انھون نے اپنے مقبوضات کو بہت بڑی وسعت دی۔ دریاؤ کنور کے بعد رستم ساہ ریاست پر قابض ہوے اُنھون نے زمانۂ غدر سنہ ۱۸۵۷ء مین ممتاز خدمات انجام دین۔ جب سلطان پور کے گرد و نواح کی چھاونیون مین رجمنٹون نے بغاوت کی تو پانچ افسر بھاگ کر قلعۂ دیرہ کو گئے جہان رستم ساہ نے

اُنکو پناہ دی اور دو ہفتہ کے بعد اُنکو اپنے بھائی بریار سنگھ کی حفاظت مین ایک بدرقہ کے ساتھ بنارس کو بھیجدیا۔ راجہ رستم ساہ اور اُنکے بھائی بریار سنگھ کو زمانہ غدر مین امن و امان قائم کرنے کے صلہ مین انعامات حاصل ہوے۔ رستم ساہ آنریری مجسٹریٹی اور کلکٹری کے اختیارات سے بھی ممتاز تھے۔ اُنھون نے سنہ ۱۸۷۷ء مین انتقال کیا اور اُنکے بھتیجے راجۂ حال مسند نشین ہوے۔ آپ کو بھی آنریری مجسٹریٹی کا اعزاز حاصل ہے۔ سکونت ڈیرہ سلطان پور۔ اودھ۔

ہمنچل سنگھ۔ راؤ بہادر۔ ولادت ۲۰۔ فروری سنہ ۱۸۶۷ء۔ راؤ امراؤ سنگھ بہادر متوفے کے انتقال کے بعد سنہ ۱۸۸۹ء مین آپ وارث ہوے۔ خطاب مذکور خاندانی ہے جو اصل مین پرتھی راج ہند و شہنشاہ دہلی کی سرکار سے عطا ہوا تھا۔ سکونت بڑھ پورہ۔ اٹاوہ۔

امراؤ سنگھ۔ راے بہادر۔ ولادت سنہ ۱۸۳۴ء۔ آپ کو طبی عمدہ خدمات کے جلدو مین ۲۴ نومبر سنہ ۱۸۸۸ء کو بطور ذاتی اعزاز کے خطاب راے بہادر عطا کیا گیا۔ آپ لچھمن سنگھ کے فرزند ہین۔ آپ گورنمنٹ کی طبّی ملازمت مین بطور نیٹو ڈاکٹر کے فروری سنہ ۱۸۵۴ء مین داخل ہوے تھے اور ابتدائً آپ کا تعلق ترسٹھوین رجمنٹ سے ہوا۔ سنہ ۱۸۵۵ء مین فوج کشی کے ساتھ گئے تھے جو سنتھالیون کے مقابلہ مین ہوئی تھی۔ بعدازان سنہ ۵۶-۱۸۵۵ء مین آپ کو پوری رجمنٹ کا چارج دیا گیا۔ سنہ ۱۸۵۷ء مین ہر مجسٹی کی چونسٹھوین پلٹن مین تعینات کیے گئے جسکی بدلی کانپور کو ہوئی تھی اور نومبر سنہ ۱۸۵۷ء مین باغی سپاہیون کے مقابلہ مین شیوراج پور اور کانپور کی جنگی کارروائی کے وقت موجود تھے۔ اور سنہ ۱۸۵۸ء مین آپ سینتیسوین رجمنٹ مین مقرر ہوے۔ فوج کے ساتھ آپ نے مین پوری اور میر کی سراے

کے درمیان آمد و رفت کا سلسلہ قائم رکھنے کے لیے راستہ کی حفاظت مین مدد دی۔ ۱۸۶۳ء مین رامپور بولیا کا اہتمام آپ کو سپرد ہوا اور ۱۸۶۵ء مین ہز اکسلنسی وایسرائے کی ذاتی ڈسپنسری کو منتقل ہوے۔ ۱۸۸۶ء مین ہز اکسلنسی وایسرائے کے ساتھ منڈالے کو گئے اور ۱۸۹۱ء مین ملازمت سے کنارہ کشی اختیار کی۔ سکونت کانپور۔

چیت سنگھ۔ راؤ۔ ولادت ۱۵۔ اپریل ۱۸۵۱ء۔ خطاب موروثی ہے جسکو گورنمنٹ نے بھی تسلیم کیا ہے۔ آپ کا تعلق سینگر راجپوت خاندان سے ہے جسکا سلسلہ راجگان رورا واقع اٹاوہ سے ملتا ہے۔ آپ کے ایک فرزند اور جانشین لال تیج سنگھ ہین۔ ولادت ۸۔ اکتوبر ۱۸۶۶ء۔ سکونت۔ بھکرا۔ اٹاوہ۔

جادونا تھ ہلدار۔ راے بہادر۔ ولادت ۵۔ اپریل ۱۸۳۲ء۔ خطاب ذاتی ہے اور ۲۷۔ مئی ۱۸۸۹ء کو عطا ہوا ہے۔ آپ کے پردادا نواب مرشد آباد کی سرکار مین ملازم تھے جنھون نے اُن کو ہلدار کے خطاب سے ممتاز کیا جسکا استعمال اُنکے اخلاف نے اپنے خاندانی لقب کے طور پر کیا۔ برٹش فتوحات (تسلط) بنگالہ کے بعد آپ خاص محال واقع بارک پور کے تحصیلدار مقرر ہوے۔ زمانۂ غدر مین باغیون کے ہاتھ مین پانچ مہینہ تک قید رہے اور اِسکے بعد ممالک مغربی و شمالی کے پولس مین نہایت عمدہ خدمات انجام دین۔ سکونت الہ آباد۔

اندر بکرم سنگھ۔ راجہ۔ ولادت ۲۱۔ نومبر ۱۸۶۴ء۔ خطاب مذکور موروثی ہے۔ راجہ صاحب کے ایک بزرگ خاندانی راے ڈینگر دیو نے راجہ کا خطاب اختیار کیا اور برٹش گورنمنٹ نے ۱۸۷۷ء مین اُسے بطور موروثی خطاب کے تسلیم کیا۔ آپ

بنوار راجپوت اور رورا شاہ مقام دھار انگر یاد یو گڈھ کے آٹھوین بیٹے دیور تدھ راے کی نسل مین ہین جو شہنشاہ دہلی کی سرکار مین ملازم ہوے اور ایک اعلیٰ درجہ کی فوجی کمان حاصل کی۔ اِن راجاؤن کے ایوان کے آگے ایک بہت بڑا مربع پتھر رہتا تھا جسکو یہ نہایت متبرک اور واجب الاحترام (قابل پرستش) سمجھتے تھے۔ اِسکی نسبت یہ لوگ روایت کرتے ہین کہ اِس پتھر کو وہ دہلی سے لائے ہین اور کہتے ہین کہ شہنشاہان دہلی کے عطا کردہ علاقہ و جاگیر پر اُنکے قبضہ اور استحقاق کی یہ خاص علامت و نشانی (سند) ہے راجہ جگموہن سنگھ نے سنہ ۱۸۸۱ء مین سنِ بلوغ کو پہونچنے کے چار مہینے قبل انتقال کیا اور اپنے نابالغ بھائی یعنی راجہ حال کو اپنا وارث چھوڑا۔ اِن کے زمانہ نابالغی مین علاقہ کورٹ آف وارڈس کے زیر انتظام رہا۔ آپ نے کیننگ کالج لکھنؤ مین تعلیم حاصل کی اور سنِ بلوغ کو پہونچکر ۲۔ جنوری سنہ ۱۸۹۶ء کو اپنی جائداد و ریاست پر قابض و متصرف ہوے۔ سکونت۔ اٹونجہ۔ مہونہ۔ لکھنؤ۔

کوسل کشور پرشاد مل بہادر۔ راجہ۔ آپ سنہ ۱۸۹۱ء مین راجہ اودے نرائن سنگھ رئیس مجھولی کے انتقال کے بعد وارث ریاست ہوے۔ آپ ضلع گورکھپور کے بسین راجپوت خاندان کے سردار ہین۔ بسو سین بانی خاندان سے اناسی (۷۹) راجہ یکے بعد دیگرے گزرے جنمین سے ہر ایک سین کے لقب سے ملقب ہوا۔ اور اُنکے بعد اَسوین پشت مین راجہ ہردیو سین تھے جنھون نے اپنی بہادری کے صلہ مین شہنشاہ دہلی سے مل کا خطاب حاصل کیا۔ اِسکے بعد تیئیسوین پشت مین بودھ مل پیدا ہوے جو سنہ ۱۵۶۴ء مین وارث ریاست ہوے۔ جب ضلع گورکھپور مین برٹش سلطنت کا تسلط ہوا اُس وقت اجیت مل راجہ تھے جو سنہ ۱۷۵۲ء سے سنہ ۱۸۰۶ء تک خاندان کے سرغنہ رہے۔ راجہ اودے نرائن مل مذکور سنہ ۱۸۴۳ء مین

راجہ تیج مل کے وارث ہوے اور ۱۹۱۸ء مین راہی عالم بقا ہوے۔ سکونت مجھولی۔ ضلع گورکھپور۔

ممتاز علی خان۔ راجہ۔ مقام بلاسپور۔ اُترولہ۔ ولادت ۶۔ اکتوبر ۱۸۶۵ء۔ خطاب مذکور موروثی ہے۔ آپ کا خطاب اصل مین ملک تھا مگر آدم خان نے ۱۸۵۰ء مین اُسے راجہ کے خطاب سے مبدّل کر دیا اور اِسی خطاب کو برٹش گورنمنٹ نے بھی ۱۸۷۹ء مین موروثی تسلیم کیا۔ آپ کا تعلق قدیم پٹھان خاندان سے ہے جو اپنے تئین خالد بن ولید کی نسل مین بتاتا ہے۔ اترولہ مین اس خاندان کے مورث علی خان مقام منوٹہ ضلع مظفرنگر سے شہنشاہ ہمایون کے ساتھ مہم گجرات پر گئے تھے مگر بعد کو شیر شاہ کی افغانی فوج کے شریک ہو گئے جسکے ہاتھون ہمایون کو ایک مدت تک عالمِ غربت مین رہنا پڑا۔ اسکے بعد علی خان نے ریاست ناگر واقع بستی کا محاصرہ کیا جہان سے دس برس کے بعد اُنکو راجۂ سابق کے بیٹے کی سرکردگی مین ہندوؤن کی ایک جماعت کثیر نے پسپا کر دیا۔ بعد ازان اُترولہ کے سامنے اُنھون نے پڑاؤ ڈالا اور دو برس کے محاصرے کے بعد وہان کے راجپوت شہزادہ کو تہِ تیغ کیا اور ۱۵۵۲ء مین راج کی بنا ڈالی جو اب تک اُنکے اخلاف کے قبضہ مین ہے۔ شیخن خان نے اپنے والدین کا رفیع الشان مقبرہ تعمیر کرایا اور بیس برس تک اُترولہ کی حکمرانی کی۔ اُنکے بیٹے داؤد خان جنوار راجۂ بھنگا کے مقابلہ مین مصروف جنگ رہے۔ داؤد خان کے بیٹے آدم خان پہلے افسر خاندان تھے جنھون نے ملک کا خطاب بدل کر راجہ کا خطاب اختیار کیا۔ آخری راجہ اُمراؤ خان ۱۸۵۸ء مین فوت ہوے جو غیر مسلسل سرحدی لڑائیان لڑتے رہے۔ برٹش تسلط کے بعد اُنکے بیٹے جو عالم نابالغی مین وارث ریاست ہوے تھے اُنھون نے ۱۸۶۵ء مین رحلت


کی۔ اُنکے انتقال کے بعد اُسی سال ۶۔ اکتوبر کو راجۂ حال متولد ہوے۔ گورنمنٹ نے فیصلہ کیا کہ اپنے والد کی تمام جاگیر کے مستحق جو سنہ ۱۹۱۵-۱۶ء تک کورٹ آف وارڈس کے زیر انتظام رہی راجۂ حال قرار دیے جائین۔ آپ کی شادی راجہ جنگ بہادر خان تعلقدار نان پارہ کی دختر کے ساتھ ہوئی۔ سکونت اُترولہ۔ گونڈہ۔

احمد شاہ۔ نواب۔ سید۔ ولادت یکم جنوری سنہ ۱۸۳۵ء۔ آپ خاندان سادات موسوی مشہدی سے ہین اور سلسلۂ نسب جناب علی موسی رضا علیہ السلام سے ملتا ہے۔ ابتداءً یہ خاندان بغمان متصل کابل مین آکر آباد ہوا تھا۔ الگزینڈر برنس صاحب کی سفارت کابل مین مدد دینے کے سبب سے یہ خاندان وہان سے خارج کر دیا گیا اور سردھنہ مین آکر آباد ہوا۔ جب میرٹھ مین بغاوت شروع ہوئی تو سید محمد جانفشان خان اپنے سوارون کی ایک فوج لیکر جسکے افسر وہ خود اور اُنکے اعزا و اقارب تھے اُٹھ کھڑے ہوے اور مقام ہنڈون مین جنرل ولسن صاحب کی فوج کے شریک ہوے اور وہان کے دونون جنگی میدانون مین موجود تھے۔ اسکے بعد وہان سے دہلی آئے جہان اُسوقت تک فوجی ہیڈ کوارٹر کے کمپ مین شریک رہے جب تک شہر پر تسلط نہین ہوا۔ اس اثنا مین اُنکے آدمی دہلی مین امن قائم کرنے مین مشغول و مصروف رہے۔ ان خدمات کے جلدو مین انکو نواب کا خطاب اور ایک مناسب اور موزون خلعت عطا ہوا۔ اور انکے ایک جانشین کو وراثت ریاست کے ساتھ نواب کا خطاب بھی اُنکی حین حیات تک حاصل رہا۔ سکونت سردھنہ۔

لکشمی شنکر مِسر۔ پنڈت۔ رائے بہادر۔ یکم جنوری سنہ ۱۹۱۰ء کو بطور ذاتی اعزاز کے آپ کو خطاب مذکور مرحمت ہوا۔ سکونت بنارس۔



راے صاحب لالہ بیجناتھ سہاے رئیس غازیپور



خان بہادر محمد احمد حسن مجسٹریٹ رامپور



راے بہادر بابو مہندر و ناتھ عہدہ دار بارہ بنکی



خان بہادر شیخ احمد حسین خان رئیس فتحپور

بیجناتھ سہاے - لالہ - راے صاحب - ولادت ۱۲ - نومبر ۱۸۶۵ء - آپ لالہ بجناور سنگھ رئیس و زمیندار مظفر نگر کے فرزند اور قوم کے اگروال ویش ہین - آپکا خاندان کھڈے والہ مشہور رہے - آپکو ۱۹۰۹ء مین راے صاحب کا خطاب بجلدوے اُن خدمات کے عطا ہوا تھا جو آپ نے بطور ڈسٹرکٹ سرویر مرزا پور کے ۱۸۹۶-۹۷ء کے قحط مین انجام دی تھین - آپ فی الحال غازی پور کے ڈسٹرکٹ انجنیر ہین - راے بیجناتھ سہاے کے پانچ فرزند ہین - کیلاش چندر - ہیش چندر - ستیش چندر - گردھر گوپال - ترلوک ناتھ - سکونت غازی پور -

احمد حسن - منشی - خان بہادر - آپ کی ولادت ۱۲ - ستمبر ۱۸۳۸ء کو قصبۂ کرت پور ضلع بجنور مین واقع ہوئی - آپ نسبًا شیخ انصاری اور اُن مشہور قضات کے خاندان سے تعلق رکھتے ہین جنکے مورث اعلیٰ قاضی رضی جلال الدین محمد اکبر شہنشاہ دہلی کے عہد مین منصب قضا پر مامور تھے - خان بہادر منشی احمد حسن حسب دستور تحصیل علوم سے فارغ ہوکر ۲۵ - اگست ۱۸۶۲ء کو گورنمنٹ کی ملازمت مین داخل اور بندوبست کی اہلمدی پر مامور ہوے پھر آپنے اپنی حسن کارگزاری سے تدریجًا ترقی کرتے کرتے ڈپٹی کلکٹری حاصل کی اور اسی عہدہ جلیلہ سے آپ یکم نومبر ۱۸۹۴ء کو کنارہ کش اور پنشن یاب ہوے - دوران ملازمت مین گورنمنٹ کے قوانین کے نفاذ مین آپ نہایت مستعدی اور خوش اسلوبی سے کوشش کرتے رہے جسکے شکریہ مین حکام وقت نے وقتًا فوقتًا اسناد عطا کین بعد حصول پنشن جولائی ۱۸۹۵ء سے آپ ریاست رام پور مین چیف مجسٹریٹی کے کام انجام دے رہے ہین - آپ کی قانونی لیاقت اور حسن انتظام کا اندازہ ریاست کی سالانہ رپورٹون سے بخوبی ہوسکتا ہے - گورنمنٹ انڈیا نے آپ کی حسن خدمات کے جلدو مین یکم جنوری ۱۹۰۱ء کو بطور ذاتی اعزاز کے خان بہادر کے خطاب سے سرفراز فرمایا - آپ کرت پور تحصیل نجیب آباد ضلع بجنور کے

رئیس ہین - موجودہ سکونت ریاست رام پور -

مہندر و ناتھ - عہدہ دار - راے بہادر - ایل - ایم - ایس - ایف - اے - یو - آپ ۷ - جنوری ۱۸۵۶ء کو سید پور چوبیس پرگنہ بنگال مین پیدا ہوے اور پانچ سال کی عمر مین اپنے والد ڈاکٹر کالی ناتھ عہدہ دار کے ہمراہ جو اُس زمانہ مین صدر شفاخانہ کے اسسٹنٹ سرجن تھے بنارس آئے - آپ کی طالبعلمی کا زمانہ کچھ تو بنارس مین اور کچھ کیننگ کالج لکھنؤ مین صرف ہوا ۱۸۷۴ء مین آپ لاہور میڈیکل کالج مین داخل ہوے - یہان آپنے علوم تشریح ادویہ اور فن قابلہ مین درجۂ اول کا انعام حاصل کیا - ۱۸۷۹ عیسوی مین کامیابی امتحان کے بعد آپ گڑھوال کے صدر شفاخانہ مین تعینات کیے گئے - اکتوبر ۱۸۸۲ء مین بنارس مین تبادلہ ہوگیا جہان آپ کو بھیلو پورہ ڈسپنسری کا اہتمام سپرد ہوا جنوری ۱۸۹۴ء مین کالون ہاسپٹل الٰہ آباد مین منتقل ہوے - سر آکلنڈ کالون کے زمانۂ حکمرانی مین آپ قانون اسلحہ کی شرائط سے مستثنیٰ ہوے - آپ ۹ - سال تک الٰہ آباد مین میونسپل کمشنر رہے ہین - ۱۸۹۲ء مین خطاب راے بہادر عطا ہوا - آپ وہ پہلے ہندوستانی ہین جنکو لارڈ الجن صاحب نے ہندوستان کی والنٹیر فوج مین کمیشن عنایت کی تھی - جنوری ۱۸۹۸ء مین آپ الٰہ آباد رائفل کور کے سرجن لفٹنٹ مقرر ہوے ۱۸۹۹ء کو آپ بارہ بنکی مین بہ عہدہ سول سرجن اور ۱۹۰۱ء مین آپ والنٹیر فوج کے عہدۂ سرجن کپتان پر مامور ہوے اور الٰہ آباد یونیورسٹی کے فیلو مقرر ہوے - فی الحال آپ بارہ بنکی کے سول میڈیکل افیسر ہین - سکونت بارہ بنکی -

احمد حسین - منشی - شیخ - خان بہادر - آپ کا خاندان کئی پشت سے جان نثار گورنمنٹ برطانیہ ہے - آپ کے دادا شیخ امام بخش رسالہ دار تھے جنھون نے بغاوت ۱۸۵۷ء مین اپنی نمایان خدمات کے صلہ مین پوری پنشن پائی اِس سے پہلے وہ پنجاب کی

لڑائیون مین شریک تھے اور جنگ چلیانوالہ مین زخمی ہوے - آپ کے چچا شیخ دھومن نے جو پیادہ پلٹن کے صوبہ دار تھے اس جنگ مین داد شجاعت دی تھی - آپ کے والد حاجی شیخ نظر محمد اور اُنکے برادر اکبر مہاراجہ ناگپور کی سرکار مین ملازم تھے - جب ملک ناگپور شامل قلمرو برٹش سلطنت ہوا تو آپ کے والد کی ملازمت بھی سرکار انگریزی مین منتقل ہوگئی اور وہ توپخانہ موسومۂ ناگپور اِرِرگلر بارڑی کے کمیشن یافتہ افسر مقرر ہوے - اُنھون نے ۱۸۵۷ء مین نمایان خدمات انجام دی تھین - آپنے بھی اکیس سال سے زیادہ سرکاری ملازمت کے بعد ۱۸۹۰ء مین پنشن حاصل کی تیئیس برس تک ایجنسی بھوپال مین مجسٹریٹ درجۂ اول و جج عدالت دیوانی رہے ۱۸۸۶ء مین نیٹو اسسٹنٹ ایجنسی بھوپال مقرر ہوے - آپ نے اپنی کارگزاریون سے اپنے افسرون کو ہمیشہ رضامند اور خوش رکھا - لارڈ لینسڈون کے عہد حکومت ویسرائی مین آپ کو خطاب خان بہادر کا مرحمت ہوا - ۱۸۹۴ء مین جب ویسراے و نواب گورنر جنرل بہادر کشور ہند بھوپال مین تشریف لائے تو اُنکے کیمپ کا چارج آپ ہی کے سپرد ہوا - اس خدمت کو آپ نے اس خوبی اور حسن لیاقت سے انجام دیا کہ نواب شاہجہان بیگم صاحبہ خلد مکان والیۂ بھوپال نے بمنظوری رزیڈنسی گھڑی مع زنجیر طلائی عنایت فرمائی - آپکے دو صاحبزادے منشی عنایت حسین و حافظ محمد ہدایت حسین - بی - اے - معزز خدمات پر سنٹرل انڈیا اور ملک متوسط مین سرفراز و مامور ہین - آپ اجورہ بزرگ کے رئیس و زمیندار ہین - سکونت اجورہ بزرگ ضلع فتحپور -

مادھو سنگھ - راے بہادر - ولادت ۱۸۲۱ء - بطور ذاتی اعزاز کے ۲۴ - مئی ۱۸۸۳ء کو خطاب راے بہادر عطا ہوا - آپ کا تعلق ایک چھتری خاندان سے ہے جسکو مقام بیواڑہ واقع اودھ سے آئے ہوے اور ضلع جونپور مین قیام کیے ہوے نو پشتین گزری ہین - آپ نے بغاوت ۱۸۵۷ عیسوی مین گورنمنٹ کی نہایت قیمتی خدمات

انجام دین اور سب سے پہلے جرأت کرکے گورنمنٹ کی خیرخواہی کا پہلو اختیار کیا۔آپنے گورنمنٹ کو ہرایک قسم کی امداد دی اور اکثر کاشتکاران نیل کی جان ومال کی حفاظت کی اسکے صلہ مین آپ کو ایک سند اور کچھ اراضی اور آخر مین راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا سکونت۔جونپور۔

بالمکند۔راے۔راے بہادر۔ولادت ۵۔نومبر ۱۸۳۴ء۔آپ قوم کے کھتری ہین اور خطاب ذاتی ہے جو ۱۸۷۵ء کو عطا ہوا۔آپکو دربار قیصری دہلی ۱۸۷۷ عیسوی مین اعزازی سند مرحمت ہوئی۔آپ کے آباواجداد(تین سو برس کا عرصہ گزرا)پنجاب سے آئے اور آگرہ مین تجارت شروع کی۔آپ نے زمانہ غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ کی بیش قیمت خدمات انجام دین اور بورڈ آف رونیو آگرہ کے کاغذات محفوظ رکھے اور ۱۸۶۶ء مین آپ مستقل ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوے۔سکونت آگرہ۔

لوک سنگھ۔راجہ مقام بھنی پائر۔آپ راجہ اودے نرائن سنگھ تعلقدار بھنی پائر کے انتقال کے بعد ۱۸۹۲ء مین وارث ریاست ہوے۔راجہ کا خطاب موروثی ہے۔آپ کھراسا کے اُن قدیم کلہن راجاؤن کے خاندان کے افسر اور سرغنہ ہین جنکا راج بہرائچ مین حسام پور سے ضلع گورکھپور تک پھیلا ہوا تھا۔اِس خاندان کے مورث اعلی اسہج ساہ کی نسبت جو اپنے تئین فرمانرواے بہار جراسندھ کی نسل بتاتے ہین بیان کیا جاتا ہے کہ وہ چودھوین صدی مین راجپوتانہ سے آئے اور اپنے دوست ملک عین الدین کی ملازمت اختیار کی جو کڑہ مانک پور سے جنوبی اودھ تک حکمرانی کرتے تھے۔اِس قدرشناس افسر نے اُنکو اور اُنکے راجپوت سپاہیون کے گروہ کو اندرونی بدنظمیون کے فرو کرنے کے لیے نہایت مفید اور کارآمد پایا اور اُسکے معاوضہ مین آنزوے گھاگرا کا ملک جو

آخر مین کھراسا کے نام سے مشہور ہوا بطور جاگیر کے عطا کیا جہان اُنھون نے ڈومون کو خارج کرنے کے بعد سکونت اختیار کی - سہج ساہ کی ساتوین پشت مین اچل نراین اس خاندان کے آخری حکمران تھے - اچل نرائن سنگھ کے بیٹے بھنگ سنگھ نے سن تمیز کو پہونچکر ایک چھوٹی جاگیر پر قبضہ کیا جسمین بھنی پائر اور بڑھاپار ضلع گونڈہ اور رسول پور غوث ضلع بستی شامل تھے - کچھ دنون بعد پرگنہ بڑھاپار اعلاول خان (اترولہ کے پٹھانون کے سردار) نے اِس سے چھین لیا جس نے ایک محاربہ عظیم کے بعد تمام کلہنون کو نکال دیا تھا - اس راجۂ کھراسا کے اعقاب مین پانچ پشتون تک مشمولہ پرگنہ جات بھنی پائر و رسول پور غوث اس خاندان کے قبضہ مین قائم رہے مگر بھنگ سنگھ کی چھٹی پشت مین مدھکر سنگھ کے دو بیٹون راج سنگھ اور ہمت سنگھ نے باہم ترکہ تقسیم کرلیا - اول الذکر نے تو رسول پور غوث لیا اور اپنے کو راجہ کے لقب سے ملقب کیا اور آخر الذکر بھنی پائر کے بابو مشہور ہوے - راج سنگھ کے پوتے کیسری سنگھ راجہ بانسی کے ہاتھ سے لڑائی مین مقتول ہوے جنھون نے بزور بازو پرگنہ رسول پور غوث پر قبضہ کرلیا تھا اس مقتول راجہ نے ایک خُرد سال لڑکا شوجا سنگھ چھوڑا جسکو اُسکے لاولد چچازاد بھائی بابو رام سنگھ مقام بھنی نے متبنیٰ کیا - اور راجہ کا لقب اس راج کے حکمران کے نام منتقل کیا - اِن کے بیٹے ادبھوت سنگھ سنہ ۱۸۲۱ء تک مالک ریاست رہے اور راجہ جے سنگھ نابینا کو اپنا جانشین چھوڑ کر راہی ملک بقا ہوے جو خود بھی الحاق ملک کے کچھ سال قبل مر گئے - اودھر دوبارہ قبضہ ہونے کے بعد یہ علاقہ رانی سرفراز کنور بیوہ اندرجیت سنگھ کو ملا جنکے سنبٹے راجہ اودے نرائن سنگھ تھے یہ علاقہ سنہ ۱۸۶۷ء مین کورٹ آف وارڈس کے انتظام مین دیدیا گیا پھر سنہ ۱۸۷۳ء مین راجہ صاحب مذکور قابض ہوے اور اُنکے انتقال کے بعد لوک سنگھ یعنی راجۂ حال وارث ریاست ہوے - آپکی صرف دو صاحبزادیان ہین - سکونت بھنی پائر گونڈہ -

شیوپال سنگھ- راجہ مقام مرار مئو- ولادت ۷- جون ۱۸۳۴ء ۶- ۱۸۶۶ء عیسوی مین آپ اپنے والد راجہ وگبجے سنگھ سی-ایس-آئی- کے انتقال کے بعد وارث ریاست ہوے جو قتل کانپور کے چار بقیۃ السیف لوگون کے مشہور جان بچانے والے اور نجات دلانے والے تھے- یہ خطاب ابتدا مین شہنشاہ دہلی محمد شاہ کے دربار سے عطا ہوا تھا جسکو برٹش گورنمنٹ نے بھی تسلیم کیا- آپ تلوک چندی بیس ہین جو اپنا سلسلہ براہ راست پرتھی چند خلف تلوک چند سے ملاتے ہین- بیس خاندان کے مورث اعلیٰ سالباہن پسر راجہ بانسو ہین جنکی نسبت مشہور ہے کہ اِن کو نربدا کے کنارہ ایک کمھار نے پرورش کیا تھا اور اُنھون نے راجہ بکرما دت پر مٹی کے کھلونون کی فوج سے فتح پائی جو میدان کارزار مین متحرک بیتل کے آدمی ہو گئے تھے اور بالآخر وہ شہنشاہ ہندوستان ہو گئے- اُن کے ایک جانشین ابھے چند نے گوتم راجہ ارگل کی بیٹی کو صوبہ دار کی فوج کے پنجہ سے رہائی دلائی جسکے جلدو مین وہ شہزادی اور اُس ملک کی صوبہ داری عطا کی گئی جو آخر مین اِس خاندان بیس کے نام سے بیسواڑہ مشہور ہوا- ابھے چند کے پوتے سِدھو راے مرار مئو اور ڈونڈیہ کھیڑا پر قابض ہوے اِن کے جانشین راجہ ستنا شہنشاہ حسین شاہ والی جونپور کے ہاتھ سے مارے گئے مگر اُنکی رانی بچکر نکل گئی جس سے تلوک چند پیدا ہوے اُنھون نے آخر کار تمام مشرقی اودھ پر قبضہ کر لیا- اُنکے بعد اُنکے بڑے بیٹے پرتھی چند نے ممالک مغربی بھی حاصل کیے جو مرار مئو ڈونڈیہ کھیڑا اور پورول کے رؤسا کے مورث اعلیٰ ہین- راجہ دگبجے سنگھ رئیس مرار مئو اس بڑے خاندان کے اعلیٰ قائم مقام تھے- اُنھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ کی نمایان خدمات انجام دین- اُن کو اسکے صلہ مین بہت بڑا علاقہ عطا کیا گیا جسمین بہت بڑا حصہ اُس جاگیر کا بھی شامل ہے جو اُنکے رشتہ داران باغی رئیس ڈونڈیہ کھیڑا سے ضبط کر لی گئی تھی- اُنکو اسسٹنٹ کلکٹری کے اختیارات بھی حاصل تھے اور کمپینین آف دی موسٹ ایکزالٹڈ آرڈر آف دی اسٹار آف انڈیا کے خطاب سے بھی ممتاز تھے- راجہ حال اپنے والد کے قائم مقام اور مالک ریاست

ہین - آپ آنریری مجسٹریٹ اور اسسٹنٹ کلکٹر بھی ہین - آپ کی دو صاحبزادیان ہین سکونت - مرار مؤ راے بریلی -

بھگوان بخش سنگھ - بندھلگوتی - راجہ امیٹھی سلطانپور - خطاب راجہ کا موروثی ہے آپ کا سلسلۂ نسب سودہ راے سے ملتا ہے جو سورج بنسی خاندان جے پور کے ایک بزرگ تھے جنھون نے نرور گڈھ ہوتےکر امیٹھی کے بھرون کو مغلوب و مفتوح کیا اور راے پور مین ایک قلعہ تعمیر کر کے اُسکو اپنا صدر مقام قرار دیا تھا - مان دھاتا سنگھ کے لڑکے کا نام جو سودہ راے کی چھٹی پشت مین تھے بندھو رکھا گیا تھا - اُسوقت سے اِس خاندان نے بندھو گوتی یا بندھلگوتی لقب اختیار کر لیا ہے - بندھو کے جانشین منوہر سنگھ تھے اُنکے چھ بیٹے تھے جنھون نے خاندانی علاقہ کو باہم تقسیم کر لیا - ان مین ایک بیٹے راج سنگھ نامے نے ریاست اُودیا وان پر قبضہ حاصل کیا - جب رام سنگھ اور کنور سنگھ اُنکے بھائیون نے انتقال کیا تو اُنکی ریاستین ہمت گڈھ و گنگولی بھی اُنکے ہاتھ آئین - دوسری پشت مین اس خاندان کی بہت سی شاخین ہو گئین لیکن اُنکے تاریخی حالات معلوم نہین ہوے - گردت ساہ نے رام نگر جا کر اُسے اپنا ہیڈ کوارٹر (صدر مقام) بنایا - اُنکے بیٹے اور پوتے کے زمانہ مین اس ریاست کو نمایان ترقی ہوئی اور اُسمین پرگنہ گڈھ امیٹھی بھی شامل ہو گیا - بشیشر سنگھ نے ۱۸۴۲ء مین لاولد انتقال کیا اُس وقت اُن کے چچازاد بھائی راجہ مادھو سنگھ مرحوم اُنکے جانشین ہوے - الحاق اودھ کے بعد یہ ریاست بنام امیٹھی مشہور ہوئی - راجہ مادھو سنگھ کو اختیارات مجسٹریٹی حاصل تھے - آپ راجہ موصوف کے جانشین ہین - آپ کے علاقہ مین تین سو چودہ مواضع شامل ہین جن کی مالگزاری ایک لاکھ ستاسی ہزار نو سو چھتیس روپیہ ہے - سکونت امیٹھی سلطانپور -

سُدھاکر۔ دوبے۔ مہامہوپادھیا۔ ولادت ۲۶۔ مارچ سنہ ۱۸۶۰ع۔ آپکو جناب ملکہ وکٹوریہ قیصرۂ ہند کی سلطنت پنجاہ سالہ کی جوبلی کے موقع پر السنۂ مشرقیہ مین مہارت تامہ حاصل ہونے کی وجہ سے ۱۶۔ فروری سنہ ۱۸۸۷ع کو خطاب مذکور عطا ہوا۔ آپ کو خطاب یافتہ راجاؤن کے بعد درباروں مین جگہہ ملنے کا استحقاق حاصل ہو گیا ہے۔ آپکا تعلق سرجوپاری برہمنون کے خاندان سے ہے جسکے اجداد برہما پور ضلع گورکھپور مین سکونت پذیر تھے۔ اس خاندان کے ایک بزرگ بنارس کو آئے جہان وہ ایک پادھیا برہمن کے جانشین قرار پائے۔ سُدھاکر دوبے سنہ ۱۸۸۳ع مین بنارس کالج کے کتب خانہ صیغہ سنسکرت کے لائبریرین مقرر ہوے۔ آپ نے علم ریاضی اور علم ہیئت مین متعدد کتابین تصنیف کی ہین۔ سکونت بنارس۔

نرندر سنگھ۔ راجہ مقام ہردوئی۔ ولادت ۷، دسمبر سنہ ۱۸۵۸ع۔ آپکا تعلق سینگر خاندان کی ایک شاخ سے ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ افسر خاندان سرن دیو کو سنہ ۱۶۹۵ع مین اُنکی فوجی خدمات کے جلدو مین راجہ کا خطاب اور جاگیر عطا کی گئی تھی جس پر یہ سینگر خاندان بندیلون کے حملہ کے وقت تک قابض رہا جو چھہتر سال کی ماتحتی مین کیا گیا تھا۔ پیشوا جب جالون پر قابض ہوا تو اُس نے گوکل سنگھ کو ستائیس مواضع دیے مگر پنڈت گوبند راؤ نے واپس کر لیے اور گزارہ کے لیے صرف موضع ہردوئی اور ایکہزار پانچ سو بیگھہ اراضی دی۔ راجہ نرندر سنگھ یکم مئی سنہ ۱۸۹۰ع کو گورنمنٹ برطانیہ کی جانب سے اپنے موروثی خطاب راجگی سے مفتخر ہوے آپ کے فرزند اکبر اور جانشین ریاست کنور مکند سنگھ ہین جو ۲۴۔ اپریل سنہ ۱۸۸۴ع کو متولد ہوے۔ سکونت ہردوئی۔ پرگنہ جالون۔



سید محمد علی - سی ایس ڈسٹرکٹ و سشن جج جونپور



مسٹر عبداللہ ابن خان بہادر یوسف علی سہارنپور

محمد علی - سیّد - بی - اے - سول سروس - ولادت ۱۸۶۳ء - آپ کا مسقط الرّاس اور آپ کے بزرگون کا وطن دہلی ہے مگر آپ نے علیگڈھ مین توطن اختیار کیا ہے - سر سیّد احمد خان بہادر مرحوم آپ کی والدہ کے چچا تھے - آپ نے سر سیّد کے زیر نگرانی علیگڈھ انیگلو اورنٹیل کالج مین تعلیم پائی ہے - آپ اُن چند طالبعلمون مین ہین جو اُسوقت داخل کیے گئے تھے جب بحیثیت ایک اسکول کے ۱۸۷۵ء مین علیگڈھ کالج کا افتتاح ہوا تھا - آپ ۱۸۷۵ء سے ۱۸۸۶ء تک کالج مین رہے اور مؤخرالذکر سنہ مین بی اے کی ڈگری حاصل کی اور اُسی سال کے آخر مین سول سروس مین داخل ہوکر دوسرے سال بعہدۂ اسسٹنٹ مجسٹریٹ کلکٹر آگرہ مین متعین ہوے اور پھر اسسٹنٹ کمشنری اور جنٹ مجسٹریٹی کے درجون کو طے کر کے ڈسٹرکٹ و سشن جج کے عہدہ پر فائز ہوے - اپریل ۱۸۹۹ء سے اسوقت تک آپ اُسی عہدہ پر ہین - آپ نے اضلاع آگرہ - مین پوری - فرخ آباد و فتحپور مین نہایت کامیابی سے سرکاری خدمت کو انجام دیا - جھوبہ اور للت پور مین آپ سب ڈویزنل آفیسر رہے اور بحیثیت جج آپ نے مرادآباد اور شاہجہانپور مین کام کیا ہے اور بالفعل جونپور مین ہین جس زمانہ مین سر سیّد پبلک سروس کمیشن کے ممبر تھے آپ اُنکے پرنسپل اسسٹنٹ تھے - اور کمیشن کے اجلاس مین بمقامات لاہور - الہ آباد اور کلکتہ آپ موجود تھے - آپ علیگڈھ کالج کے ٹرسٹی ہین - آپ کی زوجہ سیّد حامد کی بیٹی ہین جو سر سیّد کے بڑے بیٹے تھے - سکونت علیگڈھ -

عبداللہ ابن یوسف علی - ایم - اے - ایل - ایل - ایم کیمبرج ایم - آر - اے - ایس - انڈین سول سروس بیرسٹرایٹ لا (لنکن ان) - ولادت ۱۴ اپریل ۱۸۷۲ء - آپ نسلاً عرب ہین اور وطن قدیم مصر اور بعدہ مسقط تھا - آپ کے والد خان بہادر شیخ یوسف علی شجاع الدین نیجنگ کمیٹی مینوسپل بورڈ شہر سورت کے چیرمین تھے - آپ نے بمبئی

مین تعلیم پائی ۱۸۸۹ء کو امتحان مٹریکیولیشن بمبئی یونیورسٹی مین آپ کا نمبر اوّل تھا
جسمین پندرہ سو اُمیدوار شریک تھے۔ ڈگری کے ابتدائی امتحان مین بھی صرف آپ ہی
اُس سال فرسٹ کلاس مین کامیاب ہوے اور زبان لاطینی مین اعلیٰ درجہ حاصل کرنے
کے سبب سے انعام پایا سنہ ۱۸۹۱ء مین آپ نے بی۔اے کا امتحان بمبئی یونیورسٹی مین پاس
کیا اور دوسرے سال گورنمنٹ اسکالرشپ سے مستفیض ہوکر انگلستان گئے اور سنٹ
جان کالج کیمبرج مین داخل ہوے اور خاص امتیاز کے ساتھ ایم۔اے۔ اور ایل۔ایل
ایم۔ کی ڈگری حاصل کی اور بیرسٹری کا امتحان پاس کیا اور بعدہ سول سروس کے امتحان
مین آپ کا درجہ اول رہا۔ آپ نے ۴۔ جون ۱۸۹۴ء کو بمقام کورٹ سنٹ جیمس شاہی
دربار لیوی مین شریک ہونے کا افتخار حاصل کیا۔ اُن جملہ کامیابیون کے بعد جنوری
۱۸۹۶ء مین آپ ہندوستان کو واپس آئے اور اضلاع متحدہ (جو اُس زمانہ مین
ممالک مغربی و شمالی کے نام سے مشہور تھا) مین بعہدۂ اسسٹنٹ کلکٹر و مجسٹریٹ اوّلاً
ضلع سہارنپور مین اور پھر قلیل مدت کے لیے شاہجہانپور اور بریلی مین اور بعدہ دو
سال ہمیرپور مین بعہدۂ جنٹ مجسٹریٹ معین ہوے۔ آپ دو برس تک کروی سب
ڈویزن ضلع باندہ کے افسر ضلع رہے۔ اسکے بعد پھر آپ سہارنپور کو واپس گئے
اور اختیارات ایڈیشنل جج کے عطا ہوے آپ کو مختلف زبانون مثل اُردو۔ ہندی۔
گجراتی۔ مرہٹی۔ فارسی۔ عربی۔ سنسکرت۔ انگریزی۔ فرانسیسی اور لاطینی مین مہارت ہے
آپ نے انگریزی لٹریچر مین بھی تجرّ حاصل کیا ہے اور بزمانۂ قیام انگلستان وہان کے
رسوم۔ قواعد معاشرت اور علمی اور تمدنی ترقیون کے اصول سمجھنے مین کوشش
بلیغ کی اور آپ انگریزی سیرت کے شیدائی ہین۔ آپ کی راے ہے کہ ہندوستانیون
کے انگلستان جانے کا مقصد اعلیٰ یہ ہونا چاہیے کہ انگریزی اخلاق و عادات اور
انگریزون کے عمدہ اصول حیات مثل مردانگی۔ صدق۔ جرأت ہمّت۔ آزادی۔

وغیرہ کو اخذ کرے اور اُسکا معتاد ہو جائے۔ آپ کو ہندوستان کی صنعت و حرفت سے کمال دلچسپی ہے اور آپ کا خیال ہے کہ ہندوستان کی بہبود اسی پر موقوف ہے کہ ہندوستانی اپنے ملک کی صنعت و حرفت کی قدر کرین آپ نے حسب الحکم گورنمنٹ ایک مضمون ممالک متحدہ آگرہ و اودھ کے بنائے ہوئے ریشمی کپڑے کے مبحث پر تحریر کیا جو ہندوستان اور انگلستان مین نہایت مقبول ہوا۔ آپ کو کتب بینی کا خاص ذوق ہے اور ایک عمدہ اور وسیع کتب خانہ ذاتی آپ نے فراہم کیا ہے۔ سکونت سہارنپور۔

مہیش چندر۔ نیاے رتن۔ سی۔ آئی۔ اِی۔ مہا مہو پادھیا۔ ولادت ۱۸۳۶ع

آپ موضع ناریت ضلع ہوڑہ صوبۂ بنگال کے بہناچاریہ خاندان سے ہین۔ آپ کے بزرگون مین سے اکثر سنسکرت کے عالم گذرے ہین۔ آپ کے والد ہری نارائن ترکاسدہانت اور آپ کے ددھیا گرو پرساد ترکا پنچانن اور ٹھاکر داس چورامنی بہت بڑے پنڈت تھے۔ آپ کی تعلیم سنسکرت نو برس کی عمر سے شروع ہوئی لغات سنسکرت جو مبتدیون کو پہلے یاد کرا دیے جاتے ہین اُسکے حفظ کرنے مین آپ اپنے ہم مکتبون کی بہ نسبت قاصر تھے لہذا آپ کے ابتدائی معلم نے یہ راے قائم کی تھی کہ آپ ہونہار طالب علمون مین نہین ہین۔ بارہ برس کی عمر مین آپ سنسکرت کی صرف و نحو کی تکمیل کے لیے موضع رسک گنج کو تشریف لے گئے کیونکہ اِس موضع کے سنسکرت معلم پنڈت ٹھاکر داس چورامنی صرف و نحو کے درس و تدریس مین نہایت مشہور تھے۔ یہان آپ کی ذہانت و جودت کے آثار نمایان ہونے لگے۔ اُسی زمانہ کے قریب ایک پنڈت نے جو علم منطق مین کامل تھا آپ کے اُستاد سے کہا تھا کہ آپکے قیافہ سے آپ کی طبیعت علم منطق کے لیے نہایت مناسب معلوم ہوتی ہے۔ اُسکے بعد

آپ تحصیل علم کے لیے سنہ ۱۸۵۲ء مین کلکتہ گئے۔ پہلے کالج مین پڑھنے کی تجویز تھی مگر وہان کے بعض لازمی ابتدائی مضامین آپ کے مذاق کے خلاف تھے لہذا آپ نے کالج سے علیحدہ تحصیل علم شروع کی اور یہان آپ نے مشہور ومعروف اُستادون سے منطق اور علم بلاغت حاصل کیا۔ اور ایک پنجابی جوگی سے جو اُس زمانہ مین کلکتہ مین مقیم تھا فلسفہ سری ہرش جو کومٹ کے فلسفہ سے ملتا ہوا ہے حاصل کیا۔ پھر آپ نے علم نجوم پڑھا۔ اسکے بعد تکمیل علوم کی غرض سے سنہ ۱۸۶۱ء مین بنارس آئے اور یہان آپ کے اُستادون مین بشودھانند سوامی تھے جہان اونیشد پاتنجلی میمانسا فلاسفی اور وید وغیرہ کے درسون مین شریک ہوکر درجۂ تکمیل کو پہونچایا۔ اسی زمانہ مین مسٹر گرفتھ صاحب سے جو اُس زمانہ مین بنارس کالج کے پرنسپل اور سنسکرت کے ایک زبردست عالم تھے ملاقات ہوئی اور اُن سے آپ نے ایک سارٹیفکٹ حاصل کیا۔ سنہ ۱۸۶۳ء مین کلکتہ واپس آئے اور تعلیم سنسکرت کے واسطے مہاراجہ کومل کرشن نبیرۂ راجہ نب کرشن کی سرپرستی مین ایک مکتب جاری کیا۔ سنہ ۱۸۶۴ء مین آپ گورنمنٹ سنسکرت کالج کلکتہ کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوے۔ اب آپ نے انگریزی پڑھنا شروع کی۔ بعد ازان آپ علم فقہ و فلسفہ و بلاغت کے مستقل پروفیسر مقرر ہوے۔ پھر آپ اس کالج کے پرنسپل ہو گئے۔ آپ ہی کی تحریک سے ہندو مسلمان علما کے لیے مہاماہوپادھیا اور شمس العلما کے خطابات مقرر ہوے ہین۔ آپ اکثر علمی مجالس مثلاً ایشیاٹک سوسائٹی بنگال۔ انڈین ایسوسی ایشن ترقی علوم کلکتہ یونیورسٹی بورڈ ممتحنان ٹکسٹ بک کمیٹی بہار سنسکرت سماج۔ انتھروپالوجیکل سوسائٹی بمبئی کے ممبر ہین اور تھوڑے دنون سے آپکو ہنگرین اکیڈیمی آف سائنس کی ممبری کی عزت بھی حاصل ہے۔ علاوہ اسکے آپ انڈین ہوسٹل کمیٹی کے جنٹ سکرٹری اور بیتھون گرل اسکول کے رکن اور گورنمنٹ انجینیرنگ کالج واقعہ شبپور کے وزیٹر ہین۔ آپ نے اپنے زمانۂ پرنسپلی مین گورنمنٹ بنگال کے ذریعہ سے

علماے سنسکرت کے امتحانی خطابات قائم کیے۔ اِن امتحانون کے قائم ہونے کی وجہ سے علم سنسکرت جو نہایت تنزل کے عالم مین تھا کسیقدر روبہ ترقی ہوگیا۔ جن مدرسون کے طلبہ ان امتحانون مین کامیاب ہوتے ہین اُنکے معلمین وطلبہ کو گورنمنٹ کی طرف سے انعامات دیے جاتے ہین۔ گورنمنٹ نے ۱۸۸۱ء مین آپ کو سی۔ آئی۔ ای کا خطاب عطا کیا اور ۱۸۸۷ء مین آپ کو خطاب مہامہوپادھیا مرحمت ہوا جو آپ کی اعلیٰ درجہ کی فضیلت کے شایان شان ہے۔ پروفیسر اے۔ بی۔ کاول سابق پرنسپل سنسکرت کالج کلکتہ وحال لکچرار سنسکرت ودیگر السنہ مشرقیہ کیمبرج یونیورسٹی کے مراسلات جو آپ کے نام آئے ہین اُن مین آپ کے اعلیٰ درجہ کے تبحّر کا اعتراف پایا جاتا ہے۔ نہ صرف ہندوستان بلکہ یورپ اور امریکہ مین بھی مجمع علماے سنسکرت مین آپ کا نام مشہور ہے۔ آپ اکثر کتابون کے مصنف اور محشی ہین مثلاً۔ حواشی کاویہ پرکاش۔ میمانسا درشن۔ بلیک یجروید۔ کسمنجلی۔ آپ نے اکثر رسالہ شائع کیے ہین اور سوامی دیانند سرستی کے وید بھاش پر بھی ایک رسالہ لکھا ہے۔ اسکے علاوہ آپ نے علم ہیئت کے متعلق دو رسالہ شائع کیے۔ اور فلسفہ منطق کے اصطلاحات پر نوٹس تحریر کیے جسکو آپ نے حسب فرمائش ڈاکٹر لیٹنر کے لکھا تھا۔ انٹرنیشنل کانگرس علماے علوم مشرقیہ کی طرف سے اِس تالیف پر آپ کو انعام دیا گیا۔ اسکے علاوہ آپ نے رفاہ عام کے کامون مین بھی نہ صرف زبانی بلکہ مال سے مدد دی ہے۔ آپ نے اپنے مسکن موضع ناریت مین ایک سکنڈری اسکول قائم کیا ہے تعلیم نسوان مین بھی آپ نے معتدبہ حصّہ لیا۔ جب بیتھون اسکول لڑکیون کی تعلیم کے لیے جاری ہوا (جواب کالج ہے) تو اکثر پُرانے خیال کے لوگ اپنی لڑکیون کو اِس تعلیمگاہ مین بھیجنے سے احتراز کرتے تھے۔ آپ نے بلا تامل اپنی لڑکی کو تعلیم کے لیے بھیجدیا۔ سکونت ناریت ضلع ہوڑہ

چندر سیکھر۔ راجہ۔ تعلقدار سینڈی۔ خاندانی حالات مین بیان ہوا ہے کہ پاٹھک

امرت لال کے تین بیٹے تھے پاٹھک کندن لعل۔ پاٹھک موہن لال پاٹھک سیتا رام۔ پاٹھک موہن لال کی ایک دختر اُمید کنور نامے تھی جسکی شادی راجہ کاشی پرشاد پسر تیواری گنیش پرشاد ساکن و زمیندار موضع مصر کھیڑہ ضلع راے بریلی سے ہوئی تھی اور کل جائداد و ریاست پاٹھک موہن لال کی اُنکے داماد راجہ کاشی پرشاد کو ملی۔ علاوہ اس جائداد کے اُنھون نے اپنے خسر کے بھائی پاٹھک سیتارام کا حصہ بھی بیع کے ذریعہ سے حاصل کیا لہذا تعلقہ سسینڈی مین وہ دو ثلث کے مالک ہوے۔ راجہ کاشی پرشاد نے گورنمنٹ انگریزی کے ساتھ ایام غدر ۱۸۵۷ء مین بمقام عالم باغ لکھنؤ کمال وفاداری سے رسد کا انتظام کیا اور ایک دوازدہ سالہ مس کی جان بچائی اور بعد تسلط نہایت حفاظت سے جنرل اوٹرم صاحب کے سپرد کردیا۔ اس خیرخواہی کے جلدو مین خطاب راجگی موروثی اور ایک ضرب توپ اور شمشیر مرحمت ہوئی اور منجملہ پانچ خیرخواہ تعلقداران اودھ کے آپ کا نام بھی درج ہوا اور تعلقہ دولیا وجھولیا و لال گنج عطا ہوا اور کل علاقہ کا استمراری انتظام اور جمع مالگزاری مجوزہ سرکار مین فی صدی دس روپیہ کی چھوٹ دیگئی۔ چونکہ راجہ کاشی پرشاد لاولد تھے اسلیے اُنھون نے اپنے چچازاد بھائی تیواری مادھو پرشاد کے منجھلے لڑکے تیواری رام کرشن کو اپنا جانشین مقرر کیا اور مذہب اہل ہنود کے موافق رسم تبنیت ادا کی اور چندر سیکھر نام قرار دیا۔ راجہ کاشی پرشاد نے بیادگار اپنے خسر پاٹھک موہن لال کے موہن لال گنج آباد کیا اور بہت بڑا شیوالہ اور مندر بنایا۔ راجہ کاشی پرشاد نے پچپن برس کی عمر مین ۱۸۷۱ء مین انتقال کیا۔ راجہ چندر سیکھر کی نابالغی کے سبب سے علاقہ زیر اہتمام کورٹ رہا جب آپ بالغ ہوے تو علاقہ کورٹ سے واگزار ہوکر آپ کے اختیار مین آیا۔ آپ نے چند سال تک نہایت عمدہ انتظام کیا بلکہ کسیقدر علاقہ بذریعہ خرید اصل علاقہ مین اضافہ کیا۔ چند سال سے بعض مفسدین کی فتنہ پردازی کی وجہ سے آپ کے اور آپکی رانی کے مابین سخت نااتفاقی پیدا ہوگئی اور آپ کا مزاج کچھ ایسا ناساز ہوا کہ علاقہ کورٹ

ہو گیا اور آپکی ذاتی حفاظت ایک ولی کے سپرد ہوئی۔ اب آپ کو صرف گذارہ ملتا ہے سکونت کانپور۔

علی عباد۔ سید۔ خانصاحب۔ ولادت ۱۸۵۲ء۔ آپ کا سلسلۂ نسب امام دہم حضرت امام علی نقی؏ سے ملتا ہے۔ آپ کے اسلاف سبزوار سے وارد ہند ہوئے تھے جہان اپنے معاصرین مین معزز و ممتاز رہے۔ آپ کے دادا اور والد گورنمنٹ انگلشیہ کے معزز عہدون پر مامور تھے۔ غدر ۱۸۵۷ء کے آشوب ناک زمانہ مین آپ کے والد نے نہایت استقلال کے ساتھ گورنمنٹ کی وفادارانہ خدمات انجام دین جسکے جلدو مین گورنمنٹ نے ایک خلعت گرانبہا اور موتیون کا ہار۔ مرصع کلغی اور ایک زرکار دوشالہ اور اسکے علاوہ ایک قطعۂ باغ اور ایک ہزار سالانہ مالگزاری کی اراضی نسلاً بعد نسلٍ عطا کی۔ ۱۸۶۶ء مین آپ کے والد نے انتقال کیا۔ آپ کے برادر اکبر سید علی جواد (پنشنر تحصیلدار) نے آپ کو علوم مشرقیہ کی اعلیٰ تعلیم دی۔ آپ کی اردو نظم و نثر دونون مین خاص شیرینی اور دلبستگی پیدا ہے۔ حکام وقت نے آپ کی دیانت۔ ذہانت۔ ہردلعزیزی اور گورنمنٹ کی وفاداری کی نسبت عمدہ رائے دی ہین۔ آپکی محتاط اور انصاف پسند طبیعت کی وجہ سے آپ کا تمام زمانۂ ملازمت آپ کے وطن ضلع الہ آباد مین بسر ہوا۔ فی الحال آپ تحصیلداری کے عہدہ پر فائز ہین۔ آپ کے حسن خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے آپ کو بطور ذاتی اعزاز کے ۹ نومبر ۱۹۱۰ء کو خانصاحب کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔ سکونت الہ آباد۔

ٹھاکر پرشاد نرائن دیو۔ راجہ۔ ولادت ۱۸۵۳ء۔ آپ سورج بنسی خاندان کے ہیوبنس راجپوتون مین ہین۔ یہ خاندان اپنے تیئن رتن پور واقع ملک متوسط

کی ہیو بنس سلطنت سے بیان کرتا ہے۔ رتن پور کے اِس خاندان نے باون پشتون تک حکمرانی کی۔ انمین کے ایک شہزادۂ چندر گوتر نے سنہ ۸۵۰ء مین شمالی جانب نقل وطن کیا اور ساحل گھاگھرا پر منجھا کو اپنا مستقر قرار دیا جو فی الحال ضلع سارن مین واقع ہے۔ دو سو برس بعد اِنکے جانشینون نے گنگا کے جنوب مقام بھیا مین سکونت اختیار کی۔ تقریباً سنہ ۱۶۲۸ء مین راجہ بھوپت دیو نے بھیا کو چھوڑ دیا اور آخر کار ہلڈی کو مسکن قرار دیا۔ سنہ ۱۷۸۱ء مین راجہ چیت سنگھ راجہ بنارس کے بغاوت کرنے کے بعد راجہ بھوبل سنگھ مقام ہلڈی کو راجہ بنارس کی ضبط شدہ جاگیر عطا ہوئی۔ انھون نے سنہ ۱۸۰۳ء مین انتقال کیا اور راجہ ایشری پرشاد اُنکے بیٹے اُنکے جانشین ہوے جنھون نے سنہ ۱۸۰۶ء مین رحلت کی اور انکے بعد راجہ ولگنجن سنگھ اور انکے بعد راجہ ہرک ناتھ دیو سنہ ۱۸۲۵ء مین گدّی نشین ہوے۔ راجہ سرپ نرائن دیو مقام ہلڈی نے زمانۂ بغاوت سنہ ۱۸۵۷ء مین نہایت قیمتی خدمات انجام دین اور اپنے تمام اعلیٰ درجہ کے مقامی اثر گورنمنٹ کے لیے صرف کیے اسکے جلدو مین باغی کنور سنگھ کے ضبط شدہ علاقہ کا کچھ حصّہ مرحمت ہوا۔ سکونت ہلڈی بلیا۔

رنبیر سنگھ۔ راجہ۔ ولادت ۱۷ مئی سنہ ۱۸۵۲ء۔ آپ کو خطاب مذکور ذاتی اعزاز کی حیثیت سے ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۷۵ء کو مرحمت ہوا۔ آپ کا تعلق سکھ برہمن خاندان سے ہے۔ راجہ لال سنگھ مہاراجہ رنجیت سنگھ والی لاہور کے آخری وزیر اعظم تھے اور پنجاب کے الحاق کے بعد وہ دیرہ دون بھیجے گئے تھے۔ زمانۂ بغاوت سنہ ۱۸۵۷ء مین انھون نے اپنی وفاداری کا ثبوت دیا۔ اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے راجہ رنبیر سنگھ وارث ہوے اور گورنمنٹ آپ کی آبائی وفاداری کے لحاظ سے ساڑھے چار سو روپیہ ماہوار آپ کو دیتی ہے۔ آپ کو آنریری مجسٹریٹ کے اختیارات بھی حاصل ہین۔ سکونت دیرہ دون۔



کنور دیپ پرتاب سنگھ وارث رانی دیاونت کنور رئیس کٹھمرہ کھیری



راجہ رامیشور بخش سنگھ راجہ کمھراوان رائے بریلی

رامیشور بخش سنگھ - راجۂ مقام بیر سنگھ پور - ولادت ۱۶ جون سنہ ۱۸۷۵ء شہنشاہ دہلی نے فوجی خدمات کے صلہ مین آپکے مورث اعلیٰ کو راجہ کا خطاب عطا کیا تھا جسکو سنہ ۱۸۶۷ء مین گورنمنٹ نے بھی تسلیم کیا ہے - آپ امتھیا خاندان کی بڑی شاخ کے سرغنہ ہین - اس خاندان نے پہلے شیوپوری اور پھر مشہور قلعۂ کالنجر مین نشو و نما پائی - تیمور کے حملہ کے وقت کالنجر کے راجہ پرتھی چند کے پوتے رائے پال سنگھ نے اپنا آبائی وطن چھوڑ کر امیٹھی ضلع لکھنؤ مین توطن اختیار کیا - خاندانی روایات اسطرح مشہور ہین کہ شہنشاہ دہلی نے اودھ کی ایک بغاوت فرو کرنے کے لیے اُنکو بھیجا تھا جسمین اُنھون نے راجہ بلبھدر سین کو شکست دیکر اُسے قتل کیا اور اُسکے جلدو مین یہ راجۂ امیٹھی کے خطاب سے ممتاز ہوے - پندرھوین صدی کے اختتام پر اس خاندان کے تین بھائیون یعنے راجہ جمدھر سنگھ کے بیٹون نے مزید فتوحات کین اور اُنمین کے سب سے بڑے بھائی راجہ ڈنگر سنگھ راجگان کمھراوان کے مورث اعلیٰ ہوے اور اُنمین سب سے چھوٹے بھائی رام سنگھ راجۂ امیٹھی اور بھگوان بخش مقام پوکھرا انصاری کے مورث اعلیٰ تھے - راجہ حال یعنی رامیشور بخش سنگھ راجۂ بیر سنگھ پور راجہ ڈنگر سنگھ کی سترھوین پشت مین ہین اور ۲۸ - دسمبر سنہ ۱۸۸۸ء کو مالک ریاست ہوے - سکونت بیر سنگھ پور پرگنہ کمھراوان ضلع رائے بریلی -

دیاونت کنور - رانی - آپ راجہ نرپت سنگھ رئیس کیمہرہ ضلع کھیری کی جانشین ہین - آپ کی قوم چوہان راجپوت ہے - آپکی ریاست ایک مدت مدید سے تلک دھاری راج چلی آئی ہے اور ہمیشہ شاہان وقت کی خیرخواہ رہی ہے - جب ملک اودھ کا انتزاع عمل مین آیا اُسوقت راجہ نرپت سنگھ کے نام تعلقہ کیمہرہ کا سرسری بندوبست ہوا اور سند تعلقداری عطا ہوئی اور وہ موروثی راجہ قرار دیے گئے - راجہ صاحب موصوف نے سنہ ۱۸۶۳ء مین وفات پائی اُسوقت یہ علاقہ اُنکے خلف راجہ اچل سنگھ کے نام ہوکر کورٹ آف وارڈس کے زیر اہتمام آیا لیکن راجہ اچل سنگھ نے بھی سنہ ۱۸۹۶ء مین

نابالغی کی حالت مین وفات پائی - ۲۷ - نومبر ۱۸۹۶ء کو راجہ اچل سنگھ کے علاقہ کا داخل خارج رانی دیا ونت کنور کے نام ہوا - انکے بعد راجہ نرپت سنگھ کے نواسے دیبی پرتاب سنگھ وارث ہونگے جو راجۂ مرحوم کی دختر کلان کے فرزند ہین جنکی تصویر بوجہ پردہ نشینی رانی صاحبہ درج کی گئی ہے -

سچیت پرشاد سنگھ - راجہ - ولادت ۱۸۵۵ء - آپ آنریبل راجہ شیو پرشاد سی - ایس - آئی - مرحوم کے فرزند ہین - آپ پنوار چھتری ہین آپ اور مرشد آباد کے جگت سیٹھ ایک ہی خاندان سے ہین - آپ کے مورث اعلیٰ ٹھاکر دھاندل رنتھنبور مضافات جے پور کے رہنے والے تھے - سلطان علاء الدین خلجی کے عہد مین جب رنتھنبور کا الحاق ممالک محروسہ مین ہوگیا تو اِس خاندان نے احمد آباد کو ہجرت کی - پھر وہان سے چمپانیر مین اور وہان سے کھمبایت مین آیا - امرت نے جو دھاندل سے چھبیسوین پشت مین تھے شاہجہان شہنشاہ دہلی کو ایک گرانبہا الماس نذر دیا اسپر شہنشاہ نے خوش ہوکر راے کا خطاب مرحمت فرمایا اور اپنے ہمراہ دہلی مین لائے اور جواہر خانہ کا مقیم (مقوم) معین کیا - راے امرت کے فرزند راے اودے چند نے دھن بائی خواہر سیٹھ مانک چند مرشد آبادی سے شادی کی - انکے تین لڑکے ہوے راے سوبھا چند - راے متھراداس - راے فتح چند - مؤخر الذکر نے محمد شاہ کے عہد مین خطاب جگت سیٹھ کا حاصل کیا - فتح چند کو اُنکے ماموں مانک چند نے متبنیٰ کیا تھا - نادری قتل عام مین اُنکے دونون بھائی مقتول ہوے - اسکے بعد بقیہ خاندان مرشد آباد مین آگرہ آباد ہوا - سوبھا چند کے ایک بیٹے راے امرچند باقی تھے اُنکے بیٹے راجہ ڈال چند جگت سیٹھ تھے - فتح چند کے بھی دو بیٹے تھے - دیا چند - انند چند - دیا چند کے بیٹے کا نام سیٹھ سروپ چند تھا اور انند چند کے بیٹے کا نام مہتاب راے تھا جو جگت سیٹھ تھے - ان چچیرے بھائیون کو نواب قاسم علی خان ناظم

بنگال نے اسوجہ سے کہ یہ سرکار انگریزی کے طرفدار اور لارڈ کلایو کے شریک تھے قید کیا۔ انمین سے صرف راجہ ڈال چند بچکر نکل آئے اور نواب وزیر اودھ کی پناہ لی۔ نواب قاسم علی خان مہتاب رائے اور سروپ چند کو اپنے فرار ہونے کے وقت ساتھ لے آئے اور قتل کر ڈالا۔ راجہ ڈال چند کے بعد اُنکے بیٹے راجہ اوتم چند اور اُنکے بعد اُنکے بیٹے بابو گوپی چند وارث ہوے۔ بابو گوپی چند کے بیٹے راجہ شیو پرشاد تھے جنکو سرکاری خدمات کے جلدو مین سی۔ ایس۔ آئی۔ اور راجہ کا خطاب ملا تھا جو بعد کو موروثی قرار دیا گیا۔ راجہ شیو پرشاد نے تیس سال کی ملازمت کے بعد عہدۂ انسپکٹری مدارس سے پنشن حاصل کی جسکی سالانہ تعداد پانچہزار روپیہ سالانہ تھی۔ اُنھون نے ۱۸۹۵ء مین انتقال کیا اور اُنکے جانشین آپ ہوے۔ آپکی تعلیم بنارس کالج مین ہوئی اور بعد ختم تعلیم آپ ایجنٹ گورنر جنرل بنارس کے میرمنشی مقرر ہوے۔ ۱۸۹۲ء مین آپ نے پنشن لی اور اُسکے دوسرے سال مہاراجہ بنارس کے رسالہ کے رسالہ دار مقرر ہوے۔ آپ کی خاندانی جائداد مین بارہ مواضع شامل ہین جنپر آپ قابض اور متصرف ہین۔ بسبب لاولد ہونے کے آپ نے اپنے چھوٹے بھائی کے بیٹے کمار چند انند پرشاد کو متبنّیٰ کیا تھا مگر اُسکا انتقال ہوگیا اور اب آپ کے دو بھتیجے کمار نتیانند پرشاد سنگھ اور ستیانند پرشاد سنگھ آپ کے وارث ہین۔ سکونت بنارس۔

جگموہن سنگھ۔ سی۔ آئی۔ ای۔ راجہ اٹرا چندا پور۔ ولادت ۲۱۔ اگست ۱۸۴۱ء ۱۸۶۴ء مین آپ مسند نشین ریاست ہوے۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے جسکو ۱۸۶۷ء مین گورنمنٹ ہند نے بھی تسلیم کیا ہے۔ آپ کا تعلق ایک بڑے کنبھوریہ (راجپوت) خاندان سے ہے۔ آپ راجہ مدن سنگھ سمروتہ خلف سوم پرشاد سنگھ کی نسل مین ہین۔ آخرالذکر کانھ کی ساتوین پشت مین ہین جو مانک چند اعظم کے زمانہ مین کنھوریہ چھتریون کے

مورث اعلیٰ تھے۔ اُنکے انتقال کے بعد اُنکے تین بیٹون نے جُدا جُدا تین شاخین قائم کین۔ بڑے بیٹے جنگا سنگھ نے تلوئی لی۔ چھوٹے بیٹے مان سنگھ نے اٹیہہ پر قبضہ کیا اور مدن سنگھ سمرو تہ کے مالک ہوے۔ مدن سنگھ کی ساتوین پشت مین راجہ مان دھاتا سنگھ تھے جو نواب سعادت علی خان نواب وزیر اودھ کی ریاست چندا پور پر قابض تھے۔ راجہ مان دھاتا سنگھ کے پوتے دربجے سنگھ کے کوئی اولاد نہ تھی۔ اُنھون نے اپنے بھتیجے رگھوناتھ سنگھ کو متبنیٰ کیا تھا۔ رگھوناتھ سنگھ کے جانشین اُنکے بیٹے شیو درشن سنگھ ہوے۔ جو بہ لحاظ اوصاف کے اعلیٰ درجہ کے راجپوت تھے اور جنکی جسمانی وجاہت اور دماغی قابلیت کا ضلع بھر مین شہرہ تھا۔ اُنکے پوتے راجہ جگموہن سنگھ ہین۔ آپ کو یکم جنوری ۱۸۷۷ء کو دربار قیصری دہلی کے موقع پر اعزازی تمغہ (میڈل) عطا ہوا تھا اور عمدہ خدمات کے جلدو مین یکم جنوری ۱۸۹۱ء کو خطاب سی۔ آئی۔ ای۔ کا مرحمت ہوا ہے۔ آپ کے علاقہ مین تیس مواضع شامل ہین جنکی مالگزاری پینتیس ہزار ہے سکونت چندا پور ضلع راے بریلی۔

بلونت سنگھ۔ سی۔ آئی۔ ای۔ راجۂ مقام آوا۔ ولادت ۱۸۵۳ء۔ اِس خاندان مین قدیم الایام سے یہ خطاب موروثی چلا آتا ہے۔ روایتاً مشہور ہے کہ یہ خطاب سب سے پہلے مہاراجہ اودے پور نے دیا تھا۔ راجگان آوا اجادون راجپوت ہین محمد شاہ کے عہد مین ٹھاکر چتربھج زمیندار ناری پرگنہ چھاتہ نے جلیسر مین سکونت اختیار کی اور صوبہ دار کول کے یہان طبیب مقرر ہوے۔ یہ پیشہ چند روز تک اُنکے بیٹے بجے سنگھ نے بھی کیا مگر اُسکے بعد اُنکو ایک مختصر دستہ فوج کی حکومت ملگئی۔ بجے سنگھ کے بڑے بیٹے بخت سنگھ نے جو مہاراجہ بھرت پور کی سرکار مین ملازم تھے اعظم گڈھ کے ٹھاکر بہادر سنگھ کو کچھ مدد دی جسکے صلہ مین اُنھون نے اُنکو ایک موضع عطا کیا۔ اِسکے بعد



منشی حافظ عبدالکریم سی۔آئی۔ای۔رئیس آگرہ



شیخ حافظ عبدالکریم سی۔آئی۔ای رئیس میرٹھ

رفتہ رفتہ مختلف راجپوت جرگون کے مقبوضات اُنکے قبضہ مین آگئے اور اُنھون نے میواتیون کی ایک فوج تیار کرکے خود مختاری اختیار کی۔ بالآخر مرہٹون نے اُنکو آوا مین ایک قلعہ بنانے کا اختیار دیا جسکو ہیرا سنگھ اُنکے جانشین نے تعمیر کرایا ہے۔ جنگ مرہٹہ کے وقت آخر الذکر راجہ نے گورنمنٹ انگلشیہ کو قابل قدر مدد دی جسکے صلہ مین اُنکو جنرل لیک صاحب نے ایک سند عطا فرمائی۔ ہیرا سنگھ کے بیٹے پتمبر سنگھ ۱۸۳۱ء مین مالک ریاست ہوے جنکو گورنر جنرل لارڈ آکلنڈ صاحب نے راجہ تسلیم کرلیا چونکہ پتمبر سنگھ کے کوئی اولاد نہ تھی اسلیے اُنھون نے راجہ پرتھی سنگھ کو جو رنجیت سنگھ کی اولاد مین تھے متبنّیٰ کیا۔ راجہ پرتھی سنگھ ۱۸۶۷ء مین رحلت کر گئے۔ اُسوقت اُنکے بیٹے راجہ چتر پال سنگھ نابالغ تھے۔ علاقہ کورٹ آف وارڈس کے سپرد ہوا ۱۸۸۴ء مین چتر پال سنگھ نے بھی انتقال کیا۔ اُسوقت اُنکے چچازاد بھائی بلدیو سنگھ وارث ریاست قرار پائے پھر آپ ۱۸۹۲ء مین راجہ بلدیو سنگھ کے جانشین ہوے۔ آپ کچھ عرصہ تک ممالک مغربی و شمالی و اودھ کی لیجسلیٹو کونسل کے ممبر رہے ہین۔ آپ کو یکم جنوری ۱۸۹۸ء کو خطاب سی۔آئی۔ای۔ عنایت ہوا۔ آپ کے علاقہ کی مالگزاری تین لاکھ چھہتر ہزار دوسو پچیس روپیہ ہے۔ سکونت آوا ضلع ایٹہ

عبدالکریم۔ شیخ۔ حافظ۔ سی۔آئی۔ای۔ سی۔وی۔او۔ ولادت ۱۸۶۳ء۔ سابق انڈین سکرٹری حضور قیصرۂ آنجہانی۔ آپ شیخ صدیقی ہین۔ آپ کے والد خان بہادر ڈاکٹر حاجی شیخ محمد وزیر الدین معززین آگرہ مین سے تھے۔ آپ کے اجداد ضلع فرخ آباد کے رہنے والے تھے ۱۸۰۸ء مین آپ کے پردادا شیخ غلام حسین بوجہ انقلاب زمانہ و عدم موافقت آب و ہوا ترک وطن کرکے آگرہ مین مسکن گزین ہوے۔ آپ کے عزیز و اقارب اکثر ملازمت پیشہ رہے اور ہنوز معزز عہدون پر ممتاز ہین چنانچہ آپ کے

بڑے بھائی حافظ محمد عبدالعزیز تحصیلدار فیروزآباد ضلع آگرہ مین موجود ہین۔ آپکے نانا میر جعفر علی عہد عالمگیر بادشاہ سے معافیدار ہین چنانچہ اُنھین کی معافی اراضی مین جو سنٹرل جیل آگرہ کے متصل واقع ہے آپ کی کوٹھی اور باغ موجود ہے۔ آپ کے والد ڈاکٹری کا امتحان پاس کرکے فوجی ڈاکٹر معین ہوے اور مختلف چھاونیون مین قیام رہا۔ ۱۸۷۸ء مین رسالہ اول کے ہمراہ جنگ افغانستان مین موجود تھے۔ بعد واپسی وحصول تمغۂ فتح و نصرت فوج سے سول مین تبدیلی ہوئی۔ ۱۸۹۲ء مین بحصول رخصت حج بیت اللہ اور زیارت مدینۂ منورہ کے لیے تشریف لے گئے۔ ۱۸۹۶ء مین پنشن پائی۔ قبل ازحج آپ کو بحکم قیصری ولایت جانا ہوا اور حضور قیصرۂ آنجہانی کے شرف قدمبوسی سے مشرف ہوے۔ ۱۹۰۱ء مین انتقال کیا۔ آپ بزمانۂ حیات اپنے والد کے اُنکے ہمراہ مختلف مقامات مین رہے چنانچہ جنگ افغانستان مین بھی آپ اپنے والد کے ہمراہ تھے۔ آپکی تعلیم دینیات وغیرہ کی خانگی طور سے ہوئی۔ پہلی ملازمت آپکی ۱۸۸۲ء مین بعہدۂ نائب وکیل ریاست جاورہ مین ہوئی۔ اُسی زمانۂ ملازمت مین محمد وزیرخان زمیندار موضع منوہرپور کی لڑکی سے آپ کا عقد ہوا۔ یہ ملازمت آپ نے ۱۸۸۴ء مین ترک کی۔ اور چندروز بعد سنٹرل جیل آگرہ مین اطفال مقید کی تعلیم کے لیے معین ہوے۔ ۱۸۸۶ء مین جب بمقام لندن کلونیل اور انڈین نمائشگاہ قائم ہوئی تو اس نمائش مین چند لڑکے جو قالین بنانے مین مشاق تھے سنٹرل جیل سے ولایت کو روانہ کیے گئے۔ یہ سرجان ڈاکٹر ٹیلر صاحب انسپکٹر جنرل محابس کی کارگزاری تھی جو ولایت مین نہایت مقبول ہوئی۔ اسی اثنا مین سرجان کو یہ حکم ہوا کہ جوبلی ۱۸۸۷ء مین ایک قابل اور تندرست لکھاپڑھا آدمی جو ملکۃ الکبریٰ (آنجہانی) کو مضامین اُردو فارسی کا مطلب سمجھادیا کرے لایا جائے۔ سرجان نے اس خدمت کے لیے آپ کو تجویز کیا۔ آپ ۱۸۸۷ء مین آگرہ سے ولایت کو روانہ ہوے اور لندن مین پہونچکر حضور قیصرہ کی

خدمت مین باریاب ہوے اور پندرہ برس شاہنشاہی محلات مین آپ کی زندگی بسر ہوئی۔ آپ جب ولایت گئے تھے تو انگریزی نہ جانتے تھے حضور قیصرہ کے ایما سے آپ نے انگریزی پڑھنا شروع کی اور چند عرصہ مین حسب ضرورت انگریزی سے واقفیت حاصل کرلی۔ اُسی زمانہ مین حضور قیصرہ نے اُردو زبان حاصل کرنے کا شوق ظاہر فرمایا اور اس مقصد کے لیے وقت مقرر ہوا۔ ۱۸۸۹ء مین بحصول رخصت تین ماہ آپ ہندوستان تشریف لائے۔ اسی سال لارڈ لینسڈون نے آگرہ مین دربار کیا۔ آپ بحیثیت رائل ہوس ہولڈر (ملازم خانگی حضور قیصرہ) اس دربار مین نہایت احترام کے ساتھ شریک کیے گئے۔ ۱۸۹۲ء مین آپ بعہدۂ انڈین سکرٹری مامور ہوے۔ ۱۸۹۵ء مین آپکو سی۔ آئی۔ ای۔ کا خطاب مرحمت ہوا۔ ۱۸۹۹ء مین بصلۂ حسن خدمت خطاب سی۔ وی۔ او۔ سے ممتاز ہوے۔ بالآخر بعد وفات قیصرۂ آنجہانی ۱۹۰۱ء مین بعد حصول پنشن شاہی واپس آئے۔ آپ نے پندرہ برس اپنی عمر عزیز کے اُس قیصرہ کی خدمت مین بسر کیے ہین جسکے جاہ وجلال عظمت وشوکت معدلت اور عطوفت کا تذکرہ صفحات تاریخ سے ہرگز محو نہو گا۔ باوجود اس عرصۂ دراز تک ولایت مین قیام کرنے کے آپ نے نہایت مذہبی پابندی کے ساتھ اوقات بسر کی۔ آپ کی اس پختہ دینداری اور کمال احتیاط کی عام شہرت ہے۔ ولایت سے واپس ہونے کے ایک سال کے بعد مسلمانان آگرہ نے آپ کو مساجد اور معابد عمارات آگرہ واعتماد پور کی انتظامی کمیٹی کا ممبر اور لوکل ایجنٹ مقرر کیا۔ سکونت آگرہ۔

عبدالکریم۔ حافظ۔ شیخ۔ خان بہادر۔ سی۔ آئی۔ ای۔ آپ کے بزرگون کا اصلی وطن موضع اریل ضلع الہ آباد ہے جہان اسوقت تک خاندانی جائداد واراضی وغیرہ منقولہ وغیرہ موجود ہے۔ آپکے بزرگ بھوبہار برہمن تھے جنکو شہنشاہ اورنگ زیب

کے عہد مین شاہ شمس الدین لاہوری نے اسلام کی تبلیغ کی۔جب میرٹھ مین انگریزی چھاؤنی قائم ہوئی تو آپ کے والد شیخ مدار بخش اپنی آبائی جائداد موقوعۂ الہ آباد۔کانپور فتحپور وانبالہ کا انتظام اپنے برادر اصغر شیخ محمد تقی کے سپرد کر کے حسب طلب حکام وقت میرٹھ مین وارد ہوے جہان گورنمنٹ نے کمسریٹ کے جملہ ضروری سامان مہیا کرنے کا کام اُنکے سپرد کیا۔۱۸۲۶ء کی جنگ بھرت پور کے زمانہ مین بھی وہ سرکاری کمپ کے ساتھ موجود رہے۔اسکے بعد ۱۸۴۲ء کی جنگ افغانستان مین جلال آباد کے کالم فوج کے ساتھ رسد رسانی کی خدمت کے لیے بھی وہ منتخب ہوے جہان گورنمنٹ کی پولیٹکل خدمات بھی اُنکے ہاتھ سے سرانجام پائین اور اُنکے اکثر اعزا اور کارندے مقتول ہوے اور وہ خود بھی قلعۂ جلال آباد مین محصور رہے۔حافظ شیخ عبد الکریم کے برادر اکبر شیخ آلہی بخش بھی ایک مشہور ومعروف شخص تھے۔اُنھون نے اپنے والد کی حیات مین جنگ لاہور ۱۸۴۶ء مین برٹش فوج کے لیے رسد رسانی وغیرہ کا کام اس خوبی سے انجام دیا کہ گورنمنٹ نے اُنکو پشاور سے کلکتہ تک کی تمام برٹش چھاؤنیون کی ضروریات کی بہمرسانی کا ٹھیکہ دیدیا جو ۱۸۶۵ء تک برابر اُنکے پاس رہا۔۱۸۵۷ء کے غدر دہلی ومیرٹھ کے زمانہ مین شیخ آلہی بخش نے نہایت ہوشیاری اور مستعدی کے ساتھ اُن انگریزونکی جانین بچائین جو چھاؤنی میرٹھ کے ایک دمدمہ مین پناہ گزین ہوے تھے۔سلسلۂ سُراغ رسانی کے قائم رکھنے کے نازک فرائض کو شیخ آلہی بخش نے دہلی مین اور حافظ عبد الکریم نے میرٹھ مین نہایت معتمدانہ طریقہ سے انجام دیا جسکے لیے فوجی حکام نے انھین دونون بھائیون کی جانبازانہ۔خیر خواہانہ اور عاقلانہ تدابیر کو برٹش تسلط کے جلد قائم ہونے کا سبب قرار دیا۔شیخ آلہی بخش نے مسجد جامع دہلی کو اپنی فرزانگی سے غدر کے پُرآشوب زمانہ مین منہدم ہونے سے محفوظ رکھا۔انھون نے میرٹھ اور دیگر بلاد مین بھی بکثرت مساجد تعمیر کرائین اور میرٹھ کے احاطۂ عدالت مین ایک عمارت اہل مقدمہ کی آسایش کیلیے



راجہ اودت نراین سنگھ راجہ رام نگر دھمیڑی بارہ بنکی



راجہ پرتاب بہادر سنگھ راجہ کٹیاری سلطان پور

بنوائی اور ۱۸۷۷ء کی خشک سالی مین میرٹھ مین ایک بڑا محتاج خانہ قائم کیا جسکے صلہ مین گورنمنٹ نے اُنکو خلعت فاخرہ اور خان بہادر کے خطاب سے مفتخر کیا۔ اُنکے لاولد انتقال کرنے کے بعد شیخ حافظ عبدالکریم مالک و قابض جائداد ہوے جسکا انتظام آپ نے نہایت خوبی سے کیا۔ آپ ایک کریم النفس۔ صاحب حلم اور مخیر رئیس ہین۔ علاوہ خیرات روزانہ کے چوبیس ہزار روپیہ سالانہ اکثر شرفا و غربا کی مستقل تنخواہون مین صرف ہوتا ہے۔ رفاہ عام کے کامون مین ہمیشہ آپ نے معتدبہ رقمین عطا کین جسکے جلدو مین ۲۴-مئی ۱۸۸۴ء کو خان بہادر اور ۲-مئی ۱۸۹۰ء عیسوی کو سی۔ آئی۔ ای۔ کا خطاب مرحمت ہوا۔ آپ نے ملکہ معظمہ قیصرۂ ہند کی ڈائمنڈ جوبلی کی یادگار مین دس ہزار کے صرف کثیر سے موضع سیکری مین ایک سرا اور اُسکے متعلق ایک ڈائمنڈ جوبلی اسپتال تعمیر کرایا۔ اِس اسپتال کے قیام کے لیے پانچسو روپیہ سالانہ آپ اپنی جیب خاص سے دیتے ہین۔ اسکے علاوہ بیس ہزار روپیہ ایک مدرسۂ عربیہ کی تعمیر مین صرف کیے۔ میرٹھ کے ٹون ہال اور کناٹ ہال کی تعمیر مین بلاقیمت زمین دینے کے علاوہ بائیس ہزار روپیہ کا چندہ بھی عطا کیا۔ شہر میرٹھ مین چھ ہزار کی لاگت سے ایک شفاخانہ اور موضع راچھونسی مین تین ہزار کے صرف سے ایک پُل تعمیر کرایا جسکے بغیر اکثر جانین تلف ہوا کرتی تھین۔ آگرہ۔ میرٹھ اور الہ آباد کے لیڈی ڈفرن فنڈ مین چوبیس ہزار روپیہ اور میرٹھ کالج مین دس ہزار روپیہ اور پرنس البرٹ وکٹر کی یادگار مین علیگڈھ کالج کو پانچہزار روپیہ عنایت کیے ہین۔ رمزی اسپتال نینی تال اور فیمن فنڈ سرسید میموریل فنڈ اور یادگار قیصر ہند مین چندے دیے ہین۔ علاوہ برین قحط زدگان عراق عرب کو ڈائمنڈ جوبلی کی یادگار مین دو ہزار روپیہ گورنمنٹ کے ذریعے سے روانہ کیے۔ زمانہ قحط میرٹھ مین غربا کی امداد کی اور جب تک خشک سالی رہی مذکورۂ بالا چوبیس ہزار روپیہ سالانہ کی مقررہ تنخواہین دوچند تقسیم فرماتے رہے۔ اپنے دیہات کے

مزارعین کو دس ہزار روپیہ لگان کے معاف کردیے۔ اِسوقت آپکی عمر بہتر برس کی ہے۔ آپکے دو فرزند شیخ وحیدالدین اور شیخ بشیرالدین ہین۔ مقدم الذکر فرزند کو بطور جانشین ریاست کا انتظام سپرد ہے اور وہ خود بھی چار لاکھ کی ذاتی جائداد کے مالک ہین اور رویلز کلب میرٹھ کے آنزیری ممبر۔ میرٹھ ڈفرن فنڈ کمیٹی کے لائف ممبر اور اِسی فنڈ کی مینجنگ کمیٹی کے ممبر اور اپرانڈیا بنک میرٹھ۔ دہلی۔ نینی تال۔ شملہ۔ بریلی اور لکھنؤ اور نارتھ ویسٹ سوپ کمپنی میرٹھ و کلکتہ کے ڈائرکٹر اور محمڈن ایسوسی ایشن اور انجمن حامی اسلام میرٹھ کے صدر نشین ہین۔ سکونت میرٹھ۔

پرتاب بہادر سنگھ - راجہ - ولادت ۱۵ - مارچ سنہ ۱۸۷۴ء۔ آپ کنپوریہ چھتری ہین۔ راجہ مانک چند گھروار کی ایک دختر کے سوا اور کوئی اولاد نرینہ نہ تھی جسکی شادی اُنھون نے سوچھ رکھ کے ساتھ کی تھی۔ اور تمام علاقہ و راج اپنی دختر کو دیدیا تھا سوچھ رکھ کی ایک شادی ایک برہمن خاندان مین ہوئی تھی جسکی اولاد ملقب بہ پانڈے ضلع الٰہ آباد مین موجود ہے۔ مانک چند کی لڑکی سے سوچھ رکھ کی جو شادی ہوئی تھی اُس سے راجہ کانتھ پیدا ہوے جو قوم کنپوریہ کے بانی ہین۔ انکے تین بیٹون مین راجہ رہنس اِس خاندان کے مورث اعلیٰ تھے جنکے قبضہ مین گوراکٹاری کی ریاست آئی۔ انکے بعد نسلاً بعد نسلٍ اُنکی اولاد برابر اِس ریاست پر قابض رہتی آئی۔ آخری راجہ سرنام سنگھ نے اِس ریاست کو بہت بڑی ترقی دی اور رعایا کی سرسبزی اور خوشحالی کی جانب انکو خاص توجہ تھی۔ اُنھون نے اجودھیا مین ایک عالیشان ٹھاکردوارہ تعمیر کرایا۔ راجہ سرنام سنگھ ۲۷ - فروری سنہ ۱۸۶۹ء کو لاولد فوت ہوے اُنکے بعد اُنکی بیوہ رانی ہرناتھ کنور نے بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ ریاست کا انتظام کیا اور ۵ - مئی سنہ ۱۸۹۶ء کو وہ بھی انتقال کر گئین۔ اُنکے وصیت نامہ کی رو سے انکے ایک قریب کے رشتہ دار راجہ پرتاب بہادر سنگھ وارث ریاست ہوے

اور لوکل گورنمنٹ نے ۱۲- ستمبر ۱۸۸۶ء کو آبائی اور موروثی خطاب آپ کو عطا کیا- آپ ۱۰- جون ۱۸۸۰ء کو گدی نشین ہوے تھے- زمانۂ نابالغی مین آپکے والد بابو جگموہن سنگھ ریاست کا نظم و نسق کرتے رہے اور ریاست مین چند مواضع کا اضافہ کیا جب سے آپ بالغ ہوے ریاست کا انتظام خود آپ کرتے ہین- سکونت کٹاری ضلع سلطانپور-

اودت نرائن سنگھ- راجہ- ولادت ۱۳- نومبر ۱۸۶۱ء- یہ خاندان قوم رکوار کی چھوٹی شاخ مین ہے- بڑی شاخ مین راجگان بوندی تھے جنکی جاگیر غدر کے بعد بجرم بغاوت ضبط ہوگئی اور وہ گمنام ہو گئے- ۱۴۱۴ء مین دو بھائی پرتاب ساہ اور ڈونڈے ساہ مقام رکوار واقع کشمیر سے آکر مقام کُبھیری پرگنہ سیلک مین آباد ہوے- پرتاب ساہ کے ایک بیٹے بالدیو بانی خاندان بوندی اور دوسرے بیٹے سالدیو شاخ رام نگر کے مورثِ اعلی تھے- سارنگ دھر اور کنور دھر دو بھر راجاؤن کا وسیع علاقہ دریاے گھاگھرا کے دونون جانب واقع تھا- جب بقاے لگان کی علت مین دربار دہلی نے اُنپر فوجکشی کی اور بالدیو- سالدیو نے اُنکو مقتول اور ریاست کو مفتوح کیا تو اسکے صلہ مین دریاے گھاگھرا کے دہنے ساحل کا علاقہ رام نگر وغیرہ سالدیو کو اور بائین جانب کی جاگیر بوندی وغیرہ بالدیو کو ملی- بالدیو کی گیارھوین پشت مین ایک متبنّی بیٹے انوپ سنگھ نے ۱۷۵۱ء مین اپنی قوم رکوار کی جمعیت ہمراہ لیکر لکھنؤ پر حملہ کیا مگر شیخ زادون نے چھیو لیا گھاٹ پر اُنکا مقابلہ کیا اور اُنکے علاقہ پر قبضہ کر لیا- صرف چند مواضع راجہ انوپ سنگھ کے پاس باقی رہ گئے- تقریباً ۱۸۱۶ء مین منتشر قوم پھر یکجا اور متفق ہوئی اور ۱۸۵۵ء مین قبل تسلط سلطنت برطانیہ راجۂ رام نگر نے اپنی خاندانی جاگیر پھر حاصل کر لی بلکہ اُسمین بہت کچھ اضافہ کیا- انوپ ساہ کے بیٹے صورت سنگھ کو دربار اودھ مین بہت بڑا رسوخ حاصل تھا- اُنکے بعد اُنکے بیٹے گوربخش سنگھ رام نگر کے تعلقہ دار اور محمد پور اور بھٹولی کے

چکلہ دار ہوے - چونکہ غدر ۱۸۵۷ء مین رکیوارون نے فوج انگریزی کی مخالفت کی جسمین گوربخش سنگھ بھی شریک تھے اسلیے اُنکا علاقہ ضبطی مین آگیا مگر اُنکے فرزند سرجیت سنگھ کو جو بغاوت مین شامل نہ تھے دو مواضع کی سند حاصل ہوئی - یہ علاقہ پہلے ہی سے اُنکے نام تھا - اسکے بعد فنانشل کمشنر نے بندوبست تعلقداری کی رو سے اِن مواضع کی محاصل مین سے اُنکے لیے بیس فیصدی منافع لینے کا فیصلہ کیا - مگر علاقہ کی زیرباری اور مقروضیت کی وجہ سے گورنمنٹ نے اپریل ۱۸۸۸ء مین اِس علاقہ کو کورٹ آف وارڈز کے انتظام مین دیدیا - ۲۰ - دسمبر ۱۸۹۹ء کو راجہ سرجیت سنگھ نے انتقال کیا اُنکے بعد راجہ اودت نرائن سنگھ جانشین ہوے جنکو جولائی ۱۹۰۱ء مین کورٹ آف وارڈس نے علاقہ واپس کیا اور گورنمنٹ انڈیا نے اُنکا موروثی خطاب راجگی عطا فرمایا - آپ کے دو فرزند ہرنام سنگھ اور سرنام سنگھ ہین اور دونون کالون اسکول لکھنؤ مین تعلیم پاتے ہین - سکونت رام نگر بارہ بنکی -

دیبی سنگھ - چودھری - ولادت ۴ - دسمبر ۱۸۳۹ء - آپ نسلاً دان تیاگی برہمن ہین جنکو پورب مین بھوئینہار اور پچھم مین تگا کہتے ہین - آپ کا مذہب وشنو کرشن اُپاسک ہے - آپکے اسلاف ملک گوڑ واقع بنگال سے ملک ہریانہ مین اور پھر ضلع میرٹھ مین آکر آباد ہوے - اِس خاندان کے مورث شیام داس کو نادر شاہ کے حملہ کے بعد محمد شاہ بادشاہ دہلی نے ۱۱۵۰ھ مین پانچسو روپیہ نانکار پر پرگنۂ اسوڑہ کا چودھری مقرر کیا اور شاہ عالم نے بھی اُنکے پرپوتے چودھری بھورے سنگھ کو آٹھ سو روپیہ حق نانکار پر چودھرایت اور ایک تلوار عطا کی - ابتداے تسلط انگلشیہ مین بعض ہندوستانی ماتحت افسران انگریزی کی وجہ سے چودھری بھورے سنگھ معتوب ہوے اور گڈھی اسوڑہ مفتوح کرلی گئی بعد چندے بیگم صاحبہ جنرل شمرو صاحب رئیسۂ سردھنہ نے کلکٹر میرٹھ سے سفارش کرکے اِس خاندانکو



چودھری دیبی سنگھ رئیس اسوڑہ۔ میرٹھ



خان بہادر حکیم نظیر حسن خان رئیس لکھنؤ



رایصاحب جگت نرائن رئیس الہ با



مہامہوپادھیا پنڈت رام سرشاستری رئیس بنارس

پھر اسوڑہ مین آباد کرایا۔ مگر صرف چند مواضع وارثان چودھری بھورے سنگھ کے نام سرکار کی جانب سے قائم کیے گئے۔ اور انکے خلف اکبر چودھری حاتم سنگھ پرگنۂ اسوڑہ کے چودھری تسلیم کیے گئے اور سات سو چھتر روپیہ سالانہ کا حق نانکار سرکاری مالگزاری مین وضع کیا گیا مگر کچھ دنون بعد نانکار اور جائداد ضبط ہوگئی۔ چودھری بھورے سنگھ کے تینون بیٹے لاولد فوت ہوے لہذا سب سے چھوٹے بیٹے چودھری ہولاس راے کی زوجہ نے چودھری ہردیال سنگھ کے فرزند چودھری دیبی سنگھ کو متبنّیٰ اور مالک ریاست کیا۔ آپ ایک ذی علم اور علم دوست رئیس ہین ۱۸۶۳ء مین آپ نے اسوڑہ مین مدرسۂ نسوان قائم کیا۔ اسوڑہ مین سرکاری مدرسہ کے لیے آپ نے بلامعاوضہ اپنی ذاتی اراضی عنایت کی سنسکرت کا ایک پاٹ شالا اپنے مندر مین جاری کیا جہان طلبا کو خوراک وغیرہ سے بھی مدد دیجاتی ہے۔ ۱۸۹۴ء مین جب صوبہ کی جانب سے لکھنؤ مین کراستھویٹ گرل اسکول قائم ہوا تو ضلع میرٹھ سے آپ کو صاحب کلکٹر نے ممبر منتخب کیا اور گو آپکے لیے یہ لازمی نہ تھا مگر آپنے پانچسو روپیہ بطور چندہ کے بھی عطا کیے میرٹھ کالج کے اجرا مین بھی آپ نے معقول مدد دی مئی ۱۹۰۲ء مین ہٹور ضلع بجنور مین ایک ناگری پاٹ شالہ کی بنیاد ڈالی اور چار ہزار روپیہ کا منافع اُسکے قیام کے لیے وقف کر دیا۔ زراعت و فلاحت سے آپکو خاص دلچسپی ہے۔ ۱۸۸۵ء مین سرکاری زراعتی فارم میرٹھ کے آپ منیجنگ ممبر مقرر ہوے اور کئی برس تک اپنی کوشش بلیغ سے اُسے جاری رکھا اور ایک معتدبہ رقم اُسمین صرف کی۔ اب یہ فارم ڈسٹرکٹ بورڈ کے زیر نگرانی ہے اور اب بھی آپ اُسکے ممبر ہین ۱۸۸۹ء مین میرٹھ کے ہندو مسلمانون کی سخت نزاع کو آپ نے نہایت خوبی سے رفع کیا۔ ۱۸۶۵ء مین کمیٹی ہاپوڑ ۱۸۶۶ء مین کمیٹی سررشتۂ تعلیم میرٹھ ۱۸۷۱ عیسوی مین کمیٹی لوکل ریٹ ۱۸۷۳ء مین مینوسپل بورڈ ہاپوڑ ۱۸۸۲ء مین ڈسٹرکٹ بورڈ ۱۸۸۵ء مین ڈیمانسٹریشن فارم زراعتی میرٹھ ۱۸۸۶ء مین انجمن زراعتی صوبہ ۱۸۹۱ء مین لیڈی ڈفرن فنڈ اسپتال میرٹھ اور ۱۸۹۴ء مین کراستھویٹ گرل اسکول کی کمیٹیونکے

آپ ممبر مقرر ہوے اور اسوقت تک ہین اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے وائس چیرمین بھی ہین ۱۸۹۳ء مین کمیشن افیون مین ضلع میرٹھ کی طرف سے اداے شہادت کے لیے آپ منتخب اور نامزد ہوے - درباریون کی فہرست مین بھی آپ کا نام درج ہے ۔ اسور رفاہ عام مین بھی آپنے فراخ حوصلگی ظاہر کی ہے - بکسر ضلع ہاپوڑ مین نہر گنگ پر ایک گھاٹ تیار کرایا - یتیم خانۂ بریلی مین ایک مکان تعمیر کرایا - ہٹور ضلع بجنور کے مہادیو جی کے مندر مین ایک آرامگاہ بنوائی گڈھ مکتیسر کے مشہور و مقبول تیرتھ گاہ مین واردین و صادرین کی آسائش کے لیے ایک بڑا قطعۂ ارضی خرید فرماکر دھرم سالہ تعمیر کیا - اپنی دار الریاست مین رادھا کرشن جی کا مندر بنوایا اور اُسکے اخراجات کے لیے کافی جائداد ہبہ کردی اور اُسکا متولی اپنے فرزند اکبر رگھبیر نرائن سنگھ کو مقرر کیا - یہان غربا و مساکین کو سدابرت ملتا ہے - آپ نے سب سے پہلے ۱۸۶۵ء مین اپنی قوم سے فضول خرچی کے انسداد کی کوشش کی جسکی نظیر سے اور اقوام نے فائدہ اُٹھایا - آپ اکثر قومی مجامع کے صدر نشین منتخب ہوتے رہے ہین - ۱۹۰۱ء مین مہاسبھا بھوم اہار برہمن کے سالانہ جلسہ منعقدۂ پٹنہ کے بھی آپ چیرمین تھے - اِس سبھا کے سرمایہ مین بھی آپ نے فیاضی سے مدد دی ہے - ہزآنر نواب لفٹنٹ گورنر نے ۱۸۹۵ء کے دربار لکھنؤ مین اور اُسکے بعد بذریعہ احکام تحریری کے چار مرتبہ آپ کا شکریہ ادا کیا - آپکے بائیس مواضع ہین - مالگزاری علاوہ انکم ٹکس کے پندرہ ہزار روپیہ سالانہ ہے - آپ نے اپنی حیات ہی مین اپنی جائداد اپنے ورثا پر تقسیم کرکے داخل خارج کرادیا ہے - سکونت اسوڑہ ضلع میرٹھ -

نظیر حسن خان - حکیم - مرزا - خان بہادر - ولادت ۱۲۷۰ھ - آپ کے پردادا حکیم مرزا علیخان کو شاہ غازی الدین حیدر اول بادشاہ اودھ نے طبیب شاہی کے منصب پر مامور اور حکیم الملوک کے خطاب سے ممتاز کیا تھا - اُنکے حسن خدمات کے

جلدو مین شاہ نصیر الدین حیدر بادشاہ دوم اودھنے انکو دیو پور اور جلال پور کی معافی عطاکی اُنکے انتقال کے بعد اُنکے فرزند بھی اپنے آبائی منصب پر قائم رہے اور دربار اودھ نے اُنکو سلطان الحکما حیوۃ الملک مسیح الدولہ حکیم مرزا علی حسن خان بہادر جاوید جنگ کے معزز خطاب سے سرفراز کیا اور اُنکی اعلیٰ قابلیت اور حسن انتظام کے لحاظ سے ۱۸۵۲ء مین سفیر شاہی مقرر کیا۔ انکے بیٹے حکیم مرزا مظفر حسین خان بھی لکھنؤ مین بین الاقران والاماثل اپنے علم و فضل مین مشہور تھے اور اُنکے کتب خانۂ علمیہ کا درجہ شاہی کتب خانہ کے بعد تسلیم کیا جاتا تھا جسمین نایاب قلمی کتابین بکثرت موجود تھین۔ گورنمنٹ انڈیا نے دیو پور اور جلال پور کی معافی اُنکے نام بدستور جاری رکھی جو ابتک اُنکے فرزند خان بہادر حکیم مرزا نظیر حسن خان کے قبض و تصرف مین ہے۔ آپ بھی ایک علم دوست رئیس ہین اور آپ کا کتب خانۂ طبیہ بھی مشہور ہے۔ آپکے نانا میر باقر تاجر تھے جنکا امام باڑہ لکھنؤ مین مشہور رہے اسکے انتظام و قیام کے لیے اُنھون نے ایک بہت بڑا وقف چھوڑا ہے۔ ۱۸۸۱ء مین اپنے والد کے انتقال کے بعد آپ شاہی یونانی دار الشفا کے سپرنٹنڈنٹ مقرر ہوے جسکے فرائض آپ نے بائیس برس تک نہایت لیاقت و دیانت سے انجام دیے۔ اٹھارہ سال سے آپ لکھنؤ کے مینوسپل کمشنر اور آنریری مجسٹریٹ ہین۔ بارہ برس سے خیراتخانۂ شاہی کا انتظام آپکے سپرد ہے اور اُسکے آنریری سکرٹری بھی ہین۔ ۱۸۹۷ء مین آپکے حسن انتظام قحط کے جلدو مین گورنمنٹ ہند کی جانب سے سند خوشنودی عطا ہوئی۔ انتظام حفظ طاعون کے کارہاے نمایان کے جلدو مین گورنمنٹ انڈیا نے ۱۹۰۰ء مین خان بہادر کا خطاب مرحمت فرمایا۔ مرض طاعون کے متعلق فائدۂ انام کے لیے آپ نے ایک رسالہ لکھا ہے۔ آپ عرصۂ دراز تک ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ کے ممبر اور سنٹرل جیل لکھنؤ کے ان آفیشیل وزیٹر بھی رہ چکے ہین۔ سکونت لکھنؤ۔

رام مسر۔ شاستری۔ سوامی۔ مہامہو پادھیا۔ آپ کے بزرگ موضع دوسود پرگنۂ بیروھڑ ریاست الور کے اصلی باشندے اور دشنو برہمن تھے۔ یہ خاندان وہان سوامی کے لقب سے ملقب ہے۔ اسکے اکثر ممبر نامور پنڈت اور عالم و فاضل گزرے ہین مشہور سوامی رامیشر شاستری اسی خاندان کے شخص تھے۔ تقریباً نوے سال کا عرصہ ہوا کہ آپکے دادا سوامی جگل کشور سلطنت اودھ مین دھرم شاستری کے منصب پر ممتاز تھے۔ انکے بیٹے سوامی سالک گراما چاری سمت ۱۹۰۱ تک بنارس کے نیاے اور ویدانت شاستر کے علما سے اکتساب علوم کرتے رہے۔ انکے تیسرے فرزند سوامی رام مسر شاستری نے مذہبی اور شاستر کی تعلیم اپنے والد سے پائی ہے۔ ویدانت مین بھی آپ کو کمال حاصل ہے بنگال کے بڑے بڑے پنڈتون سے مناظرہ کرنے سے آپ کا حوصلہ بڑھا اور اب آپ تصنیف کتب اور درس کی جانب مائل ہوے جب آپ کی تصانیف کی شہرت گورنمنٹ انگریزی تک پہونچی تو آپ سنسکرت کالج بنارس کے پروفیسر مقرر ہوے۔ آپ نے پچیس برس کا عرصہ ہوا کہ برہم امرت برسنی سبھا کھولی جسکے جلسے نہایت آب و تاب سے ہوتے ہین۔ اسوقت ملک مین آپ کی مذہبی نادر تصانیف موجود ہین۔ علوم مشرقیہ مین آپکے تبحر کے لحاظ سے گورنمنٹ انڈیا نے ۲۲ جون ۱۸۹۶ء کو آپ کو مہامہو پادھیا کا خطاب مرحمت کیا۔ اور پبلک نے آپ کو ست سمپردایاچاریہ سرونتر پنڈت سوامی رام مسر شاستری کے لقب سے ملقب کیا۔ آپ اسی سال پروفیسری کے عہدہ سے کنارہ کش ہوے اور اب پنشن پاتے ہین۔ سکونت بنارس۔

جگت نرائن ۔ راے صاحب۔ رئیس الہ آباد (ملاحظہ طلب صفحۂ ۵۷)



سید غلام حیدر خان رئیس جائس ضلع رائے بریلی



خان بہادر مولوی محمد حامد بخش رئیس بدایون



سردار لابھ سنگہ رئیس جمدان بہرائچ



خان بہادر مولوی فرید الدین رئیس کڑا ضلع الہ آباد

ملاحظہ طلب صفحہ ۱۳۹

غلام حیدر خان - سیّد نقوی - ولادت ۲۶ - دسمبر ۱۸۳۳ء - آپ میر سیّد محمد خان - خان بہادر رئیس جائس ضلع رائے بریلی کے دوسرے فرزند ہین جنھون نے برٹش گورنمنٹ کی ایک طولانی ملازمت کے بعد پنشن حاصل کی تھی - آپکے بھائی مولوی سیّد عبداللہ نے سرہنری لارنس صاحب کے مشورہ سے پیر ابراہیم خان نیٹو ایجنٹ گورنر جنرل بہاولپور کے ہمراہ ترجمان مقرر ہوکر سفر انگلستان اختیار کیا جہان وہ بعد واپسی پر صاحب کنگس کالج لندن مین السنۂ مشرقیہ کے پروفیسر مقرر ہوے - بعد شکست عہدۂ پروفیسری اُنھون نے اُمیدواران سول سروس کو السنۂ مشرقیہ کی تعلیم دینا شروع کی - اسکے علاوہ ترجمہ مین بھی بہت نام آوری حاصل کی - اُنھون نے وہین ایک عالیخاندان خاتون کے ساتھ عقد کرلیا چھبیس برس لندن مین رہنے کے بعد وہ وارد ہندوستان ہوے اور یہان آخر عمر تک موٹھیاری اسکول کے ہیڈ ماسٹر رہے - سیّد عبداللہ کے ترک وطن اور قیام لندن سے ڈر کر آپ کے والد نے آپکو انگریزی تعلیم تکمیل کے ساتھ نہین دلائی - آپ ابتداءً دس روپیہ کے محرر ہوے مگر اُسی محکمہ مین بہت جلد ترقی کرکے سو روپیہ کے سررشتہ دار ہوگئے - ۱۸۶۱ء مین آپ ایک سو تیس روپیہ کے مشاہرہ پر میر منشی سررشتہ داری کمشنری اور ایجنٹی جبلپور پر ممتاز تھے مگر اپنے والد کی تنہائی کی وجہ سے آپ اپنے وطن کو چلے آئے اور رائے بریلی مین تحصیلدار ہوگئے - اسکے بعد آپ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوے اور سب ججی کے عہدہ سے آپ نے پنشن حاصل کی - آپ کی تصنیفات مین قانونی اور اخلاقی کتابین نہایت مشہور ہین - سکونت جائس ضلع رائے بریلی -

رام پرتاب سنگھ - راجۂ مین پوری - (ملاحظہ طلب صفحہ ۱۷۳)

محمد حامد بخش - مولوی - حاجی - خان بہادر - رئیس بدایون (ملاحظہ طلب صفحہ ۹۶)

رُدر پرتاب سنگھ - دیوان - ولادت ۲ - اگست ۱۸۴۹ء - یہ خطاب موروثی ہے - آپ بچگوتی راجپوت ہین جو چوہان خاندان کی ایک شاخ ہے - اِس خاندان کے وارث دیوان بھیر سنگھ اور اُنکے بڑے بھائی دھیر سنگھ کے مابین آبائی جائداد کی تقسیم عمل مین آئی - دھیر سنگھ پٹی سیف آباد اور بھیر سنگھ کو اوریاڈیہہ ملا جو اسوقت تک اُنکے اخلاف کے قبضۂ مالکانہ مین موجود ہے - دیوان بھیر سنگھ کے جانشینون مین دیوان پرتھی پال سنگھ نے اپنے ایک رشتہ دار راے بندیسری بخش مقام ادھار گنج (دلیپ پور) کے ساتھ جنگ کی تھی جسمین اُنھون نے اپنے حریف مقابل کو قتل کیا - انکے بیٹے دیوان سربجیت سنگھ نے اپنے علاقہ کو مستقل اور مستحکم کیا اور ۱۸۷۹ء مین اُنکے انتقال کے بعد اُنکے بیٹے دیوان حال وارث ریاست ہوے - آپ کے ایک جانشین اور ایک فرزند ہین - سکونت اوریاڈیہہ پرتابگڈھ -

لاکھن سنگھ - ٹھاکر - راؤ بہادر - ولادت سمبت ۱۹۱۲ - آپ کا خاندان ابتداءً رُبنسی اور پھر پانڈو بنسی کے نام سے ملقب رہا جسکے آخری راجہ اننگ پال تھے - اُنکے بعد اِس خاندان کے نواسے راجہ پرتھی راج کے مسند نشین ہونے سے پانڈو کا لقب تومر کے اور پھر جنگ پال کے عہد سے جنگارہ کے نام سے مشہور ہوا جو اِسوقت تک اِس خاندان کا لقب ہے - آپکے والد ٹھاکر رگھوناتھ سنگھ ایک معزز رئیس تھے جو اپنے خاندان اور گرد و نواح کے رئیسون اور سرکار انگریزی کے حکام مین راجہ کے نام سے مشہور تھے - اُنھون نے غدر ۱۸۵۷ء مین گورنمنٹ برطانیہ کی وفاداری اور خیر خواہی کا اظہار کیا جسکے جلدو مین خلعت فاخرہ کے علاوہ پانچہزار کی مالگزاری کی جائداد ارضی بھی مرحمت

ہوئی۔ اُنھون نے اپنے اعقاب مین تین فرزند چھوڑے جن مین سے بڑے بیٹے یعنے ٹھاکر اُمرائو سنگھ چند پرگنون مین تحصیلدار رہے۔ دوسرے بیٹے ٹھاکر شب سنگھ خیر خواہ گورنمنٹ درباری اور آنرزیری مجسٹریٹ تھے۔ تیسرے فرزند ٹھاکر لاکھن سنگھ اپنے والد کی وفات کے وقت آٹھ سال کے تھے حسب دستور فارسی۔ اُردو اور ناگری کی تعلیم کے بعد آپ نے کسی قدر انگریزی حاصل کی۔ بعد فراغ تعلیم آپ پہلے مینوسپل بورڈ کے اور پھر ڈسٹرکٹ بورڈ کے ممبر ہوے اور ہمیشہ گورنمنٹ کی خدمات مین سرگرمی کا اظہار کرتے رہے۔ چنانچہ حکام وقت نے آپ کو وقتاً فوقتاً اسناد مرحمت کیے۔ ہزاکسلنسی وایسراے کے دربار مین شرکت کا افتخار بھی آپ کو حاصل ہے۔ ۱۸۹۵ء سے آپ آنرزیری مجسٹریٹ معین اور ڈسٹرکٹ بورڈ کے وائس چیرمین منتخب ہوے۔ آپ کو رفاہ عام کے کامون سے بھی دلچسپی ہے۔ چھتری سبھا لکھنؤ نے آپ کو کمشنری روہیلکھنڈ کی سبھا کی صدر نشینی پر منتخب کیا۔ آپ مذہب مین راسخ الاعتقاد ہین۔ اکثر زیارتگاہون کی جاترا کر چکے ہین۔ آپ کی خدمات جمیلہ کے جلدو مین گورنمنٹ نے آپکو جون ۱۸۹۸ء کو رائو بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا اور جنوری ۱۸۹۹ء مین لوکل گورنمنٹ نے آپ کو سند عطا کی۔ سکونت بدھولی۔ پرگنہ فریدپور ضلع بریلی۔

علی جان۔ سید۔ خان بہادر۔ فی الحال آپ کی عمر اُنسٹھ سال کی ہے۔ آپ ایک عرصۂ دراز کی ملازمت محکمۂ پولیس کے بعد اب پنشن پاتے ہین۔ آپ نے بحیثیت کوتوال و انسپکٹر پولیس اضلاع آگرہ۔ للت پور۔ بنارس۔ الہ آباد وغیرہ مین نہایت عمدہ خدمات انجام دی ہین اور بڑے بڑے مشہور ڈاکوون کو گرفتار اور قتل کر کے ڈکیتی کا انسداد کیا ہے۔ آپ کی خدمات کی سرکاری طور پر اکثر تعریف ہوئی ہے اور اسکے صلہ مین آپ کو خان بہادر کا خطاب عطا ہوا اور ایک خلعت فاخرہ و کرچ انعام مین ملی ہے۔ آپ جونپور کے

ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتے ہین۔ سکونت جونپور۔

رام رچھپال۔ بابو۔ راے بہادر۔ ولادت ۱۹۔ مارچ ۱۸۴۵ء۔ آپ لالہ منگنی رام ویش اگروال کے بیٹے ہین۔ آپ کا خاندان دہلی مین ملقب کرُوڑ والا مشہور رہے۔ آپکے بزرگ علوم فارسی انگریزی وناگری وغیرہ مین دستگاہ کامل اور واقفیت تامہ رکھتے تھے اور گورنمنٹ انگلشیہ کے یہان معزز عہدون پر ممتاز تھے۔ آپکے حقیقی بھائی بابو رام سرن داس و بابو امراؤ سنگھ مرحوم گورنمنٹ پنجاب مین سر دفتر اور اکونٹنٹ تھے۔ آپ ۱۸۶۳ء مین مڈیکل کالج لاہور مین داخل ہوے۔ پھر ۱۸۶۸ء مین آپ نے سند ڈاکٹری حاصل کی اور جالندھر مین اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوے۔ اِسی سال آپ ضلع حصار مین قائم مقام سول سرجن ہو گئے ۱۸۷۲ء مین آپ کی خدمات ریاست بھاولپور کو منتقل ہوئین جہان والی ریاست نے آپکی لیاقت و بیدار مغزی سے خوش ہوکر تنخواہ مین اضافہ کیا ۱۸۷۸ء مین ضلع فرخ آباد مین بحیثیت اسسٹنٹ سرجن آپ کا تبادلہ ہوگیا جہان آپ کمیٹی حفظ صحت کے سکرٹری و چیرمین رہے اور ابتک ہین۔ جنوری ۱۹۰۰ء مین آپ کو حسن کارگزاری کے صلہ مین گورنمنٹ نے راے بہادر کا خطاب عطا فرمایا۔ مارچ ۱۹۰۰ء مین آپ نے پنشن پائی مگر اُس موریل پر جو رعایاے فرخ آباد نے گورنمنٹ ہند کی خدمت مین روانہ کیا تھا گورنمنٹ نے پھر آپ کو اُس عہدہ پر مامور کیا چنانچہ آپ نے اپنے فرض منصبی یکم اپریل ۱۹۰۲ء تک انجام دیے۔ آپ اہل فرخ آباد مین نہایت ہر دلعزیز ہین اور حکام ضلع بھی آپ سے رضامند اور خوش ہین۔ سکونت فرخ آباد۔

لال شیو رام سنگھ۔ راجہ۔ ولادت ۱۷۔ اگست ۱۸۳۹ء۔ آپ گوتم ٹھاکرون کے سردار ہین۔ یہ خاندان قدیم الایام سے ذی اقتدار اور صاحب جاہ و جلال



راجہ لال شیورام سنگھ رئیس ارگل فتح پور



راجہ رام پرتاب سنگھ رئیس مین پوری

رہتا آیا تھا مگر جب سردار خاندان نے ہمایون کے رقیب سلطنت شیر شاہ کو مدد دی تو اسکا انحطاط شروع ہوا اور اسکے بعد شہنشاہ اکبر سے کالپی مین جو جنگ ہوئی اسمین آپکے بزرگ ہری برن دیو مع کثیر التعداد خاندانی لوگون کے مقتول ہوے۔ اُس زمانہ سے گوتم راجپوتونکو پھر گزشتہ ثروت اور حکومت حاصل نہین ہوئی۔ سنہ ۱۸۴۰ع مین پانچ مواضع راجہ کے قبضہ مین رہ گئے تھے مگر راجۂ حال صرف ارگل اور شیوپوری کے حصہ دار ہین جسمین سے گورنمنٹ کو دوسو پچاسی روپیہ سالانہ مالگزاری ادا کیجاتی ہے۔ سکونت ارگل۔ ضلع فتحپور۔

رگھوراج بہادر سنگھ۔ راجہ۔ آپ قدیم سورج بنسی خاندان سے تعلق رکھتے ہین جسکے مشہور ہیرو راجہ رام چندر جی تھے۔ آپ کے مورث اعلیٰ راجہ لاجی سنگھ الموڑہ سے آکر فیض آباد مین مقیم ہوے تھے۔ آپکے بزرگ راجہ بسرام سنگھ ریاست ہڑاہہ کے بانی تھے جو سلطنت تیموریہ کی سند کی روسے ۹۵۸ فصلی مین اس ریاست پر قابض اور راجہ کے موروثی خطاب سے معزز ہوے جبسے اسوقت تک اس خاندان کی نسل برابر مالک و قابض چلی آتی ہے۔ گورنمنٹ انگلشیہ نے بھی راجہ نرندر بہادر سنگھ کو سند تعلقداری اور خطاب مرحمت کیا تھا۔ ۲۹ نومبر سنہ ۱۸۹۷ع کو اُنکے انتقال کے بعد اُنکے فرزند راجہ رگھوراج بہادر سنگھ آبائی ریاست اور خطاب پر قابض ہوے۔ آپ کے ایک فرزند لال سری پرتاب بہادر سنگھ ہین جو ابھی نابالغ ہین۔ سکونت ہڑاہہ۔ ضلع بارہ بنکی۔

لابھ سنگھ۔ سردار۔ آپ راجہ ہیرا سنگھ تعلقدار رجہان ضلع بہرائچ کے بھانجے ہین جنکے والد سردار جے سنگھ کمیدان کو ایام غدر کی وفاداری کے جلدو مین علاقۂ مذکور اور اسناد خیر خواہی عطا ہوے تھے۔ راجہ ہیرا سنگھ نے بدو عمر ہی سے جنگی ملازمت اختیار کی۔ اور ترقی کرکے رسالداری کے عہدہ پر فائز ہوے۔ غدر سنہ ۱۸۵۷ع اور جنگ سابقۂ چین

مین وہ شریک تھے۔ ۱۸۶۶ء مین اپنے والد کے انتقال کے بعد وہ ملازمت فوجی سے مستعفی ہو کر انتظام ریاست مین مشغول ہوے۔ ۱۸۸۸ء مین اُن کی ذاتی لیاقت اور حسن انتظام کی وجہ سے گورنمنٹ نے راجگی کا خطاب مرحمت فرمایا۔ مگر چونکہ وہ لاولد تھے لہذا اپنے بھانجے سردار لابھ سنگھ کو اُنھون نے مثل فرزندون کے پرورش کیا اور اپنی تمام جائداد اُنکے خاندان مین منتقل کردی اور اُنکے فرزند سردار کرم سنگھ کو متبنّیٰ کیا۔ ۱۸۹۳ء عیسوی مین اُن کے انتقال کے بعد آپ ریاست کے منیجر مقرر ہوے۔ آپ کو آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات اور ممالک متحدہ اور پنجاب کے درباری ہونے کا افتخار حاصل ہے۔ آپ کی زمینداری ضلع بہرائچ اودھ اور ضلع لاہور پنجاب مین واقع ہے۔ سکونت جہان ضلع بہرائچ۔

کیلاش چندر شرومنی۔ پنڈت۔ مہامہوپادھیا۔ آپ کے جدامجد بھبہ ناتھ ترک پنچانن بہت بڑے عالم اور منطقی تھے۔ اُنکے چار صاحبزادون مین سے سب سے بڑے پنڈت گھنشیام سرب بھرم جو ایک لائق سمرتی دان تھے آپ کے والد تھے۔ آپنے سولہ سال یا سترہ سال کے سن مین منطق پڑھنا شروع کی۔ چوبیس یا پچیس سال کی عمر مین آپ نوادیپ ضلع ندیہ مین اکتساب علوم کے لیے تشریف لے گئے۔ یہ مقام علماے سنسکرت کا مرجع تھا۔ آپ نے وہان تمام درسی کتب ختم کین۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ اپنے وطن مالوف سے بنارس تشریف لے گئے جہان آپکو بنارس کالج مین چالیس روپیہ ماہوار کی ایک جگہ ملی۔ آپ نے اسکو غنیمت سمجھکر قبول کرلیا۔ رفتہ رفتہ آپ کی ترقی ہوتی گئی اور اِسوقت آپ سنسکرت کے پروفیسر اور ایک سو پچیس روپیہ ماہوار پاتے ہین۔ ۲۰ مئی ۱۸۹۶ء کو آپ خطاب مہامہوپادھیا سے مشرف و ممتاز ہوے۔ ہرچند آپ بہت مسن ہین مگر پرنسپل صاحب کی سفارش کی وجہ سے ابھی تک اِسی عہدہ پر قائم ہین۔ سکونت بنارس۔

سوبراماںیا شاستری - پنڈت - مہامہوپادھیا - آپ کو یکم جنوری ۱۸۹۶ء کو خطاب مذکور عطا ہوا - سکونت بنارس -

گنگا دھر شاستری - پنڈت - مہامہوپادھیا - آپ تلنگ برہمن ہین - آپ پنڈت اوری سنہا شاستری کے فرزند ہین جو ہز ہائینس مہاراجۂ بنارس کی سرکار مین ملازم تھے - آپ ۱۸۷۹ء مین بنارس کالج کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوے - سنسکرت مین آپ کی کئی کتابین شائع ہوچکی ہین - آپ کو علوم مشرقیہ مین کمال حاصل ہونے کی وجہ سے جناب ملکہ معظمہ وکٹوریہ کی سلطنت پنجاہ سالہ کی جوبلی کے موقع پر ۱۶ - فروری ۱۸۸۷ء کو خطاب مذکور عطا ہوا - سکونت بنارس -

مرلی منوہر - رائے بہادر - ولادت ۱۸۲۱ء - خطاب ذاتی ہے - آپکو یہ خطاب ۱۶ - اگست ۱۸۶۲ء کو ایام بغاوت اور جنگ بھوٹان کی کمسریٹ کی خدمات کے صلہ مین عطا ہوا - آپ کا تعلق کھتری خاندان سے ہے اور آنزیری مجسٹریٹی کے اختیارات بھی آپ کو حاصل ہین - سکونت لکھنؤ - اودھ -

اندرجیت پرتاب بہادر سہاے - راجہ - ولادت ۱۱ - نومبر ۱۸۹۳ء - آپ بھوئنہار برہمن ہین - اِس خاندان کے مورث اعلیٰ فتح سہاے ہوشیارپور ضلع سارن کے راجہ تھے جنکو ۱۷۶۴ء مین جنگ بکسر کے بعد ایسٹ انڈیا کمپنی نے معزول کردیا - اسکے بعد انھون نے اپنے زرخرید علاقہ واقع پرگنہ سدھوا جوبنا کو اپنا مستقر قرار دیا اور رفتہ رفتہ اسکو وسعت دی مگر اُنکے بیٹون کے وقت مین وہ جائداد تلف ہوگئی - ۱۸۳۰ء اور ۱۸۴۰ء کے مابین ایک بھائی شمشیر سہاے نامے نے بذریعہ خریداری

اسکا بہت بڑا حصّہ پھر حاصل کرلیا اور سلیم گڈھ کی ایک علیحدہ ریاست قائم کی۔ ایک دوسرے ممبر خاندان فتح سہاے کے بڑے پوتے نے ٹمکوہی پر قبضہ کیا اور حسن انتظام سے اسکو بہت بڑی ترقی دی۔ انکو گورنمنٹ انڈیا نے راجہ کا موروثی خطاب عنایت کیا۔ علاقہ کی مالگزاری ایک لاکھ چالیس ہزار چھ سو چھپن روپیہ آٹھ آنہ تین پائی سالانہ ہے۔ سکونت ٹمکوہی ضلع گورکھپور۔

سانول سنگھ ۔ راجہ۔ ولادت ۱۸۷۴ع۔ آپ چوہان راجپوت اور پرتھی راج راجۂ دہلی کے اخلاف مین ہین۔ سلاطین لودی کے زوال سلطنت کے بعد اور شہنشاہ بابر کے عہد مین اس خاندان کے ایک بزرگ چکرسین سکیت اور راجوڑ کے راجہ اور باجگزار سلطنت مغلیہ قرار پائے۔ زمانۂ آخر کی طوائف الملوکی کے زمانہ مین راجہ سنگھ سے نواب فرخ آباد نے تعلقۂ سکیت چھین لیا۔ انکی چوتھی پشت مین راجہ خوشحال سنگھ سابق راجۂ راجوڑ تھے جنکے انتقال کے بعد راجہ سانول سنگھ راجۂ حال جانشین ہوے۔ اس ریاست مین پرگنۂ ایٹہ سکیت مین چالیس مواضع شامل ہین۔ گورنمنٹ کو انیس ہزار تین سو گیارہ روپیہ سالانہ مالگزاری دیجاتی ہے۔ سکونت راجوڑ ضلع ایٹہ۔

بشناتھ سرن سنگھ ۔ راجۂ بہادر۔ راجۂ تلوئی ضلع راے بریلی۔ آپ کنھپوریہ راجپوت ہین۔ راجہ کا خطاب گورنمنٹ نے ۱۸۷۷ع مین تسلیم کیا تھا۔ ۱۸۸۲ع مین راجہ بہادر کا موروثی خطاب عطا ہوا۔ آپکے بزرگ راجہ جگپال سنگھ نے ۱۸۵۷ع مین قیام تسلط انگلشیہ مین مدد دی جسکے صلہ مین گورنمنٹ نے منضبطہ مواضع انکو عطا کیے۔ اُنکے انتقال کے بعد انکے فرزند راجہ سرپال سنگھ جانشین ہوے اور اُنکے بعد آپ مسند نشین ریاست ہوے۔ اس علاقہ مین ایک سو دس مواضع شامل ہین۔ سکونت تلوئی ضلع راے بریلی۔

راگھوسرجوسرن سنگھ - راجہ - ولادت جولائی سنہ ۱۸۸۰ء - یہ خاندان برہار جنبدیون کی نسل مین ہے - اودن دیو راجہ برہار کے بیٹے مدھکر ساہ ریاست بجے گڈھ کے پہلے راجہ ہوئے راجہ بلونت سنگھ کے زمانہ مین اس علاقہ کو تنزل ہو گیا تھا مگر سلطنت انگریزی مین اِس کو پھر ترقی ہوئی - یہ خاندان ایک عرصہ سے راجہ کے لقب سے ملقب ہے - راجہ رام سرن ساہ کے بعد اُنکی زوجہ رانی برہتی راج کنور وارث ہوئین - اُنھون نے اِس راج کے ایک حصہ کا ہبہ نام اپنے داماد اور راجہ کنتیت کے چچا بابو برجبند را بہادر سنگھ کے نام لکھدیا اور ایک اور دستاویز مین اُنکو اپنا جانشین خاص تسلیم کیا - سنہ ۱۸۸۰ء مین رانی کے انتقال کے بعد اُسپر راجہ کنتیت کا قبضہ رہا مگر راجہ رام سرن ساہ کے ایک دور کے رشتہ دار اُسکے دعویدار ہوے اور عرصہ تک مقدمہ بازی کے بعد ۱۱ - مئی سنہ ۱۸۹۵ء کو بجے بہادر سنگھ کو راجہ بھو بیندرا بہادر سنگھ راجہ کنتیت کے مقابلہ مین آخری ڈگری ملی اُنھون نے ۲۰ - جولائی سنہ ۱۸۹۰ء کو انتقال کیا اور راجہ راگھوسرجوسرن سنگھ وارث ریاست و خطاب قرار پائے - سکونت رام گڈھ مرزاپور

دیبی پرشاد - لالہ - رائے صاحب - قحط سنہ ۱۸۹۷ء کی خدمات کے صلہ مین خطاب ملا سکونت آلہ آباد

سری کرشن دت دوبے - راجہ - ولادت سنہ ۱۸۹۶ء - آپ دوبے برہمن ہین آپ کے مورث اعلی شیولال امولی سے ضلع فتحپور مین آباد ہوے اور داد و ستد کا کاروبار شروع کیا - اسکے بعد اُنھون نے کلب علی بیگ رئیس جونپور کی ملازمت اختیار کی جنکو بقایا مالگزاری کی علت مین مسٹر جوناتھن ڈنکن صاحب رزیڈنٹ بنارس نے معزول کیا تھا اور اُنکی جگہ شیولال دوبے کو مالک ریاست اور ایک مشہور باغی سلطنت سنگھ کے قتل کے جلدو مین راجہ کے خطاب سے معزز کیا - سنہ ۱۸۳۶ء مین اُنکے انتقال کے بعد اُنکے فرزند راجہ بال دت دوبے جانشین ہوے جنھون نے سنہ ۱۸۴۴ء مین قضا کی - اُن کے بعد عرصہ تک

علاقہ محکمۂ کورٹ آف وارڈس کی نگرانی مین رہکر ۱۸۶۹ء مین لچھمی نرائن دوبے کو عطا ہوا۔ ۱۸۷۵ء مین اُنکی وفات پر اُنکے چچازاد بھائی ہری ہرؔ دت دوبے وارث ہوے اور ۱۳۔ جنوری ۱۸۹۲ء کو اُنکے انتقال کے بعد شنکر دت دوبے راجہ ہوے جنھون نے ۴۔ اپریل ۱۸۹۷ء کو قضا کی اور اپنی بیوہ رانی گمانی کنور کو اپنا وارث چھوڑا۔ راجہ صاحب حال رانی صاحبہ کے متبنّٰی فرزند ہین۔ آپ کے قبضہ مین تین سو تراسی مواضع ہین اور ایک لاکھ اکاون ہزار دو سو سات روپیہ سالانہ مالگزاری ہے۔ سکونت بدلہ پور۔ جونپور۔

محمد جان۔ چودھری۔ تعلقدار سنڈیلہ۔ ولادت ۱۸۶۷ء چودھری کا خطاب موروثی ہے۔ آپ کے پردادا چودھری حشمت علی زمانۂ غدر مین شاہ اودھ کی جانب سے سنڈیلہ کے ناظم تھے۔ ابتداءً اُنھون نے گورنمنٹ انگلشیہ کی مخالفت کی تھی مگر ۱۸۵۸ء مین وہ گورنمنٹ برطانیہ کے مطیع ہوگئے اور اُنکی طرف سے باغیون سے کئی مقابلہ کیے۔ ان وفادارانہ خدمات کی جلدو مین گورنمنٹ نے اُنکو کئی مواضع اور خلعت فاخرہ مرحمت کیا۔ اُنکے بیٹے چودھری خصلت حسین آنریری مجسٹریٹ اور اسسٹنٹ کلکٹر اور انجمن تعلقداران اودھ کے سکرٹری تھے۔ اُنکو گورنمنٹ نے راجہ کا خطاب بطور ذاتی اعزاز کے عطا کیا تھا۔ اُنکے انتقال کے بعد چودھری محمد عظیم ۱۸۸۲ء مین وارث ہوے۔ اُنکو بھی درجہ دوم کے آنریری مجسٹریٹی کے اختیارات حاصل تھے۔ ۱۹۰۲ء مین اُنکی وفات کے بعد اُنکے فرزند اکبر چودھری محمد جان جانشین ریاست ہوے۔ آپ کو بھی آنریری مجسٹریٹی کا اعزاز حاصل ہے۔ سکونت سندیلہ ضلع ہردوئی۔

اودے راج سنگھ۔ راجہ کاشی پور۔ ولادت ۱۸۷۶ء۔ راجہ کا خطاب موروثی ہے۔ آپ راجہ ہری راج سنگھ کے جانشین ہین جنھون نے ۸۔ ستمبر ۱۸۹۸ء کو انتقال کیا تھا

آپ کمایون کے راجاؤن کے خاندان سے تعلق رکھتے ہین۔ باز بہادر سنگھ راجہ کمایون کے بیٹے بہار سنگھ نے اس ریاست کی بنیاد ڈالی۔ بہار سنگھ کی کئی پشتون کے بعد گمان سنگھ خلف لال سنگھ کو ۱۸۲۸ء مین گورنمنٹ ہند نے سند عطا فرمائی تھی۔ گمان سنگھ کے بیٹے راجہ شیو راج سنگھ کو غدر ۱۸۵۷ء کی خدمات کے صلہ مین سی۔ ایس۔ آئی۔ کا خطاب ملا تھا۔ اُنکے انتقال کے بعد راجہ ہری راج سنگھ جانشین ہوے تھے آپ راجہ ہری راج سنگھ کے فرزند ہین۔ آپکے بھائی کنور انند سنگھ آپ کے وارث ہین جو ۱۸۸۳ء مین متولد ہوے ہین۔ سکونت کاشی پور نینی تال۔

علی حسین خان۔ نواب۔ آپ کے مورث اعلیٰ سید اکرام الدین احمد اصل مین طہران کے باشندے تھے۔ جہان سے وہ شہنشاہ ہمایون کے ساتھ ہندوستان مین وارد ہوے شہنشاہ اکبر نے اُنکو منصب عنایت فرمایا۔ اُنکی اولاد مین نواب زین العابدین خان اپنے والد ضیاء الدین خان کی اجازت سے اودھ مین آئے۔ یہان اُنکو دربار اودھ سے ایک جاگیر اور چکلہ داری کا عہدہ مرحمت ہوا۔ اُنکے بیٹے نواب باقر علی خان نے کوڑا جہان آباد کو چھوڑکر فتحپور مین سکونت اختیار کی۔ آپ باقر علی خان کی تیسری پشت مین نواب احمد حسین خان کے بڑے بیٹے ہین جنکے انتقال کے بعد آپ مسند ریاست پر متمکن ہوے ہین۔ نواب کا خطاب موروثی ہے۔ سکونت فتحپور۔

اتراج کنور۔ رانی گنگوال۔ رانی کا خطاب موروثی ہے۔ راجگان گنگوال جنوار خاندان کی شاخ کلان کے قائم مقام ہین۔ بلرام پور۔ اوئل۔ کیھرا اور پیاگپور اُسکی دوسری شاخین ہین۔ آپ راجہ سورج پرکاس سنگھ کی جانشین ہین جو ۱۸۹۲ء مین اپنے والد راجہ نرپت سنگھ کے بعد مسند نشین ہوے تھے۔ جنوار خاندان کے بانی بریار ساہ تھے جو ایک

سوم بنسی سردار کے چھ بیٹون مین سب سے چھوٹے بیٹے تھے - بر بایہ ساہ سلطان فیروز شاہ کی فوج مین داخل ہوے اور عہدۂ رسالداری حاصل کیا - ۱۳۷۴ء مین سلطان نے اُنکو بہرائچ کا وہ حصۂ مشرقی جسے اُنھون نے رہزنون اور بدمعاش جرگون سے صاف کیا تھا عنایت فرمایا - اُنکی کئی پشت کے بعد راجہ کشن پرشاد سنگھ جانشین ہوے جنکو دربار اودھ سے راجہ کا خطاب عطا ہوا تھا - راجہ نرپت سنگھ راجہ کشن پرشاد سنگھ کے تیسرے جانشین تھے - اُنھون نے اپنی بھاوج رانی سکھراج کنور کے خلاف ۱۸۸۰ء مین عدالت سے چارہ جوئی کی اور موروثی ریاست پر قبضہ حاصل کیا - سکونت گنگوال پرگنہ بہرائچ -

فتح علی خان - نواب نواب گنج - (علی آباد) - آپ قزلباش مغل ہین - آپکے آباو اجداد قندھار کے باشندے تھے اور سردار علی خان کو قندھار کی گورنری عطا ہوئی تھی - کابل کی جنگ اول مین سردار علی خان کے صاحبزادون نے گورنمنٹ ہند کو بہت بڑی مدد دی تھی - اُن مین نواب نوازش علی خان کے والد علی رضا خان بھی تھے جو بعد اختتام جنگ انگریزون کے ساتھ ہندوستان آئے اور یہان اُنکو آٹھ سو روپیہ ماہانہ وظیفہ ملنے لگا ۱۸۵۹ء مین اُن فوجی خدمات کے صلہ مین جو اُنھون نے دہلی اور کاسگنج کے باغیون کے خلاف انجام دی تھین اُنکو اودھ ضلع بہرائچ منضبطہ ریاست چردہ مین نواب گنج (علی آباد) کا علاقہ بطور انعام مرحمت ہوا - علی رضا خان کے جانشین نوازش علی خان تھے جنکو ۲ - مئی ۱۸۶۶ء کو نواب کا خطاب عطا ہوا - یہ صاحب کچھ عرصہ تک ویسریگل لیجسلیٹو کونسل کے ممبر بھی رہے تھے اور یکم جون ۱۸۸۸ء کو اُنھین کے - سی - آئی - ای - کا خطاب بھی مرحمت ہوا تھا آپ نواب صاحب مرحوم کے جانشین ہین - ریاست نواب گنج مین اکاون مواضع ہین جن کی مالگزاری اٹھائیس ہزار پانچ سو روپیہ ہے - سکونت بہرائچ -

رام گوپال بوس - راے بہادر - آپ کو آپ کی نمایان خدمات کے جلدو مین ۲۲ جون ۱۸۹۷ء کو گورنمنٹ ہند نے راے بہادر کا خطاب مرحمت کیا - سکونت بنارس -

گگن چند رراے - راے بہادر - آپکو گورنمنٹ انڈیا نے آپ کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین ۳ - جنوری ۱۸۹۳ء کو راے بہادر کے خطاب سے سرفراز کیا - سکونت غازیپور -

کھتیر چندر رادتیا - راے بہادر - آپ کو آپ کی اعلیٰ خدمات کے جلدو مین ۲۵ - مئی ۱۸۹۲ء کو گورنمنٹ سے راے بہادر کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت الہ آباد -

کرشنا سنگھ ملا نوال - راے بہادر - آپ کو آپ کی نمایان خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ ہند نے ۲۱ - دسمبر ۱۸۹۴ء کو راے بہادر کے خطاب سے مفتخر کیا - سکونت الموڑہ -

پرتاب نرائن سنگھ - راؤ - آپ رئیس کھمسی پور ہین - آپ کو آپکی نمایان خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے آپ کا آبائی خطاب مرحمت کیا - سکونت کھمسی پور ضلع فرخ آباد -

جواہر سنگھ - راؤ - آپ کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے آپ کو آپ کے آبائی خطاب سے سرفراز و ممتاز کیا - سکونت پنچن پور - للت پور -

نرپ کشن پت - راے بہادر - آپ کو آپ کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے یکم جنوری ۱۸۹۱ء کو راے بہادر کے خطاب سے معزز کیا - سکونت اجودھیا فیض آباد -

باسدیو سہاے - راے بہادر - آپ کی نمایان خدمات کے جلد و مین گورنمنٹ نے آپ کو ۲۳ - مئی سنہ ۱۹۰۰ء کو راے بہادر کا خطاب مرحمت فرمایا - سکونت علیگڈھ -

مادھو رام - راے بہادر - آپ کو آپ کی خدمات جمیلہ کے صلہ مین گورنمنٹ نے یکم جنوری سنہ ۱۹۰۸ء کو راے بہادر کے خطاب سے سرفراز فرمایا - سکونت کانپور -

پرمانند - کنور - راے بہادر - آپ ۲۹ - مارچ سنہ ۱۸۹۹ء کو گورنمنٹ کی ملازمت مین داخل اور سب ججی کے عہدہ پر فائز ہوے - اور ۱۶ - اپریل سنہ ۱۹۱۰ء کو قائم مقام جج خفیفہ مقرر ہوے - آپ کو آپ کی نمایان خدمات کے جلد و مین گورنمنٹ انڈیا نے یکم جنوری سنہ ۱۸۹۰ء کو راے بہادر کے خطاب سے ممتاز و سرفراز کیا - (ملاحظہ طلب تذکرۂ راجہ جے کشن داس سی - ایس - آئی - صفحہ ۱۰ -) سکونت مراد آباد -

امولیا رتن بیساک - راے بہادر - آپ کو آپ کی اعلیٰ خدمات طبی کے جلد و مین ۲۶ - جون سنہ ۱۹۰۲ء کو گورنمنٹ انڈیا نے راے بہادر کے خطاب سے مفتخر کیا - آپ اسسٹنٹ سرجنی کے عہدہ پر مامور ہین - سکونت آگرہ -

محمد حسین علی خان - سردار بہادر - ولادت اگست سنہ ۱۸۱۹ء - آپ جنگی ملازمت مین عہدۂ رسالدار میجری پر ممتاز تھے - ۵ - جون سنہ ۱۸۶۸ء کو آپنے سردار بہادر کا خطاب حاصل کیا - فی الحال آپ پنشن پاتے ہین - سکونت علیگڈھ -

محمد غفور خان - نواب - آپ ڈپٹی کلکٹر ہین - یکم جنوری سنہ ۱۹۰۰ء کو سفارت کابل

کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین آپ کو نواب کا ذاتی خطاب عطا ہوا۔سکونت علیگڈھ۔

پرسو کھتری ۔سردار بہادر۔آپ ۹۔اکتوبر ۱۸۹۶ء کو خطاب مندرجہ سے مفتخر و ممتاز ہوے۔سکونت دیرہ دون۔

محمد عبد الرحیم ۔خان بہادر۔آپ لکھنؤ کے شاہی اسپتال مین اسسٹنٹ سرجنی کے عہدہ پر ممتاز ہین۔آپ کی طبی اور جراحی تحقیقات اور امراض چشم مین ید طولیٰ رکھنے کے امتیاز مین آپ کو گورنمنٹ انڈیا نے ۱۲۔جنوری ۱۸۹۲ء کو خان بہادر کے خطاب سے معزز و مفتخر کیا۔سکونت غازی پور۔

سداد احمد ۔حکیم۔خان بہادر۔آپ کی نمایان خدمات کے صلہ مین آپکو گورنمنٹ ہند نے ،۔اگست ۱۸۹۱ء کو خان بہادر کے خطاب سے مشرف کیا۔سکونت سہارنپور۔

مراری لال ۔راے صاحب۔آپ الہ آباد مین اسسٹنٹ سرجن ہین۔آپکو آپ کی طبی خدمات کے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۶۔جون ۱۹۰۲ء کو راے صاحب کے خطاب سے ممتاز کیا۔سکونت الہ آباد۔

متھرا موہن مکرجی ۔راے صاحب۔آپ کو آپ کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ ہند نے یکم جنوری ۱۸۹۵ء کو راے صاحب کے خطاب سے مشرف کیا۔سکونت الہ آباد۔وارد حال دارجیلنگ

گینڈن لال - بی - اے - رائے بہادر - آپ اسسٹنٹ انسپکٹر مدارس ہین - آپ کو آپ کی نمایان خدمات سررشتۂ تعلیم کے صلہ مین گورنمنٹ نے ۹ - نومبر سنہ ۱۹۰۱ع کو رائے بہادر کا خطاب مرحمت کیا - سکونت میرٹھ -

محبوب عالم - مولوی - خان صاحب - ولادت ۱۵ - فروری سنہ ۱۸۵۹ع - آپکو سنہ ۱۸۹۷ - ۹۸ع کی مہم تراہ کی اعلیٰ خدمات کے جلدو مین یکم جنوری سنہ ۱۹۰۰ع کو خان صاحب کا خطاب مرحمت ہوا - سکونت نینی تال -

سیف اللہ خان - منشی - خان صاحب - آپ ڈپٹی کلکٹری کے عہدہ پر مامور ہین - آپ کی نمایان خدمات کے صلہ مین گورنمنٹ نے آپ کو ۲۶ - جون سنہ ۱۹۰۲ع کو خانصاحب کے خطاب سے سرفراز کیا - سکونت کانپور -

فصیح الدین - قاضی - خان بہادر - آپ کو آپ کی خدمات جمیلہ کے جلدو مین گورنمنٹ نے ۲۶ - جون سنہ ۱۹۰۲ع کو خان بہادر کا خطاب عطا کیا - سکونت میرٹھ -

انتظام الدین - شیخ - خان بہادر - آپ کی اعلیٰ خدمات کے صلہ مین آپ کو گورنمنٹ ہند نے ۲۶ - جون سنہ ۱۹۰۲ع کو خان بہادر کے خطاب سے معزز کیا - سکونت بدایون -

صفدر حسین - خان بہادر - آپ کی نمایان خدمات کے جلدو مین آپکو گورنمنٹ نے یکم جنوری سنہ ۱۹۰۰ع کو خان بہادر کے خطاب سے ممتاز و مفتخر کیا - سکونت بنارس -